مرتبہ

ابوالفضل مولانا عبد الحفیظ بلیاوی
استاذِ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

EXHIBITION ★ 2003 ★ BOOK FAIR AND

مصباح اللغات

مرتبہ

ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

استاذِ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

اَمَّا بَعْدُ! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کی طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو' ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا' لیکن اپنی کم مائیگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثناء میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی' پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انہوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کر سکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہرحال مادری زبان نہیں ہے جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہرکیف اس احساس کے ساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے **تاج العروس' جمهرة اللغة' اقرب الموارد' قاموس کتاب الافعال لابنِ قوطيه' تاج اللغات' مفرداتِ امام راغب ' مجمع البحار' نهايه ابنِ اثير' منتهی الارب المنجد' صراح** یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مُراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامن عفو سے چھپائیں اور ہو سکے تو مجھے اطلاع کر دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے' چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لیے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے **مصباح اللغات** تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہارِ تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کر چکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی مدظلہ' نے دست گیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کر لیا' ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اس کی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا' اس لیے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے' دہلی کے ۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرولباغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہو گیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا' تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہوگی اگر صدیق مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی وارد حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن ندوی صاحب کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے مؤخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہنچایا خُدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی غفرلہ

دارالعلوم ندوۃ العلماء ۔ بادشاہ باغ لکھنؤ

۱۰/ شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۸/ مئی ۱۹۵۰ء

مصباح اللغات کے رموز و اشارات

فا	سے مُراد اسم فاعل	مص	سے مُراد مصدر	(س)	سے مُراد باب سمع یسمع
مفع	سے مُراد اسم مفعول	(ض)	سے مُراد باب ضرب یضرب	(ک)	سے مُراد باب کرم یکرم
ج	سے مُراد جمع	(ن)	سے مُراد باب نصر ینصر	(ح)	سے مُراد باب حسب یحسب
جج	سے مُراد جمع الجمع	(ف)	سے مُراد باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تحلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صینونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔

(۲۶) قصر : اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج : فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت : کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ : کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت : ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت : کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ : کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ : ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک : دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء : جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق ۔ مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ : جیسے اَعْرَقَ ۔ عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر : جیسے اَشْرَكَ النَّعْلَ ۔ اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ : جیسے اخرج ۔ نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض : جیسے اَبْعَثُ الحِمارَ ۔ میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) حینونت : جیسے اَحْصَدَ الزرعُ ۔ کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت : جیسے اَلامَ الْفَرعُ ۔ سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب : جیسے اَشْكَيْتُهٗ ۔ میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت : جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ ۔ گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)

(۱۰) مبالغہ : جیسے اَثْمَرَ النخلُ ۔ کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ : جیسے اَكْفَرْتُهٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان : جیسے اَبْخَلْتُهٗ ۔ میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت : مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلته یعنی فسخته (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء : جیسے كَلَّمَ ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم ۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ : جیسے جلل الفرس = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ : جیسے خَيَّمَ ۔ وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل : جیسے نَصَّرَ ۔ اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط : جیسے ذَهَّبَ ۔ اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر : جیسے وَتَّرَ الْقَوْسَ ۔ اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ : جیسے فَرَّحَنِيْ = اُس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) سلب : جیسے قَرَّدَ الْإِبِلَ ۔ اُس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت : جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ ۔ درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر : جیسے هَلَّلَ ۔ اُس نے لا إله إلا الله کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ : جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ : جیسے فَسَّقَنِيْ = اُس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک : جیسے قَاتَلَ زَيْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد : جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ : جیسے بَاعَدْتُهٗ بمعنی اَبْعَدْتُهٗ
موافقت فَعَّلَ : جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء : جیسے تَكَلَّمَ = اس نے کلام کیا (۵)

(۲) اتخاذ : جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ = اُس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)

(۳) تجنب : جیسے تَأَثَّمَ ۔ اُس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول : جیسے تَنَصَّرَ ۔ وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل : جیسے تَخَتَّمَ اُس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج : جیسے تَجَرَّعَ ۔ اُس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف : جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔(۲۰)
(۸) صیرورت : جیسے تموّل = وہ مالدار ہو گیا(۲۴)
(۹) مطاوعت فَعّل : جیسے علمته فَتَعَلَّمَ۔ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء : جیسے تَبَارَكَ اللّٰهُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اُونٹ کا بیٹھنا) (۵)
(۲) تشارک : جیسے تشاتما۔ دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔(۳۴)
(۳) تخیل : جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)
(۴) مطاوعت فاعل : جیسے بَاعَدتُهُ فَتَبَاعَدَ۔ میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء : جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)
(۲) لزوم وعلاج : جیسے اِنْكَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت فعل : جیسے كَسَرْتُه فَانْكَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ : جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)

فائدہ ۔ باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ : جیسے اِحْتَجَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۲)
(۲) تخییر : جیسے اِكْتَالَ الشَّعِيْرَ = اُس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف : جیسے اكتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)
(۴) مطاوعت فَعّل : جیسے غممته فاغتمّ۔ میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)
(۵) طلب : جیسے اِكْتَدَّ فُلَانًا۔ اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)
(۶) موافقت فَعل : جیسے اجتذب بمعنی جذب

موافقت تفاعل : جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب : جیسے استطعمته۔ میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت : جیسے استرقع الثوب۔ کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)
(۳) وجدان : جیسے استکرمته۔ میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔(۴)
(۴) حسبان : جیسے اِسْتَحْسَنْتُهُ۔ میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)
(۵) تحول : جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی(۱۲)
(۶) اتخاذ : جیسے استوطن القرىٰ۔ اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)
(۷) تکلف : جیسے اِسْتَجْرَأَ۔ اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)
(۸) قصر : جیسے اِسْتَرْجَعَ۔ اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت اَفعل : جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ۔ میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد : جیسے قَرَّ واِسْتَقَرَّ (۳۱)
موافقت اَفعل : جیسے اَجَابَ واِسْتَجَابَ (۳۱)
(۱۱) ابتداء : جیسے اِسْتَعَانَ۔ زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ۔ رات بہت تاریک ہو گئی(۲۹)

فائدہ۔ اکثر یہ باب الوان و عیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِيْعَال

(۱) مبالغہ : جیسے اِخْدَوْدَبَ۔ بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)
(۲) موافقت مجرد : جیسے اِحْلَوْلَى التَّمَرُ بمعنى حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ : جیسے اِجْلَوَّذَ۔ وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِحْمَارَّ۔ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)
یہ باب الوان و عیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت : جیسے دَحْرَجْتُه فَتَدَحْرَجَ۔ میں نے اسے لڑھکا

دیا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم' مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مُشَبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً :

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعَۃ' تجارۃ' حیاکۃ۔

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے غَلَیَان' جَوَلَان' خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمْرَۃ' زُرْقَۃ' خُضْرَۃ۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً :

(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَۃ اور فَعَالَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُھُوْلَۃ' نَبَاھَۃ' فَصَاحَۃ۔

(۲) فَعِل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ۔

(۳) فَعَل لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُھُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ کے وزن پر جیسے فَھْم' نَصْر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفْعِلَۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ' قَدَّمَ تقدمۃ۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنْبِئَۃ وَطَّأَ توطِئَۃ' ھنّأ تھنئۃ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّٰی تحلیہ' زکّی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوَّمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعَلَۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتالاً و مُقَاتَلَۃ ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرَۃٌ' یَامَنَ مُیَامَنَۃٌ اور بَاوَمَ مُبَاوَمَۃٌ و یوامًا شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے اکْرَمَ اِکْرَا اور اگر عین کلمہ میں حرفِ علت ہو تو اس کی حرکت ما قبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتۃ' اغاث اغاثۃ' اشار اشارۃ۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرفِ علت ہو تو یا سے بدل کر ما قبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَاَنّٰی' تَاَنِّیًا' تغاضی تَغَاضِیًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر افْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوْعَلَ کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا۔ انطلق اِنْطِلَاقًا' اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃً وَدِحْرَاجًا۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلٌ اِفْعَلَّلَ کا اِفْعِلاَّل ہے جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرارًا۔

فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَربًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر' مضرب' مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیْئٌ' مَرْجِعٌ' مَسِیْرٌ' مَصِیْرٌ' مَشِیْبٌ' مَرْفِقٌ' مَقِیْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مورِدٌ' مَوْعِدٌ' مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر' مصطَبَر' مزدحم۔

اسم مرۃ و اسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً' جَلَسْتُ جَلسَةً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُّ اِلتِفَاتَةً' انطلقتُ انْطِلاَقَةً۔ اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة' قاتلته مقاتلة' لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجِبَةً اجابة فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وِقفة الاسد ومشى مِشيَةَ المُخْتَالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة' قبيح المعاشرة

ظرفِ مکان و ظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَحْ' مَنْمَعْ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْكِنٌ' مَنْسِكٌ' مَنْبِتٌ' مَسِقِطٌ۔

مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد' مَوجِل' مَطْوٰی' مرمٰی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مَدْخَلْ۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعْ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ۔ جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة۔ جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة۔ جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاحٌ۔ مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ' مُدهُن' مكحلة' مدق' مُسعُط' مَنَارَةٌ' مُشط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے

کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوْم٬ سِکِّیْن٬ فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ٬ قَاتِلٌ٬ نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ٬ مُسْتَخْرِجٌ٬ مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ٬ مَضْرُوْبٌ٬ مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ۔ مُکْرَمٌ۔ مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ۔ اَمْلَحَ سے مَالِحٌ۔ ایفع سے یَافِعٌ۔ اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ۔ اَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ۔ حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ۔ اَزْکَمَهُ سے مَزْکُوْمٌ۔ اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ٬ کَرِیْمٌ٬ لَیِّنٌ٬ سَهل٬ صَعْبٌ٬ لقیان٬ غضبان٬ کسول٬ عطشی٬ رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ٬ اعوج٬ ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقیم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ٬ عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً۔ اشد استِخرَاجًا۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد٬ حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَالِكَ" میں اَخْصَرُ٬ اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادیة انوا منه" میں انواء٬ نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پتھر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں :

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ۔ نَصَّار۔ فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ وَفهامة۔ فِعِّیل جیسے صِدِّیق و سِکِّیر۔ مفعیل جیسے مِسْکِیْن وَ مِعْطِیْرٌ۔ مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام۔ فعلة جیسے ضحكة وضُجْعَةٌ۔ فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ٬ وَحَذِرٌ۔ فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ٬ وَعَظِیْمٌ۔ فَعُوْلٌ جیسے

كَذُوْبٌ۔ وَدُوْدٌ۔ فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ ۔ فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ۔ فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ۔ مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ۔ فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ۔ مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ۔ اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ۔ اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامه، فهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصير، امراة نصيرة"۔ "جاء نصير و نصيره"۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے "زيد قتيل"۔ وانت المرأة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب وحبيبة۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحییٰ البتول، مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول وبتولةٌ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول وتلك رسولة۔ وجاء رسل و رسولة۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة، قوة، نعمة، قدرة، الف مقصورہ جیسے عذریٰ، فضلیٰ، کُبریٰ، عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بیضاء، زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة، نخلة، ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی، مؤنث معنوی، مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں، جیسے اُخت، اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لیے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد، مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتكر في ما يتعلق بالمؤنث والمذكر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دُشوار ہے، مشہور اسماء درج ذیل ہیں :

اتان، اذن، ارض، ارنب، اروىٰ، است، اصبع، افعٰی، افق، بئر، باع، بنصر، ثعلب، جحيم، جهنم، حرب، خنصر، دار، دبر، ذراع، رجل، رحٰی، ريح، سعير، سقر، سن، ساق، شمس، شمال، ضبع، عروض، عصا، عقب، عين، غول، فاس، فخذ، فلك، قدم، قدوم، قوس، كاس، كتف، كرش، كف، نار، نعل، ناب، ورک، ید، یمین، ینبوع۔

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء، قبول، جنوب، دبور، شمال، ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں الريح مؤنثة لاعلامة فيها وكذلك سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذكر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں : ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سریٰ، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم، سماء، سوق، صاع، ضحیٰ، طرس، طریق، عجز، عضد،

عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قیص، کبد السان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء،
انہی کے ساتھ حروفِ تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔
کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نونِ مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" - رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔
اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمٰن"
اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک۔
اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامٍ رامیان، داعٍ داعیان۔
اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان۔ فتیٰ سے فتیان۔
اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قھقرآن، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قھقھریان، خوزلیان ہوتے۔
اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضرا سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لا لا سے لالاءان۔ قُرّاء سے قُرّاءان۔
اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔
ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔
اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعا، کل، اور عریب، دیار، اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے، زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"۔
اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اس محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واونون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف

اضافت کریں گے مثلاً ذو ومعدی کرب' ذوو، علیک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکور و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علاّمة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِّیُوْنَ' اھلوْن' بنون' سنون اور اسی طرح ہروہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سبون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات' مسلمة سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہروہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات' شجرة سے شجرات' امراة' شاة' قلة' أَمَةٌ' مِلَّةٌ' شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہروہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات' مریم سے مریمات۔

(۳) ہروہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہروہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حمی سے حمیات۔

اور ان اسماءِ مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سُرادقات' شمالات' امہات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' قناصل' بطارکة' کراولة۔

تنبیہ :۔ اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلَ اور فَعلَةٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرة تمرات۔ رَحْمَةٌ رَحَمَاتٌ۔

اور اگر فِعْلٌ یا فُعْلٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرَةٌ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' حُجْرَةٌ سے حُجَرَات' حُجْرَات' حُجُرَات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزَةٌ سے جَوْزَات' بیعة سے بیعات

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیة سے رَمَیات اور زُقوة سے زُقَوات' زُقُوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہو گا۔ جیسے ضَمَّة سے ضَمَّات۔ عِزَّة سے عزات۔

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسْد۔ بَعْث سے بُعُث۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں : جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلة وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں :

اَفْعَال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالٌ۔ اَفْعُل جیسے نہر سے انھر۔ اَفْعِلَةٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَةٌ۔ فِعْلَةٌ سے فعلة جیسے فتی سے فتیة۔

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مُراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد‘ منابر‘ اناعیم‘ قنادیل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایها الشُّیُوْخُ لَا تَکُوْنُوا کالفِتیَۃِ۔ احفَظُوا اَنْفُسَکُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں‘ صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃٌ کی جمع جیسے غُلْبَۃٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُرَّۃٌ کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَۃٌ کی جمع جیسے قِطعَۃٌ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیۃ کی جمع حلی۔ لحیۃ کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل‘ حندس کی جمع حنادس‘ اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج‘ اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعِل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف‘ رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افَاعِل افعل (بتثلیث الهمزہ) کی جمع افَاعِل اِصبعَ کی جمع جیسے اصَابع اُنملۃ کی جمع اَنَامِل‘ اجدل کی جمع اجادل۔

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفعَلَۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسۃ کی جمع مکانس۔

(۱۰) مفاعیل مَفَاعیل اور مَفعِیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین‘ مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع و شبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل‘ قوم‘ رہط‘ جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے‘ ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروم۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوس۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام‘ رفقہ کی جمع رفق‘ نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل‘ (۲) اسم مفعول (۳) صفت مُشبہ‘ (۴) اسم تفضیل‘ (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو‘ جیسے صادق صادقہ‘ عالم‘ عالمہ‘ لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکریٰ‘ ظمآن سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں: الیان‘ حبلان‘ خمصان‘ سخنان‘ صحجان‘ ضحجان‘ قشوان‘

مَصَّان' موتان' ندمان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشٰی اور عطشانة' غضبان سے غضبٰی اور غضبانة۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء' اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لیے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کُرمٰی۔ اصغر سے صغرٰی لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حُلیاء۔ ادنٰی سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) فَعَّالَةٌ جیسے رَجُلٌ فَهَّامَةٌ' اِمْرَأَةٌ فَهَامَةٌ۔

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ' امراةٌ مِفْضَالٌ اور میقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیْرٌ' امراةٌ مِعْطِیْرٌ اور مسکینه شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ' اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعْلَةٌ اور فُعَلَةٌ جیسے رجل ضُحْکَةٌ امراة ضحکة اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکة۔ بہت ہنسنے والا۔ ہمزة۔ بہت عیب لگانے والا هُزَأَةٌ۔ بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غُلَامٌ قتیل' امراة قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوة شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمة سعیدة' عاقبة حمیدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراة عقیم' یُحیِی العِظَام وهِیَ رَمِیْمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق' مرضع' حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فَهِیَ مُرضِعَةٌ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زُرْقٌ' اَعْرج کی عُرْجٌ' اعمٰی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غِید' بِیض' هِیف' اِغید' اِبیض' اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکارٰی و حیارٰی سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَةٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاة' رماة' غزاة کہ اصل ان کی دُعَوَةٌ رُمَیَةٌ غزیة ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' درد یا تَشَتُّتْ کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحی' صریع کی جمع صرعٰی' شتیت کی جمع شتٰی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضٰی —— یا فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکٰی۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ' فَعَلَةٌ' فُعَّل' فَوَاعِلُ' فُعَلَاءُ اور اَفْعِلَاءُ۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَةٌ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کَتَبَة' ظالم کی جمع ظَلَمَةٌ۔

فَعَلَةٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف نہ ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقة' باعة' حاكة'

صاغة کہ اصل میں سوقة' بیعة' حیکة' صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے شُجَّدٌ ساجد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اُناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر' عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر' کُبر۔ صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع الافاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِيٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِيٌّ اور مَلِكٌ میں مَلَكِيٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عَصَوِيٌّ۔ فتی سے فَتَوِيٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمِيٌّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِيٌّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لیے ہو خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبلِّی اور ذِفرِيٌّ کہا جائے گا اور واو سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباویٌّ۔ دُنیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِيٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِيٌّ اگر اسم کے آخر میں الف ممدوہ تانیث کے لیے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوِي اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِيٌّ۔ ماضٍ سے ماضِي اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِيٌّ' ماضویٌّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعليٌّ' معتدی سے معتديٌّ۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفي خلیل سے خلیلي اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِيٌّ سے غَنَوِيٌّ۔ عَلِيٌّ سے عَلَوِيٌّ۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے

مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلة کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلة میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیْلِیٌّ۔ قصی سے قُصُوِیٌّ۔ قُلَیْلَةٌ سے قُلَیْلِیٌّ۔ اُمَیْمَةٌ سے اُمَیْمِیٌّ۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوة سے قَلَنِسِیٌّ اور ترقوة سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیَوِیٌّ۔

اور اگر دوسری یاء واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جاوے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی وبنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنة کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌّ۔ دمیٌّ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویٌّ اور بنویٌّ کہنا جائز ہے اور ابنیّ و اسمیّ بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنة سے سنوی' لغة سے لغوی اور زِنَةً سے وَزْنِیٌّ اور صِلَةٌ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی۔ عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے ابابیل و منادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماءِ صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکة سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔

اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اول جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزءِ اول کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی' عبد الاشہل سے اشہلی' ابوبکر سے بکری عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین اِبِل سے عینی' اِبِلی وادی آش سے وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اول کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطیٌّ' ذرحبًا سے ذریٌّ۔

حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کے تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

اسم		نسبت	اسم		نسبت	اسم		نسبت
الف کبیر	سے	أنالِيٌّ	حروراء	سے	حَرُوْرِيٌّ	رَوحاء	سے	رَوْحانِيٌّ
أمَيّه	"	أمَوِيٌّ	حرمین	"	حِرْمِيٌّ	رے	"	رَازِيٌّ
بادیٔه	"	بَدَوِيٌّ	حضر موت	"	حَضْرَمِيٌّ	رباب	"	رُبِيٌّ
بحرین	"	بِحرَانِيٌّ	خُزینة	"	خُزَنِيٌّ	سهل	"	سهلِيٌّ
بهراء	"	بَهْرَانِيٌّ	دَهر	"	دُهَرِيٌّ	سليقة	"	سَلِيقِيٌّ
تهامة	"	تهامِيٌّ یا تهَام	دَیر	"	دَیَرانِيٌّ	سليمة الازد	"	سُلَيمِيٌّ
تیم اللات	"	تیمَلِيٌّ	داریًا	"	دَارَانِيٌّ	سُلَیمُ	"	سُلَمِيٌّ
ثقیف	"	ثَقَفِيٌّ	رب	"	رَبّانِيٌّ	شام	"	شامٍ
جمة عظیمةٌ		جَمَّانی	رقبة عظیمة	"	رقبانِيٌّ	شعر کثیر	"	شعرانِيٌّ
جذیمة	"	جذمِيٌّ	رامهرمز	"	رامِيٌّ	صدر کبیر	"	صدرانِيٌّ
جلولاء	"	جَلْوَلِيٌّ	ردینه	"	رُدِيْنِيٌّ	صنعاء	"	صنعانِيٌّ
بنی الحبلی	"	حُبَلِيٌّ	روح	"	رُوحَانِيٌّ	طبيعة	"	طبيعِيٌّ
طیِّی	"	طَائِيٌّ	فُقیم کنانه	"	فُقَمِيٌّ	مرو الشاهجهانی		مَروَزِيٌّ
عمیرة کلب	"	عُمَيْرِيٌّ	فراهید	"	فُرهُودِيٌّ	امرؤا القیس	"	مَرْقِسِيٌّ
بنی عبیده	"	عَبَدِيٌّ	قویم	"	قُوَمِيٌّ	هجر	"	هَاجِرِيٌّ
عبد شمس	"	عَبشَمِيٌّ	قریش	"	قُرَشِيٌّ	هُذَیْلٌ	"	هُذَلِيٌّ
عبدالدار	"	عَبْدَرِيٌّ	کنت	"	کُنِتِيٌّ	انباط	"	نُبَاطِيٌّ یا
								نباطٍ
عبد قیس	"	عَبقَسِيٌّ	لحیة عظیمة	"	لُحیانِيٌّ	ناصره	"	نَصْرَانِيٌّ
عبدالله	"	عبدلِيٌّ	مُلیح خزاعة	"	مُلَحِيٌّ	یمن	"	یَمَانٍ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب۔ عبد سے عُبَید۔ رُجَل سے رجیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعفَر سے جُعَیْفَر۔ سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیلٌ کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِس مضراب سے مُضَیرِبُ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائد تان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہو گا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرة کی تصغیر ثُمیرَ' بشریٰ کی بشیری۔ سمرا کی سمیراء۔ سکران۔ سکیرَان۔ غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة۔ شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہو گا ظاہر نہیں کریں گے' مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیست نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسة کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرفِ علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نییب ہوگی۔ اس لیے کے باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واو' یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیَّ' دلوٌ سے دُلَیَّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیْل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفر اور سلطان سے سُلَیطِیْن۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفة الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیٌّ' اُخَیٌّ' دُمَیٌّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی' تصغیر بُنَی ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنة عدة کی تصغیر و زینة وُعَیدَۃٌ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃٌ بُنَیَّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفة کی اریغفة ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جئے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واو نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لا یعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبید اللہ ہوگی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضر موت کی تصغیر حضیر موت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسة عشر کی خمیسة عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکبِ اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ :

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔ ابیحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی' اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیة' عشیة کی۔ اُصَیبِیَة۔ صبیة۔ اغیلمة غلمة کی۔ اسی طرح قویس۔ ذُریع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونے چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد :

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف مُتّصِل ہو جیسے باجمل' لافضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لیے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر

دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' وائذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس یئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثنائے کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل الذن" اور "ھذا الذی اؤ تمنت علیہ" اور ہمزہ متوسط متحرک اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ وکسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رمال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یا دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائہ بقاءہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شئ فَیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے هَيُؤَ' لكأ' ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشاۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئةٌ' لُؤلُؤَۃٌ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے: خطیئة بَرِیئة قراءۃٌ' صلاءۃٌ' مُروءۃٌ' سُوءۃٌ۔

ابدال کے قواعد:

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائے گا۔ جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قَاتَل سے قُوتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ۔ ایسر۔ مُوسِرٌ۔

اسی طرح اگر واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے موزان سے میزان۔ موعاد سے میعاد۔

واو یا یاء متحرک ہوں' اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں' جیسے قال' باع' بابٌ' نابٌ۔

اَجْنَحَهُ و اِسْتَجْنَحَهُ : جھکانا۔

تَجَنَّحَ و اِجْتَنَحَ : ایک پہلو پر جھکنا۔

الجِنْح : جانب۔ پناہ۔ کنارہ۔

الجِنْح و الجُنْح۔ من الليل : رات کا ایک حصہ۔ جِنْح الطريق : راستہ کا کنارہ۔

الجَنَاح : پرندے کا بازو ـــــ من الانسان : ہاتھ اور بغل اور بازو اور پہلو۔ پناہ۔ اور اسی سے ہے "انافی جَنَاح فلان" میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ کنارہ۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْنُح و اَجْنِحَة کہتے ہیں "رَكِبُوا اَجْنَاحی الطَّائر" لوگ اپنے وطن سے جدا ہو گئے "و رَكِبَ جَنَّاحی النَّعامَة" اس نے معاملہ میں کوشش کی اور جلدی کی "و هو مَقْصُوْصُ الجَنَاح" وہ عاجز ہے۔

الجُنَاح : گناہ۔ اور اسی سے ہے "لا جُنَاح

عليك" تمہارا کوئی گناہ نہیں۔ چیز کا ایک حصہ۔
الجانِح :فا۔جانب۔ج جَوَانِح۔
الجَوانِح :پسلیاں۔واحد(الجانِحة)
جَنَّدَ۔ الجنودَ : فوج جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جُنُودٌ مُجَنَّدَة" جمع شدہ لشکر۔
تَجَنَّدَ : فوجی سپاہی بننا۔ فوج تیار کرنا ___ للامر :فارغ ہونا۔
الجُنْد : لشکر۔ ج اَجْنَاد و جُنُودٌ واحد (جُنْدِی) الجُنْد : شہر۔ ج اَجْنَاد۔ الشَّام : دمشق 'حمص 'قنسرین 'اُردن اور فلسطین۔
الجَنَد : سخت زمین۔ پتھر جو مٹی کے مشابہ ہو۔
الجِنْدار :باڈی گارڈ۔ محافظ فوج۔ ج جَنَادِرَة (جدید)
جَنْدَرَ۔ الکتابَ : مٹے ہوئے پر قلم پھیر کر روشن کرنا۔
الجُنْدُب و الجِنْدَب : ایک قسم کی ٹڈی۔ عوام اسے قُبوّط کہتے ہیں۔ ج جَنَادِب۔ اُمّ جُنْدب :بلا۔غدر۔ ظلم۔ کہا جاتا ہے"وقعوا فی اُم جُنْدب"یعنی ان لوگوں پر ظلم کیا گیا۔
الجُنْدُخ :بڑی ٹڈی۔
الجُنْدُعَة :بارش کے پانی کا بلبلا۔ج جَنادِع۔
الجَنادِع :حشرات الارض : زمین کے کیڑے مکوڑے۔
جَنْدَلَهٗ :پچھاڑنا۔
الجَنْدَل : بڑی چٹان۔ واحد جَنْدَلَة ج جَنادِل۔
جَنَزَهٗ(ض)جَنْزًا :چھپانا۔ جمع کرنا۔
جُنِزَ :مرنا اور تابوت میں رکھا جانا۔
جَنَّزَ۔ المَیِّتَ :تابوت میں رکھنا۔
الجَنْز :مٹی کا چھوٹا سا گھر۔
الجَنازَة و الجِنازَة :میت۔ میت کا تابوت۔ میت کے دفن میں جانے والے۔ مجلس ماتم۔ شراب کی مشک۔ ج جَنائِز۔
الجَنَائِزِی : مُردوں کے آگے آگے پڑھنے والا۔
الجِنْزَار و الجِنْزِیْر :تانبے کا زنگار۔(جدید)
الجَنْزِیر :زنجیر۔
جَنَسَ(ن)جَنْسًا۔التمرُ :بالکل پک جانا۔

جَنِسَ(س)جَنَسًا۔ الماءُ ونحوہ :جم جانا
جَنَّسَهٗ۔ بِهٖ :مشابہ ہونا۔
جَانَسَهٗ جِنَاسًا و مُجَانَسَةً : مشابہ ہونا۔ ہم جنس ہونا۔ اور اسی سے ہے "فلان یُجَانِسُ البهائمَ" فلاں چوپاؤں کے مشابہ ہے۔ یعنی اسے عقل وتمیز نہیں۔
تَجَانَسَا :ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے "ومع التَّجانُس التَّآنُس" ہم جنس کے ساتھ اُنسیت ہے۔
الجِنْس :ماہیت جو انواع متعددہ کو شامل ہو جیسے انسان اور گھوڑے کے لیے حیوانیت۔ قسم۔ ج اَجْنَاس۔
الجَنَس :جما ہوا پانی۔
الجَنِیْس :اپنے جنس کے اندر اصل۔
الجِنْسِیَّة :جنس کی حالت یا ماہیت۔
الجِنَاس۔ فی البدیع : علم بدیع کی اصطلاح میں دو کلموں کا کلا یا بعضًا مشابہ ہونا۔
جَنَشَ (ن) جَنْشًا۔ الیه : کودنا۔ متوجہ ہونا ___ منه :گھبرانا۔
جَنَّصَ :خوف سے بھاگنا۔ بَصَرَہ :گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ جَنَّصَ الطریقُ بالناسِ : تنگ ہونا۔
جَنَّصَ :مرنا۔
الجَنِیْص :مردہ۔
جَنَفَ(ض)جُنُوفًا و جَنِفَ(س)جَنَفًا۔عن الطریق : راستہ سے علیحدہ ہونا۔(واَجْنَفَ) فی وصیته : ظلم کرنا۔ صفت(جَنِفٌ و اَجْنَفُ)
جَانَفَ جِنَافًا۔ اَهْلَه :غصہ کی وجہ سے علیحدہ ہونا۔
تَجَانَفَ۔ للاِثم : مائل ہونا ___ عن الطریق :الگ ہونا۔
الجَنَف : ظلم۔ حق و انصاف سے تجاوز۔
الاَجْنَف : خمیدہ پشت۔ مؤنث جَنْفَاء ج جُنْف۔
المِجْنَف :طبعاً حق سے اعراض کرنے والا۔
جَنَقَ (ض) جَنْقًا و جَنَّقَ۔ الحجر : گوپھن سے پھینکنا۔
المَنْجَنِیق :گوپھن۔ فلاخن۔ لڑائی کا ایک آلہ جس سے پتھر پھینکا کرتے تھے۔ ج مَجَانِق

و مَجَانِیق و مَنْجَنِیقَات۔
الجُنْک :ایک قسم کا باجا۔ ج جُنُوک۔
جَنَی (ض) جَنْیًا و جَنِیَ۔ الثمر : درخت سے پھل توڑنا۔ کہا جاتا ہے "جَنَی الثَّمرةَ له و جَنَاهُ اِیَّاہا" (۔جَنْیًا) الذهبَ : کان سے نکالنا۔ (جِنَایة) گناہ کرنا۔ صفت (جانٍ) ج جُنَاة و اَجْنَاء و جُنَّاء۔ مؤنث جَانِیَة ج جَوَانٍ و جَانِیات
اَجْنَی۔ الشجر : پکنا۔ اَجْنَتِ الارضُ : زیادہ پھل یا زیادہ پیداوار والی ہونا۔
جَانَی مُجَانَاةً و تَجَنَّی۔ علیه :ناکردہ گناہ کی نسبت کرنا۔ (تَجَنَّیٰ و اِجْتَنَی) الثمرَ : چننا۔ توڑنا۔ "اجتنی ماءَ المطر" گھاٹ پر آ کر پانی پینا۔
الجَنَی :چنا ہوا(پھل ہو یا سونا یا شہد وغیرہ) ج اَجْنَاء و اَجْنٍ۔ ثمر(جَنِیّ) تازہ چنا ہوا پھل۔
الجَنَاة :ہر وہ چیز جو چنی جائے۔
الجِنَیَة :گناہ۔ ریشم کا کپڑا۔
المَجْنَی :مصدر میمی بمعنی چننا۔ چننے کی جگہ جس سے پھل وغیرہ چنا جائے جیسے درخت ج مَجَانٍ۔
الجَهْبِذ :پرکھنے والا۔ دانا۔ ج جَهَابِذَة
الجَهْبَر :شیرنی۔
الجَهْب :بدصورت چہرہ۔
المِجْهَب :بے حیا۔
الجَهْبُوْق :چوہے کی مینگنی۔
جَهْجَهَ۔ بالسبع :روکنے کے لیے چیخنا چلانا۔
تَجَهْجَهَ۔ عنه :باز رہنا۔
المُجَهْجَه :شیر۔
جَهَدَ(ف)جَهْدًا۔ فی الامر :بہت کوشش کرنا ___ بالرجل : امتحان کرنا۔ جَهَدَهُ المرضُ : لاغر کرنا۔ جَهَدَ اللبنَ : سارا مکھن نکال لینا۔(___ و اَجْهَدَ)الطعامَ :خواہش کرنا۔ جَهَدَ و اَجْهَدَ الدابةَ : طاقت سے زیادہ لادنا۔ اَجْهَدَ المَالَ : بکھیرنا۔ فنا کرنا۔ اَجْهَدَ الحقُّ : ظاہر ہونا۔ اَجْهَدَ فیه الشیبُ :اچھی طرح پر پھیلنا ظاہر ہونا۔ اَجْهَدَ فی الامرِ :احتیاط کرنا۔ اَجْهَدَ عَلَیْنَا العَدُوُّ : دشمنی میں پوری کوشش کرنا۔
اَجْهَدَ الامرُ لزید :ممکن ہونا۔

جَهِدَ : پوری کوشش کرنا۔ غمگین ہونا۔ لاغر ہونا۔

جَهِدَ (س) جَهَدًا۔ عيشُهُ : زندگی کا مکدر ہونا۔

جَاهَدَ مُجَاهَدَةً وجِهَادًا : پوری طاقت صرف کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاهِدُوْافي اللّٰه حَقَّ جِهَادِهٖ" اللہ کے راستہ میں پوری طرح کوشش کرو جیسا کہ کوشش کا حق ہے ــــ العَدُوَّ : جنگ کرنا۔

تَجَاهَدَ واِجْتَهَد۔ في الامر : کوشش کرنا اور پوری طاقت صرف کرنا۔

اِسْتَجْهَدَ۔ في الامر : غور کرنا۔

الجُهْد والجَهَد والمَجْهُوْد : طاقت۔ استطاعت۔ کہا جاتا ہے "بَذَل جُهْدَه ومَجْهُوْدَهٗ" اس نے اپنی طاقت صرف کی۔ مشقت۔ قرآن میں ہے "اَقْسَمُوْا باللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ" انہوں نے بہت زور لگا کر قسم کھائی۔

الجَاهِد : فا۔ بے خوابی والا۔ کہا جاتا ہے "جَهْدٌ جَاهِدٌ" جیسے "لَيْلٌ لَائِلٌ" و "شعر شاعِر"

الجَهَاد : سخت زمین جس میں پیداوار نہ ہو ج جُهُد۔

الجِهَاد۔مہ : دین کی حفاظت اور اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لیے جنگ۔

الجَهْدَان : وہ شخص جس کو مشقت لاحق ہو۔

الجَهِيْد : جانوروں کی پسندیدہ چراگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَرْعىً جَهِيْدٌ"

الجُهَادَىٰ : انتہائی۔ کہا جاتا ہے "جُهَادَاكَ ان تفعل كذا" : تمہاری انتہائی کوشش ہے کہ تم ایسا کرو۔

الجُهَيْدَىٰ : کوشش۔ پوری کوشش۔ کہا جاتا ہے "لَابلغن جُهَيْدَىٰ في الامر" میں معاملہ میں اپنی طرف سے پوری کوشش کروں گا۔

جَهَرَ (ف) جَهْرًا وجِهَارًا وجَهْرَةً۔ الامر وبالاَمْر : اعلان کرنا ــــ بالقَوْل : آواز بلند کرنا ــــ الصوتَ : بلند کرنا ــــ الرجلَ : بے پردہ دیکھنا۔ دیکھنا اور آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا۔ تعظیم کرنا ــــ القومَ : دیکھ کر زیادہ سمجھنا ــــ الشَّئَ : کسی چیز کو کھول کر اندازہ کرنا ــــ الارضَ : بغیر جانے بوجھے چلنا ــــ الشَّئُ فُلَانًا : ہیبت و جمال سے حیرت میں ڈال دینا ــــ الامرُ : ظاہر و آشکارا ہونا ــــ السِقاءَ : مشکیزہ میں بلو کر مکھن نکالنا۔

جَهِرَت (س) جَهَرًا۔ العَيْنُ : سورج سے چندھیا جانا۔

جَهُرَ (ک) جَهَارَةً۔ الصوتُ : بلند ہونا۔ صفت (جَهِير وجَهِر)۔ الرَجُلُ : دیکھنے والے کی آنکھ میں بڑا معلوم ہونا۔

جَاهَرَهٗ مُجَاهَرَةً وجِهَارًا۔ بِالشَئِ : کھلم کھلا ظاہر کرنا ــــ بالقرأة : بلند آواز سے پڑھنا القومَ بالامر : غلبہ کی کوشش کرنا۔

اَجْهَرَ۔ الامرَ وبه : اعلان کرنا ــــ بالقرأة : بلند آواز سے پڑھنا ــــ الرَجُلُ : بھینگے بچے یا صاحب جمال بچوں کا باپ ہونا۔

تَجَاهَرَ۔ بالامر : ظاہر کرنا۔

اِجْتَهَرَ۔ القوم : تعداد میں بہت سمجھنا۔ الرجلَ : کھلم کھلا دیکھنا اور بڑا سمجھنا ــــ البئرَ : صاف کرنا ــــ الشَّئُ فلانًا : ہیبت و جمال سے حیرت میں ڈال دینا۔

الجَهْر۔مہ : چوڑا ٹیلہ۔ زمانہ کا ایک حصہ۔ تم کہتے ہو "كلمته جَهْرًا وبالجهر" میں نے اس سے کھلم کھلا گفتگو کی۔ "ولَقِيْتُه جَهْرًا" میں نے اس سے رو در رو ملاقات کی۔

الجُهْر : ہیبت۔ حسن منظر۔

الجِهَار۔مہ : تم کہتے ہو "لَقِيْتُه جِهَارًا" میں نے اس سے رو در رو ملاقات کی۔

الاَجْهَرُ : سورج کی روشنی سے چندھیانے والا۔ خوبصورت ہیبت والا۔ مؤنث (جَهْراءُ) ج جُهْر۔

جَهْوَرُ۔ الصوت : بلند و قوی آواز والا۔ ج جُهْر۔

الجَهِيْر : خوبصورت۔ بھلائی اور نیکی کے لائق۔ من اللبن : بے پانی کا دودھ۔ كَلَامٌ جَهِيْر : بلند گفتگو۔ اِمْرأة جَهِيْرة : بلند آواز والی عورت۔ کہا جاتا ہے "هو عَفِيْفُ السَرِيْرَةِ والجَهِيْرَةِ" وہ ظاہر و باطن کے لحاظ سے پاک دامن ہے۔

الجَهْوَرِيّ : بلند آواز کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "صَوْت جَهْوَرِيٌّ" بلند آواز۔ اور بلند آواز والے کو کہتے ہیں۔ "رَجلٌ جَهْوَرِيٌّ"

المِجْهَر والمِجْهَار : وہ شخص جس کی عادت بلند آواز سے گفتگو کرنے کی ہو۔

المُجْهِر : خوردبین (Microscope)

جَهَزَ (ف) جَهْزًا واَجْهَزَ۔ على الجريح : مار ڈالنا۔

جَهَّزَهٗ : تیار کرنا۔ مہیا کرنا ــــ الميت : کفن دفن کا سامان کرنا ــــ العروسَ : جہیز کا سامان تیار کرنا۔

تَجَهَّزَ۔ للسفر : سامان مہیا کرنا۔ (۔ واِجْهَاَزّ للامر : آمادہ ہونا۔

الجِهَاز والجَهَاز۔ للبيت اوللمسافر او للعروس : ضروری سامان ــــ من جسم الانسان : اعضائے انسانی جن کی کوئی خاص غرض ہو۔ جیسے اعضائے تنفس۔ یا آلاتِ ہضم۔ ج اَجْهِزَة واَجْهِزَات

الجَهْزَاء : بلند زمین۔

الجَهِيْز۔ من الخيل : ہلکا پھلکا۔ موتٌ (جَهِيز ومُجَهِز) : ناگہانی موت۔

جَهِيْزَه : ایک عورت کا نام ہے۔ ایک مثل ہے "قطعت جهيزة قول كل خطيب" اس کا واقعہ یوں ہے کہ کچھ لوگ دو قبیلوں کے درمیان ایک خون کے معاملہ میں صلح کرانے کے لیے تقریر کر رہے تھے تاکہ اولیاء مقتول کو دیت لینے پر راضی کر دیں کہ اتنے میں جہیزہ نے کہا کہ مقتول کے ولی نے قاتل کو پکڑ لیا اور قتل کر دیا۔ تو لوگوں نے کہا کہ قطعت جهيزه قول كل خطيب" یعنی اب دیت اور مقدار دیت کے بارے میں گفتگو کی ضرورت نہیں کہ قاتل کے قتل کے بعد دیت نہیں۔

جَهَشَ وجَهِشَ (س) جَهْشًا وجُهُوْشًا وجَهَشَانًا۔ اليه : روتے ہوئے یا روانسا ہو کر کسی سے فریاد کرنا۔

جَهِشَ (س) جَهَشَانًا۔ منه : ڈرنا اور بھاگنا۔

اَجْهَشَ۔ اليه : روتے ہوئے یا روانسا ہو کر

فریاد کرنا- "اَجْهَشَتِ النفسُ" اُٹھنا-
اَجْهَشَهٗ :جلدی کرانا-
الجَهْشَة : آنسو (ــــ والجَاهِشَة) لوگوں کی جماعت-
الجَهْوَش :تیز رفتار-
جَهَضَهٗ (ف) جَهْضًا : غالب ہونا- عن كذا :دور کرنا- منع کرنا-
اَجْهَضَهٗ عن الامر :دور کرنا- علیحدہ کرنا ــــ ہ عن مكانه :اٹھانا ــــ فلانًا :پھسلانا-
اَجْهَضَتِ المرأة :حمل گرا دینا-
جَاهَضَه :باز رکھنا- جلدی کرانا-
الجَاهِض : تیز طبیعت- مؤنث (جَاهِضَة) ج جَوَاهِض-
الجَاهِضَة :گدھے کا ایک سالہ مادہ بچہ-
الجُهْوُضَة والجَهَاضَة :تیزی طبیعت
الجِهْض والمُجْهَض والجَهِيض :ساقط شدہ بچہ-
الجَهَّاضَه :عمر رسیدہ مادہ حیوانات-
المِجْهَاض- من الاناث :اسقاط کی عادت والی عورت- ج مَجَاهِيض-
جَهِل (س) جَهْلًا و جَهَالَةً :نہ جاننا- ان پڑھ ہونا ــــ عليه :بیوقوف بننا- بیوقوف ہونا- اُجڈ پن کرنا- صفت (جاہل) ج جُهَّل و جُهَّال وجُهَلاء وجُهُل وجَهَلَة- جَهِلَ الحَقَّ :ضائع کرنا- جَهِلَتِ القِدْرُ :بہت اُبلنا-
جَهَّلَهٗ :جہل کی نسبت کرنا-
جَاهَلَهٗ :نادانی میں مقابلہ کرنا- بدسلوکی کرنا- اور اسی سے ہے "رايتُ منهما مُجاهَلَةً ثُمَّ اِنْقَلَبَتْ مُجاهَلَةً" میں نے ان دونوں سے خوش معاملگی دیکھی پھر وہ بدمعاملگی ہو گئی-
تجَاهَلَ :بتکلف نادانی ظاہر کرنا-
اِسْتَجْهَلَهٗ : جاہل سمجھنا- حقیر سمجھنا- "اِسْتَجْهَلَتِ الريحُ الغصنَ :ہلانا-
الجَهْلَة :نادانی-
الجَاهِلِيَّة :نادانی کی حالت- ملک عرب میں اسلام سے پہلے کی بُت پرستی- جاہلیت کا اطلاق عرب کے اُن احوال پر ہے جو اسلام سے پہلے تھے-

الجَهُوْل :ناتجربہ کار جاہل- ج جُهَلاء-
المِجْهَل والمِجْهَلَة : انگاری ہلانے کی لکڑی- کریلنی-
المَجْهَلَة :سبب نادانی-
المَجْهَل : بغیر نشان کا جنگل- ج مَجَاهِل-
المَجَاهِل : نادانیاں- واحد جَهْل- اور اسی سے ہے "اِنَّالَنَصْفَحُ عَنْ مَجَاهِلِ قومِنَا" ہم اپنی قوم کی نادانیوں سے درگزر کرتے ہیں (الفعل المجهول) : فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو- ناقة (مَجْهُولَة) بے داغ والی اونٹنی-
جَهُمَ (ک) جَهَامَةً وجُهُوْمَةً : ترشرو ہونا- تیوری چڑھانا- صفت (جَهِم)
جَهَمَه وجَهِمَه (ف س) جَهْمًا وتَجَهَّمَهٗ وتَجَهَّمَ لَهٗ : ترشروئی سے پیش آنا- کہا جاتا ہے "تَجَهَّمَهٗ اَمَلُهٗ" جبکہ اپنی آرزو میں کامیاب نہ ہو-
اَجْهَمَ- الجَوُّ :بے بارش کے بادل والا ہونا-
اِجْتَهَمَ : رات کی آخری چوتھائی کی ابتدا میں داخل ہونا یا چلنا-
الجُهْمَة والجَهْمَة :رات کے آخری حصوں کی ابتداء- الجَهْمَةَ :بڑی دیگ-
الجَهْم والجَهُوْم :عاجز و ضعیف- الجَهْم : شیر-
الجَهَام :بے بارش کا بادل-
الجَيْهَمَان :زعفران-
جَهَنَ (ن) جُهُوْنًا :قریب ہونا-
الجَهْن :ترش روئی-
جارية (جُهَانَة) نوجوان لڑکی-
جَهَنَّم :دوزخ (غیر منصرف)
جَهِيَ (س) جَهًا- البيتُ : اُجاڑ ہونا- ویران ہونا- صفت (جَاهٍ)
جَهِيَ- الجُرْح :کشادہ کرنا-
جَاهَي مُجَاهَاةً- فلانًا :فخر میں مقابلہ کرنا-
اَجْهَي اِجْهَاءً- الطريق : واضح ہونا ــــ السماءُ : بادل کھل جانا ــــ عليه : بخل کرنا ــــ الطريقَ : واضح کرنا- البيتَ : بے پردہ بنانا- المرأة على زوجها :حاملہ نہ ہونا-
الاَجْهَي : گنجا (ــــ والمُجْهِي) من

البيوت :بغیر چھت والا مکان- مؤنث جَهْوَاء- خباءٌ مُجْهٍ :بغیر پردے کا خیمہ- سَمَاءٌ جَهْوَاء : کھلا ہوا آسمان-
بيت (جَهْوَان) :بے پردے کا مکان-
جَاب (ن) جَوْبًا وتَجْوَابًا- البلادَ : طے کرنا- جَابَ الثوبَ جوبًا : کاٹنا- الصخرة : چٹان کو تراشنا-
جَابَ (ن) جَوْبًا وجَوَّبَ- الثوبَ :گریبان بنانا- جَوَّبَ الشَّيَ :بیچ سے کاٹنا-
جَاوَبَه مُجَاوَبَةً :گفتگو کرنا' جواب دینا-
اجَابَهٗ اِجَابَةً واِجَابًا واَجَابَ سؤاله وعن سؤاله والي سؤاله : جواب دینا- کہا جاتا ہے "اَجَابَه الي حاجته" اس کی حاجت پوری کرنے کے لیے خوشی سے آگے بڑھا- واَجَابَتِ الارض :اُگانا-
تَجَاوَبُوْا :ایک دوسرے کو جواب دینا- باہم گفتگو کرنا-
اِنْجَابَ- الثوبُ : پھٹنا ــــ السحابةُ : کھل جانا-
اِجْتَابَ- البلادَ :طے کرنا ــــ الصَّخْرَةَ : چٹان کو تراشنا ــــ البِئْرَ : کھودنا ــــ القميصَ :پہننا-
اِسْتَجَابَهٗ واِسْتَجَابَ لَهٗ اِسْتِجَابَةً واِسْتَجْوَبَهٗ واِسْتَجْوَبَ لَهٗ اِسْتِجْوَابًا جواب دینا ــــ اللّٰهُ فلانا ولفلان ومن فلان : دعا قبول کرنا-
الجَوْب- مہ : عورت کی قمیص- بڑا ڈول- انگیٹھی- ج اَجْوَاب (ــــ والمِجْوَب) ڈھال-
الجَوْبَة :گڑھا- گھروں کے درمیان خالی جگہ- ج جُوَب-
الجَوَاب :جواب- ج اَجْوِبَة و جَوَابَات-
الجَابَة : قبولیت- کہا جاتا ہے "اَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ جَابَةً" اس نے برے طریقے سے سنا اور برے طریقے سے قبول کیا-
الجَوَّاب :بہت طے کرنے والا- حریری کا قول ہے "جَوَّابُ آفَاقٍ تَرَامَتْ سَفْرَتُه" آفاق کو طے کرنے والا ہے اس کا سفر اس کو پھینکتا رہتا

ہے۔

الجِيهَة۔ جواب کی کیفیت۔

الجَائِب فا۔ جَائِبُ العین: شیر۔

الجَائِبَة: پھیلنے والی خبر۔ کہا جاتا ہے۔ "هَل عندک من جائبة خبر" کیا تمہارے نزدیک کوئی ایسی خبر ہے جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتے ہوئے تمہارے پاس پہنچی ہو۔

المَجُوبَة: جواب۔

المِجوَب: ڈھال۔

المِجوَاب: پھاڑنے والا آلہ۔

جَوِثَ (س) جَوَثًا: اوپر سے بڑے اور نیچے سے لٹکے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (اَجوَث) مؤنث جَوثَاء ج جُوث۔

الجَوث و الجَوثَاء: بکری کا اوجھ۔

جَاحَ (ن) جَوحًا: راہ راست سے ہٹ جانا (جَاحَه جَوحًا و جِيَاحَةً و اَجَاحَه و اِجتَاحَه) جڑ سے اکھیڑنا۔ ہلاک کرنا۔

الجَائِحَة: بلا۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ سنة جائحة: خشک سال۔ ج جَائِحات و جَوَائِح

الاَجوَح: کشادہ۔ مؤنث جَوحاء۔ ج جُوح

الجَوح: تربوز۔

الجَوحَة: سختی و مصیبت۔

جَاخَ (ن) جَوخًا و جَوَّخَ۔ السیل الوادیَ: کناروں کو بہا لے جانا۔ جَوَّخَه: پھاڑنا۔ اکھیڑنا۔

تَجَوَّخَ: پھاڑا جانا۔ اکھیڑنا۔ تَجَوَّخَتِ البِئر: گر جانا ___ القرحةُ: زخم کا پھٹنا اور بہہ پڑنا۔

الجُوخ: اون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج اَجواخ۔

الجُوخَة: اونی کپڑے کا ٹکڑا۔ گڑھا۔

جَادَ (ن) جَودَةً و جُودَةً: عمدہ ہونا۔ اچھا ہونا۔ (___ و جَوَّدَ و اَجوَدَ) الفرسُ: تیز رفتار ہونا۔

جَادَهُ (ن) جَودًا: بخشش میں غالب ہونا ___ ہ الهوٰی: غالب ہونا۔ (___ جُودًا) علیه: بخشش کرنا۔ صفت جَوَاد ___ بالمال: خرچ کرنا ___ بنفسه: جان دینا۔ کہا جاتا ہے "اِنّی لاجاد الی لقائک" میں تمہاری ملاقات کا مشتاق ہوں (___ جُودًا و جُوُودًا) العینُ: بہت آنسوؤں والی ہونا ___ المطرُ: بہت بارش ہونا۔ صفت (جَائِدٌ) ج جَود۔

جِيدَت۔ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

جِيدَ الرَّجُلُ: ہلاکت کے قریب ہونا۔ پیاسا ہونا۔

جَوَّدَ۔ الشیئ: خوبصورت بنانا۔ عمدہ بنانا ___ فی عدوہ: تیز دوڑنا ___ القارئُ: فن تجوید کے لحاظ سے پڑھنا۔

جَاوَدَهُ مُجَاوَدَةً: بخشش کرنے پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

اَجَادَ: اچھا بنانا ___ بالولد: فیاض بچہ کا باپ ہونا۔ اَجَادَهُ النقدَ: کھرے سکے دینا۔ (___ و اَجوَدَ) الشیئ: عمدہ بنانا۔ اَجَادَ الرجلَ: قتل کرنا۔ اُجِيدَتِ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

تَجَوَّدَ: عمدہ چیز کا انتخاب کرنا ___ فی صنعته: صنعت میں عمدگی سے کام کرنا۔

تَجَاوَدَ۔ القومُ: یہ دیکھنا کہ حجت کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔ کہا جاتا ہے "هم يَتَجَاوَدُون الحَدِيثَ" وہ دیکھتے ہیں کہ حدیث کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔

اِستَجَادَهُ: عمدہ سمجھنا۔ اِستَجَادَ الامیرَ: بخشش طلب کرنا۔

الجَاد: باطل۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی ابی جاد" وہ لوگ باطل میں مبتلا ہوگئے۔

الجَود: بھوک۔

الجَود۔ مہ۔ الجَود و المطر الجَود: بہت بارش۔

الجُودَة الجُوَادَة: پیاس۔

الجُوَاد: پیاس کا انتہائی مرتبہ جو باعث ہلاکت ہو۔

الجَيِّد: عمدہ۔ ج جِيَاد۔ و جج جِيَادَات و جَيَائِد۔ (جَيَائِد اصل میں جَيَاوِد ہے۔ واؤ کو ہمزہ سے بدل لیا گیا ہے اور یہ شاذ ہے)

الجَوَاد: سخی (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے رجلٌ جَوَادٌ و امرأةٌ جوادٌ۔ ج اَجواد و اَجَاوِدُ و اَجَاوِيد و جُود و جُودَة و جُودَاء۔ فرس جَوَاد: تیز رفتار گھوڑا۔ ج جِيَاد و اَجيَاد و اَجَاوِيد کہا جاتا ہے "سِرتُ اِلَيه جَوَادًا" میں اس کی طرف دوڑتا ہوا چلا۔ "و سِرنا عقبةً جوادًا و عقبتين جوادين و عِقَابًا جِيَادًا" ہم دور کی گھاٹی یا دو گھاٹی یا گھاٹیوں پر چلے۔

الجَوَّاد: بڑا فیاض۔

الاَجوَد: اسم تفضیل۔ مؤنث جَودَاء (خلاف قیاس) ج جُودٌ و اَجَاوِيد۔

الجَادِی: زعفران۔

التَجوِيد۔ فی القرآة: قواعد فن قرأت کے مطابق پڑھنا۔

التَجَاوِيد: مفید بارشیں (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

رجلٌ او شاعر (مُجِيدٌ و مِجوَاد) عمدہ کام کرنے والا امرو۔ جید اشعار کہنے والا شاعر۔

المَجُود: پیاسا۔ قریب بہلاکت۔

الجُودِی: کمبل۔

جَارَ (ن) جَورًا۔ عن الشیئ: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "جَارَ عن الطريق" وہ راستہ سے ہٹ گیا ___ علیه: ظلم کرنا۔ صفت (جَائِر) ج جَوَرَة و جُوَرَة و جَارَة (___ جَورًا) فریاد رسی چاہنا۔

جَوَّرَهُ: ظلم کی طرف منسوب کرنا۔ پچھاڑنا۔

جَوَّرَ البِنَاءَ: گرادینا۔

جَاوَرَ مُجَاوَرَةً و جِوَارًا و جُوَارًا: پڑوس میں رہنا ___ المَسجِدَ: اعتکاف کرنا۔

اَجَارَهُ اِجَارَةً۔ من العذاب: بچانا۔ چھڑانا۔ پناہ دینا ___ فلانًا: فریاد رسی کرنا۔ ہ عن کذا: ہٹا دینا ___ المتاعَ: حفاظت کے لیے برتن میں رکھنا۔

تَجَوَّرَ۔ الرَّجُلُ: پچھاڑا جانا ___ علی الفراش: پہلو پر لیٹنا ___ البناء: گر جانا۔ کہا جاتا ہے "تجوَّر خِبَاءُ اللیل" یعنی تاریکی چھٹ گئی۔

تَجَاوَرَ و اِجتَوَرَ۔ القومُ: ایک دوسرے

کے پڑوس میں رہنا۔

اِسْتَجَارَ۔ فلانا وبه : فریاد رسی چاہنا۔ پناہ لینا۔ اِسْتَجَارَہ مِنْ فُلاَنٍ "پناہ چاہنا۔

اِسْتَجْوَرَہٗ : ظالم پانا۔

الجَوَّار : بہت گہرا پانی۔

الجَوَّار : کسان۔

الجِوَار : پڑوس۔ کہا جاتا ہے "اَقَامَ فی جوارہ" اس نے اس کے پڑوس میں اقامت کی۔ امان و ذمہ داری۔ کہا جاتا ہے "ھو فی جواری" وہ میرے امن اور ذمہ داری میں ہے۔

الجَار : پڑوسی۔ پناہ دینے والا۔ پناہ لینے والا۔ جِیْرَان۔ وجِیْرَۃ وجوار و اَجْوَار و (جَارُ النهر) نیلوفر کے مشابہ ایک قسم کی نباتات۔

الجَارَۃ : پڑوسن۔ بیوی۔ سوکن۔ ج جَارَات

الجَائِر : ظالم۔ بڑا ڈول۔

الجَوْر۔ مص : ظلم۔

الجِوَرُّ۔ من الغیث : بہت کڑک والی بارش۔ مال جِوَرٌّ : بہت مال۔ بازِلٌ جِوَرٌّ : زور سے بلبلانے والا اونٹ۔

المُجَوَّر : گہرا۔

جَوْرَبَہٗ : پائتابہ پہنانا۔

تَجَوْرَبَ۔ پائتابہ پہننا۔

الجَوْرَب : پائتابہ۔ ج جَوَارِب وجَوَارِبَۃ۔ عوام الکلسۃ اور القلشینۃ کہتے ہیں۔

الجاوَرْس : باجرہ۔

جَازَ (ن) جَوْزاً و جُؤُوْزاً و جَوَازاً و مَجَازاً۔ المکانَ وبالمکان : چلنا ___ المکانَ : گزر جانا ___ البیع : بیع کا پورا ہونا۔ (___ جَوَازاً) الامرُ : جائز ہونا۔ کہا جاتا ہے "جازلہ ان یفعل کذا" اس کے لیے ایسا کرنا ممکن ہے ___ الدرہمُ : رائج ہونا ___ السہمُ الی الصَّیْد : شکار سے ہٹ کر نکل جانا ___ عن الصَّیْدِ : شکار کو چھید کر نکل جانا۔

جَوَّزَ۔ الامرَ : جائز ٹھہرانا۔ الحکمَ : جائز سمجھنا۔ رایَہٗ : جاری کرنا ___ الابلَ : آگے سے ہانکنا یہاں تک کہ سب گزر جائیں۔ ___ الدراہمَ : رائج کرنا۔

جَاوَزَ۔ المکانَ : آگے بڑھ جانا ___ عن الذنب : درگزر کرنا ___ الرجلَ : اجازت دینا۔

اَجَازَ اِجَازَۃً۔ الشَّیْئَ : جائز کرنا ___ الرایَ : نافذ کرنا ___ الرَّجُلَ : اجازت دینا۔ اَجَازَہٗ بالف درھم : انعام دینا ___ علی اسمہ : نام کا ٹھپا بنانا۔ الموضعَ : آگے بڑھ جانا۔ القاضِی البَیْعَ : نافذ کردینا۔ اَجَازَہٗ العقبۃَ گھاٹی سے گزار دینا۔

تَجَوَّزَ۔ فی الامر : برداشت کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ فی الصلاہ : اختصار کرنا۔ فی کذا : تھوڑی چیز پر اکتفاء کرنا۔ عنہ : چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا۔ فی الکلام : مجاز بولنا ___ الدراھمَ : کھوٹے قبول کرلینا۔

تَجَاوَزَ۔ عنہ : چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا۔ فی الشیٔ : افراط کرنا۔

اِجْتَازَ۔ : چلنا۔ بالمکان : گزرنا۔ من مکان الی آخر : عبور کرنا۔

اِسْتَجَازَ اِسْتَجَازَۃً : اجازت طلب کرنا ___ الامرَ : جائز سمجھنا۔

الجَائِز۔ فا۔ نافذ۔ روا۔ مباح۔ دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی۔ ج جَوَائِز وجُوْزَان وجِیْزَان و اَجْوُز و اَجْوِزَۃ۔

الجَائِزَۃ : الجائز کا مؤنث۔ عطیہ۔ انعام۔ پانی کا ایک گھونٹ۔ ج جَوَائِز۔ جَوَائز الاشعار والامثال : وہ اشعار یا کہاوت جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک پھیل جائیں۔

الجَوْز۔ مص : اخروٹ کا درخت۔ اخروٹ۔ واحد جوزۃ۔ الجوزۃ : پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

جَوْزُ هِنْدِیٍّ : ناریل۔

جَوْزُ القَیْئِ : مین پھل۔

جَوْزُ مَاثِل : دھتورا۔

جَوْزُ۔ الشیٔ : چیز کا وسط اور اکثر حصہ۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوا اَجْوَازَ الفَلاَۃِ" انہوں نے جنگل کا بڑا حصہ طے کرلیا۔ "مَضٰی جَوْزُ اللَّیْلِ" رات کا بڑا حصہ گزر گیا۔ ج اَجْوَاز۔

الجَوْزَاء : آسمان کے ایک برج کا نام کالی بکری جس کے وسط میں سفیدی ہو۔

الجَوَاز۔ مص : پروانہ راہداری۔ عوام اس کو تذکرۃ السفر یا البسابورط کہتے ہیں۔ ج اَجْوِزَۃ۔ پانی کی اتنی مقدار جس کو مسافر اپنے ساتھ لے اور دو چشموں کے درمیان کافی ہو۔

الجُوَاز : پیاس۔

الجِیْزَۃ : کنارہ۔ گوشہ۔ وادی کا کنارہ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔ ج جِیَز و جِیَز۔

الاِجَازَۃ : اذن۔ اجازت ___ عند المحدثین : روایت کی اجازت لفظاً یا کتابتاً۔

التِجْوَاز : ایک قسم کی منقش چادر۔ ج تجاویز۔

المَجَاز : لفظ جو اپنے موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں کسی مناسبت سے استعمال کیا جائے۔ (___ والمَجَازَۃ) راستہ۔ مَجَازَۃ النہر : پل۔ المَجَازَۃ : بہت اخروٹ والی زمین۔ کہا جاتا ہے "ارض مجازۃ"

المُجِیْز۔ فا۔ ولی۔ اُمورِ یتیم کا منتظم۔ غلام جس کو تجارت کی اجازت دی گئی ہو۔

جَاسَ (ن) جَوْسًا و اِجْتَاسَ اِجْتِیَاسًا۔ الشَّیْئَ : بہت انہماک سے تلاش کرنا۔ (___ جَوْسًا و جَوَسَانًا) القومُ بین البیوت والدور : گھروں کے درمیان فساد مچانا اور ان کے اندر مال متاع کو ڈھونڈھنا۔

جَاسَاہ : دشمنی کرنا۔

الجَوَّاس : قوم کے درمیان فساد مچانے والا شیر۔

جَوْسَۃُ۔ النَاظِر : ٹکٹکی۔

الجَوْسَق : محل۔ ج جَوَاسِق و جَوَاسِیْق۔

جَاشَ (ن) جَوْشًا : پوری رات چلنا۔

تَجَوَّشَ۔ اللیلُ : کچھ حصہ گذر جانا ___ فی الارض : داخل ہونا۔

الجَوْش : مص ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "مضی

جوش من اللیل " رات کا اگلا حصہ یا کچھ حصہ گزر گیا۔
الجَوْشَن : سینہ۔ زرہ ـــــ من اللیل : رات کا وسط یا ابتدائی حصہ۔ ج جَوَاشِن۔
جَاظَ(ن)جَوْظًا و جَوَظَانًا : تکبر سے چلنا۔
جَوَّظَ : زچ ہونا۔ بے صبر ہونا۔(- و تَجَوَّظَ) : کوشش کرنا۔
الجُوَاظ : تنگ دلی۔ بے صبری۔
الجَوَّاظ : تکبر سے چلنے والا۔ اجڈ۔ بہت کھانے والا۔
الجَوَّاظَة : بمعنی جَوَّاظ۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔
جَاعَ (ن) جَوْعًا و مَجَاعَةً : بھوکا ہونا۔ صفت (جَائِع و جَوْعَانُ) مؤنث جَائِعة و جَوْعَى ج جِيَاع و جُوَّع ــــ الیه : مشتاق ہونا۔
جَوَّعَهُ تَجْوِيْعًا و أَجَاعَهُ إِجَاعَةً : بھوکا رکھنا۔ خوراک روکنا۔ کہا جاتا ہے "أَجَاعَ قِدْرَه" اس نے اس کی ہانڈی کو نہیں بھرا۔
تَجَوَّعَ : بتکلف بھوکا بننا۔
إِسْتَجَاعَ إِسْتِجَاعَةً : ہر وقت کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا۔ کسی چیز کو کھانا اور سیر نہ ہونا۔
الجُوْع و المَجَاعَة : بھوک۔ الجُوْعُ الكَلْبِي او الجُوْعُ البَقَرِي : معدہ کی ایک بیماری کا نام جس میں آدمی شکم سیر نہیں ہوتا اور اگر ہو جاتا ہے تو جلدی بھوک لگ جاتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَامٌ مَجَاعَةٍ او مَجْوَعَةٍ" بھوک کا سال۔ ج مَجَاوِع۔
الجَوْعَة : اسم مرۃ۔ قبیلہ کا خالی ہونا۔
جَوِفَ جَوَفًا : کھوکھلا ہونا۔
جَافَهُ(ن)جَوْفًا : گہرا کرنا ـــــ ہ بالطعنة : جوف میں نیزہ مارنا۔
أَجَافَهُ۔ الطَّعْنَةَ و بِالطَّعْنَة : جوف میں نیزہ مارنا ـــــ البَابَ : بھیڑ دینا۔
جَوَّفَه : کھوکھلا کرنا۔ گہرا کرنا۔ جوف میں سے سب کچھ نکال لینا۔

تَجَوَّفَ : کھوکھلا ہونا۔ (تَجَوَّفَه و إِجْتَافَه) جوف میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "إِجْتَافَ الوحشي كناسه و تَجَوَّفَه" وحشی جانور اپنے بھٹ میں داخل ہو گیا۔
إِسْتَجَافَ و إِسْتَجوفَ إِسْتِجَافَةً۔ الشَّئَ : کشادہ ہونا۔ الشَّئَ : کھوکھلا پانا۔
الجَوْف۔ مد۔ پیٹ ـــــ من البيت : اندرونی حصہ۔ ج أَجْوَاف۔
الجَوَف۔ مد۔ کشادگی۔
الجَائِف۔ فا۔ جوف تک پہنچنے والی چیز۔ مؤنث جَائِفه۔ الجَائِفَة : نیزہ کی مار جو جوف تک پہنچے۔ ج جَوَائف۔
الأَجْوَف : کھوکھلا۔ کشادہ جوف والا۔ مؤنث جَوْفَاء ج جُوْف۔ "الجَوْفَاء مِن الدِلَاء" کشادہ ڈول ـــــ من القضاء او المشجر : اندر سے کھوکھلا۔ الفعل الأَجْوف : وہ فعل جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ جیسے قال ' باع ' خاف
أَجْوَف : بڑا شیر۔
المَجْوُف : بڑے جوف والا۔
المُجَوَّف : کھوکھلا۔ رجل (مُجَوَّف و أَجْوَف و مَجْوُف) : بزدل۔
المُسْتَجَاف : کشادہ جوف والا۔
الجُوَاف : ایک قسم کی مچھلی۔
جَوِقَ (س) جَوَقًا۔ الوجهُ : ٹیڑھے منہ والا ہونا۔ صفت (أَجْوَق و جَوِق) مؤنث جَوْقَاء ج جُوْق۔
جَوَّقَ۔ القوم : جمع کرنا ـــــ عليه : شور مچانا۔
تَجَوَّقُوْا : اکٹھا ہونا۔
الجَوْق۔ ج أَجْوَاق و (الجَوْقَة) لوگوں کی جماعت۔
الأَجْوَق : موٹی گردن والا۔ أَجْوَق الفلكُ : جھکے ہوئے جبڑے والا۔
المُجَوَّق : ٹیڑھے جبڑوں والا۔
جَالَ (ن) جَوْلًا و جُوْلًا و جُؤُوْلًا و جَوَلَانًا و جِيَلَانًا و جَوَّلَ تَجْوَالًا۔ في المكان : چکر لگانا۔ گھومنا۔ جَالَ الشَّئَ : پسند کرنا۔ جَالَ القَوْمُ

جَوْلَةً : شکست کھانے کے بعد حملہ کرنا۔ جَوَّلَ الأَرْضَ : زمین میں بہت چکر لگانا۔
جَاوَلَهُ مُجَاوَلَةً : ایک دوسرے کو دھتکارنا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
أَجَالَ۔ الشئ و ب الشَّئ : گھمانا۔ السیف : تلوار سے کھیلنا اور ادھر ادھر گھمانا۔
تَجَاوَلَ۔ القومُ في الحربِ : ایک دوسرے کے مقابلہ میں چکر لگانا۔
إِجْتَالَ إِجْتِيَالًا : گھومنا ـــــ القومَ : ارادہ سے پھیر دینا ـــــ مِنْهُمْ جَوْلًا : پسند کرنا ـــــ أَمْوَالَهُمْ : لے جانا۔
إِنْجَالَ۔ الغبارُ : بلند ہونا اور پھیلنا۔
إِسْتَجَالَ إِسْتِجَالَةً۔ اموالهم : لے جانا۔
الجَوْل۔ مد۔ گھوڑوں یا چوپایوں کا گلہ۔ رتی۔ ج أَجْوَال (ـــــ و الجُوْل) مٹی جس کو ہوا سطح زمین پر ادھر اُدھر کرے۔
الجَال و الجُوْل : قبر یا کنوئیں کی دیوار پہاڑ کا پہلو۔ جُوْلُ القبر : قبر کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "ماله جَالٌ او جُوْل" اس کا پختہ ارادہ نہیں ج جِوَال و جُوَال و جِوَالَة و جُوَالَة و أَجْوَال۔
الجَوَالَة۔ من الشئ : چیز کا بہتر حصہ۔
الجَوْلَان و الجُوْلَان : مٹی جس کو ہوا ادھر اُدھر کرے۔
الجَوَلَان۔ مد۔ مال کا چھوٹا اور ردی حصہ جَوَلَانُ الهُمُوم : غم کی ابتدا۔
الجَوَّال و الجَوَّالَة : بہت چکر لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هو جَوَّالَة جَوَّابة" وہ بہت زیادہ چکر لگانے والا ہے۔ اور مقامات کو طے کرنے والا ہے۔
الأَجْوَل : اسم تفضیل۔ یوم أَجْوَل : بہت غبار کا دن۔
الأَجْوَلِيّ : بہت چکر لگانے والا گھوڑا۔
المَجَال : چکر لگانے کی جگہ۔
المِجْوَل : ڈھال۔ پازیب۔ تعویذ۔ ہار میں چاندی کا ہلال۔ کرتی۔ گورخر۔ چاندی۔ لکڑی کا بڑا پیالہ۔ تالاب۔
المُسْتَجِيْل : بیوقوف۔

جَامَ(ن)جَوْمًا :اچھی یا بُری چیز کا طلب کرنا۔

الجَام :پیالہ۔ج جَامَات و اَجْوَام و اَجْوُم و جُوْم۔

الجُوَیْمَة :جام کی تصغیر۔

جَانَ(ن)جَوْنًا :کالا ہونا۔

تَجَوَّنَ۔باب العروس :دولہن کے دروازہ پر سفیدی پھیرنا۔باب المیت :سیاہ کرنا۔

الجَوْن۔ مہ ۔ سفید۔سیاہ۔ سرخ خالص سبزی جس کی سبزی سیاہی مائل ہو۔ دن من الخیل والابل :بہت کالا۔ج جُوْن۔

الجَوْنَة :غروب کے وقت کا آفتاب۔ تارکول ملا ہوا مٹکا۔کوئلہ۔

الجُوْنَة :چمڑے سے منڈھی ہوئی ٹوکری۔ج جُوَن

الجَوْنَاء :آفتاب۔ہانڈی۔سیاہ اونٹنی۔

الجَوْنِیّ :قطا پرندہ کی ایک قسم جس کا سینہ اور بازو کالا ہوتا ہے۔

جَاهَ(ن)جَوْهًا۔الرجل بالمکروہ :ناپسند طریقہ سے پیش آنا۔

جَوَّهَهُ تَجْوِیْهًا و اَجَاهَهُ اِجَاهَةً :صاحب مرتبہ بنانا۔

تَجَوَّهَ :بڑا ہونا۔بتکلف بڑا بننا۔

الجَاه و الجَاهَة :قدر۔ شرف۔ بلندی۔ مرتبہ۔

الجَوْهَر :وہ چیز جو قائم بالذات ہو اور محل کا محتاج نہ ہو۔اس معنی میں یہ عرض کا مقابل ہے۔ ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی جائے۔ واحد (جَوْهَرَة) ج جَوَاهِر۔ جوہر الشئ : چیز کی اصلیت۔ جوہر السیف : تلوار کا جوہر۔

الجوہر الفرد :وہ چیز جو قابل انقسام نہ ہو۔

الجواہر العلویة :افلاک۔ستارے۔ارواح۔

الجَوْهَرِیّ :جوہر کی جانب منسوب۔لازم و ضروری۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کا مقابل عرضی ہے۔جوہر کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

جَوَّى تَجْوِیَةً۔السِقَاءَ :مشک میں پیوند لگانا۔

الجَوّ : آسمان و زمین کا درمیانی حصہ۔ کشادہ وادی۔کشادہ میدان۔ جَوُّ البَیْتِ :گھر کا اندرونی حصہ جَوُّ الماء :زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لیے کھودا جائے۔ جَوُّ کلِ شئٍ :اندرونی حصہ۔ ج جِوَاء و اَجْوَاء۔

الجَوَّانِیّ۔جَوّ کی جانب منسوب۔اس کا نقیض بَرَّانِی ہے۔دیکھئے لفظ بَرَّانِی۔

الجُوَّة :مشک کا پیوند۔زمین کا سخت ٹکڑا۔پہاڑ وغیرہ کا گڑھا۔لوہے کا زنگ۔گندم گوں رنگ۔

جَوِیَ(س)جَوًی :عشق یا غم کی وجہ سے جلن لاحق ہونا ـــــ الماءُ :بدبودار ہونا۔ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔جَوِیَتْ نفسہ من البلد و عن البلد : ناموافق ہونا۔

جَاوَیٰ مُجَاوَاةً۔بالابل :پانی پر بلانا۔

اِجْتَوَیٰ۔البَلَدَ :اقامت ناپسند کرنا۔(ـــــ و اِسْتَجْوَیٰ)الطعامَ :ناپسند کرنا۔

الجَوَی۔ مہ :غم یا عشق کی وجہ سے سوزش سینہ کا ایک مرض۔ مرض کی طوالت۔ مبتلائے سوزش عشق۔

الجِوَاء۔کشادہ وادی۔زمین کا اندرونی حصہ۔ چمڑے کا تھیلا۔وہ چیز جس پر ہانڈی رکھی جائے۔

الجَوِی :بدبودار۔ عاشق۔ مبتلائے سوزش عشق۔

الجَوِیّ :تنگ دل ـــــ مؤنث جَوِیَّة۔

الجِیَّة :پانی وغیرہ جبکہ بدبودار ہو جائے۔پانی جمع ہونے کی جگہ۔ج جِیّ۔

جَاءَ یَجِیئُ و یَجُوْءُ مَجِیئًا و مَجِیْئَةً و جَیْئًا و جَیْئَةً : آنا۔ بِہٖ : لانا۔ جَاءَهُ و جَاءَ الیه : آنا۔ الشَّیْءَ: کرنا۔صفت(جاءٍ)مؤنث جَائِیَةٌ

جَاآنِی و جَایَأَنِی فَجِئْتُهٗ : کثرتِ آمد میں مقابلہ کرنا۔

اَجَاءَهٗ :لانا۔ آنے کو لازم و ضروری ٹھہرانا۔

الجَیْئَة۔ مہ ۔ایک مرتبہ کی آمد۔ پیپ و خون۔ ٹکڑا جس سے جوتہ پیوند لگایا جائے۔

الجِیْئَة :آنا۔ج جِیْآت۔

جَابَ (ض) جَیْبًا۔ البِلَادَ : طے کرنا۔ القمیصَ :گریبان بنانا۔

جَیَّبَ : القَمِیْصَ : گریبان بنانا۔

الجَیْب۔ من القمیص : گریبان۔ دل و سینہ۔ کہا جاتا ہے "نَاصِحُ الجَیْبِ" امین و صادق جَیْبُ الارض :زمین میں داخل ہونے کی جگہ۔ج جُیُوْب۔

الجَیْبُ و الجَیْبَة۔ عند العوام : تھیلی۔ پاکٹ۔ج جِیَاب۔

جَاحَ یَجِیْحُ جَیْحًا۔ السیلُ الوادی : کناروں کو بہالے جانا۔

جَادَ و جَیِدَ یَجَادُ جَیَدًا :خوبصورت اور لمبی گردن والا ہونا۔ صفت (اَجْیَد) مؤنث جَیْدَاء و جَیْدَانَة۔ ج جُوْد۔ اور کبھی جَیَد گردن کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے"عنق أجید"

الجِید :گردن۔ج اَجْیَاد و جُیُوْد۔

جَیَّرَ۔الحوضَ :گچ کرنا۔

جَیْرِ :حرف ایجاب بمعنی نعم۔یعنی ہاں۔

الجِیْر :گچ۔

الجَیَّار : بے بجھا چونہ۔(ـــــ و الجائر) غصہ یا بھوک کی وجہ سے سینہ کی سوزش۔

حوض (مُجَیَّر) گچ کیا ہوا حوض۔گہرا حوض۔

جَاشَ(ض)جَیْشًا و جَیَشَانًا و جُیُوْشًا۔ القِدْرُ : اُبلنا ـــــ البحرُ : جوش مارنا ـــــ الصدرُ : غصہ سے جوش میں آنا۔ الحَرْبُ بَیْنَهُمْ : گھمسان کی جنگ شروع ہونا۔ العینُ : آنسو بہانا۔ الوادی : موج مارنا۔ المیزابُ : پرنالہ کا خوب اچھی طرح بہہ پڑنا۔ النفسُ :جی متلانا۔ نفس الجبان :بھاگنے کا ارادہ کرنا۔

جَیَّشَ۔ الجُیُوش :فوجوں کو جمع کرنا۔

تَجَیَّشَ۔ القومَ : اکٹھا ہونا۔ تَجَیَّشَتْ نفسہٗ :جی متلانا۔

اِسْتَجَاشَ۔ الجَیْش : جمع کرنا۔ الامیرَ : امیر سے مدد اور لشکر طلب کرنا۔ القومَ :مدد دینے پر برانگیختہ کرنا۔

الجَائِشَة :نفس۔

الجَیْشَة۔جاش کا اسم مرۃ۔ج جَیْشَات۔

الجَیْش ـ مہ : لشکر ـ ج جُیوش ـ

الجَیْش : ایک قسم کی لمبی نباتات کا نام ہے ـ

الجَیَّاش : متحرک و مضطرب ـ

جَاضَ (ض) جَیْضًا و جَیَضَ تَجْیِیضًا ـ عنہ : منحرف ہونا ـ ہٹ جانا ـ

جَاَلطَہٗ : فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ـ

الجَیْضَۃُ : دائیں بائیں جھکاؤ ـ

الجِیَضُّ و الجِیَضَّی : تکبر و غرور کی چال ـ

جَاظَ (ض) جَیْظَانًا : چلنے میں تکبر کرنا ـ صفت (جَیَّاظ) بحملہ : بوجھل چلنا ـ

الجَیْعَر : بجو ـ

الجَیْعَم : بھوکا ـ

جَافَت (ض) جَیْفًا و جَیَّفَت و تَجَیَّفَت و اِجْتَافَت و اِنْجَافَت ـ الجثّۃ : بدبودار ہونا ـ

الجِیْفَۃ : میت کا بدبودار جثہ ـ ج جِیَف و اَجْیَاف ـ

الجَیْفَر : قوی شیر ـ

جَیْفَل : نام ماہ ذی القعدہ ـ

الجِیْل : لوگوں کا ایک گروہ ـ صدی ـ ایک زمانہ کے لوگ ـ ج اَجْیَال و جِیْلان ـ

الجَیْلَم : چاند ـ

الجَیْهَر : ایک قسم کی مکھی ـ

الجَیْهَل و الجَیْهَلَۃ : انگارہ ہلانے کی لکڑی ـ کریلنی ـ صَفَاۃ جَیْهَل : بڑا پتھر ـ

الجِیْم : حروفِ ہجاء کا پانچواں حرف ـ (مذکر و مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ـ

ح

حَبَّهٗ (ض) حُبًّا وحِبًّا ___ اَلشَّیَٔ: رغبت کرنا۔

حَبَّ (س) حَبَبَ (ک) الیہ: محبوب ہونا۔

حَبَّبَهٗ۔ الیّٰ: محبوب بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "حَبَّبَنِی اِیَّاہ" اس نے مجھ کو اس کا محبوب بنایا۔

حَبَّبَ الْقِرْبَةَ: بھرنا (حَبَّبَ و اَحَبَّ) الزرعُ: دانے دار ہونا۔

حَابَّہٗ مُحَابَّةً و حِبَابًا: باہم محبت کرنا۔ محبت ظاہر کرنا۔

اَحَبَّہٗ: محبت کرنا۔ یہ حب سے زیادہ مستعمل ہے۔ صفت فاعلی۔ (مُحِبّ) اور صفت مفعولی (مَحْبُوب و مُحَبّ)

تَحَبَّبَ۔ الیہ: محبت و دوستی ظاہر کرنا۔

تَحَبَّبَ مِنَ الشَّرَابِ: بھرنے سے مٹکے کی مانند پھول جانا۔

تَحَابَّ۔ القومُ: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

اِسْتَحَبَّهٗ: محبت کرنا۔ اچھا سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَبَّ الکفرَ علی الایمان" اس نے کفر کو ایمان پر فضیلت دی۔

الحَبُّ ج حُبُوْب و حُبَّان: دانہ۔ واحد (حَبَّة) ج حَبَّات۔ حَبُّ الغَمَام: اولہ۔ حبة القلب: دل کا دانہ یا روح۔ الحَبَّة: دو (۲) جو کے برابر ایک وزن کا نام۔ دینار کا سولہواں حصہ۔

الحَبَّة الخَضْرَاء: بُن (ایک دوا کا نام) الحَبَّة السَّوْدَاء: کلونجی۔

المَحَبَّة: مرغوب چیز کی طرف طبیعت کا میلان۔

الحِبُّ۔ مـ: دوست۔ عاشق۔ محبوب۔ ج اَحْبَاب و حِبَّان و حِبَبَةٌ و حُبٌّ و حُبُوبٌ۔

الحُبُّ۔ مـ: بڑا گھڑا یا مٹکا۔ ج حِباب و حِبَبَة و اَحْبَاب۔

الحُبَّة: انگور کا بیج۔ معشوق۔ معشوقہ۔ ج حُبَب۔ کہا جاتا ہے "ھذا حُبَّتک" یہ وہ چیز ہے جس کا ٹل جانا تمہیں محبوب ہے۔ "ونعم و حُبَّةٍ و کرامةٌ" جیسا کہ کہا جاتا ہے "حُبًّا و کرامة"

الحَبَب: دانتوں کی ہمواری۔ (___ والحَبَاب) بلبلہ۔ حَبَبُ الماء او الرمل و حِبَبُهٗ: پانی یا ریت کا بڑا حصہ۔

الحَبَاب: انتہا۔ کہا جاتا ہے۔ "حَبَابک ان تفعل کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحُبَاب: دوستی۔ محبت۔ محبوب۔ سانپ۔ اُمُّ حباب: دنیا۔

الحُبَابَة: ایک قسم کا سیاہ آبی کیڑا۔ ج حُبَاب

الحَبِيب: عاشق۔ معشوق۔ ج اَحِبَّة و اَحِبَّاء و اَحْبَاب۔ اَبُوْ حَبِيب: بھنا ہوا بکری کا بچہ۔ اُمُّ حَبِيب: گرگٹ۔

الحَبَّاب۔ حب: کا اسم مبالغہ: گھڑوں اور مٹکوں کا بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

المُحِبَّ: ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "اِمرأة محبة لزوجها و مُحِب لهٗ"

اُمُّ مَحْبُوب: سانپ۔

الحَبْتَر: لومڑی۔ گٹھے بدن کا پست قد۔ ج حَبَاتِر

الحَبْتَقَة: بخل یا زچ ہونے کی وجہ سے تنگ دلی۔

الحَبْتَک و الحُبَاتِک: کم جثہ۔

الحَبْتَل و الحُبَاتِل: کم جثہ۔

الحَبِث: ایک قسم کا سانپ جس کی دم نہیں ہوتی۔

حَبَجَه (ض) حَبْجًا۔ بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔ (___ و اَحْبَجَ) الامرُ: اچانک ظاہر ہونا۔ قریب ہونا۔ ظاہر ہونا۔

حَبِجَ (س) حَبَجًا و حَبَجَ (ف) حُبَاجًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَبِجٌ)

الحَبَج۔ مـ۔ پھنسیاں جو سدہ کی شکل میں ہو جائیں۔ اُونٹ کی کمر کا داغ۔

الحَبْج: لوگوں کا گروہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حَبْحَبَ حَبْحَبَةً۔ الماءُ: پانی کا آہستہ بہنا۔ ___ النارُ: آگ بھڑکنا۔

اَلْحَبْحَاب: پست قد۔ بدنما۔ بدشکل۔ حباحب۔

الحُبَاحِب و اُمُّ حُبَاحِب: جگنو۔ وہ چیز جو جگنو کی دم میں آگ کی مانند دکھائی دے۔ اور اسی سے نارُ الحُبَاحِب ہے جس کو ضعف و کمزوری میں بطور مثل کے استعمال کرتے ہیں۔ نارُ الحُبَاحِب: چنگاری جو گھوڑے کے سم سے پتھر وغیرہ پر ٹھوکر لگنے سے نکلے۔

المُحَبْحَب: بدغذا۔

الحَبْحَبَة: تربوز۔ ج حَبْحَب۔

الحُبَاجِل: گٹھے بدن کا پست قد۔

حَبَّذَا۔ حَبَّ اور ذَا اسم اشارہ سے مرکب کلمہ ہے جو مدح کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ہر صورت میں یہی صیغہ بولا جاتا ہے۔ (حَبَّذَهٗ) کسی سے "حبذا" کہنا۔

حَبَرَ (ن) حَبْرًا۔ الشَّیَٔ: مزین کرنا۔ منقش کرنا۔

حَبَرَهٗ (ن) حَبْرًا و حَبْرَةً و اَحْبَرَهٗ: خوش

کرنا-اَجْبَرَتِ الاَرْضُ :پیداوار کازیادہ ہونا-

حَبِرَ(س)حُبُوْرًاو حَبَرًا :خوش ہونا-(ــــ حَبَرًا)الجرحُ :زخم کااچھاہونااور کچھ اثر باقی رہنا ــــ الاسنانُ :زرد ہونا ــــ الارضُ : پیداوار کازیادہ ہونا-

حَبَّرَ-الدوَاۃَ :روشنائی ڈالنا ــــ الکلامَ اوالخطاوالشعرَ :عمدہ بنانا-

حُبِّرَ :پسوؤں کے کاٹے کانشان والاہونا-

تَحَبَّرَ :مزین ہونا- عمدہ ہونا- السحابُ : ظاہرہونااور پھیلنا-

الحَبْر والْحِبْرُ :نیک عالم- خوشی ونعمت الحَبْر الاعظم :پوپ- یہودیوں کے نزدیک کاہنوں کا سردار- ج اَحبَار و حُبُور- الحِبْر : روشنائی' خوبصورتی- نقش ونگار- دانتوں کی زردی ج حُبُور- کہا جاتا ہے "فلان حسن الحِبْر والسبْرِ" یعنی فلاں خوبصورت اچھی ہیئت والاہے-"وفلان لیس له حبْر" یعنی فلاں کا کوئی مثیل و نظیر نہیں "و ذهب حِبْرُهٗ و سِبْرُهٗ" یعنی اس کی رونق وہیئت جاتی رہی-

الحَبَر-مص-اثر-

الَحِبْرَۃ-مثلثة الحاء :دانتوں کی زردی-

الحَبَرۃوالحِبَرَۃ :ایک قسم کی یمنی چادر-ج حَبَراتوحِبَراتوحِبَر-

الحَبْرَۃ :خوشی-نعمت-ہرعمدہ راگ-

الحِبَر والحَبِیْر-من الثیاب :نیاونرم منقش چادر-حَبِیْر کی جمع حُبُر ہے-

الحَبَار-ج حَبَارَات و (الحِبْر) ج حُبُوْر : داغ- نشان- اثر- کہا جاتا ہے "بجِلدِہ حَبَارُ الضَرْبِ" اس کی کھال میں مار کااثر ہے "و فِی یَدِہٖ حَبَارُ العَمَلِ" اس کے ہاتھ میں کام کرنے کا اثر ہے-

المِحْبَرَۃوالمَحْبَرَۃوالمَحْبُرَۃ :دوات- ج مَحَابِر-

الحَبْوْرَۃ :امامت-

الحَابُوْر :بدکاروں کی مجلس-

الحُبَارٰی :سرخاب-ج حَبَارَات-

الحَبُوْر والحُبْرُوْر والحِبْرِیْر : سرخاب کا بچہّ- ج حَبَارِیْر- کذب (حِبرِیت) خالص جھوٹ-

الحُبْرُج :ایک قسم کاآبی پرندہ-ج حَبَارج و حبَارِیْج-

الْحُبَارِج :نرسرخاب-

الحَبَرْجَل :موٹے ہونٹ والا-

الحِبْرِش :کینہ-

الحَبْرُوْف :بال بچوں کے لیے کمائی کرنے والا-

الحَبرْقس :دُبلی پتلی لڑکیاں- دُبلے پتلے بکری کے بچے-

الحَبَرقِس :نراونٹ-چھوٹااُونٹ-

الحَبَرْقَص :چھوٹااُونٹ-پست قد-گٹھے بدن والا-

الحَبَرْکٰی :چیچڑی-غلیظ بادل-تہ بتہ ریت-کہا جاتاہے "قوم حَبَرْکٰی" ہلاک شدہ قوم-

حَبْرَمَ حَبْرَمَةً :انار کے دانوں کارس نکالنا-

المُحَبْرَم :انار کے دانوں کارس-

حَبَسه(ض)حَبْسًاومَحْبَسا :قید کرنا ــــ عن الشَّیَٔ :روکنا- ــــ الشَّیَٔ :پورے طریقے سے حفاظت کرنا ــــ الشَّیَٔ بِالشَیٔ :ڈھانپنایا احاطہ کرنا-المالَ علی کَذَا :وقف کرنا-

اَحْبَسَ وحَبَّسَ-المالَ :اللہ کے راستہ میں وقف کرنا-

حَابَسَهٗ مُحَابَسَةً :روک رکھنا-

تَحَبَّسَ واِحْتَبَسَ-فی الکلام : رک جانا ــــ علٰی کَذَا :محدود رکھنا-واِحْتَبَسَهٗ :روک رکھنا (لازم ومتعدی) اِحْتَبَسَ الرجلَ : قیدی بنانا-

الحَبْس- ج حُبُوس و (المَحْبِس) ج مَحَابِس :قیدخانہ-

الحِبْس :پلنگ پوش-وہ لکڑی یا پتھر جو پانی کے بہاؤکے روکنے کے لیے رکھاجائے ج اَحْبَاس-

الحُبُس : واحد حَابِس و (الحُبُس) واحد حَبُوْس :یاحَبِیْس :پیادے-وقف شدہ چیز-

الحُبْسَة :گفتگو کرنے میں دشواری-

الحَابِسَة- الحَابس کا مؤنث- اُونٹ جو شریف النّسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں-

الحَبَائِس :اُونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں- اُمورِ خیر میں وقف شدہ چیز (حَبِیسة) کی جمع ہے-

الحَبِیْس :قیدی ــــ من الخیل :جہاد کے لیے وقف شدہ گھوڑا-ج حُبُس دنیا سے بے تعلق آدمی-ج حُبَساء

المَحْبَسَة : قید خانہ- عابدوں زاہدوں کے رہنے کی جگہ ج مَحَابِس-

حَبَشَ (ن) حَبْشًا و حُبَاشَةً حَبَّشَ واِحْتَبَشَ-الشَّیَٔ :جمع کرنا-

اَحْبَشَتِ-المرأةُ :حبشی بچہّ جننا-

تَحَبَّشَ-القوم :اکٹھاہونا-

الحُبَاشَة ج حُبَاشَات و (الاُحْبُوْش) والاُحْبُوْشة ج اَحَابِیْش : مختلف قبیلوں کے لوگ-

الحَبَش والحَبَشه : ملک حبش کا باشندہ واحد (حَبَشِی) ج حُبْشان- الحَبَشَة : ملک حبش جس کو آج کل ابی سینیا کہتے ہیں-

الحُبْشِیَّة :سخت کالااونٹ-سیاہ رنگ کی بڑی چیونٹی-

الحُبَاشِیَة :عقاب-

الاَحْبَش :حبشی-ج اَحَابِش-

الحُبْشَان :ٹڈی کی ایک قسم-

حَبَضَ(ض)حَبْضًاوحَبِضَ(س)حَبَضًا- القلبُ :دل کاسخت دھڑکنے کے بعد ساکن ہونا ــــ الرَجُلُ :مرنا ــــ اَلسَّهْمُ :تیر- تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنااور سیدھانہ جانا- "فلانٌ بالوتر" آواز نکلنے کے لیے حرکت دینا-

حَبَضَ(ن ض)حُبُوْضًا-ماءالبئر :کم ہونا ــــ حقهٗ :باطل ہونا ــــ السهْمُ :تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنااور سیدھانہ جانا ــــ الغلامُ :لوگوں کے نیک گمان کے خلاف ہونا-

اَحْبَضَ :حَقَّهٗ :باطل کرنا ــــ البئر :پانی ختم کرنا-

الحَبَض-مص :رگ کی تیز حرکت-کہاجاتاہے "مابه حبض ولا نبض" یعنی اس کے اندر حرکت نہیں-

المِحْبَض : دھنیا کی کمان۔ شہد نکالنے کی لکڑی ج مَحَابِض و مَحَابِیض۔
رجلٌ (حَابِض و حَبّاض) کنجوس۔ بخیل۔
الحَبْض : پست و کمزور آواز۔
الحُبَاض : سستی و کمزوری۔
حَبِطَ (س) حَبْطًا و حُبُوْطًا۔ عملُه : بیکار ہونا۔ خراب ہونا۔ برباد ہونا (___ و اَحْبَطَ) ماءُ البئر : ہمیشہ کے لیے کم ہو جانا۔
حَبِطَ۔ دمُ القتیل : بیکار جانا۔ حَبِطَ البَعِیْرُ حَبَطًا : خندقوق نامی ایک قسم کی نباتات کے کھانے سے پیٹ پھولنا۔ صفت (حَبِط) ج حَبَاطَی اور اس بیماری کا نام حُبَاط ہے۔
اَحْبَطَ۔ عملَه : بے کار و باطل کرنا۔ اَحْبَطَ الضربُ زیدًا : نشان چھوڑنا۔ اَحْبَطَ عنه : روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تعلق بِهِ ثم اَحْبَطَ عنه" اس کا تعلق اس سے ہوا پھر اس نے روگردانی کی۔
الحَبَطُ۔ مہ۔ زخم کا نشان۔ مار کی وجہ سے بدھی۔ مار کی وجہ سے آماس۔
الحَبَنْطِی : موٹا و پست قد۔ غصے میں بھرا ہوا۔
حَبَقَهُ (ض) حبقا : مارنا۔
حَبَقَ (ض) حَبْقًا و حَبِقًا و حُبَاقًا۔ العَنْزُ : گوز کرنا۔ (اس کا اکثر استعمال بکری اور اونٹ کے لیے ہے۔)
حَبَّقَ۔ المتاعَ : جمع کرنا۔
اَحْبَقَ : تابعدار ہونا۔
حَبَقُوْا و تَحَابَقُوْا۔ عَلَیْهِ : جہالت سے کام لینا۔
الحَبَقُ : پودینہ۔ واحد حَبَقَة۔ حَبَقُ المَاءِ : نهری نعنع۔ حبق البقر : بابونہ۔ حَبَقُ الفتی او الفیل : دونا مروا۔
الحُبُق و الحَبَقَة : کم عقل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حَبَقَة" جاہل مرد۔
الحَبِق : بے کار و بے فائدہ مرد۔
الحَبَقُرُ : اولہ۔
حَبَکَهُ (ن ض) حَبْکًا : باندھنا۔ مضبوط کرنا ___ الحائکُ الثوبَ : عمدہ بُننا۔
حَبَّکَهُ : مضبوط کرنا۔
اَحْبَکَهُ : مضبوط کرنا۔ عمدہ طریقہ سے کرنا۔
تَحَبَّکَ : کمر باندھنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔
اِحْتَبَکَ۔ الثوبَ : عمدہ بُننا ___ بالازار : ازار باندھنا۔
الحُبْکَة و الحِبَاک : ازار باندھنے کی جگہ یا کمر بند۔ الحِبَاک : ریت کے ٹیلہ کا راستہ۔ ج حُبُک۔
الحَبَک و الحَبَکَة : انگور کی جڑ۔
الحِبِکُّ : کمینہ۔
الحُبُک : سخت۔
الحَبِیک : مضبوط کیا ہوا۔
الحَبِیکَة۔ الحَبِیک کا مؤنث۔ ریت کے ٹیلے کا راستہ۔ ستاروں کے درمیان کا راستہ۔ بالوں کے گچھے کی ایک لٹ۔ لوہے کی زرہ ج حَبَائِک و حَبِیک و حُبُک۔ قرآنِ مجید میں ہے ﴿ والسماءِ ذاتِ الحُبُکِ ﴾ قسم ہے آسمان راستوں والے کی۔
المَحْبَک : ازار باندھنے کی جگہ۔
حَبْکَرَ۔ الشیءَ : جمع کرنا۔
تَحَبْکَرَ۔ فی طریقه : متحیر ہونا۔
حَبَلَهُ (ن) حَبْلًا : رسی سے باندھنا ___ الصیدَ : پھندے سے پکڑنا۔ صفت (حَابِل)
حَبِلَتْ (س) حَبَلًا۔ المرأةُ : حاملہ ہونا۔ صفت (حَابِلَة) ج حَبَلَة و (حُبْلَی) ج حُبَالَی و حُبْلَیَات و (حَبْلَانَة) ___ من الماء : بھر جانا۔ صفت (حَبْلَان)
حَبَّلَهَا و اَحْبَلَهَا : حاملہ کرنا۔ اَحْبَلَ النخلُ : گابھا رہنا۔
اِحْتَبَلَ۔ الصیدَ : پھندے سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَبَلَهُ الموتُ بِحَبَائِلِه" موت نے اسے اپنے پھندے میں پھانس لیا۔ (___ و تحبَّل) الصیدُ : پھندے میں پھنسنا ___ الدابةُ : جانور کی ٹانگوں کا رسی میں پھنس جانا۔
الحَبْل : رسی۔ باندھنے کی چیز۔ ج حِبَال و اَحْبُل و حُبُول و احبال۔ ملاپ۔ عہد و ذمہ۔ ریت کا لمبا ٹکڑا۔ بدن کی رگ جیسے حَبْلُ الذِّرَاع و حَبْلُ الوَرِیْد کہا جاتا ہے "هو عَلَی حَبْلِ ذِرَاعِک" وہ تم سے قریب ہے۔ "وصَلَ زَیْدٌ حَبْلَ عمرو" زید نے اپنی لڑکی کی شادی عمرو سے کر دی "و هو یَحْطُبُ فی حبلِ فلانٍ" یعنی وہ اس کی اعانت اور مدد کرتا ہے۔ "وحَزَمَ حِبَالَه" یعنی اس نے تعلقات منقطع کر لئے۔
الحَبَل۔ مہ۔ انگور کی بیل یا اس کی شاخیں واحد حَبَلَة ج اَحْبَال۔ بھر جانا۔ غم و غصہ۔ حمل۔
الحِبْل : دانشمند و زیرک۔ چالاک۔ ج حُبُول۔
الحَابِل : پھندے سے شکار کرنے والا جادوگر۔ کپڑے کا تانا۔ "اختلطَ الحابلُ بالنَّابِل" بطور ضرب المثل کے اس وقت بولتے ہیں جب یہ کہنا ہوتا ہے کہ فلاں معاملہ آپس میں گتھ گیا۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس مثل میں حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔ اور بعضوں کے نزدیک حابل سے مراد پھندے سے شکار کرنے والا اور نابل سے مراد تیر سے شکار کرنے والا ہے۔ نیز کہتے ہیں "دار حَابِلُهُ علی نابله" یعنی اس کا اول آخر پر گھوم گیا۔ "و ثار حابلهُم علی نابلهم" یعنی انہوں نے آپس میں شر و فساد برپا کر لیا۔ "و حول حابلَه علی نابله" یعنی اس نے اوپر کا نیچے کر دیا۔
الحَابُوْل : درخت خرما وغیرہ پر چڑھنے کے لئے چھال کی رسی۔ پاسی۔
الحُبَال : بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "به حُبَال من الشَّرَاب"
الحِبَالَة : پھندا۔ ج حَبَائِل۔
الاُحْبُول و الاُحْبُوْلَة : پھندا۔
الحَبَالَة : کسی چیز کا مناسب وقت۔ بوجھ۔
الحَبَّال : رسی بنانے والا یا بیچنے والا۔
الحَبْلَان : غصہ اور کینہ سے بھرا ہوا۔ مؤنث حُبْلَانَة۔
المَحْبَل : حمل کی مدت۔
المُحَبَّل : رسی۔ شعر محبَّل : بٹے ہوئے بال۔
مُحْتَبَلُ۔ الفرس : گھوڑے کی ٹانگ اور کھر کا جوڑ۔
الاِحْبِل و الاَحْبَل : لوبیا۔
حَبِنَ (س) حَبَنًا و حُبِنَ حَبْنًا : سوجے ہوئے

پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَابِن ومَحبُون وأَحبَن) ___ عَلَیهِ :غُصّہ سے بھرنا۔
اَحْبَنَهُ۔الداءُ :سوجے ہوئے پیٹ والا کر دینا۔
الحَبْن و الحَبِین :کنیر کا درخت۔
أُمّ حُبَیْن و الحُبَیْنَة :گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔
الحِبْن :بندر۔ پیپ سے بھرا ہوا پھوڑا۔ ج حُبُون۔
حَبَا (ن) حَبْوًا : قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَبَوْتُ الی الخمسین" میں پچاس سال کے قریب ہو گیا ___ الولَدُ : چوتڑوں کے بل گھسٹنا ___ السفینةُ : جاری ہونا۔ حَبَا ما حَوْلَه : حفاظت کرنا اور منع کرنا ___ الشیئُ لَه : پیش آنا۔ السهمُ : نشانہ خطا کرنا ___ ہ کَذَا او بکَذَا : بغیر کسی بدلہ کے دینا ___ ہ عن کَذَا : منع کرنا۔
حَبَّاه : حفاظت کرنا اور منع کرنا۔
حَابَی مُحَابَاةً و حِبَاءً۔ الرجلَ : مدد کرنا۔ دوسروں کے علاوہ مخصوص کرنا ___ ہ فی البیع : سہولت برتنا ___ القاضی زیدًا فی الحکم :انصاف سے ہٹ کر مائل ہونا۔
اَحْبَی۔ الرامی : نشانہ سے خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَمٰی فَاَحْبٰی" اس نے تیر پھینکا اور نشانہ سے خطا کی۔
اِحْتَبٰی اِحْتِبَاءً۔ بالثوب : کسی کپڑے میں لپٹ جانا۔ پیٹھ اور پنڈلیوں کو کسی کپڑے سے باندھ لینا۔
الحِبَاء و الحِبْوَة و الحَبْوَة و الحُبْوَة : عطیہ۔ الحِبَاءُ : عورت کا مہر۔
الحَبْوَة و الحُبْوَة :وہ کپڑا جس سے پیٹھ اور پنڈلیوں کو ملا کر باندھ لیا جائے۔ ج حُبیً و حِبیً۔
الحَبِیّ و الحَبَا : گہرا بادل جو زمین سے قریب ہو۔
الحَابِی۔فا: گردن تک بلند کندھوں والا۔
حَتَّ (ن) حَتًّا۔ الشجر :پتے جھاڑنا۔ چھال اُتارنا ___ الشیئَ عن الثوب : رگڑ کر دور کرنا ___ عن الشیئِ :ہٹا دینا ___ الورقَ او القشرَ عن الشجر :پتے جھڑنا یا چھال گرنا۔

تَحَاتَّ تَحَاتًّا و اِنْحَتَّ و اِنْحِتَاتًا۔ الورقُ من الشجر :جھڑ جانا ___ شَعْرُهُ عَنْ رَاسِهٖ : گرنا ___ الاَسْنَانُ :کھوکھلا ہو کر گرنا۔
الحَتُّ۔مم :مُردہ ٹڈی۔ الفرس الحت : تیز رفتار گھوڑا۔ ج اَحْتَات۔ کہا جاتا ہے "ترکُوْهُمْ حَتًّا بَتًّا اَوْ حَتًّا فَتًّا" یعنی انہوں نے ان کو ہلاک کر دیا۔ "و مَا فِیْ یَدَیَّ منه حَتٌّ او حُتَاتة" یعنی اس میں سے میرے ہاتھ میں کچھ نہیں۔
الحَتَت :درختوں کی خرابی جس سے پتے جھڑ جاتے ہیں۔
الحُتَات :بکھری ہوئی چیز۔ چورہ۔ ریزہ۔
الحَتَات :شور و غوغا۔
الحَتُوت و المِحْتَات۔ من النخل : کھجور کا درخت جس سے کچی ہی کھجوریں گر جائیں۔
حَتّٰی : حرفِ جار ہے۔ انتہا پر دلالت کرتا ہے جیسے "اکلتُ السمکةَ حتی راسهَا" یعنی میں نے مچھلی کو اس کے سر تک کھالیا۔ اور "ان" مصدریہ کی تقدیر سے فعل مضارع پر داخل ہوتا اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے "سِرْتُ حَتّٰی اَدْخلَ المَدِینَةَ" یعنی میں چلا یہاں تک کہ شہر میں داخل ہو گیا۔ اور یا بیان علت کا فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسے "تَرَهَّبْتُ حتی اتوب" یعنی میں نے توبہ کرنے کے لیے دُنیا سے بے رغبتی اختیار کی۔ اور کبھی حرفِ عطف بمعنی واو ہوتا ہے جیسے "اکلتُ السَمکةَ حتی راسِها" میں نے مچھلی کو اور اس کے سر کو کھالیا۔ اور کبھی حرف ابتدا ہوتا ہے۔ جیسے "فواعجبًا حتی کُلَیْبٌ تسُبُّنِیْ" بڑا تعجب ہے کہ کلیب مجھے گالی دینے لگیں۔
حَتَّامَ : کب تک، اس کی اصل حتی ما ہے۔ "مَا" استفہامیہ کا الف حذف کر دیا گیا ہے۔
حَتَأَ (ف) حَتْأً و اَحْتَأَ۔ العقدة : گرہ باندھنا ___ الثوبَ : کپڑا سینا ___ الجدارَ : دیوار مضبوط کرنا ___ الشیئَ : لگاتار دیکھنا ___ الحِمْلَ عن الدابة :بوجھ اُتارنا ___ المرأة : جماع کرنا ___ الرجلَ :مارنا۔
حَتْحَتَ :جلدی کرنا۔
تَحَتْحَتَ۔الورقُ :جھڑنا۔

حَتِدَ (س) حَتَدًا :خالص الاصل ہونا۔ صفت (حَتِد)
حَتَدَ (ض) حُتُودًا۔ بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا۔
حَتَّدَ۔ الشَّیئَ :خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چننا۔
المُحْتُدُ و الحَتَد۔ من الشَّیئِ :اصل و جوہر کہا جاتا ہے "عین حُتُد" پانی ختم نہ ہونے والا چشمہ۔
المَحْتِد :اصل۔ کہا جاتا ہے "فلان کریم المَحْتِد" فلاں کریم الاصل ہے۔
حَتَرَہ (ن ض) حَتْرًا و حُتُورًا : باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ تھوڑا دینا۔ تھوڑی خوراک دینا۔ حتر له شیئاً : تھوڑا دینا ___ اہلَه : نان ونفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَتَرْتُ الیَوْمَ شیئًا" میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔ یا مجھے آج کچھ حاصل نہیں ہوا۔
اَحْتَرَ۔ الشَّیئَ : مضبوط کرنا ___ الرَّجُلُ : تھوڑی بھلائی یا تھوڑی بخشش والا ہونا ___ عَلَیْنَا الرزقَ :کم کرنا یا روک لینا۔
حَتَّرَ :نان نفقہ میں کمی کرنا ___ البَیْتَ : گھر کے گرد گھیرا بنانا۔
الحَتْر و الحِتْر و الحُتْرَة : تھوڑی چیز یا تھوڑی بخشش۔
حِتَارُ۔ الشَّیئِ: کنارہ۔ گھیرا۔ جیسے "حِتَارُ الاُذُنِ" کان کا کنارہ۔ "حِتَارُ الظفر" ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔ "حِتَارُ المُنْخل و الغِرْبَالِ" چھلنی کا گھیرا۔ ج حُتُر۔
الحَتْرَة :ایک بار بچہ کا دودھ چوسنا۔
الحَتِیرَة۔ عند البعض الحَتِیْرَة : کھانا جو عمارت کی تیاری پر کھلایا جائے۔
المُحْتِر : اہل و عیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنے والا۔
حَتْرَشَ حَتْرَشَةً۔ الجرادُ : کھانے میں آواز نکالنا۔
تَحَتْرَشَ۔القومُ :اکٹھا ہونا۔
الحُتْرُوش :ہلکا پھلکا چست لڑکا۔
الحَتَارِش : بچے کی حرکتیں۔ کہا جاتا ہے "ما احسن حتارش هٰذا الصبی" اس بچے کی

حرکتیں کس قدر اچھی ہیں۔

تَحَثْرَفَ - الشَّئُ: بکھر جانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَثْرَفَ الشئُ من یدی" چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔

الحَثْرَفَة : آنکھ کی سرخی۔ سختی۔

حَتَشَ (ن) حَتْشًا : آمادگی کے ساتھ جمع ہونا ـــــ النظر الیه :لگاتار دیکھنا۔

الحَتْف : موت۔ کہا جاتا ہے "ماتَ حَتْفَ اَنْفِهِ اَوْحَتْف فیه" وہ اپنی موت سے مرا۔ ج حتوف۔

الحُتْفُل : شوربے کا بقیہ۔ تیل کا تلچھٹ۔ ردی و گھٹیا مال۔ دیگ میں گوشت کے ٹکڑے۔

حَتَكَ (ض) حَتْكًا وحَتَكَانًا وتَحَتَّكَ : چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔

الحَتَک والحَوَاتِک :شترمرغ کے بچے۔

حَتَلَهُ(ن)حَتْلاً :دینا۔

الحِتْل والحَاتِل : مثل و مشابہ۔ الحِتْل : عطیہ۔ گھٹیا چیز۔

الحَتَال :جنون۔ دیوانگی۔

حَتَم (ض) حَتْمًا - الشَّئَ : مضبوط کرنا۔ الشَّئَ عَلَيْهِ :واجب کرنا ـــــ بِالشَّئِ: کسی چیز کا حکم لگانا۔

تَحَتَّمَ : خوش ہونا۔ اظہار شادمانی کرنا۔ دستر خوان کے بقیہ کو کھانا ـــــ الزُّجَاجُ بَعْضُه علی بَعْضٍ : شیشہ کا بعض بعض پر گر کر ٹوٹنا۔ (ـــــ وانْحَتَم) الامرُ : واجب ہونا۔ تَحَتَّم الشَّئَ علی نفسه :لازم کرلینا۔ واجب کرلینا۔

الحَاتِم : - فا - حاکم۔ کہا جاتا ہے "حَتَم الحَاتِم بکذا" حاکم نے فلاں چیز کا فیصلہ کیا۔ کالا کوّا۔

الحتم - مص :خالص۔ کہا جاتا ہے "هو الاخ الحتم" وہ حقیقی بھائی ہے۔ "وهذا ولد حتم" یہ حقیقی لڑکا ہے جس کے نسب میں کوئی شبہ نہیں۔ فیصلہ۔ ج حُتُوم۔

الحَتُوْمَة :ترشی۔

الحُتْمَة :سیاہی۔

الحُتَمَة :شیشے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔

الاَحْتَم :سیاہ۔

الحُتَامَة :دسترخوان کا چورہ۔

حَتِنَ(س)حَتَنًا-الحَرُّ :تیز ہونا۔

اَحْتَنَ-الرَّجُلُ :سارے تیر ایک ہی جگہ پڑنا۔

تَحَاتَنَ - القومُ فی الامر :برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاتَنَ الدَّمْعُ" دو دو قطرے آنسو کے گرے۔ "و تَحَاتَنَتِ الرِّيَاحُ" ہوائیں پے درپے چلیں۔

اِحْتَتَن :بالکل برابر ہونا۔

الحَتْن والحِتن : برابر - ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هُمَا حِتْنَان" وہ دونوں برابر ہیں۔ الحِتَن : باطل۔ یومٌ(حَاتِن) گرمی میں اول آخر برابر دن۔

الحَتَن :پہاڑ کے کنارے۔

حَتَايَحْتُوْحَتْوًا : تیز دوڑنا۔

حَتَاهُ (ض) حَتْيًا واَحْتَاهُ : سینا۔ مضبوط کرنا ـــــ الحبلَ :بٹنا۔

فرس(مُحْتَاة)الخلق :مضبوط بدن کا گھوڑا۔

حَثَّ (ن) حَثًّا و حَثَّثَ تَحْثِيثًا واَحَثَّ اِحْثَاثًا واِحْتَثَّ اِحْتِثَاثًا واِسْتَحَثَّ اِسْتِحْثَاثًا - الرجلَ علی الامرِ : برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔

حَاثَّه :برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔

تَحَاثَّ-القومُ :ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔

اِحْتَثَّ :برانگیختہ ہونا(لازم و متعدی)

حَثَّثَ تَحْثِيثًا :سونا۔

الحُثُّ : بھوسے کے ریزے۔ خشک روٹی۔ چمچماتا ہوا ریت۔

الحَثِيث والحَثُوْث : تیز۔ کہا جاتا ہے "وَلَّی حَثِيثًا" وہ تیز بھاگا۔

الحَثَاث والحِثَاث :جلدی۔ تھوڑی نیند۔ کہا جاتا ہے "ما اکتحل فلان حَثَاثًا" یعنی وہ ذرا بھی نہیں سویا۔

حَثْحَثَ-البرقُ :بادل میں کوندنا۔ فلانًا : کسی چیز پر برانگیختہ کرنا ـــــ المیلَ فی العین : سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں حرکت دینا۔

تَحَثْحَثَ-القومُ :آمادہ ہونا۔

الحَثْحَاث والحُثْحُوث : تیز جس میں کسی قسم کی سستی نہ ہو۔

حَثِرَ(س)حَثَرًا-الجلدُ : پھنسی والا ہونا ـــــ العَيْنُ : آشوب چشم کی وجہ سے موٹے پوٹے والی ہونا ـــــ العَسَلُ : خراب ہونے کی وجہ سے دانہ دار ہونا۔ صفت (حَاثِر وحَثِر) ـــــ الشَّئُ: کشادہ ہونا۔ صفت(حَثِرٌ وحَثْرٌ)

حَثَّرَ-الدواءَ :گولی بنانا۔

اَحْثَر و تَحَثَّرَ-النخلُ :دانہ ظاہر ہونا۔

الحَثَر - :مص تلچھٹ۔ انگور کا دانہ جبکہ ابتداءً ظاہر ہو۔

الحَثِر : پھنسی والا۔ طعام حَثِر : بکھرا ہوا کھانا۔ جس میں کوئی برکت نہ ہو۔ فُؤَادٌ حَثِرٌ : دل جو کچھ محفوظ نہ رکھ سکے۔ لِسَانٌ حَثِرٌ :زبان جس کو کچھ مزہ معلوم نہ ہو۔

الحَثْر :تھوڑا کھانا۔

الحُثَارَة :بھوسے کے ریزے۔

الحَثِيْرَة :نئی عمارت کی تقریب کا کھانا۔

حَثْرَبَ - الماءُ: گدلا ہونا ـــــ البئرُ : گدلے پانی والا ہونا۔

الحُثْرُب :گدلا پانی۔ نرم زمین میں اُگنے والی ایک قسم کی گھاس۔ ہانڈی کی تلی کی چکنائی۔

حَثِلَ(س)حَثَلاً :بڑے پیٹ والا ہونا۔

اَحْثَلَت - الامُّ ولدهَا : خراب غذا دینا۔ صفت مفعولی (حِثْيَل) ـــــ الدهر فلانا : بُرا حال کردینا۔ تباہ حال کردینا۔

الحَثْل : بُرے طریقہ سے دودھ پلانا۔ تباہ حالی۔

الحَثْل :لاغر۔ کمزور۔

الحَثْلَة :حوض کا بقیہ پانی۔

الحُثَال والحُثَالَة : چاول جو وغیرہ کا چھلکا۔ حُثَالَة الدهن : تیل کا تلچھٹ ـــــ الناسِ : ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

الحِثْلِث والحِثْلِم : تیل اور مکھن کا تلچھٹ۔

حَثَمَ(ن)حَثْما-له :دینا ـــــ الشئَ :ملنا۔ رگڑنا۔

الحَثْمَة والحَثَمَة :چھوٹا ٹیلہ۔ والحَثَمة : ناک کا بانسہ۔ ج حِثَام۔

الحُثْمَة : بند کے نزدیک پانی کے گرنے کی جگہ۔

حَثَا(ن) حَثْوًا و حَثٰی (ض) حَثْيًا و تَحْثَاءً۔ التراب : گرانا۔ ڈالنا۔ التراب : گرنا ـــــ له : تھوڑا سا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَثَا فِیْ وَجْهِهِ الرماد" یعنی اس نے اسے شرمندہ کر دیا۔ "وحثا فی وجه التراب" یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔

اِسْتَحْثَوا : ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی ڈالنا۔

الحَثَا و الحَثٰی : بھوسہ کے ریزے۔ ڈالی ہوئی مٹی۔

الحَثْواء : بہت مٹی والی زمین۔

الحَثٰی ۔سہ۔ لپ۔ ج حَثَيات

الحَاثِيَاء : جنگلی چوہے کا پوشیدہ سوراخ یا اس کے سوراخ کی مٹی۔

الحُثْوة : مٹی کا ایک حصہ۔ ج حثیٰ۔

حَجَّهٗ (ن) حَجًّا : دلیل میں غالب ہونا۔ الجُرْحَ : سلائی لگا کر دیکھنا ـــــ ہ : قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَجَّ بنو فلانٍ فُلَانًا" یعنی فلاں کے پاس بنو فلاں نے بہت آمدورفت کی "و حَجَجْتُ فلانًا" یعنی میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔ حَجَّ الاماكنَ المقدسة : زیارت کرنا۔ صفت (حَاجٌّ) ج حُجَّاج و حَجِيْج و حُجٌّ۔ مؤنث حَاجَّة ج حَوَاجُّ۔ حَجَّ عَلَيْهِ : آنا ـــــ عن الامر : باز رہنا۔

حَاجَّهٗ حِجَاجًا و مُحَاجَّة : جھگڑا کرنا۔

حَجَّجَهٗ تَحْجِيْجًا و اَحَجَّهٗ اِحْجَاجًا : حج کرنے کے لئے بھیجنا۔

تحاجًّا تَحَاجًّا : باہم جھگڑا کرنا۔

اِحْتَجَّ : دعویٰ کرنا اور دلیل پیش کرنا ـــــ بِالشَّیْئِ : دلیل یا عذر بنانا ـــــ البیتَ : زیارت کرنا۔

اِسْتَحَجَّ : حجت طلب کرنا۔

الحَاجُّ۔ فا۔ مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع بمعنی حُجَّاج۔ کہتے ہیں "قَدِمَ الحَاجُّ حتی المُشَاة" حاجی صاحبان آگئے یہاں تک کہ پیدل چل کر آنے والے بھی۔

الحِجَّة : حج کا اسم۔ سال۔

ذُو الحِجَّة : قمری سال کا بارھواں مہینہ ج ذوات الحِجَّة۔ الحِجَّة : کان کی لو۔

الحَجَّة : بالی۔ کان کی لو۔

الحُجَّة : دلیل۔ برہان۔ ج حُجَج و حِجَاج۔

الحُجَاج : ابرو کی ہڈی۔ ج حُجُج و اَحِجَّة و حِجَاج۔ حَجَاجُ الشمس : آفتاب کا کنارہ۔

الحَجِيْج : دلیل میں غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کے زخم کو سلائی ڈال کر معلوم کیا جائے۔

المَحَجّ : حج کرنے کی جگہ۔

المَحَجَّة : راستہ کا درمیان۔ ج مَحَاجّ۔

المِحْجَاج : بڑا جھگڑالو۔ زخم معلوم کرنے کی سلائی۔

المِحْجُوْج : دلیل میں مغلوب۔ مطلوب و مقصود۔ حج کرنے کی جگہ۔

حَجَأَ (ف) حَجْأً۔ بِالشَّیْئِ : خوش ہونا۔ عنه الشیَ : روکنا۔

حَجِئَ (س) حَجْأً و حَجَأً و تَحَجَّأَ۔ بِالشَّیْئِ : بخل کرنا۔ فریفتہ ہونا۔

الحَجِیْئ : سزاوار۔ لائق۔ تم کہتے ہو "حَجِئ بکذا" وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔ پناہ لینے والا۔ تم کہتے ہو۔ "هو حجئ اليهم" وہ ان لوگوں کے پاس پناہ لینے والا ہے۔

المَحْجَأ : پناہ لینے کی جگہ۔

حَجَبَهٗ (ن) حَجْبًا و حِجَابًا و حَجَّبَهٗ : چھپانا۔ اندر آنے سے روکنا۔ حَجَب بَيْنَهُمَا : حائل ہونا۔ حَجَبَ صدرُه : تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ فلان يَحْجُبُ للامير "فلاں امیر کا دربان ہے۔

تَحَجَّبَ و اِحْتَجَبَ : چھپنا۔

اِسْتَحْجَبَهٗ : حاجب بنانا۔ دربان بنانا۔

اَلحِجَاب ۔سہ ـــــ ج حُجُب : پردہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ تعویذ۔ حجاب الشمس : آفتاب کی روشنی۔ حِجَابُ القلب : پردہ جو دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہے۔

الحَاجِب ج حَوَاجِبُ و حَوَاجِيْب : ابرو ـــــ حَوَاجِبُ الشمس : آفتاب کی شعاعیں ـــــ الشَّیْئِ : چیز کا کنارہ۔ حاجِبُ الشمس : آفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو۔ الحاجب ج حُجَّاب و حَجَبَة : دربان۔

الحِجَابَة : دربانی۔

المَحْجُوْب : اندھا۔

حَجْحَجَ : گفتگو سے رکنا ـــــ بالمكان : اقامت کرنا ـــــ الرَّجُلُ : پچھلے پاؤں واپس ہونا۔

حَجَرَهٗ (ن) حَجْرًا و حَجْرَانًا۔ بتثلیث الحاءِ فی المصدرین : منع کرنا۔ حَجَر عَلَيْه القَاضِی : مالی معاملات کے کرنے سے روکنا۔ (ـــــ حَجْرا و مَحْجَراً) عَلَيْه الامرَ : محروم کرنا۔

حَجَّرَ۔ القمرُ : ہالہ والا ہونا ـــــ الطينُ : پتھر کی مانند سخت ہونا۔

اَحْجَرَهٗ : ڈھانپنا۔ چھپانا۔

تَحَجَّر و اِسْتَحْجَرَ : پتھر کی مانند ہونا۔ الرَّجُلُ : حجرہ بنانا۔ تَحَجَّرَ علٰی فلانٍ : تنگی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَجَّرَ مَا وَسَّعَه اللّٰه" اللہ نے جس چیز میں اس کے لیے وسعت کی تھی اس کو اس نے اپنے لیے تنگ بنالیا۔ محروم کرنا۔

اِسْتَحْجَر علیه : جرأت و دلیری کرنا۔

اِحْتَجَرَ : حجرہ بنانا۔ اِحْتَجر الشئ : اپنی گود میں لینا ـــــ بِه : پناہ لینا۔

الحَجْر ۔سہ۔ منع۔ روک ـــــ من العين : آنکھ کا خانہ (ـــــ و الحُجْر و الحِجْر) گود۔ کہا جاتا ہے "نشأ فُلانٌ فی حِجْرِ فُلان" فلاں کی پرورش فلاں کی گود میں ہوئی۔ حرام۔ کہا جاتا ہے "هذا حَجر عَلَيْک" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ و حُجْراً له : یعنی دفع ہو۔ عرب اس کو اس وقت بولا کرتے ہیں جبکہ کسی چیز کو مکروہ سمجھیں۔

الحِجْرُ : عقل۔ گھوڑی۔ ج "حُجُور و حُجُورة و اَحْجَار۔

الحَجَرُ : پتھر۔ ج اَحْجَار و حِجَار و حِجَارة و اَحْجُر کہا جاتا ہے "القَمَه الحَجَر" یعنی اس نے اسے لاجواب کر دیا۔ اور کہا جاتا ہے "اهلُ الحَجَر و المَدَر" یعنی دیہات کے رہنے والے لوگ۔ الحَجَران : سونا چاندی۔ اَحْجَار الخَيْلُ : وہ عمدہ گھوڑے جو

نسل بڑھانے کے لیے پالے جائیں۔ (مفرد استعمال نہیں کرتے)
الحُجُر :ناخن کے اردگرد کا گوشت۔
الحَجْرَة : کنارہ۔ ج حَجْر و حَجَرات وحَوَاجِر۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُه" اس کا مال زیادہ ہوگیا۔
الحُجْرَة : چھوٹا کمرہ۔ قبر۔ باڑہ۔ کنارہ۔ ج حُجَر و حُجْرات و حُجَرات و حُجُرات۔ حُجْرتا العسكر : لشکر کے دونوں بازو میمنہ ومیسرہ۔
الحَجِر والحَجِيْرَة : بہت پتھروں والی جگہ۔
الحَاجِر۔ فا ___ ج حُجْران : بلند زمین جس کے درمیان میں پست جگہ ہو۔ صحرا میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔ (___ والحَاجُور) نہر کے کنارے کا وہ حصہ جو پانی کو روک لے۔
المَحْجِر والمِحْجَر۔ من العين : آنکھ کا خانہ۔ باغ۔ ج مَحَاجِر۔
المَحْجَر : گاؤں کا گرداگرد۔ حفاظت کی جگہ۔ اور اسی سے ہے "المَحْجَر الصحيّ" وہ مقام جہاں پر وبازدہ لوگ رکھے جائیں تاکہ وبا دوسری جگہ نہ پھیلنے پائے۔
الحَنْجَرَة : حلق۔ ج حَنَاجِر۔
الحُنْجُوْر : حلق۔ چھوٹی ٹوکری۔ شیشی۔ ج حَنَاجِیْر۔
حَجَزه (ن ض) حَجْزًا وحِجَازَةً : منع کرنا۔ روکنا۔ دفع کرنا ___ بَيْنَهُمَا : فاصلہ کرنا ___ عَلَيْهِ المَالَ او العِقَارَ : مال یا جائداد کو دعوی کی بنا پر روک لینا۔
اَحْجَزَ وانْحَجَزَ : ملک حجاز میں آنا۔
الحَجَزَ : رُک جانا۔
حَاجَزَه : ایک دوسرے کو منع کرنا۔
تَحَاجَزُوا : بعض کا بعض کو منع کرنا اور دفع کرنا۔
اِحْتَجَزَ۔ الشيئَ : اکٹھا ہونا ___ به : باز رہنا ___ بالازار : کمر پر باندھنا ___ الشيئَ : گود میں اُٹھانا ___ الرَّجُلُ : حجاز میں آنا۔
الحِجْز والحُجْز : جڑ۔ قبیلہ۔ کنارہ۔

الحِجْز : پاک دامن۔ پاک۔
الحِجَاز : ملک عرب کا ایک حصہ۔ کمربند۔ اونٹ کے باندھنے کی رسی۔ گانے کا ایک سُر۔
الحُجْزَة۔ ج حُجَز و حُجُزات و حُجَزات و حُجْزات : ازار باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ کہا جاتا ہے "فلان طيّبُ الحجزة" فلاں پاکدامن ہے۔ "وشديد الحجزة" یعنی بڑا صابر۔ "وهذا كلامٌ آخِذٌ بَعْضُه بِحُجْزَةِ بَعْضٍ" یعنی یہ کلام ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہے۔
الحَاجِزُ۔ ج حَجَزَة : روک۔ فاصل۔ ظالم۔
الحَاجِز ج حَوَاجِز : تلوار کی دھار۔ برزخ : فاصل وروک۔
المُحْتَجَز : ازار باندھنے کی جگہ۔
حَاجَفَه مُحَاجَفَةً : مقابلہ کرنا۔ مدافعت کرنا۔
اِنْحَجَفَ : زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔
اِحْتَجَفَ۔ الشيئَ : اپنے لیے خاص کر لینا۔ نفسه عن كذا : باز رکھنا۔
الحَجَفَة : بغیر لکڑی کے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔ سینہ۔ ج حَجَف۔
الحَجِيْف : جوف سے نکلنے والی آواز۔
الحَجُوْف : وہ شخص جس کے پیچھے کے جبڑے میں درد ہو۔
حَجَلَ (ن ض) حَجَلاً و حَجَلانًا : ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر اُٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔ المقيَّدُ : دونوں پاؤں سے کودنا ___ البَعِيرَ : باندھنا۔
حُجِلَ حَجْلاً۔ بَيْنَهُمَا : حائل کیا جانا۔
حَجَلت (ن) حُجُوْلاً و حَوْجَلَتِ۔ العينُ : اندر کو دھنس جانا۔
حَجَّلَ۔ العروسَ : دُلہن کے لیے کمرہ آراستہ کرنا۔ دُلہن کو آراستہ کمرہ میں داخل کرنا۔
حَجَّلَتِ المرأةُ بِنَانَها : مہندی لگانا۔ العينُ : اندر کو دھنس جانا۔ الرَّجُلُ اَمْرَه : مشہور کرنا۔ المقيَّدُ : دونوں پاؤں سے کودنا۔
حَجَّلَ وتَحَجَّلَ۔ الفرسُ : ٹانگوں میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (محجَّل ومَحْجُول) اور اگر تین ٹانگوں میں سفیدی ہو تو اس کو حجِيْل کہتے ہیں۔ حُجِّلَتِ المرأةُ : پازیب پہنایا جانا۔

الحَجَل واحد حَجَلة۔ ج حَجْلان و حَجْلى : چکور۔
الحَجْل والحِجْل والحِجِل : پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی۔ ج اَحْجَال وحُجُول۔
الحَجَلة : پردہ جو دلہن کے لیے مکان کے اندر لگایا جائے۔ کمرہ جو دلہن کے لیے آراستہ کیا جائے۔ ج حِجَال و حَجَل : عربوں کے قول "الحُجُول لِرَبَّاتِ الحِجَال" کے معنی یہ ہیں کہ پازیب عورتوں کے لیے ہے۔
الحُجَيْلا : پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔
الحَوْجَلَة والحَوْجَلَّة : شیشی۔ ج حَوَاجِلُ وحَوَاجِيْل۔
المُحَجَّل۔ من الخيل : ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا۔ يومٌ مُحَجَّل : خوشی کا دن۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْرٌ اَغَرُّ مُحَجَّل" بہت مشہور معاملہ۔
حَجَمَ (ن ض) حَجْمًا۔ البَعِيرَ : مُنہ پر جالی لگانا ___ الحَجَّامُ المريضَ : پچھنا لگانا ___ الحيّةُ : ڈسنا ___ الصبيُّ ثدي امه : چوسنا۔ حجمه عن الشيئ : منع کرنا۔ حجم طرفه عنه : نگاہ پھیرنا۔
حَجَمَ (ن) حَجْمًا واَحْجَمَ۔ الثديُ : اُبھرنا۔ بلند ہونا۔ اَحْجَمَتِ المرأةُ للمولود : پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ احجم عن الشيئ : ڈر کر باز رہنا یا پیچھے ہٹنا۔
اِحْتَجَمَ : پچھنا لگوانا۔
الحِجَامَة : پچھنا لگانے کا پیشہ۔
الحَجْم : مص۔ جسم کی مقدار۔ اُبھار جو ہاتھ کے گزارنے سے محسوس ہو۔ ج حُجُوم۔
الحِجَام : اُونٹ کے مُنہ میں لگانے کی جالی۔
الحَاجِم۔ ج حُجَّام وحَجَمة و(الحَجَّام) پچھنے لگانے والا۔
المَحْجَم : پچھنا لگانے کی جگہ۔ ج مَحَاجِم
المِحْجَم والمِحْجَمَة : پچھنے لگانے کا اوزار۔ سینگی۔ ج مَحَاجِم۔
المِحْجَام : خوف کی وجہ سے بہت پیچھے ہٹنے والا۔
حَجَنَ (ن) حَجْنًا وحَجَّنَ۔ العودَ : موڑنا۔

ٹیڑھا کرنا- (___ واحتجن) الشئ: ٹیڑھے
سر کے ڈنڈے سے کھینچنا- کہا جاتا ہے إحتجن
المالَ: اس نے مال کو جمع کیا- نیز اس نے منتشر
مال کو اکٹھا کیا اور اس کی اصلاح کی- إحتجن
عَلَيْه :روک دینا-
حَجِنَ (س) حَجَنًا- بالدار : اقامت کرنا
___ عَلَيْه وبه :بخل کرنا-
تَحَجَّنَ :مڑجانا- ٹیڑھا ہو جانا-
الحَجَن والحُجْنة : کجی- ٹیڑھا پن-
الحُجْنَةُ :اپنے لیے مخصوص طریقہ سے جمع کی
ہوئی چیز- الحَجَنُ :چھچڑی-
الأَحْجَن : ٹیڑھا- کہا جاتا ہے "صقر
أَحْجَنُ المخالِب" شکرا ٹیڑھے چنگل والا-
مؤنث حَجْنَاء ج حُجْن-
الحَجُوْن : کاہل - کہتے ہیں "سِرْنا عَقَبَةً
حَجُونا" ہم لمبی اور دور دراز گھاٹی پر چلے-
المِحْجَن والمِحْجَنَة : ٹیڑھے سر والا
ڈنڈا- ٹیڑھے سر والا- کہا جاتا ہے "هو محجن
مال" وہ مال کا یعنی اونٹوں کا بہترین منتظم ہے-
مَحْجَنُ الطائر :چونچ-
حَجَا (ن) حَجْوًا : ٹھہرنا ___ بِالْمَكَان :
اقامت کرنا ___ بِالشَّئِ: بخل کرنا ___ به
خیرًا : گمان کرنا ___ السرَّ : حفاظت کرنا
___ حَجَاه : قصد کرنا- بھروسہ کرنا- منع کرنا
___ القومَ :بدلہ دینا ___ الامرَ :گمان کرکے
دعوی کرنا-
حَجِيَ (س) حَجِيَ- بِه : فریفتہ ہو کر لازم
ہونا-
أَحْجَاه إِحْجَاءً- بكَذَا : لائق بنانا- کہا جاتا
ہے "ما أحْجَاه بكذا" وہ اس کے کس قدر
لائق ہے-
حَاجَاهُ مُحَاجَاةً : پہیلی پیش کرنا- یا عقل
وزیرکی میں مقابلہ کرنا- کہا جاتا ہے "حَاجَيْتهُ
فَحَجَوْتُه" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا
اور میں غالب رہا-
تَحَجَّى- بِالشَّئِ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا ___
بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا - کہا جاتا ہے
"تحجَّيتكم لی هَذَا المكان" میں تم سے
پہلے اس جگہ میں پہنچ گیا اور وہاں پر جم گیا ___
الشَّئَ: قصد کرنا-
إحْتَجَى- الشَّئَ: چھپانا-
تَحَاجَّوا : آپس میں پہیلی پیش کرنا-
الحِجَى : عقل وزیرکی ج أَحْجَاء-
الحِجَا : کنارہ- گوشہ- ج أَحْجَاء- پردہ-
الحَجَا : وادی کا موڑ- زمین کا بلند حصہ- ج
أَحْجَاء و حَجَا- الشَّئِ: کنارہ-
الحَجَاة : بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ-
ج حَجًا-
الحَجِي والحَجِيُّ :لائق-
الأُحْجِيَّة : چیستاں- پہیلی- ج أَحَاجِي و أَحَاجٍ
- کلمة (مُحْجِيَة و مُحْجِيَّةٌ) پہیلی دار کلمہ کہ
جس کے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں- کہا جاتا
ہے "انه (المَحْجَاة) ان يفعل كذا" یعنی وہ یقینا
اس لائق ہے کہ ایسا کرے-
حَدَّ (ن) حَدًّا و حَدَدًا- الدارَ : حد مقرر کرنا
___ المذنبَ : حد جاری کرنا ___ الشَّئَ عن
الشَّئِ: جدا کرنا ___ اللّٰهُ عَنَّا الشر : روکنا- باز
رکھنا- پھیرنا-
حَدَّتْ (ن ض) حَدًّا و حِدَادًا- المرأةَ :
سوگ منانا- صفت (حَادٌّ) ج حوادّ-
حَدَّ حَدًّا و حَدَّدَ و أَحَدَّ- السِّكِّينَ : تیز کرنا-
حَدَّتْ (ض) حِدَّةً و احْتَدَّت- السكينُ : تیز
ہونا ___ باریک دھار ہونا-
حَدَّ (ض) حَدًّا و حَدَدًا و حِدَّةً- عليه : غضب
ناک ہونا-
حَدَّدَ - الارضَ : حدود قائم کرنا ___ إِلَيْهِ
ولهُ : قصد کرنا ___ الامرَ : معلوم کرانا ___
عَلَيْهِ : غضبناک ہونا ___ الزرعُ : بارش مؤخر
ہونے کی وجہ سے پیچھے اُگنا-
حَادَّهُ : دشمنی کرنا- باہم غضبناک ہونا- حَادَّتْ
ارضه ارضي : پڑوس میں ہونا-
أَحَدَّ- إِلَيْهِ النظر : گھورنا- تیز نظر کرنا- أَحَدَّتِ
المرأةُ : شوہر کے مرنے پر سوگ کرنا- صفت
(مُحِدٌّ و مُحِدَّةٌ)
تَحَدَّدَ بهم : در پے ہونا-
تَحَادَّا : باہم غضبناک ہونا-
إحْتَدَّ : قوی ہونا ___ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا-
إسْتَحَدَّ : دھار تیز کرنا- شرمگاہ کے بال
مونڈنا-
الحَدُّ- مـ : دو چیزوں کے درمیان کی روک-
تم کہتے ہو "دَارُهُ حَدَّ دَارِي" اس کا گھر میرے
گھر کے پڑوس میں ہے- والحَدُّ : کسی چیز کی
انتہا- الْحَدُّ مِنَ السَّيْفِ : تلوار کی دھار ___
مِنَ الشَّرابِ : شراب کی تیزی مِنَ الانسان :
دبدبہ اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو- من
كل شئ : تیزی- حَدُّ الشَّئ: جامع مانع تعریف-
سزا- ج حُدُوْد- و حُدُودُ اللّٰه : طاعت الٰہی
واحکام شرعیہ-
الحَدَد- مـ - ممنوع- کہا جاتا ہے "هذا امر
حَدَدٌ" یعنی یہ امر ممنوع ہے اس کا کرنا جائز نہیں
"و هٰذا خبرٌ حَدَدٌ" یہ خبر باطل و جھوٹ ہے "و
دُوْنَ هَذَا حَدَدٌ" اس کے ورے ممانعت ہے "و
حَدَدًا ان يكون هٰذا" اللہ کی پناہ کہ ایسا ہو-
الحِدَاد- حدَّت المرأة کا مصدر- سیاہ ماتمی
لباس-
الحُدَاد : تیزی والا- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
حُدَادٌ" تیزی والا مرد- سكين حُدَادٌ : تیز
چھری- ج أَحِدَّة اور کہا جاتا ہے "حُدَادك أنْ
تفعل كَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم
ایسا کرو-
الحدادة : بیوی-
الحِدَادَة : لوہاری-
الحَدِيْد : لوہا- مضبوط اور سخت لوہے کو
"ذکر" اور نرم کو "أُنثى" اور "أَنِيث" سے
تعبیر کرتے ہیں- کہا جاتا ہے "هو حديدی" وہ
میرا پڑوسی ہے- "و داری حَدِيْدَةُ دارِهِ" میرا
گھر اس کے گھر کے پڑوس میں ہے-
الحَدِيْد- ج أَحِدَّاء و حِدَاد : کاٹنے والا- کہا
جاتا ہے "سَيْفٌ حَدِيْدٌ" کاٹنے والی تلوار-
رجلٌ حَدِيْدٌ : تیز فہم یا سریع الغضب-
الحَدِيْدَة : لوہے کا ٹکڑا- ج حَدَائِد و
حَدِيْدَات و جج حَدَائِدَات- حَدِيْدَةُ
الحَرْث : ہل کی پھار- الحَدِيْدَة : چمچہ-
الحَدَّاد : لوہار- لوہا بیچنے والا- دربان- جیلر- زرہ

سالہ- شراب فروش- سمندر-
المَحْدُوْد :حد بندی کیا ہوا-
حَدَأَ(ف) حَدْأً- الشَّیئَ عنه :پھیرنا- ہٹانا-
حَدِئَ(س) حَدَأً- بِالْمَکَانِ: کسی جگہ میں جم کے رہ جانا ___ الیه: پناہ لینا ___ اِلَیْهِ وعلیه :مہربانی کرنا- مدد کرنا- ظلم سے بچانا ___ عَلَیْهِ :غضبناک ہونا-
الحَدَأَة :دو سروالی کدال- ج حَدَاو حِدَاء-
الحَدَأَة : چیل- عوام حُدَیَّة کہتے ہیں- ج حِدَأٌ و حِدَاءٌ و حِذْآنٌ-
حَدِبَ(س) حَدَبًا و اَحْدَبَ- الرجلُ : کبڑا ہونا ___ صفت (حَدِب و اَحْدَاب) مؤنث حَدِبَة و حَدْبَاء- ج حُدْب و اَحْدَاب- و حَدِبَات- حَدِبَ عَلَیْه :مہربان ہونا-
حَدَّبَ و اَحْدَبَ : کبڑا بنانا- حَدَّبَ الشَّیئَ : کسی چیز کو اُبھرا ہوا بنانا-
تَحَدَّبَ : کبڑا ہونا ___ عَلَیْه :مہربان ___ بِه : تعلق رکھنا- المراۃُ :بچوں پر مہربانی کی وجہ سے دوسرا نکاح نہ کرنا-
اِحْدَوْدَبَ و تَحَادَبَ : کبڑا ہونا-
اِحْدَوْدَبَ الرملُ :لمبا اور ٹیڑھا ہونا-
الحَدَب- مہ : کبڑا پن- موج- لہر- کھال کے اندر نشان- زمین کی اُونچی جگہ- ایک قسم کی گھاس-
الحَدْبَاء :قحط کا سال- دشوار اُمور- لاش-
الحَدَبَة : کبڑا پن- پیٹھ میں کبڑا ہونے کی جگہ- کہا جاتا ہے "فی ظهره حَدَبَة" اس کی پیٹھ میں کبڑا پن ہے- مِنَ الارضِ :بلند و سخت جگہ-
الاَحْدَب : تلوار- ہاتھ کی ایک رگ کا نام- امر اَحْدَب :دشوار کام-
المُحَدَّب : کبڑا- من الخطوط : اُبھری ہوئی لکیریں- لبن (حُدَبِدٌ) جما ہوا دودھ-
الحِدْبَار :دُبلی پتلی اُونٹنی- قحط کا سال- پشتہ یا بلند زمین- ج حَدَابِیر-
الحِدْبِیْر :ہڈی پر چمڑا لگی ہوئی اُونٹنی-
الحُدْبِق :گٹھے بدن کا پست قد-
حَدَثَ (ن) حُدُوْثًا- الامرُ : واقع ہونا- (___ حَدَاثَةً و حُدُوْثًا) نو پید ہونا اور جب "قَدُم" کے مقابلے میں بولتے ہیں تو عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے "اَخَذَنِی ماقَدُمَ و ماحَدُثَ" یعنی مجھ کو نئے پرانے غموں نے گھیر لیا- اس کے علاوہ دوسری جگہ ضمہ نہیں دیتے-
حَدَّثَ- عن فلان : روایت کرنا- ہ کَذَا وبکذا :خبر دینا- بیان کرنا-
حَادَثَهُ :گفتگو کرنا- حادَثَ السیفَ : تلوار کو جلا دینا- اور اسی سے ہے "کنصل السَّیْفِ حُودِثَ بالصِقَال" مانند تلوار کی پھل کے کہ صیقل کرنے سے جلا دیا گیا ہو-
اَحْدَثَهُ :ایجاد کرنا- پیدا کرنا- اَحْدَثَ الرجلُ : پاخانہ کرنا- السیفَ :تلوار کو جلا دینا-
تَحَدَّثَ- بالشی عن الشَّیئَ :گفتگو کرنا- خبر دینا-
تَحَادَثُوْا :باہم گفتگو کرنا-
اِسْتَحْدَثَهُ :پیدا کرنا- الخبرَ :نیا پانا- رجل (حِدْثُ) ملوک :بادشاہوں کا قصہ گو-
الحَدِث و الحَدُث :اچھی گفتگو کرنے والا-
الحَدَث :نئی چیز- خلاف سنت- نئی بات- دین میں نئی بات- پاخانہ- ج اَحْدَاث و اَحْدَاث الدهر :زمانہ کے مصائب- الحَدَث :جوان- ج اَحْدَاث و حُدْثَان-
الحَدَاثَة- مہ- حَدَاثَةُ الْاَمرِ :آغاز و ابتداء
الحُدْثَی :نئی-
الحُدُوْثَة :آغاز و ابتداء
الحِدْثَان : آغاز و ابتداء حدثان الدهر و حَدَثَانه :زمانہ کی سختیاں-
الاُحْدُوْثَة :بات- افسانہ- کہانی- ج اَحَادِیث-
الحَادِث :نو پید چیز- قدیم کی ضد- ج حَوَادث- و حَادِثَات- حَوَادِثُ الدهر :زمانہ کے مصائب-
الحَدِیث- ج حِدَاث و حُدَثَاء : نیا-
الحَدِیث ج اَحَادِیث و حِدْثَان و حُدْثَان : خبر- کہا جاتا ہے "صَارُوْا احَادِیث" یعنی وہ لوگ ختم ہو گئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی- و علم الحدیث :نبی کریم ﷺ کے اقوال' افعال و احوال بتانے والا علم-
الحِدِّیث :بہت گفتگو کرنے والا-
الحُدَّاث :گفتگو کرنے والی جماعت-
الحِدِّیثٰی :خبر حدیث-
المُحْدَث- مفع کتاب و سُنّت و اجماع کے خلاف نئی بات- ج مُحْدَثَات- نیا-
مُتَحَدَّث- القوم : قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ-
حَدَجَ (ض) حَدْجًا- البعیرَ : اُونٹ پر کجاوہ باندھنا ___ الاحمالَ :باندھنا ___ الابلَ : داغ لگانا ___ ہ :مارنا- حَدَجَهُ بالسهم :تیر اندازی کرنا ___ ہ بالذنب :تہمت لگانا- کہا جاتا ہے "حَدَجَه ببیع سوء" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کر دی جس میں گھاٹا ہے-
حَدَجَ و حَدَّجَ- ببصره :گھورنا- تیز دیکھنا-
اَحْدَجَ- البعیرَ :اُونٹ پر بوجھ لادنا- اُونٹ پر کجاوہ کسنا-
الحِدْج :بوجھ- ج حُدْج و حُدُوج و اَحْدَاج- (___ و الحِدَاجَة) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری- ج حَدَائِج-
الحَدَج :کچا اور سخت اندرائن- کچا خربوزہ-
اَبُوْحُدَیْج :لقلق پرندہ کی کنیت-
المِحْدَج :اُونٹوں کے داغ لگانے کا اوزار-
حَدَرَ و حَدُرَ (ن و ک) حَدْرًا و حُدُوْرًا و حَدَارَةً- الرجلُ :مضبوط و موٹا ہونا-
___ الجلدُ :سوجنا- حَدَرُوْا حَوْلَهُ و به :گھیر لینا-
حَدَرَ (ن و ض) حَدْرًا و حُدُوْرًا :نیچے اُترنا- الشَّیئَ :نیچے اُتارنا ___ اللِثامَ عن حَنَکِه : جھکانا ___ العَیْنُ الدمعَ : آنسو بہانا- القرآءَةَ فی القراءَةِ :تیزی سے پڑھنا-
___ الدواءُ بَطْنَه :اسہال لانا-
تَحَدَّرَ و تَحَادَرَ :اُترنا- کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ الدَّمعَ یَتَحَادَرُ عَلٰی لِحْیَتِه" میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا-
اِنْحَدَرَ :نیچے- کہا جاتا ہے "اِنْحَدَرْتُ مِنَ الجَبَلِ الی المَدِیْنَة" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اُترا- الجلدُ :سوجنا-
الحَدَر :ڈھلوان جگہ- وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے- آنکھ کا بھینگا پن-

الحَدُور والحَدْرَاء والحَادُور: وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ الحَادُور: اسہال لانے والی دوا۔ ج حَوَادِیر۔
الحَدَرَة: پپوٹے کے اندر کا زخم۔ عَیْنٌ حَدْرَةٌ: پُر گوشت آنکھ۔
الحُدْرَة: اُونٹوں کا ریوڑ۔
الحَادِر۔ فا: موٹا خوبصورت جَبَلٌ حَادِرٌ: بلند پہاڑ۔ حَبْلٌ حَادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ حَیٌّ حَادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ۔ الحَادِر: شیر۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ حَادِرَةُ العَیْنَیْنِ" پُر گوشت خوبصورت آنکھوں والی اُونٹنی۔
الأَحْدَر۔ مِنَ الخیل: پُر گوشت گھوڑا۔ مِنَ الرجال: ایک چیز کو دو (۲) دیکھنے والا۔ مؤنث حَدْرَاء۔
الحَدُورَة والحُدُورَة والحَادُورَة: آنسوؤں کا بہاؤ۔
الحُنْدُر والحُنْدُور والحُنْدُورَة والحِنْدَارَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَنَادِر: کہا جاتا ہے "جَعَلتُه علی حُنْدُورَةِ عَیْنِی وحِنْدِیرَةِ عَیْنِی" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔
الحَیْدَر: شیر۔ پست قد۔
الحَیْدَرَة: شیر۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِالحَیْدَرَة": اللہ اس کو مصیبت وہلاکت میں مبتلا کرے۔
الحَیْدَار: سخت کنکریاں۔
المُنْحَدَر: ڈھلوان جگہ۔
الحُنَادِر: تیز نگاہ والا۔
حَدْرَجَ۔ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔ کہا جاتا ہے "ما بالدار مِنْ (حَدْرَج)" گھر میں کوئی نہیں رَجُلٌ (حِدْرِجَان) پست قد۔
الحَدْبَرَد: پست قد۔
حَدَسَ (ن ض) حَدْسًا۔ فی الأمر: گمان کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ الشَّیْءَ بِرِجْلِهِ: روندنا۔ زَیْدًا: پچھاڑنا۔ الشاةَ وبالشاةِ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔ فی الأرض: اٹکل سے چلنا۔ فی السیر: تیز چلنا۔ حَدَسَ بِهِ الأرضَ: پٹک دینا۔
تَحَدَّسَ۔ الأخبارَ وعن الأخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔
الحَدِیسُ والمَحْدُوس: زمین پر پچھاڑا ہوا۔
الحَدُوس: اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔
الحَدْس۔ مص: دانائی۔ زیرکی۔
الحَدْسِیَّات: دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔
الحِدَاس: غایت۔ انتہاء۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ بِهِ الحِدَاسَ" میں اس کی انتہاء کو پہنچ گیا۔
المَحْدِس: مطلب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیدُ المَحْدِس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔
حَدَقَ (ض) حَدْقًا۔ القومُ: گھیر لینا۔ حَدَقَهُ بِعَیْنِهِ: کسی کی طرف دیکھنا ــــــ ہ: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ المریضُ حُدُوقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔
أَحْدَقَ۔ القومُ بِهِ: گھیر لینا۔ أَحْدَقَتِ الرَّوْضَةُ: باغ میں چار دیواری ہونا۔
حَدَّقَ۔ الیه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا حَدَّقَ بِهِ: چاروں طرف سے گھیر لینا۔
تَحَادَقُوا: ایک دوسرے کو گھیر لینا۔
اِحْدَوْدَقَ۔ القومُ بِهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
الحَدَقَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَدَق وحَدَقَات واحْدَاق وحِدَاق۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِی مِثْلِ حَدَقَةِ البَعِیرِ" وہ لوگ فراخی میں ہیں اور ان کے پاس پانی بہت ہے۔ "وهم رُمَاةُ الحَدَقِ" یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں بڑے ماہر ہیں۔ وتَکَلَّمْتُ علی حَدَقِ القَوْمِ: میں نے قوم کی نگاہ کے سامنے گفتگو کی۔
الحَدَق: بیگن۔
الحَدِیقَة: باغ جس کی چار دیواری ہو۔ ج حَدَائِق۔
الحِنْدِیقَة والحُنْدُوقَة: آنکھ کی سیاہی۔
حَدْقَلَ حَدْقَلَةً: دیکھنے میں آنکھ پھرانا۔
حَدَلَ (ض) حَدْلًا وحُدُولًا۔ عَلَیْهِ: کسی پر ظلم کرنے کے لیے مائل ہونا۔
حَدِلَ (س) حَدَلًا: بہ نسبت دوسرے کندھے کے ایک بلند کندھے والا ہونا۔ الرجلُ: کنکھیوں سے دیکھنا۔ صفت أَحْدَل مؤنث حَدْلَاء ج حُدْلٌ (شاذ) و (حَدِل) ج حَدَالَی۔ حَدِلَ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔
حَادَلَهُ: پھسلانا۔
تَحَادَلَ: کمان پر جھکنا۔
الحِدْل: ازار باندھنے کی جگہ۔ گردن کا درد۔
الحَدْل۔ مص۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَحَدْلٌ" وہ غیر عادل ہے۔
الحُدَال: چکنا وہموار۔
الحَوْدَل: نرلنگور۔
الحَوْدَلَة: پشتہ۔ ٹیلہ۔
الحِدْیَل والحَیْدَلَان: پست قد۔
حَدَمَهُ (ض) حَدْمًا: تیز گرم کرنا۔ الدمُ: گہرا سرخ کرنا۔
اِحْتَدَمَ۔ النهارُ: سخت گرمی والا ہونا۔ الشرابُ: تیزی بڑھ جانا۔ اِحْتَدَمَتْ القِدْرُ: سخت جوش والی ہونا۔
اِحْتَدَمَ وتَحَدَّمَ۔ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ سخت غضبناک ہونا۔ اِحْتَدَمَ الدمُ: گہرا سرخ ہونا۔ عَلَیْهِ غَیْظًا: غصہ سے دانت پیسنا۔
الحَدَمَة: آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحِدَام: غصہ۔ غضب۔
حَدَا (ن) حَدْوًا وحِدَاءً وحُدَاءً حدی پڑھنے میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَمْلَحَ حُدَاءَهُ" اس کا حدی پڑھنا کس قدر عمدہ ہے۔ ــ الإبلَ وبالإبلِ: گا کر ہانکنا۔ صفت (حَادٍ) ج حُدَاة ــــــ الریحُ السحابَ: ہانکنا۔ چلانا۔ حَدَاهُ علی کَذَا: برانگیختہ کرنا (واحْتَدَی) اللیلُ النهارَ: پیچھے آنا۔
الحَادِی وحَادِی النَّجْم۔ دو ستاروں کے نام اور لفظ حادی عشر میں حادی واحد کا مقلوب ہے۔
الحَدَّاء۔ حادی کا مبالغہ۔ اور حادی اس کو کہتے ہیں جو اُونٹوں کو گا کر ہانکے۔
الحَدْوَاء۔ شمالی ہوا۔
الحَوَادِی۔ ہر چیز کے آخری حصے۔ ٹانگیں۔
الأُحْدُوَّة والأُحْدِیَّة۔ اُونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔
حَدِیَ (س) حَدًی۔ بالمکان: کسی جگہ میں

جم کے رہنا۔
تَحَدّٰی۔الرجلَ :مقابلہ کرنا۔
(____وَحدّیٰ)الشّیَٔ :کرنے کا ارادہ کرنا۔
الحُدَیَّا۔ جھگڑا۔ مقابلہ۔ کہا جاتا ہے۔ "ھو حُدَیَّا الناس" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا ہے "وانا حُدَیَّاک فی ھذا الامر" میں اس معاملہ میں تیرامقابلہ کرنےوالاہوں۔
حَذَّہٗ(ن)حَذًّا۔جلدی سے کاٹنا۔
الحَذَذ۔ہاتھ یا دم کا ہلکاپن۔وحَذَذُالقَلب : تیزیٔ خاطر۔تیز فہمی۔
الاَحَذّ۔ ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تیز۔ ویلا۔ امر اَحَذُّ : امر منکر۔ سخت امر۔ بے مثل۔ قلبٌ اَحَذُّ :ذکی۔ مؤنث۔ حَذَّاء۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ حَذَّاء" تیز رفتار "وقَصِیدَةٌ حذَّاءٌ" مشہور قصیدہ۔ "وحَاجَةٌ حَذَّاءُ" جلدی پوری اور کامیاب ہونے والی حاجت۔ "وعَزِیمَةٌ حَذَّاء" پختہ ارادہ۔ج حُذّ۔
الحُذَّة۔گوشت کا ٹکڑا۔
حَذِرَ(س)حَذَرًا و حِذرًا و مَحْذُورَةً الرجلَ و من الرجل :بچنا۔پرہیز کرنا۔چوکنا رہنا۔صفت (حَذِرٌ و حَذُرٌ)ج حَذِرُونَ و حَذَارَیٰ۔
حَذَّرَہٗ۔خوف دلانا۔متنبہ کرنا۔چوکنا کرنا۔
حَاذَرَہٗ۔ایک دوسرے سے پرہیز کرنا۔ڈرتے رہنا۔(____ وتحذَّر مِنْہ (اِحْتَذَرَہٗ) پرہیز کرنا۔بچتے رہنا۔
اِحْذَارَّ۔غضبناک و منقبض ہونا۔
الحَاذِر۔فا۔مستعد و تیار۔
الحَاذُورَة۔بہت چوکنا۔
حَذَارِ۔ اسم فعل بمعنی بچو۔ کہا جاتا ہے حَذَارِیكَ زَیْدًا"یعنی زید سے بار بار بچو۔
الحُذَارِیات۔ڈرانے والے۔
الحِذْرِیَان۔چوکنا رہنے والا۔
الحُذْرَیٰ۔باطل۔
الحَزِیر۔ ڈرانے والا۔ کہا جاتا ہے "انا حَذِیْرُکَ مِنْہ"میں تم کو اس سے ڈراتا ہوں۔
المَحْذُوْر۔وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
المَحْذُورة۔گھبراہٹ۔بلاد مصیبت کہ جس سے پرہیز کیا جائے۔جنگ۔

ابو حَذِیر۔گرگٹ۔
الحَذْرَ فُوْتٌ۔ناخن کا تراشہ۔کہا جاتا ہے۔
"مالہ حَذْرَ فُوْتٌ"اس کے پاس کچھ نہیں۔
اُمُّ حِذْرِف۔بجو۔
المُحَذْرَف۔بھرا ہوا برتن۔
الحُذْرُقَّة۔تل کی ایک قسم۔
الحُذَارِمَة و الحَذْرَمَة۔ بہت گفتگو کرنے والا۔
حَذَفَہٗ(ض) حَذْفًا۔گرانا۔کاٹنا۔ بالعَصَاء او الحَجر : لاٹھی یا پتھر سے مارنا۔ حذف فی مَشْیِتِہ :قریب قریب قدم رکھنا۔
حَذَّفَ۔الشّیَٔ :اچھی طرح سے کرنا۔(گویا کہ جن چیزوں کا علیحدہ کرنا ضروری ہے ان کو علیحدہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے سارے عیوب سے پاک صاف ہو گیا) ____ شَعْرَہٗ :زلف نکالنا۔ہموار کرنا۔
تَحَذَّفَہٗ۔بالعصاء :مارنا یا پھینک کر مارنا۔
الحَذَف۔مص۔چھوٹی بھیڑیں۔حَذَفُ الزَرْعِ : کھیتی کے پتے۔
الحَذَف۔ایک قسم کی بط۔واحد حَذَفة
الحُذَفَة۔پست قد عورت۔
الحُذَافَة۔مِنَ الشّیٔ :تھوڑا۔تراشہ۔
الحُذَّافَة۔دبر کا حلقہ۔
المَحْذُوف۔مشک۔
الحُذَفَاء۔سیرت۔ طریقہ۔ روش۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ عَلٰی حُذَفَاءِ اَبِیْہِمْ" وہ سب اپنے باپ کی روش پر ہیں۔
الحِذْفَار و الحُذْفُوْر ج حَذَافِیر : جانب۔ جماعت کثیر۔آمادۂ جنگ لوگ۔کہا جاتا ہے "اُخُذْ حَذَافِیرَک" یعنی آمادہ ہو جاؤ۔ و "اَخَذَہٗ او نَالَہٗ بِحِذْفَارِہٖ و بِحُذْفُوْرِہٖ و بِحَذَافِیْرِہٖ"اس نے اس کو بتمامہ لے لیا۔
حَذَقَ (ض) حَذِقَ (س) حَذْقًا و حِذْقًا و حَذَاقًا و حِذَاقًا و حَذَاقَةً و حِذَاقَةً۔ماہر ہونا۔ صفت(حَاذِق)ج حُذَّاق و حِذَاق۔الکتابَ : پوری پڑھ لینا۔العملَ :ماہر ہونا۔
حَذَقَ(ض)حُذُوْقًا۔الخَلُّ :بہت کھٹا ہونا۔
حَذَقَ (ض) حَذْقًا۔ الشّیٔ : کاٹنا ____

الخلُّ فاہ :چرپراہٹ لگنا۔
حَذَّقَہ۔ماہر بنانا۔
تَحَذَّقَ۔ماہر ہونا۔ و تَحَذَّقَ عَلَیْہ :مہارت ظاہر کرنا۔
اِنْحَذَقَ۔کٹ جانا۔کہا جاتا ہے "حَذَقْتُ الحَبْلَ فَانْحَذَقَ" میں نے رسی کو کاٹا پس وہ کٹ گئی۔
الحِذْقَة۔ ٹکڑا۔ج حِذَق و حُذَاق۔(آخری جمع شاذ ہے۔)
الحَاذِق فا۔ج حُذَّاق و حِذَاق ____ من الخل۔بہت تیز سرکہ۔
الحَذِیْق۔کٹا ہوا۔
الاَحْذَاق۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے۔ "حبلٌ اَحْذَاق" کٹی ہوئی رسی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوبٌ اَخلاق میں)
الحِذَاق۔ بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحُذَاقَة۔تھوڑا کھانا۔
الحُذَاقِیّ۔ فصیح زبان والا۔ تیز چھری گدھے کا بچہ۔
حَذِلَتْ (س) حَذَلاً۔ العینُ : گری ہوئی پلکوں والی ہونا۔صفت(حَذْلاء)
اَحْذَلَ۔العینَ :پلک گرا دینا۔
تَحَذَّلَ۔عَلَیْہِ : مہربان ہونا۔
الحَذْل۔ میلان(____ والحَذَل و الحُذْل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحُذَالَة۔ایک قسم کی سرخ گوند۔چاول وغیرہ کی بھوسی۔کرتے کے دامن کی گولائی۔
حَذْلَقَ و تَحَذْلَقَ۔ حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَتَحَذْلَقُ فی کَلَامِہٖ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔
حُذْلِقَ۔الشّیٔ :تیز کیا جانا۔
رجل (حِذْلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا' گپی۔
حَذْلَمَ۔جلدی کرنا۔۔العودَ : چھیل کر تیز کرنا ____ السقاء :بھرنا۔
تحَذْلَمَ : جلدی کرنا' باادب ہونا۔

الحُذْلُوْم : ہلکا پھلکا، جلد باز۔

حَذَمَه (ض) حَذْمًا۔ کاٹنا ـــــ (حَذَمَانًا) فی مشیته : تیز چلنا۔ دیر کرنا۔

الحَذِم والحِذْیَم والمِحْذَم۔ مِنَ السیوف : شمشیر براں۔

الحَذِم۔ بازو کٹے ہوئے پرندہ کی اُڑان۔

حَذَام۔ ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی۔

الحُذَام۔ سُست و کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری عَبْدًا حُذَامَ المشی" اس نے سُست رفتار غلام خریدا۔

حَذَا (ن) حَذْوًا و حِذَاءَ النَّعْل : نمونہ پر کاٹنا۔ حَذَا النَّعْلَ بالنَّعْلِ : ایک برابر قطع کرنا۔ حَذَاهُ و حَذَا حَذْوَهُ : پیروی کرنا۔ نقل کرنا (حَذَاهُ و حَذَاله و اَحْذَاه) نَعْلاً : جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذَا الشراب لِسَانَه : زبان کو چھیل دینا ـــــ التراب فی وجوههم : خاک ڈالنا۔ زیدًا شیئًا : کسی کو کچھ دینا۔

حَذَاهُ و حَاذَاهُ مُحَاذَاةً و حِذَاءً مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔

تَحَاذَیَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان یَتَحاذَوْنَ المَاءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔

اِحْتَذیٰ۔ جوتہ پہنانا ـــــ مثال فلان و علی مثاله : پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔

اِسْتَحْذَاهُ۔ جوتہ طلب کرنا۔

الحِذَاء والحِذَة والحَذْو والحُذْوَة والحِذْوَة : مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "داری حِذَاءَ دَارِه" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وجَلَسَ حِذَاءَ ہ و بِحِذَائِه" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔

الحِذْوَة و الحُذْوَة۔ عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔

الحُذَاوَة۔ لید۔

الحِذَاء۔ جوتہ۔ اُونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج اَحْذِیَة۔

الحَذَّاء۔ جوتہ بنانے والا۔ ج حَذَّاؤُوْن۔ کہا جاتا ہے۔ هُو (مُحَاذَاکَ) وہ تمہارے مقابل ہے۔

حَذِیَ (ض) حَذًیا۔ الخلُّ لِسَانه : زبان کو چھیل دینا ـــــ یدَه : کاٹنا ـــــ ہ بلسانه گالی دینا۔ غیبت کرنا۔

اَحْذَاه اِحْذَاءً۔ مال غنیمت کا حصہ دینا اَحْذَاهُ طَعْنَةً : نیزہ مارنا۔

الحُذْیَا و الحُذَیَّا و الحُذَایَة و الحَذِیَّة۔ مالِ غنیمت کا حصہ۔ و الحُذَیَّا : ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔

الحِذْیَة۔ ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔

المِحْذَاء۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔

حَرَّ (س) حَرَارًا۔ العَبْدُ : آزاد ہونا (حُرِّیَة) شریف الاصل ہونا۔ (ـــــ حَرَّةً) پیاسا ہونا۔

حَرَّ (س ن ض) حَرًّا و حَرَّةً و حُرُوْرًا و حَرَارَةً۔ گرم ہونا۔

حَرَّ (ن ض) حَرًّا۔ الماءَ : گرم کرنا۔ الارضَ : ہموار کرنا۔

حَرَّرَ۔ العبدَ : آزاد کرنا۔ الولدَ او الشّیَ : اللہ تعالیٰ کی عبادت کیلئے وقف کرنا۔

الکتاب : خوبصورت و درست لکھنا۔

الوزنَ : غور کر کے ضبط کرنا۔۔ المعنی : حشو و زوائد سے پاک کرنا۔

اَحَرَّ۔ النهارُ : گرم ہونا ـــــ اَحَرَّ صَدْرَه : پیاسا کرنا۔

تَحَرَّرَ۔ العبدُ : آزاد ہونا۔

اِسْتَحَرَّ۔ القتالُ : سخت جنگ ہونا۔

الحَرّ۔ گرمی۔ ج حُرُوْر و اَحَارِر (خلافِ قیاس)

الحَرُوْر۔ گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔

الحَرَارة۔ گرمی۔

الحُرِّیَّة والحُرُوْرَة والحَرُوْرِیَّة۔ وتُضَمُّ الحاء فیهما : آزادی۔

الحُرِّیَّة : خالص ہونا۔ حُرِّیَّةُ القوم : قوم کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "هو مِنْ حُرِّیَّةِ قومِه" وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔

الحَرِیْر۔ ریشم۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا (ـــــ و المَحْرُوْر۔ غصّہ کی وجہ سے گرم۔

الحَرِیْرَة۔ ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا دودھ اور روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصّہ کی وجہ سے گرمی والا۔

الحُرّ۔ آزاد، شریف ـــــ مِن کلِّ شیٔ : عمدہ حصّہ۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ حرٌّ" اصیل گھوڑا۔ "وطینٌ حُرٌّ" بغیر ریت کے خالص مٹی۔ حُرُّ الدار : گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارضِ : زمین کا اچھا حصّہ۔ حُرُّ الوَجْهِ : رخسار کہا جاتا ہے "لَطَمَهُ علی حُرِّ وَجْهِه" اس نے اس کے رخسار پر طمانچہ مارا۔ ج اَحْرَار و حِرَار۔ اَحْرَارُ البُقُول وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرُّ : کبوتر کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ سَاقُ حُرٍّ : نر قمری۔ عَیْنُ حُرٍّ : ایک پرندہ کا نام۔

الحُرَّة۔ حرّ کا مونث۔ آزاد عورت۔ شریف عورت۔ ج حَرَائِر و حُرَّات۔ اَرْضٌ حُرَّةٌ : بغیر ریت والی زمین۔ رَمْلَةٌ حُرَّةٌ : ریت جس میں گارا نہ ہو۔ لَیْلَةٌ حُرَّةٌ اَوْ لَیْلَةُ حُرَّةٍ : ہر مہینے کی پہلی رات۔

الحَرَّة۔ سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات و حِرَار و اَحَرُّوْن و حَرُّوْن۔

الحَرَّة : پھنسی۔ دردناک عذاب۔ بہت تاریکی۔

الحِرّ۔ اندام نہانی۔ فرج۔

الحِرَّة۔ پیاس۔ کہتے ہیں "رمَاهُ اللّٰهُ بالحِرَّةِ تحت القِرَّة" اللہ اس کو سردی کے زمانہ میں پیاس میں مبتلا کرے۔

الحَارّ۔ گرم ـــــ مِنَ الاعمال : دشوار کام۔

الحَرَّان بہت پیاسا۔ مؤنث حَرّیٰ ج حِرَار و حَرَارَیٰ۔

الحَرِیْرِیّ۔ ریشم بنانے والا۔ ریشم بیچنے والا۔ مقاماتِ مشہورہ کے مصنف کا لقب۔

المَحْرُوْر۔ وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہو گئی ہو۔

حَرَبَ (ن) حَرْبًا۔ الرجلَ : سب کچھ چھین لینا۔ صفت مفعولی (حَرِیْب) ج حَرْبیٰ و حُرَبَاء و (محروب)

حُرِبَ۔ الرجل مالَهُ : چھینا جانا۔

حَرِبَ (س) حَرَبًا۔ کتے کے کاٹنے کی دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَرِبٌ)

یعنی سخت غضبناک۔ ج حَرْبٰی و حَرِبَ الرجلُ
: ویل وہلاکت کو پکارنا اور وا اَحربَاہٗ کہنا۔
حَرَّبَہٗ۔ غضبناک بنانا۔ حَرَّبَ السنانَ : تیز
کرنا۔
حَارَبَہٗ حِرَابًا و مُحَارَبَۃً۔ لڑائی کرنا۔
اَحْرَبَ۔ الحَرْبَ : جنگ بھڑکانا۔ فلانًا :
دشمن کے مال کے لوٹنے کیلئے رہنمائی کرنا۔
النحلُ : شگوفہ نکلنا۔
تَحَارَبَ و اِحْتَرَبَ۔ القومُ : جنگ کی آگ
بھڑکانا۔
اِحْرَنْبٰی اِحْرِنْبَاءً۔ آمادۂ غضب ہونا۔ آمادۂ
شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف
ٹانگیں اُٹھانا۔ المکانُ : کشادہ ہونا۔
الحَرْب۔ لڑائی۔ تم کہتے ہو "وقعتْ بینھم
حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی کلمہ
مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں اس کی
تصغیر حُرَیْب۔ ج حُرُوْب۔ رجل حَرْبٌ : بہادر
جنگجو۔ کہا جاتا ہے "انا حَرْبٌ لمن یُحارِبُنِی"
میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے۔
دَارُ الحَرْب : مشرکین کا ملک۔ اور وہاں کے
رہنے والوں کو (الحربیون" کہتے ہیں۔
الحَرْبَۃ۔ چھوٹا نیزہ۔ ج حِرَاب۔ الحَرْبَۃ۔ نیزہ
مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن۔ ج
حَرَبَات و حَرْبَات
الحَرَّاب۔ چھوٹے نیزے کو اُٹھانے والا، چھوٹا
نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَۃ۔ ہیئت جنگ۔
الخُرْبَۃ۔ گون یا بورے کی مانند ایک برتن،
چرواہے کا تھیلا۔
الحِرْبَاء و الحِرْبَاءَۃ۔ گرگٹ۔ اس کو تلون
مزاج کے لیے بطور مثال کے بولا جاتا ہے۔ ج
حَرَابِیّ۔
الحِرْباء۔ زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت۔
الحَرَب۔ مص۔ ہلاکت ویل۔
وَا حَرَبَا۔ کلمہ ہے جو میت پر رونے کے موقعہ
پر بولا جاتا ہے اور افسوس کیلئے استعمال کیا جاتا
ہے۔
المِحْرَب و المِحْرَاب۔ جنگجو۔ بہادر۔

المِحْرَاب : گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اچھی
جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
کچھار۔ و مِحْرَابُ المَسْجِد : امام کے کھڑے
ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج مَحَارِیب۔ کہا جاتا ہے
"اِنَّہٗ یکرہ المحاریب" وہ صدر مجلس میں
لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔
المُحْرَب و المُتَحَرِّب۔ شیر۔
الحُرْبُث۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج حَرَابِث۔
الحِرْبِش و الحِرْبِیش۔ بڑا سانپ، اژدھا۔
حَرْبَصَ۔ الارضَ : پانی دینا یا ہل چلا کر پانی دینا۔
حَرْبَطَ حَرْبَاطًا۔ القوسَ : سخت چلہ کھینچنا۔
حَرَتَ (ن) حَرْتًا۔ الشَّیئَ : سخت ملنا۔
حَرِتَ (س) حَرَتًا۔ الرجلُ : بد خلق ہونا۔
الحَرْت۔ مص۔ جانوروں کے چارہ کھانے کی
آواز۔
الحَرِیت۔ ایک قسم کی مچھلی۔
الحُرْتَۃ۔ رائی کی چرپراہٹ جس کا اثر ناک میں
محسوس ہو۔
الحُرْتَۃ۔ بہت کھانے والا۔
الحَرَات۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحَرْتک۔ دبلے جسم والا۔
حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا۔ الارضَ : ہل چلانا، کھیتی
کرنا۔ صفت (حَارِث) ج حُرَّاث۔ حَرَثَ
المالَ : کمائی کرنا۔ جمع کرنا۔ ____ النارَ : کریدنا۔
الشَّیئَ : اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ الأَمْرَ : یاد کر کے
بھڑک اٹھنا ____ الخُبْزَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا
(وَ اَحْرَثَ و اِحْتَرَثَ) الدَّابَّۃَ : تھکانا۔ دبلا کرنا۔
صفت مفعولی (حَرِیْثَۃ) ج حَرَائِث۔
اِحْتَرَثَ۔ الارضَ : کھیتی کرنا۔ المالَ : کمائی کرنا۔
الحَرْث۔ مص۔ کھیتی۔
الحَارِث۔ فا۔ ج حُرَّاث۔ الحَارِث۔ و
ابو الحَارِث : شیر کی کنیت۔
الحَرِیْثَۃ۔ کمائی۔ ج حَرَائِث
الحِرَاثَۃ۔ کھیتی۔ کاشتکاری۔
المِحْرَث۔ ج مَحَارِث و (المِحْرَاث) ج
مَحَارِیْث : ہل۔ کریلنی۔
حَرِجَ (س) حَرَجًا۔ الشَّیئُ : تنگ ہونا ____
الرجلُ : گنہگار ہونا ____ العینُ : اندر دھنس

جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا۔
عَلَیْہِ الشَّیئَ : حرام ہونا۔ الیہ : پناہ لینا ____
الغبارُ : تنگ جگہ میں گھٹنا۔
حَرَجَ (ن) حَرْجًا۔ انیابَہٗ : غصہ سے دانت
پیسنا۔
حَرَّجَہٗ۔ تنگ کرنا۔ حَرَّجَ عَلَیْہِ : کسی سے یہ
کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔
اَحْرَجَہٗ۔ گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا۔ تنگ
جگہ کیلئے مجبور کرنا۔ فلانًا الیہ : مضطر کرنا۔
اَحْرَجَ عَلَیْہِ الامرَ : حرام کرنا۔
تَحَرَّجَ۔ گناہ سے بچنا۔
الحَرَج۔ گناہ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔
مردہ لے جانے کا تختہ۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لاَ
حَرَجَ عَلَیْکَ" تمہارا کوئی قصور نہیں، یا
تمہارے اُوپر کوئی اعتراض نہیں۔
وحَدِّثْ عَنِ البَحْرِ ولاحَرَجَ۔ سمندر کے
متعلق بیان کرو اور تمہارے اُوپر مبالغہ وغیرہ کا
کوئی اعتراض نہیں۔
الحِرْج۔ گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا
حصہ۔ درندوں کے شکار کے لیے پھندا۔ بکریوں کا
ریوڑ۔ ج اَحْرَاج و حِرَاج۔
الحَرِج۔ تنگ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ نہ
پھیرے۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ وہ شخص
جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے خوف
کھائے۔
الحَرَجَۃ۔ درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں کا، اونٹوں
کا گلہ۔ ج حَرَج و حَرَجَات۔
الحُرْجَۃ۔ ڈولچی۔
الحَرِیْج۔ تنگ۔
المِحْرَاج مِنَ اللیالی : بہت سرد رات۔
المُحَرِّج۔ تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے
"حَلَفَ بالمحَرِّجات" اس نے تنگی میں مبتلا
کرنے والی قسمیں کھائیں۔
الحَرْجَف۔ ٹھنڈی ہوا جو تیز چلے۔ ج
حَرَاجِف۔
حَرْجَلَ حَرْجَلَۃً۔ لمبا ہونا۔ دائیں بائیں دوڑنا۔
الحَرْجَلَۃ۔ مص۔ لنگڑا پن۔ (____
و الحَرْجَل) گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا

حَراجَلةً" وہ اپنے گھوڑوں پڑ آئے۔

الحُرْجُل والحُرَاجل۔ لمبا۔

حَرْجَمَ۔ الابلَ : اُونٹوں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔

اِحْرَنْجَمَ۔ القومُ او الابلُ : اکٹھا ہونا۔ عن الامر : ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔

الحِرْج۔ اندام نہانی۔

حَرِدَ (س) حَرَدًا و حَرْدًا۔ عَلَيْه : غضبناک ہونا۔ صفت (حَارِد و حَرِد و حَرْدان) ___ الوتر : کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرْد)

حَرَدَہ (ض) حَرْدًا۔ منع کرنا۔ ارادہ کرنا ___ الخشبَ : سوراخ کرنا۔ (حُرُوْدًا) قوم سے علیحدہ و اکیلا ہونا۔ صفت (حَرْدٌ و حَرِدٌ) ج حِرادو (حَرِيد) ج حُرَداء۔

حَرَّدَ۔ جھونپڑی میں پناہ لینا۔ الشَعْرُ : ایک بال کا تھا اُگنا ___ ہ : روکنا۔ حَرَّد الحبلَ : بٹنے سے گول ہو جانا۔ الشئ : ٹیڑھا کر دینا۔

اَحْرَدَہٗ۔ الگ کر دینا۔ اکیلا کر دینا۔ اَحْرَدَ فی المشی : تیز چلنا۔

تَحَرَّدَ۔ الادیمُ : بالوں سے پاک صاف ہونا۔

حَارَدَتِ۔ الناقةُ : کم دودھ والی ہونا۔ صفت (حَرُوْد مُحارِد) ___ السنةُ : کم بارش والا ہونا۔ حَارَدَ الرَجلُ : دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا۔

اِنْحَرَدَ۔ اکیلا ہونا ___ النجمُ : ٹوٹنا۔

الحَرَد۔ مص۔ اُونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔

الحَرُوْد۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔

الحَرِيْد۔ دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں سے تھوڑی چیز۔

الاَحْرَد۔ اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْد۔

المِحْرَاد۔ بے بارش کا سال جمع۔ مَحَارِد۔

الحَرْدَبَة۔ سکی بے عقلی۔

الحِرْذَوْن۔ نرگوہ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

حَرَزَ (ن) حَرْزًا۔ المالَ حفاظت کرنا' اکٹھا کرنا۔

حَرِزَ (س) حَرَزًا۔ پرہیزگار ہونا۔

حَرُزَ (ک) حَرازَةً و حَرَازًا۔ المکانُ : مضبوط ہونا۔

حَرَّزَ۔ الشَّئَ : حفاظت میں مقابلہ کرنا۔ (___ و اَحْرَزَ) المکان الرجلَ : جائے پناہ ہونا اَحْرَزَ الشَّئَ : جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

تَحَرَّزَ و اِحْتَرَزَ۔ منه : بچنا۔

اِسْتَحْرَزَ۔ محفوظ جگہ میں آجانا۔

الحِرْز۔ مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِرْزٌ حَرِيْزٌ و حَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَہ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف ہونے سے بچائے۔ فی اصطلاح المعوذین : تعویذ۔ ج اَحْرَاز۔

الحَرَز۔ مص۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ ج اَحْرَاز۔

الحرِيْز۔ جمع کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "لاحَرِيْز من بَيْعٍ" یعنی اگر اس نے خواہش کے مطابق قیمت دے دی تو میں بیچ دوں گا۔

الحَرِيْزَة۔ مِنَ الابل : اُونٹ جن کو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج حَرَائِز۔

حَرْزَمَه۔ اللّٰهُ : لعنت کرنا ___ الاناءَ : بھرنا۔

حَرَسَهٗ (ن ض) حَرْسًا۔ حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس) ج حُرَّاس و حَرَسَة و حَرَس و اَحْراس۔ حَارِس السَماء و حَارِس السماک : دو ستاروں کے نام۔

حَرَسَ (ض) حَرْسًا و اِحْتَرَسَ۔ الشَّئَ : رات میں چوری کرنا۔

حَرِسَ (س) حَرَسًا۔ زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔

اَحْرَسَ۔ بالمکان : حفاظت کیلئے قیام کرنا۔

تَحَرَّس و اِحْتَرَسَ۔ مِنه : محفوظ رہنا' بچ کر رہنا۔

الحَرْس۔ مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَيْه حَرْسٌ" اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ ج اَحْرَاس۔

الحَرَس۔ حفاظت کرنے والے۔ و حَرَسُ المَلِکِ : شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِیٌّ)

الحَرَسَان۔ رات دن۔

الحِرَاسَة۔ حفاظت۔

الحَرِيْسَة۔ بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِس۔

الاَحْرَس۔ پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گزر گیا ہو۔

الحِرْسَان۔ ٹڈی کی ایک قسم۔

الحَرْسَم۔ گوشہ۔

الحَرْسِم۔ زہر و موت۔

الحَرَاسِن۔ ایک قسم کی مچھلی۔

الحَرَاسِيْن۔ دبلے اونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔

حَرَشَ (ض) حَرْشًا و تَحْرَاشًا۔ الضبَّ : شکار کرنا ___ البعيرَ : تیز چلنے کیلئے رسی سے پیٹھ کو رگڑنا ___ الرجُلَ : خراش لگانا۔

حَرِشَ (س) حَرَشًا۔ سخت ہونا۔ صفت (اَحْرَش) ___ الرجلُ : دھکار دینا۔

حَرَّشَ ۔ بین القوم و بین الکلاب والسباع : ایک کو دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔

تَحَرَّشَ ۔ بِه : درپے ہونا۔ تحَرَّشَ الضَّبَّ وبالضَبِّ : شکار کرنا۔

اِحْتَرَشَ ۔ الشَّئَ : جمع کرنا ___ القومُ : اکٹھا ہونا ___ الرجلُ : دھکا دینا ___ اعیاله : کمائی کرنا ___ الضبُّ : شکار کرنا۔

الحَرْش۔ مص۔ اثر' دھوکا' فریب۔ جماعت۔ ج حِرَاش۔

الحَرِش۔ کھردرا۔ وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔

الحُرْشَة و الحَرَش۔ کھردرا پن۔

الحَرِيْش۔ کنکھائی۔ ج حُرُوش۔ کن کھجورا۔

الحَرِيْش : ایک دریائی جانور۔ گینڈا' ایک قسم کا چتی دار سانپ۔

الحَرِيْشَة۔ ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَخْرَجتُ له حَرِيشَتِي" میں نے اس کیلئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضہ میں تھا نکال دیا۔

الحَرَّاش۔ مِنَ الحیات : بڑا کالا سیاہ سانپ۔

الاَحْرَش کھردری گوہ۔ دینار احرش : نئے

ہونے کی وجہ سے کمزور اور بیمار-ج خُرش-

الحَرْشَف- مچھلی کا سفنا- چھوٹے پرندے- ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں- زرہ کی کڑیاں- کمزور بوڑھے- کہا جاتا ہے "لَيْسَ ثَمَّهٗ غير حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور و بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں- پیادوں کی جماعت- سمندر کے کنارے کے پتھر- ج حَرَاشِف-

الحُرْشُف- سخت زمین-

حَرَصَ (ن) حَرْصًا- الجلدَ : چھیلنا- القصَّارالثوبَ :دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا-

حَرَص(ض)و حَرِصَ(س)حِرْصًا و اِحْتَرَص - علی الشَّئَ : لالچ کرنا صفت (حريص) ج حُرَصَاء و حِرَاص و حُرَّاص مؤنث حَرِيصَة ج حِرَاص و حَرَائِص-

حُرِصَ-المرعٰی :چرکے بالکل صاف کیا جانا-

حَرَّصَهٗ-علی الشَّئَ :لالچ دلانا-

تَحَرَّصَ- بتکلف لالچ کرنا- وقت کا انتظار کرنا اور اسی سے ہے هو يَتَحَرَّصُ غَدَاهم و عَشَائهم وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے-

الحِرْص مـ-لالچ-

الحَرْصَة والحَارِصَة والحَرِيْصَة- زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے- الحَارِصة و الحَرِيْصَة : سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے-

حَرَضَ (ن ض) حُرُوْضًا و حَرِض (س) حَرَضًا و حَرُضَ (ک) حَرَاضَةً- مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا- صفت (حَرِضٌ و حَرَضٌ و حَارِضٌ و حَارِضَةٌ) کہا جاتا ہے "ناقة حَرَضٌ" دبلی اونٹنی-

حَرَض (ض) حَرْضًا- نفسه : خراب کرنا' بگاڑنا-

حَرَّضَهٗ- علی الامر : برانگیختہ کرنا- فلانًا : کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دور کرنا- الشَّئَ : خراب کرنا' بگاڑنا-

اَحْرَضَهٗ گرانا ــــ ہ الحزنُ او المرضُ : بدن کو گھلا دینا ــــ ہ علی الشَّئَ : برانگیختہ کرنا ــــ الرجلُ : ناخلف اولاد کا باپ ہونا-

حَارَضَ-علی العمل :مداومت کرنا-فلانًا : تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا-

تَحَارَضُوْا- علی العمل : ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا-

الحَرَض - مـ - بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی ــــ حَرَضُ الثوب :کپڑے کا کنارہ-

الحرض : قریب بہلاکت- بے فیض آدمی- وہ شخص جس کو غم یا عشق گھلا دے- گرا ہوا جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو- بُری گفتگو- ج اَحْرَاض و حُرْضَان و حِرَضَة-

الحُرْض و الحُرُض- اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے-

الحُرْضَة- جوئے بازوں کا امین- وہ شخص جو گوشت نہ خریدے' نہ کھائے مگر اس صورت میں کہ مفت مل جائے-

الحِرْضَة- گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے- ج حِرَض-

المِحْرَض-اشنان کا برتن-

الحَرَّاض- گچ یا چونہ بنانے کیلئے پتھر کو آگ میں جلانے والا-

الحَرَّاضَة-اشنان کا بازار-

المُحَرَّض- وہ شخص جس کو غم گھلا دے (ــــ والحَرِيض) گرا ہوا شخص جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو-

حَرَفَ(ض)حَرْفًا-الشَّئَ عن وجه : پھیرنا' جھکانا ــــ عن الشَّئَ :مائل ہونا- لعياله :اِدھر اُدھر سے کمائی کرنا-

حَرِفَ-فی ماله حَرْفَةً :کچھ ضائع ہو جانا-

حَرَّفَ-القولَ :قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا ــــ القلمَ :ٹیڑھا قط لگانا- ــــ الشَّئَ :کنارہ ہٹانا-جھکانا-

حَارَفَهٗ- معاملہ کرنا- اور اسی سے ہے "فَقَدْ عَلِمُوْا فی الغَزْوِ كَيْفَ نُحَارِفُ" اُنہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں ــــ الرجلَ : شر یا خیر کا بدلہ دینا ــــ الجرحَ :سلائی سے اندازہ کرنا-

اَحْرَفَ- فقیری کے بعد مستغنی ہونا- اہل و عیال کے لیے مشقت برداشت کرنا- الناقة :لاغر کرنا ــــ الرجلَ : خیر و شر کا بدلہ دینا-

تَحَرَّفَ عنه و اِنْحَرَفَ و اِحْرَوْرَفَ- ایک جانب کو جھکنا- تَحَرَّفَ لِعَيَالِهٖ : ہر پیشہ سے کمائی کرنا-

اِحْتَرَفَ- پیشہ اختیار کرنا- تلاش کرنا- حیلہ کرنا ــــ لاهله :کمائی کرنا-

الحَرْف - ج حِرَف : کنارہ' دھار- جانب "حَرْفُ الجَبَل" پہاڑ کا تیز سرا- کہا جاتا ہے "فلان علی حَرْفٍ مِنْ اَمْرِهٖ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے-

الحَرْف :پانی بہنے کی جگہ- حرفُ السَّفِيْنَةِ او النهر : کشتی یا دریا کا کنارہ- الحَرْف ج حُرُوف و اَحْرُف : حروفِ تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے ــــ فی النحو : وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام حرف المعنی" ہے- کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں-

الحُرْف- رائی- واحد(حُرْفه)

الحُرف :محرومی-بدبختی-

الحِرْفَة-پیشہ-

حَرِيْفُ-الرَّجُل :ہم پیشہ-ج حُرَفاء

الحُرْفَة- محرومی- کم نصیبی- بدبختی-

الحَرَافَة- چرپراہٹ-

الحِرِّيف- چرپراہٹ والی چیز- کہا جاتا ہے "هذا بَصل حِرِّيف" یہ تیز پیاز ہے-

المُحْتَرِف-پیشہ ور-

المِحْرَف والمِحْرَاف- زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی-

المُحَرَّف- وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو-

المُحَارَف- محروم- کم نصیب-

الحَرَافِد- بہت سے اصیل اونٹ-

الحَرْفَدَة- اصیل لاغر اونٹنی-

اِحْرَنْفَزَ- اکٹھا ہونا- کہا جاتا ہے- "اِحْرَنْفَزُوا للرَّوَاح" جانے کیلئے اکٹھا ہوئے "اَبْيَاتٌ مُحْرَنْفِزَاتٌ" عمدہ اشعار-

اِحْرَنْفَشَ۔ سوجنا، غصّہ سے پھولنا۔ آمادۂ شرارت ہونا۔
الحِرْفِش و الحُرَافِش۔ اژدھا۔
تَحَرْفَصَ۔ سکڑنا، سمٹنا۔
الحِرْفِصَۃ۔ اصیل اُونٹنی۔ ابل (حَرَافِص) بہت سے دُبلے اُونٹ۔ اس کا واحد نہیں۔
حَرَقَہٗ (ن) حَرْقًا۔ بالنار: جلانا۔ بالمبرد: ریتی سے رگڑنا ــــ الشئَ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔
حَرَقَ (ن ض) حَرْقًا و حَرِیْقًا و حُرُوقًا۔ نابہٗ عَلَیْہِ: دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یَحْرِقُ و یُحرِّقُ عَلَیَّ الْأُرَّمَ" یعنی وہ میرے اُوپر دانت پیستا ہے۔ شدتِ غضب کے لیے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔
حَرِقَ (س) حَرَقًا۔ شعرہٗ: کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حَرِقُ) الشعر۔
حَرِقَ و حُرِقَ۔ پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔
حَرَّقَہٗ و اَحْرَقَہٗ۔ بالنار: جلانا۔
حَرَّقَ المرعی الابلَ: پیاس لگانا۔
تحرّقَ و احترقَ۔ جلنا۔
حَارَقَ مُحَارَقَۃً۔ المرأۃَ: پہلو پر لٹاکر جماع کرنا۔
الحَرَق و الحَرْق۔ مص۔ جلن۔ الحَرَق: دھوبی کے ٹھکنے سے کپڑے کی پھٹن۔ الحَروق کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔
الحَرِق۔ سخت چمک والا بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔
الحُرْقَۃ و الحَرْقَۃ۔ گرمی۔ کہا جاتا ہے "فی جَوْفِہٖ حُرْقَۃٌ" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔
الحُرَقَۃ و الحَارُوقَۃ و الحُرَّاقَۃ شمشیر بُراں۔
الحُرَاق و الحِرَاق۔ ہر چیز کو بگاڑنے والا۔
الحُراق: بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الحَرِیق۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرْقٰی۔

الحُرَّاق۔ بہت کھاری پانی۔
الحَرَّاقَۃ۔ کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حَرَّاقَاتٌ۔ عوام کے نزدیک حُرَّاقَۃ اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اُٹھ آئے۔
الحَرُوق و الحَرُّوق۔ چقماق کا سوختہ۔
الحَرِیْقَۃ۔ گری (ــــ و الحَرُوقَۃ) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔
المِحْرَق۔ ریتی۔
المُحْرَقَۃ۔ ذبیحہ جس کو اظہارِ عبودیت کیلئے جلا دیا کرتے تھے۔ ج محرَقات۔
الحَارِق۔ درندہ کا دانت۔
الحَارِقَۃ۔ پیر کی رگ یا پٹھا۔
الحُرْقَان: چلنے میں رانوں کی رگڑ۔
عمامۃ (حُرْقَانِیَّۃ) خاکستری رنگ کا عمامہ۔
الحَرْقُوَۃ۔ حلق کے کوے کا اعلیٰ حصّہ۔ سرین کے سرے کی ہڈی۔
الحِرْقِد۔ زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِد۔
الحَرْقَدَۃ۔ نرخرہ کی گرہ۔
حَرْقَصَ۔ فی المشی: قریب قریب قدم رکھنا۔ الکلامَ: جلدی جلدی بولنا۔
الحُرْقُوص۔ پسو کی مانند ایک کیڑا۔ چابک کا سرا۔ ج حَرَاقِیص۔
الحَرْقَفَۃ۔ سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حَراقف و حَرَاقِیف۔
الحُرْقُوف۔ دبلا جانور۔
الحَرْقَلَۃ۔ ایک قسم کی چال۔
الحَراقِم۔ سرخ چمڑا۔ ایک قسم کا سرخ رنگ جس سے چمڑے کو رنگتے ہیں۔
حَرَکَ (ن) حَرْکًا۔ حق ادا کرنے سے باز رہنا۔
حَرَکَہٗ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔
حَرَکَ حَارِکَہٗ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ــــ ہٗ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
حَرِکَ (س) حَرَکًا۔ کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِیْک) مؤنث حَرِیکَۃ۔
حَرُکَ (ک) حَرَکًا و حَرَکَۃً۔ ہلنا۔

حَرَّکَہٗ۔ ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حَرَّکَ مِنِّی الْأَمْرُ": مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحَارِک۔ فا۔ دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصّہ۔
الحَرَاک۔ حرکت۔
الحَرِک۔ سبک و تیز خاطر۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ حَرِکٌ" سبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاک۔ حرکت دینے کا آلہ۔ کریلنی۔
المَحْرَک۔ گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرْکَثَتْ حَرْکَثَۃً۔ الریحُ الاشجارَ: ہلانا۔
الحَرْکَلَۃ۔ سرین کا وہ حصّہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حَرَاکِک و حَرَاکِیک۔
الحُرْکُوک۔ کندھوں کے درمیان کا حصّہ۔
حَرْکَلَ۔ الصائدُ: شکار سے محروم واپس آنا۔
الحَرْکَلَۃ۔ ایک قسم کی رفتار۔ پیادے۔
حَرَمَہٗ (ض) و حَرِمَہٗ (س) حِرْمًا و حَرِیْمًا و حِرْمَانًا و حَرِمًا و حِرْمَۃً و حَرِیْمَۃً۔ الشئَ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)
حَرِمَ (س) حَرَمًا و حَرَامًا و حَرُمَ (ک) حُرْمًا و حُرُمًا و حُرْمَۃً و حُرُمَۃً و حَرَامًا۔ عَلَیْہِ الامرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ (س) حَرَمًا و حَرَامًا۔ فی القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ۔ الشَّیْئَ: حرام کرنا۔ حَرَّمَ الصلوٰۃ: نماز کا تحریمہ باندھنا (ــــ و اَحْرَمَ) ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حَرَّمہ و احرمہ فی القمار۔ غالب ہونا۔ و اَحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔ اَحْرَمَ الشَّیْئَ: حرام کرنا۔ اَحْرم عن الشئ: رکنا، باز رہنا۔
تَحَرَّمَ۔ منہ بُحُرْمَۃٍ: کسی کے ذمہ میں آکر محفوظ ہونا۔ تحرَّمَ بِہٖ: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "تحرَّمْتُ بطَعَامِكَ و مَجَالِسِكَ" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اُٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لیے جائز تھا وہ ممنوع ہو گیا۔
اِحْتَرَمَہٗ۔ ڈرنا۔ حرمت و عزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشَّیْئَ: محروم ہونا۔ "لاتحرِم

فتحترِم" میں دونوں معنی جمع ہو گئے ہیں۔یعنی ڈُرومت ورنہ خیر سے محروم رہوگے۔
اِسْتَحْرَمَ۔الشَّیْءَ :حرام سمجھنا۔
الحِرْم۔مہ۔حرام۔ایساواجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ج حُرُم۔احرام کازمانہ۔
الحُرْم۔مہ۔حج کااحرام۔
الحَرَم۔مہ۔ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس۔ ج اَحْرَام۔ الحَرَم الاقصٰی : بیت المقدس
الحَرَمَان۔مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ۔
الحِرْمَان۔محرومی۔
الحُرْمَۃ والحُرُمَۃ والحُرَمَۃ۔ذمہ، ہیبت، ہر وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔حصّہ۔قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔حُرْمَۃُ الرجل :بیوی۔ج حُرَم وحُرُمات وحُرْمات۔
الحَرْمَۃ۔حفاظت۔
الحَرِیْم۔مہ۔ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حَرِیم الرجل :جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔قصر شاہی کے ارد گرد وسیع جگہ۔ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ج حُرُم وأَحْرِمَۃ وأَحَارِیم
الحُرُم۔ ایک شخص کی بیویاں۔ الأَشْھُرُ الحُرُمُ اَربعۃ :ذوالقعدہ و ذوالحجہ و محرم و رجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل و قتال کو حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِیْمَۃ۔مہ۔ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہو جائے۔
الحَرَام۔مہ۔ضد حلال۔ج حُرُم۔کہا جاتا ہے "حرامُ اللّٰہ لا افعل ھذا" قسم کیلئے جیسے "یمینُ اللّٰہ لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجل حرامٌ وقومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا مرد، احرام باندھنے والی قوم۔دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔الشَّھْرُ الحَرَام :ماہ محرم۔البلد الحرام :

مکہ مکرمہ۔المسجدُ الحَرَام :مسجد کعبہ۔
الحَرَامِیُّ۔حرام کام کرنے والا۔
مُحَرَّم۔قمری سال کاپہلا مہینہ۔المحرَّم :جس کے لیے ذمہ ہو۔جلدٌ محرَّم :بے کمائی ہوئی کھال سَوْطٌ محرَّم :کوڑا جو نرم نہ کیا گیا ہو۔
اَعْرابِیٌّ مُحرَّم :اُجڈ دیہاتی۔
المَحْرَم۔حرام۔ج مَحَارِم۔مَحَارِمُ اللیل : رات کے خطرات۔
المُحْرِم۔احرام باندھنے والا۔صلح کرنے والا۔ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔کہا جاتا ہے "انہ لمُحْرِم عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔
المَحْرُوْم۔خیر سے روکا ہوا۔وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔وہ بد نصیب جو کمائی نہ کر سکتا ہو۔
المَحْرَمَۃ والمَحْرُمَۃ۔ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ج مَحَارِم۔
الحَرْمَلَۃ۔چھوٹا ٹیلا جس پر کچھ نہ اُگے۔
الحَیْزَم۔گائے۔واحد (حَیْزَمَۃ)
الحَوْزَم۔بہت مال۔
حَرْمَدَ۔فی الامر :اصرار کرنا۔
الحِرْمِدو الحِرْمِدْ۔رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔
حَرْمَزَہٗ۔لعنت کرنا۔
تَحَرْمَزَ۔ذکی ہونا۔
الحِرْمَاس۔چکنا۔کہا جاتا ہے "بلدٌ حِرْمَاس و اَرْضٌ حِرْمَاس" یعنی سخت۔ "سنون حَرَامِس" سخت قحط کے سال۔ اس کا واحد حِرْمِس ہے۔
الحَرْمَل۔کالا دانہ۔
حَرَنَ و حَرُنَ (ن و ک) حُرُوْنًا و حِرَانًا وحِرانًا۔ البَغْلُ : اڑ جانا۔ صفت مذکر و مؤنث (حَرُون) ج حُرُن۔ و حَرَنَ فی البیع : ٹھیک قیمت پر بیچنا۔حَرُنَ(ک) حَرُونۃ۔بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا ــــــ العسلُ فی الخلِیّۃ : شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے نکالنے میں دشواری ہونا۔وحَرَنَ القطن :دُھننا۔
المِحْرَن۔دُھنکنے کی کمان۔

المِحْرَان:شہد۔ج مَحَارِین۔
المَحَارِین۔بھونرے۔
الحَرَا۔گھر کا صحن۔کہا جاتا ہے "نَزَلْتُ بَحَرَاہُ" میں اس کے صحن میں اُترا۔آواز۔گرہ۔ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ج أَحْرَاء۔الحَرا :لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا اَنْ یکون ذاک"
الحَرَاوَۃ۔رائی وغیرہ کی تیزی۔
الحَرْوَۃ۔گلے یا سینے میں یا سر میں غصّہ یا درد کی وجہ سے جلن۔بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔
حَرَیٰ(ض) حَرْیًا۔الشَّیْءُ :گھٹنا۔کم ہونا۔
اَحْرَیٰ۔الشَّیْءَ :گھٹانا۔کم کرنا۔
تَحَرّٰی۔قابل استعمال کو طلب کرنا۔دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا ــــــ الأَمْرَ: قصد کرنا اور فضیلت دینا ــــــ بِالمَکَانِ: ٹھہرنا۔
المَحْرٰی و المَحْرَاۃ۔لائق سزاوار۔کہا جاتا ہے "ھذا الامر محریٰ او محراۃ لذلک او بذالک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔
الحَرِی۔ج حَرِیون و أَحْرِیاء مؤنث حَرِیَّۃ ج حَرِیّات و حرایا (الحَرِی) ج أَحْرَاء (الحَرَی) لائق سزاوار۔مناسب۔کہا جاتا ہے۔ "اِنَّہٗ لَحَرِیٌّ او حَرٍ او حَرًی بکذا بِاَنْ یَّفعَل کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔(اخیر کلمہ کے تثنیہ و جمع نہیں آتے)
الحَارِیَۃ۔بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہو گیا ہو۔
الأَحْرٰی۔زیادہ لائق زیادہ مناسب، زیادہ بہتر۔
حَزَّہٗ (ن) حَزًّا و إِحْتَزَّہٗ۔کاٹنا۔حَزَّ العودَ : شگاف ڈالنا۔
تَحَزَّزَ۔شگاف پڑنا۔
حَزَّ و اَحَزَّ۔علیٰ کرم فلانٍ :بڑھ جانا۔
حَزَّزَ۔اَسنانَہ :کناروں کو تیز کرنا۔
حَازَّہٗ مُحَازَّۃً و حِزَازًا۔پوری کوشش کرنا۔اچھی طرح سے تلاش و جستجو کرنا۔
الحَزُّ۔مہ۔وقت۔سخت گفتگو والا۔لکڑی وغیرہ میں شگاف۔واحد (حَزَّۃ)
الحَزَّۃ۔دردِ دل۔وقت۔کہا جاتا ہے "اِلیٰ حَزَّۃ

آتيتني قضيتُ حاجتكَ" میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت

الحَزَازُ و الحَزَازَة۔ سر کی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کیلئے قوباء ہے۔

الحَزَازَة: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد، گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حَزَازَات۔

الحَزَّاز و الحُزَّاز: ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔

حُوَازُّ القَلْبِ: دل کو آلم پہنچانے والے اُمور۔ واحد (حَازَّة)

الحَزِيز۔ سخت عمل کرنے والا ج حُزُز و حُزَّان و حِزَّان و أَحِزَّة۔

الحَزَازِيُّ۔ سخت عمل کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

المَحَزُّ۔ کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "قطع فاصاب المَحَزَّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔

المِحَزّ۔ کاٹنے کا آلہ۔ ج محازّ۔ سخت گفتگو والا۔

الحَزْز۔ سختی۔

الحُزَّة۔ نیفہ۔

حَزَأَ (ف) حَزْأً۔ الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ___ السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا ___ المرأة: جماع کرنا۔

اِحْزَوْزَأَ۔ الطائرُ۔ پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے علیحدہ ہونا ___ الابلُ: اکٹھا ہونا۔

حَزَبَه (ن) حَزْبًا۔ الويلُ الغمُّ: پہنچنا، لاحق ہونا، سخت ہونا۔ حَزَبَ القرآنَ: ایک حصہ مقرر کرکے پڑھنا۔

حَزَّبَ۔ القومَ: پارٹی پارٹی کرکے جمع کرنا۔

حَازَبَه۔ کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہنچانا۔

تَحَزَّبَ۔ القومُ: اکٹھا ہونا یا پارٹی پارٹی ہونا۔

الحُفْرة ج حُفَر و (الحَفِیْرَة) ج حَفَائِر و
(الحَفِیْر) گڑھا- قبر-
الحَافِر- فا- جانور کا کھر- ج حَوَافِر- اور
"النَقْدُ عِنْدَ الحَافِرِ" کا مطلب یہ ہے کہ جب
تم کسی جانور کو خریدو تو بغیر دام ادا کیے ہوئے وہاں
سے جدا مت ہو-
الحَافِرَة- الحافر کا مؤنث- کھودی ہوئی
زمین- ابتدائی حالت- کہا جاتا ہے "الآنَ قَدْ
تَعَسَّفَ وقَدْ کَانَ نَجِیْبًا فِی الحَافِرَةِ" اب وہ
راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتدا میں شریف تھا-
کسی چیز کی طرف لوٹنا- اور اسی سے ہے "رَجَعَ
علٰی حَافِرَتِهٖ او فی حَافِرَتِهٖ" یعنی وہ اسی راستہ
سے لوٹا جدھر سے آیا تھا یا ایک کام میں تھا پھر اس
سے علیحدہ ہو گیا اور پھر دوبارہ اسی میں مبتلا ہو گیا-
"رَجَعَ فی حَافِرَتِهٖ" یعنی بوڑھا ہو گیا-
"والتقی القومُ فَاقْتَتَلُوْا عِنْدَ الحَافِرَةِ" یعنی
قوم نے مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ کی-
الحِفْرَیٰ- ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ
سبز رہتی ہے-
الحَفَّار- کھودنے والا- عموماً گورکن کیلئے
مستعمل ہے-
المِحْفَر و المِحْفَرَة و المِحْفَار- کدال-
المَحْفُوْر-مہ- زرد دانتوں والا-
حَفَزَهٗ (ض) حَفْزًا- پیچھے سے دھکا دینا- کہا جاتا
ہے "حَفَزَ اللیلُ النهارَ" یعنی رات نے دن کو
ہٹایا- و "حَفَزُوا عَلَیْنَا الخَیْلَ و الرِّکَابَ"
انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو
جمع کر دیا ___ ہٗ بالرمح :نیزہ مارنا ___ ہٗ
عن کَذَا :دور کرنا اور جلدی کرنا ___
المرأةَ :جماع کرنا-

حَافِزَۃ۔ زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا۔

تَحَفَّزَ و اِحْتَفَزَ۔ زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا۔ کودنے کیلئے آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِحْتَفَزَ فِی مَشْیِہٖ" اس نے چلنے میں کوشش کی۔

الحَفْزُ۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ بینِی و بَیْنَکَ حَفْزًا" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔

الحَفُوزُ۔ مِنَ القِسِیِّ تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔

حَفَسَ (ض) حَفْسًا۔ کھانا۔

تَحَیْفَسَ۔ بستر پر تلملانا۔

الحِیْفَس والحَیْفَس۔ موٹا جس سے کسی چیز کی امید نہ ہو۔ بے وجہ غصہ اور راضی ہونے والا۔ الحَیْفَس: غضبناک۔

حَفَشَہٗ (ض) حَفْشًا۔ چھلکا اُتارنا۔

حَفَشَ السیلُ الوادی: بھر دینا۔ المَطر الارضَ: روئیدگی ظاہر کرنا ___ فلانًا: دھکا دینا۔

___ السیلُ: ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا۔

___ القومُ علیہ: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامر: کوشش کرنا ___ الفرسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔

حَفِشَ (س) حَفَشًا۔ السحابۃُ: یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔

حَفَّشَ و تَحَفَّشَ۔ الرجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔

الحَافِشَۃ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج حَافِشَات و حَوَافِش۔

الحِفْش۔ ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحْفَاش و حِفَاش۔ اَحْفَاش البَیْتِ: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحْفَاش الارضِ: سیہی۔ جنگلی چوہا۔ گوہ وغیرہ۔ الحِفش: اندام نہانی۔

حَفَصَ (ض) حَفْصًا۔ الشَّیئَ: جمع کرنا۔

___ الشَّیئَ من یدہ: ڈال دینا۔ گرا دینا۔

الحُفَاصَۃ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الحَفْص۔ مہ۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحْفَاص و حُفُوص۔

الحَفَص۔ بیر وغیرہ کی گٹھلی۔

المِحْفَصَۃ۔ چمڑے کا تھیلا۔

الحَفْصَۃ۔ بجو۔ (الحَفْصَۃ و اُمُّ حَفْصَۃ) ایک قسم کا گدھ۔ (اُمُّ حفصۃ) مرغی۔

حَفَضَ (ن) حَفْضًا۔ العودَ: موڑنا ___ و حَفَّضَ الشَّیئَ: ہاتھ سے گرانا ___ الارضَ: خشک کرنا ___ القومَ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا ___ اللّٰہُ عنہ: تخفیف کرنا۔

الحَفَض۔ گھر کا سامان جو بار کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا۔ اونٹ۔ بورا جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اونٹ۔ کہا جاتا ہے "انہ لَحَفَضُ عِلْمٍ" وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حَفَض سے قلت کی بنا پر تشبیہہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے۔ "نِعْمَ حَفَضُ العِلمِ ھذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے۔ ج اَحْفَاض و حِفَاض۔

حَفِظَ (س) حِفْظًا۔ الشَّیئَ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب و خستہ ہونے سے بچانا۔

___ الکتابَ: زبانی یاد کرنا ___ السِّرَّ: چھپانا۔

___ المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

حَفَّظَہٗ۔ الکتابَ: یاد کرانا۔

حَافَظَہٗ حِفَاظًا و مُحَافَظَۃً۔ علی الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا ___ عنہ: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَذُوْ حِفَاظٍ و ذُوْ مُحَافَظَۃٍ" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔

اَحْفَظَہٗ۔ غصہ دلانا۔

اِحْتَفَظَ۔ غضبناک ہونا ___ بہٖ: یاد کرنا۔

___ الشَّیئَ و بہٖ لنفسہ: اپنے لیے خاص کرنا۔

تَحَفَّظَ۔ عنہ و منہ: بچنا ___ بہٖ الکتابَ: تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔

اِسْتَحْفَظَہٗ۔ مالًا و سِرًّا: محفوظ رکھنے کو کہنا۔

الحِفْظ۔ مہ۔ یاد۔ ہوشیاری۔

الحَفِیْظَۃ۔ نگہبانی۔ تعویذ۔ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حَفَائِظ۔ اھل الحفائِظ: محارم کی نگہبانی کرنے والے۔

الحَفِیْظَۃ و الحِفْظَۃ۔ قابل حفاظت چیز کے لیے غضب و حمیت۔

الحَافِظ۔ فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطریق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافِظُ العَیْنِ" مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفَّاظ و حَفَظَۃ و حَافِظُون۔

الحَافِظ و الحَفِیْظ۔ من الملائکۃ: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحفیظ: محفوظ۔ نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الحَافِظَۃ۔ الحافظ کا مؤنث۔ یادداشت کی قوت۔

المُحْفِظَۃ۔ غصہ دلانے والا معاملہ۔ ج مُحْفِظَات۔ المُحْفِظَات۔ مصیبتیں۔

حَفَلَ (ض) حَفْلًا و حُفُولًا و حَفِیْلًا الماءُ: کثرت سے جمع ہونا ___ القومُ: اکٹھا ہونا ___ الدمعُ: بہت ہونا ___ الوادی بالسیل: لبالب بھرنا ___ السماءُ: بہت برسانا ___ الشَّیئَ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَفَلَہٗ و ما حَفَلَ بہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

حَفَّلَہٗ۔ اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا ___ الشَّیئَ: صیقل کرنا ___ الناقۃَ: تھن میں دودھ جمع ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔

تَحَفَّلَ۔ اللبَنُ: اکٹھا ہونا ___ فلانٌ: آراستہ ہونا ___ المَجْلِسُ: مجلس کا بھر جانا۔

اِحْتَفَلَ۔ القومُ: جمع ہونا ___ المَجْلِسُ بالنَّاس: بھرنا ___ الوادی بالسَّیْلِ: لبالب بھرنا ___ الطریقُ: واضح ہونا ___ الشَّیئُ: روشن ہونا ___ بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا ___ فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفَلَ بہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

الحَافِل۔ فا۔ ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔ وَادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جَمْعٌ حافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقۃٌ او شاۃٌ حافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ و حَوَافِلُ۔

الحَافِلَة- الحَافِل کا مؤنث- دَارٌ حَافِلَةٌ بھرا بھرا گھر- سُوْقٌ حافلة- بھرا ہوا بازار-

الحَفْل- مہ- جماعت- کہا جاتا ہے "عنده حَفْلٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے- جمع حَفْل: بڑی جماعت-

الحَفِيْل- بہت- جیسے جمع "حَفِيْلٌ" بہت جماعت "مَكَانٌ حَفِيْلٌ" بھری ہوئی جگہ "رَجُلٌ حَفِيْلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا-

الحَفُوْل- خوبصورت عورت- ج حفائل-

الحُفَال- بڑی جماعت- جمع شدہ بہت دودھ- ردی کھجور-

الحُفَالَة- ہر گھٹیا چیز- فرومایہ لوگ- حُفالة الطعام- کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے- حُفَالَةُ اللبَن: جھاگ-

الحَفْلَة- اسم المرّة- اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر حَفْلته" اس نے معاملہ میں کوشش کی- وَجَاء وا بحفْلَتِهم و بِحَفِيْلَتِهم" وہ سب کے سب آئے-

الحَفَلٰى- عام دعوت-

المَحْفِل- مجلس- ج مَحَافِل (و المحتَفَل) جمع ہونے کی جگہ- مُحْتَفَلُ الأمْرِ: معاملہ کا بڑا حصہ-

حَفْلَجَ حَفْلَجَةً- چلنے میں بدن ہلانا-

الحُفالِج- وہ شخص جو چلنے میں پاؤں کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور رکھے-

الحَفَلَّج- چھوٹا اونٹ- جمع حَفَالِج-

الحَفَلَّج: بمعنی حُفَالج-

الحِفْلِج- پست قد-

الحَفَلَّق- کمزور- بیوقوف-

حَفَنَ (ن) حَفْنًا- الشَّئَ: لپ بھر لینا ـــــ لهٗ: لپ بھر دینا-

إِحْتَفَنَ- الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا- الشَّئَ لنفسه: لینا ـــــ من الشَّئَ: بہت لینا ـــــ الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا-

الحَفْنَة والحُفْنَة- لپ بھر- والحُفْنَةُ: گڑھا- ج حُفَن-

الحَفَنَّج- پست قد-

الحَفَنْدَد- مالک مال جو مال کا بہتر منتظم ہو-

الحِفْنِس- بے حیاء بد زبان عورت-

حَفَا (ن) حفوًا- فلانا: دینا- حَفَاه من الشَّئَ: روکنا- منع کرنا- حَفَاهُ اللّٰهُ بِهٖ: عزت دینا- حَفَا البَرقُ: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا ـــــ شَارِبَه: خوب اچھی طرح مونڈنا-

حَفِيَ (س) حَفًا- زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا- ننگے پاؤں چلنا- صفت (حفٍ و حَافٍ) ج حُفَاة ـــــ الفرش: گھسے ہوئے کھر والا ہونا (ـــــ حِفَاوَة و حَفَاوَة و حِفَايَة و تَحْفَاية و إحتفى) بِهٖ: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا- کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا- حِفيَ عنه: حالت بہت پوچھنا-

حَافَاه مُحَافَاة- گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا-

أَحْفٰى إِحْفَاءً- گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا ـــــ السُّؤَالَ: بار بار دہرانا ـــــ ہ: اصرار کرنا- خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا ـــــ إِلَيْه فِي الوَصِيَّة: مبالغہ کرنا ـــــ بِه: عیب لگانا ـــــ شَارِبَه: کترنے میں مبالغہ کرنا-

تَحَفّٰى- فِي الشَّئَ: کوشش کرنا ـــــ لهٗ: بہت اکرام کرنا-

تَحَافَيَا- الى السلطان: فیصلہ کیلئے جانا-

إِحْتَفٰى- ننگے پاؤں چلنا- جوتا اتارنا ـــــ البَقلَ: چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے اکھیڑنا ـــــ القوم المرعٰى: چراگاہ میں کچھ نہ چھوڑنا-

إِسْتَحْفٰى- ہ عن كَذَا: کسی شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا-

الحَفَاء- کھر یا پاؤں کی گھسائی-

الحَفَايَة و الحُفْوَة و الحِفْيَة- بمعنی الحَفَاء-

الحَفِيُّ- کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم رکھنے والا- عزت و اکرام و اظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا- کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا- سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا- ج حُفَواء-

حَقَّهٗ (ن) حَقًّا- حق میں غالب ہونا- حق الامرَ: ثابت کرنا ـــــ الخبرَ: حقیقت پر مطلع ہونا ـــــ العقدةَ: باندھنا ـــــ الرجلَ: وسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا ـــــ الطريقَ: وسط راستہ چلنا-

حَقَّ (ض) حَقًّا- عليه ان يفعل كَذَا: واجب ہونا- کہا جاتا ہے "حَقَّ لَكَ ان تفعل كذا- و حَقَقْتَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو-

حَقَّ (ن ض) حَقًّا و حَقَّةً- الامرُ: ثابت و واجب ہونا ـــــ الحاجَة: سخت پیش آنا-

حَقَّ (س) حَقَقًا- الفرش: دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا- صفت (اَحَقُّ)

حَقَّقَهٗ- تاکید کرنا- واجب کرنا- حقق القول او الظَّن: تصدیق کرنا-

حَاقَّهٗ مُحَاقَّةً و حِقَاقًا- فی الامر: جھگڑا کرنا- اپنے حق دار ہونے کا دعوی کرنا- کہا جاتا ہے "إِنَّ لَهٗ كَذَا و كذا لا يُحَاقُّه فيه اَحَدٌ" یعنی اس کیلئے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا-

اَحَقَّ- حق کہنا- اَحَقَّه: حق میں غالب آنا اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا- کہا جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَيْه القَضَاء" یعنی قضا کو اس کے ذمہ واجب کیا- احق الرمْية: تیر اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا-

تَحَقَّقَ- الخبرُ: ثابت ہونا ـــــ الرجلُ الامر: یقین کرنا-

تَحَاقًّا- باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے جانا-

إِنْحَقَّ- الرباطُ: بندھ جانا-

إِحْتَقَّ- الفرش: دبلا ہونا- إِحْتَقَّت الطَّعْنَة بِه: فوراً مار ڈالنا- احتَقَّ القومُ: ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے- ـــــ الناقةُ: موٹی ہونا- کہا جاتا ہے "إِحْتَقَّهٗ إِلٰى كذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی-

إِسْتَحَقَّهٗ- ضروری و واجب ٹھہرانا- الدينُ: ادائیگی کا وقت قریب آنا- الناقةُ: موٹی ہونا ـــــ الرجلُ: مستحق سزا ہونا-

الحَقُّ- مہ- سچائی- راستی یقین- انصاف- ثابت شدہ حصہ- مال اور ملک- ہوشیاری- فیصل شدہ معاملہ- موت- ج حقوق اور کہا جاتا ہے

"هو حق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "ولحقُّ لا آتیک" بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًا لا آتیک" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار: گھر کے منافع۔

الحَقَّة۔ مد۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے اس وجہ سے کہ حصّہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "هذه حَقَّتِي" یہ میرا خاص حصّہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ علی حِقَّةِ ذٰلِكَ الْأَمْرِ" میں اس امر کی حقیقت پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔

الحُقُّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سُرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔ مکڑی کا جالا۔ حُقُّ الطیب: خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقَاق۔

الحُقَّة۔ چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج حُقٌّ وحُقَق وحِقَاق۔

الحِقُّ۔ من الابل: چوتھے سال والا اونٹ نر ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لیے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہو گیا۔ اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔

الحِقَّة۔ حق و واجب۔

الحَقِیق۔ لائق سزاوار کہا جاتا ہے۔ "هو حَقِيقٌ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ "هو حقیق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ والحَقِیقُ علی الشَّیْءِ: حریص۔ لالچی۔ ج أَحِقَّاء۔

الحَقِیقَة۔ وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا جاتا ہے "هو حَامِي الحَقِيقَة" وهو مِنْ حماة الحَقَائِق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔

حق۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو۔ حَقِیقَةُ الشَّیْءِ: چیز کا منتہیٰ اور اصل۔ ج حقَائِق۔

الحَاقُّ۔ فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سَقَطَ عَلٰی حَاقِّ رَاسِه" اس کے وسط سر پر گرا۔ "وجئته فی حَاقِّ الشِتَاء" میں اس کے پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و "رَكِبَ حَاقَّ الطَّرِيق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شُجَاعٌ حَاقُّ الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل ہے۔ و "أَخَذَنِي حَاقُّ الجُوْعِ" مجھے خالص بھوک لگی۔

الحَاقَّة۔ الحاق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الرَّجُل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ و "هو شجَاعٌ حَاقَّةُ الشُّجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الأَحَقُّ۔ اسم تفضیل۔ "هو أَحَقُّ مِنْ فُلَان" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے "زیداحق بماله" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق۔ مفـ۔ کلام مُحَقَّقٌ: منظم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق۔ مفـ۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هو محقوق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "هو محقوق ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِی۔ حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا وأَحْقَبَ۔ المطرُ: رُکنا ــــ العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ــــ المعدنُ: ختم ہونا ــــ نائلُ فلانٍ: کم اور منقطع ہونا ــــ الامرُ: خراب ہونا۔

أَحْقَبَهُ: پیچھے سوار کرنا۔

إِحْتَقَبَ۔ الاثم: مرتکب گناہ ہونا۔ زیدًا علی نَاقَتِهٖ پیچھے سوار کرنا (ــــ واستحقب) الشیْءَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقْب۔ ج حِقَاب و (الحُقُب) ج احقاب وأَحْقُبٌ: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب۔ اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحِقْبَة۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب و حُقُوب۔

الحُقْبَة۔ ہوا۔

الحِقَاب۔ عورت کیلئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی۔ ج حُقُب۔

الحَقِیبَة۔ وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کیلئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب۔

الحَاقِب۔ وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔

الأَحْقَب۔ گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء۔

المُحْقَب۔ لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا و حَقْدًا و حَقِيدَةً وحَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحَقَّدَ۔ علیه: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة۔ حَقِدَ المطرُ: رُکنا ــــ المَعْدَنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ــــ الناقةُ: چربی سے بھر جانا۔

أَحْقَدَهٗ۔ کینہ ور بنانا ــــ القومُ: ــــ کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

إِحْتَقَدَ۔ المطرُ: رُکنا ــــ علی فلانٍ: کینہ رکھنا۔

الحِقْدُ۔ ج أَحْقَاد و حُقُود و (الحَقِیدَة) ج حَقَائِد: کینہ۔

الحَقُود۔ بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حَقْرِيَةً۔ ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشَّیْءُ والرَّجلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا و حقُر (ک) حَقَارَةً۔ ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِیر و حَنْقَر و حُنْقُر)

حَقَّرَهٗ۔ ذلیل کرنا۔

أَحْقَرَهٗ و إِحْتَقَرَهٗ و اسْتَحْقَرَهٗ۔ چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَتْ إِلَیْهِ نفسه" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارَة والحُقَارَة و المَحْقَرَة۔ ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر مَحْقَرَة لک" یہ امر تمہارے لیے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات۔ چھوٹے چھوٹے۔

الحَفْطَة۔ پست قد یا سبک جسم والی عورت۔
الحَيْقُط و الحَيْقُطَان۔ تیتر۔ اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَيْقُطَانَة۔
حقف (ن) حُقُوفًا۔ الظبيُ : ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا ــــ الشَّيُ : ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِفٌ)
اِحْقَوْقَفَ۔ لمبا و ٹیڑھا ہونا۔
الَحِقْفُ۔ دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحْقَاف و حُقُوْف و حِقَاف و حَقَفَة و جج حقائِف۔
المِحْقَف۔ وہ شخص جو نہ کھائے نہ پیئے۔
حَقِل (س) حَقَلاً و حَقْلَةً۔ البَعيرُ او الفرسُ : مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔
حَاقَلَهُ مُحَاقَلَةً۔ کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔
اَحْقَلَت۔ الارضُ : قابل زراعت ہونا۔
اَحْقَلَ الزرعُ : پتے پھوٹنا ــــ الرجلُ فی الرکوب : سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔
الحَقْلُ۔ عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول۔ واحد۔ حَقْلَة۔
الحِقْل۔ ہودج۔ (ــــ والحَقْلة) گھوڑے یا اُونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔
الحُقْلَة۔ مثلثة۔ الحاء : دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔ الحَقْلَة : بالفتح۔ حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔
الحِقْلَة : بالکسر : پیالہ بھر سے کم۔
الحَاقِل۔ فا۔ کاشتکار۔
المَحْقَلة۔ کھیتی۔ ج مَحَاقِل۔
الحَقِيلَة و الحُقَال۔ ردی کھجور۔
الحَاقُول۔ ایک قسم کی سبز رنگ کی لمبی مچھلی۔
الحَيْقَل۔ بے خبر آدمی۔
الحِقْلِد۔ بد خو۔
الحَقَم۔ کبوتر یا کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔
الحَقِيمَان۔ کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔
حَقَنَه (ن ض) حَقْنًا۔ روک لینا۔ اور اسی سے ہے "حَقَنَ بَولَه" اس نے پیشاب کو روک لیا۔
ــــ دمَه : گرانے سے بچانا ــــ ماءَ وجهه : آبرو کی حفاظت کرنا ــــ اللبنَ : مکھن نکالنے کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا ــــ المریضَ : حقنہ سے علاج کرنا۔
اَحْقَنَ۔ مزیدار ہونے کے لیے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔
اِحْتَقَنَ۔ المریضُ : پیشاب رکنا۔ حقنہ : استعمال کرنا ــــ الدمُ : بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔
الحُقْنَة۔ ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لیے چڑھائی جائے۔ ج حُقَن۔
الحَقْنَة۔ پیٹ کا درد۔ ج اَحْقَان۔
الحَاقِن۔ فا۔ پیشاب روکنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لا رَایَ لِحَاقِن" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس لیے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل مضطر کے لیے بولتے ہیں۔
الحَاقِنَة۔ الحاقِن کا مؤنث۔ معدہ (اس معنی میں صفت غالبہ ہے اس وجہ سے کہ وہ کھانے کو روکتا ہے) ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لَاَلحَقَنَّ حَوَاقِنَكَ بِذَوَاقِنكَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِين۔ روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبَن الحَقِينَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حقنی۔
المِحْقَن و المِحْقَنَة۔ حقنہ کی پچکاری
المِحْقَن : وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے۔
المِحْقَان۔ پیشاب روکنے والا۔ عوام المِحْقَن اور المَحقَان کو پانی کی ٹینکی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاهُ (ن) حَقْوًا۔ کوکھ پر مارنا۔
حُقِيَ۔ درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوّ و مَحْقِيّ)
تَحَقَّى۔ درد کمر والا ہونا۔
الحَقْو۔ کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج حِقَاء واَحْقٍ واَحْقَاء و حُقِيّ۔ کہا جاتا ہے "لَاذَ بِحَقْوَيْهِ" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحِقَاء و الحَقْوة۔ ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَكَّ (ن) حَكًّا۔ الشَّيَ بِالشَّيْ او علیه رگڑنا۔ گھسنا ــــ الشَّيَ : چھلکا اتارنا۔
(ــــ واَحَكَّ واِحتكَّ) الكلام فی صدره : دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما حَكَّ فی صدری كذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اتری۔
حَكَّهُ واَحَكَّه اِحْكَاكًا واِحْتَكَّهُ واِسْتَحَكَّهُ۔ راسه : کھجلانا۔ واِحْتك بِالشَّيْ : کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حَاكَّ مُحَاكَّةً و حِكَاكًا۔ الرجلَ : برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَحَكَّكَ۔ بِهٖ : درپے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تحككتِ العقربُ بالحيّة" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تَحَاكَّ۔ ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔
الحِكُّ۔ شک (ــــ والحِكَّاك) خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِكٌّ او حِكَاكُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُكُّ۔ جہاز رانوں کا قطب نما (مولدة)
الحَكَّاكات۔ وسوسے۔ واحد (حَكَّاكة)
الحَكَكُ۔ رخام کی مانند سفید پتھر۔ مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔
الحِككة۔ نرم پتھروں والی زمین۔
الحُكُك۔ برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حاكٌّ)
الحِكَّة۔ حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔ حكة الانف : ایک قسم کی سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ شک۔
الحَاكَّة۔ دانت۔ کہا جاتا ہے "ما بَقِيَ فی فِيهِ حَاكَّةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں۔

الحُکَاک۔ سوڈا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔
الحُکَاکَة۔ وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔
الحَکِیْکَة: پہیلی۔ ج حَکِیْکَات۔
الاَحْکَاک۔ ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَسْتَ مِنْ اَحْکَاکِہٖ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔
الاَحَکُّ۔ دانتوں سے خالی منہ والا۔ ترشا ہوا کھر۔
الحَکَّاک۔ بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا۔
المِحَكُّ۔ کسوٹی۔
المُحَکَّک۔ مذ۔ الجِذْلُ المُحَکَّک: خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَیلُها المُحکک وعُذَیقُهَا المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اُونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔
حَکَأ (ف) حَکْأً و اَحْکَأَ و اِحْتَکَأَ۔ العقدة: باندھنا۔ اِحْتَکَأَتِ العقدةُ: سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَکَأَ الشَّئُ فی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہو گیا۔ پس مجھے شک نہیں۔
الحُکَأَة و الحُکَاءَة۔ بڑا گرگٹ۔
حَکَدَ (ض) حَکْدًا۔ الی اصلہ: رجوع کرنا۔
اَحْکَدَ و حَاکَدَ۔ اِلَیْہِ: واپس ہونا اور بھروسہ کرنا۔
حَکَرَہٗ (ض) حَکْرًا۔ گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔
حَکِرَ (س) حَکَرًا۔ اصرار کرنا۔ صفت (حَکِر) ___ بالامر: خود سر ہونا۔
حَاکَرَہٗ مُحَاکَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔
تَحَکَّرَ و اِحْتَکَرَ۔ الشَّئَ: مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا۔ و تحکّر علیہ: افسوس کرنا۔
الحَکْر۔ مد۔ (و الحُکُر) تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔

الحَکَر و الحُکْر۔ گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُکْرَة۔ غلّہ کی بندش۔
الحَاکُوْرَة۔ پائیں باغ۔ (عامیہ)
حَکَشَ (ض) حَکْشًا۔ الرجلَ: سمٹنا۔ ___ الشَّئَ: جمع کرنا ___ الرجلَ: ظلم کرنا۔
الحَکِیْص۔ وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں۔
حَکَفَ (ض) حُکُوْفًا۔ الرجلُ: کام میں سست ہونا۔
حَکَلَ (ن) حَکْلاً و اَحْکَلَ و اِحْتَکَلَ۔ الامرُ علیہ: دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَحَکَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔
الحُکْل۔ وہ جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ کَلاَمَ الحُکْل" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔
الحَکَل۔ فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔
الحُکْلَة۔ کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِہٖ حُکْلَةٌ" اس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔
حَکَمَ (ن) حَکْمًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "احکمہ فحکم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا ___ الفرَس: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حکمہ) ___ ہ عن کَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔
حَکُمَ (ک) حِکْمَةً۔ دانا ہونا۔
حَکَّمَہٗ۔ حاکم بنانا۔ حکمہ فی الامر: فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا ___ عن کَذَا: لوٹانا اور منع کرنا۔
حَاکَمَہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ حَاکَمَہ الی الْحَاکِم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا۔
اَحْکَمَ۔ الشَّئَ: مضبوطی سے کرنا۔ اَحْکَمَتْہُ التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔ اَحْکَمَ السَّفِیْنَةَ: کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا ___ ہ عن الامر: روکنا۔ منع کرنا ___ الفرَسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھئے الحکمہ)

تَحَکَّمَ۔ فی الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔
اِحْتَکَمَ۔ فی الامر: پیچ منظور کرنا ___ الناسُ الی الحاکم: مقدمہ لے جانا ___ علی فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا ___ فی الشَّئَ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا ___ الامرُ: مضبوط ہونا۔
تَحَاکَمُوْا۔ الی الحاکم: مقدمہ لے جانا۔
اِسْتَحْکَمَ۔ الامرُ: مضبوط ہونا ___ علیہ الکلامُ: مشتبہ ہونا۔
الحُکْم۔ مد۔ فیصلہ۔ ج اَحْکَام۔
الحَکَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنے والا۔ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ حَکَمٌ۔ عمر رسیدہ مرد۔
الحِکْمَة۔ انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی۔ ج حِکَم۔
الحَکَمَة۔ لگام کا وہ حصّہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو ___ من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصّہ۔ قدر و منزلت۔
الحُکُوْمَة۔ مد۔ گورنمنٹ۔
الحَاکِم۔ قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُکَّام و حَاکِمُوْن۔
الحَکِیْم۔ دانا، عالم۔ ج حُکَمَاء۔ مؤنث حَکِیْمَة۔ قصیدة حکیمة: دانائی آمیز قصیدہ۔ الحکیم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الاُحْکُوْمَة۔ تحکم فی الامر کا اسم۔
المَحْکَمَة۔ کچہری۔ ج مَحَاکِم۔
المُحَکَّم۔ مد۔ آزمودہ (___ و المُحَکِّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔
حَکَی (ض) حِکَایَةً۔ عنہ الکلامَ: نقل کرنا ___ الخبرَ: بیان کرنا ___ فلانًا: مشابہ ہونا ___ الشَّئَ: مشابہ بنانا۔ حکی علیہ: چغل خوری کرنا ___ العقیدةَ: باندھنا۔
اَحْکَی اِحْکَاءً۔ العقدةَ: باندھنا۔
حَاکَی مُحَاکَاةً۔ ہ: مشابہ ہونا۔

اِحْتَكَى اِحْتِكَاءً-الامرُ :مضبوط ہونا-
الحَكِيُّ-چغل خور-(مذکر و مؤنث)
حَلَّ(ن)حَلاًّ-العقدةَ-کھولنا-
اِنْحَلَّتِ-العقدةُ : کھل جانا-
حَلَّ(ن ض) حُلُوْلاً-علیه امرُ اللّٰہ :واجب ہونا-
حَلَّ(ن ض) حَلاًّ و حَلَلاً و حُلُوْلاً المکان وبالمکان :نازل ہونا ___ بِہٖ فی المکان : اُتارنا-
حَلَّ(ض) حَلاًّ-الشَّیُ :حلال ہونا-
___ الدینُ :ادائگی کاوقت پہنچنا-
___ الیمینُ : قسم پوری ہونا ___ الرجلُ :احرام سے نکلنا-
حُلَّ-الجامدُ :پگھلایا جانا ___ المکانُ : آباد ہونا-
حَلَّ(س) حَلَلاً- پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا-صفت(اَحَلُّ)ج حُلٌّ-
حَلَّلَ تَحْلِیْلاً و تَحِلَّةً و تَحِلاً- الشَّیَ : حلال ٹھہرانا ___ الیمینَ :کفارہ ادا کرنا-
حَلَّلَہٗ بالمکان :اُتارنا-
اَحَلَّ اِحْلاَلاً- عہد و میثاق سے آزاد ہونا ___ المُحْرِمُ :احرام سے نکل جانا-اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا ___ بنفسه : مستحق سزا ہونا-اَحَلَّہٗ بالمکان او المکانَ : اُتارنا ___ الشَّیَ : حلال کرنا ___ علیه الامرَ :واجب کرنا ___ الناقةُ علی ولدھا : دودھ جاری ہونا-
اِنْحَلَّ-کھل جانا-
تَحَلَّلَ- فی یمینه : شرطیہ قسم کھانا- جیسے واللّٰہ لا فعلن ذلک ان شاء اللّٰہ' یا الا ان یکون کَذَا ___ من یمینه :کفارہ ادا کر کے آزاد ہو جانا-تَحَلَّلَہٗ :حلال کر دینے کو چاہنا-
اِحْتَلَّ-المکان وبالمکان :اُترنا-اور ایسا ہی کہا جاتا ہے-اِحْتَلَّ القومَ وبالقومِ : وہ قوم کے پاس اُترا-
اِسْتَحَلَّ-الشَّیَ : حلال سمجھنا یا حلال کر لینا-
اِسْتَحَلَّہٗ الشَّیَ : حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا-

الحَالُّ- فا-ج حُلَّل و حُلُوْل و حُلاَّل- و (الحَلاَّل)حَالٌّ کا اسم مبالغہ- کہا جاتا ہے-"فُلاَنٌ حَلاَّلٌ للعُقَدِ کافٍ للمُهِمَّات"فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے-
الحَالُّ-تل کا تیل-
الحِلُّ-مد- حلال- مکہ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ- کسی جگہ میں اُترنے والا- جیسے "ما زلتُ حِلاًّ بهذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں-
والاشهرُ الحِلُّ :اشہر حرم کے علاوہ مہینے-
الحِلُّ :نشانہ- جس پر تیراندازی کی جائے- قسم سے بری ہونا-
الحِلُّ و الحُلُّ- احرام سے نکلنے کا وقت- کہا جاتا ہے "فعله فی حُلِّه و حُرْمِه" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا-
الحَلَّة- حلول کا اسم مرہ- نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا-(ہ ___ والحِلَّةُ) اترنے کی جگہ- مجلس- جمع ہونے کی جگہ ___ من الشَّیَ :جہت و جانب- ج حِلَل و حِلاَل- اور کہا جاتا ہے"فیه حَلَّةٌ اَوْ حِلَّةٌ" اس میں کمزوری ہے- الحِلَّة :اترنے کی ہیئت- نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو- کہا جاتا ہے"حَیٌّ حِلاَل" اُترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے-
الحُلَّة- نیا کپڑا- کپڑوں کا جوڑا- ہتھیار- کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحاربُ حُلَّتَه وبِزَّتَه" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا- ج حُلَل و حِلاَل-
الحَلاَّلَة-ج خہ(مولدة)
الحَلاَل- ضد حرام- احرام سے نکلنے والا- والسحر الحَلاَل : تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے-الحلو الحلال :کلام جس میں شک نہ ہو-
الحِلاَل-ضد حرام- کجاوہ کا سامان- عورتوں کی ایک سواری-
الحَلِیْل- حلال- شوہر(___ والحَلِیْلَة) بیوی-الحَلِیْل :گھر میں ایک ساتھ رہنے والا-ج اَحِلاَّء مؤنث حَلِیْل و حَلِیْلَة ج حَلاَئِل-
الاَحَلُّ- ٹانگوں میں کمزوری والا- مؤنث حَلاَّء ج حُلٌّ-
الاِحْلاَل-افعال حج سے فراغت-
الاِحْلِیْل- پیشاب نکلنے کا سوراخ-پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ-ج اَحَالِیل-
التَّحِلَّة- قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء
التَّحْلِیْل- بمعنی الاحلیل-
المَحَلُّ- اترنا- اُترنے کی جگہ-ج مَحَالٌّ-
مِحَلُّ-الدَّیْن :ادائگی قرض کا وقت-
المُحِلُّ- فا- رجل مُحِلٌّ : حرم کی پردہ دری کرنے والا-
المَحَلَّة- اُترنے کی جگہ (المُحِلَّتان)ہانڈی و چکی (المُحِلاَّت) ہانڈی و چکی و ڈول- مشک و پیالہ و چھری- کلہاڑی- اس لیے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہوں گی وہ ہر جگہ اُتر سکتا ہے-
المُحَلَّل- مفہ- ماء مُحَلَّل : اونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی- مکان مُحَلَّلٌ : وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اتریں- روضة او مکان مِحلال : باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں-
حلاه(ف) حَلا- بالسیف : تلوار سے مارنا ___ ہ بالسوط :کوڑے سے مارنا ___ بِہٖ الارضَ : پچھاڑ دینا- حَلاَ الشَّیَ : دینا- حَلاَ الجلدَ : کھال اُتارنا (حَلاہ و اَحلاہ) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا- حَلاَ لَہٗ حَلْوءً ا : کسی کے لیے سرمہ یا انجن رگڑنا-
حَلِیَ (س) حَلاً- الادیمُ : کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا- حَلِئَتِ الشفةُ :ہونٹ پر چھالہ پڑ جانا-
حَلاَّہٗ تَحْلِیْئًا و تَحْلِئَةً- عن الماء : دھتکارنا- پانی پر اُترنے سے روکنا ___ ہ الشَّیَ :دینا-
الحُلُوْء و الحُلاَءَة- سرمہ- چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے- ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے-
الحَلا و التِحْلِیُ و التِحْلِئَة- چمڑے کے بال- یا چمڑے کا میل و سیاہی- التحلئ : چھری لگا ہوا چمڑہ- الحَلاَء : بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ-

الحَالِقَة۔ بہت زہریلا سانپ۔
التِحْلِئَة۔ مد۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحْلِئَة" بوجھل مرد۔
المِحْلا والمِحْلاة۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔
حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا و حَلَبًا و حِلَابًا الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اشطُرَهُ" اس نے زمانے کے اُمورِ خیر و شر کو آزمایا (اشطر اُونٹنی کے تھن کے باکھ کو کہتے ہیں) و "حَلَبْتَ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔
"وَمَالَه حلبٌ ولا جَلَبٌ" اس کیلئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔
حَلَبْتُ و اَحْلَبْتُ۔ الرجلَ: دوسرے کے لیے دوہنا۔ حَلَبْتُهُ و اَحْلَبْتُهُ ناقتی: دوہنے کے لیے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا و حُلُوْبًا و اَحْلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔
حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشعرُ: کالا ہونا۔
حَالَبَه۔ ساتھ مل کر دوھنا (___ و اَحْلَبَه) مدد کرنا۔
تَحَلَّبَ و انْحَلَبَ۔ العرقُ او الدمعُ: بہنا ___ عینُه: آنسو بہانا ___ فمه: تھوک ٹپکانا۔
اِحْتَلَبَ و اِسْتَحْلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ الناقةَ: دوھنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لیے جمع ہونا۔
الحَلَبُ۔ مد۔ (___ و الحَلِيْب) دوھا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الكَرْمِ و حَلَبُ العَصِيْرِ: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِيْبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقةٌ (حَلْبى) رَكْبى او (حَلْبَانَة) رَكْبَانَة" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔
الحَلْبَة۔ ایک بار دوھنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑدوڑ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يركضُ في كلِّ حَلْبَةٍ من حَلَبَاتِ المَجْد" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَة: گھوڑے جو دوڑانے کے لیے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات و حَلَائب۔
الحَلْبَتَان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوھنے کے ہیں۔)
الحُلْبَة۔ میتھی۔ زچہ کی خوراک۔
الحُلْبَة۔ زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔
الحَالِب۔ فا۔ ج حَلَبَة۔
الحَالِبَة۔ تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البئرِ: کنوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَيْنِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔
الحَالِبَان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔
الحِلَاب۔ دودھ دوھنے کا برتن۔
الحَلَّاب۔ بہت دوھنے والا۔ "يَوْمٌ حَلَّابٌ" نمناک دن۔
الحَلُوْب و الحَلُوْبَة۔ من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب و حَلَائِب۔
الحَلَائِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔
الحُلْبُوْب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔
الحِلِبْلَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔
الحُلَّب والحُلَّبَان والحِلَّبَاب والحُلْبُوْب۔ مختلف نباتات کے نام۔
شاة (تِحِلَّابَة و تُحُلُبَة و تِحْلِبَة و تُحْلِبَة و تِحْلَبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔
المِحْلَب۔ دودھ دوھنے کا برتن۔ ج مَحَالِب۔
المَحْلَب۔ دودھ دوھنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔
المُحْلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوھتا ہے اور نر کو بیچنے کے لیے لے جاتا ہے۔ المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔
الحِلِبْد۔ چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حلبدة۔
الحَلْبَس۔ بہادر۔
الحَبَلْبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔
الحِلْبِيْس۔ شیر۔
حَلَتَ (ض) حَلْتًا۔ الراسَ: مونڈنا۔
___ الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا ___ الدَّيْنَ: ادا کرنا۔
___ ظهرَ الخَيْلِ: چمٹ کے رہنا۔
بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔
الحُلَاتَة۔ اُون کا اُکھیڑتے وقت گرا ہوا۔
الاَحْلَت۔ وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔
الحَلِيْت۔ ژالہ، پالا۔
الحَلِيْت و الحِلْتِيْت۔ ہینگ۔
الحِلْتِيْت۔ ہینگ۔
حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا۔ الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ___ في المشي: آہستہ آہستہ چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ___ القومُ لَيْلَتَهُمْ: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القومُ يَحْلِجُوْنَ لَيْلَتَهُم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلاّج) اور صفت مفعولی (حَلِيْج و مَحْلُوْج)
___ الحَبْلَ: بٹنا ___ الرجلَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
تَحَلَّجَ۔ الحَلُوْجُ: بادل کا چمکنا ___ في صدره: کھٹکنا۔
اِحْتَلَجَ۔ حَقَّه: لینا۔
الحَلْجَة و الحَلَجَة۔ مسافت۔
الحِلَاجَة۔ دھننے کا پیشہ۔
الحَلُوْج۔ چمکنے والا بادل۔
الحُلُج۔ بہت کھانے والے۔
الحَلِيْجَة۔ دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔ ج حُلُج۔
المِحْلَج والمِحْلاج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحَالِج و مَحَالِيج۔ المَحْلَج: لکڑی

جس پر چرخی گھومتی ہے۔

المِخْلَج والمِخْلَجَة : وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔

حَلْحَلَ۔ الشئَ : حرکت دینا۔ ہٹانا ـــــ القومَ : قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔

تَحَلْحَلَ۔ عن مکانه : حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔

الحُلاَحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل (انہی معانی میں مُحَلحَل و مُلَحْلَح بھی ہیں۔)

حَلَزَ (ن) حَلْزًا۔ الجلدَ او العَوْدَ : چھیلنا۔

تَحَلَّزَ۔ الشَّئَ : باقی رہنا ـــــ القلب : درد مند ہونا ـــــ للامر : تیار ہونا ـــــ بالمکان : اقامت کرنا۔

إِحْتَلَزَ۔ منه حقه : لینا۔

الحِلِزُّ۔ بخیل۔ بد خلق۔ پست قد۔ اُلو۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد (حلزة)

الحَلَزُوْن۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ گھونگا۔

الحَلَزُونَة۔ فی عرف الحدادین والنجارین : لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل أو خط (حَلَزُونِی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔

حَلَسَ (ض) حَلْسًا۔ البعیرَ : ٹاٹ سے ڈھانپنا ـــــ الرجلُ بِالشَّئِ : بہت حریص ہونا ـــــ السماءُ : لگاتار نرم برسنا۔

حَلِسَ (س) حَلَسًا و تَحَلَّسَ۔ بالمکان : کسی جگہ میں جم کے رہنا ـــــ لِلْاَمرِ : کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منه بشئٍ و ما تحلَّس شیئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔

اَحْلَسَ۔ الرجلُ : مفلس ہونا ـــــ فلانًا فی البیع : نقصان پہنچانا ـــــ ہ : عہد و میثاق کرنا۔ اَحْلَسَتِ السماءُ : لگاتار ہلکی بارش ہونا ـــــ الارض : سرسبز ہونا۔ اَحْلَسَه الخوفَ : خوف لازم کرنا۔

حَالَسَهٗ۔ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ : ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اَحْلَسَ۔ سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (احْلَس) مؤنث (حَلْسَاء)

إِسْتَحْلَسَت۔ الارضُ : سرسبز ہونا۔ ـــــ النبتُ : زمین کو ڈھانپ لینا ـــــ اللیلُ : سخت تاریک ہونا ـــــ الخوفُ فلانًا : خوف کا لازم رہنا۔

الحِلْس و الحَلَس ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحْلاس و حُلُوْس و حِلَسَة۔ اَحْلاَسُ الخیل : گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بیته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابل مذمت ہے۔ "وھو حِلْسٌ من اَحْلاَسِ البِلاَدِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے (اور یہ قابل مدح ہے) و "کونوا اَحْلاَس بُیُوتِکُم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو و "ھذا لَیْس مِن اَحْلاَس فلان" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ و "رَفَضْتُ کَذَا و نقضتُ اخلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس : عہد و پیمان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُم حِلْسٍ : گدھی۔

الحَلْس۔ سم۔ عہد و پیمان۔

الحَلِس۔ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔

الحَلُوْس۔ حریص۔ لالچی۔

ارض (مُحْلِسَة) وہ زمین جس میں گھاس بہت اگی ہوئی ہو۔

الحِلْسِمُ۔ لالچی۔ حریص۔

حَلَطَ (ن) حَلْطًا۔ قسم کھانا ـــــ فی الامر : اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔

حَلِطَ (س) حَلَطًا و اِحْتَلَطَ۔ علیه : غضبناک ہونا ـــــ منه : رنج ہونا۔

اَحْلَطَ۔ بمعنی حَلَطَ ـــــ ہ : غضبناک کرنا ـــــ بالمکان : اقامت ـــــ فی الیمین : کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوْفًا و مَحْلُوْفَة و مَحْلُوْفَاء۔ بالله : قسم کھانا۔

اَحْلَفَهٗ و حَلَّفَهٗ و اِسْتَحْلَفَهٗ۔ قسم کھلانا۔

حَالَفَهٗ مُحَالَفَةً۔ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حزنه : غم کا لازم ہونا۔

تَحَالَفُوْا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلْف و الحِلْف و الاُحْلُوْفَة۔ قسم۔

الحِلْف۔ سم۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحْلاَف۔ کہا جاتا ہے "فلان حَلِف کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔

الحَلْفَاء۔ ایک بوٹی تو کیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اگتی ہے۔ واحد حَلَفَة و حَلْفَاء۔

الحَلْفَاء۔ بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلْف و حُلُف۔

ارض (حَلِفَة و مَحْلِفَة) حلفاء گھاس والی زمین۔

الحُلاَفِیُّ۔ وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اگے۔

الحَلاَّف و الحَلاَّفَة۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

الحَلِیْف۔ عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیْفُ الجُوْد" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے، یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِیْفُ اللِسَانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء۔

المُحْلِف۔ شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لیے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا غلامٌ مُحْلِف" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔

الحِلْفِس۔ بہت گوشت والی بکری۔

الحُلْفُق۔ جنگلہ۔

حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تَحْلاَقًا۔ الراسَ : مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) حَلْقًا۔ الرجلَ : حلق پر مارنا ـــــ الحوضَ : بھرنا ـــــ الشَّئَ : چھیلنا۔ الشَّلَّةُ القَوْمَ : مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَلْقی) ـــــ القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا : ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) حَلَقًا۔ حلق کے درد والا ہونا۔

حَلَّقَ۔ الراسَ : مونڈنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) ـــــ الطائرُ : اڑنے میں چکر لگانا

____ القمرُ: ہالہ پڑنا ____ الشیءَ: حلقہ کی مانند بنانا۔
____ الاناءُ مِن الشراب: بھرنا۔
الحوضُ: خشک ہونا ____ عَیْنُ الحیوان: دھنس جانا ____ النجمُ: بلند ہونا ____ ضرعُ الناقة: دودھ کا خشک ہو جانا۔
اَحْلَقَ۔ الاناءَ او الحوضَ: بھرنا۔
تَحَلَّقَ۔ القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا ____ القمرُ: ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ۔ الرأسَ: مونڈنا۔
الحَلْق۔ مذ۔ گلا۔ ج اَحْلاق و حُلُوق و حُلُق۔ حُلُوق۔ الارض: نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِي حُلُوقِ الطَّرِيق" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔ الحَلْق۔ بدبختی۔
الحَلْقَة۔ ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسّی۔ ج حَلَق و حَلَقات۔ و حلقة القوم: قوم کا دائرہ ____ کہا جاتا ہے "سَأَلَهُ فِي حَلْقَتِهِ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض: حوض کا بھرنا۔
حَلِقَةُ۔ الباب او القوم: دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلَق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
الحَلِق۔ بے بال کا۔ رأسٌ حَلِقٌ: بے بال کا سر۔
الحَلاقِ و حَلاقِ۔ بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة: موت۔
الحِلاق۔ گلا۔
الحُلاق و الحَوَالِق۔ گلے کا درد۔
الحَلّاق۔ نائی حجام۔
الحُلاقَة۔ مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاقَة۔ نائی کا پیشہ۔
الحَالِق۔ فا۔ ج حَلَقَة ____ مِن الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء مِنْ حَالِقٍ" وہ بلند جگہ سے آیا و "هَوَى مِنْ حَالِقٍ" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔ "ضرعٌ حَالِقٌ"۔ بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سمٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق و حَوَالِق۔

الحَالِقَة۔ الحالق کا مؤنث۔ موت۔ برا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔
الحَالُوق۔ موت۔
الحَالُوقَة۔ مِنَ السيوف او الرجال: تیز۔
الحَوْلَق و الحَيْلَق۔ بلا و مصیبت۔
الحَوْلَقَة۔ "لاحول ولا قوة الا بالله" کہنا۔
الحَلِيق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِيق و لِحيَة حَلِيق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ ج حَلْقَى۔
المِحْلَق۔ استرہ۔ سخت کمبل۔
الحِلْقِد۔ بدخو۔
حَلْقَمَه۔ گلا کاٹنا۔
الحَلْقُوم۔ گلا۔ ج حَلاقِيم۔
حَلِكَ (س) حُلُوكَةً و حَلَكًا و حُلُوكًا و اِحْلَوْلَكَ و اِسْتَحْلَكَ۔ سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِك و حَلِك)
الحَلَك و الحُلكَة۔ سخت سیاہی۔
الحَلْكُوكُ و الحَلْكَاءُ و الحُلْكَاءُ و الحَلَكَاء و الحُلَكَاءُ و الحُلْكِيُّ۔
الحُلْكُوك و الحُلْكُلِك۔ سخت سیاہ۔
الحَلْكَم۔ سیاہ۔
الحَلْكَمَه۔ سیاہی۔
حَلَمَ (ن) حُلْمًا و حُلُمًا۔ في نومه: خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَهُ و حَلَمَ بِه" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبيُّ (و احتلم) بالغ ہونا۔ (____ حَلَمًا) الجلدَ: کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْمًا۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حليم) ج حُلَمَاء و اَحْلَام۔ مؤنث حَلِيمَة۔
حَلِمَ (س) حَلَمًا۔ الجلدُ: خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم و حَلِيم)
اَحْلَمَتِ۔ المرأةُ: حلیم و بردبار بچے جننا۔
حَلَّمَهُ تَحْلِيمًا و حِلَّامًا۔ بردبار بنانا۔ حَلَّمَ الجلدَ: کیڑے نکالنا ____ القِرْبَة: بھرنا۔
تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا ____ الحِلْمَ: بردباری سے کام لینا ____ الرجلُ: موٹا ہونا۔ تحلّمت القربةُ: پانی سے بھر جانا۔
تحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔

اِنْحَلَمَ و اِحْتَلَمَ۔ في نومه: خواب دیکھنا۔
الحِلْم۔ صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاهَةَ الشيخِ لا حِلْمَ بَعْدَهُ" عقل۔ ج اَحْلام و حُلُوم۔ کہا جاتا ہے "تَأْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلْم۔ مذ۔ خواب۔ ج اَحْلَام۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذه اَحْلَام نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَة۔ سرپستان۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ ج حَلَم۔
الحَلِيم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔
الحُلاَّم۔ بکری کا بچہ۔
الحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہو جائے۔
الحَيْلَم۔ چھوٹے جانور۔
التَحْلِمَة۔ بہت کیڑے والا۔ ج تَحَالِم۔
الاَحْلام۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)
حَلاَ (ن) و حَلُوَ (ک) و حَلِيَ (س) حَلاوَةً و حُلْوَانًا۔ میٹھا ہونا ____ الفاكهةُ: پختہ ہونا حَلاَ لَهُ الشَّيءُ: لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے۔ حَلِيَ في عيني و بعيني" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلاَ منه بخير: خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلاَهُ (ن) و حَلْوًا و حُلْوَانًا۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاه كَذَا او بكذا: دینا۔ کہا جاتا ہے "حلاه حلوانه" اس نے اسے بدلہ دیا۔
(____ و حَلَّى) الشَّيءَ (تَحْلِيَة) میٹھا بنانا۔
(حالى مُحَالاةً) الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔
اَحْلاَهُ اِحْلاءً۔ میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما يُمِرُّ ولا يُحْلي" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا۔
تحلّت۔ المرأةُ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلّى فلانٌ بِمَا لَيْسَ فِيهِ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے

اندر نہیں ہیں۔

تَحَلّٰی و اِحْلَوْلٰی و اِسْتَحْلٰی۔ الشَّیَٔ: میٹھا پانا۔ و اِحْلَوْلٰی الشَّیُٔ: میٹھا ہونا۔

تَحَالٰی۔ حلاوت ظاہر کرنا۔

الحُلْو۔ میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔

الحُلْوَان۔ دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر۔ بدلہ۔

الحَلَاءَ ة والحَلَاوَة والحَلَاوَاء والحُلَاوٰی۔ مِنَ القفاء۔ گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلَاوٰی۔

الحَلْوَاء والحَلْوٰی۔ حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلَاوٰی۔

الحَلْوَانِی۔ حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔

الحُلْوُ۔ مِنَ الرجال: دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔

الحَلِیُّ۔ لذیذ اور میٹھا۔ ناقةٌ حلیَةٌ:

حَلّٰی (ض) حَلْیًا۔ المرأةَ: عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَلِیَتْ (س) حَلْیًا۔ المرأةُ: زیور پہننا۔ صفت (حالٍ و حَالِیَة) ج حَوَالٍ۔ کہا جاتا ہے "شجرة حالیة" پتے والا پھل دار درخت۔

حلِیَ منه بخیر: خیر و منفعت پہنچانا۔

حَلّٰی تَحْلِیَة۔ المرأةَ: زیور پہنانا یا زیور بنانا۔ و حَلّٰی الشَّیَٔ: آراستہ کرنا۔

تَحَلّٰی۔ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔

الحَلٰی۔ پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔

الحَلْیُ۔ ج حُلِیٌّ و حِلِیٌّ و (الحِلْیَة) ج حِلًی و حُلًی (خلافِ قیاس) زیور۔ حِلْیَة الانسان: انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔

الحَلِیُّ۔ خشک۔

حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنّورَ: گرم کرنا۔ الشحمة: پگھلانا ___ الماءَ: گرم کرنا ___ الارتحالَ: جلدی کرنا۔ حَمَّ اللّٰہ له کَذَا: مقدر کرنا ___ الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّه" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔

حُمَّ۔ الامرُ: فیصلہ کیا جانا ___ الشَّیُٔ: قریب ہونا ___ الرجلُ: بخار زدہ ہونا ___ له کَذَا: مقدر کیا جانا۔

حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا ___ الماءُ: گرم ہونا۔

حَمَّمَ۔ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ___ الرأسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا ___ المکانُ: روئیدگی ظاہر ہونا ___ الشَّیَٔ: کالا کرنا ___ الماءَ: گرم کرنا ___ الرجلَ: کوئلے سے منہ کالا کرنا۔ ___ المرأةَ: طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔

أَحَمَّهُ۔ اللّٰهُ: بخار میں مبتلا کرنا۔ أَحَمَّ الشَّیُٔ: قریب ہونا ___ المکانُ: بہت بخار والی جگہ ہونا ___ الماءَ: گرم کرنا ___ اللّٰہ له کَذَا: مقدر کرنا ___ الشَّیَٔ: کالا کرنا ___ الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔

تَحَمَّمَ: کالا ہونا۔

اِحْتَمَّ۔ غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ___ العینُ: بغیر درد کے بیدار رہنا۔

اِسْتَحَمَّ۔ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔

الحَمُّ۔ سہ۔ حَمُّ الظَّهِیرَةِ: دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ حَمٌّ عن ذٰلک او مِنْه" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشَّیِٔ و (حُمُّه) چیز کا بڑا حصہ۔

الحُمّٰی۔ بخار۔ ج حُمَّیَات۔

الحَمَّة۔ گرم پانی کا چشمہ۔

الحُمَّة۔ سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدور و فیصلہ شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّةَ الفِرَاقِ" کہا جاتا ہے "عجلت بِنَادِیکُمْ حُمَّةُ الفِرَاقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم و حِمام۔

الحُمَم۔ حُمَّة کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَة)

الحِمَّة۔ موت۔ پسینہ۔

الحَمَام۔ کبوتر۔ واحد (حَمَامَة) اور کہا گیا ہے کہ حمامة کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لیے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمَائِم و حَمَامَات

حَمَامُ الزَّاجِل او الزِّجَال: پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔

سَاقُ الحمام و رعیُ الحمام: دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمَام: انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحَمام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔

الحِمَام۔ موت۔

الحُمَام۔ جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔

الحُمَامٰی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی۔

الحَمَّام۔ غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمَّامَات۔

الحَمَّامِی۔ حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔

الحَامَّة۔ اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اونٹ۔

الحَمِیم۔ قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج أَحِمَّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمَائِم۔ الحَمِیم: گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِیمٌ بِالحَاجَةِ" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔

الحَمِیمَة۔ حمیم کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اونٹ۔ ج حَمَائِم۔

الأَحَمّ۔ بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمّ۔

المِحَمُّ۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔

المُحِمُّ۔ قریب۔

المُحَامُّ۔ ثابت۔

المَحْمُوم۔ بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل بِهِ القَضَاءُ المَحْمُومُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔

المُسْتَحَمُّ۔ غسل کرنے کی جگہ۔

الیَحْمُوم۔ کالا دھواں۔

حَمَأَ (ف) حَمْأً۔ البئر: کنوئیں سے

کیچڑ نکالنا

حَمِئَ (س) حَمْأً و حَمَأً- الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا- صفت- حَمِئٌ-

أحْمَأَ- البئرَ: کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا-

الحَمْء والحَمَأ والحمو والحما بلاھمزۃ: عورت کا خسر- شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور- جیٹھ- خسر-

الحَمَأُ و الحَمأۃ- کیچڑ-

حَمَتَہُ (ض) حَمْتًا- اللّٰہ علیہ:

حَمِتَ (س) حَمْتًا- الجوزُ وغیرہ: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا-

حَمُتَ (ک) حُمُوْتَۃً- الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا-

تَحَمَّتَ- اللونُ او الطعمُ: رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا-

الحَمْت- مـ- یَوْمٌ حَمْتٌ: سخت گرم دن- تمر (حَمْت و حامِتٌ) بہت میٹھی کھجور-

الحَمِیْت- مِنَ اللون او الطعم: خالص و صاف رنگ یا مزہ- کہا جاتا ہے "تمر حمیت و عَسَلٌ حَمِیْتٌ" اچھے رنگ والی کھجور- خالص شہد- غضبٌ حَمِیْتٌ: سخت غصہ-

الحَمِیْت: بال وار مشک جس میں گھی، شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں- بعضوں نے کہا کہ حمیت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں-

حَمْحَتَ- العینُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا-

حَمَّجَ الوَجْہُ: چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا-

حَمَّجَ اِلَیْہِ: تیز نظر سے دیکھنا ـــــ عینہ: گھور کر دیکھنا-

الحُمْوُج- ج- ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ-

حَمْحَمَ و تَحَمْحَمَ- البرذونُ او الفرسُ: ہنہنانا- تَحَمْحَمَ: کالا ہونا-

الحَمَاحِم- چوڑے پتے کا پودینہ- واحد (حَمَاحِمَۃ)

الحِمْحِم و الحُمْحُم- ایک قسم کا پرندہ گاؤ زبان- واحد (حِمْحِمَۃ و حُمْحُمَۃ)

حَمِدَہُ (س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و مَحْمِدًا و مَحْمَدَۃً و مَحْمِدَۃً- فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ـــــ ہ علی امر: بدلہ دینا ـــــ الشَّیْءَ: قابل تعریف پانا- اور کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ اِلَیْکَ اللّٰہَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی-

حَمَّدَ- اللّٰہَ: بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا-

اَحْمَدَ- قابل تعریف کام کرنا ـــــ الشَّیْءُ: قابل تعریف ہونا ـــــ الشَّیْءَ: قابل تعریف پانا ـــــ ہ: فعل پر راضی ہونا- تعریف کا حقدار ظاہر ہونا-

تَحَمَّدَ- بالشَّیْءِ علی فلان: احسان جتانا- اور کہا جاتا ہے "یَتَحَمَّدُ النَّاسَ بِفَضْلِہٖ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے-

اِسْتَحْمَدَ- اللّٰہ الی خلقہ- مخلوق کو انعام و احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا-

اَلْحَمْدُ- مـ- تعریف- تعریف کیا ہوا- کہا جاتا ہے "رجل حَمْدٌ و امْرَأۃٌ حَمْدۃ" تعریف کیا ہوا مرد، تعریف کی ہوئی عورت-

حَمادِ- لہ: بمعنی حمدًا لہٗ-

الحَمَاد- غایت- انتہائی کوشش- کہا جاتا ہے "حُمَادُکَ اَوْ حُمَادَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو-

الحَمَّاد و الحُمَدَۃ- بہت تعریف کرنے والا-

المَحْمَدَۃ- قابل تعریف کام- ج مَحَامِد-

المُحَمَّد- بہت عمدہ خصلتوں والا- نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی-

الحَمِیْد و الحَمُوْد- تعریف کرنے والا- تعریف کیا ہوا- مؤنث حَمِیْدَۃ-

الحُمَدَۃ- بہت تعریف کرنے والا-

حَمَدَۃُ- النار: آگ کے شعلہ کی آواز-

حَمْدَلَ- الحمد للہ کہنا-

الحُمَادِیُّ- گرمی کی سختی-

حَمِرَ (س) حَمَرًا- الفرسُ: بدہضمی والا ہونا، یا بدبودار منہ والا ہونا- صفت (حَمِرٌ) ـــــ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا-

حَمَرَ- الجلدَ: بری دباغت دینا- الشَّیْءَ: سرخ رنگنا ـــــ ہ: کسی کو اے گدھے کہنا-

اَحْمَرَ- سرخ بچہ والا ہونا ـــــ الدابۃَ: چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے-

اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا- سرخ ہونا-

اِحْمَارَّ اِحْمِیْرَارًا- بتدریج بہت سرخ ہونا-

اِنْحَمَرَ- ماعلی الجلد: کھرچا جانا-

الحُمَر- ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر کہتے ہیں (ـــــ و الحُمَّر) ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرۃ و حُمَّرۃ)

الحُمْرَۃ- سرخ رنگ- ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں- حَشِیْشَۃُ الحُمْرۃ: ایک قسم کا زہریلا پودہ-

الحِمَار- گدھا- اس کی دو قسمیں ہیں- اہلی اور جنگلی- اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش و حمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں- ج حَمِیْر و اَحْمِرَۃ و حُمُر و حُمُوْر و حُمُرات- مؤنث حِمَارَۃ ج حَمَائِر- حِمَارۃ القدم: پشت قدم- اُذُن الحمار و قِثَّاء الحمار: دو پودوں کے نام- حِمَارُ الزَّرَدِ: ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں-

الحَمَارَّۃ- گرمی کی شدت- ج حمارٌ-

الحَمَّارَۃ- گدھے والے- واحد حَمَّار- جیسے جَمَّال و بَغَّال- دوغلا گھوڑا-

الاَحْمَر- جس کا رنگ سرخ ہو- ج اَحَامِر- سرخ رنگ سے رنگا ہوا- ج حُمْر و حُمْران- سونا- زعفران- گوشت- شراب- کہتے ہیں- "نحن مِنْ أھلِ الاَسْوَدَیْنِ لامِنْ أھلِ الاَحْمَرَیْنِ" ہم کھجور اور پانی والے ہیں- گوشت اور شراب والے نہیں- الموت الاحمر: قتل- کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے-

الحَمْرَاء- الاحمر کا مؤنث- سخت سال- گرمی کی شدت- الحمراء أو القلعۃ الحمراء: غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے-

الحَمْرَاء: تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحَمَائِر بھی کہتے ہیں-

الأحْمَرِيُّ۔ سخت سرخ۔
الحِمِّر۔ گرمی کی سخت شدت۔ بڑا آدمی۔
غَيْثٌ حَمِرٌ: تیز بارش۔
الحُمَّرَة۔ ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَر۔ کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس۔ ج مَحَامِر۔ المِحْمَر: دوغلا گھوڑا۔
اليَحْمُوْر۔ سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ اور بقول بعض گورخر۔
الحَمْزَدَة۔ حوض کی تہ کی کیچڑ۔
الحُمَارِس۔ سخت۔ شیر۔ دلاور۔
الحِمْزِفَة۔ اُون۔
حَمَزَ (ض) حَمْزًا۔ الخردلُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا ___ الشفرة: تیز کرنا۔
حَمُزَ (ک) حَمَازَةً۔ سخت ہونا۔ ___ الشراب: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحَامِز۔ فا۔ حامز الفؤاد: تیز فہم، عقلمند۔
الحَمِيز۔ سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
الحَمْزَة۔ شیر۔
حَمَسَهُ (ض ن) حَمْسًا۔ غضبناک کرنا ___ اللحمَ: بھوننا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا۔ دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغی: گھمسان کی جنگ ہونا ___ الامرُ: سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حمس (ض) حَمْسًا۔ دلیر ہونا۔
حَمَّسَهُ و أَحْمَسَهُ۔ جوش دلانا۔ غضبناک کرنا ___ الدواءَ و نحوه: نیم گرم ہونا۔
تَحَمَّسَ۔ جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔
إِحْتَمَسَ۔ جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القِرنَانِ: باہم جنگ کرنا۔
تَحَامَسَ۔ القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحَمَاس۔ سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحماسة۔ معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الأَحْمَس۔ دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْسَاء۔ ج حُمْس و أَحَامِس۔ سَنَةٌ حَمْسَاء: سخت سال۔ سِنُون أَحَامِس۔
حُمْس: بہت سے سخت سال۔ الحُمْس: سخت جنگیں۔
الحَمِيْس۔ دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمِيْسَة۔ بھونا ہوا۔
الحَمْس۔ آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔
الحُمْسَة۔ عزت۔
الحَمْسَة۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمَس۔
حَمَشَهُ (ن) حَمْشًا۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشَّيءَ: جمع کرنا ___ القومَ: غصہ سے چلانا۔
حَمَشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوْشَةً۔ الساقُ: باریک ہونا۔
حَمِشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ واحْتَمَشَ واسْتَحْمَشَ۔ غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمَشًا و حَمْشًا۔ الرَّجلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ واحْمَش) ج حِمَاش و حُمْش۔ کہا جاتا ہے۔ "رجالٌ حِمَاشُ السُّوْق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "وسُوْقٌ حِمَاس" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَهُ۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔
حَمَّشَ الشَّيءَ: جمع کرنا ___ الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
أَحْمَشَهُ۔ غضبناک کرنا۔ أَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا ___ القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ___ الحربَ: تیز کرنا۔
الحَمِيْش۔ پگھلائی ہوئی چربی۔
حَمَصَ۔ (ن) حَمْصًا و حُمُوْصًا۔ الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حميص) ___ الورمُ: ورم کا ختم ہونا ___ الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا ___ الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ۔ الحَبَّ: بھوننا۔
تَحَمَّصَ۔ الرجلُ: سمٹنا ___ اللحمُ: خشک ہونا۔
إِنْحَمَصَ۔ الورمُ: کم ہونا ___ منه: سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص و الحِمِّص۔ چنا۔ واحد (حِمَّصة و حِمِّصَة)
الحَمِيْص۔ بھونا ہوا۔
الحَمِيْصَة و المَحْمُوْصَة۔ چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيْصَة کی جمع حَمَائِص۔
المِحْمَصَة۔ غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ن) حَمْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوْضَةً۔ کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا۔ عنه: ناپسند کرنا ___ به: خواہش کرنا۔ (___ و أَحْمَضَ و حَمَّضَ) الجملُ: نمکین و کڑوے پودے چرنا۔
حَمَّضَ و أَحْمَضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمِّضْ لَنَا في القِرَى" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی،
حَمَّضَ و أَحْمَضَ الشَّيءَ: کھٹا کرنا ___ الشَّيءَ عنه: پھیر دینا۔ أَحْمَضَ المكانُ: بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا۔ صفت (مُحْمِض)
تَخَالَفُوْا و اِخْتَلَفُوْا- اختلاف کرنا- ناموافق ہونا- اِخْتَلَفَه: جانشین ہونا- پیچھے کرنا- پیچھے سے پکڑنا- و اِخْتَلَفَ اِلَی المکانِ: بار بار جانا-
اِسْتَخْلَفَهٗ- اپنا جانشین بنانا ـــــ فلانًا من فلانٍ: قائم مقام کرنا- اِسْتَخْلَفَتِ الارضُ: گرمی کی گھاس کو اُگانا- اِسْتَخْلَفَ الرَّجُلُ لِاَهْلِه: اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا- پانی پلانا-
الخَلْف- مہ- ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هٰؤُلاَءِ خَلْفُ سُوْءٍ" اُن لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں- ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سَكَتَ اَلْفًا و نَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات- کلہاڑی کی دھار، بڑا کلہاڑا- بے نفع شخص- پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی- ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے- بمعنی پیچھے و بعد ازاں-
الخُلْف- وعدہ پورا نہ کرنا- خلاف مفروض خلیف کی جمع- قِيَاسُ الخُلْفِ: منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا-
الخِلْف- مخلف- اونٹنی کے تھن کا سرا- موسم بہار کی گھاس- ج اَخْلاَف و خِلْفَة
الخِلْفَان: دو مختلف صفات والے- کہا جاتا ہے "لَهٗ وَلَدَانِ خِلْفَانِ" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے- اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَيْنِ" اونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے- ذَاتُ الخِلْفَيْنِ" کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں- ج ذَوَاتُ الخِلْفَيْنِ-
الخَلَف- ولد یا ولد صالح- بدلہ- کہا جاتا ہے "فی هٰؤُلاَءِ القومِ خَلَفٌ مِمَّنْ مَضٰی" یعنی

اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاکَ اللّٰہُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ کِرَامٌ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "ھُوَ خَلَفُ صِدْقٍ عَنْ اَبِیْہِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف۔ فا۔ بیوقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نَبِیْذٌ خَالِفٌ: بگڑی ہوئی شراب۔ الخَالِف: گوشت جس میں کچھ بو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخَالِفَة۔ الخالف کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رَجُلٌ خَالِفَةٌ: بیوقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ خَالِفَۃٍ ھُوَ وَاَیُّ الخالف ھُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف۔ عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلَاف۔ ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المَسَائِلُ الخِلَافِیَۃ: مختلف فیہ مسائل۔

الخِلَافَة۔ امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخِلْفَة۔ مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خِلَف۔

الخِلْفَة۔ آنا جانا۔ مخالفہ۔ مختلف۔ کپڑے کا پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "ھُنَّ یَمْشِیْنَ خِلْفَۃً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں و "جَعَلَ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ خِلْفَۃً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ و "قَوْمٌ خِلْفَۃٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ و "فِی البِئْرِ خِلْفَۃٌ مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة۔ مخالفت۔ بیوقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلِیْف۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلُف و خُلْف و خَلَف۔

الخَلِیْف: وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکالے۔

الخَلِیْفَة۔ جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا خَلِیْفَۃٌ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِیْفَۃٌ اُخْرٰی" ج خلفاء و خلائف۔ پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَۃُ خُلَفَاءَ" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثَلَاثَۃٌ اَوْ ثَلَاثُ خَلَائِفَ"

الاَخْلَف۔ بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخْلَاف۔ بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخَالِیْف۔

المِخْلَاف: پروا۔ اور اسی سے مَخَالِیْفُ الیمن ہے۔

المَخْلَفَة۔ بید اگنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَہٗ (ن) خَلْقًا و خِلْقَۃً۔ پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا ــــ الکَذِبَ: جھوٹ گھڑنا ــــ الاَدِیْمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ــــ الشَّیْءَ: ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَۃً و خَلَاقَۃً۔ چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَۃً و خَلَقًا۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشَّیْءُ لَہٗ۔ لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔ خَلُقَ الغُلَامُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَہٗ۔ خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ــــ العودَ: ہموار کرنا ــــ القِدْحَ: نرم کرنا۔

خَالَقَھُمْ مُخَالَقَۃً۔ خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَخْلَقَ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ــــ الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا ــــ الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا ــــ ہ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَہٗ دِیْبَاجَتِیْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ۔ خلوق سے خوشبودار ہونا۔

ــــ بِغَیْرِ خُلُقِہٖ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَیْسَ التخلُّقُ بِالاَخْلَاقِ کَالخُلُقِ" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

(ــــ واخْتَلَقَ) الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ــــ الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا ــــ متنُ الفرسِ: چکنی ہونا ــــ الدّارُ: ویران ہونا۔ اور عسٰی کے معنی میں اُمید کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے اِخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ اَنْ تُمْطِرَ "اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق۔ مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة۔ فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق۔

الخُلْق و الخُلُق۔ طبعی خصلت۔ طبیعت مروت۔ عادت۔ ج اَخْلَاق۔ علم الاخلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق۔ مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثوبٌ خَلَقٌ وجُبَّۃٌ خَلَقٌ" ج اَخْلَاق و خُلْقَان اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ اَخْلَاقٌ و ثِیَابٌ اَخْلَاقٌ"

الخَلِق۔ بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلَاق۔ بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلَاق۔ چکنا۔

الخَلَاق و الخَلُوْق۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا جزءِ اعظم زعفران ہے۔

الخَلِیْق۔ لائق مناسب۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خَلِیْقٌ بِہٖ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقَاء۔

الخَلِیْقَة۔ طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلَائِق۔

الاَخْلَق۔ زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقَاء۔

المُخْتَلَق۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق۔ اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھو (مَخْلَقَۃ) بِذالک و لِذلک" وہ اس

کے لائق ہے۔
الخِلقِین۔ بڑا ریک۔ ج خَلاقِین۔
خَلَّمَهٗ تَخلِیمًا و اِختَلَمَهٗ۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔
خَالَمَهٗ مُخَالَمَةً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِمٌ)
الخِلم۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج اَخلام و خُلَمَاء۔
الخَالِم۔ ہموار۔
ابل (خِلمَة) چرنے والے اُونٹ۔
خَلاَ (ن) خُلُوًّا و خَلاَءً۔ الاناءُ: خالی ہونا ___ المکانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا ___ الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا ___ عَلَی الشیئِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا ___ عَلٰی فلان: اعتماد کرنا ___ بِهٖ: فریب کرنا ___ الشیئَ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلتُه لخَمسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّهرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا ___ عَنِ الْاَمْرِ و مِنْهُ: بیزار ہونا۔ عَنِ الشیئِ: بھیجنا ___ بِالشَّیئِ: منفرد ہونا۔
خَلاَ (ن) خَلوَةً و خُلُوًّا و خَلاَءً۔ بِهٖ و مَعَهٗ و اِلَیهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلاَ الرَّجُلُ بِنَفْسِهٖ" منفرد ہونا ___ لِلْاَمْرِ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ___ بِالْمَکَانِ: لازم رہنا ___ بَالُه: مطمئن ہونا ___ الحُزْنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَالٍ) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "اِفْعَل كَذَا و خَلاَكَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔
خَلّٰی تَخلِیَةً۔ الامرَ و عَنْه: چھوڑنا ___ مَکَانَهٗ: مرنا ___ سَبِیْلَهٗ: چھوڑنا" آزاد کرنا ___ بَیْنَ المُشْتَرِی وَالمَبِیعِ: سپرد کرنا ___ بینهما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔
خَالاَهٗ مُخَالاَةً۔ چھوڑ دینا۔
اَخْلٰی اِخْلاَءً۔ المکان: خالی کرنا یا پانا ___ المکانُ: خالی ہونا ___ ہ و بِهٖ و مَعَهٗ: تنہائی میں ملنا ___ فُلاَنًا مَعَهٗ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا ___ عَنْهُ: چھوڑنا۔

تَخَلّٰی۔ تنہائی میں رہنا ___ مِنْه و عَنْهُ: چھوڑنا ___ لَهٗ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ___ خَلِیَّةً: اپنے لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔
اِختَلٰی: تنہائی میں رہنا۔
اِستَخلٰی۔ ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا ___ بالمَلِكِ: تنہائی میں ملنا ___ المکانُ: خالی ہونا۔
الخَلاَءُ۔ مہ۔ خالی مکان۔ پائخانہ۔ مکان خَلاَءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "باتَ فِی البَلَدِ الخَلاَءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاَؤُكَ اَقْنٰی لِحَیَائِكَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "و اَنَا مِنْهُ خَلاَءٌ" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے۔
الخِلْو۔ خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخلاَء اور کبھی مؤنث کے لیے خلوة استعمال کرتے ہیں۔
خَلاَ و مَا خَلاَ۔ اِلاَّ کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہو گا جیسے "جَاءَ اَتْبَاعُ الْاَمِیرِ خَلاَ او مَا خَلاَ زَیْدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہو گا جیسے "خلا زَیْدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔
الخَلْوَة۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوَات۔
الخَلِیَّة۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلاَیَا۔
الخَلِیُّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَا خَلِیٌّ مِنْهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْلِیَاء و خَلِیُّون۔
الخَلِیُّ: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
الخَالِی۔ فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلاَء۔
خَلٰی (ض) خَلْیًا۔ النباتَ: کاٹنا۔ المَاشِیَةَ: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا۔ ___ الفرسَ: منہ میں لگام دینا ___ اللِّجَامَ مِنَ الفَرَسِ: اُتارنا ___ الشعیرَ فی المِخْلاَةِ: توبرا میں جو ڈالنا ___ القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا ___ ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔
خَالٰی مُخَالاَةً۔ ہ: پچھاڑنا۔ فریب دینا۔

اَخْلٰی۔ المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا ___ الدَّابَّةَ: گھاس کا چارہ دینا۔
اِخْتَلٰی۔ العشبَ: کاٹنا۔
اِنْخَلٰی۔ الخَلٰی: کٹنا۔
اِخْلَوْلٰی اِخْلِیلاَءً۔ الرَّجُلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔
الخَلٰی۔ تر گھاس۔ ج اَخْلاَء واحد (خَلاَة)
المِخْلٰی۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔
المِخْلاَة۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔
المُخْتَلٰی۔ شیر۔
خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البیتَ: جھاڑو دینا ___ البِئْرَ: کنواں صاف کرنا ___ النَّاقَةَ: دوہنا ___ فلانا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ یَخِمُّ بِثِیَابِ فُلاَنٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا و خُمُوْمًا و اَخَمَّ) اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ و خَمٌّ و مُخِمٌّ) ___ اللبنُ: بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لاَ یَخِمُّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خُمَّ۔ الدجاجُ: ڈربہ میں بند کیا جانا۔
تَخَمَّمَ۔ مَا عَلَی الخِوَانِ: دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔
اِخْتَمَّ۔ البیتَ: جھاڑو دینا ___ الشیئَ: کاٹنا۔
الخُمَامَة۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
الخُمُّ۔ ڈربہ۔ ج خِمَمَة۔
الخِم۔ خالی باغ۔
الخُمَان۔ مثلثة الخاء: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ رخت۔
المِخَمَّة۔ جھاڑو۔
الخَمِیم۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ سُست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔
الخَمِیت۔ موٹا۔
خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ سے سُست ہونا ___ اللحمُ: بدبودار ہونا ___ دِیْنُهٗ او خُلُقُهٗ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا ___ فلانا: بُرائی سے ذکر کرنا۔

خَمْخَم۔ گنگنانا۔
الخُمْخُم۔ ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمْخِم۔ ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خَمَدَت (ن) وخَمِدَت (س) خَمْدًا و خُمُوْدًا۔النَّارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا ___ الحُمیُّ: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔ المَرِیْض: بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
اَخْمَدَ۔ الرَّجُلُ: بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا ___ اَنْفَاسَه: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا ___ النَّارَ ___ لپٹ کو بجھانا۔
الخَمُوْد۔ آگ بجھنے کے لیے دبانے کی جگہ۔
خَمَرَه (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا ___ الشَّهادَةَ: پوشیدہ کرنا ___ الرجلَ ___ شراب پلانا ___ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ___ فُلانًا: شرم کرنا۔
خَمِر (س) خَمَرًا۔ عَنْه: پوشیدہ ہونا، چھپنا ___ عَنْه الخبرُ: پوشیدہ رہنا ___ الشَّیُٔ: سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خَمَّرَ۔ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ___ وَجْهَهُ: ڈھانپ لینا ___ بَیْتَه: گھر میں جمے رہنا ___
خَامَرَ مُخَامَرَةً بیع میں دھوکا دینا۔ ___ القلبَ: داخل ہونا ___ الشَّیُٔ الآخر: باہم ملنا ___ ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا ___ بَیْتَهُ: گھر میں جمے رہنا ___ بِه: چھپنا۔
اَخْمَرَ۔ چھپنا ___ له: کینہ رکھنا ___ الشَّیَٔ: چھپانا ___ غافل کرنا ___ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ___ الامرَ: پوشیدہ کرنا ___ الاَرْضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا ___ ہ الشَّیَٔ: تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتِ واخْتَمَرَت۔ المرأَة: اوڑھنی ڈالنا۔ واخْتَمرَ العَجِیْنُ: خمیر ہو جانا۔ اِخْتَمر العَصِیْرُ: شراب بن جانا۔
الخَمْر والخَمْرة۔ انگوری شراب۔ ہر نشیلی چیز۔
الخِمْر۔ کینہ۔
الخَمَر۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوَارَیْ الصَّیْدُ عَنِّیْ فِیْ خَمَرِ الوَادِیْ" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔ رجلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَار۔ شراب کی وجہ سے درد سر ___ والخُمَار والخَمَرَة) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَار۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخْمِرَة وخُمُر وخُمْر۔ کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمَارَكَ؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الخَمِیْر والخَمِیْرَة۔ خمیر۔ الخَمِیْر: خمیری روٹی۔
الخُمْرَة۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمْرةُ اللَّبَن: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (___ والخُمْرة والخِمْرة) بُو جو تمہیں پہنچے۔
الخَمْرِیُّ۔ مِن الالوان: سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمَّار۔ شراب فروش و (الخَمَّارَة) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیْر والمُسْتَخْمِر۔ بہت شراب پینے والا۔
المَخْمُوْر۔ شراب کی وجہ سے مست۔
الیَخْمُوْر۔ سمندری گھونگا۔
خَمَس (ن ض) خَمْسًا۔ القومَ: پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
المالَ: پانچواں حصہ لینا ___ الحَبْلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ۔ الشَّیَٔ: پانچ رکن والا بنانا۔ اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
اَخْمَسَ۔ القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمْس والخُمُس۔ پانچواں حصہ۔ ج اَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُمَاس و مَخْمَس۔ پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جَاءُوْا خُمَاسَ و مَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِیُّ۔ پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ خُمَاسِیَةٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَة۔ پانچ۔ مؤنث کے لیے خمس۔
خَمْسُوْن۔ پچاس۔
الخَمِیْس۔ و یَوْمُ الخَمِیْس: جمعرات۔ ج اَخْمِسَة واَخْمِسَاء۔ الخَمِیْس: لشکر۔ اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح (خَمِیْسٌ و مَخْمُوْسٌ) پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا و خُمُوْشًا۔ الوجهَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَه۔ زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش۔ مص۔ خراش۔ ج خُمُوْش۔
اَلْخَامِشَةُ: چھوٹی نالی۔ ج خَوَامِش۔
الخُمَاشَة۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ، کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَمُوْش۔ مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا و خُمُوْصًا و اِنْخَمَصَ۔ الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَهُ خَمْصًا و خُمُوْصًا و مَخْمَصَةً الجوعُ: دُبلے پیٹ والا کر دینا (___ و خَمِصَ (س) خَمَصًا و خَمُصَ (ک) خَمْصًا و خُمُوصًا و مَخْمَصَةً) البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔
تَخَامَصَ۔ اللیلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا ___ عَنْه: یکسو ہونا۔
الخَمْصَة۔ بھوک۔
خَمَطَ (ن) خَمْطًا و خُمُوْطًا و خَمِطَ (س) خَمَطًا۔ الخمرُ او اللبنُ: اچھی بُو کا ہونا۔ بُو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط و خَمْط) خَمِط

الرجلُ : تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خَمَطَ (ض)
خَمْطًا)اللحمَ :بھوننا۔ صفت مفعول خَمِيط
خَمَطَ (ن ض) خَمْطًا۔ اللبنَ :دودھ کو برتن
میں ڈالنا۔
تَخَمَّطَ۔ تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا ____
البحرُ :موج مارنا ____ الفحلُ :بڑبڑانا۔
الخَمْط۔ مہ۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت کا
تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو کا
پھل۔ ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔
الخَمَطَة و الخَمْطَة۔ مِنَ اللّبنِ :دودھ کی
بُو۔
الخَمِيط۔ بکری کا بچہ کھال اُتار کر بھونا ہوا اور
اگر بال اُتار کر بھونیں تو اس کو سَمِيط کہتے ہیں۔
الخَمَّاط۔ بھوننے والا۔
خَمِعَ (ف) خَمْعًا و خُمُوْعًا و خَمَعَانًا۔
الضَّبُعُ :لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
الخَامِعَة۔ بجو۔ ج خَوَامِع۔
الخُمَاع۔ لنگڑاہٹ۔
الخِمْع۔ بھیڑیا۔ چور۔ ج اَخْمَاع۔
الخَيْمَعُ و الخَمُوْع۔ بدکار عورت۔
خَمَلَ (ن) خُمُوْلاً۔ ذِكرُهٗ اَوْصَوْتُهٗ :پوشیدہ
و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلاً) البُسْرَ : نرم
ہونے کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے
"خَمَلَهُ اللّٰهُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے۔
خَمِل۔ جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔
اَخْمَلَهٗ۔ گمنام و بے قدر کرنا۔ اَخْمَلَتِ
الارضُ :بہت گنجان درختوں والی ہونا۔
اَخْمَلَ القَطِيْفَة :روئیں دار بنانا۔
اِخْتَمَلَتِ۔ المَاشِيَةُ : جانوروں کا اچھی
گھاس والی زمین میں چرنا۔
الخَامِل۔ فا ____ مِنَ الرِّجَالِ :گمنام و بے
قدر۔ ج خَمَل۔
الخَمْل۔ کپڑے کا رُواں۔ (____ و الخُمَالَة
و الخَمِيْلَة) شتر مرغ کے پر۔
الخَمْلَة۔ چادر۔ روئیں دار کپڑا۔
الخَمْلَة۔ راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج
خَمَلات۔
الخُمَال۔ جوڑوں کا درد (____ و الخُمَالِیُّ

و الخِمْل و الخُمْل) خالص دوست۔
الخَمِيْل۔ روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔
گہرا بادل۔ واحد خَمِيْلَة۔
الخَمِيْلَة۔ چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت
درختوں والی پست زمین۔ ج خَمَائِل۔
المُخْمَل۔ روئیں دار کپڑا۔
خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا و خَمَّنَ۔ الشیئَ : تخمینہ
کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔
الخَامِن۔ گمنام و بے قدر۔
الخَمَن۔ بدبو۔
الخَمَّان۔ کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی۔ کہا جاتا
ہے "هُمْ خَمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ
ہیں۔
الخَمَّانَة۔ کمزور نیزہ کا چھڑ۔
خَنَّ (ض) خَنِيْنًا۔ ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا۔
صفت (اَخَنُّ)
خَنَّ (ن) خَنًّا۔ المالَ :لینا۔
القومَ :قوم کے حریم میں داخل ہونا۔
اَخَنَّهٗ۔ عقل چھین لینا۔ صفت (مَخْنُوْن) قیاس
کے مطابق (مُخَنٌّ) ہونا چاہیے۔
اِسْتَخَنَّتْ۔ البِئْرُ :بدبودار ہونا۔
الخِن۔ خالی کشتی۔
الخُنَّة۔ گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔
الخَنَان۔ آسودگی۔ آرام۔
الخُنَان و الخِنَان۔ اُونٹوں کا زکام۔ ناک کی
ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔
المِخَنُّ۔ لمبا مرد۔
المَخَنَّة۔ گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ ناک۔ گھر کا
درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل
ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔ کہا جاتا ہے
"فلان مَخَنَّة لِفُلانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے
کی ہے۔
خَنَأَ (ف) خَنْأً۔ الجذعَ۔ کاٹنا۔
خَنِبَ (س) خَنَبًا۔ زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔
ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔
اَخْنَبَ و اِخْتَنَبَ۔ ہلاک ہونا۔ اَخْنَبَ۔ ہلاک
کرنا۔ کمزور کرنا۔
تَخَنَّبَ۔ تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند

کرنا۔
الخَنَب۔ ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی
ہے۔
الخِنْب۔ زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا اُنگلیوں
کے درمیان کی کشادگی۔ ج اَخْنَاب۔
الخَنَّاب۔ لمبا۔ بیوقوف۔
الخَنَابَة۔ بڑا نشان۔ برائی۔
الخِنَابَة و الخِنَّأْبَة۔ تکبر۔ غرور۔
الخِنَّابَتَان و الخُنَّابَتَان۔ ناک کے نتھنے۔
خَنِثَ (س) خَنَثًا۔ الرَّجُلُ :ہیجڑا ہونا۔ صفت
(خَنِث)
خَنَثَهٗ (ض) خَنْثًا۔ ٹھٹھا کرنا ____ السقاءَ :
مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ
دینا۔
خَنَّثَهٗ۔ موڑنا۔ نرم کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔
اَخْنَثَ۔ دوہرا ہونا۔ لچکنا۔
تَخَنَّثَ و اِنْخَنَثَ۔ ہیجڑا ہونا۔
خَنَاثِ۔ مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف ندا
ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "یا
خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی۔
خِنَاثُ۔ الثوبِ و اَخْنَاثُهٗ : کپڑے کی تہیں،
کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلٰى خِنَاثِهٖ" کپڑے
کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خِنث)
الخُنث۔ لچک۔
الخُنْثٰى۔ ہیجڑا۔ ج خناثی و خِنَاث۔
المِخْنَاث۔ وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک
ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِخْنَاث و اِمْرَأَةٌ
مِخْنَاث۔ ج مَخَانِيْث۔
المُخَنَّث۔ ہیجڑا۔ وہ شخص جس میں لچک ہو۔
الخَنْجَر و الخِنْجَر۔ بڑی چھری۔ ج
خَنَاجِر۔
خَنْخَنَ خَنْخَنَةً۔ ناک میں بولنا ____ فی
کَلامِهٖ :گنگنانا۔
الخُنْذُب۔ بدخلق۔
الخَنْدَرِيْس۔ پرانی شراب۔
الخُنْذُع۔ خسیس۔ لئیم۔
الخَنْدَق۔ کھائی۔ ج خَنَادِق و (خَنْدَقَ
خَنْدَقَةً) کھائی کھودنا۔

تَخَنْذَذَ۔ بے شرم دلیر ہونا۔

الخِنْذِيْذ۔ لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بگولہ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خَنَاذِيذ۔

الخِنْذِيَان۔ بدزبان۔

الخُنْذُع۔ خسیس۔ لئیم۔

خَنِزَ (س) خَنَزًا و خُنُوزًا۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِز و خَنَز)

الخُنْزُوَان و الخُنْزُوانَة۔ تکبر۔ غرور۔

الخُنْزُوان۔ بندر۔ نرسور۔

الخِنْزِير۔ سور۔ ج خَنَازِير۔ الخَنَازِير: کنٹھ مالا۔ خِنْزِيرُ البَحْرِ: مچھلی کی ایک قسم۔ خِنْزِيْرُ الهِنْدِ: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنْزِيرَةُ البِئْرِ: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں۔

الخَنْزَرَة۔ موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔

خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا و خُنُوْسًا و خِنَاسًا۔ عَنْه: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطريقُ عَنا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ بَيْنَ اَصْحَابِهِ: چھپنا۔

خَنَسَهُ (ن ض) خَنْسًا۔ پیچھے کرنا ____ اِبْهَامَه: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَارَ بِاَرْبَعٍ و خَنَسَ اِبْهَامَه" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ____ القولَ: بری بات کہنا ____ الشيئَ عَنْه: چھپانا ____ فُلاَنًا وبِهِ: غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خَانِسٌ۔ ج خُنَّس۔

خَنِسَ (س) خَنَسًا۔ ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْنَس) مؤنث خَنْسَاء ج خُنْس اسم الخَنَس۔

اَخْنَسَهُ۔ عَنْهُ: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عَنْه بَعْضَ حَقِّهٖ" میں نے اس کے کچھ حصہ کو روک لیا ____ اَوْعَارَ الطَّرِيْقِ: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔

تَخَنَّسَ۔ بِهِ: غائب کر دینا۔

اِنْخَنَسَ۔ عَنْه: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔

الخُنُس۔ ہرنیوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔

الخُنَّس۔ ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔

الخَنْسَاء۔ نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔

الاَخْنَس والخِنَّوْس۔ شیر۔ الاَخْنَس: چیچڑی۔

الخَنَّاس۔ شیطان۔

الخِنِّيْس۔ فریبی۔ حیلہ گر۔

الخَنْسِر۔ لئیم۔ کمینہ۔

الخَنْسَر و الخَنْسَرِي۔ وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خَنَاسِرَة۔

الخَنَاسِيْر۔ مصیبتیں۔

الخِنْشَار۔ ایک قسم کی نباتات۔

الخِنَّوْص۔ مؤنث الخِنَّوْصَةُ: سور کا بچہ۔ ج خَنَانِيص۔

الخِنْصِر و الخِنْصَر۔ چھنگلیا۔ ج خَنَاصِر۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا اَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَيْهِ الخَنَاصِرُ" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

خَنْطَه (ض) خَنْطًا۔ رنج و غم پہنچانا۔

خَنْظَتَ۔ تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔

الخِنْطِيْر۔ بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔

الخَنْطَل۔ بلی۔ مصیبت۔ قطار، ٹڈی دل۔

خَنَعَ (ف) خُنُوْعًا۔ لَهٗ و اِلَيْهِ: انکساری و فروتنی کرنا ____ الی اللّٰهِ: بغیر عمل کے گڑگڑانا ____ بِفُلاَن: بیوفائی کرنا ____ الی الاَمْرِ الشَّيئ: مائل ہونا۔

خَنَعَهٗ۔ کلہاڑی سے کاٹنا۔

اِخْنَعَتْهُ۔ الحاجةُ لَهٗ و اِلَيْهِ: ذلیل و پست کر دینا۔

الخَنَع۔ ذلت۔

الخُنْعَة۔ عار۔ تہمت۔

الخَانِع و الخَنُوْع۔ متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خَنَعَة و خُنُع۔

الخِنْعَابَة۔ کمینہ۔

شَعْرٌ (خَنْعَبٌ) لمبا بال۔

الخُنْعُبَة۔ چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

الخَنْعَس۔ بجو۔

خَنَفَ (ض) خِنَافًا۔ البعيرُ: دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خَنُوف) ج خُنُف۔ (____ خُنُوفًا) غضبناک ہونا ____ الرَّجُلُ بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔ صفت (خَانِف) ____ المرأةُ: سینہ پر دوہتڑ مارنا۔

خَنِفَ (س) خَنَفًا۔ صَدْرُهٗ او ظَهْرُهٗ: ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اَخْنَف) ج خُنْفٌ۔

الخُنُف۔ نشانات۔

خَنْفَسَ۔ عن القوم: نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔

الخُنْفُس والخِنْفِس والخُنْفَس و الخُنْفَسَا والخُنْفَسَاءَة۔ گبریلا۔ ج خَنَافِس۔ والخُنَافِس۔ شیر۔

خَنَقَه (ن) خَنِقًا و خِنِقًا و خَنَقَهٗ تَخْنِيْقًا۔ گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خَنَقَتْهُ العَبْرَةُ" یعنی اسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ الاِنَاءَ: بھرنا۔ خَنَقَ السَّرابُ الجَبَلَ: پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَقَ زَيْدٌ الاَرْبَعِيْنَ: قریب قریب ہونا۔

اِخْتَنَقَ۔ گلا گھٹنا۔

اِنْخَنَقَ۔ اپنا گلا گھونٹنا۔

الخَنِق والخَنِيْق۔ گلا گھونٹا ہوا۔

الخُنَاق۔ ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

الخُنَاقِيَّة۔ پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔

الخِنَاق۔ رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِخِنَاقِهٖ" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔

الخَانِق۔ فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خَانِقُ الذِّئْبِ و خَانِقُ النَّمِرِ و خَانِقُ الكَلْبِ: گھاسوں کے نام۔

الخَنَّاق۔جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔
المِخْنَقَة۔گلوبند(ایک زیور)وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ج مَخَانِق و مَخَانِيْق۔
المُخَنَّق۔ مہ۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ مُخَنَّقُ الخَصرِ" پتلی کمر کا لڑکا۔
المُخْتَنَق۔ تنگ جگہ۔
المُخْتَنِق۔ گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خَنَا(ن)خَنْوًا و خَنِيَ (س) خَنًى و اَخْنَى۔ عَلَيْهِ فِي الكَلَامِ : بدزبانی کرنا ___ اَخْنَى الجَرَادُ : بہت انڈے دینا ___ المَرْعَى : بہت گھاس والی ہونا۔اَخْنَى عَلَيْهِ الدَّهْرُ :طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اَخْنَى بِهٖ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔
الخَنَى۔بدزبانی۔خَنَى الدَّهْرِ : مصیبتیں واحد (خَنَاة)
خَابَ(ن)خَوْبًا۔محتاج ہونا۔
الخَوْبَة۔بھوک۔بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خَاتَ (ن) خَوْتًا و خَوْتَانًا۔ الرجلُ۔ عمر رسیدہ ہونا۔عہد توڑنا۔خلاف وعدگی کرنا ___ المالَ : کم کرنا (___ وانْخَاتَ و اِخْتَاتَ) البَازِي عَلَى الصَّيْدِ :ٹوٹ پڑنا۔
خَاتَ (ن) خَوَاتًا۔ العقابُ : عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا۔
تَخَوَّتَ و اِخْتَاتَ۔ المالَ : کم کرنا ___ الشَّيْئَ :اُچک لینا ___ حَدِيثَ القَوْمِ : سن کر یاد رکھنا ___ الشَّاةَ : فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْتَاتُوْنَ اللَّيْلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
الخَوَّات۔دلیر مرد۔
خَوِثَ (س) خَوَثًا۔ البطنُ : ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَث) مؤنث(خَوْثَاء)
اَخَاخَ اِخَاخَةً۔ العشبُ : پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔

الخَوْخ۔شفتالو۔واحد(خَوْخَة)
الخَوْخَة۔ روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔
الخَوْخَاء والخَوْخَاة والخَوْخَاءَة۔ بیوقوف۔
خَوَّدَ۔الرَّجُلُ : تیز چلنا ___ مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا :کچھ حاصل کرنا۔
تَخَوَّدَ۔الغُصْنُ :جھکنا۔
الخَوْد۔ نازک بدن۔ جوان عورت۔ ج خَوْدَات و خُوْد۔
خَاوَذَهٗ مُخَاوَذَةً۔الي الشيئ :ایک کا دو سرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَذْنَا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جارہے تھے۔
خَاوَذَهٗ : بار بار زیارت کیلئے آنا۔ خَاوَذَتْهُ الحُمىّٰ : غیر متعین وقت پر آنا۔ خَاوَذَ عَنْهُ۔ علیحدہ ہونا۔
تَخَاوَذَ۔القَوْمُ :باہم عہدو پیمان کرنا۔
تَخَوَّذَ۔ نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوذنا بالزيارة" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔
الخُوْذَة۔خود۔ج خُوَذ۔
خُوْذَانُ۔النَّاسِ :لوگوں کے خادم۔
خِوَاذُ۔الحُمّٰى :غیر معین وقت میں بخار آنا۔
خَارَ(ن)خُوَارًا۔البقرةُ :آواز کرنا۔
(___ خُؤُوْرًا و خَوِرَ(س)خَوَرًا)ست و کمزور ہونا۔ٹوٹنا ___ قوةُ المريض :کم ہونا۔
خَوَّرَ۔کمزور ہونا۔ڈھیلا ہونا ___ الاَرْضُ : کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا ___ الرجلَ :کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔
اَخَارَه۔ مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الاِبِلَ اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔
تَخَاوَرَتْ۔الثِّيْرَانُ :بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔
اِسْتَخَارَهٗ۔ مہربانی چاہنا ___ المَنْزِلَ : صاف کرنا۔
الخَوْر۔ مہ ۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔
الخُوَار۔مہ۔ گائے کی آواز۔بکریوں، ہرنوں اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے۔

الخَوَّار۔ بزدل۔ کمزور۔ ست۔ فَرَسٌ خَوَّارُ العِنَانِ : تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔ الخَوَّارُ مِنَ الزِّنَادِ :چقماق۔
الخُوْرِي۔کاہن۔ج خَوَارِنَة(دَخِيْل)
الخُوْرُس۔گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)
خَازَه(ن)خَوْزًا۔دشمنی کرنا۔
خَاسَتْ (ن) خَوْسًا۔الجِيْفَةُ :بدبودار ہونا ___ البِضَاعَةُ : مندا ہونا ___ خَاسَ العَهْدَ و بِالعَهْدِ : بدعہدی کرنا ___ بِالوَعْدِ : خلاف وعدہ کرنا ___ بِفُلَانٍ : بیوفائی کرنا۔
خَوَّسَ۔الشَّيْئَ :کم کرنا۔گھٹانا ___ الاِبِلَ : ایک ایک کرکے پانی پر بھیجنا۔
خَاشَهٗ (ن) خَوْشًا۔ بالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ___ الشَّيْئَ :لینا ___ الرَّجُلُ : ہجوم میں داخل ہونا۔
خَوَّشَ و تَخَوَّشَ۔الشَّيْئَ :کم کرنا۔گھٹانا۔ و تَخَوَّشَ الرَّجُل :موٹاپی کے بعد لاغر ہونا۔
الخَوْش۔پہلو۔
الخَوْشَان۔ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔واحد(خَوْشَانَةٌ)
المُتَخَوِّش و المُتَخَاوِش۔جھری دار دبلے پیٹ والا۔
خَوِصَ يَخْوَصُ خَوَصًا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصَاء ج خُوْص ___ الشَّاةُ :تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔
خَوَّصَ۔ پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ___ التَّاجَ :سونے کے پتروں سے مزین کرنا ___ ہ الشَّيْبُ :بڑھاپا شروع ہونا۔کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔
خَاوَصَ و تَخَاوَصَ۔ آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا ___ النجومُ : مائل بغروب ہونا۔
خَاوَصَهٗ مُخَاوَصَةً و خَاوَصَهٗ البيعَ : بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
اَخْوَصَ۔النخلُ :پتے والا ہونا۔

تَخَوَّصَ-الشَّیْئَ : تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا ___ العَطِیَّة : تھوڑا تھوڑا کر کے لینا-
الخَوَّاص- کھجور کے پتوں کا بیچنے والا- اور اس کے عمل کو (الخِیَاصَة) کہتے ہیں-
الخُوْص- کھجور کے پتے- واحد (خُوْصَة)
الخَوْصَاء- گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے- کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِی الظَّهِیْرَةِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے-
خَاضَ (ن) خَوْضًا و خِیَاضًا- المَاءَ : داخل ہونا- گھسنا ___ الشرابَ : ملانا ___ الغَمَرَاتِ : سختیوں میں کود پڑنا ___ فِی الحَدِیْثِ : مشغول ہونا ___ الجَوَادُ فِی المَیْدانِ : کلیلیں کرنا- بِالْفَرسِ : پانی پر لے جانا ___ بالسَّیْفِ : زخم میں تلوار ہلانا- کہا جاتا ہے "إِنَّهُ یَخوضُ المَنَایَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے- وَهُوَ یَخُوْضُ اللَّیْلَ وہ رات کو ہولناکیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے-
خَوَّضَ- المَاءَ : داخل ہونا- گھسنا-
خَاوَضَ مُخَاوَضَةً و اَخَاضَ
إِخَاضَةً الفرسَ : پانی میں داخل کرنا-
اَخَاضُوْا المَاءَ : جانوروں کو پانی میں ڈال دینا-
تَخَوَّضَ- بتکلف گھسنا-
اِخْتَاضَ- المَاءَ : داخل ہونا- گھسنا-
تَخَاوَضَ- القومُ فی الحَدِیْثِ : باہم مشغول ہونا-
الخَوْضَة- خاض کا اسم مرة- موتی-
الخَوَّاض- بہت گھسنے والا-
المَخَاضَة- پانی میں گھسنے کی جگہ- ج مَخَاوِض و مَخَاض و مَخَاضَات-
تَخَوَّطَهُ- وقتاً فوقتاً آنا-
الخُوْط- نرم ٹہنی یا ہری شاخ- ج خِیْطَان-
خَوَّعَ تَخْوِیْعًا- منه : کم کرنا- گھٹانا ___ فُلَانًا بالضربِ : توڑ دینا- کمزور کر دینا ___ السَّیلُ الوادیَ : وادی کے دونوں پہلوؤں کو ڈھا دینا ___ دَیْنَه : ادا کرنا-
تَخَوَّعَ- الشَّیَ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا- کھنکھار کر تھوکنا-

الخَوْع- وادی کا موڑ- ج اَخْوَاع-
خَافَ (س) خَوْفًا و خِیْفًا و مَخَافَةً و خِیْفَةً و تَخَوَّفَ- گھبرانا- احتیاط کرنا- ڈرنا- کہا جاتا ہے "خَافَهُ و خَافَ مِنْهُ و خَافَ عَلَیْهِ"
صفت (خَائِف) ج خُوَّف و خُیَّف و خِیَّف و خَائِفُون- و تَخَوَّفَ الحقَّ : حق کو مار لینا- و تَخَوَّفَ الشیْئَ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا- تَخَوَّفَ عَلَیْهِ شَیْئًا : خوف کھانا-
خَوَّفَه- ڈرانا ___ الطریقَ : ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں-
اَخَافَهُ إِخَافَةً- ڈرانا- اَخَافَ الطَّرِیْقُ : گھبراہٹ میں ڈالنا-
خَاوَفَهُ- ڈرنے میں مقابلہ کرنا- کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُه فَخُفْتُه اَخُوْفُه" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا-
الخَوَّاف- شور-
الخَاف- بہت ڈرنے والا-
الخَافَة- چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے- جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے-
الخِیْفَة- ڈرنے والے کی حالت- ج خِیَف-
المَخُوْف- خوفناک- کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مَخُوْفٌ" خوفناک راستہ-
خَوِقَ (س) خَوَقًا و اِنْخَاقَ و تَخَوَّقَ- کشادہ ہونا- صفت (اَخْوَق) مؤنث خَوْقَاء ج خُوْق-
اَخَاقَ إِخَاقَةً- ملک میں جانا-
خَوَّقَهُ- کشادہ کرنا-
تَخَوَّقَ- عَنْه : دور ہونا-
الخَوْق- بالی کا حلقہ-
الخَوَق- کشادگی- خارش-
الأَخْوَق- خارش والا- کانا-
مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ-
خَالَ یَخُوْلُ خَوْلًا و خِیَالًا- المَوَاشِیَ : نگہبانی کرنا ___ فلانٌ عَلٰی اَهْلِهِ : تدبیر امور کرنا- انتظام کے لیے کافی ہونا-
خَالَ یَخَالُ خَوْلًا- تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا-
خَوَّلَهُ- الشیَ : عطا کرنا- بخشش کرنا یا مالک بنانا-

اَخْوَلَ و اُخْوِلَ- ماموں والا ہونا-
اَخَالَ- فیه خَالًا مِنَ الخَیْرِ و اَخَالَهُ : فراست سے بھلائی معلوم کرنا-
تَخَوَّلَ فِیْهِ خَالًا مِنَ الخَیْرِ و تَخَیَّلَ- تَخَوُّلًا و تَخَیُّلًا- بھلائی معلوم کرنا- تَخَوَّلَ خَالًا : ماموں بنانا ___ فلَانًا : نگہبانی کرنا-
اِسْتَخْوَلَهُمْ- خادم بنانا- اِسْتَخْوَلَ و اِسْتَخَالَ فِیْهِمْ : ماموں بنانا-
الخَوَل- خولی کی جمع- غلام- لونڈیاں- لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے- اور کبھی واحد کے لیے (خائِل) بولتے ہیں-
الخَال- ماموں- ج اَخْوَال و اَخْوِلَة و خُؤُوْل و خُؤُوْلَة-
الخَالَة- ماں کی بہن- موسی- ج خَالَات- تم کہتے ہو- "هُمَا اَبْنَاء خالة" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں- الخال : خیر کا نشان- فوج کا جھنڈا- چیز کا مالک- تم کہتے ہو "انا خال هذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں-
الخَوَلِیّ- مال کا بہتر منتظم- ج خَوَل-
الخائِل- فا- الخول کا واحد- کہا جاتا ہے "هو خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں-
الخَوْلَة- ہرنی-
الأَخْوَل- وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں- رَجُلٌ (مُخْوِلٌ و مُخْوَلٌ و مُخَال) شریف ماموں والا-
خَامَتْ (ن) خَوْمًا- الأَرْضُ : ناموافق آب و ہوا والی ہونا-
اَخَامَ إِخَامَةً- الفرسُ : تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا-
الخَام- روئی کا کپڑا- ج اَخْوَام- اَرْضٌ (خَامَة) ناموافق آب و ہوا والی زمین-
خَانَهُ (ن) خَوْنًا و خِیَانَةً و مَخَانَةً و خَانَة- فِی كَذَا : امانت میں خیانت کرنا- خَانَهُ سَیْفُه : اُچٹ جانا- خَانَهُ الدَّهْرُ : آسودگی کو سختی سے بدل دینا- خَانَتْهُ رِجْلَاه : چلنے پر قادر نہ ہونا- خَانَ الدلوَ الرشاءُ : ٹوٹ جانا- العهدَ : توڑ دینا- کہا

جاتا ہے "خَانَہ العَھْدَ اَوِ الاَمَانَۃَ" یعنی اس نے
عہد یا امانت میں خیانت کی- صفت (خَائِن) ج
خُوَّان و خَانَۃ و خَوَنَۃ (___ خَوْنًا) جسم میں
کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا-
خَوَّنَہٗ- خیانت کی نسبت کرنا-
خَوَّنَہٗ و خَوَّنَ مِنْہُ و تَخَوَّنَہٗ- تھوڑا تھوڑا کر
کے کم کرنا- خَوَّنَہٗ و تَخَوَّنَہٗ- نگہبانی کرنا- اور اسی
سے ہے "کَانَتِ الحُمّٰی تَتَخَوَّنُہٗ" اس کو
وقت پر بخار آتا ہے- تَخَوَّنَہُ الدَّھْرُ : آسودگی کو
سختی سے بدل دینا-
اِخْتَانَہٗ- خیانت کرنا ___ المَالَ : چرانا-
اِسْتَخَانَہٗ- خیانت کرنے کا ارادہ کرنا-
الخَان- دکان- سرائے- ج خَانَات- (دخیل)
اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا-
الخَائِنَۃ- الخَائِن کا مؤنث- الخَائِنَۃ : بہت
خیانت کرنے والا- "ۃ" مبالغہ کے لیے ہے- جیسے
رَاوِیَۃ بہت روایت کرنے والا-
الخُوَان و الخِوَان- دسترخوان- عوام اس کو
سفرہ کہتے ہیں- ج اَخْوِنَۃ و خُوْن-
الخَؤُوْن و الخَوَّان- بہت خیانت کرنے والا-
الخَوَّانَۃ- بہت خیانت کرنے والا- "ۃ" مبالغہ
کے لیے ہے- دبر-
خَوَّتِ الدَّارُ تَخْوُخَوًّا- گر جانا ___
النجومُ : بغیر بارش ہوئے غروب ہونا-
الخَوُّ- بھوک- کشادہ وادی (___ و الخَوُّ)
شہد-
الخَوَّۃ- کشادہ زمین-
خَوَیٰ (ض) خَوَاءً- البَیْتُ : گرنا- خالی ہونا
___ رأسُہٗ : کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی
ہونا (___ خَوِیً و خَوَاءً) بھوکا ہونا ___
الزَّنْدُ : آگ نہ دینا (___ خَیًّا) النجومُ : بے
بارش کے ہونا- مائل بغروب ہونا (___ خَوِیً
و خَوَایَۃً) الشیئَ : اُچک لینا-
خَوِیَ (س) خَیًّا و خُوِیًّا و خَوَایَۃً- المکان :
خالی ہونا-
خَوَّیٰ تَخْوِیَۃً- البَعِیْرُ : بیٹھنے میں پیٹ کو زمین
سے اونچا رکھنا ___ الطائرُ : اُڑنے میں بازو
لٹکانا-

اَخْوَیٰ اِخْوَاءً- الزَّنْدُ : آگ نہ دینا ___
النجومُ : بے بارش کے ہونا ___ الرجلُ :
بھوکا ہونا ___ مَاعِنْدَ فُلاَنٍ : سب کچھ لے لینا (
___ و خَوَّت) المَاشِیَۃُ- بہت موٹا ہونا-
اِخْتَوَیٰ اِخْتِوَاءً- بے عقل ہونا ___
البلدَ : عبور کرنا ___ مَاعِنْدَ فُلاَنٍ : سب کچھ
لے لینا ___ الفرسَ : اگلی پچھلی ٹانگوں کے
درمیان نیزہ مارنا-
الاَخْوَیٰ- عقل و ہوش رفتہ- مؤنث خَیًّا
و خَوْیَاء-
الخَوَیٰ و الخَوَاء- کھانے سے پیٹ کا خالی
ہونا- دو چیزوں کے درمیان کا خلاء- خَوَاءُ
الفَرَس : گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے
درمیان کا فاصلہ-
الخَوِیُّ- خالی پیٹ والا-
الخَوِیُّ- نرم و پست زمین-
خَابَ (ض) خَیْبَۃً و تَخَیَّبَ- محروم ہونا- ناامید
ہونا- کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْیُہٗ" یعنی وہ ناکامیاب
ہوا-
خَیَّبَہٗ و اَخَابَہٗ- محروم کرنا-
قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق-
المَخْیَبَۃ- باعث محرومی-
خَاتَ (ض) خَیْتًا و خُیُوْتًا- آواز کرنا-
خَارَ (ض) خَیْرًا- صاحب خیر ہونا-
اللّٰہُ لَکَ فِی الاَمْرِ : بہتری کرنا-
خَارَ (ض) خِیَرَۃً و خِیْرَۃً و خِیَرًا و خَیَّرَ-
الشیئَ عَلٰی غَیْرِہٖ : فضیلت دینا- خَارَہٗ : انتخاب
کرنا اور اسی سے ہے "اَللّٰھُمَّ خِرْلِی" "اے اللہ
میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر-
خَیَّرَہٗ و خَایَرَہٗ- فِی الاَمْرِ وَ بَیْنَ الاَمْرَیْنِ- پسند
کرنے کے لیے اختیار دینا- و خَایَرَہٗ فِی العِلْمِ
فَخَارَہٗ : علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا-
تَخَیَّرَہٗ و اِخْتَارَہٗ- چن لینا- انتخاب کرنا- ذخیرہ
کرنا-
اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَۃً- طلب خیر کرنا-
اللّٰہَ : طلب خیر کی دعا کرنا-
الخَیْر- ج خُیُوْر : بھلائی- نیکی- کسی چیز کا اپنے
کمال کو پہنچنا- مال ___ ج اَخْیَار و خِیَار : بہت

نیکی والا- اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخْیَرُ) کا
مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَیْرَۃٌ) ہے- کہا
جاتا ہے "فُلاَنَۃٌ خَیْرَۃُ النَّاسِ وَ خَیْرُھُم"
الخِیْر- شرف- بزرگی- کرم- اصل- ہیئت-
الخَیْرَۃ- بہت خیر والی- ہر چیز سے بہتر- ج
خَیْرَات-
الخِیْرَۃ و الخِیَرَۃ- مِنَ الشَّیِٔ اَوِ القَوْمِ :
افضل-
الخِیَار- پسندیدگی- کہا جاتا ہے "اَنْتَ
بِالخِیَارِ" یعنی جو چاہو پسند کرو- خِیَارُ الشیئِ :
چیز میں کا افضل- الخِیَار : ککڑی- واحد (خِیَارَۃ)
خِیَارُ شَنْبَر- املتاس-
الخَیْرِیُّ- ایک قسم کی پھولوں والی نباتات-
الخَیْرِیَّۃ- عمدگی- فضل- عثمانی سلطنت کا ایک
پرانا سکہ-
الخَیِّر- فیاض- مؤنث خَیِّرَۃ-
الاَخْیَر- زیادہ اچھا- مؤنث خِیْرَیٰ و خُوْرَیٰ
ج اَخَایِر-
الخِیْرَیٰ و الخُوْرَیٰ و الخُوْرَیٰ
و الخِیْرَیٰ- بہت زیادہ اچھا- کہا جاتا ہے رجل
خیریٰ- الخ- یعنی بہت خیر والا-
المُخْتَار : مفع- کہا جاتا ہے "اَنْتَ
بِالمُخْتَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو-
خَاسَ (ض) خَیْسًا- اللَّحْمُ : بدبودار ہونا
___ البَیْعُ : سرد بازاری ہونا- مندا ہونا
___ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا- ذلیل ہونا ___
الرَّجُلَ او الدابۃَ : مطیع کرنا-
خَاسَ (ض) خَیْسًا و خَیَسَانًا- بالعہد :
بدعہدی کرنا ___ بِالْوَعْدِ : خلاف وعدگی
کرنا-
خَیَّسَہٗ- سدھانا- ذلیل کرنا- کہا جاتا ہے
"خَیَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو
کر سدھایا- روکنا-
الخَیْس- غم- گمراہی- جھوٹ- خیر-
الخِیْس- گنجان درخت- شیر کی جھاڑی- ج
اَخْیَاس- دودھ-
الخِیْسَۃ- شیر کے رہنے کی جگہ- ج خِیَس
المُخَیَّس- و المُخَیِّس- جانور کے

سدھانے کی جگہ۔قید خانہ۔
خَاشَ (ض) خَیْشًا۔مافی الوعاء :نکالنا۔
الخَیْش۔ کتاں کا کھردرا کپڑا۔ ج خُیُوْش و اَخْیَاش۔واحد(خَیْشَة) کمینہ آدمی۔
الخَیَّاش۔کتاں کاکھردراکپڑابیچنےوالا۔
خَاصَ (ض) خَیْصًا۔ کم ہونا۔ صفت (خَائِص)
خَیِصَ (س) خَیَصًا۔ ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَص) مؤنث (خَیْصَاء)
الخَیْص۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "نِلْتُ مِنْهُ خَیْصًا خَائِصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز حاصل کی۔
الخَیْصٰی۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فی المَرْعٰی خَیْصٰی مِنَ العُشْبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔
الخَیْصَان۔ تھوڑا مال۔
خَاطَ (ض) خَیْطًا۔ الثوبَ : سینا۔ صفت فاعلی(خَائِط وخَاطٌ وخَیَّاط)اور صفت مفعولی (مَخِیْط ومَخْیُوْط) ـــ الحَیَّةُ : زمین پر رینگنااور اسی سے ہے "هٰذا مَخِیْطُ الحَیَّةِ" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔ خَاطَ اِلَیْهِ خَیْطَةً :ایک ہی دفعہ یاجلدی سے گزر جانا۔
خَیَّطَ۔الشَّیْبُ فِی رَاسِهٖ :بڑھاپا شروع ہونا۔
تَخَیَّطَ۔رَاسُهٗ بالشَّیْبِ :بڑھاپا شروع ہونا۔
اِخْتَاطَ واِخْتَطٰی۔ اِلَیْهِ : ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
الخَیْط۔مـ۔ دھاگہ۔ج خُیُوْط وخُیُوْطَة و اَخْیَاط ـــ مِنَ النَّعَامِ :شترمرغ کاریوڑ۔ مِنَ الجَرَادِ :ٹڈیوں کادل۔ج خِیْطَان۔
الخَیْطُ الاَبْیَضُ : صبح کی سفیدی۔ الخَیْطُ الاَسْوَدُ : رات کی سیاہی۔الخَیْطُ مِنَ الرَّقَبَةِ : حرام مغز۔ کہا جاتا ہے "جَاحَشَ عَنْ خَیْطِ رَقَبَتِهٖ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔
خَیْطُ بَاطِلٍ : ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُڑتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔
الخِیْط والخَیْطٰی۔مِنَ النَّعَامِ او الجَرَادِ : شترمرغ کاریوڑ۔ٹڈیوں کادل۔
الخِیَاطَة۔درزی کاپیشہ۔
الخَیَّاط۔درزی۔
الخِیَاط والمِخْیَط۔سوئی۔
خَیِفَ (س) خَیَفًا۔ ایک نیلگوں اور ایک سرمگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَف) مؤنث خَیْفَاء ج خِیْف۔
خَیَّفَ۔عَنِ القِتَالِ :روگردانی کرنا۔ ـــ القَوْمُ : کسی جگہ میں اُترنا۔ خَیَّفَتِ المراۃُ بِاَوْلَادِها :اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا۔
تَخَیَّفَ۔الوانًا : مختلف رنگوں والاہونا۔
الخَیْف۔دامن کوہ میں ہربلندوپست زمین۔پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔
الخِیْفَة۔۔چھری۔شیر کی جھاڑی۔
الخَیْفَاء۔ کشادہ تھنوں والی۔ ج خَیْفَاوَات وخِیْف۔
الاَخْیَاف۔ مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "هم اِخْوَةُ اَخْیَاف اَوْبَنُوْ اَخْیَاف" یعنی ان کی ماں ایک ہے اورباپ مختلف ہیں۔
الخَیْفَان۔ لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔واحد(خَیْفَانَة)
خَالَ یَخَالُ خَیْلًا وخِیْلًا وخَالًا وخَیْلَةً وخِیْلَةً وخَیْلَانًا وخَیْلُوْلَةً ومَخِیْلَةً ومَخَالَةً۔ الشیئَ : خیال کرنا۔ گمان کرنا اور واحد متکلم مضارع کاصیغہ اِخَال واَخَال اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔
خَیَّلَ تَخْیِیْلًا وتَخَیُّلًا۔علیه : تہمت لگانا و (خَیَّلَ تَخْیِیْلًا) السحابُ : گرجنا' چمکنا اور برسنے کے لیے تیار ہونا ـــ فِیْهِ الخَیْرَ : معلوم کرنا ـــ عَنِ القَوْمِ :کمزوروبزدل ہونا۔
خُیِّلَ۔اِلَیْهِ ولَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔
خَایَلَهٗ۔فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
خَایَلَتِ السَّحَابَةُ :بارش کی اُمید دلانا۔
اَخْیَلَتِ۔السماءُ :برسنے کیلئے تیار ہونا۔
ـــ النَّاقَةُ : تھنوں میں دودھ والی ہونا۔
(ـــ واَخَالَ)القومُ :ایسے بادل کودیکھنا جس کے متعلق خیال ہوکہ برسے گا۔(اَخْیَلَ واِخْتَالَ) المَکَانُ بِالنَّبَاتِ : ہرا بھرا ہونا۔ اَخَالَ عَلَیْهِ الشیئُ :دشوارومشتبہ ہونا۔
تَخَیَّلَتِ۔ السَّحَابَةُ : بارش کی علامتیں معلوم ہونا ـــ الرَّجُلُ : تکبر کرنا ـــ لَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے ـــ فیه الخیرَ : معلوم کرنا ـــ ہ : فراست سے معلوم کرنا ـــ علیه :پسند کرنااور فراست سے خیر معلوم کرنا۔
تَخَایَلَ تَخَایُلًا واِخْتَالَ واِخْتِیَالًا۔ تکبر کرنا اور اَکڑ کر چلنا۔
اِسْتَخَالَ۔السَّحَابَةَ :برستاہوا خیال کرنا۔
الخَال۔مـ۔بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ۔ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی وفیاض آدمی۔ مغرور۔ گمان وتوہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن۔ بدن کا تل۔ ج خِیْلَان۔
الخَالَة۔مغرور عورت۔
الخَیْل۔ مـ ۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُیُوْل واَخْیَال۔اور مجازاً خَیل کااطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "اتی بِخَیْلِهٖ ورَجْلِهٖ" وہ اپنے سواراور پیادوں کے ساتھ آیا۔
الخِیَل۔ہینگ۔
الخَیْلَان۔ایک دریائی جانور ہے جس کانصف حصہ انسان جیسااور نصف حصہ مچھلی کاساہوتا ہے۔
الخَیَال۔ گمان ووہم۔ج اَخْیِلَة (ـــ و الخَیَالَة) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے۔ انسانی شکل۔ڈراوا۔یعنی وہ چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔
الخَائِل۔مغرور۔ج خَالَة۔
المُخَیِّلَة والخَیَالِیَّة۔قوتِ خیالیہ۔
الاَخْیَل۔مؤنث خَیْلَاء۔ج خِیْل واَخَایِل۔ و(المَخِیْل والمَخْیُوْل)بدن میں تل والا۔
الاَخْیَل :ایک منحوس پرندہ کانام۔
الاُخَائِل۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اُخَائِلٌ"

الخیال۔ شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَة۔
الخُیَلاَء۔ والخِیَلاَء والخَیْلَة۔ تکبر و غرور۔
السحابة (المُخِیْلَة والمَخِیْلَة والمُخَیِّلَة والمُخْتَالَة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔
المُخِیْل : خیر سے ڈرانے والا۔ کَلاَمٌ مُخِیْلٌ : دشوار کلام۔
المَخَائِل۔ مِنَ السُحُب : بارش سے ڈرانے والے بادل۔ اور اسی سے ہے "ظَهَرَتْ فِیْه مَخَایِلُ النَجَابَةِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔
اَرْضٌ (مُتَخَیِّلَةٌ و مُتَخَایِلَةٌ)
خَامَ یَخِیْمُ خَیْمًا و خَیَمَانًا و خُیُوْمًا و خُیُوْمَةً و خِیَامًا و خَیْمُوْمَةً۔ اقامت کرنا ــــــ عنه : بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا ــــــ القومُ فِی القِتَالِ : جنگ میں کامیاب نہ ہونا ــــــ رِجلَه : پاؤں اُٹھانا۔
خَیَّمَ۔ خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا ــــــ بِالمکان : اقامت کرنا۔ خَیَّمَتِ الکَرْمَةُ : خیمہ کی مانند ہونا۔ خَیَّمَتِ البَقر : اپنے تھان پر کھڑے رہنا ــــــ اَلرِیحَ فِی الثَوْب : کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔
اَخَامَ اِخَامَةً و اَخْیَمَ اِخْیَامًا۔ الخیمةَ نصب کرنا ــــــ الفرسُ : تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
تَخَیَّمَ۔ المَکَانَ و بِالْمَکَان و فِیْه : جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ تَخَیَّمتِ الرِّیْحُ الضَبَةُ بالثَّوْبِ و فِیْهِ : بھڑک اٹھنا۔
الخِیْم۔ طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔
الخَام۔ ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔ پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو۔ کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخْوَام۔
الخَام ۔ سوتی۔
الخَامة۔ تر و تازہ گھاس۔ ج خَام و خامات۔
الخَیمة ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور لکڑی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم و خِیَام و خَیمات و خَیْم۔ الخِیَام : ہودے۔
الخَیَّام۔ خیمہ میں رہنے والا (ــــــ
الخیمی خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
المُخَیَّم۔ وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

دَأَبَ(ف)دَأْباً ودَأَبًا ودُؤُوْبًا-فى العَمَلِ : لگاتار جانفشانی سے کرنا- صفت (دَائِبٌ ودَؤُوبٌ) - (دَأْبًا ودَأَبًا) الدابةَ : تیز ہانکنا ______ہ :دھتکارنا-

اَدْأَبَهُ اِدْآبًا- تھکانا- لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا-

الدَأْبِ والدَأَب-مص-عادت-حالت-

الدَائِبَان- رات دن-

الدَائِب- تھکاماندہ-

دَأَثَ (ف) دَأْثًا- بوجھل ہونا ______ الثوبُ : میلا ہونا ______ الثوبَ : میلا کرنا ______ الطَعَامَ :کھانا-

الدِئْث- سخت کینہ-

الدَأثَاء- باندی-لونڈی-ج دِآث اِبْنُ دَأثَاء : بیوقوف-

دَأدَأدَأدَاْةً ودِئْدَاءً- تیز دوڑنا ______ فِىْ اَثَرِهِ : کھوج لگانے کیلئے پیچھے جانا ______ الشئَ : ڈھانپنا- حرکت دینا- ٹھہرانا ______ القومُ :باہم ہجوم کرنا-

تَدَأدَأ- ہلنا- ٹھہرنا ______ فى مَشْيِهِ : لڑکھڑانا-

______ عَنْ فَرَسِهِ :گرنا-

الدَأْدَأ والدَأدَاء والدَأدَاْةُ والدَأْدَاءَ ةُ-مِنَ اللَّيَالِىْ :سخت تاریک رات-ج الدَآدِئ-

الدُؤدُؤ- مہینے کا آخر- بقول بعض پچیسویں' چھبیسویں' ستائیسویں رات- اور بقول بعض اٹھائیسویں' اُنتیسویں رات- ج دَادِئ- الدَّارَ صِيْنِىْ-دار چینی-

دَئِصَ (س) دَأْصًا- اترانا ______ البَعِيْرُ : موٹاو پُرگوشت ہونا-

الدَأْص-موٹاپا-

دَأَظَ (ف) دَأْظًا- الإنَاءَ : بھرنا ______ الرجُلَ :باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا- غصہ دلانا- گلا گھوٹنا ______ القَرْحَةَ : دبا کر نچوڑنا-

دَأَظَ(ف)دَأْظًا-موٹا ہونا-

دَأَلَ (ف) دَأْلاً ودَأَلاً ودَأَلى- سُست چلنا- (______ لهدَأْلاً ودَألاَنًا) فریب دینا-

دَاءَ لَهُ مُدَاءَ لَةً- دھوکا دینا- تیز چلنے میں مقابلہ کرنا-

دُؤَالَة-لومڑی کے لئے علم جنس ہے-

الدَأْل والدُئِل والدُؤَل والدَألاَن- گیدڑ- بھیڑیا-نیولے کی مانند ایک جانور-

الدُؤْلُوْل- مصیبت- ج دَآلِيْل- کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فى دُؤلُوْل" لوگ مصیبت میں پڑ گئے-

دَأَمَ(ف)دَأْمًا-الحَائِطَ :سہارا دینا ______ الرجلَ :کود کر سوار ہونا-

تَدَأَّمَهُ- الماءُ : ڈھانپ لینا- تَدَأَّمَتِ السَّماَء :لگاتار برسنا-

تَدَاءَ مَتْ- عَلَيْهِ الهُمُوْمُ والاُمُوْرُ : ہجوم کرنا-

الدَأم-مص- ہر وہ چیز جو تمہیں چھپالے-

الدَأمَاء-سمندر-

دأى يَدْأُوويَدْأَى دَأْواً ودَأْيًا- الذِئبُ للصَيْد :دھوکے سے شکار کرنا-

الدَأْى- سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ- ج دَأَيَات-

(اِبْنُ دَايَة) کوا-

الدَايَة-دائی جنائی-ج دَايَات-

دَبَّ(ض)دَبًّا و دَبِيْبًا- رینگنا-ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا- کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مِنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ______ السُقْمُ فى الجِسْمِ اوِ البَلٰى فى الثوبِ : بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا' اثر کرنا ______ الجِدْوَلُ : نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دَبت عَقَارِبُهُ" اس نے تفرقہ اندازی کیلئے چغل خوری کی-دَبَّ الشَيْخُ : آہستہ چلنا-

اَدَبَّ- الصَبِىَّ :ہاتھ پیروں پر چلانا ______ اِلٰى اَرْضِهِ جَدْوَلاً :نہر جاری کرنا- کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلاَدَ" اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا- و "هُوَ يُدِبُّ عَلَيْنَا عَقَارِبُهُ و يُحْرِشُ عَلَيْنَا اَقَارِبه" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے-

الدُبُّ- ریچھ-ج اَدْبَاب وَدِبَبَة- مؤنث دُبَّة-

الدُبُّ الاَكْبَرُ والدُبُّ الاَصْغَرُ :بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ- کہا جاتا ہے "رَكِبَ دُبَّ فُلان او دُبَّةَ فُلانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کرلیا-

الدَبَّة- تیل وغیرہ کا برتن-بط کی شکل کا شیشہ کا برتن- بہت ریتلی جگہ- ج دِبَاب- منہ کا رُواں- ج دَبٌّ- کہا جاتا ہے "لَيْسَ فى الدَّارِ دُبِّىَّ اَوْدِبِّىَّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں- اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے-

الدَبَب- رُواں-بال کی کثرت- گائے کا نومولود بچھڑا-

الدَبَّاب- تیز رینگنے والا- ناتوانی سے آہستہ چلنے والا- مؤنث دَبَّابَة-

الدَبَّابَة- ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں

استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج دَبَّابَات۔ الدَّبَّابَة :ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الدَّبِیب۔ مہ۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدَّبُوب و الدَّیْبُوب۔ موذی۔ چغل خور۔ گہرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَّابَّة۔ الدابُّ کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔ سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دَوَابٌّ۔ تصغیر (الدُّوَیْبَّة)

الدُّبَّاء۔ کدو۔ واحد (دُبَّاءَ ة)

الدَّبَّان۔ زواں۔ بالوں کی کثرت۔

الأَدَبُّ۔ بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔ مؤنث دَبَّاء۔ بہت بالوں والا اُونٹ۔

المَدَبُّ۔ جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَّیْلِ" سیلاب بہنے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ النَّمْلِ" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

أَرْضٌ (مَدَبَّة)۔ بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأَهُ (ف) دَبْأً۔ لاٹھی سے مارنا ＿＿ الشیئُ :ساکن ہونا۔

دَبَّأَه۔ وَ دَبَأَ عَلَیْهِ :چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

دَبَجَه (ن) دَبْجًا و دَبَّجَهُ۔ نقش کرنا‘ مزین کرنا‘ خوبصورت بنانا ＿＿ الطَّیْلَسَانَ : ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِّیبَاج۔ ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِج و دَبَابِیج۔ واحد (دِیْبَاجَة) و (الدِّیبَاجَة) چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَصُوْنُ دِیبَاجَتَهُ" فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلَانٌ یَبْذُلُ دِیبَاجَتَه" فلاں اپنی آبروریزی کرتا ہے۔ "دِیبَاجَةُ الْكِتَابِ" کتاب کا دیباچہ۔ الدِّیبَاجَتَانِ۔ دونوں رخسارے۔ دِیبَاجَةُ الْوَجْهِ : چہرہ کی رونق۔

الدِّیْبَاجُ :جوان اونٹنی۔

الدَّبَّاج۔ ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج۔ ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل۔ ایک بدشکل آبی پرندہ۔ اُلو۔

دَبَّجَ۔ سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔

فِیْ بَیْتِهِ :گھر میں جمے رہنا۔

دَبَّخَ۔ بمعنی دَبَّخَ۔

دَبْدَبَ دَبْدَبَةً۔ الحَافِرُ عَلَى الأَرْضِ : ٹاپ سے آواز نکلنا۔

الدَّبْدَابُ۔ ڈھول۔ طبل۔ ج دَبَادِیب۔

دَبَرَ (ن) دَبْرًا و دُبُوْرًا۔ النهارُ أو الصَّیْفُ : گزر جانا۔ ختم ہونا ＿＿ الرَّجُلُ : مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا ＿＿ الرِّیحُ :پچھوائی رُخ پر ہو جانا۔ (＿＿ دَبْرًا) السَّهْمُ الهَدَفَ : نشانہ سے ہٹ جانا ＿＿ الکِتَابَ : نقل کرانا ＿＿ بِالشَّیْءِ : لے جانا ＿＿ ہ : پیچھے آنا ＿＿ الحَدِیْثَ عَنْ فُلانٍ : کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ۔ پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِرَ (س) دَبَرًا۔ البَعِیْرُ : کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)

دَبَّرَ۔ الامرَ : غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا ＿＿ الحَدِیْثَ : دوسرے سے روایت کرنا ＿＿ عَلَى هَلَاكِهِ : کسی کی ہلاکت کیلئے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دَابَرَ مُدَابَرَةً و دِبَارًا۔ مرنا ＿＿ ہ : دشمنی کرنا۔

أَدْبَرَ۔ البعیرُ : زخمی پیٹھ والا ہونا۔ أَدْبَرَه القَتَبُ : پیٹھ زخمی کرنا ＿＿ فلانٌ : مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ＿＿ عَنْهُ : پیٹھ پھیرنا ＿＿ ہ : پیچھے کرنا۔ أَدْبَرَتِ الدُّنْیَا : اقبال کا ختم ہونا۔ الامرُ : ختم ہونا ＿＿ الرَّجُلُ :بدھ کے دن سفر کرنا۔

تَدَبَّرَ۔ الامرَ :انجام سوچنا۔

تَدَابَرَ۔ القومُ :باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَهُ۔ پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا ＿＿ الأَمْرَ : غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَّبْرُ۔ مہ۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرة) ج أَدْبُر و دُبُوْر۔ بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ کَلَامِیْ دَبْرَ أُذُنِهِ" اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِّبْر۔ بمعنی الدَّبْر۔ بہت مال۔ واحد ہے مفرد اور جمع دونوں کیلئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْر و اموالٌ دِبْر"

الدُّبْر و الدُّبُر۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : پچھلا حصہ۔ ج أَدْبَار۔ دُبُرُ الصَّلٰوة : نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ دُبُرًا لِشَهْرٍ و فِی دُبُرِهِ و عَلَى دُبُرِهِ و أَدْبَارَ الشَّهْرِ و فِی أَدْبَارِهِ" :وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُرُ البَیْتِ : گھر کا گوشہ۔

الدَّبْرَة۔ انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبَار۔

الدَّبِر۔ زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِّبْرَة۔ جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لِهٰذَا الامرِ قِبْلَةٌ و لا دِبْرَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

الدَّبَرَة۔ جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر و أَدْبَار۔

الدَّبَار۔ ہلاکت۔

الدِّبَار۔ کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدَّبُوْر۔ پچھوائی ہوا۔

الدَّبِیْر۔ مِنَ الرَّجُلِ :پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَعْرِفُ قَبِیْلَه مِنْ دَبِیْرِهِ" وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی‘ جہالت کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِیْلَهُ مِنْ دَبِیْرِهِ" اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز کرلی۔

الدَّبُّوْر۔ شکل و صورت۔ ج دَبَابِیر۔

الدَّبُّوْرَة۔ پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح لفظ "الصَّاقُوْر" ہے۔

الدَّبَرَان۔ چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔

الدَّابِر۔ فا۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔ جیسے "أَمْسُ الدَّابِرِ" گزشتہ کل۔ اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَأَیْتُهُ بِعَیْنِیْ" بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الکِنَانَةِ غَیْرُ الدَّابِرِ" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہ رہا۔ اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُمْ" اللہ ان

کی جڑ کو کاٹ دے۔

الدَابِرَة- الدَابر کا مؤنث- شکست- بدفالی- نحوست- انسان کی ایڑی کا پٹھا- دَابِرَةُ الطَّیر : پرندے کے پاؤں کا خار- ج دَوَابر-

الدَّبَرِیُّ- نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے-

الدَبْرِیُّ- وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا- "شَرُّ الرَّای الدَبْرِیَّ" یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے- و "جَاءَ دَبَرِیًّا" وہ آخر میں آیا-

المُدَابِر- ناکامیاب تیر والا-

المُقَابَل والمُدَابَر- نجیب الطرفین- شریف ماں باپ والا-

المَدْبُور- زخمی- بہت مال والا-

دَبَّسَ- الشیَ : چھپانا ___ الشیُ : چھپنا ___ العِنَبُ : میٹھا ہونا ___ العَصِیْرُ المَغلیُ : گاڑھا ہو جانا ___ الرجُلُ العَصِیْرَ : پکا کر گاڑھا کر دینا-

اَدْبَسَت- الاَرْضُ : اکھوا نکلنا-

اِدْبَسَّ اِدْبِسَاسًا- الفرسُ : سرخ سیاہ ہونا- صفت (اَدْبَس)

الدَّبْس- ہر کالی چیز- بہت تعداد- کہا جاتا ہے "مَالٌ دَبْسٌ" بہت مال-

الدِبْس- پکایا ہوا گاڑھا شیرہ-

الدَبَّاس- شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا-

الدِبس- شہد- کھجور کا شیرہ-

الدُبْسَة- سیاہی ملی ہوئی سرخی-

الدَبُّوس والدُبُّوس- آہنی گرز- ج دَبابیس-

دَبَشَ (ن) دَبْشًا- الشیَ : چھلکا اُتارنا ___ الطَعَامَ : کھانا-

المَذْھَب۔ مہ۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذَاھِب "تَمَذْھَب بِالمَذْھَبْ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔

المُذْھَبَات۔ زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد۔

ذَھِرَ (س) ذَھَرًا۔ فوہ : کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْھَر) مؤنث ذَھْرَاء۔ ج ذُھْر۔

ذَھَلَ (ف) ذَھْلًا و ذُھُوْلًا۔ الشیٔ و عَنْہُ : بھول جانا۔ غافل ہو جانا۔

ذَھِلَ (س) ذُھُوْلًا۔ ہکا بکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔

اَذْھَلَ۔ غافل کردینا۔

الذُھْل و الذَھْل۔ مِنَ اللَّیلِ : رات کا ایک حصہ۔

المَذْھَل۔ ہکا بکا ہونے کی جگہ۔

الذُھْلُوْل۔ مِنَ الخَیل او الرِجَال : عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَھَالِیل۔

ذَھَنَ (ف) ذَھْنًا۔ الاَمْرُ : سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (___ و اَذْھَنَ و اِسْتَذْھَنَ) الرَجُلَ عَنِ الاَمْرِ : فراموش کردینا۔

ذَھِنَ (س) ذَھَنًا۔ الشیٔ : سمجھنا۔

ذَھُنَ (ک) ذَھَانَۃً۔ اچھے حافظہ والا ہونا۔

ذُھِنَ۔ ذہن کا زائل ہونا۔

ذَاھَنَہٗ۔ زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یُذَاھِنُ النَاسَ و یُفَاطِنُھُمْ" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ المَوَارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔

الذِھْن۔ سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "مَابِرِجْلِی ذِھْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذْھَان۔

الذَھَن۔ سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْھَان۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اھل الاذھان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔

رجل (ذَھِن و ذِھْنٌ) ذکی اور سمجھ دار مرد۔

ذَھَا (ن) ذَھْوًا۔ تکبر کرنا۔

ذُوْ۔ صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَان۔ ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُہٗ ذَاصَبَاحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جَاءَ مِنْ ذِیْ نَفْسِہٖ" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُوالیَد اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وَکَانَ ذٰلِکَ مِنْ ذِیْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ذَوُوْالاَرْحَام : رشتہ دار۔ اقربا۔ الذَوُوْن و الاَذْوَاء : یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْیَزَن۔ ذُوْنُوَاس۔ ذُوْرِیَاش۔ وغیرہ۔

ذَاتٌ۔ ذُو کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان۔ ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ ذَاتَ یَوْمٍ او ذَاتَ لَیْلَۃ اَوْذَاتَ مَرَّۃٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وَکَانَ ذٰلِکَ ذَاتَ العُوَیْم" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الیَمِیْن" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَدْرِ : فکر یا بھید۔ ذَاتُ الیَمِیْنِ : داہنی جانب۔ ذَاتُ البَیْن : حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کرسکتے ہو۔ ذَاتُ شَفَۃٍ : کلمہ۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُہٗ فَمَارَدَّ عَلَیَّ ذَاتَ شَفَۃٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔ ذَاتُ الیَدِ : ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ یَدِہٖ" اس کی ملکیت کم ہوگئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَجَاجَۃُ ذَاتَ بَطْنِھَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الجَنْبِ عِنْدَ الاَطِبَّاء : نمونیا۔ ذَاتُ الرئَۃِ و ذَاتُ الصَدْرِ و ذَاتُ الکَبِد : بیماریوں کے نام۔

الذَات۔ وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذَاتُ الشیٔ : نفس شیٔ۔ عین شیٔ۔ جوھر شیٔ۔ اِسْمُ الشیٔ۔ عِنْدَ النُحَاۃِ : نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔

الذَوَات عِنْدَ المُوَلِدِیْن : قوم کے بڑے بڑے لوگ۔

الذَاتِی۔ ذات کی جانب منسوب۔

ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا۔ الثَلجُ او السَمْنُ : برف یا گھی پگھلنا ___ دَمْعُہٗ : آنسو بہنا ___ الشَمْسُ : آفتاب کا گرم و تیز ہونا ___ الرَجُلُ : عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِی عَلَیْہِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَاذَابَ فِی یَدِی مِنْہُ خَیْر" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرَجُل" لاغر ہوگیا۔

ذَوَّبَ- السَّمَنَ : گھی پگھلانا ___ الغُلَامَ : لڑکے کے گیسو بنانا-

اَذَابَ اِذَابَۃً- السَّمَنَ : گھی پگھلانا ___ حَاجَتَہ : حاجت پوری کرنا ___ القَوْمُ اَمْرَھُمْ : درست کرنا ___ عَلَی العَدُوِّ : دشمن پر لوٹ ڈالنا-

اِسْتَذَابَہ- پگھلانے کو کہنا- شہد مانگنا ___ الشَّیَٔ : باقی رکھنا ___ حَاجَتَہٗ : پوری کرنا-

الذَّاب- عیب-

الذَّوْب- مہ- خالص شہد- ذَوْبُ الذَّھَبِ : سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا- اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الکَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے-

الذَّوْبَۃ- ذَابَ کا اسم مرۃ : کہا جاتا ہے "ظَھَرَتْ مِنْہُ ذَوْبَۃٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی- مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے- نَاقَۃ (ذَوُوْبٌ) موٹی اونٹنی-

الاِذْوَاب والاِذْوَابَۃ- مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے- کہا جاتا ہے "ھُوَ اَحْلٰی مِنَ الذَّوْبِ بِالاِذْوَابَۃِ" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو- اس سے زیادہ میٹھا ہے-

المِذْوَب- سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی-

المِذْوَبَۃ- چمچہ-

ذَاجَ (ن) ذَوْجًا- جلدی کرنا ___ المَاءَ : پانی پینا-

ذَاحَ (ن) ذَوْحًا- سخت چال چلنا-

(___ وذَوَّحَ) الاِبِلَ : اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا-

ذَادَہ (ن) ذَوْدًا او ذِیَادًا- دفع کرنا- ہٹانا- دھتکارنا- کہا جاتا ہے "ذَادَ الاِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹادیا (___ وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِہٖ : بچانا- حمایت کرنا- صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد و ذَادَۃ-

اَذَادَ اِذَادَۃ و اَذْوَدَہٗ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا-

الذَّوَّاد- بہت دفع کرنے والا-

المَذَاد- چراگاہ-

المِذْوَد- مویشیوں کا تھان- جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے- بیل کا سینگ- زبان-

رِجَال (مَذَاوِدُ و مَذَاوِیْدُ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ-

الذُّوْر- مٹی-

الذُّوْرَۃ- پرندے کے پوٹے کا اگلا حصہ جس میں پانی رہتا ہے-

الذَّوْزَوْز- تھوڑا- کہا جاتا ہے "مَا اَعْطَاہُ ذَوْزَوْزًا" اس نے اُسے تھوڑا سا بھی نہیں دیا-

ذَاطَہٗ (ن) ذَوْطًا- سخت گلا گھونٹنا-

الاِنَاءَ : بھرنا-

ذَوِطَ (س) ذَوَطًا- چھوٹی چھوٹی تھوڑی والا ہونا- صفت (اَذْوَط)

الذَّوْطَۃ- زرد پیٹھ والی مکڑی- ج اَذْوَاط-

الذَّوْط- ادنٰی درجہ کے لوگ-

ذَاعَ (ن) ذَوْعًا- مَالَہٗ : سب کچھ پراگندہ کردینا-

اَذَاعَ اِذَاعَۃً- القَوْمُ بِمَا فِی الحَوْضِ : قوم کا سارا پانی پینا ___ الرَّجُلُ بِمَالِہٗ : لے جانا-

ذَافَ (ن) ذَوْفًا- کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا-

الذُّوْفَان- زہر-

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّیَٔ : چکھنا ___ العَذَابَ- عذاب برداشت کرنا ___ الرَّجُلَ و مَا عِنْدَ الرَّجُلِ : آزمائش کرنا- کہا جاتا ہے "مَاذَاقَ ذَوَاقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا-

تَذَوَّقَ- الشَّیَٔ : تھوڑا تھوڑا چکھنا-

تَذَاوَقَ- القَوْمُ الشَّیَٔ : چکھنا- کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" اُنھوں نے نیزوں کو سنبھالا-

اِسْتَذَاقَہ- آزمائش کرنا- تجربہ کرنا- لَہُ الاَمْرُ : آسانی سے حاصل ہونا- اسی سے ہے "لَا یَسْتَذِیْقُ لِیَ الشِّعْرُ اِلَّا فِی فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں-

الذَّوْق و الذَّائِقَۃ- چکھنے کی قوت-

الذَّوْق و الذَّوَاق- طبیعت- کہا جاتا ہے "ھُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے الذَّوَاق : مزہ- کہا جاتا ہے "ذَوَاقُہٗ طَیِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے-

المَذَاق- مزہ- کہا جاتا ہے "مَذَاقُہٗ طَیِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے- "وھُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے-

الذَّوِیْل- خشک گھاس وغیرہ-

الذَّان- عیب-

التَّذَوُّن- تونگری و نعمت-

ذَوَیٰ (ض) وذَوِیَ (س) ذُوِیًّا- النَّبَاتُ : نباتات کا پژمردہ ہونا-

اَذْوَیٰ اِذْوَاءً- پژمردہ کرنا-

الذِّوِیٰ- بکری کے چھوٹے بچے-

الذُّوَاۃ- خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا-

اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے-

ذَیْتَ ذَیْتَ اَوْ ذَیْتَ و ذَیْتَ- بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَہٗ ذَیْتَ ذَیْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا- و "فَعَلْتُ ذَیْتَ ذَیْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَیًّا ذَیًّا و ذَیَّۃَ ذَیَّۃَ) ہیں-

ذَاجَ (ض) ذَیْجًا- المَاءَ : پانی پینا-

ذَایَجَہٗ مُذَایَجَۃً- کسی کے ساتھ ہو کر پینا-

ذَیَّخَت- النَّخْلَۃُ : گابھا نہ لگنا-

اَذَاخَ اِذَاخَۃً- بِالمَکَانِ : گرد اگرد گھومنا ___ بنی فلان : ذلیل کرنا-

الذِّیْخ- دلیر بھیڑیا- زیادہ بالوں والا- نر بجو- مؤنث ذِیْخَۃ- عمدہ گھوڑا- تکبر- ایک سرخ رنگ کا ستارہ- ج اَذْیَاخ و ذُیُوْخ و ذِیَخَۃ-

ذَارَہٗ یَذَارُہٗ ذَیْرًا- ناپسند کرنا-

الذِّیَرَۃ- مٹی ملا ہوا گوبر-

ذَاعَ (ض) ذَیْعًا و ذُیُوْعًا و ذَیْعُوْعَۃً و ذَیَعَانًا- الخَبَرُ : پھیلنا- اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِی جِلْدِہِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی-

اَذَاعَ اِذَاعَۃً- الخَبَرَ و بِالخَبَرِ : پھیلانا ___ السِّرَّ بِالسِّرِّ : ظاہر کرنا ___ القَوْمُ مَا فِی الحَوْضِ او بِمَا فِیْہِ : سارا پی لینا ___ بِالشَّیْءِ : لے جانا-

اِنْذَاعَ- الخَبَرُ : پھیلنا-

المِذْیَاع- راز کی حفاظت نہ کرنے والا- ج مَذَایِیْع- تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْیَاعٌ و لِلْاَسْبَابِ مِضْیَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے-

الذَیْفَان و الذِیْفَان۔ مہلک زہر۔

ذَالَ (ض) ذَیْلاً۔ الثَوْبُ : کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا ــــ الطَائِرُ : پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا ــــ النَاقَةُ بِذَنَبِهَا : اُونٹنی کا رانوں پر اِدھر اُدھر مارنا ــــ الجَارِيَةُ : لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا ــــ الشَيْئُ : ادنٰی ہونا۔ حَالُه : پست و فروتر ہونا ــــ فُلَانٌ اِلٰی فُلَانٍ : گستاخی کرنا۔

ذَيَّلَ۔ الثوبَ۔ کپڑے کا لمبا کرنا۔ الكِتَابَ : کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔

اَذَالَ اِذَالَةً و اَذْيَلَ اِذْيَالاً۔ الثوبُ : دامن والا ہونا ــــ الرَجُلُ ثَوْبَهٗ : کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا۔ مَالَه : خرچ کرنا ــــ ہ : اہانت کرنا ــــ فَرَسَه و غُلَامَه : لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا۔

ــــ المرأۃ قِنَاعَهَا : عورت کا برقع کو لٹکانا۔

ــــ الدمْعَ : آنسو بہانا۔

تَذَيَّلَ۔ فی الكلام : گستاخی کرنا۔ الجَارِيَةُ : لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا ــــ الفَرَسُ فِیْ اِسْتِنَانِه : گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا۔

تَذَايَلَ۔ حَالُهٗ : پست و فروتر ہونا۔

الذَيْل۔ چیز کا آخری حصہ۔ ذَيْلُ الثَوْبِ : دامن۔ ذَيْلُ الرِيْح : ریت پر ہوا کے نشانات۔ ذَيْلُ الفَرَس : دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِی ذَيْل ذَائِل" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْيَال و ذُيُول و اَذْيُل۔

اَذْيَالُ النَاسِ و ذُيُوْلُهُم : آخر کے لوگ۔

الذَائِل۔ فا۔ دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ : لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَيْلُه" یعنی اس کا حال اچھا ہوگیا اور مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ (مُذَال او مُذَيَّل) لمبے دامن کا کپڑا۔

المُذَالَة۔ باندی۔ لونڈی۔ اور مثل ہے "اَخْيَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔ دِرْعٌ مذَالَةٌ : لمبی زرہ۔

اَرْضٌ (مُتَذَيِّلَةٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔

المِذْيَال۔ لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)

ذَامَهٗ (ض) ذَيْمًا و ذَامًا۔ عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِيم و مَذْيُوْم)

الذَام و الذَيْم۔ عیب۔ مذمت۔

الذِيْن۔ عیب۔

رَأَبَ (ف) رَأبًا- الصَدْعَ : پھٹن درست کرنا- مرمت کرنا ـــــ الشَئَ :جمع کر کے نرم باندھنا ـــــ بَیْنَهُم : صلح کرانا-

رَأَبَتِ الاَرْضُ : سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا-

اَرْأَبَ اِرْآبًا- الصَدْعَ : پھٹن درست کرنا- پیوند کرنا-

الرَأب- مہ- پھٹن- شگاف- سردار- ج رِئَابٌ- کہا جاتا ہے "کَفٰی بِفُلاَنٍ رَأبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے- (اِس جملہ میں مصدر بمعنیٰ اسم فاعل ہے)

الرُؤْبَة- لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے- سوراخ بند کرنے کی چیز- گاڑھا دودھ- رات کا گزرا ہوا وقت- حاجت- ج رِئَاب ورُؤْبَات- کہا جاتا ہے "هُوَرِئَاب بَنِی فُلاَنٍ" وہ بنو فلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے-

الرَّأَّاب والمِرْآب- درست کرنے والا-

رَأبَل رَأبَلَةً- ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے-

تَرَأبَلَ- القَوْمُ : چور بننا ـــــ عَلَيْهِ :لوٹ ڈالنا-

الرِئبَال والرِيبَال- شیر- بھیڑیا- ج رَآبِل ورَآبِيل ورَآبِلَة ورَئَابِيل- الرِئبَال- اکلوتا لڑکا-

الرَاتِينَج- صنوبر کا گوند-

رَأُدَ (ک) رُؤُدْوَةً- الغُصْنُ : ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا- صفت (رَؤُد)

تَرَأَدَت- الرِيحُ : ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا- تَرَأَّدَ الرَجُلُ : اُٹھنے میں کانپنا (ـــــ (واِرْتَأَد) الغُلاَمُ :خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا ـــــ الغُصْنُ : جھکنا ـــــ العُنُقُ : گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأَّدو تَرَاءَ د) الضُحَی : روشنی پھیلنا- دن چڑھنا-

رَأدو رَائِد- الضُحَی : آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت- والرأد : کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ-

الرِئْد- ہم عمر- کہا جاتا ہے "هٰذَا رِئْدِی" یہ میرا ہم عمر ہے- درخت کا پودہ- ج اَرآد-

الرَأد والرَأدَة والرُؤْد والرُؤْدَة- خوبصورت نوجوان عورت- الرُؤد : نرمی سہولت- کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ-

رَأرَأَ- پتلی پھرانا- تیز دیکھنا- رَأرَأَ بِعَيْنَيْهِ : آنکھیں پھرانا- صفت مذکر (رَأرَأ) صفت مؤنث رَأرَأ ورَأرَأَةٌ ورَأرَاء ورَأرَاءَ ةٌ ـــــ الظِبَاءُ : ہرنیوں کا دُم ہلانا ـــــ السَحَابُ او السَرابُ :بادل یا سراب کا چمکنا ـــــ الرَجُلُ : پڑھنے یا بولنے میں حرف را زیادہ بولنا-

رَؤسَ يَرْؤُسُ رِئَاسَةً- رئیس ہونا-

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً- القَوْمَ : سردار قوم ہونا (رَأَسَهُ (ف) رَأسًا) سر پر زخم پہنچانا ـــــ السَيْلُ الغُثَاء :سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا-

رُئِسَ- درد سر والا ہونا-

رَأَسَهُ- سردار بنانا-

تَرَأَّسَ واِرْتَأَسَ- سردار ہونا-

اِرْتَأَسَهُ :گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا-

اِرْتَأَسَ الشَئَ : کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا-

الرَأس- سر- ج اَرْؤُس ورُؤُوس و رُؤس و آرَاس- اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُونَ رَأسًا مِنَ الغَنَمِ- الرَأس : چیز کی چوٹی- سردار قوم- رَأسُ الشَهْرِ او العَام : مہینے یا سال کا پہلا دن- اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رَأسًا" اس نے اس کام کو ابتداءً کیا- و "وَلَدَتْ ثَلاَثَةً رَاسًا عَلٰی رَاس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے- و "رُمِيتُ مِنْكَ فِي الرَاسِ" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں- و "هٰذَا قِسْمٌ بِرَأسِهِ" یہ مستقل ایک قسم ہے- و "اَنْتَ عَلٰی رَأسِ اَمْرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے-

رِئَاسُ- السَيْفِ: تلوار کا قبضہ-

کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰی رِئَاسِ اَمْرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے-

الرَائِس- فا- حاکم- ج رُؤَاس-

الرَئِيس والرَيِّس- سردارِ قوم- چودھری- ج رُؤَسَاء-

الرَئِيس- مستحکم سرداری والا-

الرَوَائِس- وادیوں کی بلندیاں- اگلے بادل- واحد رَئِيسَة-

الرَأَّاس- سری بیچنے والا-

الاَرْأَس- بڑے سر والا- مؤنث رَأسَاء-

الرُؤَاسِيُّ- بڑے سر والا-

المِرْآس- مِنَ الخَيْلِ : وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے- گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا-

المُرَائِس- جنگ سے جی چرانے والا-

المَرْؤُوس- رعیت' محکوم- بڑے سر والا (ـــــ والرئِيس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو-

المُرَئِس- شیر-

رَأَفَ(ف) رَأفَةً ورَؤُفَ(ک) رَآفَةً ورَئِفَ

(س) رَأَفَ وَ تَرَأَّفَ بِهِ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوفٌ و رَؤُفٌ و رَأْفٌ و رَئِفٌ و رَائِفٌ)
تَرَاءَفُوْا۔ آپس میں مہربانی کرنا۔
رَأَّفَهُ و اِسْتَرْأَفَهُ۔ مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّأْفُ۔ شراب۔
اِسْتَرْأَلَ۔ الرَّأْلُ: شتر مرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا ـــــ النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔
الرَّأْلُ۔ شتر مرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَةٌ۔ ج رِئَال وَأَرْؤُل و رِئْلَان۔ رِئَالَة۔ کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَأْلُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔
الرُّؤَال۔ گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔
الرَّائِل و الرَّاؤُول۔ دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نَعَامَةٌ (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شتر مرغ۔
المُرَائِل۔ جلدی کرنے والا۔
رَأَمَ (ف) رَأْمًا۔ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔
ـــــ القِدْحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔
رَئِمَ (س) رَأْمًا و رِئْمَانًا۔ الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا ـــــ الشَّيْءَ: محبت کرنا۔ الفت کرنا ـــــ النَّاقَةُ وَلَدَهَا: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِمٌ و رَائِمَةٌ رَؤُومٌ) ج رَوَائِم۔ کہتے ہیں "هو رَؤُومٌ لِلضَّيْمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔
أَرْأَمَ إِرْآمًا۔ الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا ـــــ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔
ہ عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا ـــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔
تَرَأَّمَهُ۔ و تَرَأَّمَ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔
الرِّئْم۔ سفید ہرن۔ ج أَرْآم و آرَام۔ مؤنث رِئْمَة۔
الرُّؤَام۔ لعاب۔
الرَّوَائِم۔ دیگ دان کے پایے۔
الرَّأْم۔ اونٹ کا بچہ۔ اونٹ کے بچہ کا چمڑا جس میں بھوسہ بھر دیا گیا ہو۔
الرَّئِم۔ دبر کا حلقہ۔
رَأَى يَرَى رَأْيًا و رُؤْيَةً و رَاءَةً و رِئْيَانًا۔ بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ يَرَى کی اصل يَرْأَى ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور امر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "يَا تُرَى وَ يَا هَلْ تُرَى" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔
رَآءَ۔ الشَّيْءَ: دیکھنا۔
رَأَى (ف) رَأْيًا۔ الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا ـــــ الزَّنْد: چقماق سے آگ نکالنا۔
ـــــ الزَّنْدُ: آگ نکلنا ـــــ الرَّايَة: جھنڈا گاڑنا۔
رَأَّيْتُه تَرْئِيَةً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔
رَاءَيْتُه مُرَاءَاةً و رِئَاءً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔
و رَاءَيْتُه مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔
أَرْأَى إِرْءَاءً۔ عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا ـــــ الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا ـــــ الحَامِلُ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ وَالسَّبُعِ: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِيَةٌ)
أَرَاه يُرِيْه إِرَاءَةً و إِرَاءَةً الشَّيْءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِيَة۔ کہا جاتا ہے "أَرِنِي بِرَأْيِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "أَرَى اللهُ بِفُلَانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔
تَرَأَّى و تَرَاءَى۔ فِي المِرْآة: آئینہ میں دیکھنا۔
تَرَأَّى و تَرَاءَى لَهُ: دیکھنے کے درپے ہونا۔
و تَرَاءَى النَّاسُ۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَاءَيْنَا فِي الأَمْرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرَأَّى بِرَأْيِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ و "تَرَاءَى لِي أَنَّ الأَمْرَ كَيْتَ كَيْتَ" میرے لئے یہ ظاہر ہو گیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و "تَرَائَيْنَا الهِلَالَ" ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔
اِرْتَأَى۔ الأَمْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔
اِسْتَرْأَى۔ ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْأَيْتُه وَاسْتَرَيْتُه" اِسْتَرْأَى بِالمِرْآة: آئینہ سے دیکھنا۔
الرَّأْي۔ رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَأْيِي كَذَا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آرَاء وَأَرْآء۔
الرِّئْيُ و الرُّئِيُّ و الرُّوَاءُ و الرِّيُّ۔ منظر اور حسن منظر۔
الرُّؤْيَا۔ خواب ج رُؤًى۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ حِيْنَ جُنَّ رُؤْيًا و رَأْيًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔
الرُّؤْيَة۔ آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًى۔
الرِّيَّة۔ دیکھنا۔
الرِّئَاء۔ مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ أَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ"۔ ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔
التَّرْئِيَة۔ منظر یا حسن منظر۔
الرَّءَّآء۔ بہت دیکھنے والا۔
الرِّئَة۔ پھیپھڑا۔ ج رِئَات و رِئُون اور نسبت کے لیے (رِئَوِيٌّ)
رَئِيُّ۔ القوم: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِيُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ هُوَ (أَرْأَى) بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْآة۔ آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے يَتَمَرْأَى یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْأَى و المَرْآة۔ منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ و "تُجْزِعُ عَنْ مَجْهُوْلِهِ مَرْآتُه" اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّيْ مَرْأًى و مَسْمَعٌ أو بِمَرْأًى و بِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ (ن) رَبًّا۔ القَوْمَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا ـــــ النِّعْمَةَ: زیادہ کرنا ـــــ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا ـــــ الأَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

ـــــ الدُّهْنَ : تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔
ـــــ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا (ـــــ رَبًّا ورُبًّا) الزِقَّ : مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(ـــــ رَبًّا ورَبَّبَ تَرْبِيبًا وتَرِبَّةً وارْتَبَّ إرْتِبَابًا) الوَلَدَ : لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔ ورَبَّبَ الدُّهْنَ۔ تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
أَرَبَّ۔ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا ـــــ مِنْه : قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ۔ القومُ : اکٹھا ہونا۔
الصَّبِيَّ : بچّے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتَهُ يَتَرَبَّب أَرْضَكم" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
أُرْتُبَّ۔ العنَبُ : انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔
الرَّبُّ۔ مہ۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّي ورَبَّانِي ورُبُوبِيٌّ)
الرَّبَّانِي۔ عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّةُ۔ رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔
الرِبَّةُ۔ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج أَرِبَّة ورِبَاب۔
الرُّبُّ۔ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب۔
رُبَّ ورُبَّةَ و رُبَّما ورُبَّتَما۔ حرفِ جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيْلُ مُقبِلٌ ورُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِيْل" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"

الرَّابُّ۔ سوتیلا باپ۔
الرَّابَّةُ۔ سوتیلی ماں۔
الرَّبَب۔ بہت پانی۔ میٹھا پانی۔
الرَّبَاب۔ سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَةٌ)
الرِبَاب۔ عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔
الرِبَابَة۔ الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتَ اِمْرَءً اَفْضَتْ اِلَيكَ رِبَابَتِي"
الرُبَّى۔ بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔
الرُبُوبَة والرُبُوبِيَّة۔ الرب کا اسم۔
الرَبَّاب۔ جماعت۔
الرُبَّان۔ ملاحوں کا سردار۔
الرَبِيْب والرَبُوْب۔ سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج أَرِبَّة۔ الربيب : مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔
الرَبِيبَة۔ دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج۔ رَبَائِب۔
المَرْبُوْب۔ پرورش کیا ہوا۔ غلام، بندہ۔
المَرَبُّ۔ جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْم" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔
(ـــــ المِرْبَاب) : بہت پیداوار والی زمین۔
المُرَبَّب۔ جس کے اوپر انعام کیا جائے۔
المَرَبَّة۔ مملکت۔
المُرَبَّبَات۔ رُب کی تیار کی ہوئی چیزیں۔
رَبَأَ (ف) رَبْأً۔ چڑھنا۔ بلند ہونا۔ عَلٰی جَبَلٍ : پہاڑ پر سے جھانکنا ـــــ فِي الاَمْرِ : غور و فکر کرنا ـــــ القَوْمَ و لِلْقَوْم : دیدبان بننا ـــــ الشَيْئَ : بلند کرنا ـــــ المَالَ : حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّيْ اَرْبَأُبِكَ عَنْ ذَالِک" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "ومارَبَأْتُ رَبْأَهُ" نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ وارْبَأْبِهِ یعنی اس کی حفاظت کرو۔
رَبَّأَهُ تَرْبِئَةً۔ لے جانا۔

رَابَأَهُ مُرَابَأَةً۔ چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً۔ بِهِم : دیدبان بننا۔
المِرْبَأَة : دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا ـــــ عَلٰی الجَبَل : پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأَ الشَمْسَ مَتٰى تَطْرِبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَبِيُّ والرَبِيئَةُ۔ فوج کا دیدبان۔ ج رَبَايَا۔ کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَايَاهُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
المَرْبَأ والمِرْبَأ والمَرْبَأَة والمُرْتَبَأ۔ دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَأ : سیڑھی۔
رَبَتَ (ن) رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِيْتًا۔ پرورش کرنا۔ رَبَّتَ الصَبِيَّ : بچّے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔
رَبِتَ (س) رَبَتًا۔ الشَیْئُ : بند ہونا۔
رَبَثَهُ (ن) رَبْثًا ورَبَّثَهُ۔ عَنْ كَذَا : منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ واِرْبَثَّ۔ القَوْمُ : پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا ـــــ اَمْرُهُمْ : کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرِبِّيثٰى۔ مانع۔ روک۔
الرَبِيْثَة۔ مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث۔
الرَبِيْث والمَرْبُوْث۔ رُکا ہوا۔
رَبُجَ (ک) ورَبِجَ۔ (س) رَبَاجَةً۔ کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ۔ متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاِرْبِجَان۔ ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا۔ فِيْ تِجَارَتِهِ : نفع اٹھانا۔
رَبَّحَهُ۔ نفع کرانا۔
رَابَحَهُ مُرَابَحَةً واَرْبَحَهُ۔ عَلٰی سِلْعَتِهِ : نفع دینا۔ اَرْبَحَ الناقة : صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واِسْتَرْبَحَ۔ نفع طلب کرنا۔
الرَابِح۔ فا۔ مَالٌ رابِحٌ : نفع دینے والا مال۔
الرِبْح۔ ج اَرْبَاح (الرَبَح والرَبَاح) نفع۔ الرَبَح : اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَبَاح۔ شراب۔

الرَبَاجِی۔ کافور کی ایک قسم۔
الرُبَاح والرُبَّاح۔ نربندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیح۔
مَتْجَر (رَبِیح) فائدہ مند تجارت۔
الرِبَحْل۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَة۔
رَبَخَ (س) رَبَخًا۔ البَعِیرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (ـــــ رَبخا رُبُوخًا رَبَاخًا) المرأةُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخَ۔ الرَمَلُ: = بتہ ہونا ـــــ الرَجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ۔ الرَجُلُ: سست وڈھیلا ہونا۔
الرَبِیخ۔ بڑا پالان۔
الرَبُوخ۔ جماع کے وقت شدت شہوتِ سے بیہوش ہو جانے والی عورت۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا۔ بالمَکَانَ: اقامت کرنا۔
رَبَدَهُ (ن) رَبْدًا۔ روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَالإِبل: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَّدَتِ۔ الشاةُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ۔ السَماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا ـــــ الرَجُلُ: تیوری چڑھانا ـــــ اللَوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا و اِرْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا۔ خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَبْد۔ مه۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُبد۔ تلوار کا جوہر۔
الرَابِد۔ مه۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَدْ۔ خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدٌ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء۔ الرَبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاهِیَةٌ رَبْدَاء" بلائے بد۔ ج رُبْد۔ الارْبَد۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَد۔ اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَبِیْد۔ کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَبِیدَة۔ دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔
المُتَرَبِّد۔ شیر۔
رَبِذَ (س) رَبَذًا۔ چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "هُوَ رَبِذ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَة۔ لِثَّةٌ رَبِذَةٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ۔ الثوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسّی کو کاٹنا۔
الرِبْذَة والرَبَذَة۔ چیتھڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اُون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ و رِبَاذ و رَبَذ۔
الرِبْذَة۔ بے خبر آدمی۔ ہرپلیدی۔
الرَبَذِیُّ۔ کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
الرَبَاذِیَّة۔ بدی۔
الرَبَذَانی والمِرْبَاذ۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔
الرَبْرَب۔ نیل گایوں کا گلہ۔
الرَبْرَق۔ کوے۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَةً۔ زیرک و دانا ہونا۔
ـــــ الکَبْشَ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّزَ۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ۔ الشَیُٔ: پورا و کامل ہونا۔
الرَبِیْز۔ زیرک و دانا۔
رَبَسَهُ (ن) رَبْسًا۔ بِیَدَیْهِ: دھتر مارنا۔
(ـــــ و رَبَّسَ) القِربَةَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَه اِرْبَاسًا۔ غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ۔ العُنقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گتھنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا۔ الرجلُ: ملک میں جانا۔ فِیْ اَمْرِهٖ: تصرف کرنا ـــــ اَمْرُهُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔
الرَبْس۔ مه۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رَبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرَبْسَاءُ۔ سخت مصیبت۔ ج رُبْس۔ "جَاءَ بِاُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَبِیس۔ بہادر۔ مصیبت۔ دھتر مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُبَیْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَبَسَة۔ میلی کچیلی بدہیئت عورت۔
الرِیْبَاس۔ چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَشَ۔ الشَجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَش۔ مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء۔ اَرْضٌ رَبْشَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُبْشَة۔ رنگوں کا اختلاف۔
الرَبَش۔ نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا۔ بِهٖ: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ بُرائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ۔ انتظار کرنا ـــــ عَنِ الاَمْرِ: رُک جانا ـــــ فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا ـــــ بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَص ـــــ بِسِلْعَتِهٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُبْصَة۔ انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا و رُبُوْضًا و رِبْضَةً۔ الدَابَةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلٰی فَرِیْسَتِهٖ او القِرْنُ عَلٰی قِرْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا و رُبُوْضًا۔ فُلَانًا او المکانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهُ۔ بالمَکَان: ٹھہرانا ـــــ الدَوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا ـــــ الشمسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَابِض۔ فا۔ (ـــــ الرَبَّاض) شیر۔
الرَابِضَة۔ رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نک چڑھے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَتُهُ رَابِضَةٌ عَلٰی وَجْهِهٖ"
الرِبْضُ والرَبْض والرُبُض والرَبَض۔ بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُبُضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُبْض۔ عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو

زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض۔ مِنَ البَقَرِ : بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض۔ بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض۔
الرُّبْضَۃ و الرِّبْضَۃ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا امرد۔
الرِّبْضَۃ۔ لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض۔ مِنَ القُرَیٰ : آباد گاؤں۔ مِنَ الدُّرُوْعِ۔ کشادہ زرہ ــــ مِنَ الشَّجَرۃ : بڑا درخت۔ ج رُبُض۔ قِرْبَۃٌ رَبُوْضٌ : بڑی مشک جو اٹھائی نہ جاسکے۔
الرَّبِیْض۔ باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض۔ جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (ــــ و المَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
التِّرْبَاض۔ عصفر۔
رَبَطَہٗ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا۔ مضبوط کرنا ــــ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِہٖ : قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (ــــ رَبَاطَۃً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَۃً۔ الْاَمْرَ : مداومت کرنا ــــ الجَیْشُ : لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ۔ المَاءُ فِی المَکَانِ : پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ۔ فَرَسًا : حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا ــــ فِی الحَبْلِ : بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط۔ مہ۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج۔ رُبُط۔ الرِّبَاط : فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَہٗ" یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔
الرَّابِط۔ فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔

رَابِطُ الجَاشِ : قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَۃ۔ رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِیْط۔ بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔ رَبِیْطُ الجَاشِ : بہادر۔
الرَّبِیْطَۃ۔ باندھے ہوئے جانور۔ خلافِ قیاس دَابَّۃٌ رَبِیْطَۃٌ۔ اور دَوَابٌّ رَبِیْطَۃ کہا جاتا ہے اور دابۃ ربیط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط۔ تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط۔ بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)
المَرْبَط و المَرْبِط۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط۔
المُرَابَطَۃ۔ آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات۔
رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَیْکَ اَوْ عَلٰی نَفْسِکَ او عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو ــــ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا ــــ عَنْہُ : رکنا۔ عَلَیْہِ : مہربانی کرنا ــــ الرَّجُلُ : فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا ــــ بِعَیْنِشِہٖ : راضی رہنا ــــ الاِبِلُ : چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی : چوتھے دن بخار آنا (ــــ رُبُوْعًا) الربیعُ : موسم بہار آنا۔
رَبَعَ (ف ن ض) رَبْعًا۔ الحَبْلَ : چار بل کی رسّی بٹنا ــــ القَوْمَ۔ اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔
رُبِعَ۔ القَوْمُ : موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَۃ) ــــ الرَّجُلُ : چوتھے دن بخار آنا۔
رَبَّعَ۔ البَیْتَ او الحَوْضَ : مکان یا حوض چوکور بنانا۔
رَابَعُوا۔ الحملَ : بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعَہٗ" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔
اَرْبَعَ۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔ ــــ القَوْمُ : چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر

وارد ہونا ــــ الاِبلَ : پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجُلُ : بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔
اُرْبِعَ۔ الرَّجُلُ : چوتھیا بخار والا ہونا۔
تَرَبَّعَ۔ فِی جُلُوْسِہٖ : چار زانو ہو کر بیٹھنا۔
(ــــ و اِرْتَبَعَ) الجَمَلُ : اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا ــــ بِالمَکَانِ : فصل بہار میں اقامت کرنا۔ و اِرْتَبَعَ الحَجَرَ : پتھر اٹھانا۔
اِسْتَرْبَعَ۔ الرَّمَلُ : ریت کا تہ بتہ ہونا۔ ــــ الشَّیَٔ : طاقت رکھنا۔
الرَّبْع۔ مہ۔ گھر۔ گھر کا ارد گرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع و رُبُوْع و اَرْبُع و اَرْبَاع (ــــ و الرَّبْع) میانہ قد۔
الرُّبْع و الرُّبُع۔ چوتھائی ج اَرْبَاع و رُبُوْع۔
الرُّبَع۔ اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہوا اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ھُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَالَھُمْ رُبَع ولَا ھُبَع" ج رِبَاع و اَرْبَاع مؤنث رُبَعَۃ۔ ج رُبَعَات و رِبَاع۔
الرِّبْع۔ تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِّبْعِ : چوتھیا بخار۔
الرَّابِع۔ فا۔ چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِع : بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِع : چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔
رُبَاع۔ چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔
الرَّبْعَۃ۔ میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعَات و رَبَعَات۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ العَطَّارُ رَبْعَتَہٗ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔
الرِّبَاع۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ عَلٰی رِبَاعِھِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔
الرَّبَاعَۃ و الرِّبَاعَۃ۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْھِمْ مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَتَہٗ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَا یُقِیْمُ رَبَاعَۃَ القَوْمِ اِلَّا فُلَان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "ھُوَ رَبَاعَۃُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس

سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِيَه۔ سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِيَات۔

الرَّبَاعِي۔ وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبع و اَرْبَاع۔ مؤنث رَبَاعِيَة ج رَبَاعِيَات۔

الرُّبَاعِيُّ۔ چار سے مرکب۔

الرَّبِيْع۔ ج اَرْبِعَة و رِبَاع و اَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِيْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ـــــ ج اَرْبِعَاء و رُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ـــــ ج رُبُع: چوتھائی۔

الرَّبِيْعِيُّ۔ مِنَ المَسَاكِن: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِيْعَة۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَع۔ کمزور۔ کمینہ۔

الرَّوْبَعَة۔ پست قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَة۔ چار۔ مؤنث اَرْبع۔ الرِّيَاحُ الْاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الْاَرْبَع: چارپائے۔

اُمُّ اَرْبَع و اَرْبَعِين۔ ایک قسم کا کیڑا۔

الْاَرْبِعَاءُ۔ مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبَعَاوَان۔ ج اَرْبِعَاءَ ات و اَرْبِعَاوَات۔ قَعَدَ (الْاُرْبَعَاء و الْاُرْبُعَاوَىٰ) وہ چار زانو بیٹھا۔

الْاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن۔ چالیس۔

المَرْبَع۔ موسم بہار کی بارش (ـــــ والمُرْتَبع) "موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

المِرْبَع و المِرْبَعَة۔ لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع۔ موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

المُرْبَع۔ چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع۔ چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے

۴ = ۴ × ۴ = ۱۶

المِرْبَاع۔ وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(ـــــ والمُرْتَبع والمَرْبُوْع) درمیانہ قد۔

المَرَابِيْع۔ ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔

اليَرْبُوْع۔ ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرَابِيْع۔

رَبَغَ (ف) رَبْغًا۔ القَوْمُ فِي النَّعِيْم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِغَ (س) رَبَغًا۔ عَيْشُه: فراخ و آسودہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ۔ بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَةً۔ بہت ہونا۔

الاَرْبَغ۔ کثیر و کشادہ۔

رَبَقَهُ (ن/ض) رَبْقًا و رَبَّقَهُ۔ پھندے سے باندھنا ـــــ ہ فِي الاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔

و رَبَّقَ الْكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ اَثْنَاءَ حَبْلِه و اَرْبَاقَه" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَهُ۔ لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّيْءَ فِيْ عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ۔ فِي الحِبَالَةِ: لٹکانا ـــــ فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِيْ حَبَالَتِهٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِّبْق۔ پھندوں والی رسی۔

الرَّبْقَة و الرِّبْقَة۔ رسی کا پھندا۔ ج رِبَق و رِبَاق و اَرْبَاق۔ کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ واكَلُوا الرِّبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔

الرَّبِيْق۔ پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

المُرَبَّقَة۔ چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

التِّرْبِيْق۔ بکری باندھنے کی رسی۔

اُمُّ الرُّبَيْق۔ بلا۔

رَبَكَ (ن) رَبْكًا۔ الشَّيْءَ: ملانا۔ الرَّبِيْكَة: گارا بنانا ـــــ ہ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِكَ (س) رَبَكًا۔ پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ و رَبِيْكٌ)

اِرْتَبَكَ۔ فِي الوَحلِ: کیچڑ میں گرنا ـــــ فِي الاَمْرِ: پھنس کے رہ جانا ـــــ فِيْ كَلَامِهٖ: رُک رُک کے گفتگو کرنا ـــــ الصَّيْدُ فِي الحِبَالَة: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑپھڑانا ـــــ الاَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔

اِرْبَاكَ اِرْبِيْكَاكًا۔ رَايُه: رائے کا گڑبڑ ہو جانا ـــــ الرَّجُلُ عَنِ الاَمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَّبِيْكَة۔ گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِرَبِيْكَة" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (ـــــ والربيك و الرَّبُوْك) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الاَرْبَک۔ مِنَ الابل: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلاً۔ القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِيْ: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبَّلَ و اَرْبَلَ۔ المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابَلَ۔ بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔

تَرَابَلَ۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا ـــــ جِسْمُه: پھولنا ـــــ الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

اِرْتَبَلَ۔ مَالُه: بہت ہونا۔

الرَّبْل۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل۔

الرَّبَل۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔

الرَّبَلَة و الرَّبْلَة۔ ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلَات۔

الرِّبِّيل۔ تہالوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَّبَالَة و الرِّبِيلَة۔ گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَة" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرِّبِيلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِّيبَال۔ لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيل۔
المِرْبَال۔ بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرِّبْيَل۔ ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اونٹنی۔
الرَّبَم۔ باہم ملی ہوئی گھاس۔
أَرْبَنَه۔ بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ۔ جہاز کا کپتان ہونا ___ السَّفِينَةَ: کشتی چلانا۔
الرُّبُون او الأُرْبُون و الأُرْبَان۔ بیعانہ۔
الرُّبَّان و الرُّبَّانِي۔ جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة و ربَابِين۔ رُبَّانُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ بِرُبَّانِهِ أَوْ بِرُبَّابَة" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُو رِبَاءً و رُبُوًّا۔ المَالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا ___ الرَّابِيَة: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (___ رَبْوًا و رُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ و رَبِيتُ رَبَاءً و رَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّى تَرْبِيَةً و تَرَبَّى۔ الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُّفَّاحَ بِالسُّكَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَى مُرَابَاةً۔ سود پر مال دینا۔
الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
أَرْبَى إِرْبَاءً۔ سود لینا ___ الشَّيْءَ: بڑھانا ___ ہ: أمید دلانا (___ عَلَيْهِ فِي كَذَا و ارْتَبَا ارْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِّبَا۔ زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے۔ رِبَوِيٌّ۔
الرَّبَاء۔ زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلانٍ عَلَيَّ رَبَاء" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔
الرَّابِيَة۔ ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَة والرَّبْوَة و الرِّبْوَة) ج رُبًى و رُبِيٌّ۔ ٹیلہ۔
الرُّبْوَة۔ عِنْدَ الحُسَّاب: دس لاکھ۔
الرِّبْوَة۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى۔
الرُّبَيَّة۔ حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔
الرِّبَاوَة و الرَّبَاوَة۔ بتثلیث: ٹیلہ۔
الرَّبْو۔ ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج أَرْبَاء۔ الرَّبْو۔ الرَّبْوَة عِنْدَ الاطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔
الأُرْبِيَّة مِن قَومِ الرَّجُلِ: چچازاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي أُرْبِيَّةِ قَوْمِهِ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔
الإِرْبِيَان۔ جھینگا۔
رَتَّ (ض) رَتَتًا۔ ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (أَرَتُّ) و صفت مؤنث (رَتَّاء و رُتَّى) ج رُتٌّ۔
أَرَتَّهُ إِرْتَاتًا۔ اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔
الرَّتُّ۔ سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة۔
الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِن رُتُوتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے۔
الرُّتَّة۔ ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔
رَتَأَ (ف) رُتُوءًا۔ گلا گھونٹنا ___ العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا ___ فِي المَكَانِ: اقامت کرنا ___ الرَّجُلُ: چلا جانا۔
أَرْتَأَ۔ رک رک کر ہنسنا۔
رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوبًا۔ الشَّيْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔
رَتَّبَهُ۔ ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔
أَرْتَبَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا ___ الغُلامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔
تَرَتَّبَ۔ ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔
الرَّتَب۔ سختی و تنگی۔ بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔ (___ و الرَّتَب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔
الرَّتَبَة۔ انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُّتْبَة۔ مرتبہ۔ ج رُتَب۔
التُّرْتُب و التُّرْتَب۔ قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔
التُّرْتُبَة۔ راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔
الرَّاتِب۔ فا۔ عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔ و الرَّاتِبُ عِنْدَ المحَدِّثِين: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب۔ الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔
المَرْتَبَة۔ درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب۔
رَتَجَ (ن) رَتْجًا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا (___ رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔
رَتِجَ (س) رَتَجًا۔ الخَطِيبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔
أَرْتَجَ۔ البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا ___ الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔
___ الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔
___ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔
___ البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔
أُرْتِجَ و أُرْتُتِجَ و اُسْتُرْتِجَ۔ الخَطِيبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔
الرَّتَجُ و الرِّتَاج۔ پھاٹک۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔
سِكَّة (رَتَج) بند گلی۔ مَالٌ رِتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔
الرِّتَاجَة۔ چٹان۔ ج رَتَائِج۔
(___ و المَرْتَج) تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج۔
المِرْتَاج۔ تنگ راستہ۔ کنجی۔ مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ۔
رَتَخَ (ف) رُتُوخًا۔ العَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ___ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا ___ مِنَ الخَيْرِ: پیچھے رہنا۔
الرَّتَخَة۔ سخت کیچڑ۔
جلد (أَرْتَخ) خشک کھال۔
رَتْرَتَ۔ حرف تا یا را کے بولنے میں ہکلانا۔
رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوعًا و رِتَاعًا۔ آسودہ

زندگی بسر کرنا ___ - فِي الْمَكَانِ : اقامت
کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا - صفت (رَاتِع)
ج رُتَّع و رُتَّعٌ و رِتَاع و رُتُوْع و رَاتِعُوْن - رَتَعَ
فِيْ مَالِ فُلَانٍ : دوسرے کے مال سے کھانے
پینے میں فائدہ اٹھانا - فِيْ لَحْمِ فُلَانٍ : غیبت کرنا -
اَرْتَعَ - الْقَوْمُ : سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا
___ الْاَرْضُ : چرنے والے کو آسودہ کرنا
___ الْغَيْثُ : بارش کا چارہ کو اگانا -
الدَّوَابَّ : جانوروں کو چرانا -
الرَّتْعَة - سبزے کی کثرت - اور اسی سے ہے
"اَسْمَنَنِيَ الْقَيْدُ وَ الرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی
نے موٹا کر دیا -
الرَّتِع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل
ہو - كَلَاٌ رَتِيْعٌ : چرنے والے کے لیے کافی گھاس -
الْاَرْتَاع - مِنَ النَّاس : بہت لوگ - کہا جاتا ہے
"رَاَيْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاس" میں نے بہت
لوگوں کو دیکھا -
الرَّتَّاع - سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے
جانے والا -
الْمُرْتِع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل
ہو -
الْمَرْتَع - چراگاہ -
رَتَقَ (ن) رَتْقًا - الثَّوْبَ : جوڑنا -
الْفَتْقَ : درست کرنا - کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ
الْفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے - و "رَتَقَ
فَتْقَهُمْ" اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی
___ الشَّيْءَ : بند کرنا -
اِرْتَتَقَ - الشَّيْءُ : جڑ جانا -
الرِّتَاق - وہ کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے
گئے ہوں -
الرَّتَقَة - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ -
الرُّتُوْق - عزت و شرف -
رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكًا و رَتَكَانًا
الْبَعِيْرُ : اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے
دوڑنا -
اَرْتَكَ - الْبَعِيْر : اونٹ کو چھوٹے چھوٹے
قدم سے دوڑانا - اَرْتَكَ الضِّحْكَ : آہستہ ہنسنا -
الْمَرْتَك - مرداسنگ -

رَتِلَ (س) رَتَلًا - الشَّيْءُ : عمدہ نظم و ترتیب سے
ہونا - صفت (رَتِل)
رَتَّلَ - الْكَلَامَ : اچھی طرح ترتیب دینا -
___ الْقُرْآنَ : قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے
سے پڑھنا -
تَرَتَّلَ - فِي الْقَوْلِ : ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح
بولنا -
الرَّتَل - مـ - عمدہ گفتگو - کہا جاتا ہے "كَلَامٌ
رَتَلٌ" خوبی - آراستگی - ہر چیز میں خوبی - ثَغْرٌ رَتَلٌ :
خوبصورت ہموار دانت -
التَّرْتِيْل - پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا - آواز
کو عمدہ بنانا - مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو
پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف
اچھی طرح ادا ہوں -
الْاَرْتَل - اچھی ترتیب والا - تتلانے والا -
الرُّتَيْلَاء - کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی،
مکھی وغیرہ - ج رُتَيْلَاوَات - ایک قسم کی نباتات
جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے
ہیں -
رَتَمَهُ (ض) رَتْمًا - توڑنا یا کوٹنا ___ فِيْ نِعَمِ
فُلَانٍ : پرورش پانا - اور کہا جاتا ہے "مَا رَتَمَ
بِكَلِمَةٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا - (___ رَتِيْمًا)
رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا - سست ہونا -
اَرْتَمَ و تَرَتَّمَ و اِرْتَتَمَ : یاد رکھنے کے لیے انگلی پر
دھاگا لپیٹنا - اَرْتَمْتُ زَيْدًا : یاد آنے کیلئے میں نے
زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا -
الرَّتَم - ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور
کی مانند ہوتے ہیں - واحد (رَتَمَةٌ) الرَّتَم : بھرا ہوا
توشہ دان - کامل حیاء - آہستہ گفتگو - راستہ -
الرَّتَام - بوسیدہ -
الرَّتَمَة - ج رَتَم و رِتَامٌ و (الرَّتِيْمَة) ج رَتَائِم :
دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر
لپیٹ لیا جائے -
الرَّتِيْم - آہستہ چال - وہ شخص جس کو رتم کے
دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو - ج
رُتَامَى -
شَرٌّ (تُرْتُمٌ و تُرْتُمٌ) دائمی فساد -
رَتَنَ (ن) رَتْنًا - الشَّحْمَ بِالْعَجِيْنِ : گندھے

ہوئے آٹے میں چربی ملانا -
رَتَاهُ يَرْتُوْهُ رَتْوًا - ڈھیلا کرنا - باندھنا - الْقَلْبَ :
دل کو قوی کرنا ___ ہ اِلَيْهِ : ملانا - الدَّلْوَ : ڈول
کو آہستگی سے کھینچنا - (___ رَتْوًا و رَتُوًّا)
بِرَاْسِهٖ : سر سے اشارہ کرنا ___ الرَّجُلُ :
قدم رکھنا -
رُتِيَ - فِيْ ذَرْعِهٖ : سست بازو ہونا -
الرَّتْوَة - قدم، بلند زمین - تھوڑا سا وقت - حد
نظر تک - کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُمْ رَتْوَةٌ"
ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو
بمقدار حد نظر کے ہے -
الرَّاتِي - دوسروں سے زائد علم والا -
رَثَّ (ض) رَثَاثَةً و رُثُوْثَةً - الثَّوْبُ : کپڑے کا
بوسیدہ ہونا - صفت (رَثٌّ ج رِثَاث -
اَرَثَّ اِرْثَاثًا - الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا -
پرانا کرنا -
اُرْتُثَّ - زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا -
صفت (مُرْتَثٌّ)
الرَّثُّ - مـ - گھر کا ردی سامان - ج رِثَاث - کہا
جاتا ہے "كَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا
کلام -
الْاَرَثُّ - بوسیدہ - پرانا -
الرَّثِيْث - بوسیدہ - پرانا - زخمی نیم مردہ -
الرِّثَّة - گھر کا ردی سامان - ج رِثَث و رِثَاث -
کمزور لوگ -
الرَّثَاثَة - مـ - کہنگی - بوسیدگی -
رَثَأَ (ف) رَثْأً - اللَّبَنَ : دودھ کا دہی بنانا - گاڑھا
کرنا ___ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا ___
غَضَبَهٗ : غصہ کا ٹھنڈا پڑنا -
اَرْثَأَ و اِرْتَثَأَ - اللَّبَنُ : دودھ کا گاڑھا ہونا -
اِرْتَثَأَ فِيْ رَاْيِهٖ : رائے میں گڑبڑی کرنا - اِرْتَثَأَ
عَلَيْهِمُ الْاَمْرُ : گڑبڑ ہونا - اِرْتَثَأَ الرَّثِيْئَةَ : دہی
پینا -
الرَّثْءُ و الرَّثَأَة - بیوقوفی - کم سمجھی - کمزوردلی -
الرَّثِيْئَة - رَثَأَ اللَّبَنَ کا اسم - دہی - بیوقوفی - میٹھا
ملا ہوا ترش دودھ -
رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزوردل - کم سمجھ -
رَثَدَ (ن) رَثْدًا و اِرْتَثَدَ - الْمَتَاعَ : سامان کو

اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِیْدٌ و مَرْثُوْدٌ)
زَثِد (س) رَثْدًا و اَرْثَد۔ المَاءُ : پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَر حَتّٰی اَرْثَد" اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔
اَرْثَدَ القَوْمُ : جماعت ہونا۔
الرِثْدو الرِثْدَة۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الرَثَد۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ البَیْتِ : گھر کا ردی سامان۔
المَرْثَدو المَرْثِد۔ فیاض و سخی مرد۔ المَرْثَدْ : شیر۔
رَثَط (ن) رُثُوْطًا و اَرْثَط و تَرَثَّط۔ فِیْ قُعُوْدِه : نشست میں جھکے رہنا۔
رَثِعَ (س) رَثَعًا۔ بہت حریص و لالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثِعُوْن۔
اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا۔ المَطَرُ : لگاتار برسنا ـــــ فُلَانٌ : کمزور اور سست ہونا ـــــ الشَعْرُ : بال کا لٹکنا۔
رَثَمَ (ض) رَثْمًا۔ الانفَ : ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْم و مَرْثُوْمٌ)
رَثِمَ (س) رَثَمًا و اِرْثَمَّ۔ الفَرَسُ : ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ و اَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَةٌ و رَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ۔
الرَثَم و الرُثْمَة۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔
الرِثْمَة۔ ہلکی بارش۔ ج رِثَام۔
المَرْثِم و المِرْثَم۔ ناک۔ ج مَرَاثِم۔
رَثَّنَ تَرْثِیْنًا۔ اچھی طرح سے بارش ہونا۔
الرَثَان۔ لگاتار بارش۔
اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ و مُرَثَّنَةٌ) بارش شدہ زمین۔
رَثَا یَرْثُوْ رَثْوًا و رَثٰی یَرْثِیْ رثیًا و رَثَاءً و رَثَایَةً و مَرْثَاةً و مَرْثِیَةً۔ المَیِّتَ : رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔
رثی لَهٗ : رحم کرنا۔
رَثٰی یَرْثِیْ رِثَایَةً۔ عَنْه حَدِیْثًا : یاد کرنا۔
رَثِیَ یَرْثٰی رَثًی و رَثْیًا۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔
رَثّٰی و تَرَثّٰی۔ المَیِّتَ : رونا اور محاسن شمار کرنا۔
الرَثَّاءَة و الرَثَّایَة۔ نوحہ کرنے والی عورت۔
الرَثْیَة۔ جوڑوں کا درد (ـــــ و الرَثِیَّة) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔
المَرْثَاة و المَرْثِیَة۔ وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَرَاثٍ و "اَلْمَرَاثِی السَبْع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رجُلٌ (مَرثوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔
الرَثوُ۔ دہی۔
رَجَّ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَّهٗ (ن) و رُجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ۔ البحرُ : موج مارنا ـــــ الکَلَامُ : ملتبس ہونا۔
الرَّجَّة۔ حرکت۔ رَجَّةُ القَوم : لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجَاجُ۔ الغَنَم او النَاسِ : کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَة" لاغر بھیڑ۔
نَاقَةٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأَ۔ الاَمرَ : کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحَامِلُ : وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔
الصَائدُ : شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ (ن) رَجْبًا۔ مِنْهُ : شرم کرنا۔
رَجَبَه بِکلَامٍ سیِّئٍ : تہمت لگانا (ـــــ رَجْبًا و رُجُوْبًا و اَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ مِنْهُ : گھبرانا۔ شرم کرنا۔
رَجِبَه : ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَه۔ ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَخلةَ : درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ ارد گرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُها المحککُ و عُذَیْقُهَا المُرجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذْق کی تصغیر ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رجَّبَ الرَجُلُ : رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا ـــــ الرَجُلَ : ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَب۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَاب و رُجُوْب و رِجَاب۔ کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلٰی سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔
رَجَبَان : ماہ رجب و شعبان۔
الرُجْبَة۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب۔
الرَاجِبَة۔ انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب۔
الاَرْجَاب۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّب۔ مفم۔ خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا و رُجُوْحًا۔ المیزانُ : جھکنا ـــــ الرَایُ : غالب ہونا۔
ـــــ هٗ : دوسرے سے بوجھل ہونا۔
ـــــ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ـــــ ه بِیَدِہٖ : ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (ـــــ رَجَاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَهٗ و اَرْجَحَهٗ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔
رَجَّحَ و اَرْجَحَ لَهٗ : جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَه۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّحَ۔ الرَایُ عِنْدَه : غالب و برتر ہونا ـــــ فِی القَوْل : مائل ہونا ـــــ الشئُ : ہلنا ـــــ الاُرْجُوْحَةِ بِه : جھکنا۔
اِرْتَجَحَ۔ فِی الاُرْجُوْحَةِ : جھولے میں جھکنا ـــــ الإبلُ : آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُجُح۔ مِنَ الجِفَان : بھرے ہوئے بڑے پیالے ـــــ مِنَ الکَتَائِب۔ لشکر گراں۔
الاُرْجُوْحَةُ۔ ج اَرَاجِیْح (الرُجَاحَة و الرُجَّاحَة و المَرْجُوْحَة) جھولا۔
الاَرَاجِیْح۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَة (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجَادًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)
رُجِدَ رَجْدًا و رُجِّدَ و اُرْجِدَ۔ کانپنا۔
رَجْرَجَ۔ بے قرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَه :

حرکت دینا ___ الْمَاءَ: کھود کر پانی نکالنا۔

تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔

___ الشَّیئُ فِیْ مَحَلِّہٖ: آنا جانا۔

الرَّجْرَج۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔

الرِّجْرِج۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔

الرُّجْرُج۔ ایک قسم کی گھاس۔

الرِّجْرَاج۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا سرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔

الرِّجْرِجَة۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت۔ تھوک۔ بے عقل۔

اِرْتَسَمَ۔ الاَمْرَ : فرمانبرداری کرنا۔ کہاجاتا ہے "رَسَمَ لَہٗ کَذَا فارْتَسمه" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا ـــــ لِلّٰہِ تعالٰی : تکبیر کہنا اور دعا کرنا ـــــ الرَجُلُ : گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔

الرَسْمُ۔ مص۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَیٰ وُدَّکُمْ رَسْمًا و وُدِّیْ حَقِیْقَةٌ" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوم و اَرْسُم۔ معاملہ ـــــ عِنْد اَھْلِ الجِبَایَةِ : ٹیکس۔

الرَاسِم۔ فا۔ بہتا ہوا پانی۔

الرَسَم۔ رفتار کی خوبی۔

الرَاسُوْم۔ ج رَوَاسِیْم و (الرَوْسَم) ج رَوَاسِم :مہر۔ مٹکے وغیرہ پر مہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلّہ کے ڈھیر پر مہر کی جائے۔

الرَوْسَمْ :علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَوَاسِم : زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم و رَاسِمَة)

المَرْسُوْم۔ مف۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِم و مَرَاسِیْم۔

الرَسَّام۔ نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔

الرَسَمَان و المِرْسَم :زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اُونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا و اَرْسَنَ۔ الدَابَة :جانور کے سر میں رسّی ڈالنا۔ رَسَنَ و اَرْسَنَ الدَابَةَ : جانور کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمٰی بَرسْنِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسّی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ اَلْمھرُ :بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسّی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔

الرَسَن۔ جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی۔ ج اَرْسَان و اَرْسُن۔

المَرْسِن و المِرْسَن۔ مِنَ الدَابَةِ :رسّی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن۔ ناک۔

رَسَا یَرْسُوْ رَسْوًا و رُسُوًّا۔ ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (راسٍ) صفت مؤنث (راسِیَة) ج رَوَاسٍ و رَاسِیَات۔ رسَتِ السَفِیْنَةُ : لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَیْنَ القَوْمِ : صلح کرانا ـــــ عَنْہُ حَدِیْثًا : کسی سے روایت کرنا۔ لَہُ الحَدِیْثَ : کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا ـــــ الصَوْمَ :روزے کی نیت کرنا۔

رَاسٰی۔ ہ : تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسٰی اِرْسَاءً۔ الشَیْءُ : ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا ـــــ السَفِیْنَةَ : کشتی کو لنگر انداز کرنا ـــــ الوَتَدَفِی الاَرْضِ :کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔

الرَسْوُ۔ خبر کا ایک حصہ۔

الرَاسِی۔ فا۔ قِدْرٌ رَاسِیَة :ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔

الرَوَاسِیْ۔ مضبوط پہاڑ۔

الرَسِیّ۔ ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا تھم۔

المَرْسٰی۔ بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ۔

المُرْسٰی۔ مفع ۔ باری تعالٰی کے قول "یَسْأَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰھَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"

المِرْسَاة۔ کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ۔ کہاجاتا ہے "اَلْقٰی مَرَاسِیْہِ" یعنی اس نے اقامت کی "واَلْقَتِ السَحَابُ مَرَاسِیْھَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا۔ المَاءَ :پانی چھڑکنا ـــــ السَمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا ـــــ الشَیْءَ :دھونا۔

اَرَشَّت۔ السَمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا ـــــ الطَعْنَةُ : کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا ـــــ الشِوَاءُ : بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ۔ عَلَیْہِ المَاءُ :متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔

الرَشّ۔ مص۔ پھوار۔ ج رِشَاس۔ تکلیف دہ مار۔

الرَشَاش۔ پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

المِرَشَّة۔ پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأ (ف) رَشْأً۔ الظَبْیُ : ہرن کا قوی ہوکر ماں کے ساتھ چلنا ـــــ الظَبْیَةُ : ہرن کا جننا۔

الرَشَأ۔ ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج ارشاء۔

الرُشْبَة۔ مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔

المَرَاشِب۔ مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کر

دینا۔

رَشَحَ (ف) رَشْحًا و رَشَحَانًا و اَرْشَحَ و ارْتَشَحَ۔ الإنَاءُ : برتن کا ٹپکنا۔ رسنا ___ الجَسَدُ :بدن کا پسینہ والا ہونا اور رَشَحَ الظَّبيُ : ہرن کا اُچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ یَرْشَحْ لَہٗ : بِشَيْءٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔

رَشَحَتِ النَّاقَةُ وَلَدَهَا رَشْحًا و اَرْشَحَتْهُ و رَشَّحَتْه۔ اونٹنی کا اپنے بچّے کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچّہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرْشِح و مُرَشِّح)

رَشِحَ۔ پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ۔ المَالَ :بہتر انتظام کرنا ___ الوَلَدَ : پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّحُ لِوِلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے تیار کیا جا رہا ہے ___ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا : جننے کے وقت آلائش چاٹنا ___ النَّاقَةُ وَلَدَهَا : بمعنی رَشَحَتْه ___ الغَيْثُ النَّبَاتَ :بارش کا نباتات کو بڑھانا۔

تَرَشَّحَ۔ وَلَدُ النَّاقَةِ :ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا ___ الظَّبْيَةُ :جننے کے وقت آلائش چاٹنا ___ المَاءُ :پتھروں سے ٹپکنا۔

___ الرَّجُلُ لِلأمْرِ :لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ۔ النَّبَاتَ : بلند ہونا۔ بڑھنا ___ النَّبَاتُ :چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔

الرَّشْحُ۔ مص۔ پسینہ۔

الرَّاشِحُ۔ فا۔ پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔

___ مِنَ الفُصْلَانِ :چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح۔

الرَّشِيحُ۔ پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْشَحُ و المِرْشَحَة۔ زین کے نیچے کا خوگیر۔

الأرْشَحُ۔ بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا و رَشَادًا و رَشِدَ (س) رَشَدًا۔ ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا ___ اَمْرَهٗ :ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهٗ و اَرْشَدَهٗ۔ اِلٰى كَذَا و عَلَيْهِ و لَهٗ : ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي :سیدھے راستہ پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ۔ لِأمْرِهٖ :راہ راست پانا۔

___ ہ :ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْدُ۔ مص۔ ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔

الرِّشْدَةُ و الرَّشْدَةُ :حلال زادہ۔

الرُّشْدَى۔ ہدایت۔

الرَّشِيدُ۔ سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَادُ و الرَّشَدُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرَّشَادَةُ۔ چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد۔

المَرَاشِدُ۔ سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

اُمُّ رَاشِدٍ (چوہیا۔

رَشْرَشَ رَشْرَشَةً۔ الشَّيْءُ :ڈھیلا ہونا۔

___ البَعِيْرُ :اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَشَ۔ المَاءُ : بہنا۔ خُبْزٌ اَو عَظْمٌ (رَشْرَشٌ و رَشْرَاشٌ) نرم روٹی یا ہڈی۔

رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا و رَشِيفًا و تُرْشَافًا و رَشِفَ (س) رَشَفًا و رَشَفَانًا المَاءَ و نَحْوَهٗ : چوسنا ___ الإنَاءَ :پی کر خالی کرنا۔

رَشَّفَ و اَرْشَفَ و تَرَشَّفَ و ارْتَشَفَ المَاءَ :خوب چوسنا۔

الرَّشْفُ و الرَّشَفُ۔ حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشْفٌ" بے پانی کا حوض۔

الرَّشَّافُ۔ بہت چوسنے والا۔

المِرْشَفُ۔ پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف

المَرَاشِفُ :ہونٹ۔

رَشَقَهٗ (ن) رَشْقًا۔ بِالسَّهْمِ : تیر مارنا۔ بِبَصَرِهٖ :گھور کے دیکھنا ___ ہ بِلِسَانِهٖ :طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "اِيَّاكَ وَ رَشَقَاتِ اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً۔ الغُلَامُ :خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيق) ج رِشَاق۔

رَاشَقَهٗ مُرَاشَقَةً۔ ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَرَاشَقَ۔ القَوْمُ :باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوا بِاَلْسِنَتِهِمْ و تَرَاشَقُوا بِاَعْيُنِهِمْ" انہوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّقَ۔ فِي الأمْرِ :تیز ہونا۔

اَرْشَقَ۔ النَّظَرَ اِلَيْهِ :تیز نظر سے دیکھنا۔

القَوْمَ بِبَصَرِهٖ :نگاہ ڈالنا ___ الظَّبْيَةُ :ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا ___ الرَّامِي :سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِي مَقْصَدِي" : اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "مَا اَرْشَقَ هٰذِهِ القَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

الرَّشْقُ۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ رَشِيق کی جمع۔

الرَّشْقُ و الرِّشْقُ۔ قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهٖ" میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْقُ : تیر اندازی ج اَرْشَاق۔

الأرْشَقُ۔ سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيْدٌ اَرْشَقُ" کھڑی گردن۔

الرَّشِيقُ :نازک اندام خوبصورت۔

مِنَ اللَّفْظِ اَو الخَطِّ :پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔

الرِّشْكُ۔ گھنی داڑھی۔ گھنی داڑھی والا۔ بچھو۔

رَشَمَ (ن) رَشْمًا۔ بَيْدَرَ الحِنْطَةِ :گیہوں کے کھلیان پر مہر کرنا۔ (___ و رَشَّمَ) لکھنا۔

رَشِمَ (س) رَشَمًا۔ کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)

اَرْشَمَ۔ الشَّجَرُ : درخت کا پتے والا ہونا۔

الأرْضُ :سبزی نکلنا شروع ہونا ___ البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ المَاشِيَةُ :ابتدائی سبزی چرنا۔ (___ و ارْتَشَمَ) الإنَاءَ :برتن پر مہر کرنا۔

الرَّشْمُ۔ ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (___ و الرَّشَمُ) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔

الأرْشَمُ۔ داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) ___ مِنَ الغَيْثِ

: تھوڑی بارش۔ عامٌ اَرْشَمَ: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَّوْشَمُ و الرَّاشُوْم۔ غلّہ کے انبار پر مُہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرُّشْمَۃ۔ بجو کے مُنہ کی سیاہی۔
رَشَنَ (ن) رَشْنًا و رُشُوْنًا۔ بن بلائے مہمان بنا ____ الکَلْبُ فِی الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں سرڈالنا۔
الرَّوْشَن و الرَّشْن۔ پانی نکلنے کا دہانہ۔
الرَّاشِن۔ فا۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان" بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّوْشَن۔ روشن دان۔ ج رَوَاشِن۔
رَشَاہ (ن) رَشْوًا۔ رشوت دینا۔
رَاشٰی مُرَاشَاۃً۔ فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔
اَرْشٰی۔ الدَّلْوَ: ڈول میں رسّی لگانا ____ الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا ____ القَوْمُ فِی دَمِہٖ: کسی کے خون میں شریک ہونا ____ اَرْشَوْا بِسِلَاحِھِمْ فِیْہِ: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَشّٰی۔ الرَّجُلُ: باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَشٰی۔ رشوت لینا ____ مِنْہُ رِشْوَۃً: رشوت لینا۔
اِسْتَرْشٰی۔ فِیْ حُکْمِہٖ: رشوت مانگنا ____ الفَصِیْلُ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا ____ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔
الرُّشْوَۃ و الرَّشْوَۃ و الرِّشْوَۃ۔ رشوت۔ ج رُشًی و رِشًی۔
الرِّشَاء۔ رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِیَۃ کہا جاتا ہے "اَتبع الدَّلْوَ رِشَاءَ ھَا" ڈول کے پیچھے رسّی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کراتا ہو۔ و ارشیۃ النَّبَات: نباتات کی بیلیں۔
الرَّشَاۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج رَشَا۔
الرَّشِیّ۔ اونٹ کا بچّہ۔
التَّرْشَاء۔ ڈول کی رسّی۔
رَصَّ (ن) رَصًّا۔ الشَّیْءَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا ____ الدَّجَاجَۃُ: بَیْضَتَھَا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔
رَصَّصَہٗ۔ ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا ____ الرَّجُلَ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَصَّصَ و اِرْتَصَّ۔ باہم چمٹنا۔ جڑنا۔
الرَّصَاص۔ سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَۃ)
الرَّصَاصِیّ۔ سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص۔ دانتوں کی پیوستگی۔
الرَّصِیْص۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَۃٌ۔ ج رَصَائِص۔ کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی الْقَبرِ الرَّصَائِص" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِیْص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے مُنہ کا نقاب۔
الاَرَصّ۔ قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء۔ ج رُصّ۔ فَخِذٌ رَصَّاء: ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔
الاُرْصُوْصَۃ۔ خربوزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔
الرَّصَّاصَۃ۔ بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْصٌ) مضبوط عمارت۔
الرَّصَب۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا۔ قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء۔
رَصِخَ۔ فِی الْاَمْرِ: بمعنی رَسَخ۔
رَصَدَہٗ (ن) رَصْدًا و رَصَدًا۔ انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رُصِدَ۔ المَکَانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَہ۔ نگہبانی کرنا۔
اَرْصَدَ۔ الرَّقِیْبَ: گھات میں واسطہ پر کھڑا کرنا ____ لَہٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا ____ لَہٗ خَیْرًا او شرًّا: بدلہ دینا ____ الحِسَابَ: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَہٗ و تَرَصَّدَہٗ۔ امید لگانا۔ تَرَصَّدَ لَہٗ: گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِد۔ فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد و رَصَد۔
الرَّصَد۔ راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد۔ گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے ارصاد بولتے ہیں)
الرَّصْدَۃ۔ بوچھار ج رِصَاد۔
الرُّصْدَۃ۔ تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَّصُوْد۔ پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الرَّصِیْد۔ گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد۔ راستہ (____ و المَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِیْد و مَرَاصِد۔ مَرَاصِدُ الحَیَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَۃٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَصَ۔ البِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا ____ فِی المَکَانِ: ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَّصْرَاصَۃ۔ سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًا۔ بیدہ: تھپڑ مارنا ____ بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فِی المَطْعُوْنِ: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا ____ ____ الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (____ رَصُوْعًا) اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا۔ بالشَّیْءِ: چپکنا ____ بالطیب: مہک اُٹھنا ____ المرأۃَ رِصَاعًا: جماع کرنا۔
رَصَّعَ۔ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا اور بننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّہٗ بالقُضْبَان" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذَّھَبَ بالجَوَاہِر: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَوَاہِر" جواہر کا جڑا ہوا تاج ____ العِقْدَۃَ بالجَوَاہِر: ہار میں جواہر پرونا۔
اَرْصَعَہٗ۔ بالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ۔ اَلحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا ____ بِہٖ: چپکنا ____ اَسْنَانُہٗ:

دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ۔ جڑاؤ ہونا۔ شاداں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔

تَرَاصَعَتِ۔العَصَافِیْرُ :جفتی کرنا۔

الرَّصِیْعَۃ۔ کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع۔

الاَرْصَع۔ لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ اَرْصَعُ :پورا گھسا ہوا نیزہ۔

الرَّصَّاع۔ بہت جماع کرنے والا۔

المِرْصَاع۔ لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔

الرُّصْغ۔ بندوبست۔ گٹا۔

الرِّصَاغ۔ بمعنی الرِّسَاغ۔

رَصَفَ(ن) رَصْفًا۔ الحِجَارَۃَ : پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا ــــ المصَلِّی قَدَمَیْہِ او بَیْنَ قَدَمَیْہِ :نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الاَمْرُ لا یَرْصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ(ک) رَصَافَۃً۔العَمَلُ :مضبوط ہونا۔

رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا اَسْنَانُہٗ :دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔

اَرْصَفَ۔ شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الحِجَارَۃُ :پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔ ـــــ القَوْمُ فِی الصَّفِّ : ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا ـــــ اَسْنَانُہٗ : دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔

الرَّصَف۔ پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَۃ)

الرَّصَفَتَان : گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔

الرَّصَف : پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف : پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِّصَاف۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف و رُصُف۔

الرَّصِیْف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِیْفٌ : مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِیْف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔

الرَّصَافَۃ۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُّصُوْفَۃ۔ ثابت قدمی۔

المِرْصَافَۃ۔ ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الاَسْنَان : قریب قریب دانتوں والا مرد۔

اِرْتَصَقَ اِرْتِصَاقًا۔ چپک کر مضبوط ہونا۔

رَصِمَ (س) رَصَمًا۔ پہاڑ کی تنگ گھاٹی میں داخل ہونا۔

رَصَنَ(ن) رَصْنًا۔ الاَمْرَ :پورا کرنا۔ مضبوط کرنا ـــــ الدَّابَّۃَ :داغ لگانا ـــــ ہٗ بِلِسَانِہٖ :گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَۃً۔ اَلعَقْلُ وغَیْرُہٗ : سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِیْنٌ)

رَصَّنَ۔ الشَّیْءَ مَعْرِفَۃً :خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِی ھٰذَا الخَبَر" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَہٗ۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔

الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرَّصِیْن۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔

المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّیْءَ : مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

اَرْصٰی۔بالمَکَانِ :جم کے رہنا۔

رَضَّہٗ(ن) رَضًّا۔ کوٹنا۔ دلنا۔

رَضَّضَ۔ الشَّیْءَ :اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضَّضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا ـــــ فِی الاَرْضِ :جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ :پسینہ بہانا۔

اِرْتَضَّ۔الشَّیْءُ :ٹوٹنا۔

الاَرَضُّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔

الرَّضِیْض والمَرْضُوْض۔ کوٹا ہوا۔

الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّۃ والمِرَضَّۃ والرَّضّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔ المِرَضَّۃ : کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ(ن) رَضْبًا و اَرْضَبَ۔المَطَرُ :زور سے بارش ہونا ـــــ السَّمَاءُ :آسمان کا برسانا

(رَضَبَ وتَرَضَّبَ)الرِّیْقَ :تھوک چوسنا۔

الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ : زور سے برسنے والی بارش۔

الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ :میٹھا پانی۔

المَرَاضِب والمَرَاضِیْب۔ خوش مزہ تھوک۔

رَضَحَ(ف) رَضْحًا۔ النَّوَی او الحَصٰی : گٹھلی یا کنکری توڑنا ـــــ رَاْسَہٗ بالحَجَرِ : کچلنا۔

تَرَضَّحَ۔ الحَصٰی :کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ : روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوْا۔ بالنُّشَّابِ :ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔

اِرْتَضَحَ۔مِنَ الاَمْرِ :عذر کرنا۔

الرَّضْح۔مـ۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَا رَضْحٌ مِنَ الخَبَر" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔

الرُّضْح۔ شکستگی۔

الرَّضِیْح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضْحَۃ۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَۃٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رِضَاح۔

المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔

رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوٰی او الحَصٰی : گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا ـــــ التُّیُوْسُ :

باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهُ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔
رَاضَخَهُ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا ___ الشَّيْءَ: بادل ناخواستہ دینا ___ مِنْه شَيْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔
اَرْضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔
تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بِالحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔
تَرَضَّخَ۔ الحَصٰی: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: توڑ کر کھانا ___ الخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔
الرَّضْخُ۔ مص۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔
الرَّضِيْخُ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضِيْخَةُ و الرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔
المِرْضَاخ۔ ج مَرَاضِيْخ (المِرْضَخَة) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔
رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔
اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعُ: سامان ترتیب سے رکھنا۔
رَضْرَضَهُ۔ توڑنا۔ چورہ کرنا۔
تَرَضْرَضَ۔ الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔
الرَّضْرَاض۔ چھوٹی اور باریک کنکریاں۔ بہت گوشت والا مرد۔ مؤنث رَضْرَاضَة۔
رَضِعَ (س) و رَضَعَ (ف ض) رَضْعًا و رَضَعًا و رَضِعًا و رَضَاعًا و رِضَاعًا و رَضَاعَةً و رِضَاعَةً و اِرْتَضَعَ۔ الوَلَدُ أُمَّهُ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔
رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَع۔
رَاضَعَهُ رِضَاعًا و مُرَاضَعَة۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا ___ اِبْنَه: دائی پلائی کو دینا ___ الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔
اَرْضَعَه۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْأَةُ: دودھ پیتے بچے والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) (اس کلمہ میں تاعلامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِعُ)
اِسْتَرْضَعَ۔ دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَةَ وَلَدِي" عورت سے میں نے اپنے بچے کو دودھ پلانے کو کہا۔
الرَّضَع۔ کمینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)
الرَّاضِع۔ فا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔
الرَّاضِعَة۔ راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَانِ بچے کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع۔
الرَّضِيْع۔ ج رُضَعَاء و الرَّضِع ج رُضُع۔ دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِيعک: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔
الرَّضَاعَة۔ مص۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (___ و الرِّضَاعَة) اِرضاع کا اسم۔
الرَّضُوْعَة۔ اپنے بچے کو دودھ پلانے والی عورت۔
الرَّضَّاع۔ بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔
المَرَاضِيْع۔ کمینے۔
رَضَفَه (ض) رَضْفًا۔ داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا ___ اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔
رَضَّفَهُ۔ سخت غضبناک کر دینا۔
الرَّضْف۔ گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔
الرَّضَف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔
الرَّضَفَة۔ گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف و رَضَفَات۔
الرَّضِيْف۔ گرم پتھر (___ و الرَّضِيْفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيْفَةَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔
الرَّضِيْف و المَرْضُوْف۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔
الرَّضِيْفَة و المَرْضُوْفَة۔ اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کا ٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔
المِرْضَافَة۔ داغ کرنے کا آلہ۔
مُطْفِئَةُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔
اَرْضَكَ۔ عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔
رَضَمَ (ض) رَضْمًا۔ الأرْضَ: زمین کو جوتنا ___ البَيْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيْم و مَرْضُوْم)
المَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ: ڈالنا (___ رَضْمًا و رَضَمَانًا) فِي المَشْيِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا ___ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِرْتَضَمَ۔ المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔
الرَّضْم و الرَّضَم و الرِّضَام۔ بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضَم کا واحد (رَضَمَةٌ)
الرُّضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔
رَضَاهُ يَرْضُوْهُ رَضْوًا۔ پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضَوْتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔
رَضِيَ (س) رُضًى و رِضًى و رُضْوَانًا و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً۔ عَنْه و عَلَيْه: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْنَ و رُضَاةٌ و رَضِيٌّ ج رَضُوْنَ و (رَضِيّ) ج اَرْضِيَاء و رُضَاةٌ۔
رَضِيَ۔ الشَّيْءَ و رَضِيَ بِه و فِيْه: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِيّ و مَرْضُوٌّ) کہا

جاتا ہے "رَضِیَ اللّٰهُ عَنْ فُلَانٍ وَرُضِیَ عَنْهُ"
یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے
خوش رہے۔ "رُضِیَتْ مَعِیْشَةٌ" :اس کی زندگی
پسندیدہ ہے۔
رَاضَی رِضَاءً ومُرَاضَاةً۔ الرَّجُلَ:
رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔
اَرْضَی ورَضَّی۔ الرَّجُلَ: رضا مند کرنا۔
خوش کرنے کے لائق دینا۔
تَرَضّٰی۔ الرَّجُلَ :رضامندی طلب کرنا۔
تَرَاضَی۔ الْقَوْمُ الشَّیْءَ :قوم میں سے ہر ایک
کا کسی چیز کو پسند کرنا۔
اِرْتَضَاهُ۔ لِخِدْمَتِهٖ اولِصُحْبَتِهٖ :پسند کرنا۔
اِسْتَرْضَاهُ۔ رضامندی طلب کرنا۔ و
اِسْتَرْضَیْتُه : کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند
کرو۔
رَجُلٌ و اِمْرَأَةٌ (رِضًی) پسندیدہ مرد یا عورت
(چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد
تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)
عِیْشَةٌ (رَاضِیَةٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں
اسناد مجازی ہے)
رَضْوٰی۔ مدینہ طیبہ اور یَنْبُعْ کے درمیان
ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضَوِی۔
الرِّضَاء۔ خوشنودی۔
الرِّضْوَة۔ خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ
ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِهٖ" میں نے اس کو اس کی
رضامندی سے کیا۔
الرَّضِیّ۔ عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔
اِرْطَأَ اِرْطَاطًا۔ بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔
فِی مَقْعَدِهٖ :جم کے بیٹھنا۔
اِسْتَرْطَأَهُ۔ بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطِیْط۔ شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج
رِطَاط۔
الرَّطَائِط۔ بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے
واحد نہیں)
رَطَأَ (ف) رَطْأً۔ الْقَوْمَ :قوم کو ناپسندیدہ امر
میں پھنسا دینا ___ بِسَلْحِهٖ :پاخانہ کرنا
___ الْمَرْأَةَ :جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأَ۔ الرَّجُلُ :بیوقوف ہونا ___
الرَّجُلَ :بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطَأ۔ بیوقوفی۔
الرَّطِیْءُ۔ بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِئَةٌ و
رَطْآء۔
رَطَبَ (ن) رَطَابَةً الْبُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا
رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا۔ الدَّابَّةَ :جانور کو
تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) ورَطُبَ (ک) رُطُوْبَةً و رَطَابَةً۔
تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔ رَطَبَ الْبُسْرُ :
پختہ ہونا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ۔ الثَّوْبَ و نَحْوَهٗ :تر کرنا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ الْبُسْرُ :پختہ ہونا۔ رَطَّبَ
الْقَوْمَ :پختہ کھجور کھلانا۔ واَرْطَبَت الْاَرْضُ :
زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ اَرْطَبَ النَّخْلُ :
کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ اَرْطَبَ الْقَوْمُ :پختہ
کھجوروں کے درخت ثمرا کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ۔ تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ
لِسَانِیْ بِذِكْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر
ہے۔
الرَّطْب و الرَّطِیْب۔ تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر
وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال
زندگی۔
الرَّطْب و الرُّطْب۔ سبز چارہ۔
الرُّطَب۔ پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَة) ج
رِطَاب و اَرْطَاب۔
الْمَرْطَبَة۔ کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا
کنواں۔
الرَّطَاب۔ بر وزن نظام :عورتوں کے لئے ایک
گالی۔
الرَّطْز۔ کمزور بال وغیرہ۔
الرَّطَازَات۔ خرافات۔
رَطَسَ۔ (ن ض) رَطْسًا۔ تھپڑ مارنا۔
اِرْتَطَسَتْ۔ عَلَیْهِ الْحِجَارَةُ :پتھروں کا تہ بتہ
ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا۔ الْجَارِیَةَ :جماع کرنا۔
الرَّطْع۔ زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا۔ الشَّیْءَ :ہاتھ میں اٹھا کر وزن
معلوم کرنا ___ الرَّجُلُ :دوڑنا۔
رَطَّلَ۔ الشَّعْرَ :تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی
کرنا ___ الشَّیْءَ :رطل پیمانہ سے وزن کرنا (
___ و اَرْطَلَ) الرَّجُلُ :ڈھیلے لٹکے ہوئے
کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ۔ رطل سے بیچنا۔
الرَّطْل و الرِّطْل۔ بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰
تولہ۔ ج اَرْطَال۔ الرَّطْل مِنَ الرِّجَال :
بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب
البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔
الرِّطْلَة۔ سبک رفتار گھوڑی۔
الرُّطَیْلَاء۔ رتیلا کی تصحیف ہے۔
الْمُرْطِل۔ مِنَ الرِّجَال :نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهُ (ن) رَطْمًا۔ کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور
مشکل کام میں پھنسانا۔
رَطَمَ و اَرْطَمَ۔ فِیْ قُعُوْدِهٖ :جم کے بیٹھنا۔
واَرْطَمَ الرَّجُلُ :خاموش رہنا۔
رَطِمَ۔ الْبَعِیْرُ :اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔
تَرَطَّمَ۔ السَّلْحَ :پاخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ۔ کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں
پھنسنا ___ فِی الْاَمْرِ :کسی معاملہ میں پھنس
جانا ___ عَلَیْهِ الْاَمْرُ :مشتبہ ہونا ___
الشَّیْءُ :ڈھیر لگنا۔
الرَّطْمَة۔ پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی
دشوار ہو۔
الرُّطَام۔ قبض۔
الرَّطُوْم۔ بیوقوف مرد۔
الرَّاطِم۔ کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأَةٌ (مَرْطُوْمَةٌ) بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهٗ (ن) رِطَانَةً و رَطَانَةً و رَاطَنَهٗ مُرَاطَنَةً۔
عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ۔ الْقَوْمُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَهُمْ :باہم
عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرَّطِیْنٰی۔ کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا
ہے "مَا رُطَیْنَاكَ هٰذِهٖ" تمہاری یہ کیا بکواس
ہے۔
رَطَا (ن) رَطْوًا۔ الْجَارِیَةَ :جماع کرنا۔
رَعَّتَ (ن) رَعًّا۔ الرِّیْحُ :ہوا کا ٹھہر جانا۔

الرَّعَاع۔ کمینے ورذیل لوگ۔
الرَّعَاعَة۔ شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ(ف)رَعْبًا ورُعْبًا۔ خوف کرنا ـــــ الرَّجُلَ : خوف دلانا (ـــــ رَعْبًا) الإِنَاءَ او الحَوْضَ :برتن یا حوض کا بھرنا ـــــ السَّنَامَ ونَحْوَهُ :کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔
رَعَبَتِ الحَمَامَةُ :کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِيبًا و تَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ :خوف دلانا ـــــ الإِنَاءَ :برتن بھرنا۔
السَّنَامَ :کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا ـــــ فُلَانًا۔ کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ۔ ڈرنا۔
الرَّعْب۔ جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ بڑا وعدہ۔
الرُّعْب و الرُّعُب۔ گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة۔
الرَّعِيب۔ خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِيبُ العَيْنِ و مَرْعُوْبُ العَيْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب۔ جادو کرنے والا۔ مقفی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَة۔ لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوْب۔ بزدل۔ ج رَعَابِيب (ـــــ الرُّعْبُوْبَة و الرِّعْبِيب) مِنَ الجَوَارِي :نازک اندام لڑکی۔
المُرَعْبَب۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِيبَة۔ کوہان کا ٹکڑا۔ ج تراعِيب۔
المَرْعَبَة۔ ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَل :اللحْمُ :گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔
ـــــ الثَّوْبَ :کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
ـــــ الرَّجُلُ :بیوقوف سُست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ :گوشت کا پارچے پارچے ہونا ـــــ الثَّوْبُ :کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَل۔ مِنَ النِّسَاءِ :بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ : موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَة والرُّعْبُوْلَة۔ پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل و رَعَابِيل۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ رَعَابِيل" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِيل۔ مِنَ الرِيَاحِ :ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُوْلَة۔ پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَتْ (ف) رَعْثًا ورَعِثَتْ (س) رَعَثًا۔ الْعَنْزُ :کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَت۔ المَرْأَةُ : عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْث والرَّعَث۔ رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ :انار کی کلی۔
الرَّعْثَة والرَّعَثَة۔ بالی۔ مرغ کی کلغی، مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث وجج رُعُث۔
الرَّعْثَاء۔ بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں، لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوْثَة۔ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَهُ(ف)رَعْجًا ورَعَجًا وأَرْعَجَهُ۔ غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرقُ : بجلی کا لگاتار چمکنا أَرْعَجَ الرَّجُلُ : بہت مال مویشی والا ہونا۔
رَعِجَ (س) رَعَجًا المَالُ او العَدُوُ۔ بہت ہونا۔ الوادي : وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ۔ کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوْا ولهُمْ اِرْتعَاجٌ۔ لوگ نکلے اِس حال میں کہ اُن کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ :بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی۔ بھر جانا۔ المَالُ :بہت ہونا۔
الرَّعْج۔ بہت مویشی۔
رَعَدَ(ف ن) رَعْدًا و رُعُوْدًا۔ السَّحَابُ : بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "ورَعَدَ لِي فُلَانٌ و بَرَق" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ المَرأَةُ و بَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
أَرْعَدَ۔ الرَّجُلُ : کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا، گڑگڑاہٹ سننا ـــــ زَيدًا : دھمکی دینا ـــــ ہ الخَوْفُ :مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا، لرزا دینا۔
أُرْعِدَ۔ کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ۔ حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ۔ اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد۔ مہ۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيْلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرَّعْدَة والرِّعْدَة۔ کپکپی۔
الرَّعَّاد۔ بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمكَةُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَة۔ بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَة۔ گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَةِ : اس شخص کے لئے بطورِ مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد۔
ذَاتُ الرَّوَاعِد :مصیبت۔
الرُّعَيْدَاء۔ گیہوں کا پچھوڑن۔
رَعْدَدَ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ۔ کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيْد والرِّعْدِيْدَة۔ بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِيْد : نرم و نازک نباتات۔ ج۔ رَعَادِيْد۔
رَعْرَعَ۔ المَاءُ :پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ـــــ الفَرَسَ :گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا ـــــ ہ اللّٰهُ :اُگانا۔
تَرَعْرَعَ۔ الصَّبِيُّ :بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔
ـــــ الماءُ او السَّرَابُ : پانی یا سراب کا متلاطم ہونا ـــــ السِّنُّ :دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع۔ اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيع۔
الرَّعْرَاع :بزدل۔ لمبا نرکل۔
رَعَزَ(ف)رَعْزًا۔ الجَارِيَةَ :جماع کرنا۔
رَاعَزَ مُرَاعَزَةً۔ سکڑنا۔
المِرْعِزّ والمِرْعِزَّى والمِرْعِزَاء۔ بھیڑ کے لئے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں۔

ثوبٌ (مُمَرْعَزٌ) چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا۔
مُرَاعِز۔ غضبناک۔
رَعَسَ (ف) رَعْسًا۔ کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (___ رَعْسًا و رَعَسَانًا) رَاسَهٗ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
اَرْعَسَه۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ و اِرْتَعَسَ۔ کانپنا۔
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوْس۔ خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِيْس۔ چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاس۔ نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
المِرْعَس۔ خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ (س) رَعَشًا و اِرْتَعَشَ۔ کانپنا۔ صفت (رَعِش و رَعِيْش)
اَرْعَشَهٗ و رَعَّشَهٗ۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔
الرِّعِش و الرِّعْشِيْش۔ بزدل۔ جلد باز۔
الرَّعْشَة۔ جلد بازی۔
الرُّعَاش۔ مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ (رَعُوش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَّعْشَاء۔ مِنَ النَّعَام: تیز رفتار شتر مرغ۔
___ مِنَ النُّوْق: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش و المَرْعَش۔ ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الرَّعْشَن۔ کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا و اَرْعَصَ۔ الشَّیْئَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا ___ عَلَيْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ و اِرْتَعَصَ۔ عَلَيْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا ___ الجَدْیُ: بکری کے بچے کا خوشی میں اکڑ اچھلنا۔
رَعَظَ (ف) رَعْظًا۔ السَّهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَهٗ۔ عَنْ كَذَا: سُست کر دینا۔ جلدی کرانا ___ الوَتَدَ: اُکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ۔ السَّهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔
___ فُلَانًا: سُست کر دینا۔
الرُّعْظ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ۔ کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَّبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا۔ الفَرَسُ الخَيْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعْفًا۔ الدَّمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (___ و رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا و رُعَافًا) الرَّجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔
اَرْعَفَهٗ۔ جلدی کرانا ___ القِرْبَةَ: مشک کو لبا لب بھرنا ___ القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ و اِسْتَرْعَفَ۔ آگے بڑھنا۔
و اِسْتَرْعَفَتِ الحَصٰى رِجْلَه: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرُّعْف۔ مـه۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُّعَاف۔ نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَّعَّاف۔ بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُّعَافِی۔ بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الرَّاعِف۔ فا۔ نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف۔
الرَّوَاعِف۔ نیزے۔
الرَّعُوْف و الرَّاعُوْف و الرَّاعُوْفَة و الأُرْعُوْفَة۔ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرَّعُوْف۔ ہلکی بارش۔
المَرَاعِف۔ ناک اور اس کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف۔ مِنَ الخَيْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا و رَعِيْقًا۔ بَطْنُ الدَّابَّةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف) رَعْلًا۔ الشَّیْئَ: کشادہ۔ پھاڑنا۔
فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا۔ بیوقوف ہونا۔ النَّبَاتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ۔ الكَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَهٗ۔ سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَتْ۔ الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔
الاَرْعَل۔ بیوقوف۔ مؤنث رَعْلَاء ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔
الرَّعْل۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلُ الرَّجُل: کپڑے۔
الرَّعْل۔ شہد کی نر مکھی۔
الرُّعَال۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَّعَالَة۔ بیوقوفی۔
الرَّعْلَة۔ شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصّے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال و اَرَاعِيْل۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَيْلُ رِعَالًا و اَرَاعِيْل" اَرَاعِيْل الرِّيَاحِ اَوِ السَّحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعْلَة۔ انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل۔ ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
اَبُوْ رِعْلَة۔ بھیڑیا۔
الرَّعِيْل۔ آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال۔
المِرْعَل۔ شمشیر براں۔
المِرْعَل۔ عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل۔ گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا۔ الشَّیْئَ: نگہبانی کرنا۔

____ الشَّمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ۔ الشَّاةَ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ۔ الشَّاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَّعَام۔ نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة۔
الرُّعَامة والرُّعَامٰی۔ ایک قسم کا درخت۔
الرُّعَامٰی۔ جگر کی زیادتی۔
الرِّعْم۔ چربی۔ اُمِّ رِعْم: بجو۔
الرَّعُوْم۔ نفس۔
الرُّعُوْم۔ نازک بدن عورت۔
رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا ورَعُنَ (ک) رُعُوْنَة۔ بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)
رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا۔ الشَّمْسُ: دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔
الرَّعْن۔ مہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن۔
الاَرْعَن۔ چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔
الرَّعُوْن۔ تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔
رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا ورِعْوَةً ورَعْوَةً و رُعْوَةً۔ غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰی والرُّعْيَا)
اِرْعَوٰی اِرْعَوَاءً۔ مِنَ الجَهْلِ: رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔
رَعٰی يَرْعٰی رَعْيًا ورَعَايَةً ومَرْعًی۔ الماشِيَةُ الكَلَأَ: جانور کا گھاس چرنا ____ الماشِيَةَ: جانور کو گھاس چرانا ____ النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ____ الاَمِيْرُ رَعِيَّةً رِعَايَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا ____ عَلَيْهِ حُرْمَتَه: پاس عزت کرنا ____ الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔
رَاعٰی مُرَاعَاةً۔ النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ____ الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا ____ الرَّجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔
رَاعَيْتُهُ سَمْعِيْ: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَلَا يُرَاعِيْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔
اَرْعٰی۔ الماشِيَةَ: جانور کو چرانا ____ المَكَانَ: چراگاہ بنانا ____ عَلَيْهِ: شفقت۔ مہربانی کرنا۔ اَرْعَيْتُه سَمْعِيْ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا ____ اللّٰهُ الماشِيَةَ: چری اُگانا۔
رَعَّاهُ تَرْعِيَةً۔ کسی سے "رَعَاهُ اللّٰهُ" کہنا۔
اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتِ۔ الماشِيَةُ: جانور کا چرنا۔
اِسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً۔ الماشِيَةَ: چرانے کے لیے کہنا ____ ہ مَاشِيَتَهُ: رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنْ اِسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کیلئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ____ ہ السَّمْعَ: توجہ کرنے کو کہنا ____ ہ الشَّيْءَ: کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔
الرِّعْيَة۔ چرائی۔
الرُّعْيَا والرُّعْوٰی والرَّعْيَا والرَّعْوٰی۔ حفاظت۔
الرَّعْی۔ مہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لَكَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔
الرِّعْی۔ گھاس۔ ج اَرْعَاء۔ رِعْيُ الحَمَامِ والاِبِلِ: دو گھاسوں کے نام۔
الرَّعِيَّة۔ چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا۔ رَعِيَّةُ المَلِكِ و رعاياہُ: تابع فرمان لوگ۔
الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی۔ لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔
الرَّعَاوِيَّة۔ عوام کے مویشی۔
الاَرْعَاوِيه۔ شاہی مویشی۔
الرَّاعِی۔ فا۔ بہت الفت کرنے والا حاکم قوم۔ رَاعِی الماشِيَةِ: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْيَان ورُعَاء ورِعَاء۔ مؤنث رَاعِيَة ج رَوَاعٍ۔ رَاعِيَةُ الشَّيْبِ ورَوَاعِيه: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِيُ الجَوْزَاءِ ورَعْيُ النَّعَائِمِ: دو ستاروں کے نام۔ رَاعِيُ البُسْتَانِ ورَاعِيَةُ الاُنْثٰی: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاسِ: جوں۔
المَرْعٰی۔ مہ۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (____ والمَرْعَاة) چراگاہ۔
المَرْعِيُّ۔ جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔
رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً۔ فِيْهِ: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔
بِه عَنْ غَيْرِه: دوسرے پر فضیلت دینا۔
رَغِبَ (س) رَغْبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رُغْبَةً ورَغْبَةً ورَغَبُوْتًا ورَغَبَانًا ورَغْبَاء اِلَيْهِ: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔
رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً۔ بہت کھاؤ ہونا ____ الوَادِی: فراخ و کشادہ ہونا۔
رَغَّبَهُ واَرْغَبَهُ۔ فِی الشَّيْءِ: رغبت دلانا۔ رَغَّبَهُ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰهُ قَدْرَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔
اِرْتَغَبَ۔ فِيْهِ: خواہش کرنا۔ چاہنا۔
تَرَاغَبَ۔ الوَادِی: کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فِی الخَيْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔
الرَّغَب۔ مرغوب۔
الرُّغْب والرُّغَاب۔ مِنَ الاَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔
طَرِيْقٌ (رَغْبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ۔
الرَّغِيْب۔ بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِيْبٌ و سِقَاءٌ رَغِيْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حَمْلٌ رَغِيْبٌ: بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِيْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب۔
الرَّغُوْب۔ خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِیبَة۔ رَغِیب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغائِب۔
المَرَاغِب۔ خواہشیں۔ وہ عورتیں جو معاش کے لیے مضطرب ہوں۔
الرُّغابِی۔ جگر کی زیادتی۔
رَغَثَ (ف) رَغْثًا۔ اَلولدُ اُمَّه :ماں کا دودھ پینا ــــــ ہ : لگاتار نیزے مارنا ــــــ القَوْمُ فُلانًا :سوال کرکے سارا مال ختم کردینا۔
رُغِثَ۔ کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں ورد ہونا۔
اَرْغَثَتْ۔ المَرْاَةُ :دائی پلائی ہونا۔ وَلَدَہا :دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوث و رَغُوثَة و مُرْغِث) :اَرْغَثَه :پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ باربار نیزہ مارنا۔
اِرْتَغَثَ۔ الوَلَدُ اُمَّه : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
الرُّغَثَاء۔ پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔
المُرْغَث۔ انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔
رَغِدَ (س) رَغَدًا و رَغُدَ (ک) رَغَادَةً عَیْشُه : آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ و رَغَدٌ و رَغِیدٌ)
اَرْغَدَ۔ القومُ : آسودہ زندگی والی ہونا ــــــ مَوَاشِیَهم : جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا ــــــ اللّٰهُ عَیْشَه : آسودہ بنانا۔
اِرْغَادَّ۔ رائے میں متردد ہونا ــــــ اللَّبَنُ : دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔
اِسْتَرْغَدَ۔ العَیْشَ : آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغَدٌ) و نِسَاءٌ رَغَد : آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خَادِم کی جمع خَدَم۔
الرَّغِیدَاء۔ گیہوں کا پچھوڑن۔
الرَّغِیدَة۔ ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔
المَرْغَدَة۔ باغ۔
رَغْرَغَ۔ آسودگی کی زندگی ہونا۔ آسودگی میں ڈوب جانا۔ رَغْرَغَتِ اِبِلُه : اونٹوں کا ہر روز جب جی چاہے گھاٹ پر آنا ــــــ الاَمْرَ : چھپانا۔

رَغَسَهُ (ف) رَغْسًا و اَرْغَسَهُ۔ اللّٰه مالاً و ولدًا :بہت دینا۔
اِسْتَرْغَسَهُ۔ نرم سمجھنا۔
الرَّغْس۔ نعمت و برکت۔ نمو۔ ج اَرْغاس۔
المُرْغَس۔ مِنَ العَیْش :فراخ زندگی۔
المَرْغُوس۔ مبارک۔
المَرْغُوسَة۔ المرغوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔
رَغَشَ (ف) رَغْشًا۔ عَلَیْهِ :شور مچانا۔
رَغَفَ (ف) رَغْفًا۔ العَجِیْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا ــــــ البَعِیْرَ : اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔
اَرْغَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا ــــــ اِلَیْهِ : تیز نظر سے دیکھنا۔
الرَّغِیْف۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی، روٹی۔ ج اَرْغِفَة و رُغُف و رُغْف و رُغْفَان و تَرَاغِیف۔
وَجْهٌ (مُرَغَّف) تخت چہرہ۔
رَغَلَ (ف) رَغْلاً۔ اَلوَلَدُ اُمَّهُ : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اَرْغَلَ۔ الرَّجُلُ : غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا ــــــ اِلَیْهِ :مائل ہونا ــــــ الزَّرْعُ : کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا ــــــ الشَّیْءَ : بے موقع رکھنا۔ ــــــ الجَدْیُ اُمَّه : بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا ــــــ المَکَانُ : رغل نامی گھاس اگانا ــــــ المَاءَ :بہت گرانا۔
الرُّغْل۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغَال۔
الرَّغُوْل۔ اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَرَمٌّ رَغُوْل" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کرجاتا ہے۔
الاَرْغَل۔ مِنَ العَیْش :فراخ زندگی۔
الرَّغْلَة۔ بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔
رَغَمَهُ (ف) رَغْمًا۔ مغلوب و مجبور کرنا۔ رَغَمَ الشَّیْءَ :ناپسند کرنا۔
رَغِمَ (س) و رَغَمَ (ن) رَغْمًا و رِغْمًا۔ اَنْفُه لِلّٰه : ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الاَنْف۔ ج رُغَّمُ الاُنُوْف۔ و رَغِمَه :ناپسند کرنا۔

رَغَّمَهُ۔ ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا کہنا۔ ــــ اَنْفَه : خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰه اَنْفَه" : یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے ــــــ فُلانٌ اَنْفَه :فروتنی کرنا۔
اَرْغَمَهُ۔ ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا ــــــ ہ الذُّلُّ : خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ اَهْلَه : اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا ــــــ اللُّقْمَةَ مِنْ فِیْهِ :لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا ــــــ اللّٰهُ اَنْفَه : ذلیل کرنا۔ اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ : بکری، بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔
رَاغَمَهُ۔ باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔
تَرَغَّمَ۔ عَلَیْهِ : غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتُ الرَّجُلَ : کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔
الرَّغْم و الرُّغْم و الرِّغْم۔ ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی عَلٰی رَغْمِه" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔
الرَّاغِم۔ فا۔ رَاغِمُ الاَنْف : ذلیل :ج رُغْمُ الاُنُوْف۔
الرَّغَام۔ مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔
الرُّغَام۔ رینٹ۔ ج اَرْغِمَةٌ۔
الرُّغَامَة۔ حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لِیْ عِنْدَ فُلَانٍ رُغَامَة" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔
الرَّغْمَاء۔ مِنَ الشَّاءِ : ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔
المَرْغِم و المَرْغَم۔ ج مَرَاغِم و (الرُّغَامَی) ناک الرُّغَامَی : جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔
المُرَاغَم۔ مفعہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِذْلِی عَنْ دَارِ الهَوَانِ مُرَاغَم" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔
المَرْغَمَة۔ ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلٰی مَرْغَمَتِه" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المِزْغَام- غضب میں ڈالنے والا- مؤنث مِزْغَامَة-

رَغَنَ (ف) رَغْنًا- فِيْهِ : لالچ کرنا- اِلَيْهِ : کان لگانا-

اَرْغَنَه- طمع دلانا- اَرْغَنَ الاَمْرَ : آسان کرنا ــــ اِلَيْهِ : کان لگانا- اَرْغَنَ لِفُلاَنٍ : اطاعت و فرماں برداری کرنا-

الاَرْغُن والاُرْغُنُوْنَ- (آرگن) (ایک باجہ کا نام)

رَغَا (ن) رُغَاءً- البَعِيرُ او النَعَامُ او الضَبُعُ : بلبلانا- چیخنا ــــ الصَبِيُّ : بہت رونا-

ــــ الرَعْدُ : زور سے گرجنا-

رَغَا (ن) رَغْوًا ورَغَّى تَرْغِيَةً واَرْغى اِرْغَاءً- اللَبَنُ وَنَحْوَهُ : دودھ پر جھاگ آنا- کہا جاتا ہے "اَرْغى الرَجُل واَزْبَد" مرد غصب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی- "واَتَيْتُهُ فَمَا اَثْغى ولاَاَرْغى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ــــ ہ ذلیل کرنا- مغلوب کرنا- ورَغى فُلاَنًا : غضبناک کرنا-

اِرْتَغى- اللَبَنَ : دودھ سے جھاگ اتار لینا ــــ الرُغْوَة : جھاگ پینا-

الرَغْوَة والرُغْوَة والرِغْوَة- ج رُغًى ورِغًى و (الرُغَايَة والرِغَايَة والرِغَاوَة والرُغَاوَى والرِغَاوَى) مِنَ اللَبَن : دودھ کا جھاگ-

الرَاغِيَة- اونٹنی- کہتے ہیں "مَالَهُ ثَاغِيَةً ولاَ رَاغِية" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی-

المِرْغَاة- کفگیر-

المُرْغِيّ- مِنَ الكلام : مبہم گفتگو-

رَفَّ (ن ض) رَفًّا بہت کھانا ــــ ہ : خدمت کرنا- بھلائی و احسان کرنا- ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا ــــ النَاسُ بِهٖ : گھیر لینا ــــ بِهٖ : اکرام و تعظیم کرنا- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ ويَرُفُّهُ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا-

البَيْتَ : گھر میں الگنی بنانا ــــ الى كذا : خوش ہونا- رَفَّتْ عَيْنُهُ : پھڑکنا ــــ البَرْقُ : بجلی کا چمکنا ــــ شَفَتَيْهِ : ہونٹ کا چوسنا-

ــــ اللَبَنَ : ہر روز دودھ پینا ــــ ثَوْبَه : دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا-

الدَابَة : بھوسہ کھلانا-

رَفَّ (ض) رَفًّا ورَفِيْفًا وارْتَفَّ- النَبَاتُ : لہلہانا- رَفتِ العَيْنَ : پھڑکنا-

رَفَّ البَرْقُ : بجلی چمکنا- رَفَّ لَوْنُه : چمک اٹھنا-

اَرَفَّ اِرْفَافًا- الطَائِرُ : پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا-

الرَفّ- مہ- الگنی- لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں- ریت کی باریک نوک- مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار- بکریوں کا باڑہ- ملائم کپڑا- ج رُفوف ورِفَاف-

الرِفّ- اونٹوں کا گلہ- ہر دن کا پینا- کہا جاتا ہے "اَخَذَتْه الحُميُّ رِفًّا" اس کو روزانہ بخار آیا-

الرُف والرُفَّة- بھوسہ و بھوسہ کا چورہ-

الرُفَاف- بھوسہ کا چورہ-

الرَفِيْف- مہ- چھت- فراخ سالی ــــ فتی رفيف الاَخْلاَق : اچھے اخلاق والا جوان-

الرَفَّاف- اسم مبالغہ- کہا جاتا ہے "ثَغْرٌ رَفَّاف" سفید و شفاف دانت-

رَفَأَ (ف) رَفْأً- الثَوْبَ : کپڑے کو رفو کرنا- مرمت کرنا ــــ ہ : خوف سے تسکین دینا- مدد دینا ــــ بَيْنَهُمْ : صلح کرانا ــــ السَفِيْنَة : کشتی کو کنارہ پر لانا-

رَفَّأَهُ تَرْفِئَةً و تَرْفِيْئًا- مبارک باد دینا اور "بِالرِفَاءِ والبَنِيْن" کہنا- (بالرِفَاءِ والبَنِيْنَ) : شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں-

اَرْفَأَ- اِلَيْهِ : قریب ہونا اور پناہ لینا-

الشَيْءَ اِلَيْهِ : قریب کرنا ــــ الرَجُلُ : کنگھی کرنا-

ــــ السَفِيْنَةُ : کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا-

ارْفَأَهُ ورَافَأَهُ- مدارات کرنا- مدد کرنا-

الرِفَاء- اتفاق-

الرَفَّاء- رفوگر-

المَرْفَأُ والمُرْفَأُ- مِنَ البَحْرِ : بندرگاہ- ج مَرَافِئ-

رَفَتَ (ن ض) رَفْتًا- الشَيْءَ : توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا (ــــ وارْفَتَّ وتَرَفَّتَ) ٹوٹنا، چورہ ہونا ــــ العَظْمُ : ریزہ ریزہ ہونا-

الحَبْلُ : رسّی کا کٹ جانا-

الرُفَت- بھوسہ- ہر چیز کو توڑنے والا-

الرُفَات- چورہ- ریزہ- ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے-

رَفَثَ (ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ (س) رَفَثًا وارْفَثَ- فِيْ كَلاَمِهٖ : فحش گوئی کرنا-

الرَفَث- مہ- گندی گفتگو- جماع-

رَفَّحَهُ- نئی شادی والے کو مبارکباد دینا-

رَفَخَ- عَيْشٌ رَافِخ : ناز و نعمت کی آسودہ زندگی-

الرُفُوْخ- مصیبتیں-

رَفَدَهُ (ض) رَفْدًا او اَرْفَدَهُ- دینا- مدد دینا- رَفَدَ الحَائِطَ : سہارا دینا- رَفَدَ الدَابةَ وعَلَيْهَا وارْفَدَلَهَا : چوپایہ کیلئے پالان بنانا-

رَافَدَهُ- مدد دینا-

رَفَّدَه- تعظیم کرنا- سردار بنانا-

تَرافَدَ- القَوْمُ : باہم مدد کرنا-

اِرْتَفَدَ- المَالَ : کمائی کرنا- حاصل کرنا-

اِسْتَرْفَدَهُ- عطیہ طلب کرنا- مدد طلب کرنا-

الرَفْد- مہ- حصہ، بڑا پیالہ- کہا جاتا ہے "اُرِيْقَ رَفَدُهُ" اس کا انتقال ہو گیا-

الرِفْد- ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے- عطیہ- مدد- بڑا پیالہ- ج اَرْفَاد ورُفُوْد-

الرِفْدَة- لوگوں کی جماعت- ج رِفَد-

الرَافِد- فا- بادشاہ کی غیوبت میں اس کا قائم مقام- ج رُفَّد-

الرَافِدَان- دریائے دجلہ و فرات-

الرَافِدَة- پل کے اوپر چھت کی لکڑی- عوام اسے "وُصْلَة" کہتے ہیں- ج رَوَافِد-

الرِفَادَة- زخم کی پٹی- زین- زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز-

نَاقَةٌ (رَفُوْدٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی- ج رُفُد-

المَرْفَد والمُرْفَد- مدد- ج مَرافِد-

المِرْفَد- بڑا پیالہ- ج مَرافِد-

المَرَافِيْد- بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی

میں کبھی ختم نہ ہو۔

المُرْفِد۔ بازی گر۔

رَفْرَفَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا ___ الشَّیْءُ: آواز کرنا۔

الرَّفْرَف۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّیحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر اُدھر کر دیا۔ رَفْرَفَ الدِّرْعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفَارِف۔

الرَّفْرَاف۔ ایک پرندہ جس کو "خَاطِفُ ظِلِّهٖ" بھی کہتے ہیں۔ نر شترمرغ۔

رَفَزَہٗ (ض) رَفْزًا۔ مارنا۔

الرَّافِز۔ حرکت کرنے والی رگ۔

رَفَسَہٗ (ن ض) رَفْسًا و رِفَاسًا۔ سینہ پر مارنا ___ البَعِیرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا ___ اللَّحْمَ و نَحْوَہٗ: گوشت کا قیمہ کرنا۔

الرِّفَاس۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

الرَّفْسَة۔ سینہ پر لات مارنا۔

نَاقَةٌ (رَفُوْسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔

رَفَشَ (ن) رَفْشًا۔ کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ خوب کھانا پینا ___ القَمحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا ___ الشَّیْءَ: کوٹنا ___ رُفُوْشًا (فِی الأَمْرِ): کشادہ ہونا۔

رَفِشَ (س) رَفَشًا۔ چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (أَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء۔ ج رُفْش۔

رَفَّشَ۔ لِحْیَتَهٗ: داڑھی میں کنگھا کرنا۔

الرَّفَّاش۔ گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔

الرَّفْش۔ مہ۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔

المِرْفَشَة۔ بیلچہ۔

رَفَصَ۔ تَرَافَصُوا المَاءَ: باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِیص) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِیصُکَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔

اِرْتَفَصَ۔ السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔

الرُّفْصَة۔ پانی پینے کی باری۔

رَفَضَ (ن ض) رَفْضًا و رَفَضًا۔ الشَّیْءَ: پھینکنا، چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُوْنَ و رَفَضَه و رُفَّاض (___ و أَرْفَضَ) الإِبِلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَضَ و أَرْفَضَ الوَادِی: کشادہ ہونا۔

رَفَضَتْ (ن) رُفُوْضًا۔ الإِبِلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔

تَرَفَّضَ۔ بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا ___ الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔

اِرْفَضَّ۔ الدَّمْعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا ___ الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا ___ الشَّیْءُ: ___ متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے ___ الوَجَعُ: درد کا زائل ہونا۔

اِسْتَرْفَضَ۔ الوَادِی: کشادہ ہونا۔

الرَّفَض۔ مہ ___ رِفَاض و (الرَّفَض) ج أَرْفَاض۔ اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شترمرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِی القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

الرَّافِضَة۔ جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض۔ اور اسی سے ہے "لَا خَیْرَ فِی الرَّوَافِضِ"

الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "رَافِضِیٌّ"

الرِّفَاض۔ پریشان راستے۔

الرُّفَاض۔ مِنَ الشَّیْءِ: ٹکڑے۔ ریزے۔ رَجُلٌ (قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرُّفُوْض۔ متفرق گھاس۔ رُفُوْضُ النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوْضُ الأَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِیض۔ چھوڑا ہوا۔ لپینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الرَّفِیض و المَرْفُوض۔ چھوڑا ہوا۔

المَرْفَض۔ مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض۔

رَفَعَ (ف) رَفْعًا۔ الشَّیْءَ: اٹھانا ___ فُلَانًا عَلٰی صَاحِبِهٖ فِی المَجْلِسِ: آگے بڑھانا ___ الکَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا ___ الشَّیْءَ: لینا ___ الشَّیْءَ فِی خِزَانَتِهٖ: چھپانا ___ الجَمَلُ فِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ___ القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا ___ الجَمَلَ: تیز چلانا ___ الحَدِیْثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔

(___ رَفْعًا و رِفَاعًا و رَفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (___ رَفْعًا و رُفْعَانًا) زَیْدًا إِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لیے جانا ___ ہ إِلَی السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا أَمْرٌ یَرْفَعُ الرَّأْسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَا یَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِهٖ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ (ک) رِفْعَةً و رَفَاعَةً۔ عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِیع) و رَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا ___ الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِیع)

رُفِعَ۔ لَهُ الشَّیْءُ: دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَهٗ۔ بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔

سَخَا يَسْخُوْ و سَخِيَ يَسْخَى و سَخُوَ يَسْخُوْ سَخَاءً و سَخَاءً و سَخَاوَةً و سُخُوًّا و سُخُوَّةً۔ فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخِيْتُ نَفْسِيْ و بِنَفْسِيْ عَنِ الشَّيْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان اودھر نہیں ہوا۔

سَخَا النَّارَ يَسْخُوْهَا سَخْوًا و يَسْخَاهَا سَخْوًا و سَخْيًا۔ راکھ نکال کر آگ جلانا ___ القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا ___ الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔

تَسَاخَى و تَسَخَّى۔ بتکلف فیاض بننا۔

السَّخَاوَة۔ فیاضی۔ بخشش۔

السَّخَاءَة۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخَاءٌ۔

السَّخِيُّ۔ فیاض۔ ج اَسْخِيَاء و سُخَوَاء مؤنث سَخِيَّة۔ ج سَخَايَا و سَخِيَّات۔

الاَرْضُ (السَّخْوَاء) کشادہ نرم زمین۔ ج سُخَاوِيُّ و سَخَاوٍ۔

اَرْضٌ (سَخَاوِيَة) نرم کشادہ زمین۔ ج سَخَاوِيُّ۔

مَسْخَى۔ النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔

المِسْخَاة۔ چھپٹی۔ آگ کی کریلنی۔

سَدَّ (س) سَدًّا۔ الاِنَاءَ: برتن بند کرنا ___ الثُّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا ___ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

سَدَّ (س ض) سَدَدًا و سَدَادًا۔ درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسِدُّ فِيْ قَوْلِهٖ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "قُلْتُ لَهٗ سَدَادًا مِنَ الْقَوْلِ و سَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی ___ الشَّيْءُ: سیدھا ہونا۔

سَدَّدَ۔ الرُّمْحَ: سیدھا کرنا ___ ہ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

اَسَدَّ۔ الشَّيْءُ: سیدھا ہونا ___ الرَّجُلُ: راہ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔

تَسَدَّدَ۔ سیدھا ہونا ___ الشَّيْءُ: درست ہونا۔

اِنْسَدَّ و اسْتَدَّ اِنْسِدَادًا و اسْتِدَادًا۔ بند ہونا۔

اِسْتَدَّ۔ الشَّيْءُ: درست ہونا۔

السَّدُّ و السُّدُّ۔ ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَلَيْهِ الْاَرْضَ بِالْاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے۔ و السَّدُّ ج اَسِدَّة: عیب مثل اندھے پن کے۔ و السُّدُّ۔ ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ و السُّدُّ۔ ج سِدَدَة وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مَسَايَة۔

كَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح و درست کلام۔

السَّدَد۔ مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السَّدَاد۔ مص۔ درستی و راستی۔ ہدایت۔

السِّدَاد۔ ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کردے۔

السِّدَادَة۔ ڈھکنا۔

السُّدَاد۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رَجُلٌ (سَدَّاد) راہ راست پر رہنے والا مرد۔

السُّدَّة۔ دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد۔

عَيْنٌ (سَادَّة) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدُد۔

الاَسَدُّ۔ ج سُدٌّ (السَّدِيْد) ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔

المَسَدُّ۔ بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّهٗ" یعنی قائم مقام۔

سَدَجَ (ن) سَدْجًا۔ بِالشَّيْءِ: گمان کرنا۔ (___ و تَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)

اِنْسَدَجَ۔ اوندھا گرنا۔

سَدَحَهٗ (ف) سَدْحًا۔ ذبح کرکے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا ___ النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا ___ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بِالْمَكَانِ۔ اقامت کرنا (سَدَحَهٗ و سَدَّحَه) قتل کرنا۔

اِنْسَدَحَ۔ چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔

السَّادِح۔ فا۔ مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَة۔ السَّادِحَة: گھٹاٹوپ بادل۔

السَّدِيْح و المَسْدُوْح۔ چت لیٹا ہوا۔

اِنْسَدَحَ۔ پھیلنا۔

سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا و سُدُوْرًا۔ الشَّعْرَ: بال لٹکانا ___ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔

___ الرَّجُلُ فِي الْبِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔

سَدِرَ (س) سَدَرًا و سَدَارَةً۔ حیران ہونا۔ لاپرواہ ہونا ___ البَعِيْرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

إِنْسَدَرَ- الشَّعْرُ : بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "إِنْسَدَرَ يَرْكُضُ" وہ آہستہ دوڑا- نیچے اُترنا اور ہمیشہ چلنا-

تَسَدَّرَ- بِثَوْبِهٖ :اوڑھ لینا-

السِّدْرُ- بیر کا درخت- ج سُدُوْر-

السِّدْرَةُ- بیر کا درخت- ج سِدْرَات- و سِدِرَات و سِدَرَات و سِدَر- و سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى- ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لیے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہاء ہیں تک ہے-

السَّدِرُ- حیران- سمندر- نَاقَةٌ سَدِرَةٌ :بوڑھی اونٹنی-

السِّدَارُ- پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے-

السَّدَّارُ- بیر کے پتوں کا بیچنے والا-

السَّدِيْرُ- تازہ گھاس- حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام- شاہ نعمان کے ایک محل کا نام- یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں- سَدِيْرُ النَّخْلِ :وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں-

الْأَسْدَرَانِ- آنکھ کی دو رگیں- دونوں مونڈھے- کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ أَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا-

سَدَسَ (ض) سَدْسًا- الْقَوْمَ :چھٹا ہونا-

سَدَسَ (ن) سَدْسًا- الْقَوْمَ :چھٹا حصہ لینا-

سَدَّسَ- الشَّيْءَ :چھ پہل بنانا-

أَسْدَسَ- الْقَوْمُ :چھ ہونا- چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا ___ الْبَعِيْرُ : آٹھویں سال میں دانت گرانا-

السِّدْسُ- اونٹ کے لیے چھٹے روز پانی پینے کی باری- ست کی اصل سدس ہے-

السُّدْسُ والسُّدُسُ- چھٹا حصہ- ج أَسْدَاس اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ أَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ" وہ مکروفریب کی کوشش کرتا ہے-

السَّدَسُ- آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ-

السَّادَاسُ- فا- چھٹا- مؤنث- سَادِسَةٌ-

السُّدَاسِيُّ- چھ سے مرکب- چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنجبیل- کہا جاتا ہے جَاءُوْا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے-

السُّدُوْسُ والسَّدُوْسُ- سبز رنگ کی چادر-

السُّدُوْسُ- چراغ کی سیاہی-

السَّدِيْسُ- چھٹا حصہ- ج سُدُس- چھ سے مرکب- آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ- چھ سال والی بکری-

الْمُسَدَّسُ- شش پہل- وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو- الْمُسَدَّسُ :ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں-

سَدَعَهٗ (ف) سَدْعًا- ذبح کر کے پھیلانا ___ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ :ٹکرانا-

سُدِعَ- رنج و اذیت پہنچایا جانا-

السَّدْعَةُ- رنج و اذیت-

الْمِسْدَعُ- اپنے ارادہ پر چلنے والا- ہادی رہنما-

سَدَفَ (ض) سَدْفًا- الْقَوْمُ :تاریکی میں داخل ہونا ___ الْحِجَابَ :پردہ لٹکانا- صفت مفعولی (مَسْدُوْف)

أَسْدَفَ- سونا- بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا ___ الْقَوْمُ :تاریکی میں داخل ہونا ___ اللَّيْلُ :تاریک ہونا- صفت (أَسْدَفُ) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ ___ الْفَجْرُ :روشن ہونا ___ السِّتْرَ :پردہ اُٹھانا ___ الْمَرْأَةُ الْقِنَاعَ :برقعہ ڈالنا- أَسْدَفَ عَنْ كَذَا :الگ ہونا- کہا جاتا ہے "أَسْدِفِ الْبَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہوسکے-

سَدَّفَهٗ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا-

السَّدَفُ- تاریکی- روشنی (ضد) بھیڑ- ج أَسْدَاف-

السَّدْفُ- وجود جو دُور سے دکھائی دے- ج سُدُوف-

السُّدْفَةُ والسَّدْفَةُ- تاریکی- روشنی- (ضد)

السُّدْفَةُ :دروازہ- دروازے کا چھجہ جو اس کو بارش سے بچائے-

السَّدِيْفُ- کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا- ج- سِدَاف و سَدَائِف-

السِّدَافَةُ- پردہ-

السَّدَقُ والسَّوْذَقُ- سذق و سوذق کی تصحیف ہے-

السِّيْدَاقُ- ایک تنہ دار درخت کا نام- جس کی چھال تیز جلتی ہے اور اس کی راکھ سے کتاں کے دھاگے کو سفید کرتے ہیں-

سَدِكَ (س) سَدْكًا و سَدَكًا- بِالْأَمْرِ :لازم ہونا- چمٹنا- صفت (سَدِكٌ) بہٖ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے-

سَدَلَ (ن ض) سَدْلًا و سَدَّلَ- الشَّعْرَ أَوِ الثَّوْبَ :بال یا کپڑا لٹکانا- سَدَلَ الثوبَ :کپڑا پھاڑنا ___ فِي الْبِلَادِ :جانا-

سَدِلَ (س) سَدَلًا- خِلْقَةً :جھکاؤ والا ہونا-

تَسَدَّلَ و انْسَدَلَ- لٹکنا-

سَوْدَلَ- الرَّجُلُ :لمبی مونچھوں والا ہونا-

السِّدْلُ- ہار جو سینہ تک لمبی ہو-

(___ والسُّدْلُ) پردہ- ج أَسْدَال و أَسْدُل و سُدُوْل- کہا جاتا ہے أَرْخَى اللَّيْلُ سُدُوْلَهٗ- رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھاگئی-

السَّدَلُ- جھکاؤ- میلان- کہا جاتا ہے "فِيْهِ سَدَلٌ إِلٰى جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے-

السَّدِيْلُ- ہودہ پر جو لٹکایا جائے- پالکی وغیرہ کا پردہ- ج سُدُل و أَسْدَال و سَدَائِل-

شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ) بہت لمبے بال-

السَّوْدَلُ- مونچھ-

سَدَمَ (ن) سَدْمًا- الْبَابَ :دروازہ بند کرنا- بھیڑنا-

سَدِمَ (س) سَدَمًا- ندامت کے ساتھ غمگین ہونا- غم کے ساتھ غضبناک ہونا ___ بِالشَّيْءِ :بہت خواہش مند ہونا- حریص ہونا ___ الْمَاءُ :پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا-

سَدَّمَ- الْمَاءَ طُوْلُ عَهْدِهٖ :متغیر کردینا- مَاءٌ (سَدَمٌ و سُدُمٌ و سِدَمٌ و سُدْمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لیے کہا جاتا ہے-

مِيَاهٌ سُدُمٌ و أَسْدَامٌ و سِدَامٌ- رَجُلٌ سَدِمٌ :

غضبناک مرد۔
السَّدَم۔ ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔
السَّدْمَان۔ ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَان نَدْمَان"
سَدُوْم۔ سیدنا لوط علیہ السلام کی قوم کا گاؤں۔ بعض سذوم بالذال کہتے ہیں۔
السَّدِیْم۔ ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج۔ سُدُم: کہرا یا باریک کہرا۔
سَدَن (ن ض) سَدْنًا و سِدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ و آذِنُه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔ سَدَنَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
السِّدْن والسَّدَن۔ ج أَسْدَان۔ و (السُّدران) پردہ۔
سِدَانَةُ الكَعْبَةِ: کعبہ کی خدمت۔
السَّدِیْن۔ چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔
السَّدَّان۔ نہالی (صحیح لفظ سدّان ہے۔)
سَدَا یَسْدُو سَدْوًا۔ بِیَدِهِ نَحْوَ الشَّیْءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا ___ الصَّبِیُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِی المَشْیِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔
أَسْدَی إِسْدَاءً۔ النَّخْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔
إِسْتَدَی إِسْتِدَاءً۔ بِیَدِهِ: ہاتھ بڑھانا ___ الصَّبِیُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا ___ الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔
السَّادِی۔ فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِیَةٌ۔ ج سَوَاد۔ النُّوْقُ السَّوَادِی: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔
سَدِیَ یَسْدَی سِدًی۔ البُسْرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) ___ الأَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا ___ اللَّیْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَةٌ) ___
سَدَّی یُسَدِّی سَدْیًا۔ الثَّوْبَ: تانا تننا۔

سَدَّی۔ الثَّوْبَ (تَسْدِیَةً) تانا تننا۔
___ إِلَیْهِ: احسان کرنا ___ مَعْرُوْفًا: بھلائی کرنا ___ الأَرْضَ: نمناک کرنا۔
أَسْدَی إِسْدَاءً۔ الثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "أَلْحِمْ مَا أَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو ___ إِلَیْهِ: احسان کرنا ___ الأَرْضَ: نمناک کرنا ___ بینهما: اصلاح کرنا ___ الأَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔
تَسَدَّی تَسَدِّیًا۔ الشَّیْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا ___ الثَّوْبَ: تانا تننا۔
السَّدَی۔ تانا۔ ج أَسْدِیَة۔ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (___ والسَّدَاء) سبز کچی کھجور۔
السَّدَاة۔ مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔
إِبِلٌ (سُدًی و سَدًی) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد و جمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ کَلَامُهُ سُدًی" اس کی گفتگو لغو و بیکار گئی۔
الأَسْدِیُّ و الأُسْدِیُّ۔ وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔
المِسْدَاة۔ تانا تننے کا آلہ۔
السَّذَاب۔ ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔
السُّذْبَة۔ ایک قسم کا برتن۔
السَّاذَج۔ سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیزبات۔
السَّذَاجَة۔ سادگی۔
السَّذَق۔ سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔
السَّوْذَق السَّیْذَاق والسَّیْذَقَان والسَّیْذُقَان۔ کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔
السَّوْذَقِیّ۔ چست۔ چالاک۔ متکبر۔
السَّذَانِق والسَّوْذَنِیق والسَّوْذَانِق۔ شکرا۔
سَرَّهُ (ن) سُرُوْرًا و مَسَرَّةً و سُرًّا و سُرًی و تَسِرَّةً۔ خوش کرنا۔
سَرَّهُ (ن) سَرًّا۔ ناف میں نیزہ مارا۔ الصَّبِیَّ:

بچے کا نال کاٹنا ___ فلانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔
سَرَّ (س) سَرَرًا۔ ناف میں درد ہونا۔
سُرَّ سُرُوْرًا۔ خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْر) ___ الصَّبِیُّ: ولادت کے وقت نال کاٹا جانا۔
أَسَرَّهُ إِسْرَارًا۔ خوش کرنا۔ أَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) ___ إِلَیْهِ بِکَذَا: چپکے سے بیان کرنا ___ إِلَیْهِ المَوَدَّةَ و بِالمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔
سَرَّرَهُ۔ خوش کرنا۔ سَرَّرَهُ سَرِیَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں ایک لغت سَرَّاه بھی ہے۔
سَارَّهُ۔ پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔
تَسَرَّرَ۔ لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّیٰ بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تظنیٰ ___ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔
تَسَارَّ۔ القَوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارَّ زَیْدٌ إِلَی مَا تَکْرَهُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔
إِسْتَسَرَّ إِسْتِسْرَارًا۔ لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مخصوص کرنا ___ عَنْهُ: چھپنا ___ القَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے) ___ الشَّیْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا ___ الرَّجُلُ: خوش ہونا ___ الرَّجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔
السَّرّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔
السِّرّ۔ ج۔ أَسْرَار: بھید، راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الأَحْرَارِ قُبُوْرُ الأَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لیے قبر ہیں۔ و "رَجُلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ و "فُلَانٌ سِرُّ هٰذَا الأَمْرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔
السِّرُّ: طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج أَسِرَّةٌ جیسے قِن کی

جمع اَقِنَّۃ۔

السِرُّ والسَرُّ۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج اَسْرَار جمع اَسَارِیْر۔ الاَسَارِیْر :چہرہ کی خوبیاں۔

السُرُّ۔ نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج اَسِرَّۃ :اور سُرٌّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَرَرو السُرَر۔ ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔السَرَر :قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھو کھلا ہونا۔

السَرَّۃ۔ گلدستہ۔

السُرَّۃ۔ نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ناف۔ج سُرَّات و سُرَر سُرَّۃُ الوَادِی : وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّۃُ البَلَدِ : وسط شہر۔ سُرَّۃُ الحَوْضِ :حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّۃُ الفَرَسِ :ایک ستارہ۔ اِمْرَأَۃٌ سُرَّۃٌ :لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السَرُوْر۔ خوشی۔

السُرُور۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَرِیْر۔ تخت۔ عموماً تخت شاہی کیلئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّۃَ رُؤُوسِہِمْ" انہوں نے ان کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج اَسِرَّۃٌ و سُرُرٌ۔

السَرِیْرَۃ۔ بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَیِّبُ السَرِیْرَۃِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِر۔

السُرِّیَّۃ۔ لونڈی جو ہم خوابی کے لیے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِیّ۔ اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

السِرِّیْر۔ بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَرَّاء۔ خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَدِیقٌ لَھُمْ فی السَرَّاء والضَرَّاء" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاء : عمدہ زمین۔ السَرَّاءُ : مجوف نالی۔

السِرَار۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج اَسِرَّۃ۔ السِرَار :قمری مہینے کی آخری رات۔

السَرَار۔ خالص نسب۔ سَرَارُ الشَھْرِ : قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الوَادِی : وادی کی عمدہ جگہ۔

السَرَارَۃ۔ خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان۔ سَرَارَۃُ الشَیْئِ : عمدہ خالص۔ ج سَرَار۔ السَرَارۃ : خلوص۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ سِرُّبَیِّنُ السَرَارَۃِ" وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ و "ھُوَ فِی سَرَارَۃٍ مِنْ عَیْشِہٖ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَارُوْرَاء۔ خوشی و خوش حالی۔

الاَسَرُّ۔ کھوکھلا چقماق ___ مِنَ الرِجَالِ : اجنبی۔ زیادہ موٹا۔

المَسَرَّۃ۔ مص۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج مَسَار۔

المِسَرَّۃ۔ ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

المَسْرُوْر۔ خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَۃ۔

سَرَأَتْ (ف) سَرْأً و سَرَّأَتْ تَسْرِئَۃً الجَرَادَۃُ او السَمَکَۃُ او الضَبَّۃُ : ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا ___ المَرْأَۃُ :بہت اولاد والی ہونا۔

اَسْرَأَتِ السَمَکَۃُ :انڈے دینے والی ہونا۔

السَرْء والسِرْء والسَرْأَۃ والسِرْأَۃ۔ ٹڈی، مچھلی، گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَرُوْء۔ مِنَ السَمَکِ و نَحْوِھَا : بہت انڈے والی۔ ج سُرُوْؤ و سُرَأ۔

اَرْضٌ (مَسْرُوْأَۃ) ٹڈیوں والی زمین۔

سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا۔ المَاءُ :پانی کا جاری ہونا ___ الرَجُلُ :گھستے چلے جانا۔

الاِبِلُ :چرنے کے لیے جانا (___ سَرْبًا) القِرْبَۃَ : مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا۔ الاِنَاءُ : برتن ٹپکنا ___ المَاءُ مِنَ الاَنَاءِ :برتن سے پانی کا بہنا۔

سُرِبَ۔ ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسْرُوْب۔

سَرَّبَ۔ الاِبِلَ :گروہ گروہ بھیجنا۔

اِلَیَّ الاَشْیَاءَ : ایک کے بعد ایک دینا ___ الحَافِرُ :دائیں بائیں کھودنا ___ القِرْبَۃَ :مشک میں پانی ڈالنا (___ و اَسْرَبَ) المَاءَ مِنَ الاِنَاءِ : برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ۔ مِنَ المَاءِ :پانی سے بھر جانا۔

___ الوَحْشُ فِیْ جُحْرِہٖ :وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْسَرَبَ۔ سوراخ میں داخل ہونا۔

___ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ :برتن سے پانی بہنا۔

السَرْب۔ مص۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخلیَّ السَرْب" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "دَخَلِّ لَہٗ سَرْبَہٗ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِرْب۔ ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج اَسْرَاب۔

السَرَب۔ وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَاب۔

السَرِب۔ بہنے والا پانی۔ مَزَادَۃٌ سَرِبَۃٌ : بہنے والی مشک۔

السَرْبَۃ۔ قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔

السُرْبَۃ۔ ہرن، اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَب۔

السَرَاب۔ وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکر و فریب کے لیے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔

السَارِب۔ فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْیَۃٌ سَارِبَۃٌ :

چراگاہ میں جانے والی ہرن (ـــــ والسَرُوْب) سیدھا جانے والا۔

والمَسْرَب۔ج مَسَارِب :جانے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنِّعَمِ مَسَارِبُ و مَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔مَسْرَبَ المَاءِ :پانی بہنے کی جگہ۔

المَسْرَبَة والمَسْرُبَة۔ چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔دبر۔ج مَسَارِبُ۔

المُنْسَرِب۔بہت لمبا۔تیز بہنے والاپانی۔

سَرْبَخ۔الرَجُلُ : خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔دوپہر میں چلنا۔

السَّرْبَخ۔ کشادہ زمین جس میں آدی گم ہو جائے۔

قفر (سِرْبَاخٌ و مُسَرْبَخٌ) بیابان دور دراز جس میں آدی گم ہوجائے۔

مُسَرْبَطة۔لمبا پتلا خربزہ۔

سَرْبَلَهٗ۔کرتا پہنانا۔

تَسَرْبَلَ۔بِالسِرْبَال :کرتا پہننا۔

السِرْبَال۔کرتا یا ہروہ لباس جو پہنا جائے۔ج سَرَابیل۔

السِرْتَاج۔بہت گھاس اُگانے والی نرم زمین۔

سَرَجَ(ن)سَرْجًا۔جھوٹ بولنا ـــــ المَرْأَةُ شَعْرَهَا :چوٹی بنانا۔

سَرِجَ(س)سَرَجًا۔جھوٹ بولنا۔خوبصورت چہرہ والا ہونا۔

سَرَّجَ۔ الشَيَ : خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰه :توفیق دینا۔سَرَّجَ الشَعْرَ :چوٹی بنانا ـــــ الحَدِیْثَ : گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَیَّ اُسْرُوْجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔و "اِنَّهٗ لَیُسَرِّجُ الاَحَادِیثَ تَسْرِیْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَوْبَ" اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهٗ شین معجمہ سے ہے۔

اَسْرَجَ۔الفَرَسَ :گھوڑے پر زین کسنا۔ ـــــ السِرَاجَ :چراغ روشن کرنا۔

تَسَرَّجَ۔عَلَیْهِ :جھوٹا گمان کرنا۔

السَرْج۔زین۔ج سُرُوج۔

السِرَاج۔ چراغ۔ ج سُرُج۔ سِرَاجُ اللَّیْلِ : جگنو۔

السِیْرَج۔تل کا تیل۔اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔

السَرَّاج۔ جھوٹا۔ زین ساز و (السِرَاجَةُ) زین سازی کا پیشہ۔

السُرَیْجِیَّات۔ سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔

الأُسْرُوجَة۔جھوٹ۔

المَسْرَجَة۔چراغ دان۔ج مَسَارِج۔

المِسْرَجَة۔چراغ۔ج مَسَارِج۔

السَرجَمَ۔لمبے قدوالا۔

السِرْجِن والسِرْجِیْن والسِرْجُوْن۔گوبر۔

سَرَحَتْ(ف)سَرْحًا و سُرُوْحًا۔المَوَاشِی : جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔

ـــــ السَیْلُ :سیلاب کا آہستہ بہنا(ـــــ سَرْحًا) المَوَاشِیَ :جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ سَرَحَهٗ :بھیجنا۔سَرَحَ مَافِی صَدْرِهٖ :دل کی بات ظاہر کردینا۔

سَرِحَ(س)سَرَحًا۔الرَجُلُ :کسی کا اپنے اُمور کے لیے نکلنا۔

سَرَّحَ۔ المَوَاشِیَ : جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا ـــــ القَوْمَ : آزاد کرنا' چھوڑ دینا ـــــ الزَوْجَةَ : طلاق دینا۔ اسم (السَرَاح) ہے۔ اِلَیْهَ رَسُوْلاً :پیغامبر بھیجنا ـــــ الاَمْرَ : آسان کر دینا۔ ـــــ اللّٰهُ فُلاَنًا لِلْخَیْرِ :بھلائی کی توفیق دینا۔ ـــــ الشَعَرَ : کنگھا کرنا ـــــ عنه : کشادگی کر دینا۔

اِنْسَرَحَتِ۔ الدَابَةُ : جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا ـــــ الرَجُلُ : چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ننگا ہونا۔

تَسَرَّحَ۔ مِنَ المکاَنِ : نکلنا ـــــ عَنْهُ : کشادگی کیا جانا ـــــ الکتانُ۔کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔

السَرْح۔مص۔جانور۔گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔بے کانٹوں کا درخت۔واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوح۔

السَرْحَة۔ جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔

خَیْلٌ (سُرُحٌ و نَاقَةٌ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔مِشْیَةٌ سُرُحٌ :نرم چال۔عَطَاءٌ سُرُحٌ :بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔

السِرْحَان۔ بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سِرَاحٍ و سَرَاحٍ و سَرَاحِیْن۔ ذَنَبُ السِرْحَان :فجر کاذب۔

السِرْحَانَة۔سِرحان کا مؤنث۔

السَرِیْح۔مِنَ الاُمُوْرِ :آسان۔جلدی کیا ہوا۔ جلدی۔ والسَرِیْحُ مِنَ الخَیْلِ : ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔

السَرِیْحَة۔ تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے۔کپڑا کا ٹکڑا۔تنگ زمین کا روشن راستہ۔ج سَرَائح۔

السَارِح۔ فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَا لَه سَارِحَةٌ وَلاَ رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

المِسْرَح۔ ج مَسَارِح و (المِسْرَحَة) کنگھی۔بال یا کتاں وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔

المَسْرَح۔چراگاہ۔ج مَسَارِح۔

المُنْسَرِح۔ اوزان شعر کا ایک وزن (ـــــ السِرْیَاح)مِنَ الخَیْلِ :تیز رفتار گھوڑا۔رَجُلٌ سِرْیَاحٌ :لمبا مرد۔السِرْیَاح :ٹڈی۔

السَرَاح۔تَسْرِیح کا اسم۔کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ فِی سَرَاحٍ و رَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔

السُرْحُوْب۔ گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِیْب۔

السِرْحَال۔بھیڑیا۔

سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا و سِرَادًا۔ الجِلْدَ : چمڑے کو سینا ـــــ الشَیَ : کسی چیز میں سوراخ کرنا ـــــ الدِرْعَ :زرہ بنا ـــــ الحَدِیثَ او القِرَاءَةَ : اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا ـــــ الصَوْمَ : پے درپے روزے رکھنا ـــــ الکِتَابَ :جلدی سے پڑھنا۔

سَرَدَ و سَرِدَ (س) سَرَدًا۔ لگاتار روزے

رکھنا۔
سَرَّدَ و اَسْرَدَ۔الْاَدِیْمَ وَنَحْوَہٗ :چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا ___ النَّخْلُ :درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔
تَسَرَّدَ۔الدُّرُّ :موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دَمْعُہٗ کَمَا یَتَسَرَّدُ اللُّؤْلُؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔
السَّرْد۔مص۔ ہر زرہ اور حلقہ کے لیے اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "نُجُوْمٌ سَرْدٌ۔"
السَّرْد۔مص۔لگاتار ہونا۔
السَّرَاد۔ پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔
السِّرَاد والسَّرِیْد والمِسْرَد۔ سُتالی۔
المِسْرَد :زبان۔دوہرا سلا ہوا جوتا۔
السَّارِد۔موچی۔
السَّرَّاد۔زرہ بنانے والا۔
المَسْرُوْد و المُسَرَّد و المَسْرُوْدَة۔زرہ۔
السِّرْدَاب۔تہ خانہ۔ج سَرَادِیْب۔
سَرْدَحَہٗ۔بیکار چھوڑنا۔
السِّرْدَاح و السِّرْدَاحَة۔لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پر گوشت اونٹنی۔
السِّرْدَاح : کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْدَاحَة۔اَرْضٌ سِرْدَاحَةٌ :ہموار زمین۔دور کی زمین۔ج سَرَادِح و سَرَادِیْح۔
سَرْدَقَ۔البَیْتَ :پردہ لگانا۔شامیانہ لگانا۔خیمہ لگانا۔
السُّرَادِق۔شامیانہ۔خیمہ۔بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ج سُرَادِقَات۔
سَرِسَ (س) سَرَسًا۔بد خلق ہونا۔جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔
السَّرِیْس۔ عقل مند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔
سَرْسَرَ۔الشَّفْرَة :دھار تیز کرنا۔
السُّرْسُوْر۔ زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے۔"هُوَ سُرْسُوْرُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
السِّرْسَام۔ایک دماغی بیماری کا نام۔
سَرَطَ (ن) و سَرِطَ (س) سَرْطًا و سَرَطَانًا و

تَسَرَّطَ و اِسْتَرَطَ۔الشَّیْءَ :نگلنا۔
اِنْسَرَطَ۔الشَّرَابُ فِیْ حَلْقِہٖ :حلق میں آسانی سے اُترنا۔
السِّرَاط۔واضح راستہ۔
السُّرَاط۔ مِنَ السُّیُوْفِ : بہت کاٹنے والی تلوار۔
السُّرَاطِیّ۔بہت کاٹنے والی تلوار۔
(___ والسُّرَط والسِّرْوَاط والسَّرَطَة والسَّرَّاط والسِّرْطِیْط) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانے والا۔السُّرَط :تیز چلنے والا۔
السَّرِیْطٰی۔اسم ہے سَرَطَ کا۔نگلنا۔
السَّرَطَان۔مص۔ کیکڑا۔اور اس کا نام عَقْرَبُ المَاءِ بھی ہے اور عوام اس کو السَّلْطَعُوْن کہتے ہیں۔السَّرَطَان :ایک برج آسمانی کا نام ہے۔ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ سَرَطَانٌ اَوْ سَرَطَانُ المَجْرِیْ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المَسْرَط و المِسْرَط۔ حلق۔ المِسْرَط : جلدی کھانے والا۔
سَرْطَعَ۔گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔
السَّرْطَل و السَّرْطَم۔بے ڈول۔لمبا۔
السَّرْطَم و السِّرْطِم۔بہت کھانے والا۔
سَرِعَ (س) و سَرُعَ (ک) سُرْعَةً و سِرْعًا و سَرَعًا و سِرَعًا و سَرْعًا و سَرَاعَةً۔جلدی کرنا۔
سَارَعَ۔اِلَیْہِ : سبقت کرنا ___ فِی الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔
اَسْرَعَ۔فِی المَشْیِ :جلدی چلنا۔
تَسَارَعَ و تَسَرَّعَ۔اِلَی الْاَمْرِ :سبقت کرنا۔جلدی کرنا۔(تَسَرَّعَ بِالاَمْرِ) :سبقت کرنا۔تَسَرَّعَ الْاَمْرَ :جلدی ہونا۔
السَّرْع و السِّرْع۔ انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ج سُرُوْع۔
سَرْعَانَ و سِرْعَانَ و سُرْعَان۔اسم فعل مبنی بر فتحہ۔ بمعنی اَسْرِعْ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعَانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لیے آتا ہے۔ جیسے "لَسَرْعَانَ مَا فَعَلْتَ" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔

سَرَعَانُ و سَرْعَانُ۔القَوْمِ اَوِ الخَیْلِ :سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ سَرَعَانِ النَّاسِ" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔
السَّرِیْع۔ جلد باز۔ ج سُرْعَان۔ مؤنث سَرِیْعَة۔ج سِرَاع۔اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔
السَّرِع والسَّرْعَان۔ جلد باز۔ مؤنث سَرْعٰی۔
الاَسَارِیْع۔ کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذَاتُ اَسَارِیْع" لکیروں والی کمان۔سفید جسم اور سرخ سر والے کیڑے۔واحد (اُسْرُوْع و یَسْرُوْع)
المِسْرَع و المِسْرَاع۔ خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ج مَسَارِع و مَسَارِیْع۔
السُّرْعُوْب۔نیولا۔
سَرْعَفَ سَرْعَفَةً۔ الصَّبِیَّ : بچے کی اچھی طرح پرورش کرنا۔
تَسَرْعَفَ۔ الصَّبِیُّ : بچّہ کا اچھی طرح پرورش پانا۔
السُّرْعُوْف۔ نازک و سبک گوشت۔ مؤنث سُرْعُوْفَة۔السُّرْعُوْفَة :لمبے قد کی نازک بدن عورت۔ٹڈی۔کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔
سَرِغَ (س) سَرَغًا۔ انگور کے گچھوں کو مع ڈنڈی کے کھانا۔
السَّرْغ۔انگور کی شاخ۔ج سُرُوْغ۔
سَرَفَتْ (ن) سَرْفًا۔ السُّرْفَةُ الشَّجَرَةَ : کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا ___ الاُمُّ وَلَدَهَا :ماں کا بچّہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔
سَرِفَ (س) سَرَفًا۔الاَمْرَ :بیکار چھوڑنا۔جاہل ہونا۔خطا کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا فِیْ عَطَاءِ هِمْ مَنٌّ وَلَا سَرَفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دے دیں اور مستحق کو محروم کر دیں۔ سَرِفَ القَوْمَ : تجاوز کرنا ___ الطَّعَامُ : گھن لگنا ___ الرَّجُلُ بِالخَمْرِ :شراب کا حریص ہونا۔
اَسْرَفَ۔ المَالَ : فضول خرچی کرنا ___

فِیْ کَذَا: حد سے تجاوز کرنا-زیادتی کرنا-خطا کرنا-
جاہل ہونا-غافل ہونا-صفت (مُسْرِف)
السُرْفَة-گھن- سرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا
جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا
ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے-اسی سے
مثال ہے "هُوَ اَصْنَعُ مِنْ سُرْفَةٍ" وہ سرفہ سے
زیادہ کاریگر ہے-
السَرَف-حد و اعتدال سے تجاوز کرنا-زیادتی-
خطاء-کہا جاتا ہے "اَكَلَهٗ سَرَفًا" اس نے جلدی
سے کھایا-
السَرَاف- سرفه (مذکورہ بالا کیڑے) کا
درخت کے پتوں کو چاٹ جانا-
رَجُلٌ (سَرِفُ) الفُوَاد: غافل مرد-سَرِفُ
العقل: خراب یا کم عقل والا-
ارض (سَرِفَة) زمین جس میں سرفہ کیڑے
بہت ہوں-
السُرُوْف-سخت اور بڑا-
السَرِیف-انگور کی بیل کی قطار-
السَرْفَج-شیطان کا نام-
اِسْرَافِیْل و اِسْرَافِیْن-فرشتہ کا نام جو قیامت
کو صور پھونکے گا-
سَرَق (ض) سَرَقًا و سَرِقًا و سَرِقَةً و سَرْقَةً و
سَرَقَانًا-مِنْهُ الشَيْئَ و سَرَقَهُ الشَيْئَ: چرانا-کہا
جاتا ہے "سَرَقُوْا لَيْلَةً مِنَ الشَهْرِ" جبکہ اس
رات میں عیش کے ساتھ رہیں-و "سَرَقَتْنِيْ
عَيْنِيْ" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی-
سُرِق-الرَجُلُ: کسی کے مال و متاع کا چوری
ہو جانا ___ صَوْتُهٗ: آواز پڑنا-گلا بیٹھ جانا-
صفت مَسْرُوْقُ الصَوْتِ-
سَرِقَ (س) سَرَقًا-الشَيْئُ: پوشیدہ ہونا-
سَرِقَتْ مَفَاصِلُهٗ: جوڑوں کا سخت سست ہو جانا-
سَرَّقَهٗ-چوری کی نسبت کرنا-سَرَّقَ الشَيْئَ:
چرانا-
سَارَقَهٗ-النَظَر: ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ
سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو-
سَارَقَ النَظَرَ اِلَيْهِ: کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا-
تَسَرَّق-تھوڑا تھوڑا چرانا ___ النظر
والسَمْعَ: چوری سے دیکھنا یا سننا-

اِنْسَرَق-عَنْهُ: جانے کیلئے پیچھے ہٹنا-اِنْسَرَقَتْ
مَفَاصِلُهٗ: جوڑوں کا سست ہو جانا-
اِسْتَرَق-مِنْهُ الشَيْئَ: چرانا ___ السَمْعَ:
چھپ کر سننا ___ الكَاتِبُ بعضَ
المُحَاسِبَاتِ: چھپا لینا-ظاہر نہ کرنا-
السَرِقَة-مص-چرائی ہوئی چیز-
السَارِق-فا-ج سَرَقَة و سُرَّاق و سَارِقُوْن
مؤنث سَارِقَةٌ-السَارِقَة: لوہے یا چمڑے کا طوق-
ج سَوَارِق-السَوَارِق: تالے کی زائد جھڑ-
السَرَقَة-مص-حریر کا ٹکڑا-ج سَرَق (یہ کلمہ اس
معنی کے لحاظ سے فارسی ہے-)
السَرَّاق-بہت چرانے والا-
السَرُوْق-چور-ج سُرُق-
السُرَاقَة-چرائی ہوئی چیز-
المُسْتَرِق-فا-ناقص، کمزور-مُسْتَرِق
العُنُق: چھوٹی گردن والا-
السُرْقُع: ترش نبیذ-
السَرْقِيْن و السِرْقِيْن-گوبر-کھاد-
سَرِكَ (س) سَرَكًا-قوت و توانائی کے بعد کمزور
جسم والا ہونا-
سَرْوَكَ و تَسَرْوَكَ-لاغری یا تھکن کی وجہ سے
آہستہ چلنا-
السَرْكُوْك-لاغر اونٹ-
سَرَّمَهٗ-ٹکڑے ٹکڑے کرنا-
تَسَرَّمَ-ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
السُرْم-مستقیم آنت کا کنارہ-ج اَسْرَام-
السَرْم-وبر کا درد-
السُرْمَان و السِرْمَان-زرد و سیاہ بھڑ-
السَرْمَد-ہمیشہ-لَيْلٌ سَرْمَدٌ: لمبی رات-
السَرْمَدِی-جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو-
تَسَرْمَطَ-الشَعَر: بال ہلکے اور کم ہونا-
السَرْمَط والسُرَامِط والسَرَوْمَط
والمُسْرَمَط والسَرْمَطِيْط-ہر ایک لمبی چیز-
السَرَوْمَطُ: ہر کمبل وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی
جائے-رَجُلٌ سَرَوْمَطٌ: ہر چیز کو نگلنے والا مرد-
السَرْمَق-ایک گھاس کا نام-
السَرْنَدَی-اپنے کاموں میں جلد باز-مؤنث
سَرْنَدَاة-

السُرْنُوْف-ایک شکاری پرندہ-
السَرْنَاف-لمبے قد والا-
السَرْهَب-بیوقوف-بہت کھانے پینے والا-
السَرْهَبَة-اچھے تن و توش کی اور لمبے قد والی
عورت-
سَرْهَجَ سَرْهَجَةً- سرکشی کرنا ___
الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا-
سَرْهَدَ-السِنَامَ: کوہان کو کاٹنا ___
الصَبِيَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا-
السَرْهَد-کوہان کی چربی-مَاءٌ سَرْهَدٌ: بہت
پانی-
المُسَرْهَد-مفع-موٹا-
سَرْهَفَ-الغذاءَ: غذا کو عمدہ بنانا-
___ الصَبِيَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا-
سَرَا يَسْرُوْ سَرْوًا-سَرَتِ الجَرَادَةُ: ٹڈی کا
انڈے دینا (___ و سَرَّى تَسْرِيَةً و اَسْرَى
اِسْرَاءً) الثَوْبَ عَنْهُ: کپڑے اتارنا-
سَرَا يَسْرُوْ وسَرُوَ يَسْرُوْ وسَرِيَ يَسْرَى
سَرْوًا و سَرَاوَةً و سَرًا و سَرَاءً-صاحب مروت
و سخاوت ہونا-
سُرِّيَ وانْسَرَى انْسِرَاءً-عَنْهُ الهَمُّ: غم
زائل ہونا-دور ہونا-سُرِّيَ القَوْمُ: سردار قوم
کا مارا جانا-
سَارَاهُ مُسَارَاةً-ایک دوسرے پر فخر کرنا-
تَسَرَّى تَسَرِّيًا-بتکلف مروت و سخاوت کرنا-
لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مقرر کرنا-
اِسْتَرَى اِسْتِرَاءً-اختیار کرنا-چننا-المَوْتُ
القَوْمَ: قوم کے سرداروں میں موت واقع ہونا-
السَرْو-مص-فضل-مروت و سخاوت-ایک
درخت کا نام-واحد (سَرْوَة) اَبُوْ السَرْو: بخور-
السَرْوَة و السِرْوَة و السُرْوَة-چھوٹا تیر اور
بقول بعض چوڑے پھل کا تیر-ج سِرَى و سُرَى
السِرْوَة: ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو-
السَرَاة-پیٹھ-دن کی چڑھائی ___ مِنَ
الطَرِيْق: درمیانہ راہ-ج سَرَوَات-سَرَوَاتِ
القَوْم: سرداران قوم-
السَرِی-صاحب شرف و مروت یا صاحب
مروت و سخاوت-شریف سخی سردار-ہر چیز میں

عمدہ- ج سُرَىٰ وسُرَاةٌ وسَرَاةٌ واَسْرِيَاءُ و سُرَوَاءُ مؤنث سَرِيَّةٌ ج سَرِيَّاتٌ وسَرَايَا-

سَرْوَلَهُ- پاجامہ پہنانا-

تَسَرْوَلَ- پاجامہ پہننا-

السِرْوَال والسِرْوَالَةُ والسِرْوِيْل- پاجامہ- ازار- کلمہ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے- ج سَرَاوِيْل- فَرَسٌ (مُسَرْوَلٌ) بازوؤں اور رانوں تک سفیدی والا گھوڑا-

حَمَامَةٌ (مُسَرْوَلَة) ٹانگوں پر پروالا کبوتر-

سَرَىٰ يَسْرِي سُرًى وسَرْيَةً وسُرْيَةً وسِرَايَةً وسَرَيَانًا ومَسْرًى واِسْتَرَىٰ- رات میں چلنا- صفت (سَارٍ) ج سُرَاة وسَرَىٰ بِهٖ : رات میں سفر کرانا وسَرَىٰ عِرْقُ الشَّجَرَةِ : درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا- سَرَىٰ الدَّمُ فِي العُرُوْقِ : خون کا رگوں میں دوڑنا ــــ الهَمُّ : غم زائل ہونا اور کہا جاتا ہے "سَرَىٰ الجَرْحُ اِلَى النَّفْسِ" یعنی زخم نے اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہوگئی-

سُرِيَ عَنْهُ : غصہ یا غم کا زائل ہونا-

اَسْرَىٰ اِسْرَاءً- رات میں چلنا ــــ الرَّجُلُ : کشادہ زمین کی طرف جانا-

سَرَّىٰ- عَنْهُ اور عَنْ قَلْبِهٖ : کسی سے غم دور کرنا ــــ قَائِدُ الجَيْشِ : کمانڈر کا دستہ فوج بھیجنا-

سَارَىٰ- صَاحِبَهٗ : ساتھ ساتھ رات میں چلنا-

تَسَرَّىٰ وانْسَرَىٰ- دیکھئے مادہ س ر و-

السُّرَىٰ والسَّرَيَان والسُّرْيَة- مصادر- رات کا سفر اور عرب کا قول "عِنْدَ الصَّبَاحِ يَحْمَدُ القَوْمُ السُّرَىٰ" مثال ہے جو ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو- اِبْنُ السُّرَىٰ : رات کا مسافر-

السِرْيَة- ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو-

السَرَاة- ہر چیز کا بالائی حصہ- سَرَاةُ الجَبَلِ- پہاڑ کی چوٹی- سَرَاةُ الضُّحٰى : ابتدائے وقت چاشت-

السَرَاء- ایک درخت جس سے کمان بنائی جاتی ہے- واحد (سَرَاءَة)

السَرَّاء- رات میں بہت چلنے والا-

السَارِي- فا- ج سُرَاة (ــــ والمُسَارِي و المُسْتَرِي) شیر-

السَارِيَة- ساری کا مؤنث- رات کو چلنے والی جماعت- رات کو آنے والا بادل- ستون ــــ عِنْدَ المَلَّاحِيْن : مستول- ج سَوَارٍ-

السَرَايَة والسَرَايَا- شاہی محل (کلمہ فارسیہ ہے)-

السِرْي- چھوٹی ٹڈی- ج اَسْرِيَة وسُرْيَان-

السَرِيَّة- دستہ فوج- تیر کا چھوٹا اور گول پھل- ج سَرَايَا-

السَاسَب والسِيْسَب والسَيْسَب- ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں-

السَيْسَبَان- ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں-

الاَسْبَط- لمبی ٹانگوں والا امرد-

السُطُط- ظالم لوگ-

سَطَأَ (ف) سَطْأً- الجَارِيَةَ : جماع کرنا-

الاَسْطَبَة- کتاں کا وہ حصہ جو صاف کرنے کے وقت گرے-

المَسْطَبَة والمِسْطَبَة- چبوترہ- نمائی کہکشاں- فقراء اور سائلین کے جمع ہونے کی جگہ- سرائے- ج مَسَاطِب (صاد کے ساتھ ابلغ ہے-)

سَطَحَهٗ (ف) سَطْحًا- بچھانا- پچھاڑنا- "لٹانا- کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَسَطَحَهٗ" اس نے اس کو مارتے مارتے بچھادیا (وسَطَّحَ) البَيْتَ : چھت کو ہموار کرنا- سَطَحَ وسَطَّحَ النَاقَةَ : اونٹنی کو بٹھانا-

تَسَطَّحَ- ہموار ہونا-

اِنْسَطَحَ- بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا- پھیلنا-

السَطْح- مصـ- چھت- چوڑی چوٹی- ج سُطُوْح-

السَطِيْح- پھیلا ہوا- کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سستی سے اٹھنے والا (والسَطِيْحَة) توشہ دان-

السُطَّاح- ایک قسم کی گھاس- زمین پر پھیلی ہوئی بیل- واحد (سُطَّاحَةٌ)

المِسْطَح- ہموار کرنے کا اوزار- بیلن- خیمہ کا ستون- کھلیان- کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ (ــــ والمِسْطَاح) کھجور کی شاخوں کی چٹائی- کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ الاَرْضَ مَسَاطِحَ" میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا-

اَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک-

المَسْطُوْح- مقتول لمبا پڑا ہوا-

سَطَرَ (ن) سَطْرًا- لکھنا ــــ ہ بِالسَيْفِ- تلوار سے کاٹنا- سَطَرَ الرَجُلُ : پچھاڑنا-

سَطَّرَ- بے اصل باتیں جمع کرنا ــــ عَلَيْهِ : گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا ــــ القِرْطَاسَ : سیدھی سطر ہونے کیلئے لکیریں کھینچنا-

اَسْطَرَ- پڑھنے میں غلطی کرنا-

اِسْتَطَرَ- لکھنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا مُسْتَطَر" یہ لکھا ہوا ہے-

السَطْر والسَطَر- قطار- لکیر- کہا جاتا ہے "كَتَبَ سَطْرًا" و "غَرَسَ سَطْرًا و بَنَى سَطْرًا مِنْ بِنَائِهٖ" ج اَسْطُر و سُطُوْر و اَسْطَار و ج اَسَاطِيْر اور کہا جاتا ہے "اِنْ هٰذَا اِلَّا اَسَاطِيْرُ الاَوَّلِيْن" یہ تو کچھ بھی نہیں- صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں- السَطْر : تحریر و کتابت- یک سالہ بکری-

السُطْرَة- آرزو-

السُطْر- چکنی چپڑی باتیں-

الاِسْطَار والاَسْطَار والاُسْطُوْر و الاُسْطِيْر- و ایضًا بِالهَاءِ فِي كُلِّهَا : ہر وہ چیز جو لکھی جائے- ج اَسَاطِيْر- الاُسْطُوْرَة والاُسْطِيْرَة- بے اصل بات-

السَاطِر والسَطَّار- قصاب-

السَاطُوْر- گوشت کاٹنے کی چھری- ج سَوَاطِيْر-

المَسْطَرَة والمِسْطَرَة- لکیروں کے کھینچنے کا رولر- ج مَسَاطِر-

المُسْطَار والمُسْطَارَة و المِسْطَار والمِسْطَارَة : تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے- شیرۂ انگور پکانے سے پہلے بلند غبار-

سَطَعَ (ف) سَطْعًا و سُطُوْعًا و سَطِيْعًا۔ الْغُبَارُ او الرَّائِحَةُ و النُّوْرُ: غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا۔ پھیلنا اور اسی سے ہے "سَطَعَتْ رَائِحَةُ الْمِسْكِ" یعنی مشک کی خوشبو پھیلی ـــــ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔ تم کہتے ہو "سَطَعَتْنِيْ رَائِحَةُ الْمِسْكِ" جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہنچے (ـــــ سَطْعًا) رَاسَهٗ: گردن لمبی کرکے سر اُٹھانا الْبَعِيْرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

سَطِعَ (س) سَطَعًا۔ دراز گردن ہونا۔ صفت (اَسْطَع) مؤنث (سَطْعَاء)

سَطَّعَهٗ۔ بلند کرنا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا ـــــ الْبَعِيْرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

السَّطَع۔ مص۔ ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی۔

السَّطَع۔ تالی۔ تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز۔

السِّطَاع۔ لمبا اونٹ۔ خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون۔ اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ۔ ج سُطُع و اَسْطِعَة۔

السَّطِيْع۔ صبح۔ لمبا۔

الْمِسْطَع۔ فصیح۔ خوش بیان۔ کہا جاتا ہے "خَطِيْبٌ مِسْطَعٌ و مِصْقَعٌ" یعنی بلیغ لیکچرار۔

الْاُسْطُقُس۔ عنصر۔ ج اَسْطُقُسَّات۔

سَطَلَهٗ (ض ن) سَطْلًا۔ الدَّوَاءُ: مدہوش کرنا۔

اِنْسَطَلَ و اِسْتَطَلَ۔ مدہوش ہونا (لغت عوام ہے) کہا جاتا ہے جَاءَ (يَتَسَيْطَلُ) وہ تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا۔

السَّاطِل۔ مِنَ الْغُبَارِ: بلند غبار۔

السَّطْل۔ ایک تانبے کا برتن جس میں دستہ لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اُٹھاتے ہیں۔ ج اَسْطَال و سُطُوْل۔ مرد دراز قامت۔

السَّيْطَل۔ بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت۔

الْاُسْطُوْل۔ جہازوں کا بیڑا۔ ج اَسَاطِيْل (کلمہ عجمی ہے)

سَطَمَ (ن) سَطْمًا۔ الْبَابَ: دروازہ بھیڑنا۔ بند کرنا۔

السِّطَام۔ آگ کی کریلنی۔ شیشی کی ڈاٹ۔ تلوار کی دھار۔

السَّطْم۔ مص۔ تلوار کی دھار۔

السُّطْم۔ جڑیں۔

الْاِسْطَام۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔

الْاُسْطُم و الْاُسْطُمَّة۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: درمیان۔ بڑا حصہ ـــــ مِنَ الْبَحْرِ: سمندر کا بڑا حصہ اور اسی سے ہے "وَلَيْلٌ طَمَا اُسْطُمُّهٗ" رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی۔ اُسْطُمَّةُ الْقَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اشراف قوم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ اُسْطُمَّةِ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے۔ ج اَسَاطِم۔

السَّاطِن۔ خبیث۔ پلید۔

الاسطان۔ ایک چیتل کا برتن۔

الْاُسْطُوْن۔ مِنَ الْجِمَالِ: لمبی گردن کا اونٹ۔

الْاُسْطُوَانَة۔ کھمبا۔ ستون۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَسَاطِيْن (کلمہ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے "هُمْ اَسَاطِيْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانہ کے یکتا ہیں۔ و "اَسَاطِيْنُ مُسَطَّنَة" مضبوط کھمبے۔

الْمُسَطَّن۔ لمبی ٹانگوں والا۔

سَطَا يَسْطُوْ سَطْوًا و سَطْوَةً۔ بِهٖ و عَلَيْهِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔ ـــــ الْفَرَسُ: خود سری سے دور دور قدم رکھنا ـــــ الْمَاءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَطَوْتُ فِي الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔

اَسْطٰى اِسْطَاءً۔ عَلَيْهِ: بمعنی سطا۔

سَاطَى۔ الرَّجُلَ: سختی برتنا۔ نرمی کرنا۔ (ضد)

السَّاطِيْ۔ فا۔ دور دور قدم رکھ کر چلنے والا گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو چلنے میں دم کو اُٹھائے۔

تَسَعَّبَ۔ الشَّيْءُ: تار سا کھینچنا (جیسے شہد، شیرہ وغیرہ سے)

اِنْسَعَبَ۔ الْمَاءُ: پانی بہنا۔

السَّعْب۔ ہر لزوجت والی چیز جس سے تار کی مانند کھنچے۔

السُّعْبُوْب۔ شہد۔ شیرہ۔ لعاب خطمی وغیرہ کا تار۔ ج سَعَابِيْب۔

الْمُسَعَّب۔ جائز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسَعَّبٌ لَهٗ" وہ اس کے لیے جائز ہے۔

السَّعْبَر۔ بہت پانی والا کنواں۔ مَاءٌ سَعْبَرٌ بہت پانی۔ سِعْرٌ سَعْبَر: ارزاں نرخ۔ ج سَعَابِر سَعَابِرُ الطَّعَامِ: گیہوں کا پھوٹرن۔

السَّعْتَر۔ پہاڑی پودینہ (لغت جیدہ صَعْتَر بالصاد ہے۔)

السَّعْتَرِيُّ او الصَّعْتَرِيُّ۔ بہادر۔ سخی۔ چالاک۔

سَعَدَ (ف) سَعْدًا و سُعُوْدًا۔ الْيَوْمُ: مبارک ہونا۔

سَعِدَ (س) و سُعِدَ سَعَادَةً۔ نیک بخت ہونا۔ صفت (سَعِيْدٌ) ج سُعَدَاءُ و (مَسْعُوْد) ج مَسَاعِيْد۔

سَاعَدَهٗ۔ عَلَى الْاَمْرِ: کسی کی کسی کام پر مدد کرنا۔

اَسْعَدَهٗ۔ عَلَى الْاَمْرِ: مدد کرنا۔ اَسْعَدَهُ اللّٰهُ: نیک بخت بنانا۔ صفت (مُسْعُوْد) مُسْعَدٌ نہیں کہا جاتا۔

تَسَعَّدَ۔ مبارک ہونا ـــــ الرَّاعِيْ: سَعْدَان گھاس کی چراگاہ تلاش کرنا۔

اِسْتَسْعَدَ۔ بِالشَّيْءِ: اپنے لیے مبارک سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَسْعَدَ فُلَانٌ بِرُؤْيَةِ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کے دیکھنے کو اپنے لیے مبارک سمجھا۔

السَّعْد۔ برکت۔ خوش بختی۔ ج اَسْعُد سُعُوْد۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْك و سَعْدَيْك" یعنی میں تمہاری خدمت کے لیے بار بار حاضر ہوں۔ سُعُوْدُ النُّجُوْمِ: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سَعْد کہا جاتا ہے۔

السَّاعِد۔ فا۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُمْ سَاعِدٌ يَعْتَمِدُوْنَه" ان کے لیے کوئی سردار نہیں جس پر اعتماد و بھروسہ کریں۔ بازو۔ کہا جاتا ہے ـــــ "شَدَّ اللّٰهُ عَلٰى سَاعِدِكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے بازو کو مضبوط کریں۔ سَاعِدَا الطَّيْرِ: پرندے کے بازو۔ ج سَوَاعِد۔ کہا جاتا ہے طَائِرٌ شَدِيْدُ السَّوَاعِدِ: مضبوط بازو والا پرندہ۔

السَّاعِدَة۔ چرخی کا ڈنڈا۔ ج سَوَاعِد۔

السَّوَاعِد: دریا یا سمندر کی طرف پانی جانے کے نالے۔ ہڈی میں مغز کی نالی۔ تھن میں دودھ نکلنے کے سوراخ۔ السَّاعِدَة: سونے یا چاندی کا بازو بند۔ شیر۔

السَّعَادَة۔ نیک بختی۔

السُّعَادَیٰ۔ موتھا جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جو زخموں کے لیے بہت مفید ہے۔

السَّعْدَان۔ ایک خار دار پودہ جو اونٹوں کے لئے بہتر چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے "مَرْعًی وَلَا كَالسَّعْدَانِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کم پر قناعت کرلے۔

سُعْدَان۔ إسعاد کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ سُعْدَانَهُ" یعنی میں خدا کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی تابعداری کرتا ہوں۔

السَّعْدَانَة۔ کبوتر۔ پستان کا سرا یا پستان کے سر کی اردگرد کی سیاہی۔ حلقہ دُبر۔ ترازو کی رسّی کی گرہ۔

السُّعُوْدَة۔ نیک بختی۔

سُعَادُ و سُعْدَیٰ۔ فرضی محبوبہ کے نام۔ جن کو قدیم شعراء تشبیب میں استعمال کرتے تھے۔

سَعَرَ (ف) سَعْرًا و اَسْعَرَ۔ النَّارَ: آگ بھڑکانا ___ البَعِیْرُ الإِبِلَ بِجَرَبِهِ: کھجلی پھیلانا۔ سَعَرَ القَوْمَ شَرًّا۔ ساری قوم میں بدی پھیلا دینا۔ سَعَرَنَاهُمْ بِالنَّبْلِ: جلانا۔ پیوست کرنا۔ سَعَرَ اللَّیْلَ بِالْمَطِیِّ: طے کرنا۔ سَعَرَتِ النَّاقَةُ فِیْ سَیْرِهَا اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ صفت (سَعُوْر) کہا جاتا ہے "سَعَرْتُ الْیَوْمَ فِیْ حَاجَتِیْ سَعْرَةً" یعنی میں آج اپنی ضرورت سے تمام دن چکر لگاتا رہا۔

سَعِرَ (س) سَعَرًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

سُعِرَ۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا پاگل ہونا۔ صفت (مَسْعُوْر) ___ الرَّجُلُ: گرم ہوا سے جھلس جانا۔

سَعَّرَ۔ النَّارَ: آگ بھڑکانا ___ الشَّیْءَ: کسی چیز کا بھاؤ مقرر کرنا یا بھاؤ کا اندازہ کرنا۔

___ القَوْمُ: بھاؤ پر اتفاق کرنا۔

سَاعَرَهُ مُسَاعَرَةً۔ بھاؤ ٹھہرانا۔

تَسَعَّرَتِ۔ النَّارُ: آگ بھڑکنا ___ الحَطَبُ: لکڑی کا جل اٹھنا۔

اِسْتَعَرَ۔ بھڑکنا ___ الشَّرُّ: برائی کا پھیلنا ___ الجَرَبُ فِی البَعِیْرِ: اونٹ کی بغل وغیرہ میں کھجلی شروع ہونا۔

السَّعْر۔ مص۔ رَمْیٌ سَعْرٌ: سخت تکلیف دہ تیر اندازی۔

السِّعْر۔ نرخ۔ ج اَسْعَار۔

السُّعْر۔ گرمی۔ سخت بھوک (___ و السُّعُر) دیوانگی۔ السُّعُرُ: رنج و عذاب۔

السَّعِر۔ پاگل۔ دیوانہ۔ ج سَعْرَیٰ۔

السَّعْرَة۔ کام کی ابتداء اور اس کی تیزی۔ کھانسی۔

السُّعْرُ و السُّعْرَة۔ سیاہی مائل رنگ۔

السَّعِیْر۔ آگ کی لپیٹ۔ ج سُعُر۔

السُّعَار۔ گرمی۔ بھوک کی تیزی۔ پیاس کی شدت۔

السَّاعُوْر۔ آگ۔ تنور۔

السَّاعُوْرَة۔ آگ۔

الأَسْعَر۔ دبلا پتلا جس کے پٹھے ظاہر ہوں۔ سیاہی مائل رنگ والا۔ مؤنث سَعْرَاء ج سُعْر۔

المِسْعَر۔ آگ جلانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِسْعَرُ حَرْبٍ" وہ لڑائی بھڑکانے والا ہے۔ سخت۔ لمبی گردن۔ كَلْبٌ مِسْعَرٌ: دیوانہ کتا (___ و المِسْعَار) آگ جلانے کی چیز۔

المَسْعُوْر۔ باوجود شکم سیری کے کھانے کا حریص۔ نَاقَةٌ مَسْعُوْرَة: دیوانہ اونٹنی۔

مَسَاعِرُ۔ البَعِیْرِ: اونٹ کی ران کی جڑیں اور بغل۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ الجَرَبُ فِیْ مَسَاعِرِ البَعِیْرِ" اونٹ کی ران کی جڑوں میں کھجلی شروع ہو گئی۔

السِّعْرَارَة و السُّعْرُوْرَة۔ صبح۔ شعاع۔ آفتاب جو روشن دان میں داخل ہو۔

سَعْسَعَ و تَسَعْسَعَ۔ بہت بوڑھا ہونا۔

___ الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے لڑکھڑانا۔ قریب قریب قدم رکھنا۔ سَعْسَعَ رَاْسَهُ: سر کو تیل سے تر کرنا۔

السُّعْسُع۔ بھیڑیا۔

سَعَطَهُ (ف ن) سَعْطًا و سَعَّطَهُ و اَسْعَطَهُ۔ الدَّوَاءَ: ناک میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْعَطَهُ الرُّمْحَ" اس نے ناک میں نیزہ مارا۔ و "اَسْعَطَهُ عِلْمًا" اس نے اس کو علم سمجھانے میں بہت کوشش کی۔

اِسْتَعَطَ۔ الدَّوَاءَ: ناک میں چڑھانا۔

اِسْتَسْعَطَهُ۔ ناک میں دوا چڑھانے کو کہنا۔

السَّعِیْط۔ خوشبو۔ بان کا درخت۔ بان کا تیل۔ رائی کا تیل (___ و السُّعَاط) بو کی تیزی۔

السَّعُوْط۔ ناک میں چڑھانے کی دوا۔ نسوار (مولدہ) اور عوام "عَطُوْس" کہتے ہیں۔

المِسْعَطُ و المُسْعُط۔ نسوار کی ڈبیا۔

سَعَفَهُ (ف) سَعْفًا۔ بِحَاجَتِهِ: کسی کی حاجت پوری کرنا۔

سَعِفَ (س) سَعَفًا۔ ناخن کے اردگرد پھٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔

سُعِفَ۔ الوَجْهُ: پھنسیوں والا ہونا۔ صفت (مَسْعُوْف)

سَعَّفَ۔ المِسْكَ: مشک کو دوسری خوشبوؤں سے ملانا۔

سَاعَفَهُ۔ موافقت کرنا۔ مدد دینا۔

اَسْعَفَهُ۔ بِحَاجَتِهِ: کسی کی حاجت پوری کرنا۔ ہ عَلَی الأَمْرِ: مدد کرنا۔ اَسْعَفَ بِالرَّجُلِ: کسی کے قریب ہونا ___ الشَّیْءُ: قریب ہونا۔

اَسْعَفَ لَهُ الصَّیْدُ: شکار کا موقع دینا۔

اَسْعَفَتِ الحَاجَةُ: حاجت کا قریب پہنچنا۔ وقت آنا ___ اِلَیْهِ: توجہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَسَعَّفَتْ۔ اَظْفَارُهُ: پھٹنا۔

السَّعَف۔ مص۔ سامان۔ کمینہ آدمی۔

السَّعْفَة۔ پھنسیاں جو منہ یا سر میں نکلتی ہیں۔

السَّعَف۔ مص۔ دلہن کا جہیز۔ سامان خانہ۔ ج

سُعُوْف۔ کھجلی کی مانند اونٹ کے منہ کا ایک مرض۔ کھجور کی شاخ۔ واحد (سَعَفَة)

السُّعُوْف۔ بڑے پیالے۔ انسانی خصلتیں۔ مثل جود و کرم۔ گھریلو سامان (اس کے لیے واحد نہیں)

الأَسْعَف۔ مِنَ الإِبِلِ: منہ کی بیماری والا اونٹ ___ مِنَ الخَیْلِ: سفید پیشانی والا

گھوڑا۔مؤنث سَعْفَاء۔ج سُعْفٌ۔

السُّعَاف۔ناخن کے اردگرد چیٹ اُکھڑنا۔

المُسَاعِف۔فا۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "مکان مُسَاعِفٌ" قریب جگہ۔

سَعَل (ن) سُعَالاً و سُعْلَةً۔ کھانسنا (ــــ سَعْلاً) کام وغیرہ کے لیے چست ہونا۔

اَسْعَلَه۔چست بنانا۔ کھانسی پیدا کرنا۔

اِسْتَسْعَلَتِ۔المَرْأَةُ : بھتنی جیسی ہونا۔

السُّعَال۔ کھانسی۔ قَصَبُ السُّعَالِ : پھیپھڑے کی رگیں۔

السِّعْلَاء والسِّعْلَاة والسِّعْلِيّ۔ بھتنی یا بھوت۔ج سَعَالَی و سِعْلِيَات۔

السَّعَالِي۔ پودہ کا نام جو حشيشةُ السُّعَال کے نام سے بھی مشہور ہے۔

السَّاعِل والمَسْعَل۔ حلق یا حلق میں کھانسنے کی جگہ۔

سَعَمَ (ف) سَعْمًا۔ البَعِيْرُ : اونٹ کا تیز چلنا۔ صفت (سَعُوْم)

سَعَمَهُ و سَعَّمَهُ۔غذا دینا۔

سیل (مِسْعَامٌ و مُسْعَامٌ) تیز سیلاب۔

اَسْعَنَ۔بڑا خیمہ یا سائبان بنانا۔

تَسَعَّنَ۔الجَمَلُ : خوب موٹا ہونا۔

السَّعْن۔چربی۔ خالص شراب۔

السُّعْن۔مشک جس کا نصف حصہ کاٹ کر ڈول بنالیں۔ج سِعَنَة۔

السَّعْنَة۔ مبارک۔ منحوس (ضد) کھانے کی کثرت یا قلت۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَعْنَةٌ ولَا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

السُّعْنَة۔سائبان۔اونٹ کے بالائی ہونٹ کا لٹکا ہوا حصہ۔ج سُعَن۔

المُسَعن۔بڑا ڈول۔

السَّعَانِيْن۔عیسائیوں کا تہوار جو عید فصح سے پہلے ہوتا ہے۔ مشہور الشَّعَانِيْن معجمہ سے ہے۔(معرب)

السَّعْوو السِّعْو والسَّعْوَة والسِّعْوَة والسِّعْوَاء والسُّعْوَاء۔ رات کا ایک حصہ السِّعْوَاء والسُّعْوَاء : بدزبان خلع کرنے والی عورت۔

الاَسْعَاء۔رات کے حصے۔

السَّعْوَةُ۔موم۔

السُّعَاوِيُّ۔بیداری اور سفر پر صبر کرنے والا۔

سَعٰی يَسْعٰی سَعْيًا۔ عمل کرنا۔ چلنا۔ دوڑنا ــــ اِلَيْهِ : قصد کرنا ــــ فِيْ حَاجَةِ الرَّجُلِ : کسی کی حاجت پوری کرنے کی کوشش کرنا۔

ــــ لِلْاَمْرِ : حاصل کرنے کے لیے اہتمام کرنا۔

ــــ لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا (سِعَايَةً) صدقات وغیرہ وصول کرنا (ــــ سِعَايَةً و سَعْيًا) بِفُلَانٍ عِنْدَ الاَمِيرِ : چغل خوری کرنا۔ سَعَتِ الْاَمَةُ : بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔

سَاعٰی۔هُ : کوشش کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَاعَانِيْ فُلَانٌ فَسَعَيْتُهُ" فلاں نے کوشش کرنے میں مقابلہ کیا میں اس پر غالب رہا۔

اَسْعٰی اِسْعَاءً۔ الرَّجُلَ : کوشش کرانا۔

اَسْعَوْابِهٖ : تلاش کرنا۔

اِسْتَسْعٰی اِسْتِسْعَاءً۔ الرَّجُلَ : وصولِ صدقات کے لیے مقرر کرنا ــــ العَبْدَ : آزادی حاصل کرنے کے لیے کام کرانا۔

السِّعَايَة۔مص۔چغل خوری۔

السَّاعِي۔ فا۔ محصّل۔ خراج و صدقات وصول کرنے والا۔ج سُعَاة۔السَّاعِي : ڈاکیہ۔

المَسْعٰی۔ کوشش۔ مسلک۔ تصرف۔ ج مَسَاعٍ۔

سَغَبَ (ن) و سَغِبَ (س) سَغْبًا و سُغُوْبًا و سَغَبًا و سَغَابَةً و مَسْغَبَةً۔ بھوکا ہونا۔ صفت (سَاغِبٌ و سَغِبٌ و سَغْبَانٌ) مؤنث سَغْبٰی۔ ج سِغَاب۔

اَسْغَبَ۔القَوْمُ : قوم کا قحط میں مبتلا ہونا۔

السَّغَاب۔بھوک۔

المُسَغَّب۔جائز۔

سَغْبَلَ سَغْبَلَةً۔بہت زخموں والا ہونا۔

ــــ الرَّاسَ : سر کو تیل سے تر کرنا۔

ــــ الشَّحْمَ : چربی پگھلا کر سالن بنانا۔

تَسَغْبَلَ۔الدِّرْعَ : زرہ پہننا۔

المُسَغْبَل۔نرم و آسان۔

سَغِدَ سَغْدًا۔سوجنا۔

فِصَالٌ (سَاغِدَةٌ و مُسْغَدَةٌ و مُسَاغَدَةٌ) اونٹ کے دودھ سے آسودہ موٹے بچے۔

السَّغْد۔ نرم و ہلکی بارش (اس کا تنہا استعمال نہیں ہوتا) کہا جاتا ہے "اَغَضَّهُ اللّٰه بِسَغْد مَغْدٍ" یعنی اللہ تعالیٰ اس کو نرم بارش سے تر و تازہ رکھے۔

السُّغَادَیٰ۔ایک قسم کی گھاس۔

سَغَرَهُ (ف) سَغْرًا۔جلاوطن کرنا۔

سَغْسَغَ۔ الوَتَدَ : کھونٹی کو ہلانا ــــ فِي التُّرَابِ : مٹی میں دھنسانا ــــ رَاسَهُ بِالدُّهْنِ : سر میں تیل لگا کر جذب کرنا۔

الدُّهْنَ فِي راسِهٖ : سر میں تیل لگانا۔

تَسَغْسَغَ۔مِنَ الاَمْرِ : کسی معاملہ سے رہائی پانا ــــ فِيْ الاَرْضِ : داخل ہونا۔

سَغِلَ (س) سَغَلاً۔لاغر ہونا۔جھریوں والا ہونا۔ صفت (سَغِل)

سَغَّمَهُ۔المَاءَ : گھونٹ گھونٹ پانی پلانا۔سَغَّمَ الوَلَدَ : بچّہ کو اچھی غذا دینا۔پرورش کرنا۔

اَسْغَمَهُ۔ تکلیف پہنچانے میں مبالغہ کرنا۔

اُسْغِمَ و سُغِّمَ۔اچھی غذا دیا جانا۔

المُسَغَّم والمُسْغَم۔ اچھی غذا والا۔ ناز و نعمت سے پرورش پایا ہوا فربہ لڑکا۔

الاَسْغَان۔ردی غذائیں۔

السَّاغِيَة۔پینے کی لذیذ چیز۔

سَفَّ (ن) سَفِيْفًا۔ الطَّائِرُ اَوِ السَّحَابُ : زمین سے قریب ہو کر اُڑنا یا گزرنا۔

الخُوْصَ : کھجور کی پتیوں سے بننا ــــ المَاءَ : بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔

سَفَّ (س) سَفًّا۔ الدَّوَاءَ السَّوِيْق و نَحْوُهُمَا : دوا یا ستو وغیرہ پھانکنا۔

اَسَفَّ اِسْفَافًا ــــ الخُوْصَ : بننا الرَّجُلُ : بھاگنا۔ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا۔اور کہا جاتا ہے "اَسَفَّ اِلَی الاُمُوْرِ الدَنِيَّةِ" یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا ــــ البَعِيْرَ : خشک چارا دینا ــــ الفَرَسَ اللِجَامَ : گھوڑے کے منہ میں لگام لگانا ــــ الطَّائِرُ او السَّحَابُ : زمین سے قریب ہو کر اُڑنا یا گزرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَسَفَّ مِنْه بِشَيْئٍ" اس نے اس سے کچھ

حاصل نہیں کیا۔ اَسَفَّ النَظَرَ: تیز نظر سے دیکھنا ــــ الشَیَٔ: بعض کو بعض سے ملا کر جوڑنا ــــ الاَمْرَ: قریب ہونا۔ اُسِفَّ وَجْهُهٗ: رنگ بدل جانا گویا کہ خاک آلود ہے۔
اِسْتَفَّ۔ الدَوَاءَ: دوا پھانکنا۔
السِفُّ و السُفُّ۔ ایک قسم کا باریک لمبا سانپ جو ریگستانوں اور چٹانوں کے درمیان اُچھلتا ہے جس کی وجہ سے عربوں کا گمان تھا کہ وہ اُڑتا ہے اور اس کے نام القَفَّازَۃ و الطَّفَّارَۃ بھی ہیں۔
السُفَّةُ۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ ایک مٹھی گیہوں یا ستو وغیرہ۔ موباف (ــــ و السَفُوْف) دوا وغیرہ کی پھنکی۔
السَفِيْف۔ مہ۔ ابلیس کا نام۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ کجاوہ اور ہودہ کا تنگ۔
السَفِيْفَة۔ کجاوہ باندھنے کی چوڑی تنگ ــــ مِنَ الخُوْص: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چیز۔ ج سَفَائِف۔
سَفِتَ (س) سَفْتًا۔ بہت پینا اور سیراب نہ ہونا۔
السَفِت۔ بے برکت کھانا۔
سَفْتَجَة۔ ہنڈی دینا۔
السُفْتَجَة۔ ہنڈی۔ ج سَفَاتِج۔
السَفَج۔ ہوا چلنے کی تیزی۔ السَفِج: جھوٹ۔
السَفْجَر۔ بچے۔ اس کے لیے واحد نہیں۔ کہا جاتا ہے "ذُرٌّ سَفْجَرٌ"
سَفَحَ (ف) سَفْحًا و سُفُوْحًا۔ الدَمَ او الدَمْعَ: خون یا آنسو بہانا۔ گرانا (ــــ سَفْحًا و سُفُوْحًا و سَفَحَانًا) الدَمْعُ: آنسو گرنا۔ صفت (سَافِح) ج سَوَافِح (جیسے فَارِس کی جمع فَوَارِس)
سَفَّحَ۔ الرَجُلُ: غیر مفید کام کرنا۔
سَافَحَ و تَسَافَحَا۔ زنا کرنا۔ بدکاری کرنا۔
سَفْحُ الجَبَلِ: دامن کوہ۔ ج سُفُوْح۔
الاَسْفَح۔ وہ شخص جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔
السَفَّاح۔ بہت خون بہانے والا۔ بہت دینے والا۔ قادر الکلام فصیح۔

السَفِيْح۔ موٹا کمبل۔ جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ بورا۔ گون۔
السِفَاح۔ مہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ سِفَاحٌ" ان کے درمیان خونریزی ہے۔ زنا کاری۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَ المَرْأَةَ سِفَاحًا" اس نے عورت سے زنا کاری کی۔
سَفَدَ (ض) الذَكَرُ اُنْثَاهُ و سَفِدَ (س) سِفَادًا و سَفِدَ عَلَيْهَا و سَافَدَهَا سِفَادًا و مُسَافَدَةً۔ جفتی کرنا۔
سَفَّدَ۔ اللَحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لیے سیخ میں پرونا۔
اَسْفَدَ۔ جفتی کرانا۔
اِسْتَسْفَدَ۔ البَعِيْرَ: اونٹ کے پیچھے سے آکر سوار ہونا۔
السَفُّوْد۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔ ج سَفَافِيْد۔
اِسْفِيْذَاج۔ سفیدہ۔ قلعی۔
سَفَرَ (ن) سُفُوْرًا۔ سفر کے لیے روانہ ہونا ــــ المَرْأَةُ: چہرہ کھولنا۔ صفت (مُسَافِر) ــــ الصُبْحُ: روشن ہونا ــــ الحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا (ــــ سَفْرًا) البَيْتَ: گھر کو جھاڑو دینا ــــ الرِيْحُ الغَيْمَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔
ــــ الكِتَابَ: لکھنا ــــ الشَئَ: جدا جدا کرنا۔
ــــ البَعِيْرَ: ناک میں نکیل لگانا۔ کھیت کے نچلے حصہ کو چرانا۔
سَفَرَ (ن ض) سَفْرًا و سَفَارَةً و سِفَارَةً بَيْنَ القَوْمِ: لوگوں میں صلح کرانا۔ صفت (سَفِيْر) ج سُفَرَاء۔
اَسْفَرَ۔ چہرہ کھولنا ــــ الصُبْحُ: روشن ہونا۔
ــــ الوَجْهُ: چہرہ خوبصورت و منور ہونا۔
الحَرْبُ: لڑائی سخت ہونا ــــ مُقَدَّمُ رَاسِهٖ: سر کے اگلے حصہ کے بال جھڑنا ــــ اَسْفَرَ الشَجَرُ: پتے گرنا ــــ البَعِيْرَ: بمعنی سَفَرَهٗ۔
سَفَّرَ۔ الرَجُلَ: سفر کے لیے بھیجنا۔
البَعِيْرَ: نکیل لگانا ــــ النَارَ: آگ بھڑکانا۔
سَافَرَ سِفَارًا و مُسَافَرَةً۔ اِلٰى بَلَدِ كَذَا: روانہ ہونا ــــ فُلَانٌ: مرنا۔ سَافَرَتْ عَنْهُ الحُمّٰى:

بخار چھوٹنا۔
تَسَفَّرَ۔ ابتدائی رات میں آنا یا چرانا۔
شَيْئًا مِنْ حَاجَتِهٖ: کچھ حاصل کرنا ــــ الجِلْدُ: کھال کا اثر پذیر ہونا ــــ المَرْأَةَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
اِنْسَفَرَ۔ شَعْرُهٗ عَنْ رَاسِهٖ: سر سے بال جھڑنا۔
ــــ الغَيْمُ: بادلوں کا پراگندہ ہونا۔
ــــ الاِبِلُ: جانا۔
اِسْتَسْفَرَ۔ المَرْأَةَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
السَفْر۔ مہ۔ جسم انسانی کا داغ۔ ج سُفُوْر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَفْرٌ" یعنی مُسَافِر و "قَوْمٌ سَفْرٌ" یعنی مسافرین۔ و "نَاقَةٌ سَفْرٌ" سفر کرنے والی اونٹنی۔ اور سفر جمع سافر کی ہے جیسے صَاحِبٌ کی جمع صَحْبٌ۔
السِفْر۔ بڑی کتاب۔ توریت کے اجزاء میں سے ایک جز۔ ج اَسْفَار۔
السَفَر۔ مسافت کو طے کرنا۔ غروب آفتاب کے کچھ بعد کا وقت۔ ج اَسْفَار۔
السُفْرَة۔ مسافر کا کھانا۔ زاد سفر۔ دسترخوان۔ ج سُفَر
السِفَار و السِفَارَة۔ مہار۔ چمڑا یا لوہا جس کو اونٹ کی ناک پر رکھتے ہیں۔ ج اَسْفِرَة و سُفُر و سَفَائِر۔
السَافِر۔ فا۔ مسافر۔ ج اَسْفَار و سَفْر و سَفَرَة و سَفَار و جج اَسَافِر۔ و السَافِر: کاتب۔ ج سَفَرَة۔
السَافِرَة۔ السَافِر کا مؤنث۔ ج سَوَافِر۔ مسافرین۔ کہا جاتا ہے "كَثُرَتِ السَافِرَةُ هُنَا" یہاں سفر کرنے والے بہت ہیں اور کہا جاتا ہے "قَوْمٌ سَافِرَةٌ" سفر کرنے والی قوم۔
السَفِيْر۔ دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا۔ ج سُفَرَاء۔ ایلچی۔ گرے ہوئے بال یا پتے۔ کھیتی کا نچلا حصہ۔
السَّوَادُ۔ سیاہی۔ وجود۔ تم کہتے ہو "رَاَيْتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا۔ ج اَسْوِدَةٌ۔ جج اَسَاوِدُ۔ بہت مال۔ بہت تعداد۔ سَوَادُ البَلْدَةِ : شہر کے اردگرد کی آبادیاں۔ سَوَادُ اللَّيْلِ : پوری رات۔ سَوَادُ النَّاسِ : عام لوگ سَوَادُ العَسْكَرِ : اسلحہ و سامان فوج۔ سَوَادُ العَيْنِ : آنکھ کا سیاہ حصہ۔ پتلی۔ سَوَادُ القَلْبِ : دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوَاد۔ رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔رنگ کی زردی۔

السِّوَاد۔ آواز۔

السَّوَادِيَةُ والسُّوْذَانِيَّة۔ بھنگا۔

السُّوْدَان۔ سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔

السِّيْدُ۔ بھیڑیا۔شیر۔ج سِيدَان۔السِّيدَة :مادہ بھیڑیا۔

السِّيْدَانَة۔بھیڑیا۔

السَّيِّد۔ سردار۔ تخفیفاً (سَيْد) بھی ایک لغت ہے۔ج اَسْيَاد و سَادَة و سَيَائِد۔

عِنْدَ الْمُسْلِمِيْن : حضرت فاطمہ ؓ کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔

السَّيِّدَان :حضرت حسنین ؓ۔

السَّائِد۔فا۔ج سَادَة۔جج سَادَات۔

اَسْوَد۔ ج سُوْدٌ و سُوْدَانٌ۔ مؤنث سَوْدَاء : کالا ___ مِنَ الْعَيْنِ : آنکھ کی پتلی۔مِنَ الْقَوْمِ : بزرگ تر۔کہا جاتا ہے"هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فُلَانٍ"وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر اُسَيْوِد و اُسَيِّد۔

الْاَسْوَدَان : کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔

والْاَسْوَد : مؤنث اَسْوَدَة ج اَسَاوِدة بڑا کالا سانپ جس کو منش بھی کہتے ہیں۔

السَّهْمُ الْاَسْوَد : مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے۔کہا جاتا ہے"فُلَانٌ اَسْوَدُ الْكَبِدِ" فلاں دشمن ہے۔ و عَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ "هُمْ سُوْدُ الْاَكْبَادِ"

السَّوْدَاء و السُّوَيْدَاء۔ عِنْدَ الْاَطِبَّاء :ایک خلط کا نام۔مالیخولیا کی بیماری۔ الْحَبَّةُ السَّوْدَاء : کلونجی۔ سَوْدَاءُ الْقَلْبِ و سُوَيْدَاؤُه :دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوْدَدُ و السُّوْدُد۔ مرتبہ بلند۔ سرداری۔

مَاءٌ (مَسْوَدَة)

الْمَسْوُوْد۔ مرض مالیخولیا کا بیمار۔

الْمُسَوَّدَة و السَّوَاد۔ عِنْدَ الْكُتَّاب : پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَيَّضَة کہتے ہیں۔

___ عِنْدَ الطَّبَّاعِيْن : پروف (الْمُسَوَّدَة والْمُسَوَّدَة) مِنَ الْاَيَّامِ : سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔

السَّوْذَق والسَّوْذَق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَنِيْق۔ شکرا یا شاہین۔

سَارَ يَسُوْرُ سَوْرًا۔ الْحَائِط : دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا (___ سَوْرًا و سُؤُوْرًا) اِلَيْهِ : کودنا ___ الشَّرَابُ فِيْ رَاْسِهٖ : شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ۔ الْمَدِيْنَةَ : شہرپناہ پانا ___ الْمَرْاَةَ : کنگن پہنانا ___ الْحَائِطَ :دیوار پر چڑھنا۔

سَاوَرَهٗ سِوَارًا و مُسَاوَرَةً۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو"سَاوَرَتِ الْحَيَّةُ الرَّاكِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ___ ہ الشَّرَابُ : سر کو چکرانا۔

تَسَوَّرَ۔ کنگن پہننا ___ الْحَائِطَ و عَلَيْهِ : دیوار پر چڑھنا۔پھاندنا۔

السُّوْر۔ شہرپناہ۔ج اَسْوَار و سِيْرَان۔السُّوْر : عمدہ اونٹ۔کہا جاتا ہے"عِنْدَهٗ سُوْرٌ مِنَ الْاِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِيَة و سُوْرِيَّة۔ملک شام۔

السَّوْرَة۔سَارَ کا اسم مرۃ۔

سَوْرَة۔ الْخَمْرِ و (سُوَارُهَا) شراب کی تیزی سَوْرَةُ السُّلْطَانِ : بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَةُ الْمَجْدِ : بزرگی کا اثر۔ سَوْرَةُ الْبَرْدِ : سردی کی تیزی۔

السُّوْرَة۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عِنْدَكَ سُوْرَة" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لَهٗ سُوْرَةٌ فِي الْمَجْدِ" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيْكَ سُوْرَة" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت ___ مِنَ الْكِتَاب : قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرَة بھی کہا جاتا ہے۔ج سُوَرٌ و سُوْر و سُوْرَات و سُوَرَات۔

السِّوَار و السُّوَار و الْاَسْوَار۔ کنگن۔ج سُوْر و اَسْوِرَة و اَسَاوِر و اَسَاوِرَة و سُؤُوْر۔الْاَسَاوِرَة : عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔

السَّوَّار۔ وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ كَلْبٌ سَوَّار : لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔السَّوَّار :شیر۔

الْاُسْوَار و الْاِسْوَار۔ گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیرانداز ___ عِنْدَ الْفُرْسِ :فوجی افسر۔ج اَسَاوِر و اَسَاوِرَة۔

السُّوَّارَى۔بلندی۔

الْمِسْوَر و الْمِسْوَرَة۔ چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر۔

الْمُسَوَّر۔ کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔مَلِكٌ مُسَوَّرٌ :طاقتور بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان و السَّوْرَنْجَان۔ ایک دوا کا نام۔جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَةً۔ الدَّوَابَ : دیکھ بھال رکھنا۔سدھانا ___ الْقَوْمَ :اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا ___ الْاَمْرَ : انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَة و سُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْ سَاسَ و سِيْسَ عَلَيْهِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ و سَوِسَ يَسْوَسُ و سِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ۔ الطَّعَامُ : گھن پڑنا ___ الشَّاةُ :بکری کا بہت جوں والی ہونا۔

سَوَّسَ۔الطَّعَامُ : گھن پڑنا ___ لَهٗ اَمْرًا : مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ الْقَوْمِ" فلاں قوم کے امور کا مالک بنایا گیا۔

اَسَاسَ۔ الطَّعَامُ : گھن پڑنا۔اَسَاسَهُ النَّاسُ : رئیس و سردار بنا لینا۔ اَسَاسَتِ الشَّاةُ : بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)

السَّاس۔ منتظم۔دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِر و صَافٍ صَائِف کے۔)

السُّوْس۔ اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَة) کسی چیز کا کھانے والا۔السُّوْس :اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الْفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِه" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت۔

السُّوَاس۔ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔

السُّوَاس۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کردیتی ہے۔
السِیَاسَة۔ مص۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔
السِیَاسَتُہ المُدَنِیَّة: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔
السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان۔ ایک خوشبودار بوٹی۔ جنگلی وبستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَةٌ) ج سَوَاسِن۔
سَاطَهُ يَسُوْطُهُ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا ــــــ الشَّيْءَ: مخلوط کرنا ــــــ الحَرْب: لڑائی برپا کرنا ــــــ الاَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (ــــــ سَوْطَانًا) نَفْسَه: جی کا متلانا۔
سَوَّطَ۔ الكُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا ــــــ الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا ــــــ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔
اِسْتَوَطَ۔ الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
السَّوْط۔ کوڑا۔ چابک۔ ج۔ اَسْوَاط و سِيَاط
السَّوْط: حصہ۔ تختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا يتعاطَيَان سَوْطًا واحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّيَاط۔ گندنا کی شاخیں۔
السَّوَّاط۔ سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔
السَّوِيْط۔ گڈمڈ۔ ملا ہوا۔
المِسْوَاط۔ بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (ــــــ والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔
المِسْيَاط۔ پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔
سَوْطَرَ۔ دیکھئے سَيْطَر۔
سَاعَ يَسُوْعُ سَوْعًا۔ ضائع ہونا۔
سَاعَتِ الاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔
سَاوَعَهُ مُسَاوَعَةً و سِوَاعًا۔ گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا ــــــ الرَّجُلُ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
اَسَاعَ اِسَاعَةً۔ الشَّيْءَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔

اَسْوَعَ اِسْوَاعًا۔ ایک گھنٹہ مؤخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
السَّوْع والسُّوَاع۔ رات کا ایک حصہ۔
السَّائِع۔ ہلاک ہونے والا۔ ج صَاعَةٌ۔
السَّاعَة۔ گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقْضِنِي حَقِّي السَّاعَةَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات و سَاع
السَّاعَةُ الرَّمْلِيَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّةُ: دھوپ گھڑی۔
سَاعَةٌ سَوْعَاء۔ سخت وقت۔
السُّوَيْعَة۔ ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔
رَجُلٌ (مِسْيَاعٌ و مُسِيْعٌ) لِلْمَالِ: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُوَ مِضْيَاعٌ مِسْيَاعٌ و مُضِيْعٌ مُسِيْعٌ۔"
السُّوَاع والسُّوْعَاء۔ مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فِي السُّوْعَاءِ الوَضُوْء۔ السُّوَاع: ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔
المُسَوَّع۔ جائز۔
سَاغَ (ن) سَوْغًا و سَوَاغًا و سَوَغَانًا۔ الاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ)
الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَيِّغ و اَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِي الشَّرَابُ سَاغَتْ بِهِ الاَرْضُ" دھنسا دینا۔
سَاغَ يَسُوْغُ سَوْغًا و سَاغَ يَسِيْغُ سَيْغًا۔ الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت (اَسَاغَهُ) ہے۔
سَوَّغَ۔ الاَمْرَ: جائز کرنا ــــــ لَهُ كَذَا: دینا۔ کسی کے لیے خاص کر دینا۔
اَسَاغَ۔ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِي غُصَّتِي" یعنی مجھے مہلت دے۔
اَسْوَغَ اِسْوَاغًا۔ الصَّبِيُّ اَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَيِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذَا و هُوَ اَخُوْهُ سَوْغُهُ و هِيَ اُخْتُهُ سَوْغُهُ و هُوَ اَخُوْهُ سَيِّغُه و هِيَ اُخْتُهُ و سَيِّغُه" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان

کوئی تیسرا نہ ہو۔
اِسْتَسَاغَ۔ الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔
السَّيِّغ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔
السِّوَاغ۔ حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "المَاءُ سِوَاغُ الغُصَص" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔
سَافَ يَسُوْفُ و يَسَافُ سَوْفًا۔ المَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔
سَافَ يَسُوْفُ سَوْفًا۔ عَلَيْهِ: صبر کرنا ــــــ و اِسْتَافَ (اِسْتِيَافًا) الشَّيْءَ: سونگھنا۔
سَوَّفَهُ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ــــــ ہ الاَمْرَ: پورا اختیار دینا۔
سَاوَفَهُ مُسَاوَفَةً۔ سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔
اَسَافَ اِسَافَةً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِيْف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ اَسَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
سَوْفَ۔ مبنی بر فتحہ: حرفِ استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔
السَّائِفَة۔ باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔
السَّوَاف والسُّوَاف۔ جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي المَالِ سَوَاف" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "اَسَافَ حَتّٰى مَا يَشْتَكِيْ السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔
السَّاف والسَّافَة۔ مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف و سَافَات۔ کہا جاتا ہے "بَنَى سَافَيْنِ او ثَلَاثَ سَافَات" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَّاف: ایک شکاری پرندہ۔
السَّافَة والسُّوْفَة۔ ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْف و سُوَف۔
المَسَافَة والمَسَاف۔ ج مَسَاوِف و (السِّيْفَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ

مَسافُ هٰذِهِ الأَرْضِ و مَسافَتُها و سِيفَتُهَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَيْنَهُمْ مَسَاوِف مَرَاحِل" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔
المَسَاف: ناک۔
المِسْيَاف۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔
المُسْتَاف۔ قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔
المُسَوَّف۔ فا۔ صابر۔ خود مختار۔
المِسْوَف۔ عطر دان۔

سَاقَ يَسُوقُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا و إِسْتَاقَ و إِسْتِيَاقًا۔ المَاشِيَةَ۔ جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة و سُوَّاق و سَائِقُون۔ صفت مفعولی (مَسُوقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَهُ مَسَاقَ غَيْرِهِ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الحَدِيثَ: بیان کرنا۔
سَاقَهُ يَسُوقُهُ سَوْقًا و سِيَاقًا۔ پنڈلی پر مارنا۔
سَاقَ إِلَيْهِ المَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا ـــــ مِنَ امْرَأَتِهِ: مہر دینا ـــــ المَرِيضُ نَفْسَهُ عِنْدَ المَوْتِ و سِيقَ عَلَى المَجْهُولِ: جانکنی ہونا۔
سَوِقَ يَسْوَقُ۔ سَوْقًا۔ اچھی اور پُر گوشت پنڈلی والا ہونا۔
سَوَّقَ۔ النَّبتُ: تنہ دار ہونا ـــــ ہ الأَمْرَ: مالک بنانا ـــــ المَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
سَاوَقَهُ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔
أَسَاقَهُ إِسَاقَةً و إِسْتَسَاقَهُ إِسْتِسَاقَةً المَاشِيَةَ: ہانکنے کے لیے دینا۔
تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔
تَسَاوَقَتِ۔ المَاشِيَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔
انْسَاقَ۔ ہانکا جانا ـــــ الإِبِلُ: قطار میں چلنا۔
السَّاق۔ پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق و سِيقَان و أَسْوُق۔ سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنہ۔
سَاقُ الحَمَامِ و سَاقُ الغُرَابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الأَمْرُ عَنْ سَاقِهِ" یعنی معاملہ سخت ہو گیا۔ و

"قَامَتِ الحَرْبُ عَلَى سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ و "وَلَدَتِ المَرْأَةُ ثَلاثَةَ بَنِينَ عَلَى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔
السَاقَة۔ جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي سَاقَةِ الجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔
السُّوْق۔ بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج أَسْوَاق۔ سُوْقُ الحَرْبِ: میدانِ جنگ۔
السَّوَق۔ پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَة۔ رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع، مذکر مؤنث)
السَّيِّق۔ مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّيِّقَة۔ جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "المَرْءُ سَيِّقَةُ القَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّيِّقَة: شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِق۔ و سَيِّقَات۔
السَّوِيق۔ ستو۔ ج أَسْوِقَة۔ شراب۔
السِّيَاق۔ مہ۔ عورت کا مہر۔ سِيَاقُ الكَلَامِ: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَةُ فِي سِيَاقِ الكَلَامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاق۔ ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الأَسْوَق۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق۔
السُّوَّاق۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
المِسْوَق۔ لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُنْسَاق۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔

سَاكَ يَسُوكُ سَوْكًا و سَوَّكَ۔ الشَّيْءَ: رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الأَسْنَانَ بِالعُودِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔
سَاكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔
تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و إِسْتَاكَ إِسْتِيَاكًا۔ مسواک کرنا۔
السِّوَاك۔ مہ۔ ج سُوْك و (المِسْوَاك) ج مَسَاوِيك۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاك۔

سَالَ يَسَال سُوَالاً و سَوَالاً۔ سَأَل کا ایک لغت۔
سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلاً۔ ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت أَسْوَل۔ مؤنث سَوْلَاء۔ ج سُوْل۔
سَوَّلَ۔ لَهُ الشَّيْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لیے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيلَات الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُه كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔
تَسَوَّلَ۔ البَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔
السُّوْلُ۔ السُّؤْل کا مخفف۔
السُّوْلَة۔ بہت پوچھنے والا۔
السَّوْلَاء۔ أَسْوَل کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔
السَّوِيل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "أَنَا سَوِيلُكَ فِي هٰذَا الأَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔

سَامَ يَسُوْمُ سَوْماً و سَوَاماً۔ السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔
ـــــ المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهِ كَذَا وَ كَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَهُ الأَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا: ذلیل کرنا ـــــ الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔
ـــــ الرِّيحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔
سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔
سَوَّمَهُ۔ الأَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔
ـــــ ہ فِي مَا يَمْلِكُهُ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا ـــــ فُلَانًا: کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے "عَبْدٌ و سُوِّمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں

جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو ___ الخَیْلَ: گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا ___ عَلَیْھِمْ: لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا ___ الفَرَسَ: گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَۃً۔ بِالسِلْعَۃِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ۔ السِلْعَۃَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا۔ ___ فِی السِلْعَۃِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَۃً۔ المَاشِیَۃَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا ___ اِلَیْہِ بِبَصَرِہٖ: نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ۔ فُلَانًا السِلْعَۃَ: قیمت دریافت کرنا ___ بِھَا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ۔ علامت لگانا۔

السَام۔ موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَۃٌ)

السَامَۃ: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِیَمٌ۔

السِیْمَۃ و السُوْمَۃ و السِیْمَا و السِیْمٰی۔ علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے "فِیْہِ سُوْمَۃُ الصَلَاحِ وسِیْمَۃٌ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

السِیْمِیَاو السِیْمِیَاء۔ علامت۔ خوبصورتی۔

السَائِم۔ فا۔ خود سری سے چلنے والا۔ چرواہا۔

السَائِمۃ و السَوَام۔ چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم۔

السُوَام۔ مص۔ ایک پرندہ۔

المَسَام۔ جلدی گزرنا۔

المَسَامَۃ۔ چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

المُسَوَّم۔ خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَیْلُ المُسَوَّمَۃ۔ چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِیَ یَسْوٰی سِوًی۔ الرَجُلُ: درست کام والا ہونا۔

سَوّٰی۔ الشَیْئَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ المُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الاَبَّارُ یُسَوِّی الاِبَر۔ (___ وسَاوٰی) بَیْنَھُما و سَوَّاہ و سَاوَاہ بِہٖ: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّیَتْ عَلَیْہِ الارض" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کردیا گیا۔ و سَاوَی الشَیْئَ: برابر کرنا۔ سَاوَی الرَجُلُ قِرْنَہ: ہم مثل ہونا۔ قدروقیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَایُسَاوِی دِرْھَمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوٰی اِسْوَاءً۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست اُمور والا ہونا ___ الشَیْئَ: ہموار کرنا ___

اَسْوَاہ: برابر کرنا۔

تَسَوّٰی۔ ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِہِ الاَرْضُ" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کردیا گیا۔

تَسَاوَیَا۔ فِیْ کَذَا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی۔ الشَیْئُ: معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الشَیْئَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی ___ الرَجُلُ: درست اُمور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا ___ عَلَیْہِ: غالب ہونا ___ عَلٰی ظَھْرِ الدَابَّۃِ: جم کے بیٹھنا۔ "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْرِ المَلِکِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے ___ اِلَی الشَیْ: قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِہِ الاَرْضُ: ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوَی الطَعَامُ: پک کر تیار ہونا۔

السَوِیُّ۔ ارادہ۔

السَوَاء۔ برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَ ہٗ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِیْتُہٗ فِیْ سَوَاءِ النَھَار" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءَ نِیْ سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَکَانٌ سَوَاءٌ و ثَوْبٌ سَوَاء" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَبِیْل" سیدھا راستہ۔ و ھٰذا دِرْھَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُالجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ السَوَاء: مثل مانند "ھُمَا فِی ھٰذَاالاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَان بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں ھُمْ۔ سَوَاء یا ھُمْ اسواء اور خلاف قیاس "ھُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِیَۃ و سَوَاسِوَۃ" بھی کہہ سکتے ہیں۔ و لَیْلَۃُ السَوَاءِ: تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ وَالعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزہ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَزَیْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لیے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لیے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ" اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ اَوْ قُعُوْدُکَ و قِیَامُکَ و قُعُوْدُکَ"

السِوٰی و السُوٰی۔ برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءَ نِیْ سِوٰی زَیْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِیْ رَجُلٌ سِوَاکَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًی وَالعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "ھُمَا عَلٰی حَدٍّ سِوًی" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَوِیُّ۔ ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَکَانٌ سَوِیٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِیٌّ: بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِیَاء۔

السَوِیَّۃ۔ السَوِیُّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ عَلٰی سَوِیَّۃٍ فِیْ ھٰذَا الاَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَیْنَھُمَا بِالسَوِیَّۃِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کردیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَایَا۔

السِیُّ۔ بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا سِیَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِیٌّ: ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لیے کہا جاتا ہے "مَاھِیَ بِسِیِّ لَکَ و لَیْسَتِ المَرْاَۃُ لَکَ بِسِیٍّ و مَالَکَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَاسِیَّمَا" سی اور ما

سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِیَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

الاَسْوٰی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا المَکَانُ اَسْوَی هٰذِهِ الاَمْکِنَةِ"

اَلِاسْتِوَاء۔ مص - درستی- اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِیِّیْن : وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَیَّأت و تَسَیَّأت۔ النَاقَةُ : اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَیَّأَتْ عَلَیَّ الاُمُوْر" میرے اُوپر اُمور مختلف ہو گئے۔ و "تَسَیَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّیْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کرلیا۔

اِنْسَیَأَ۔ اللَّبَنُ : دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔

السَیْءُ و السِیْءُ۔ دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُیُوْء۔

سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا۔ المَاءُ : پانی کا ہر طرف کو بہنا ـــــ الرَجُلُ : تیز چلنا ـــــ فِیْ کَلَامِهِ ـــــ بغیر غور و فکر کے بولنا ـــــ الدَابَةَ : جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَیَّبَهٗ۔ چھوڑ دینا ـــــ العَبْدَ : غلام کو آزاد کر دینا۔

اِنْسَاب اِنْسِیَابًا۔ تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الحَیَّةُ : سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

ـــــ فَلَانٌ نَحْوَنَا۔ لوٹنا۔

السَیْب۔ مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال' زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُیُوْب۔

السِیْب۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُیُوْب سِیب۔ (فارسی)

السَیَاب و السَیَّاب و السُیَّاب۔ کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَیَابَةٌ و سَیَّابَةٌ۔

السَیَابَةُ : شراب۔

السِیْبَان۔ صِئْبَان کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔

السَائِبَة۔ چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس' پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُیَّب و سَوَائِب۔

سَیَّج۔ الکَرْمَ : انگور میں باڑ لگانا۔

السِیَاج۔ دیوار۔ باڑ۔ ج سِیَاجَات و اَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔

السَیْجَان۔ ایک قسم کی مچھلی۔

سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا و سَیَحَانًا۔ المَاءُ : پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ سَائِحٌ و سَیْح کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الارضُ تُسْقَی بِالمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے ـــــ الظِلُّ : پھرنا۔ ہٹ جانا (ـــــ سَیْحًا و سَیَحَانًا و سِیَاحَةً و سُیُوْحًا) زمین میں عبادت کے لیے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِح) ج سُیَّاحٌ و سَائِحُوْن۔

سَیَّحَهٗ و اَسَاحَهٗ۔ بہانا۔ کہا جاتا ہے "یُسَیِّحُ تَسْیِیْحًا کَثِیْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اَسَاحَ الفَرَسُ بِذَنَبِهٖ : گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔

اِنْسَاحَ۔ بَطْنُهٗ : پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ـــــ الثَوْبُ : کپڑے کا پھٹنا ـــــ بَالُهٗ : کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَخْرة : چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّیْح۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُیُوْح و اَسْیَاح۔

السَائِح۔ مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

السَیَّاح۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا۔

المِسْیَاح۔ بُرائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَایِحْ۔

المُسَیَّح۔ مِنَ الثِیَاب : دھاری دار کپڑا۔

سَاخَ یَسِیْخُ سَیْخًا و سَیَخَانًا۔ مضبوط ہونا۔

سَاخَتْ قَدَمُهٗ فِی الطِیْنِ : گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِیْخ۔ بڑی چھری۔ (فارسی)

السِیَاخ۔ مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوْخ۔

سَارَ (ض) سَیْرًا و تَسْیَارًا و مَسِیْرًا و مَسِیْرَةً و سَیْرُوْرَةً۔ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ـــــ ہ و بِهٖ : چلانا ـــــ الدَابَةَ : جانور پر سوار ہونا ـــــ السُنَةَ : عمل کرنا۔ جیسے "و اَوَّلُ رَاضِی سُنَّةً مَنْ یَسِیْرُهَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْک" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْوَدَعْ عَنْكَ الشَكَ و المِرَاءَ" سَارَ الکَلَامُ او المَثَلُ فِی النَاسِ : مشہور ہونا۔

سَیَّرَ وَاَسَارَ۔ الرَجُلَ : چلانا ـــــ الجُلَّ عَنْ ظَهْرِ الدَابَةِ : اتار دینا۔ سَیَّرَ الثَوْبَ او السَهْمَ : دھاری ڈالنا۔ سَیَّرَ المَثَلَ : لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَیَّرَ سِیْرَةً : پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَیَّرَهٗ مِنْ بَلَدِهٖ : جلا وطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَایَرَهٗ۔ ساتھ چلنا۔

تَسَیَّرَ۔ الجِلْدُ : چھل جانا۔

تَسَایَرَا۔ باہم مل کر چلنا۔ تَسَایَرَ عَنْ وَجْهِهِ الغَضَبُ : زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِیَارًا۔ زاد راہ خریدنا ـــــ بِسِیْرَةِ فُلَانٍ : کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔

سَائِرُ۔ الشَّیْءُ : تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَیْرُ۔ تسمہ۔ ج سُیُوْرٌ و سُیُوْرَةٌ و اَسْیَارٌ۔

السِیْرَة۔ سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِیْرَةُ الرَجُلِ : سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِیْرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِیْرَتُهٗ حُمِدَتْ سِیْرَتُه" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِیَر۔

السِیَرَاء۔ دھاری دار چادر چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی

نباتات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔
السّائِر۔ فا۔ سَائِرُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ۔ المَثَلُ السّائِر:
السَّیَّارُ و السَّیْرَۃُ و السَّیُوْرُ۔ بہت چلنے والا۔
السَّیَّارَۃ۔ السَّیَّار کا مؤنث۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل، مشتری، مریخ، زمین، زہرہ، عطارد وغیرہ۔ ج سَیَّارَات۔
السَّیَّارَۃ: موٹر کار۔
التَّسْیَار۔ مص۔ سیر کا مبالغہ۔
المَسُوْرُ۔ مفع۔ قیاس کے لحاظ سے مَسِیْر ہے۔ مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمد و رفت والا راستہ۔
المَسِیْرَۃُ۔ مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔
المُسَیَّرُ۔ مِنَ الثِّیَابِ: دھاری دار کپڑا۔
السِّیْرَجُ۔ تل کا تیل۔
سَیِسَ یَسْیَسُ سَیَسًا۔ الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔
سَاسَاہ۔ شرم دلانا۔ عار دلانا۔
السِّیْسُ۔ چنبیلی کا پودہ۔
السِّیْسَاءُ۔ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔ سِیْسَاءُ الظَّھْرِ مِنَ الدَّوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔
سَیْطَرَہٗ سَیْطَرَۃً و تَسَیْطَرَ۔ نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔
سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا۔ الشَّیْءُ: ضائع ہونا ___ و انْسَاعَ و تَسَیَّعَ: المَاءُ: پانی کا ادھر ادھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔
سَیَّعَ۔ الحَائِطَ بِالطِّیْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا
___ الشَّیْءَ: تیل وغیرہ ملنا۔
اَسَاعَ۔ الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔
السَّیْعُ۔ مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔
السِّیَاعُ۔ گارا۔ کہگل۔

السِّیْعَاءُ و السَّیْعَاءُ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔
المِسْیَعَۃُ۔ کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔ نَاقَۃٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لیے جانے والی اونٹنی۔
سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔
السَّیْغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔
سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا۔ اَلْیَدُ: ناخن کے اردگرد چھلنا۔
سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا۔ تلوار سے مارنا۔
تَسَیَّفَہٗ۔ تلوار سے مارنا۔
سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا و اسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا۔ باہم تلوار بازی کرنا۔ و اُسْتِیْفَ الْقَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔
السَّیْفُ۔ تلوار۔ ج اَسْیَاف و سُیُوْف و اَسْیُفٌ و مَسْیَفَۃٌ و (السَّائِفُ) تلوار سے مسلح۔ سَیْفُ الجَبَّار: تین ستاروں کے نام۔ سَیْفُ الرِّیَاح: ایک قسم کی نباتات۔
السَّیْفُ و السِّیْفُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔ السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔
السَّیْفَانُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا و پتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَۃٌ۔ اور بقول بعض عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے۔
السَّیَّافُ۔ شمشیر زن۔ ج سَیَّافَۃٌ۔ رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔ سَیَّافُ الاَمِیْرِ: جلاد۔
الاَسْیَافُ۔ پارٹیاں۔
المَسَایِفُ۔ خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْھُمُ المَسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔
المُسِیْفُ۔ تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔
المُسَیَّفُ۔ مِنَ الدَّرَاھِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں ___ مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔
السِّیْکَاہُ۔ فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)
سَالَ (ض) سَیْلًا و سَیَلَانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا۔ المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔
اَسَالَ اِسَالَۃً و سَیَّلَ تَسْیِیْلًا۔ المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔ اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔
تَسَایَلَ۔ القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔
السَّائِلَۃُ۔ مِنَ غُرَرِ الخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ ج سَوَائِل۔
السَّیِّلُ۔ مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیِّلٌ" بہنے والا پانی۔ السَّیْلُ: سیلاب۔ ج سُیُوْل۔
السِّیْلَۃُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔
السَّیْلَۃ۔ پانی کا بہاؤ۔
السِّیْلَانُ۔ ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَیَالِیْن۔
السَّوَائِلُ۔ مِنَ المَعَادِنِ وَغَیْرِھَا: بہنے والی چیزیں۔
السَّیَالُ۔ سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد۔ سَیَالَۃٌ۔
السَّیَّالُ۔ زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَیَّالَۃ
السَّیَّالُ: ایک قسم کی مچھلی۔
مَسِیْلُ۔ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَائِل و مُسُل و اَمْسِلَۃ و مُسْلَان۔
المُسَالُ۔ مِنَ الوَجْهِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔
السِّیْمُوْنِیَّۃ۔ سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔
سِیَۃُ۔ القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِیَات۔

الشُؤْبُوْب۔ بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت دفع۔ آغاز حسن۔ ج شَآبِیب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔

الشَئِیث۔ ٹھوکر کھانے والا گھوڑا۔

شَأجَهُ یَشْأجُهُ۔الأمْرُ: غمگین کرنا۔

شَئِزَ (س) شَأزًا و شُؤْزَةً و شُؤَازًا۔ المَكَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شَأزٌ و شِئزَةٌ) (ــــ و شَئِزَ) بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

شَأزَ (ف) شَأزًا: الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

أشْأزَهُ۔ رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔

أشْأزَ الرَّجُلُ: عَنْ كَذَا: بلند ہونا۔

إشْتَأزَ۔ بدکنا۔

الشَأزَةُ۔ اسم مرة خَیْلٌ شَأزَةٌ: موٹا گھوڑا۔

المَشْئُوزُ و المَشْؤزُ۔ بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَئِسَ (س) شَأَسًا۔ الشَئُ: سخت ہونا۔

ــــ الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا

ــــ المَكَانُ: سخت و سنگریزہ دار ہونا۔ مَكَانٌ (شَئِسٌ و شَأسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ۔ ج شَئِیسٌ و شُؤسٌ۔

شَأشَأ شَأشَأةً و شَأشَاءً۔ الرَاعِي۔ الغَنَمَ أو الحَمِیرَ و بِهَا: شَأ شَأ یا شُؤ شُؤ کہہ کر ہانکنا۔

النَخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا لگنا۔

تَشَأشَأ۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

الشَأشَاء۔ مم۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَئِفَتْ (س) شَأفًا۔ الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْئُوفَةٌ) شَئِفَتْ أصَابِعُهُ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (ــــ شَأفًا و شَآفَةً) فُلَانًا و لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔

شُئِفَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْئُوف) شُئِفَتِ الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔

إسْتَشْأفَتِ۔ القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔

شَأفُ۔ الجُرْحِ: زخم کی خرابی۔

الشَأفَةُ۔ جڑ تلوے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "إسْتَاصَلَ شَأفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھودیا۔ و "بَیْنَهُمْ شَأفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ و اِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔ شَأفَةُ الرَّجُلِ: اہل و مال۔

رَجُلٌ شَأفَةٌ۔ معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأمَ (ف) شَأمًا۔ القَوْمَ و عَلَیْهِمْ: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئِمَ۔ عَلَیْهِم: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأَّمَهُمْ۔ ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً۔ بِهِ: بائیں طرف لینا۔

الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا۔

أشْأمَ۔ ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اُٹھائے ہوئے گزرنا۔

تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ۔ ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تَشَاءَمَ و إسْتَشْأمَ۔ بِهِ: بدفالی کرنا۔ بدشگون لینا۔

الشُؤْمُ۔ نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشَامُ و الشَأْمُ۔ ملک شام۔

الشَامِيُّ و الشَآمِيُّ و الشَآمِيُّ۔ ملک شام کی جانب منسوب۔

الشَائِمِ۔ فا۔ نحوست لانے والا۔

الشَأمَةُ و المَشْأمَةُ۔ نحوست۔

الشِیمَةُ و الشِئْمَةُ۔ خلق۔ طبیعت۔ عادت۔ ج شِیَم۔

الأشْأمُ۔ اسم تفضیل اور اسی سے ہے "أشْأمُ كُلِّ امْرِئٍ بَیْنَ لِحْیَیْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔ یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤْمَی۔

و الیَدُ الشُؤْمَی: بایاں ہاتھ۔

الأشَائِمُ۔ اِشْأم کی جمع۔

المَشْئُوم و المَشْؤُوْم۔ منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِیم۔

شَأنَ (ف) شَأنًا۔ صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأنَ شَأنَكَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأنَ شَأنَكَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی۔ و "اشْأنْ شَأنَكَ" اپنی حالت پر رہو۔

إشْتَأنَ۔ شَأنَكَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

الشَأنُ۔ ج شُؤُون و شِئَان و شِئِین: بڑے بڑے اُمور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "مِنْ شَأنِهِ كَذَا و أنْ یَفْعَلَ كَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و "مَا شَأنُكَ" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُن و شُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "بَلَغَتِ الرَائِحَةُ إلَی شُؤُونِ رَأسِهِ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں

ــــ شُؤُونٌ و أشْؤُنٌ: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ

شُؤُونُهٗ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں
ـــــ الشُّؤُون :حاجتیں-کہا جاتا ہے "كَلِّفْنِي
شُؤُونَكَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد
کرو ـــــ شُؤُونُ الخَمرِ : شراب کا اثر جو
جسم کی رگوں میں سرایت کرے-
شَأَى يَشْأُو وشَأْوًا واشْتَأَى اِشْتِئَاءً ا-
الْقَوْمَ : آگے بڑھ جانا-شَأَى التُّرَابَ مِنَ الْبِئْرِ :
کنوئیں سے مٹی نکالنا-
شَاءَ ى مُشَاءَ اةً-القَوْمَ : آگے بڑھنا-آگے
بڑھنے میں مقابلہ کرنا-
تَشَاءَ ى تَشَائِيًا-القَوْمَ :ایک دوسرے سے
آگے بڑھنا-متفرق ہونا-تَشَاءَ ى مَابَيْنَهُمَا :
فاصلہ پر ہونا-
الشَّأْوُ-مع-مدت-غایت-کہا جاتا ہے "فُلَانٌ
بَعِيدُ الشَّأْوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و
"عَدَا شَأْوًا" وہ ایک چکر دوڑا-الشَّأْوُ :اونٹنی
کی مہار-اونٹنی کی مینگنیاں-زنبیل-کنوئیں کی
نکلی ہوئی مٹی-
الْمِشْآةُ-کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی-ٹوکری جس
سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے-ج المَشَائِي-
الشَّبَأَةُ-تالے کی جھڑ-
شَبَّ (ض) شَبَابًا و شَبِيبَةً-الغُلَامُ :جوان
ہونا-کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ إِلَى دَبَّ" :جوانی سے
بڑھاپے تک-
شَبَّ (ن ض) شَبِيبًا و شِبَابًا و شُبُوبًا-
الْفَرَسُ :اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا-نشاط میں ہونا-
عرب کا مقولہ ہے "الجَوْهَرُ يَشُبُّ بَعْضُهُ
بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو
بڑھاتا ہے-
شَبَّ (ن) شَبًّا و شُبُوبًا-النَّارَ :آگ روشن
کرنا-شَبَّتِ النَّارُ : آگ روشن ہونا ـــــ
الشَّيْئَ :بلند ہونا-بڑھنا-
شُبَّ-الشَّيْئُ :زیادہ کیا جانا-بلند کیا جانا-شُبَّتْ
النَّارُ : روشن ہونا-شُبَّ لَهُ الشَّيْئُ : اللہ کی
طرف سے مقدر کیا جانا-
شَبَّبَ و تَشَبَّبَ-جوانی اور کھیل کود کے زمانہ
کا ذکر کرنا ـــــ الشَّاعِرُ بِالفَتَاةِ :عورتوں کے
محاسن و اوصاف کو بیان کرنا-شَبَّبَ قَصِيدَةً :
عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا-کہا جاتا
ہے "شَبَّبَ قَصِيدَتَهُ بِفُلَانَةِ" شعراء کی عادت
تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے
تھے-پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ
ایام شباب کا ذکر نہ ہو-شَبَّبَ الكِتَابَ :کتاب
شروع کرنا-تَشَبَّبَتِ النَّارُ : آگ روشن ہونا-
بھڑکنا-
أَشَبَّ-الغُلَامُ :لڑکے کا جوان ہونا-
ـــــ الرَّجُلُ : جوان اولاد والا ہونا ـــــ اللّٰهُ
الغُلَامَ : لڑکے کو جوان کرنا ـــــ الفَرَسَ :
گھوڑے کو اکسانا ـــــ الثَّوْرُ : بیل کا بوڑھا
ہونا-صفت (مُشِبٌّ و مُشَبٌّ و شَبَبٌ و مِشَبٌّ)
أُشِبَّ-لَهُ كَذَا :مقدر کیا جانا-
الشَّبُّ-پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک
جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے-
جوان-شَبُّ اللَّيْلِ :ایک قسم کی نباتات-
الشَّبَابُ و الشَّبِيبَةُ-مع-جوانی' بلوغ سے
تیس برس تک کا زمانہ-ابتداء جیسے "شَبَابُ
النَّهَارِ" دن کی ابتداء-الشَّبَابُ بمعنی تشبیب کہا
جاتا ہے- "قَصِيدَةٌ حَسَنَةُ الشَّبَابِ" اچھی
تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شَبَائِبُ-
الشَّبُوبُ-عمدہ بنانے والا-آراستہ کرنے والا-
کہا جاتا ہے "هٰذَا شَبُوبٌ لِكَذَا" یہ اس کے
حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے-مثلاً "الخِمَارُ
شَبُوبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی
رونق کو بڑھا دیتی ہے (ـــــ و الشِّبَابُ) جس
سے آگ جلائی جائے-
الشَّبَّابَةُ-ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اس
کو مِنْجِيرَة کہتے ہیں-
الشَّابُّ و الشَّبُّ-جوان-ج شَبَاب و شُبَّانٌ
و شَبَبَةٌ-مؤنث شَابَّةٌ و شَبَّةٌ-ج شَابَّاتٌ و
شَبَّاتٌ و شَوَابُّ و شَبَائِبُ-
المُشِبُّ-شیر-
المَشْبُوبُ-مِنَ الرِّجَالِ : تیز خاطر مرد-
المَشْبُوبَتَانِ : زہرہ و مشتری-نَارٌ مَشْبُوبَةٌ :
بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّةٌ نہیں بولتے-)
الشِّبِثُّ-سوئے کا ساگ-
شَبِثَ (س) شَبَثًا و تَشَبَّثَ-بِكَذَا : چمٹنا-
معلق ہونا-
رَجُلٌ (شَبِثَةٌ) اپنے مقابل کو چمٹنے والا-
الشِّبِثُ-ایک قسم کی ترکاری-
الشَّبَثُ-مکڑی-ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں
بہت ہوتی ہیں-ج أَشْبَاثٌ و شِبْثَانٌ-رَجُلٌ
(شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا امرد-
الشِّبَّاثُ و الشَّبُّوثُ-ٹیڑھے سرے والی
میخ-ج شَبَابِيثُ-
أَشْبَحَ-البَابَ :دروازہ بھیڑنا-
الشَّبَحُ-بلند دروازہ یا دروازہ-واحد (شَبَحَةٌ)
شَبَحَ (ف) شَبْحًا-الشَّيْئَ : پھاڑنا-چیرنا
ـــــ الجِلْدَ : کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا
ـــــ الرَّجُلَ : گھسیٹنا ـــــ الدَّاعِي : دعا
کے لئے ہاتھ پھیلانا ـــــ فُلَانًا لَهُ : کسی کے
سامنے سیدھا کھڑا ہونا-
شَبُحَ (ک) شَبَاحَةً-لمبے چوڑے بازوؤں
والا ہونا-
شَبَّحَ-بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو
دیکھنا ـــــ الشَّيْئَ :چھیلنا-چوڑا کرنا-
تَشَبَّحَ-الحِرْبَاءُ عَلَى العُودِ : گرگٹ کا
لکڑی پر دراز ہونا-
الشَّبْحُ و الشَّبَحُ شخص-بلند عمارت کا
دروازہ-ج شُبُوحٌ و أَشْبَاحٌ-أَشْبَاحُ المَالِ :
نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ-
الشَّبْحَةُ-اسم مرۃ-کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفُ
بَيْتِي شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی
چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی-
ـــــ عِنْدَ المُوَلِّدِينَ : گھوڑے کی ٹانگیں
باندھنے کی رسی-
الشَّبْحَانُ-لمبا-
الشَّبَحَانُ-مِنْقَلَةٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں-
(دیکھئے مِنْقَلَةٌ)
الشَّبِيحُ-دودھ دوھنے کی آواز-
الشِّبْدِعُ و الشِّبْدَعُ و الشِّبْدِعَةُ-بچھو-
مصیبت-زبان-ج شَبَادِعُ-
شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا-الثَّوْبَ و نَحْوَهٗ : بالشت
سے ناپنا-شَبَرَهُ مَالًا : کسی کو مال دینا-
شَبِرَ (س) شَبَرًا-الرَّجُلُ :اکڑنا-اترانا-

شَبَّرَ- الشَّیْئَ : اندازہ کرنا ــــ فُلَانًا : تعظیم کرنا۔
اَشْبَرَ- فُلَانًا : فضیلت دینا ــــ ہٗ مَالاً : دینا
ــــ الرَّجُلُ : لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔
تَشَابَرَ- الْفَرِیْقَانِ فِی الْحَرْبِ : ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔
تَشَبَّرَ- بڑا ہونا۔
الشَّبْرُ- مص- مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ یُعْطِهَا شَبْرهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قدو قامت۔
الشِّبْرُ- عمر۔ بالشت۔ ج اَشْبَار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔
الشَّبَر- عطیہ۔ خیر۔
الشِّبْرة- قدو قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشِّبْرة- عطیہ۔
الشَّبُّوْر- بگل۔ ج شَبَابِیْر و شَبُّوْرَات (کلمہ عبرانی ہے)
الشَّابُوْرَة- خلیج۔ کہر (جدید)
شَابُر- المیزان : چور۔
فُلَانٌ (اَشْبَر) مِنْكَ : فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔
الْاُشْبُر- ایک قسم کی مچھلی۔
الْمَشَابِر- نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرة)۔
شَبْرَقَهٗ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ : پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِی مَشْیِهَا ــــ جانور کا دور دور قدم رکھنا ــــ الْبَازِی الصَّیْدَ : نوچنا اور پھاڑنا ــــ الثَّوْبَ : برا بننا۔
الشَّبَارِق و الشُّبَارِق- ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شَبَارِیْقُ و شَبْرَق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِق- بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق۔
الشِّبْرِقَة- کپڑے کا ٹکڑا۔

الشِّبْرَاق- مِنْ كُلِّ شَیْئٍ : تخی۔
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) برا بنا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِم- پستہ قد۔
الشُّبْرُمَة- بلی۔
الشَّبْرَق- آسیب زدہ۔
تَشَبَّصَ- الشَّجَرُ : آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الشَّبَص- درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ تخی۔
شُبَاطُ- ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔
الشُّبُّوْط و الشَّبُّوْط و الشَّبُوْط- ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِیْط۔
شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا- ومِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ و رَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً- عَقْلُهٗ : بہت عقل والا ہونا۔
شَبَّعَتْ- غَنَمُهٗ : آسودگی کے قریب ہونا۔
اَشْبَعَهٗ- کھلا کر شکم سیر کرنا ــــ الشَّیْئَ : زیادہ کرنا ــــ الثَّوْبَ مِنَ الصبغ : خوب گہرا رنگنا ــــ الْكَلَامَ : مکمل کہنا۔
تَشَبَّعَ- بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔
الشِّبْعُ و الشِّبَعُ- کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔
الشُّبَاعَة- آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔
الشُّبْعَةُ- ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔
الشَّبْعَانُ- شکم سیر۔ مؤنث شَبْعٰی و شَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ و شَبَاعٰی۔ کہا جاتا ہے "هِیَ شَبْعٰی الذِّرَاعِ" وہ پر گوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعٰی الْخَلْخَالِ اَوِ السِّوَارِ و الدِّرْعِ" یعنی موٹی۔
الشَّبِعَة- شکم سیر عورت۔
الشَّبِیْع- بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِیْعُ الْغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِیْعُ الْعَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِیْعٌ" بہت لٹوں والی رسّی۔ ج شُبُع۔
شَبِقَ (س) شَبَقًا- بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ۔

مِنَ اللَّحْمِ : گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔
الشُّوْبَق- بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شَوْبَک) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔
شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا- الْاُمُوْرُ : ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهٗ عَنْهُ : غافل کر دینا (شَبَک و شَبَّكَ) الشَّیْئَ : ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِیْ بَعْضَهَا فِیْ بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَیْنَ اَصَابِعِیْ" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔
اَشْبَكَ- الْقَوْمُ : نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ الْمَكَانُ" : قریب کنوئیں والی ہونا۔
شَابَكَ- بَیْنَ الْاَصَابِعِ : انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔
تَشَابَكَتْ- الْاُمُوْرُ : باہم مخلط ہونا۔
اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ- مخلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا ــــ الْكَلَامُ اَوِ الْاُمُوْرُ : پیچیدہ ہونا۔
الشَّبَكَة- شکاری کا جال۔ ج شَبَک و شِبَاک و شَبَكَات۔ الشَّبَكَة : بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔
الشُّبْكَة- قرابت۔
طَرِیْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شوابک۔
الشَّبَّاک- جال بنانے والا۔
الشُّبَّاک- دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیْک
الشُّبَّاک : شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شابک کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔
الشَّبَائِک- جھگڑے۔
الْمُشَبَّک- ایک قسم کا کھانا۔
شَبَلَ (ن) شُبُوْلاً- الْغُلَامُ : لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) ــــ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ : پرورش پانا۔
اَشْبَلَ- عَلَیْهِ : مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ اَشْبَلَتِ الْمَرْاَةُ عَلٰی اَوْلَادِهَا : شوہر کی وفات کے بعد

بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِبْلُ۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال و اَشْبُل و شُبُوْل۔ اَبُو الْاَشْبَال : شیر۔

لَبُؤَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَكَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَم (ن) شَبْمًا و شَبَّمَ۔ الجُدیَ : بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا۔ المَاءُ : پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَبَمَ۔ سردی۔

الشَبِم۔ صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔

الشِبم۔ ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِبَام و الشِبَمَ۔ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگادی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔

الشِبَام۔ برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

المُشَبَّمْ۔ تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شَبْنًا۔ الغُلَامُ : لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا۔ (____ شُبُوْنًا) الشَیْءُ : قریب ہونا۔

الشَابِنُ۔ مِنَ الغِلْمَانِ : نازک اندام پرگوشت لڑکا۔

الشَبِیْنُ و الِاشْبِیْنُ۔ دولھا کا خدمت گار۔ شَبِیْنَة و اِشْبِیْنَةٌ : دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَبَانیّ و الْاُشْبانیّ و الشَبَّانیّ۔ سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهُ۔ اِیَّاهُ و شَبَّهَهُ بِه : تشبیہہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّه عَلَیْهِ الاَمْرُ : مشتبہ کرنا۔ شَبَّه الشَیْءُ : مشکل ہونا۔

شُبِّهَ۔ عَلَیْهِ الاَمْرُ : مشتبہ کیا جانا۔

اَشْبَهَهُ و شَابَهَهُ۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَه فُلَانٌ اُمَّهُ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ بِه : مانند ہونا، عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ۔ الرَجُلَان ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الاَمْرُ۔ مُتَشَابِه یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَهَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِشْتَبَه فِی الْاَمْرِ : صحیح ہونے میں شک کرنا ____ الاَمْرُ عَلَیْهِ : پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِبْهُ و الشَبَهُ۔ مثل مانند۔ ج اَشْبَاه و مَشَابِه جیسے (حسن و محاسن) الشَبَه : مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِبْه و الشَبَه و الشَبَهان و الشِبْهَان) پیتل۔

الشُبْهَةُ۔ مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَه و شُبُهات۔

الشَبِیْه۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه۔

المُشَبَّه و المُشْتَبَه۔ مِنَ الاُمُوْرِ : مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاكَ و المشَبَّهات" اپنے آپ کو اُمورِ مشکلہ سے بچاؤ۔

شَبَا یَشْبُوْ شَبْوًا۔ الشَیْءُ : بلند ہونا ____ الفَرَسُ : گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

____ الوَجْهُ : چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا

____ النَارَ : آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبٰی اِشْبَاءً۔ الرَجُلَ : دینا ____ عَلَیْهِ : مہربان ہونا ____ ہ : تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا ____ الشَجَرُ : لمبا اور پیچیدہ ہونا ____ الشَیْءَ : ہٹانا ____ الرَجُلُ : ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِیَ و مُشْب)

الاَوْلَادُ اَبَاهُمْ : اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔

الشَبَاةُ۔ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ____ مِنَ السَیْفِ : دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبًا و شَبَوَات۔ بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ شَبَاةٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔

شَبْوَةٌ۔ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیت تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشَبْوُ۔ دکھ۔ تکلیف۔

شَتَّ (ض) شَتًّا و شَتَاتًا و شَتِیْتًا۔ متفرق ہونا (____ و شَتَّتَ و اَشَتَّ) الاَشْیَاءَ : متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کردیا۔

تَشَتَّتَ و اِنْشَتَّ و اِسْتَشَتَّ۔ الشَمْلُ : متفرق ہونا۔

الشَتُّ۔ مص۔ پراگندگی۔

اَمْرٌ (شَتٌّ و شَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَات" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَتَّانَ۔ مبنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَهُمَا و مَا بَیْنَهُمَا و مَا زَیْدٌ و اَخُوْهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَتِیْت۔ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی (جیسے مریض و مرضی) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ : چھدرے دانت۔

اُنَاسٌ (شَتّٰی و شُتُوتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اَشْیَاءُ شَتّٰی : مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق اُمور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا۔ الشَیْءَ : کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ____ الرَجُلَ : زخمی کرنا ____ العَیْنَ : پلک اُلٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا۔ کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا ____ بِه : گالی دینا۔ (____ و شُتِر) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ۔ عَیْنَه : پلک اُلٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔

اِنْشَتَرَتْ۔ عَیْنُه : اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

اَلشَتَر : مص۔ کٹنا۔ پلک اُلٹنا۔ عیب و نقص۔

الشُتْرَةُ۔ دو اُنگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشَتِّیْر۔ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔

الاَشْتَر۔ اُلٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ۔ ج شُتْر۔

الشَوْتَرَة۔ بڑے سرین کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا۔ بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَتَفَهُ (ض) شَتْفًا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا۔

اَشْتَفَه۔ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

الْمَشَاتِعُ۔ہلاکتیں۔

شَتَمَهٗ (ن ض) شَتْمًا و مَشْتَمَةً و مَشْتِمَةً و مَشْتُمَةً و تَشْتَامًا۔ گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهٗ فَشَتَمَهٗ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً۔ بدصورت و کریہہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِيْمٌ) الشَّتِيْمُ۔ غضبناک شیر۔

شَتَّمَهٗ۔بہت گالی دینا۔

شَاتَمَهٗ۔باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ۔الْقَوْمُ :ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ۔گالی سننے کے در پے ہونا۔

الشَّتَامَة۔ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَّتِيْمَة۔گالی۔ج شَتَائِم۔

الشَّتَّامُ و الشَّتَّامَةُ۔ بُرے چہرہ والا۔بدخلق۔

الشَّتَّام و الشَّتَّامَة۔ بہت گالی دینے والا۔

الشَّتَّامَة۔شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو بُنا۔ صفت (شَاتِن)

الشَّتْن۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَثْنُ الْكَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشُّتُوْن۔ بُننے والا۔

شَتَا يَشْتُوْ شَتْوًا و شَتَّى تَشْتِيَةً و تَشَتِّي تَشْتِيًا۔ بِالْبَلَدِ۔ کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا و تَشَتَّى الْمَكَانَ : بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَّاهُ :زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا يَشْتُوْا شَتْوًا و شُتِيَ و اَشْتَى الْقَوْمُ : موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْئٌ يُشْتِيْنِيْ" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ :سردی پڑنا۔

شَاتِي مُشَاتَاةً و شِتَاءً۔ الرَّجُلَ :جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاء۔مص۔موسم سرما۔ج اَشْتِيَة و شُتِيٌّ اور نسبت کے لئے (شَتْوِيٌّ و شَتَوِيٌّ) الشَّتْوِيُّ : جاڑے کی بارش فَاكِهَتُهُ الشِّتَاءِ :آگ۔

الشِّتَاءُ و الشِّتَا۔قحط۔

الشَّتَاةُ و الشَّتْوَةُ۔ جاڑا۔ صاحب الشَّتْوَة :وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں۔

الشَّتِيّ۔جاڑے کی بارش۔

الْمَشْتِي و الْمَشْتَاة۔ جاڑے کا زمانہ یا جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ۔ ج الْمَشَاتِي۔

کہا جاتا ہے هٰذِهٖ مَشَاتِيْنَا و مَصَايِفُنَا و مَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں۔

اَلشَّثُّ۔ چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ ج شِثَاثٌ۔ واحد (الشَّثَّةُ)

الشَّثُّ :ہر چیز کی بہت تعداد۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا۔عَيْنُهٗ :آنکھ موٹی ہونا۔

الشِّتْرُ۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُتُوْرٌ۔ قَنَاةٌ (شَتِرَةٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اُڑیں۔

شَثِلَتْ (س) شَثَلًا و شَثُلَتْ (ک) شُثُوْلَةً۔ اصَابِعُهٗ :موٹی ہونا۔

شَثِلُ الْاَصَابِعِ :سخت اور موٹی انگلیوں والا۔

قَدَمٌ (شَثْلَةٌ) موٹا اور سخت قدم۔

شَثِنَ۔ بمعنی شَثِلَ۔

شَجَّ (ن ض) شَجًّا۔ الرَّاسَ :زخمی کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً وَ يَاْسُوْ مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے۔ شَجَّ الْمَفَازَةَ :بیابان طے کرنا۔

___ الْمَرْكَبُ الْبَحْرَ :جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔

___ الشَّرَابَ بِالْمَاءِ :ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَجَّ الْاَرْضَ بِرَاحِلَتِهٖ" یعنی بہت تیز چلایا۔

شَجَّ (س) شَجَجًا۔ سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا۔ صفت (اَشَجَّ و شَجِيْج) ج شَجْي و (مَشْجُوْجٌ و مُشَجَّجٌ) الشَّجِيْج و الْمَشَجَّج :میخ۔ کھونٹی۔

شَجَّجَهٗ۔ سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ عَلَى الْاَمْرِ :پختہ ارادہ کرنا۔

شَاجَّ مُشَاجَّةً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ۔ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔

الشَّجَاج۔فضائے آسمانی۔

الشَّجَّة۔ سر کا زخم۔ ج شِجَاج۔

الشَّجَج۔مص۔پیشانی میں زخم کا نشان۔

الشَّجَّاج۔ سر کو بہت زخمی کرنے والا۔

شَجَبَهٗ (ن) شَجْبًا۔ ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَتَشْجُبُنِيْ عَنْ حَاجَتِيْ" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے "شَجَبَ الْقَنِيْنَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا و شُجُوْبًا و شَجِبَ (س) شَجَبًا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شَجِبٌ و شَاجِبٌ) ___ الشَّيْئُ : جانا۔

شَجَبَ (ن) شَجِيْبًا۔ الْغُرَابُ : کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔

اَشْجَبَهٗ۔ غمگین کرنا۔

تَشَاجَبَ۔ الشَّيْئُ : خلط ملط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَشَجَّبَ۔ غمگین ہونا۔

الشَّجْبُ۔ مص۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں۔ ج شُجُوْب و اَشْجَاب۔

الشَّجَب۔مص۔ رنج و تکلیف جو مرض یا قتل کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوْب۔

الشَّاجِب۔بہت بک بک کرنے والا۔ مِنَ الْغِرْبَانِ :بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔

الشِّجَاب۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شُجُب (___ و الشُّجُب و الْمِشْجَب) لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔

الشَّجْبَاء۔مشک۔

الشَّجْذَة۔نرم بارش۔

الْمِشْجَاذ۔کوچھن۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا۔ الشَّيْئَ :باندھنا۔ فُلَانًا : علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَجَرَكَ عَنْ كَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا ___ الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ :نیزہ مارنا ___ فَمَهٗ : لکڑی سے کھولنا ___ الدَّابَّةَ :جانور کو

ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ مُنہ کھول دے ــــ الشَّجَرَۃَ: درخت کے بعض حصّے کو پکڑنا ــــ البَیْتَ: ستون لگانا۔ ــــ النَّبَاتَ: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اُٹھانا۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا و شُجُوْرًا۔ بَیْنَھُمْ اَمْرٌ: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ مَابَیْنَھُمْ" باہم جھگڑنا۔

شَجِرَ (س) شَجَرًا۔ الرَّجُلُ: بہت جمعیت والا ہونا۔

شَجَّرَ۔ النَّبَاتُ: درخت ہو جانا ــــ النَّخْلَ: ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔

شَاجَرَہٗ مُشَاجَرَۃً۔ جھگڑا کرنا ــــ المَاشِیَۃُ: گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے پتوں پر گزارہ کرنا ــــ المَاشِیَۃَ: جانوروں کو درخت چرانا۔

اَشْجَرَ۔ المَکَانُ: درخت اُگانا۔

تَشَاجَرَ۔ القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ تَشَاجَرُوا بِالرِّمَاحِ: باہم نیزہ بازی کرنا ــــ الشَّیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

اِنْشَجَرَ۔ جلدی سے چھٹکارا پانا ــــ نَوْمَہٗ: نیند کا دور رہونا۔

اِشْتَجَرَ۔ القَوْمُ: باہم جھگڑنا ــــ الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا"
ــــ نَوْمَہٗ۔ نیند کا دور ہونا۔

الشَّجَرُ۔ درخت۔ ج اَشْجَار و شَجْرَاء۔ واحد (شَجَرَۃٌ) شَجَرَاتٌ۔ شَجَرَۃُ النَّسَبِ: جس میں مورثِ اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرَۃُ المَلْعُوْنَۃُ: تھوہر کا درخت۔ شَجَرَۃُ الحَیَاۃِ اَوْشَجَرَۃُ مَعْرِفَۃِ الخَیْرِ مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔

الشِّجَرُ۔ درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔

الشَّجْرُ۔ مص۔ مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصّہ۔ مُنہ کا وہ حصّہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشْجَار و شُجُوْرٌ و شِجَارٌ۔ الحُرُوْفُ الشَّجَرِیَّۃُ: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

الشَّجْرَۃ۔ اسم مرۃ۔ چاہ زنخداں۔

الشَّرْیُ- اندرائن- عرب کہا کرتے تھے- "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ اَرْیٌ وشَرْیٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی- درخت خرما جو بیج سے اُگا ہو- واحد(شَرْیَةٌ)
الشِّرَاء- ج اَشْرِیَةٌ و (الشِّرٰی) خرید و فروخت-
الشَّرَاء- طرف- جانب-
الشَّرٰی- پِتّی اُچھلنے کی بیماری- پہاڑ- راستہ- طرف- جانب- ج اَشْرَاء- کہا جاتا ہے "دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَم" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے- الشَّرٰی : فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (ــــــ والشَّرَاة) ردی مال یا عمدہ مال- کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شَرَارَةٌ" یعنی عمدہ اونٹ-
الشَّرِیُّ- مِنَ الْخَیْلِ :پسندیدہ- رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا-
الشَّرِیَّةُ- الشَّرِیَّ کا مؤنث- طریقہ- طبیعت- روش- وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے-
الشَّرْوَیٰ- مثل یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے- کہا جاتا ہے "هُوَ وهِیَ وهُمَا وهُمْ وهُنَّ شَرْوَاكِ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَا یَمْلَكُ شَرْوٰی نَقِیْرَ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں- فقیری کے لیے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں- اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے-
الشَّرْیَان- ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں- اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے- ج شَرَایِیْن-
الشِّرْیَانَات- جسم کی باریک رگیں-
الشَّارِی- اسم فاعل- ج شُرَاة- زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں- الشُّرَاة :خوارج-
الْمُشْتَرِی- فا- خریدار- ایک سیارہ کا نام-

ایک قسم کا پرندہ-
شَرْیَفَ- الزَّرْعَ :کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کوٹنا-
الشِّرْیَافُ- کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں-
شَزَّ(ض)شَزَازَةً- بہت خشک ہونا- صفت(شَزٌّ وشَزِیْزٌ)
شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوْبًا- کھردرا ہونا یا لاغر و خشک ہونا- صفت(شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد- ج شُزَّب وشَوَازِب-
شَزَّبَ- الفَرَسَ : گھوڑے کو لاغر کرنا- چھریرا بنانا-
تَشَازَبَ- القَوْمُ عَلَی المَاءِ وغَیْرِهٖ : اپنے حصہ کا منتظر ہونا- کہا جاتا ہے "هُمْ مَتَشَازِبُوْن" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں-
الشَّزْبَةُ- اسم مرة- کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی- الشَّزْبَةُ مِنَ الْاُتُنِ :دبلی پتلی گدھی-
الشُّزْبَةُ- فرصت- کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَتُهٗ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا-
الشَّزِیْبُ- لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو- کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی- ج شُزُوْبٌ-
الشَّوْزَبُ- علامت-
شَزَرَ (ض) شَزْرًا- الرَّجُلَ والَیْهِ : غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا ــــــ فُلَانًا :دائیں بائیں سے نیزہ مارنا- نظر بد لگانا-
شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واِسْتَشْزَرَ- الحَبْلَ : رسّی بٹنا- اِسْتَشْزَرَ الحَبْلُ : رسّی کا بٹ جانا- اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءَ : بلند کرنا ــــــ الشَّیْءُ :بلند ہونا-
اَشْزَرَهُ- اللّٰهُ : ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو-
تَشَزَّرَ- غضبناک ہونا ــــــ لِلْقِتَالِ : آمادۂ جنگ ہونا-
شَازَرَهٗ مُشَازَرَةً- دشمنی کرنا-
تَشَازَرَ القَوْمُ : ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا-
الشَّزْرُ- مص- سختی- دشواری- کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت-
الشَّزَر والشُّزْرَة- آنکھ کی سرخی-
الاَشْزَر- سرخ- عَیْنٌ شَزْرَاء : غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ-
شَزِنَ(س)شَزَنًا- الرَّجُلُ :چست ہونا-
تَشَزَّنَ- الشَّیْءُ :سخت ہونا- دشوار ہونا- ــــــ لَهٗ فِی الخُصُوْمَةِ : جھگڑے میں سختی برتنا-
ــــــ لِلسَّفَرِ :سفر کی تیاری کرنا- سامان کرنا-
(ــــــ تَشَزُّنًا وتشزینًا)الرَّجُلَ :پچھاڑنا-
ــــــ الشَّاةَ :ذبح کرنے کے لیے لٹانا-
الشَّزْن- چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ-
الشَّزَن والشُّزْن- سختی- جانب دوری- زمین کی سختی- مِنَ العَیْشِ :زندگی کی سختی-
الشُّزُن :چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ-
الشَّزْنَةُ- مِنَ النِّسَاءِ :بخیل عورت-
الشُّزُوْنَةُ- سختی-
شَزَا یَشْزُوْ اشَزْوًا- بلند ہونا-
شَسَّ (ض)شُسُوْسًا- الشَّیْءُ :خشک ہونا-
الشَّاسّ- لاغر ضعیف و خشک-
الشَّسّ- سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو- ج شِسَاس وشُسُوْس وشِسِیْس-
شَسِبَ (س) وشَسُبَ (ک) شَسْبًا وشُسُوْبًا- خشک و لاغر ہونا- صفت(شَاسِبٌ)ج شُسُبٌ-
الشِّسْبُ والشَّسِیْبُ- مِنَ القِسِیِّ : کمان جس کی لکڑی پتلی ہو-
الشَّسُوْب- مِنَ النُّوْقِ : اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مر جائے اور پھر دودھ نہ دے-
شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا- المَنْزِلُ : دور ہونا- صفت (شَسُوْعٌ) ج شُسُعٌ و (شَاسِعٌ) (ــــــ شَسْعًا وشَسَّعَ واشْسَعَ) النَّعْلَ :جوتے کے لیے تسمہ بنانا-
اشْسَعَ- الشَّیْءَ :دور کرنا-
شَسِعَ- (س)شَسَعًا- النَّعْلُ :جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا
ــــــ الفَرَسُ : گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا-
ــــــ بِهٖ :دور کرنا-

____ بِهٖ: دور کرنا۔
اَلشِّسْعُ۔ جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "اَوْلٰی مِنَ الشِّسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین۔ کسی جگہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الْوَادِی" وہ وادی کے کنارے پر اُترا۔ تھوڑا مال۔ زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "هُوَ شِسْعُ مَالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ ج اَشْسَاع۔
شَسَفَ (ن) شَسَفَ (ک) شُسُوْفًا شَسَافَةً وَشَسَافَةً۔ خشک و لاغر ہونا۔ صفت (شَاسِفٌ وَشَسِیْفٌ)
اَلشَّسْفُ۔ خشک روٹی کی ٹکیہ۔
اَلشَّسَفُ۔ کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔
اَلشَّسِیْفُ۔ وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔
اَلشَّوْشَبُ۔ بچھو۔ جوں۔
شَصَّ۔ (س ض) شُصُوْصًا وَشِصَاصًا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا ____ الْمَعِیْشَةُ: تنگ گزران ہونا ____ الرَّجُلُ: دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
شَصَّهٗ (ن) شَصًّا وَاَشَصَّهٗ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ اَشَصَّ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔ اَشَصَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت شَصُوْصٌ۔ مُشِصٌّ نہیں کہتے۔
اَلشِّصُّ۔ مشاق چور۔ ج شُصُوْص (____ وَالشَّصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سِنَّارَةٌ" بھی کہتے ہیں۔ ج شُصُوْص۔
اَلشَّصُوْصُ۔ مِنَ النُّوْقِ اَوِ الشِّیَاهِ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج شُصُص وَشَصَائِص وَشِصَاص۔ سَنَةٌ شَصُوْصٌ: خشک سال۔ کہا جاتا ہے "نَفَی اللّٰهُ عَنْكَ الشَّصَائِصَ" اللہ تمہاری سختیوں کو دور کرے۔
شَصَبَ (ن) شُصُوْبًا وَشَصِبَ (س) شَصَبًا۔ الْعَیْشُ: تنگ گزران ہونا۔ صفت (شَاصِبٌ) ____ الْاَمْرُ: دشوار ہونا ____ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔
شَصَبَ (ن) شَصْبًا۔ الشَّاةَ: بکری کی کھال اُتارنا۔
اَشْصَبَ۔ اللّٰهُ عَیْشَهٗ: تنگ گزران کرنا۔
اَلشِّصْبُ۔ سختی۔ قحط۔ خشک سالی۔ حصہ۔ ج اَشْصَابٌ۔
اَلشِّصْبُ وَالشَّصَبُ۔ خشکی۔
اَلشَّصُوْبُ۔ کھال اُتری ہوئی بکری۔ عَیْشٌ (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی۔
اَلشَّصِیْبُ۔ حصہ۔ مسافر۔
اَلشَّصِیْبَةُ۔ سختی و خشک سالی۔ کنوئیں کی گہرائی۔ ج شَصَائِب۔ اَلشَّصَائِبُ: پالان کی لکڑی۔
اَلشَّصَّابُ۔ قصاب۔
اَلشَّیْصَبَانُ۔ چیونٹیا یا اس کا سوراخ جنوں کا ایک قبیلہ۔ شیطان کا نام۔
شَصَرَ (ن) شَصْرًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو دور دور سینا۔ لنگر ڈالنا ____ فُلَانًا بِالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا ____ ہ الثَّوْرُ: بیل کا سینگ مارنا۔
اَلشَّصَرُ۔ ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَصَرَة۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج اَشْصَار۔
اَلشَّاصِرُ۔ فا۔ اَلشَّاصِرُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَاصِرَة ج شَوَاصِر۔ اَلشَّاصِرَةُ: درندوں کیلئے ایک جال۔
اَلشَّوْصَرُ۔ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔
اَلشَّصِیْرُ۔ کانٹے کی چبھن۔
شَصَا یَشْصُوْ شُصُوًّا وَشَصِیَ یَشْصٰی شُصِیًّا۔ الْبَصَرُ: نگاہ کا پھرا جانا ____ السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا ____ الْقِرْبَةُ: مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا ____ الْمَیِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا۔ کہا جاتا ہے "شَصَا بِرِجْلِهٖ" اس نے اپنی ٹانگ اُٹھائی۔
اَشْصٰی۔ بَصَرَهٗ: ٹکٹکی لگانا۔ نگاہ اُٹھانا۔
اَلشَّصْوُ۔ سختی۔ مسواک۔
شَطَّ (ض ن) شَطًّا وَشُطُوْطًا۔ دور ہونا۔ فُلَانًا۔ دور کرنا۔ ظلم کرنا۔
شَطَّ (ض) شَطَطًا۔ زیادتی کرنا۔ حق سے دور ہو جانا ____ عَلَیْهِ فِیْ قَوْلِهٖ وَحُكْمِهٖ: ظلم کرنا ____ فِیْ سِلْعَتِهٖ: حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔
اَشَطَّ اِشْطَاطًا وَاشْتَطَّ اِشْتِطَاطًا۔ زیادتی کرنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ حق سے دور جا پڑنا ____ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔
شَطَّطَ۔ زیادتی میں مبالغہ کرنا۔
شَاطَّهٗ۔ زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَلشَّطُّ۔ مص۔ دریا یا سمندر کا کنارہ۔ ج شُطُوْط وَشُطَّان۔ کوہان کی ایک جانب۔ ج شُطُوْط۔
اَلشَّطَّةُ۔ اسم مرۃ۔ جَارِیَةٌ شَطَّةٌ: سڈول بدن والی لونڈی۔
اَلشِّطَّةُ وَالشَّطَاطَةُ وَالشَّطَاطُ وَالشِّطَاطُ۔ دوری۔ اَلشَّطَاطُ وَالشِّطَاطُ: قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔
اَلشَّاطُّ۔ فا۔ رَجُلٌ شَاطٌّ: سڈول بدن والا مرد۔ مؤنث شَاطَّة۔
شَطَأَ (ف) شَطْأً وَشُطُوْءًا۔ کنارہ پر چلنا ____ الدَّابَّةَ بِالْحِمْلِ: جانور پر بوجھ لادنا ____ فُلَانًا: مغلوب کرنا ____ الْاُمُّ بِالْوَلَدِ: بچہ گرا دینا (____ وَاَشْطَأَ) الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ اَشْطَأَ الشَّجَرُ بِغُصُوْنِهٖ: درخت میں ٹہنی نکلنا۔ اَشْطَأَ الرَّجُلُ: زکام والا ہونا۔ اَشْطَأَ الْوَادِی: دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں "مِلْنَا اِلَی الْوَادِیْ كَذَا فَوَجَدْنَاهُ مُشْطِئًا" ہم فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔
شَطَّأَ تَشْطِئَةً۔ النَّهْرُ: دونوں کناروں پر بہنا۔
شَاطَأَهٗ۔ ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارے پر چلنا۔
اَلشَّطْأُ۔ کنارہ۔ ج شُطُوْء (وَالشَّطَأُ) کھیتی کے پتے یا خوشہ۔ درخت خرما کے پودے۔ مِنَ الشَّجَرِ: شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ ج اَشْطَاء۔
اَلشُّطْأَةُ۔ زکام۔
اَلشَّاطِئُ۔ فا ____ مِنَ النَّهْرِ: جانب۔ تم کہتے ہو "شَاطِئُ الْاَوْدِیَةِ" اس کی جمع نہیں آتی۔
____ مِنَ الْبَحْرِ: کنارہ۔ ج شَوَاطِی

وشُطْآن-

شَطَبَ (ن) شَطْبًا- الشَيَّ : لمبا کاٹنا یا چیرنا ___ ہ و شَطَّبَ فَوْقَهُ: لکیر کھینچنا ___ الرَّجُلَ :دُور ہونا ___ عَنْهُ :اعراض کرنا-ہٹنا ___ الرُّمْحُ عَنْ مَقْتَلِهِ :نیزے کا خطا کرنا-

شَطَّبَهُ- جسم میں عمل تشریح کرنا-

تَشَطَّبَ- کٹنا (___ وانْشَطَبَ) المَاءُ ونحوُهُ :بہنا-

الشَطْب- مص - لمبا خوبصورت قد و قامت والا-درخت خرما کی تر و سبز شاخ-ج شُطُوْب-

الشَطْبَة- مِنَ النَخْلِ :کھجور کی سبز شاخ- تلوار- ج شُطَب- لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے (___ والشِطْبَة) لمبی خوبصورت لڑکی- اچھے گوشت والا گھوڑا-

الشُطْبَة والشُطَبَة والشِطْبَة- تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری-ج شُطَب-

الشَطِيْبَة-اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو-جیسے شَطَائِب-

الشَطَائِب :مختلف فرقے- تختیاں-

سَيْفٌ (مَشْطُوْبٌ ومُشَطَّبٌ) دھاری دار تلوار-رَجُلٌ مُشَطَّبٌ :وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو-

شَطَرَ (ن) شَطْرًا- الشَيَّ :دو برابر حصوں میں کرنا ___ بَيْتَ الشِعْرِ :شعر کا نصف حذف کرنا ___ النَّاقَةَ او الشَاةَ :ایک جانب کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا-اور کہتے ہیں شَطَرَ شِطْرَهُ اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا-

شَطَرَت (ن) شُطُوْرًا- النَّاقَةُ :اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا-شَطَرَ بَصَرُهُ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی ___ الدَّارُ :دُور رہونا (شَطَارَةً) شوخ و بیباک ہونا- چالاک و خبیث ہونا- (___ شُطُوْرًا وشُطُوْرة وشَطَارَةً) عَنْهُمْ :جدا و بعید ہونا ___ عَلٰی اَهْلِه : خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا ___ اِلَيْهِم :متوجہ ہونا-

شَطُرَ (ک) شَطَارَةً- شوخ و بیباک ہونا- چالاک و خبیث ہونا (___ شُطُوْرَة النَّاقَةُ اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا- ایک پستان خشک ہونا-

شَطَّرَ- الشَيَّ :دو حصوں میں تقسیم کرنا- ___ الشِعْرَ :شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولّدة) ___ النَّاقَةَ و بالنَّاقَةِ :اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا-

شَاطَرَهُ- مَالَهُ آدھا آدھا تقسیم کرلینا- فُلَانًا : کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا ___ النَّاقَةَ :اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوھنا دوسرے کو چھوڑ دینا-

الشَطْر- مص - جزء- نصف- اور اسی سے ہے "شَطْر بَيْتَ الشِعْرِ" شعر کا نصف واحد 'دُوری' جہت' جانب- اور اسی سے ہے شَطَرَ شَطْرَهُ ___ و "فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِد" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو-ج اَشْطُر و شُطُوْر ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے- ہر دو باکھوں کو شطر کہتے ہیں-اور کہا جاتا ہے "حَلَبَ اَشْطُرَ الدَهْرِ" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے "هٰذَا حَلْبٌ لَكَ شَطْرُه" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے-

الشِطْرَة- اسم نوع- اور کہا جاتا ہے "اَوْلَادُ فُلَانٍ شِطْرَةٌ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر نصف مؤنث ہے-

الشَطْرَان- صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرَیٰ-

الشَاطِر- فا- شوخ و بیباک- چالاک و خبیث- ج شُطَّار-

الشَطُوْر- (مِنَ النِعَاجِ اوالنُوْقِ) : بھیڑیا- اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو- ثَوْبٌ شَطُوْرٌ- کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو- دَارٌ شَطُوْر :دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان-

الشَطِيْر- دُور- اکیلا- مسافر- اجنبی- ج شُطَراء وشُطُر : آدھا- کہا جاتا ہے "هٰذَا شَطْرُهُ وشَطِيْرُهُ" یہ اس کا آدھا ہے- جیسے کہا جاتا ہے "هٰذَانِصْفُه ونَصِيْفُه-"

المَشْطُوْر- مفع- چٹنی لگی ہوئی روٹی- مِنَ الرَجْزِ :فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا-

المُشَاطِر- ہمسایہ- کہا جاتا ہے "هُمْ مُشَاطِرُوْنَا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں-

الشِطْرَنْج- ایک مشہور کھیل ہے- سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب- اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ فرزین' فیل' اسپ' رخ اور پیدل کہلاتے ہیں-ج شِطْرَنْجَات-

شَطَسَ (ن) شَطْسًا- فِي الْاَرْضِ :سفر کرنا-

الشَطْس- مص- چالاکی-

الشُطْس والشُطْسَة- مخالفت- دشمنی- عناد-

الشَطُوْس- ہر طرف کو جانے والا- حکم کے خلاف چلنے والا-

شَطِعَ (س) شَطْعًا- الرَّجُلُ :مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اٹھنا-

شَطَفَ (ن) شَطْفًا- الرَّجُلُ :جانا اور دُور ہونا ___ عَنِ الشَيِّ :ہٹنا ___ الثَوْبَ وغیرہ :کپڑا وغیرہ دھونا-

سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر-

نِيَّةٌ (شَطُوْفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں-

الشُطْفَة- مِنَ الشَيِّ :ٹکڑا-ج شُطَف-

شَطَمَ- (ن) شَطْمًا- اِمْرَأَتَهُ :جماع کرنا-

شَطَنَهُ (ن) شَطْنًا- مخالفت کرنا- دُور کرنا- رسّی سے باندھنا- شَطَنَ فِي الْاَرْضِ :داخل ہونا (___ شُطُوْنًا) الدَار :دُور رہونا- الرَّجُلُ :حق وغیرہ سے دُور ہونا ___

اَشْطَنَهُ- دُور کرنا-

شَيْطَنَ شَيْطَنَةً وتَشَيْطَنَ- شیطانی فعل کرنا-

الشَاطِن- فا- خبیث- حق سے دُور ہونے والا-

الشَطَن- رسّی-ج اَشْطَان-

بِئْرٌ (شَطُوْن) زیادہ گہرا کنواں- حَرْبٌ شَطُوْنٌ : بہت سخت جنگ- نِيَّة شَطُوْن :ارادہ بعید رُمحٌ شَطُوْنٌ :لمبا ٹیڑھا نیزہ-

الشَطِيْن- دُور-

الشَيْطَان- ج شياطين :دیو- ہر سرکش و

نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَیَاطِیْنُ الْعَرَب" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ- سانپ- شَیْطَانُ الفَلَاۃ : پیاس- مُخَاطُ الشَّیْطَان : تر مرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے- اور کہا جاتا ہے "رَکِبَہ شَیْطَانُہ" یعنی وہ غضبناک ہوا و "شَیَاطِیْنُ الرَّاسِ" غصّے کا جوش-

المُشَیْطَنَۃُ- اونٹ کے چوتڑ کا داغ-

المُشَاطِنُ- ڈول کو دو رسیوں سے کھینچنے والا-

شَطِیَ (س) شُطِیًّا- المیّتَ : میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا-

شَطّٰی تَشْطِیَۃً- الشَّاۃَ : کھال اُتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا-

اِنْشَطّٰی- الشَّیْئُ : پراگندہ و متفرق ہونا-

شَظَّہٗ (ن) شَظًّا- الاَمْرُ : دشوار ہونا- سختی میں ڈالنا (___ و شَظَّظَ و اَشَظَّ) القَوْمَ : پراگندہ و متفرق کرنا- دھتکارنا- شَظَّ و اَشَظَّ الجَوَالِقَ : ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا-

الشَّظُّ- مص- دن کا بقیہ- ج اَشْظَاظ-

الشِّظَاظ- ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو- ج اَشِظَّۃ-

الشَّظِیْظ- بندھا ہوا بورا- چری ہوئی لکڑی- ج اَشْظَاظ- کہا جاتا ہے "طَارُوْا اَشْظَاظًا اور شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے-

شَظِفَ (س) شَظَفًا- العَیْشُ : تنگ گزران ہونا ___ الرَّجُلُ : تنگ زندگی والا ہونا- صفت (شَظِفٌ) العَیْشِ : شَظِفَتْ یَدُہٗ : سخت اور کھردرا ہونا ___ السَّھْمُ : تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا- (___ و شَظُفَ (ک) شَظَافَۃً) الشَّجَرُ : سخت ہونا- صفت (شَظِیْف)

شَظَفَہ (ن) شَظْفًا- عَنْ کَذَا : منع کرنا- روکنا-

الشَّظَف- مص- ج شِظَاف و (الشَّظَاف) تنگی و سختی-

الشِّظَاف- دُوری-

الشَّظْف- مص- لاٹھی کی پھٹن-

الشِّظْف- خشک روئی- کھونٹی کی مانند لکڑی- چھپٹی- ج شِظْفَۃ-

الشَّظِف- بد خلق- بڑا جنگجو- عُوْدٌ شَظِف : ٹوٹی ہوئی لکڑی- اَرْضٌ شَظِفَۃٌ : سخت و خشک زمین-

المِشْظَف- بے ارادہ تعریض کرنے والا-

الشَّیْظَم و الشَّیْظَمِیُّ- لمبا تناور جوان (گھوڑا یا اونٹ یا آدمی) مؤنث شَیْظَمَۃ ج شَیَاظِمَۃ-

الشَّیْظَم : بوڑھا- سستی- شیر-

شَظِیَ (س) یَشْظٰی شَظًی- پھٹنا- القَوْمُ : متفرق ہونا-

شَظٰی یَشْظِی شَظْیًا- السِّقَاءُ : خوب اچھی طرح بھر جانا ___ المَیِّتُ : میت کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا-

شَظّٰی تَشْظِیَۃً- القَوْمَ : متفرق کر دینا ___ الفَرَسَ : گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا-

اَشْظٰی ___ ہ : گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا-

تَشَظّٰی- پھٹنا- متفرق ہونا ___ العودُ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا-

اِنْشَظٰی- پھٹنا-

الشَّظٰی- مص- دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان میں کے چھوٹے پھوٹے پٹھے- قوم کے پیرو- اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں-

الشَّظِیَّۃُ- کمان- پنڈلی کی ہڈی- لکڑی- ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا- ج شَظَایَا و شَظِیٌّ-

الشِّظْیَۃ- پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو-

شَعَّ (ض) شَعًّا و شَعَاعًا- المَاءُ : بکھرنا- پھیلنا (___ شَعًّا و شَعِیْعًا) جلدی کرنا-

شَعَّ (ن) شَعًّا و شَعَاعًا- المَاءَ : بکھیرنا- کہا جاتا ہے "شَعَّ الغَارَۃَ عَلَیْھِم" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا-

اَشَعَّ اِشْعَاعًا- المَاءَ و نَحْوَہٗ : بکھیرنا ___ الشَّمْسُ : شعاع پھیلنا ___ الزَّرْعُ : کھیتی میں خوشہ نکلنا ___ السُّنبُلُ : دانوں سے پر ہونا-

اِنْشَعَّ- الذِّئبُ فِی الغَنَمِ- بھیڑیئے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا-

الشَّعّ- مکڑی کا جالا- شُعُّ الشَّمْسِ : آفتاب کی کرن-

الشُّعَاع- آفتاب کی کرن- ج اَشِعَّۃ و شُعُع و شِعَاع-

الشَّعَاع- مص- خون وغیرہ کا بکھرنا- ہلکا سایہ ___ مِنَ اللَّبَنِ : زیادہ پانی ملا ہوا دودھ' ہر بکھری ہوئی چیز- کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالعَصَاء عَلَی الحَائِطِ فَتَطَایَرَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چیتھڑے اُڑ گئے- و "ذَھَبَ القَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی و "طَارَ قَلْبُہٗ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا- و "طَارَتْ نَفْسُہ شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان ہو گیا-

شُعَاعُ السُّنْبُلِ و شَعَاعُہٗ و شِعَاعُہٗ و شَعُّہٗ- خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ خوشہ پر رہے-

الشَّعُّ و الشَّعِیْعُ- جلدی- و الشَّعُّ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ : بکھری ہوئی-

شَعَبَ (ف) شَعْبًا- الشَّیْئَ : جمع کرنا- متفرق کرنا- درست کرنا- بگاڑنا (ضد) پھاڑنا-

___ الشَّیْئُ : ظاہر ہونا ___ القَوْمُ : متفرق ہونا ___ الرَّجُلُ : مرنا- شَعَبَتْہُ المَنِیَّۃُ : اچانک ہلاک کرنا ___ فُلَانًا : مشغول کرنا ___ اللِّجَامُ الفَرَسَ : لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا- کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِیْ شُعْبَۃً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصّہ مجھ کو دو- شَعَبَ اِلَی القَوْمِ : اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا ___ الاَمِیْرُ رَسُوْلًا اِلٰی مَوْضَعِ کَذَا : پیغامبر بنا کر بھیجنا-

شَعِبَ (س) شَعَبًا- الرَّجُلُ اَو الثَّوْرُ : کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا-

شَعَّبَ و اَشْعَبَ- عَنْہُ : ہمیشہ کیلئے جدا ہونا-

اَشْعَبَ الرَّجُلُ : مرنا-

شَاعَبَ- و شَاعَبَتْ نَفْسُہ : مرنا- شَاعَبَ الحَیٰوۃَ : ہلاک کرنا ___ صَاحِبَہ : دور ہونا-

تَشَعَّبُوْا- متفرق ہونا- تَشَعَّبَ الزَّرْعُ : شاخوں والی ہونا ___ النَّھْرُ : متفرق شاخیں

نکلنا ___ عَنْهُ دُور ہونا- تَشَعَّبَتْهُم الفِتْنَةُ : جدا جدا کر دینا- تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَة : متفرق شاخیں پھیلنا ___ الشَّئُ : درست ہونا-

اِنْشَعَبَ- عَنْهُ : دُور ہونا ___ اغْصَانُ الشَّجَرة : جڑ سے شاخیں نکلنا ___ الطَّرِيْقُ اوالنَّهْرُ : جدا ہونا- اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ و اِنْشَعَبَ نَفْسُهُ : مرنا ___ الشَّئُ : درست ہونا-

اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ : بات میں سے بات نکلنا-

الشَّعْب- مص - بڑا قبیلہ - لوگوں کی جماعت مثل- کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں- دوری- دُور- کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دُور کا پانی- سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ- شگاف- کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے- ج شُعُوْب-

الشُّعُوْبِيَّةُ- وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں- واحد (شُعُوْبِيٌّ)

الشِّعْبُ- پہاڑی راستہ- پانی کا راستہ- درۂ کوہ- بڑا قبیلہ- جانب- ج شِعَاب اور کہتے ہیں- "شَغَلَتْ شِعَابِي جدوای" یعنی اہل و عیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا-

الشَّعَب- مص - دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ-

الشُّعْبَة- فرقہ- کسی چیز کا گروہ- شاخ- دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ- پانی بہنے کی جگہ- وادی کی بڑی نالی- پہاڑ کی دراڑ- ج شُعَبٌ و شِعَابٌ و شُعَبُ الدَّهْرَ : زمانہ کے احوال- شُعَبُ السَّفُّوْدِ : سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں- شُعَبُ اليَدِ : انگلیاں- شُعَبُ الفَرَسِ : گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ- شُعَبُ الجِسْمِ : ہاتھ پاؤں- شُعْبَتَا الرَّجُلِ : کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَسأَلَةٌ كَثِيرُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں-

شَعْبَانُ- قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ- ج شَعْبَانَات و شَعَابِين (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوْبٌ- موت کے لیے عَلم ہے اور غیر منصرف ہے-

الاَشْعَبُ- جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو- ٹوٹے ہوئے سینگ والا- مؤنث شَعْبَاء- ج شُعْب-

الشَّعَّاب- شگاف کو درست کرنے والا- پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے-

الشَّعِيب- کجاوہ- پرانی مشک- توشہ دان- ج شُعُب-

الشَّاعِبَان- دونوں کندھے-

المَشْعَب- راستہ- کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے- ج مَشَاعِب-

المِشْعَب- سوراخ کرنے کا آلہ- ج مَشَاعِب-

المُشَعَّب- درست کیا ہوا-

شَعْبَذَ- شعبدہ بازی کرنا- بازی گری کرنا-

شَعِثَ (س) شَعَثًا- الاَمْرُ : پراگندہ ہونا- (___ شَعَثًا و شُعُوْثَةً) الشَّعْرُ : بالوں کا غبار آلود ہونا- چکٹ جانا-

شَعَّثَ- الشَّئَ : متفرق کرنا- بکھیرنا- پراگندہ کرنا ___ ہ بِخَيْرٍ : خیر پہنچانا- مِنَ فُلاَنٍ : چشم پوشی کرنا ___ مِنْهُ شَيْئًا : لے لینا- نکال لینا ___ عَنْهُ : مدافعت کرنا ___ مِنَ الطَّعَام : تھوڑا کھانا ___ الشَّاعِرُ : شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعِلاَتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں- جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے-)

تَشَعَّثَ- پراگندہ ہونا- بکھرنا ___ مِنَ الطَّعَامِ : تھوڑا کھانا ___ الشَّعْرُ : بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا ___ الشِّعْرُ : شعر میں تشعیث جاری ہونا-

الاَشْعَث- چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا- مؤنث شَعْثَاء- ج شُعْث-

الشَّعْث- پراگندگی معاملہ-

الشَّعَث- مص- کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا-

الشَّعِث وَالشَّعْثَان- چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا-

شَعَرَ (ن) شِعْرًا و شَعْرًا- الثَّوْبَ : کپڑے میں بال بھرنا ___ الرَّجُلُ : شعر کہنا ___ بِفُلاَنٍ : کسی کے لیے شعر کہنا-

شَعَر (ن) وشَعُر (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعْرىٰ وشُعْرىٰ وشِعْرىٰ وشَعْرَةً بتثلیث الشین وشعورًا وشُعُورَةً ومَشْعُوْرًا ومَشْعُورةً ومَشْعُوْرَاء- بِهِ : جاننا- محسوس کرنا ___ لَهُ : سمجھنا-

شَعِرَ (س) شَعَرًا- زیادہ اور لمبے بال والا ہونا-

شَعَّرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ___ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ : کپڑے میں بال بھرنا-

اَشْعَرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ___ الثَّوْبَ : کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ___ ہ الاَمْرَ و بِالاَمْر جتا دینا- خبر دینا- ہ الشِّعَار : شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا- اور کہا جاتا ہے "اَشْعَر الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا- اَشْعَرَهُ بِكَذَا : چپکانا ___ القَوْمُ : اپنے لیے خاص علامت مقرر کرنا- ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا-

___ اَمَرَ فُلاَنٌ : مشہور کرنا ___ الرَّجُلَ : بُرے نام سے مشہور کرنا ___ ہ شَرًّا : ڈھانپ لینا-

شَاعَرَہ فَشَعَرہ- شعروں میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا-

اُشْعِرَ- المَلِكُ : بادشاہ کا قتل کیا جانا-

تَشَعَّرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا-

تَشَاعَرَ- بتکلف شاعر بننا-

اِسْتَشْعَرَ- الجَنِيْنُ : جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ___ الشِّعَارَ : پہننا ___ القومُ : ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا ___ بِالثَّوْبِ : شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا- کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوفَ اللّٰه" اللہ کے خوف کو

اپنے قلب کے لیے شعار بنالو۔

الشَّعْرُ والشَّعَرُ۔ بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُوْر۔ واحد (شَعْرَةٌ) ج شَعَرَاتٌ۔ شَعْرُ الغُوْلِ :ایک قسم کی نباتات۔

الشِعْر۔ مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار۔ "لَيْتَ شِعْرِيْ فُلَانًا اوعَنْ فُلَانٍ اَوْلِفُلَانٍ مَاصَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِعْرَة۔ بال کا ایک ٹکڑا (____ والشِعْرَاء) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَعِرُ والشَعْرَانِيّ۔ بہت اور لمبے بال والا۔

الشَعَار۔ درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحَجِ :احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)

الشِعَار۔ مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللَّيْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت 'بدن کے بالوں سے متصل لباس' گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرة وشُعُر۔ شِعَارُ الحَج: علامت و رسوم حج۔ و شِعَارُ المَمْلَكَةِ: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)

الشَعِيْرُ۔ جو۔ واحد (شَعِيْرَةٌ) ج شَعِيْرَاتٌ اور شَعِيْرَةٌ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہانجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے۔

الشَعِيْرَة۔ علامت۔ ج شَعَائِر۔ شَعَائِر الحَج :حج کے رسوم وعلامات۔

الشَعِيْرِي۔ شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔

الاَشْعَر۔ بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء۔ ج شُعْر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشْعَرُ الرَّقَبَةِ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَر :ج اَشَاعِر :جانور کے کھر کے گرد اگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَعْرَاء۔ الاَشْعَر کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڈر۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء :بہت درختوں والی زمین۔ رِمَالٌ شَعْراء : نصی نامی گھاس اُگانے والا ریگستان۔ الشَعْرَاء مِنَ الدَّوَاهِي : سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر۔

الشَاعِر۔ فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء۔ مؤنث شَاعِرَة۔ ج شَوَاعِر و شَاعِرَات۔ شِعْرٌ شَاعِرٌ : عمدہ شعر۔

الشِعْرَى۔ ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُعْرُوْر۔ گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو خِنْذِيْذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجہ والے کو شُعْرُور کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُعْرُور : چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِيْر واحد (شُعْرُوْرَة)

المَشْعَر۔ علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر۔ المَشَاعِر :حواس۔

شَعْشَعَ۔ الشَرَابَ :پانی ملانا ____ الشَيْئَ : بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کی روشنی پھیلنا ____ الضَوْءُ : روشنی پھیلنا۔ شَعْشَعَ عَلَيْهِمُ الخَيْلَ : سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ۔ الشَهْرُ :مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَعْشَع والشُعْشُع والشَعْشَاع والشَعْشَعَان والشَعْشَعَانِيّ۔ لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (____ والشَعْشَع) مِنَ الظِلِّ: ہلکا سایہ۔

شَعَفَهُ (ف) شَعْفًا۔ الحُبُّ : محبت کا دل پر غالب ہونا ____ ہ بالقِطْرَان : قطران ملنا ____ الشَيْئُ الشَيْئَ :غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا۔ بِفُلَانٍ وبِحُبِّ فُلَانٍ : شیفتہ و فریفتہ ہونا ____ النَّاقَةُ :اونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعْفَاء)

شَعِفَ۔ بِفُلَانٍ : کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَعَف۔ مص۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَعْفَةُ۔ اسم مرۃ۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔

الشَعَفَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔

الشَعَفَةُ مِنَ القَلْبِ :دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے و شَعَفَةُ كُلِّ شَيْئٍ : ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعَف وشُعُوف وشِعَاف وشَعَفَات۔

الشَعَاف۔ محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔

الشَعَاف۔ شیفتگی و فریفتگی۔

المَشْعُوْف۔ محبت میں دیوانہ و شیفتہ۔

شَعَلَ (ف) شَعْلًا۔ النَّارَ : آگ بھڑکانا ____ الاَمْرَ :غور کرنا۔

شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْعَلَّ۔ الفَرَسُ : گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِلٌ وشَعِلٌ واَشْعَلُ)

شَعَّلَ۔ النَّارَ :آگ بھڑکانا۔

اَشْعَلَ۔ النَّارَ :آگ بھڑکانا۔ ہ :غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا ____ الجَمْعَ :متفرق کرنا ____ الخَيْلَ فِي الغَارَةِ :سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا ____ السَقْيَ :اچھی طرح سیراب کرنا۔ اَشْعَلَتِ القِرْبَةُ : مشک کا متفرق ٹپکنا ____ الطَعْنَةُ : جگہ جگہ خون ٹپکنا ____ العَيْنُ :زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔

اِشْعَلَّ اِشْعِلَالًا واشْعَالَّ اِشْعِيْلَالًا رَاْسُ الرَجُلِ :کھڑے بال والا ہونا ____ الفَرَسُ : گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ۔ النَارُ :آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَعَلَ الرَاْسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ واشْتَعَلَ فُلَانٌ وہ غصہ سے بھڑک اُٹھا۔

الشَعْل۔ مص۔ غُلَامٌ شَعْلٌ :سبک تیز خاطر

لڑکا۔

الشَعَل۔ مص ۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔

الشُعْلَة۔گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ ۔ج شُعَل۔

الشَعِيْل۔ ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَعِيْلَة۔ بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل۔

الاَشْعَل۔ مِنَ النَّاسِ : پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

المِشْعَل و المِشْعَال۔ چھنا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل و مَشَاعِيْل۔

المَشْعَلُ و المَشْعَلَةُ۔ قندیل۔ ج مَشَاعِل

المَشْعَلَة : آگ بھڑکانے کی جگہ۔

الشُعْلُوْل۔ آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيْل۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا شَعَالِيْل" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْمًا۔ الرَجُلُ : لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَنَ۔ عَدُوَّہ : دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْعَانَّ و اِشْعَنَّ۔ شَعْرُهٗ : چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

الشَعَن۔ خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْعُوْن) پراگندہ بال۔

الشَعَانِيْن۔ عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِيْن)

رَجُلٌ (مُشْعَانُّ) الرَاسِ : پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔

شَعْنَبَ۔ الكَبْشُ : سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشَعْنَب و مُشَعْنِب)

شَعَا يَشْعُوْ شَعْوًا۔ الشَعْرُ : بالوں کا کھڑا ہونا۔

شَعِيَتْ تَشْعٰی شَعًا۔ الغَارَة : چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)

اَشْعٰی۔ بِهٖ : اہتمام کرنا ــــــ القَوْمُ الغَارَةَ : چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غَارَةٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَجَرَةٌ شَعْوَاء : پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔

الشَاعِي۔ فا۔ دور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِيَة ج شَوَاعٍ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ شَوَاعِي و شَوَائِع" گھوڑے متفرق آئے۔

الشُعْي۔ پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَة)

شَعْوَذَ شَعْوَذَةً۔ شعبدہ بازی کرنا۔ نظربندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ و مُشَعْوَذٌ)

شَغَبَ (ف) و شَغِبَ (س) و شَغْبًا و شَغَبًا و شَغَّبَ۔ القَوْمَ و بِهِم و عَلَيْهِم : فساد برپا کرنا۔ تباہی ڈالنا۔ صفت (شَغِب و شِغَبّ و شَغَّاب و مِشْغَب و مُشَاغِب و ذو مَشَاغِب)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا۔ عَنِ الطَرِيْقِ : ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَه۔ جھگڑا کرنا۔

تَشَاغَبَ۔ الرَجُلُ : نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْهُ كَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔

الشَغْبُ و الشَغَبُ۔ مص۔ شور و غوغا۔

الشَغُوبُ۔ فساد انگیز۔ جھگڑالو۔

تَشَغْبَرَت۔ الرِيْحُ : ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

الشَغْبَر۔ گیدڑ۔

شَغَرَتْ (ن) شُغُوْرًا۔ الاَرْضُ : بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَةٌ) ــــــ الرَجُلُ : دور ہونا ــــــ السِعْرُ : بھاؤ گھٹنا ــــــ النَّاسُ : لوگوں کا متفرق ہونا۔

شَغَرَهٗ (ن) شَغْرًا و شِغَارًا۔ عَنْ بَلَدِهٖ : جلا وطن کرنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا۔ الكَلْبُ : کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا ــــــ النَّاقَةَ : اونٹنی کا ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔

شَاغَرَهٗ مُشَاغَرَةً و شِغَارًا۔ کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کر دے ــــــ الرَجُلَانِ عَلَيْهِ : ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔

اَشْغَرَ۔ المَنْهَلُ : چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔ ــــــ الرُفْقَةُ : ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔

ــــــ الحِسَابُ عَلَيْهِ : کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

اِشْتَغَرَ۔ الحِسَابُ عَلَيْهِ : خلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔ ــــــ الاَمْرُ : بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ ــــــ عَلَيْهِ : دست درازی کرنا۔ فخر کرنا ــــــ الحَرْبُ بَيْنَ الْقَوْمَيْنِ : وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِي الفَلَاةِ : بیابان میں دور تک جانا۔

تَشَغَّرَ۔ البَعِيْرُ : تیز دوڑنا ــــــ فِيْ اَمْرٍ قَبِيْحٍ : انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے تَفَرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ و شِغَرَ و بِغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شَغَارٌ) خالی برتن۔

الشِغَار۔ مص ۔ دھتکار۔ جلا وطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ و آبَارٌ شِغَارٌ : بہت پانی والے وسیع کنوئیں۔

الشَغَّارَة۔ چقماق۔

الشِغِيْر۔ بد خلق۔

المِشْغَر۔ وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔

الشَوْغَر۔ مضبوط خلقت۔

الشَوْغَرَة۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔

الشُغْرُوْر۔ ایک قسم کی گھاس۔

الشَغْرَبِيَّة۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔

شَغَزَ (ف) شَغْزًا۔ علیهم : زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا ــــــ بَيْنَهُمْ : بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔

الشَغْزَبِيَّة۔ بمعنی الشَغْرَبِيَّة۔

تَشَغْزَبَتِ۔ الرِيْحُ : ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغْشَغَ۔ الشَيَ : داخل کرنا' نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے ــــــ المُلْجِم : جانور کو سدھانے کے لیے لگام کو ہلانا۔ فِي الاَمْرِ : جلدی کرنا ــــــ فِي الشُرْب : کم کرنا ــــــ فِي الاِنَاءِ مَاءً ا و غَيْرِهٖ : بغیر بھرنے کے ڈالنا ــــــ البِئْرَ : گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِي" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔

شَغَفَهٗ (ف) شَغْفًا۔ دل کے پردے کو زخمی کرنا

___ فُؤَادَہٗ: دل پر غالب ہونا ___ لَنَبِیْشُ: سبزی نکل آنا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا و شُغِفَ بِهٖ: فریفتہ ہونا۔
شَغَفَ حُبُّهٗ: محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔
تَشَغَّفَ النَّاسَ: وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔
الشَّغْفُ۔ مص۔ دل کا پردہ۔
الشَّغَفُ۔ مص۔ انتہائی محبت۔ شَغَفُ الْقَلْبِ: دل کا پردہ۔
الشَّغَافُ۔ دل کا پردہ۔ سویداء دل۔ ج شُغُفٌ و اَشْغِفَةٌ۔
الشَّغَافُ و الشُّغَافُ۔ ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے ہوتی ہے۔
الشُّغْفُو۔ خوبصورت عورت۔
شَغَلَهٗ (ف) شَغْلًا و شُغْلًا و اَشْغَلَهٗ بِكَذَا: مشغول کرنا ___ عَنْهُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْهُ بِكَذَا: مشغول رہنا۔ کسی کام میں لگا رہنا۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَهٗ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔
شَغَّلَهٗ۔ مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)
تَشَغَّلَ و تَشَاغَلَ و اِشْتَغَلَ بِكَذَا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُهٗ: مبتلائے افکار ہو کر پریشان ہونا۔ اشْتَغَلَ فِيْهِ السَّمُّ: زہر کا اثر کرنا ___ الدَّوَاءُ فِيْهِ: دوا کا مفید ہونا۔ و تَشَاغَلَ عَنْهُ: غافل ہونا۔
الشُّغْلُ و الشُّغُلُ و الشَّغْلُ۔ معروفیت۔ مشغولیت۔ ج اَشْغَالٌ و شُغُوْلٌ۔
الشُّغْلُ۔ پری۔ بھراؤ۔
الشَّاغِلُ۔ فا۔ مبالغہ کی صورت میں۔ "اَنَا فِيْ شُغْلٍ شَاغِلٍ" کہا جاتا ہے۔
الشُّغْلَةُ۔ اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شُغَلٌ۔
الشَّغِلُ۔ کام میں لگا ہوا۔ معروف۔
الشَّغَّالُ۔ بہت کام والا۔
الاُشْغُوْلَةُ و المَشْغَلَةُ۔ کام۔ مشغلہ۔
المَشْغُوْلُ۔ مفع۔ بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَشْغُوْلٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَارٌ مَشْغُوْلَةٌ: آباد گھر۔ جَارِيَةٌ مَشْغُوْلَةٌ: شوہر والی۔ مَالٌ مَشْغُوْلٌ: تجارت و کاروبار میں لگا ہوا مال۔
الشَّغِمُ۔ لالچی۔ بہت حریص۔
الشُّغْمُوْمُ و الشِّغْمِيْمُ۔ خوبصورت لمبا۔
الشُّغْنَةُ۔ ترٹہنی۔ ج شُغَنٌ۔
الشُّغْنُبُ و الشُّغْنُوْبُ۔ نازک و ترٹہنی۔
شَغَتْ تَشْغُوْ شُغُوًّا و شَغِيَتْ تَشْغٰى شَغًا۔ السِّنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔
شَاغِيَةٌ۔ ج شَوَاغٍ اور ایسے دانت والے کو (اَشْغٰى) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاء و شَغْيَاء) ج شُغْوٌ۔
اَشْغٰى اِشْغَاءً۔ القَوْمَ بِهٖ: لوگوں کی مخالفت کرنا ___ فُلَانٌ رَايَهٗ: پریشان کرنا۔
الشَّغْوَاءُ۔ عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوْفًا و شَفِيْفًا و شَفَفًا۔ الشَّيْءُ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِيْفٌ و شَفَّافٌ) عَنْهُ الثَّوْبُ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا۔ (___ شُفُوْفًا) الجِسْمُ: بدن کا دبلا ہونا (___ شَفًّا) الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتَ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔ "هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيْلًا" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔
___ لَهُ الْاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا (___ شَفِيْفًا) فَمُ فُلَانٍ: دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔
شَفَّهٗ (ن) شَفًّا و شُفُوْفًا و شَفَفَهٗ۔ المَرَضُ او الهَمُّ: کمزور کرنا۔ دبلا کرنا۔ شَفَّ المَاءَ: سب پانی پی لینا۔
اَشَفَّهٗ۔ عَلٰى فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰى فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا ___ الدِّرْهَمَ: زیادہ کرنا یا کم کرنا۔
اِشْتَفَّ و تَشَافَّ۔ مَافِي الْاِنَاءِ: برتن سے سارا پی جانا اور کھا جانا۔ "اِشْتَفَّ البَعِيْرُ الحِزَامَ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔
اِسْتَشَفَّ۔ لَهُ السِّتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا ___ الثَّوْبَ: کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لیے روشنی میں پھیلانا ___ الشَّيْءَ: دیکھنا اور معلوم کرنا ___ الكِتَابَ: غور کرنا۔
___ ہ: بار کی چیز دیکھنا ___ مَافِي الْاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا ___ پوری پوری رغبت کرنا۔
___ فِيْ تِجَارَتِهٖ: تجارت میں فائدہ اٹھانا۔
الشَّفُّ و الشِّفُّ۔ کپڑا یا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌّ و شِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوْفٌ۔ الشِّفُّ: تھوڑی چیز۔
الشَّفِيْفُ۔ مص۔ آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَافٌ ثَوْبٌ شَفِيْفٌ: باریک کپڑا۔
الشَّفَفُ۔ مص۔ کم۔ ہلکاپن۔ بدحالی۔
الشَّفَّانُ۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الشُّفَافَةُ۔ برتن کا بقیہ پانی۔ شُفَافَةُ النَّهَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔
المَشْفُوْفُ۔ بدبودار پھنسیوں والا۔
شَفْتَرَ و اِشْفَتَرَّ۔ القَوْمُ: تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَتَرَّ العُوْدُ: ٹوٹنا ___ السِّرَاجُ: زیادہ چوڑی بتی کا ہونا۔
شَفْتَنَ شَفْتَنَةً۔ جماع کرنا۔
شَفِرَ (س) شَفَارَةً۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔
شَفَّرَ۔ المَالُ: کم ہونا ___ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ___ عَلَى الاَمْرِ: متوجہ ہونا ___ الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الشَّفْرُ و الشُّفْرُ۔ ج اَشْفَارٌ و (الشَّفِيْرُ) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ ___ مِنَ الوَادِيْ: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ شَفْرٌ و شُفْرٌ و شَفْرَةٌ" گھر میں کوئی نہیں۔
الشَّفْرَةُ۔ بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْرٌ و شِفَارٌ و شَفَرَاتٌ۔ الشَّفْرَةُ۔ نوکر: خادم۔ عیش (مُشْفِرٌ) تنگ زندگی۔
المِشْفَرُ۔ شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا

ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اونٹ کے ہونٹ کے لیے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِر۔

الشُّفَارِج۔ میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔

شَفَزَهُ (ض) شَفْزًا۔ لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔

شَفْشَفَ۔ الرَّجُلُ: کانپنا۔ بد خلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ و مُشَفْشَفٌ) ___ بِهِ: خلط ملط ہونا ___ الدَّوَاءَ عَلَى الْجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا ___ الْهَمُّ فُلَانًا: دبلا کرنا ___ الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا ___ الْحَرُّ و الْبَرْدُ الشَّيْءَ: خشک کرنا ___ عَلَيْهِ: ڈرنا۔

تَشَفْشَفَ۔ النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔

الشَّفْشَاف۔ اولوں والی بارش۔ عوام ففناف کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَافٌ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

شَفَعَ (ف) شَفْعًا۔ الشَّيْءَ: جوڑا کرنا۔ دہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وِتْرًا فَشَفَعَهُ بِآخَرَ" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا ___ جَارَهُ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا ___ النَّاقَةُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شَفَعَ) لِيَ الْأَشْخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دو دکھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)

شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً۔ لِفُلَانٍ أَوْ فِيْهِ إِلَى زَيْدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيْهِ بِالْعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِيْنِي وَلَهُ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لیے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے ___ لِفُلَانٍ فِي الْمَطْلَبِ: کسی کے لیے کوشش کرنا۔

شَفَّعَ۔ الشَّيْءَ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِيْ فِي فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ۔ لِيْ وَإِلَيَّ بِفُلَانٍ أَوْ فِيْ فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ۔ زَيْدٌ إِلَى عَمْرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا ___ لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الشَّفْعُ۔ مص۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "أَشَفْعٌ هُوَ أَمْ وِتْرٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج أَشْفَاع و شِفَاع۔

الشُّفْعَةُ۔ عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ ___ مِنَ الضُّحَى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع۔

الشَّافِعُ۔ فا۔ نَاقَةٌ شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اونٹنی۔ عَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَةٌ (شَفُوْعٌ) ایک دفعہ کے دوھنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔

الشَّفِيْعُ۔ سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء۔ الشَّفِيْعُ مِنَ الْعَدَدِ: جفت۔

الْأَشْفَعُ۔ لمبا۔

الْمُشَفَّعُ۔ وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔

الْمُشَفِّعُ۔ سفارش قبول کرنے والا۔

الْمَشْفُوْعُ۔ پاگل دیوانہ۔ اِمْرَأَةٌ مَشْفُوْعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔

شَفِقَ (س) شَفَقًا۔ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔ خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ و شَفُوْقٌ و شَفِيْقٌ) شَفِقَ مِنَ الْأَمْرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا ___ عَلَى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔

شَفَّقَهُ۔ مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّيْءَ: کم کرنا ___ الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔

أَشْفَقَ۔ الشَّيْءَ: کم کرنا ___ عَلَيْهِ مِنْهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا ___ عَلَى الصَّغِيْرِ: مہربان ہونا ___ الرَّجُلُ: شفق کا وقت پانا ___ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اڑانا۔

الشَّفَقُ۔ مص۔ غروب آفتاب کے بعد افق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیزیں، دن۔ خوف۔ جانب۔ ثَوْبٌ شَفَقٌ کمزور کپڑا۔ ج أَشْفَاق۔

الشَّفَقَة۔ مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْنِيْ مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيْ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔

الْمِشْفَلَةُ۔ اوجھ۔ ج مَشَافِل۔

شَفَنَ (ض) و شَفِنَ (س) شُفُوْنًا۔ الرَّجُلَ و إِلَى الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ و شَفُوْنٌ)

الشَّفْنُ و الشَّفِنُ۔ زیرک و دانا۔ الشَّفْن: انتظار۔ میراث کا منتظر۔

الشَّفُوْن۔ بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدت حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن۔

الشَّفَنْتَرِي و الشَّفَنْتَرَى۔ متفرق۔

شَفَهَ (ف) شَفْهًا۔ فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا ___ الْإِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ الْعِيَالُ تَشْفَهُ مَالِي" قریب ہے کہ میرے اہل و عیال میرے مال کو ختم کر دیں ___ هُ عَنِ الْأَمْرِ: غافل کر دینا۔

شُفِهَ۔ زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا ___ الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا ___ الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوْهٌ)

شَافَهَهُ شِفَاهًا و مُشَافَهَةً۔ رو در رو گفتگو کرنا ___ الشَّيْءَ: قریب ہونا۔

الشَّفَةُ و الشِّفَةُ۔ مِنَ الْإِنْسَانِ: ہونٹ۔ ج شِفَاه و شَفَهَات اور نسبت کے لیے (شِفِيّ و شَفَهِيّ و شَفَوِيّ) اور تصغیر (شُفَيْهَة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَّفَةِ" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهُ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ و "مَا أَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمْتُهُ بِبِنْتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔

شَفَةُ الشَّيْءِ كَالدَّلْوِ: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔

الشَّافِه۔ پیاسا۔

الشُّفَاهِيّ و الْأَشْفَه۔ بڑے ہونٹوں والا۔

الْحُرُوْفُ الشَّفَهِيَّةُ۔ ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔

الْمَشْفُوْه۔ مفعو۔ مَاءٌ مَشْفُوْهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَشْفُوْهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْفُوْهُ الْمَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور

بہت داد و دہش والا ہے۔
شَفَا يَشْفُو شَفْوًا-الهِلَالُ : چاند کا طلوع ہونا ___ الشَّخْصُ : ظاہر ہونا ___ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ___

الشَّفَا- نئے چاند کا بقیہ حصّہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو- ہر چیز کا حد و کنارہ- تثنیہ شَفَوَان- ج اَشْفَاء- آدمی کے لیے موت کے وقت اور چاند کے لیے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لیے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَابَقِيَ مِنْهُ اِلاشَفَا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الاَشْفٰى- جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں-

شَفٰى يَشْفِي شِفَاءً- اَللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَرَضِ : تندرست کرنا- صحت یاب کرنا ___ فُلَانٌ فُلَانًا : کسی کیلئے شفا مانگنا ___ الشَّمْسِ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا- (___ و شَفِيَ (س) شَفِيَ) الهِلَالُ : نئے چاند کا غروب ہونا-

شُفِيَ-المَرِيْضُ : صحت پانا- تندرست ہونا-

اَشْفٰى اِشْفَاءً- فُلَانًا : شفا مانگنا ___ عَلَيْهِ : کنارے پر آلگنا اور اسی سے ہے "اَشْفَى المَرِيْضُ عَلَى المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آلگا ___ العَلِيْلُ : حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کیلئے) ___ المُسَافِرُ : آخری رات کی چاندنی میں چلنا ___ المَرِيْضَ : مفید دوا بتانا- تم کہتے ہو "اَشْفِنِيْ" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو- اَشْفَاهُ الشَّيْءَ : مفید چیز دینا- شفا حاصل کرانے والی چیز دینا-

تَشَفّٰى-مِنْ غَيْظِهٖ : غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفَّيْتُ مِنْ فُلَانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا (___ و اِشْتَفٰى) بِكَذَا : شفا حاصل کرنا-

اِسْتَشْفٰى- بِهٖ : شفا چاہنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُسْتَشْفٰى بِرَاْيِهٖ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے ___ المَرِيْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ : صحت یاب ہونا-

الشِّفَاء- مص- دوا- (مجاز ہے اس لیے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا)
ج اَشْفِيَةٌ ج اَشَافِيُ-

الشَّافِي- فا- مِنَ الاَدْوِيَةِ و نَحْوِهَا : مفید دوا وغیرہ- الجَوَابُ الشَّافِي : ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو-

الاِشْفٰى- سُتَالِي- سُوجا- ج- اَشَافٍ-

شَقَّ (ن) شَقًّا- الشَّيْءَ : پھاڑنا- جدا جدا کرنا- اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاءَ القَوْمِ "اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا- و "شَقَّ فُلَانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا-

شَقَّ (ن) شَقًّا و مَشَقَّةً- الاَمْرُ : دشوار ہونا ___ عَلٰى فُلَانٍ : مشقت میں ڈالنا ___ البَرْقُ : بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا ___ الفَرَسُ : دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا (___ شُقُوْقًا) النَّبْتُ : اُگنا ___ نَابُ البَعِيْرِ : دانت نکلنا (___ شَقًّا) الصُّبْحُ : فجر طلوع ہونا-

شَقَّقَ- الحَطَبَ : لکڑی پھاڑنا- چیرنا ___ الكَلَامَ : بر محل کہنا-

شَاقَّهٗ شِقَاقًا و مُشَاقَّةً- مخالفت کرنا- دشمنی کرنا-

تَشَقَّقَ- اَلْحَطَبُ : لکڑی کا پھٹنا- چرنا- الفَرَسُ : گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عَصَاهُمْ بِالبَيْنِ" ان کا معاملہ تتربتر ہو گیا-

تَشَاقَّ- القَوْمُ : باہم مخالفت کرنا- باہم عداوت کرنا ___ الرَّجُلَانِ- باہم خوب جھگڑا کرنا-

تَشَاقُّوْا ثِيَابَهُمْ : ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا-

اِنْشَقَّ- الشَّيْءُ : شگاف پڑنا ___ الاَمْرُ : پراگندہ و پریشان ہونا ___ الفَجْرُ : فجر طلوع ہونا- کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عَصَاهُمْ" ان کا معاملہ تتربتر ہو گیا-

اِشْتَقَّ- الشَّيْءَ : آدھا لینا ___ الكَلِمَةَ مِنَ الكَلِمَةِ مشتق کرنا جیسے الضَّرْب سے ضَرَبَ ___ الفَرَسُ فِيْ عَدْوِهٖ : دائیں بائیں جانا ___ فِي الكَلَامِ او الخُصُوْمَةِ : ادھر ادھر ہٹ جانا ___ الطَّرِيْقَ فِي الفَلَاةِ : بیابان میں راستہ طے کرنا-

الشَّقُّ- مص- شگاف- پھٹن- صبح پھٹی ہوئی جگہ- مشقت- ہر چیز کا آدھا- ج شُقُوْقٌ-

الشِّقُّ- جانب- کنارہ- انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو- مشقت- سگا بھائی- ہر چیز کا آدھا- کہا جاتا ہے "المَالُ بَيْنِي وَبَيْنَكَ شِقَّ اَوْ شَقَّ شَعْرَةٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے-

الشِّقَّةُ- کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ- پھاڑا ہوا ٹکڑا- چیز کا آدھا حصّہ جبکہ پھاڑ لیا جائے- ج شِقَقٌ و شِقَاقٌ-

الشِّقَّةُ و الشُّقَّةُ- دور کا سفر- مسافت جس کو مسافر طے کرے- راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لیے دشوار ہو- وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے- مشقت- ج شُقَقٌ-

الشَّقِيْقُ- دو حصّوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ- حقیقی بھائی- نظیر-

الشَّقِيْقَةُ- حقیقی بہن- باغوں کے درمیان سخت زمین- بہت بارش ___ مِنَ البَرْقِ : اُفق آسمان میں پھیلنے والی بجلی- آدھا سیسی کا درد- ج شَقَائِقُ- شَقَائِقُ النُّعْمَانِ : گل لالہ- واحد- شَقِيْقَةُ النُّعْمَانِ-

الاَشَقُّ- مِنَ الخَيْلِ : دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا- فَرَسٌ اَشَقُّ المَنْخَرَيْنِ : وسیع نتھنوں والا گھوڑا-

المَشَقَّةُ و المِشَقَّةُ- دشواری- محنت- ج مَشَاقُّ و مَشَقَّاتٌ-

شَقَاَ (ف) شَقْاً و شُقُوْءًا- النَّابُ : دانت نکلنا ___ شَعْرَ الرَّاسِ : مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا ___ رَاْسَهٗ : سر پھاڑنا ___ فُلَانًا : کسی کی مانگ پر مارنا-

المَشْقَا- مانگ-

المِشْقَاُ و المِشْقَاءُ و المِشْقَاَةُ- کنگھا-

شَقُحَ (ک) شَقَاحَةً- قبیح ہونا- صفت (شَقِيْحٌ)

شَقَحَ (ف) شَقْحًا- الشَّيْءَ : توڑنا ___

الجَوْزَةَ: گرمی نکالنا ــــ ہ اللّٰہ: قبیح بنانا ــــ الكَلْبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لیے ٹانگ اُٹھانا۔

شَاقَحَهُ مُشَاقَحَةً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَشْقَحَهُ۔ دور کرنا (اَشْقَحَ و شَقَّحَ) البُسْر: رنگ پکڑنا ــــ النَّخلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شُقْحًا و شُقْحًا) لَهُ: یعنی اس کے لیے دوری ہو۔

الاَشْقَح۔ سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ۔ ج شُقْح۔

الشُّقْحِيُّ۔ سرخ رنگ والا۔

شَقِذَ (س) شَقَذًا۔ تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقَذ و شَقِذ و شَقِيْذ وشقذان)

شَقَذَ (ض) شَقْذًا و شَقِذَ (س) شَقَذًا۔ دور جانا۔

شَاقَذَهُ۔ باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔

اَشْقَذَهُ۔ دھتکارنا۔

الشَّقَذ و الشُّقَذ و الشِّقَذ۔ گرگٹ کا بچہ۔ ج شُقْذَان و شُقَاذَى۔ الشُّقذ: مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں" و "هٰذَا لَيْسَ بِهِ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" اس میں کوئی خلل اور نقصان نہیں۔

الشِّقْذَان۔ بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بطّ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔

الشَّقَذَان۔ مص ج شِقْذَان و (الشِّقْذ و الشُّقْذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔

الشَّقْذَاء۔ بہت بھوکا عقاب۔

شَقِرَ (س) و شَقُرَ (ک) شَقَرًا و شُقْرَةً۔ سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اَشْقَر) مؤنث شَقْرَاء ج شُقْر۔

اِشْقَرَّ۔ گہرا سرخ و زرد رنگ کا ہونا۔

الشَّقْر۔ امر مقصود و دلچسپ۔ ج شقور: کہا جاتا ہے "اَفْضَيْتُ اِلَيْهِ بِشُقُوْرِى" میں نے اپنے ان اُمور پر اس کو مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بَثَّهُ شُقُوْرَهُ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔

الشُّقَر۔ مرغ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالشُّقَرِ و البُقَر" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔

الشَّقِر و الشَّقِرَان و الشُّقَّار و الشُّقَّارَى۔ ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔

الشِّقِرَّاق و الشِّقِرَّاق۔ فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقْرُق اور شَرَقْرَق بھی کہتے ہیں۔

شَقْشَقَ شَقْشَقَةً۔ الجَمَل: اونٹ کا بلبلانا ــــ الطَّيْرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

الشِّقْشِقَةُ۔ بوقت مستی اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج شَقَاشِق اور فصیح کیلئے "هَدَرت شِقْشِقَتُه" کہا کرتے ہیں۔ و "فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔

شَقَّصَ۔ الذَّبِيْحَة: ذبح کیے ہوئے جانور کو حصہ داروں کیلئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔

الشِّقْص۔ حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔

الشَّقِيْص۔ شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔

المِشْقَص۔ چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشَاقِص۔

المُشَقِّص۔ قصاب۔

الشَّقِيْط۔ مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔

الشَّقِيْظ۔ پکی ہوئی مٹی۔

شَقَعَ (ف) شَقْعًا۔ فِى الْاِنَاءِ: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔

الشَّقَف۔ ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے واحد (شَقَفَةٌ)

الشَّاقُوْف۔ عندالبَنَّائِيْن: لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ مِلْطَاس اور مِلْطَس ہے۔

شَقَلَ (ن) شَقْلًا۔ الدَّرَاهِمَ: تولنا ــــ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

شَوْقَلَ شَوْقَلَةً۔ حلیم و بردبار ہونا۔

الشَّاقُوْل۔ معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔

شَقَنَ (ن) شَقْنًا و اَشْقَنَ۔ العَطِيَّة: کم دینا۔ و اَشْقَنَ الرَّجُلُ: کم مال ہونا۔

شَقُنَ (ک) شُقُوْنَةً۔ العَطَاءُ: کم ہونا۔ صفت (شَقْنٌ و شَقِنٌ و شَقِيْنٌ)

المِشْقَن۔ ہنگا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)

شَقَا يَشْقُوْ شَقْوًا و اَشْقٰى۔ اللّٰہ فُلَانًا: بدبخت بنانا۔ اَشْقٰى شَعْرَه: کنگھی کرنا۔

شَقِيَ يَشْقٰى شَقًا و شَقَاءً و شَقَاوَةً و شِقَاوَةً و شَقْوَةً و شِقْوَةً۔ بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيٌّ) ج اَشْقِيَاء۔

شَاقٰى۔ فُلَانًا: بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شَاقَانِىْ فَشَقَوْتُه" اس نے بدبخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت رہا ــــ ہٗ فِى الحَرْبِ: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا ــــ ہ عَلٰى كَذَا: صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَّاقِى۔ فا ــــ مِنَ الجِبَالِ: پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔ ج شَوَاقٍ و شُقْيَان۔

الشَّقَا و الشَّقَاء۔ مص۔ سختی۔ بدبختی۔

المِشْقٰى۔ کنگھی۔

شَكَّ (ن) شَكًّا۔ فِى الْاَمْرِ: شبہ کرنا۔ صفت فاعلی (شَاكٌّ) اور صفت مفعولی (مَشْكُوْك) فِيْهِ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا ــــ ہ بِالرُّمْحِ: ہڈی تک چھیدنا۔ شَكَّتِ الشَّوْكَةُ رِجْلَهٗ: کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمُ بُيُوْتَهُمْ: گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا ــــ الخَيَّاطُ الثَّوْبَ: کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا ــــ اِلَيْهِ البِلَادَ: طے کر کے پہنچنا ــــ الشَّيْءَ اِلَى الشَّيْءِ: ملانا ــــ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا ــــ فِى السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاكُّ السِّلَاحِ و شَاكٌّ فِى السِّلَاحِ) ج شُكَّاك۔

شَكَّ (س) شَكًّا۔ فُلَانًا و اِلَيْهِ: مائل ہونا۔

شَكَّكَهُ۔ شک و شبہ میں ڈالنا۔

تَشَكَّكَ۔ فِى الْاَمْرِ: شبہ کرنا۔

الشَّكُّ۔ مص۔ شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی درز۔ ایک دوا جو چوہوں کیلئے قاتل ہے۔ ج شُكُوْك۔

الشِّكَّةُ۔ اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جو کلہاڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کیلئے لگاتے ہیں۔ ج شِكَك اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِّكَّةِ" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔

الشُّكَّةُ۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا شُكَّةٌ بَعِيْدَةٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت

ہے۔

الشَاکَّة۔ الشاكُّ کا مؤنث گلے کی سوجن۔ ج شَوَاكُّ۔ بُیُوتٌ (شِکَاكٌ) ایک قطار کے مکانات۔

الشِکَاکَة۔ زمین کا گوشہ۔

الشَکِیْکَة۔ طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْهُ عَلٰی شَکِیْکَتِهٖ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ، میوہ کی ٹوکری۔ ج شَکَائِک و شُکُكٌ۔

اَلْمِشَكُّ۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشَاكُّ۔

الشُکِیُّ۔ سخت لگام۔

الشَکُوْک۔ بہت بالوں والی اونٹنی کہ جس کی لاغری وفربہی معلوم نہ ہو سکے۔

الشَکْشَکَة۔ تیز ہتھیار یا ہتھیار کی تیزی۔

شَکَأَ (ف) شَکْأً۔ نَابُ البَعِیْرِ: دانت نکلنا۔

شَکِئَ (س) شَکَأً۔ ظُفْرُهٗ: ناخن پھٹنا۔

اَشْکَأَتِ۔ الشَجَرَةُ: شاخیں نکالنا۔

الشُکْب۔ بدلہ۔ بخشش۔

الشُکْبَان۔ گھاس جمع کرنے کی جھولی۔

الشَوْکَحَة۔ بڑے پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔ ج شَوْکَح۔

شَکَدَ (ن) شَکْدًا و شُکْدًا۔ بخشنا۔ دینا۔

اَشْکَدَ۔ دینا۔ ردی مال جمع کرنا۔

الشُکْد۔ بخشش۔ شکریہ۔

شَوَّال۔ قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَّوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ ج شَوَّالَات۔ و ج شَوَاوِيْل۔

المِشْوَل۔ چھوٹی درانتی۔

المِشْوَال۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اٹھایا جائے۔

شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا۔ الرُّؤُوْس : دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کو کھولنا۔

تَشَوَّنَ۔ کم عقل ہونا۔

الشُّوْنَة۔ بیوقوف عورت۔

الشُّوْنَة۔ غلہ جمع کرنے کی جگہ۔ جنگی جہاز۔ ج شُوَن۔

الشَّوَّان۔ غلہ جمع کرنے والا۔

شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا و شَوْهَةً۔ الوَجْهُ : چہرہ بدشکل ہونا ___ الرَّجُلَ : خوفزدہ کرنا۔ گھبرا دینا۔ حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔ کہا جاتا ہے "شَاهَتْ نَفْسُهُ اِلٰى كَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔

شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا۔ الوَجْهُ : چہرہ کا بدشکل ہونا ___ العُنُقُ : گردن لمبی ہونا۔ چھوٹی ہونا۔ (ضد)

شَوَّهَ۔ اللّٰهُ وَجْهَهُ : چہرہ کا بدشکل بنانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔

تَشَوَّهَ۔ بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَّجُلُ شَاةً : شکار کرنا ___ لِفُلَانٍ : اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناسا کرنا۔ نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَّاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔

الشَّوْه۔ مص - بدشکلی۔ خوبصورتی (ضد) گردن

کی لمبائی وبلندی- سربلند کرنا-
الشَّوْهَة-دوری-بدشکلی-
الشَّاه-بادشاہ-نسبت کیلئے (شاہی وشاہانی)
الشَّائِه-فا-حسد کرنے والا-ج شُوَّہ-
شَاهبَنْدَر-سوداگروں کا رئیس-
شَاهبَلُّوط-شاہ بلوط کا درخت-
رَجُلٌ (شَاهُ الْبَصَرِ وشَائِهُهُ وشَاهِيْهِ) : تیز نظر والا-
الشَّاة- بکری- بکرا- جنگلی گائے- ج شَاء وشِيَاه وشِوَاه واَشَاوِه وشِيْه وشَيّه وشَوِيّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَيْهَه وشُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لیے شَاوِيّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيّ-
الشَّاهِيّ-بکری والا-
الاَشْوَه- بدشکل- جلدی نظر بد لگانے والا- متکبر- مؤنث شَوْهَاء- ج شُوْهٌ- الشَّوْهَاء : ترش رو عورت- بدشکل عورت- خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت- فَرَسٌ شَوْهَاء- تیز نگاہ والا گھوڑا- اَرْضٌ (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین-
المُشَوَّه- بدشکل : ناہموار شکل و صورت والا-
شَوَىٰ يَشْوِي شَيًّا- اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں بھونا- صفت مفعولی (مَشْوِيٌّ)
الْمَاء : پانی گرم کرنا-
شَوَّىٰ واَشْوَىٰ- القَوْمَ : بھنا ہوا گوشت کھلانا ___ الرَّجُلَ : جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو- اَشْوَىٰ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا- اَشْوَىٰ الزَّرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا ___ الرَّجُلُ : رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا- گھٹیا مال جمع کرنا- اَشْوَىٰ السَّعَفُ : درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا- اور اسی سے ہے "مَا اَعْيَاه وما اَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے-
اِنْشَوَىٰ اِنْشِوَاءً واِشْتَوَىٰ اِشْتِوَاءً- بھن جانا- اِشْتَوَى الرَّجُلُ : بھونا-
الشَّوَىٰ- گھٹیا مال- آسان معاملہ- ہاتھ پیر- جسم کے اطراف- وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (___ الشَّوَاة) کھوپڑی کا چمڑا-
الشِّوَاء والشُّوَاء- بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَة والشُّوَاءَة والشَّوَاءَة بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا-
الشَّوَّاء- گوشت بھوننے والا-
الشُّوَايَة والشَّوَايَة والشِّوَايَة والشَّوِيَّة مِنَ الْمَالِ : ردی مال- ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ- ج شَوَايَا سَعْفَة (شَاوِيَّةٌ) درخت خرما کی خشک شاخ-
الشَّوِيّ- بھنا ہوا گوشت-
المِشْوَاة- گوشت بھوننے کا آلہ- ج مَشَاوٍ-
شَاءَهُ يَشَاءُهُ شَيْئاً ومَشِيْئَةً ومَشَاءَةً ومَشَائِيَةً- چاہنا- صفت فاعلی (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مَشِيْئٌ) ___ اللّٰهُ الشَّيْئَ : مقدر کرنا- تعجب کے موقع پر "مَاشَاءَ اللّٰه" کہا جاتا ہے-
شَيَّأَهُ- عَلَى الْاَمْرِ : برانگیختہ کرنا- شَيَّأَ اللّٰهُ وَجْهَه : چہرہ کا بدشکل بنانا-
اَشَاءَهُ اِلَيْهِ اِشَاءَةً- مجبور کرنا-
تَشَيَّأَ تَشَيُّؤاً- غصہ ٹھنڈا ہونا-
الشَّيْئُ- مص- چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے- ج اشیاء جج اَشَاوِيٰ واَشَيَاوَات واَشَاوَات واَشَايَا- اور تصغیر شُيَيْئٌ وشِيَيْئٌ اور اَشْيَاء کا کلمہ غیر منصرف ہے-
الشِّيْئَة- شَاءَ کا اسم (___ والمَشِيْئَة) ارادہ-
المُشَيَّأ- بدشکل- ناہموار صورت والا-
شَابَ يَشِيْبُ شَيْبًا وشَيْبَةً ومَشِيْبًا- سفید بالوں والا ہونا- بوڑھا ہونا- صفت مذکر (اَشْيَب وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَةٌ) (مؤنث کی صفت میں شَيْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوْسُ الْاٰكَام" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں-
اَشَابَ- الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا-
اَشَابَ وشَيَّبَ- الحُزْنُ فُلَانًا وبِفُلَانٍ : غم کا بوڑھا کر دینا-
الاَشْيَب- سفید سروالا ___ مِنَ الْاَيَّامِ : برف و بادل والا دن- ج شِيْبٌ وشُيُب-
الشَّيْب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ-
الشَّائِب- فا- سفید سروالا- مؤنث شَائِبَةٌ- ج شُيَّب- مبالغہ کے طور پر "شَيْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَيْلٌ لَائِلٌ کے-
يَوْمٌ (شَيْبَان) اولہ برف بادل کا دن (___ و شِيْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے-)
الشَّيْبَة- اسم مرۃ- شباب کا اسم- ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے-
الشِّيْتَان- ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی-
شَاحَ يَشِيْحُ شَيْحًا- عَلَىٰ حَاجَتِهِ : چوکنا رہنا- کوشش کرنا-
شَيَّحَهُ- ڈرانا- شَيَّحَ خَصْمَهُ : تنگ نگاہوں سے دیکھنا-
اَشَاحَ اِشَاحَةً- فِي اَمْرِهِ : کوشش کرنا- چوکنا رہنا- محتاط رہنا ___ وَجْهَهُ وبِوَجْهِهِ واَشَاحَ عَنْهُ وَجْهَهُ : نفرت سے منہ پھیر لینا ___ المَكَانُ : شیح نامی گھاس اگانا ___ الفَرَسُ بِذَنَبِهِ : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا-
شَايَحَ مُشَايَحَةً وشِيَاحًا- جنگ کرنا- فِي الْاَمْرِ : کوشش کرنا-
الشِّيْح- ایک قسم کی گھاس- واحد (شِيْحَةٌ) ___ مِنَ الرِّجَالِ : کاموں میں کوشش کرنے والا- چوکنا رہنے والا-
الشِّيَاح- مص- کوشش- احتیاط- لحظ-
الشَّيْحَان والشِّيْحَان والمُشِيْح- لمبا- غیرت مند- محتاط-
شَاخَ يَشِيْخُ شَيْخًا وشِيُوْخَةً وشُيُوْخَةً وشِيُوْخِيَّةً وشُيُوْخِيَّةً وشَيْخُوْخَةً وشَيْخُوْخِيَّةً- بوڑھا ہونا-
شَيَّخَ- بوڑھا ہونا ___ ہ : تعظیم کیلئے یا شیخ کہہ کے پکارنا ___ عَلَيْهِ : عیب لگانا- طعن و تشنیع کرنا ___ بِهِ : رسوا کرنا-
تَشَيَّخَ- بوڑھا ہونا-
الشَّيْخُ- بڈھا- ج شُيُوْخ وشِيُوْخ واَشْيَاخ وشِيْخَة وشِيَخَة وشِيخَان- ومَشْيَخَة ومَشِيْخَةٌ و جج مَشَائِخ

وَاَشَایِیْخ مؤنث شَیْخَة اور شیخ کی تصغیر شِیَخْ وشُیَیْخ-شَیْخُ المرأَةِ-شوہراور شیخ کا اطلاق استاد-عالم- سردار قوم اور ہراس شخص پر ہے جولوگوں کے نزدیک علم وفضیلت ومرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے-شَیْخُ النَارِ :ابلیس سے کنایہ ہے-

الشَیْخُوْن-بڈھا-

شَادَیَشِیْدُشَیْدًاو شَیَّدَ-البِنَاءَ :عمارت کو بلند کرنا ــــ الحَائِط :دیوار پر گچ کرنا- جِلْدَهٗ بِالطِیْبِ : جسم پر خوشبو ملنا- شَادَ الرَجُلُ : ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِیَادًا) اونٹوں کو بلانا-

اَشَادَهٗ اِشَادَةً-ہلاک کرنا-اَشَادَبِذِکْرِہٖ : تعریف کر کے مشہور کرنا-اَشَادَ عَلَیْهِ قَبِیْحًا وبِقَبِیْح : بدنام کر کے مشہور کرنا- اَشَادَ عَلَیْهِ : کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا ــــ المُغَنِّي : گانے میں آواز بلند کرنا- اَشَادَ صَوْتَه وبِصَوْتِهٖ : برے طریقہ سے آواز بلند کرنا-اَشَادَ الضَالَّةَ : گم شدہ چیز کی تعریف کرنا ــــ البُنْیَانَ :لمبا کرنا-

الشِیْد-گچ وغیرہ کا پلستر-

المَشِیْد- مفع - پلستر کیا ہوا (ــــ والمُشَیَّد)بلند کیا ہوا-

الشَیَّار-یوم شنبہ-ج اَشْیِر وشُیُر وشِیَر-

شَیَّرَہٗ-البُرْدَ : سرخی سے دھاری بنانا-

الشِیْز والشِیْزیٰ- آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی-

اَشَاشَتِ-النَخْلَةُ : نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا-

الشِیْش- نرم گٹھلی کی کھجور- والشِیْش عِنْدَ العَامَّةِ : گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ- فصیح لفظ سَفُّوْد ہے-

شَیَّصَ-القَوْمَ : رنج وتکلیف پہنچانا-عذاب دینا-شَیَّصَتِ النَخْلَةُ : ردی کھجور والا ہونا-

الشِیْص-ایک قسم کی ردی کھجور-ایک قسم کی مچھلی-واحد(شِیْصَة)-

الشِیْص-بد خلقی-

الشِیْصَاء- نرم گٹھلی کی کھجور- واحد (شِیْصَاءَ ة)

المُشَایَصَة- ایک دوسرے سے جدائی- منافرت-

شَاطَ یَشِیْطُ شَیْطًا وشِیَاطَةً وشَیْطُوْطَةً- الشَیْئُ : جلنا- شَاطَتِ القِدْرُ : ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا- شَاطَ الزَیتُ : زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا-شَاطَتِ الذَبِیْحَةُ : ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا ــــ فُلَانٌ : ہلاک ہونا ــــ فِي الاَمْرِ : جلدی کرنا ــــ دَمُهٗ : بیکار جانا ــــ فُلَانٌ الدِمَاءَ :ملانا-یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا-

شَیَّط واَشَاطَ- اَلصقِیْعُ النَبْتَ اوالدَوَاءُ الجَرْحَ : جلانا ــــ الرَاسَ اوِ الکُرَاعَ : سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لیے جھلسنا ــــ القِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا- اَشَاطَ فُلَانًا : ہلاک کرنا- اَشَاطَ اللَحْمَ عَلَی القَوْمِ : گوشت تقسیم کرنا- اَشَاطَ السُلْطَان دَمَهٗ وبِدَمِهٖ : قتل کرنے کے لیے سامنے لانا-

تَشَیَّطَ- جلنا- کثرت جماع کی وجہ سے لاغرو کمزور ہونا-

اِشْتَاطَ اِشْتِیَاطًا- عَلَیْهِ : غصہ سے بھڑک اٹھنا ــــ الحَمَامُ : کبوتر کا خوش ہو کر اُڑنا ــــ مِنَ الاَمْرِ : ہلکا ہونا ــــ فِي الحَرْبِ :اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش کرنا-

الشِیَاط- روئی اون وغیرہ کے جلنے کی بو-

التَشْیِیْط والمُشَیَّط- گوشت جو قوم کے لیے بھونا جائے-

الشَطِيّ-غبار جو فضا میں بلند ہو-

المُسْتَشِیْط-بہت ہنسنے والا-موٹا اونٹ-

شَیْطَن وشَیْطَان-(دیکھو مادہ شطن)

شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا- بِالخَبَرِ : خبر کو پھیلانا- الاِنَاءَ :برتن کو بھرنا-

شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا وشُیُوْعًا ومَشَاعًا وشَیَعَانًا وشَیْعُوْعَةً- الخَبَرُ : پھیلنا ــــ فِیْهِ الشَیْبُ :بڑھاپا ظاہر ہونا-

شَاعَهٗ شِیَاعًا- پیچھے جانا- ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَکُم السَلَامُ وشَاعَکُمُ اللّٰهُ بِالسَلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں-

اَشَاعَ اِشَاعَةً-الخَبَرَ وبَالخَبَرِ : پھیلانا- اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَکُم اللّٰه السَلَام وبِالسَلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں- اَشَاعَ بِالاِبِل : پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا-

شَیَّعَهٗ- رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا- شَیَّعَ شَهْرَ رَمَضَان : شش عید کے روزے رکھنا ــــ الرَجُلَ : جرأت دلانا- قوی کرنا ــــ النَارَ : آگ تیز کرنے کے لیے لکڑیاں ڈالنا ــــ الشَیْئَ بِالنَارِ :جلانا- الرَجُلُ- شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ــــ الشَیْئَ : کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا-

شَایَعَهٗ- کام کے لیے کسی کے ہمراہ جانا- شَایَعَ بِهِمُ الدَلِیْلُ : رہنما کا لوگوں کو پکارنا- بِالاِبِل :پکارنا' آواز دینا-

تَشَیَّعَ- شیعہ ہونے کا دعوی کرنا ــــ اللَبَن فِي المَاءِ : بکھرنا ــــ ہ الغَضَبُ : دل میں غصہ بھڑکنا ــــ فُلَانٌ فِي الشَیْئِ : کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ــــ ہ الشَیْبُ :بڑھاپا نمایاں ہونا-

تَشَایَعَ تَشَایُعًا-القَوْمُ : مختلف گروہ ہونا- تَشَایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ : باہم موافق ہونا- تَشَایَعُوْا فِي الدَارِ : شریک ہونا- تَشَایَعَت الاِبِلُ :متفرق ہونا-

اِشْتَاعَا اِشْتِیَاعًا-فِي الدَارِ :شریک ہونا-

الشَیْع-مص- مقدار- مثل- ج اَشْیَاع-کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیْعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "کَمَا فَعَل بِاَشْیَاعِهِم" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا- وَاَقَمْتُ عِنْدَهٗ شهرًا او شَیْع شَهْرٍ : میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی-و "کَانَ مَعَهٗ مِائة رَجُلٍ او شَیْعُ ذٰلِكَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے-و "نَزَلُوْا مَوضَع کَذَا او شَیْعَه" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب

اُترے۔ "آتِیکَ غَدًا و شَیْعَهٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَّاعَة۔ بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔

شِیْعَةُ۔ الرَّجُلُ : پیرو مددگار۔ ج شِیَع وَاَشْیَاع والشِّیْعَةُ : فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِیْعِیّ)

الشَّیِّع۔ حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیِّعٌ لِهٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء۔ مؤنث شَیِّعَة۔ کہا جاتا ہے "الدَّار شَیِّعَةٌ بَیْنَهُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِّیَاع۔ آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔

الشَّیُوْع۔ آگ سلگانے کی چیز۔

الشَّائِع۔ فا۔ حَدِیْثٌ شَائِعٌ و شَاعٌ بحذف عین : پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ و شَاعٌ : مشترک غیر منقسم حصہ۔

المَشَاع والمُشَاع۔ پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مَشَاعُ القُرَیٰ" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

المُشْیِع۔ بھرا ہوا برتن۔ کینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔

المِشْیَعَة۔ ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔

المُشَیَّع۔ مفم۔ بہادر۔ جلد باز۔

المِشْیَاع۔ تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ رَجُلٌ مِشْیَاع : راز کو پھیلانے والا مرد۔

المُتَشَایِع والمُشْتَاع۔ شریک۔

شَاقَه یَشِیْقه شَیْقًا۔ اِلَیْهِ : کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُّنُبَ اِلَی الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔

الشِّیْق۔ پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِّیْق : ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَة)

الشَّیَّال۔ قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِّیَالَة) بوجھ اُٹھانے کا پیشہ۔

شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا۔ بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْیَم) مؤنث شَیْمَاء۔ ج شِیْم و شُوْم۔ السَّیْفَ : تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد) ـــــ البَرْقَ : بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَایِلَ الشَّیْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اُٹھائی (ـــــ شَیْمًا و شُیُوْمًا) الرَّجُلُ : جم کے حملہ کرنا ـــــ فِی الشَّیْءِ : داخل ہونا۔ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ : چھپانا ـــــ الشَّیْءَ : تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَیْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

شَیَّمَ وَاَشَامَ وَانْشَامَ وَاشْتَامَ۔ فِی الشَّیْءِ اَوْ الاَمْرِ : داخل ہونا۔ شَیَّمَ یَدَیْهِ فِی رَاسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِهِ : لڑائی کرنے کے لیے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔

اِنْشَامَ الرَّجُلُ : منظور نظر ہونا۔

تَشَیَّمَ۔ اَبَاهُ : خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ـــــ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ : داخل ہونا ـــــ الشَّیْبُ فُلَانًا : بڑھاپا غالب ہونا۔

الشَّامَة۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَام و شَامَات۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِّیْمَة والشِّیْمَة۔ عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم۔

الشَّیَم۔ ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔

الشَّیَام۔ نرم زمین۔ مٹی۔

الشِّیَام۔ مٹی۔ چوہا۔ ج شِیَم۔

المَشِیْم والمَشُوْم والمَشْیُوْم۔ تل والا۔

المَشِیْمَة۔ بچّہ کی جھلی جس میں بچّہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِیْمٌ و مَشَائِمُ۔

شَانَه یَشِیْنُهٗ شَیْنًا۔ عیب لگانا۔

شَیَّنَ۔ حرف "ش" لکھنا۔

المَشَایِن۔ عیوب۔

شَاهَهٗ یَشِیْهُهٗ شَیْهًا۔ نظر بد لگنا۔

الشَّیُوْه۔ نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَیُوْهٌ مِنْ اَشْیِهِ النَّاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔

الشِّیَة۔ (دیکھو و ش ی) الشَّای۔ چائے۔

صَئِبَ (س) صَأْبًا۔ مِنَ الشَّرَابِ : شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَئِبَ وَ اَصْأَبَ الرَّاسُ : سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّؤَابَةُ۔ جوں کے انڈے۔ ج صُؤَاب صِئْبَان۔ الصِّئْبَان : چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

الصُّؤْبَةُ۔ غلہ کا ڈھیر۔

المِصْئَاب۔ شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ۔ الجَرْوُ : پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا ـــــ الرَّجُلُ : مرد کا بزدل ہونا ـــــ مِنْ فُلَانٍ : ڈرنا ـــــ تَصَأْصَأَ) مِنْهُ : خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِّئْصَأ۔ ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَةُ۔ الدِّيكِ : مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِكَ (س) صَأَكًا۔ بدبودار پسینہ نکلنا ـــــ الدَّمُ : خون جمنا ـــــ بِهِ : چپکنا۔

صَاءَكَهُ مُصَاءَكَةً۔ سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَّئِكُ۔ مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط آدمی۔

صَؤُلَ (ک) يَصْؤُلُ صَآلَةً۔ البَعِيرُ : اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِلٌ و صَئُوْلٌ۔

صَأَلَ يَصْئَلُ صَئِيْلاً۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَيْشَ عَلَى القَوْمِ : لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْئَمُ صَأَمًا۔ بہت پانی پینا۔

الصَّائِمُ۔ پیاسا۔

صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَىٰ صَئِيًّا صَئِيًّا صِئِيًّا تَصَاءَى۔ الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "يَلْدَغُ وَيَصِئُ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَى وَ صَمَتَ" یعنی حال ناطق اور مال صامت لایا۔

اَصْأَى۔ چوں چوں کرانا۔

صَبَّ (ن) صَبًّا۔ المَاءَ : پانی انڈیلنا ـــــ فِي الوَادِيْ : وادی میں اترنا ـــــ الدِّرْعَ : زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلَانٍ : میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ" : اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً : اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ رِجْلَهُ فِي القَيْدِ : یعنی بیڑی پہنادی۔

صَبَّ (ض) صَبًّا۔ المَاءُ : پانی گرنا۔

صُبَّ۔ الشَّيءُ : مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ (س) صَبَابَةً۔ اِلَيْهِ : عاشق ہونا۔

اَصَبَّ اِصْبَابًا۔ القَوْمُ : قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ۔ المَاءُ : پانی گرنا ـــــ عَلَيْهِ : اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الوَادِي" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ۔ المَاءُ : پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ۔ المَاءَ : بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ۔ العَيْشَ : بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ۔ المَاءُ و نَحْوُهُ : پانی بہنا۔

الصَّبُّ۔ عاشق ج۔ صَبُّوْنَ۔ مؤنث صَبَّةٌ ج صَبَّاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ : پانی بہا ہوا۔

الصُّبُّ و الصُّبَّةُ۔ گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّةُ۔ آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے' اونٹ' بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَبُ۔ نشیب۔ ج اَصْبَاب۔

الصُّبَابَةُ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اُدْرِكْ مِنَ العَيْشِ اِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَةُ۔ عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِيْبُ۔ زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيْبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابُّ۔

المِصَبُّ۔ حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوْب۔ گرایا ہوا۔ المَصْبُوْبُ عَلَى الشَّيءِ : کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَأَ (ف) صَبُؤَ (ک) صَبْأً و صُبُوْءًا۔ مذہب تبدیل کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صَابِئٌ ـــــ عَلَيْهِمْ : اچانک پہنچ جانا ـــــ العَدُوَّ عَلَيْهِمْ : دشمن کی رہنمائی کرنا (ـــــ و اَصْبَأَ اِصْبَاءً) ـــــ النَّابُ او النَّبَاتُ : دانت نکلنا۔ نباتات اگنا و اَصْبَأَ القَوْمَ : قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصَّابِئُوْنَ و الصَّابِئَةُ۔ ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصَّبَاؤُوْت و الصَّبَاؤُوْت۔ جمع صِبْئٌ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَّبَاؤُوْت" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ (ف) صَبَاحًا۔ القَوْمَ : صبح کے وقت

آنا ___ عَنِ الحق : حق ظاہر کرنا۔

صَبِحَ (س) صَبَحًا و صُبْحَةً۔ چمکدار روشن ہونا ___ الشَعْرِ : بال کا چمکدار ہونا ___ الحَدِیْدِ : لوہے کا چمکدار ہونا۔

صَبُحَ (ک) صَبَاحَةً۔ الوَجْهُ : چہرے کا روشن و چمکدار ہونا ___ الغُلَامُ : لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ۔

صَبَّحَهٗ۔ صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ الْقَوْمُ الْمَاءَ : قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا ___ الرَّجُلُ : صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَکَ اللّٰهُ بِخَیْرٍ"۔

اَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ آدمی رات میں بیدار ہونا ___ المِصْبَاحَ : چراغ جلانا۔ الحَقُّ : حق ظاہر ہونا۔

اَصْبِحْ۔ یَارَجُلُ : اے شخص چوکنا ہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُکَ۔

تَصَبَّحَ۔ صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِهٖ : صبح کے وقت ملنا۔

تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشَّمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِهٖ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔ الرَّجُلُ : صبح کی شراب پینا۔

اِصْبَاحَّ اِصْبِیْحَاحًا۔ الشَعْرُ : بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ۔ الرَّجُلُ : چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُّبْحُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاح۔

الصُّبْحَةُ۔ مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (___ و الصَّبْحَةُ) صبح کی نیند۔

الصَّبَاحُ و الصَّبِیْحَةُ الاُصْبُوْحَةُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتِیْهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو مبنی کر کے اور "آتِیْتُهٗ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یَوْمُ الصَّبَاحِ" : لوٹ کا دن۔

الصُّبَاحُ۔ قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ۔ خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاح۔

الصُّبَاحِیَّةُ۔ چوڑا نیزہ۔

الصُّبَاحِیُّ۔ بہت سرخ خون۔

الاَصْبَحُ۔ شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ۔ ج صُبْح۔

الصَّبُوْحُ۔ جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ ذَا صَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

الصَّبِیْحُ۔ خوبصورت۔ ج صِبَاح۔ مؤنث صَبِیْحَةٌ۔ ج صِبَاح۔

الصَّبْحَانُ۔ خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی۔ ج صَبَاحَی۔ وہ شخص جو صبح کی شراب پئے۔

رَجُلٌ صَبْحَانٌ۔ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَّبَاحِیَّةُ۔ خوبصورتی۔

المُصْبَحُ۔ صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔

المِصْبَحُ۔ بڑا پیالہ۔ چراغ۔

المِصْبَاحُ۔ چراغ۔ چوڑا نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیْح۔

صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَی الاَمْرِ : دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ صَبُوْرٌ ___ عَنِ الشَّیْءِ : رک جانا ___ الدَّابَّةَ : جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ___ ہ : مجبور کرنا اور لازم کر دینا ___ ہ عَنِ الاَمْرِ : روک دینا۔ بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِیْ عَنْ کَذَا یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلٰی مَا اَکْرَهُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ۔ جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ و حُلِفَ صَبْرًا۔ قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔

صَبَرَ (ن) صَبْرًا و صَبَارَةً بِهٖ : ضامن ہونا۔ ___ ہ : ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اُصْبُرْنِیْ یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهٗ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا ___ المَیِّتَ : مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَاْسَ : پیالہ کو لبالب بھرنا۔

اَصْبَرَ۔ اللَّبَنُ : کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ___ الرَّجُلَ : ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا ___ القَاضِیْ فُلَانًا : قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَهٗ صِبَارًا و مُصَابَرَةً۔ صبر کرنے میں غالب رہنا۔

تَصَبَّرَ۔ تکلف سے صبر ظاہر کرنا ___ عَلَیْهِ : صبر کرنا۔

اِصْطَبَرَ و اَصَّبَرَ۔ عَلَیْهِ : صبر کرنا ___ مِنْهُ : بدلہ لینا۔

اِصْبَارَّ اِصْبِیْرَارًا۔ عَلَیْهِ : صبر کرنا۔

اِسْتَصْبَرَ۔ الشَّیْءُ : موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔

الصَّبْرُ۔ بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔ شَهْرُ الصَّبْرِ : رمضان کا مہینہ۔ یَمِیْنُ الصَّبْرِ : وہ قسم جس کو کھانے کے لیے قید کر دیا جائے۔

الصِّبْرُ و الصُّبْرُ۔ کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَصْبَارِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ و "مَلَاَ الکَاْسَ اِلٰی اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔

الصُّبْرُ و الصُّبُرُ۔ کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔

الصَّبَرُ۔ برف۔ ج اَصْبَار۔

الصَّبِرُ۔ ایلوا۔ ج صُبُوْر۔ واحد صَبِرَةٌ۔ اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔

الصُّبْرَةُ۔ غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔

الصَّابِرُ۔ فا۔ اَبُوْ صَابِرٍ : نمک۔

الصَّابُوْرَةُ۔ بوجھ جو سواری یا کشتی، جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ ادھر ادھر نہ جھکنے پائے۔

الصَّبْرَةُ و الصَّبَارَّةُ۔ سخت سردی۔ صَبْرَةُ الشِّتَاءِ : سردی کا درمیانی زمانہ۔

الصِّبَارُ۔ کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔

الصَّبَارة۔ضمانت۔سردی کی شدت۔
(ــــ والصَّبَارَة) چکنے پتھر۔
الصُّبَار والصُّبَّار۔ املی۔ ناگ پھنی۔ واحد صُبَارَة۔صُبَّارَة۔
الصَّبَارَة۔بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْر۔ج۔صُبُر۔ بردبار۔یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (ــــ والصَّبَّار) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَة۔مِنَ الرِّجَالِ: قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِيْر۔ صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ج صُبَرَاء۔
الصَّبِيْرُ والصَّبِيْرَةُ۔چوڑی روٹی۔
أُمّ صَبَّار و أُم صَبُوْرَة۔مصیبت۔
المَصْبُوْر۔ قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔ مؤنث مَصْبُوْرَةٌ۔
صَبْصَبَ۔متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ۔متفرق ہونا۔تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا ــــ الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا ــــ عَلَيْنَا فُلَانٌ: بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَاب والصَّبْصَب والصُّبَاصِب۔ سخت مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا۔ بِهِ و عَلَيْهِ: انگلی سے اشارہ کرنا ــــ فُلَانًا عَلَيْهِ: اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهُ (ف) صَبْعًا و مَصْبَعَةً۔متکبر بنانا۔اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّيْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔انگلی پر مارنا۔صَبَعَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا ــــ بَيْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔فِي الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الأَصْبُع الإِصْبُع الأُصْبُع الأَصْبَع الإِصْبَع الأُصْبَع الأَصْبِع الإِصْبِع الأُصْبِع۔ انگلی۔مؤنث۔سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ج أَصَابِع أَصَابِعُ الفَتَيَات: ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک أَصَابِعُ العَذَارَىٰ او أَصَابِعُ

العَرُوْسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَعَة۔غرور، تکبر، گھمنڈ۔
المَصْبُوْع۔گھمنڈی۔متکبر۔
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا و صِبْغًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا ــــ يَدَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا ــــ يَدَهُ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔فُلَانًا بِالنِّعِيْمِ: نعمتوں سے چھپا دینا۔صَبَغَه بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ۔پانی سے بپتسمہ دینا۔کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِي فِيْ عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ (ن) صُبُوْغًا۔ضَرْعُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ۔گہرا رنگنا (ــــ و أَصْبَغ) کھجور کا پکنے لگنا۔أَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَةَ: کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ۔فِيْ دِيْنِهِ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
إِصْطَبَغَ۔ سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "إِصْطَبَغَ بِالخَلِّ أَوْفِي الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِكَذَا: رنگین ہونا۔
الصِّبْغ والصِّبَغ۔ج۔أَصْبَاغ والصِّبَاغ۔ج أَصْبِغَة و الصِّبْغَة۔رنگ۔
الصِّبْغ۔سالن۔
الصِّبْغَة۔نوع۔ملت۔دین۔بپتسمہ کا رنگ۔
الصِّبْغَة۔ادھ پکی کھجور۔
الصِّبَاغَة۔رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغ۔ رنگنے والا۔لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيْغ۔ رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيْغٌ ثِيَابٌ صَبِيْغٌ"۔
الصَّبَّاغ۔رنگریز۔جھوٹا۔
الأَصْبَغ۔ بڑا سیلاب ــــ مِنَ الطَّيْرِ والشَّاءِ۔پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو ــــ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔مؤنث صَبْغَاء۔ج صُبْغٌ۔
المَصْبَغَة۔رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ: روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ــــ المُقَامِر الكَعْبَتَيْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لیے درست کرنا۔

اِنْصَبَنَ و اِصْطَبَنَ۔عَنْهُ: رک جانا۔پھر جانا۔
الصَّابُوْن۔ صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُوْنِي کہتے ہیں۔
الصَّابُوْنِيَّة۔ ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة۔صابون کا کارخانہ۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً و صُبُوَّةً و صُبُوًّا۔ إِلَيْهِ ولَهُ: مشتاق ہونا۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوًا و صُبُوًّا و صِبَاءً ا و صَبَاءً ا۔بچپنے کی طرف مائل ہونا۔بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَاب مؤنث صَابِيَةٌ۔
صَبَتْ صَبَاءً و صُبُوًّا۔ الرِّيْحُ: پُروائی ہوا کا چلنا۔
صُبِيَ و أَصْبَى۔ القَوْمُ: پُروائی ہوا کا لگنا۔
أَصْبَى۔ الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ أَصْبَى الشَّيْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے أَصْبَتْهُ المَكَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِيَ يَصْبَى صَبَاءً و اِسْتَصْبَى۔بچوں جیسا کام کرنا۔صَبِيَ إِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔اِسْتِصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابَى مُصَابَاةً۔ نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لیے جھکانا ــــ السَّيْفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا ــــ الكَلَامَ: بے قاعدہ بولنا ــــ بَيْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔
تَصَبَّى تَصَبِّيًا و تَصَابَى تَصَابِيًا۔ کھیل کود کی طرف مائل ہونا ــــ المَرْأَةَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔تَصَبَّاهُ الشَّيْءُ: شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا۔پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور أَصْبَاء۔
الصِّبَا۔شوق۔

الصِّبَاء والصَّبَاء- بچپنا- کہا جاتا ہے رَأَيْتُهُ فِي صِبَاهُ او فِيْ صَبَائِهِ- یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا-

الصَّبْوَة- بچپن- جوانی کی نادانی-

الصَّبِيُّ- بچہ جو جوان سے کم عمر ہو- آنکھ کی پتلی- ج صِبْيَان و صُبْيَان و صُبْوَان و صِبْوَان وأَصْبِيَة و صِبْيَة و صَبْيَة و صُبْيَة و صِبْوَة وأَصْبٍ مؤنث صَبِيَّة- ج صَبَايَا- الصَّبِيَّة: لڑکی- الصَّبِيُّ: تلوار کی دھار- پاؤں کا پنجہ- کہا جاتا ہے "بِهِ وَجْعٌ فِيْ صَبِيِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے-

الصَّبِيَّان- ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں-

الصُّبَيَّة الأُصَيْبِيَة- صَبِيٌّ کی جمع صِبْيَةٌ اور أَصْبِيَة کی تصغیر ہے-

الصَّابِيَة- پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا- المُصَابِيَة: مصیبت-

صَتَّهُ (ن) صَتًّا- زور سے دھکا دینا- ہاتھ سے مارنا ___ بِكَلَامٍ أَوْ بِدَاهِيَةٍ: تہمت لگانا- مصیبت ڈالنا-

صَاتَّهُ مُصَاتَّةً و صِتَاتًا- جھگڑا کرنا-

تَصَاتَّ- القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا- آپس میں جنگ کرنا-

الصَّتُّ والصِّتُّ والصُّتَّة- جماعت الصِّتُّ والصُّتَّة: ضد- ہٹ-

الصَّتَت- درپے- کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهِ" وہ اس کے درپے ہے-

الصَّتِيت- جماعت- آواز- شور-

المِصْتِيت- اپنے کاموں میں مستعد-

صَتَعَهُ (ف) صَتْعًا- پچھاڑ دینا ___ لَهُ: کسی کا قصد کرنا-

تَصَتَّعَ- کسی کام میں تردد کرنا-

الصَّتَع- مضبوط جوان- گورخر-

صَتَّمَ- الشَّيْءَ: مکمل کرنا-

تَصَتَّمَ- تیز دوڑنا-

الصَّتْم والصَّتَم- سخت مضبوط- کامل مضبوط-

الصَّتْمَة والصَّتِيمَة- سخت پتھر-

المُصَتَّم- گلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو-

صَحَّ (ن) صَحًّا- لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے-

الصُّحْج والصَّحِيْجُ- لوہے پر لوہا گرنے کی آواز- جھنکار-

صَحَّ (ض) صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا- تندرست ہونا- ہر عیب سے پاک صاف ہونا ___ الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا- صفت صَحِيحٌ و صَحَاح- کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلَى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لیے فلاں پر اتنا ثابت ہوا-

صَحَّحَ- المَرِيضَ: تندرست کر دینا- چنگا کر دینا ___ الكِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا-

أَصَحَّهُ إِصْحَاحًا- تندرست کرنا یا تندرست پانا- مرض کا زائل کر دینا- أَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا-

تَصَحَّحَ- بِكَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا-

اِسْتَصَحَّ- مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے تندرست ہونا ___ الكَلَامَ: صحیح پانا-

الصِّحَّة- مص- تندرستی-

الصَّحَاح- مص- مِنَ الطَّرِيقِ: راستہ کا دشوار حصہ-

الصَّحِيح- تندرست- عیب وغیرہ سے بری- بھروسہ کے قابل- ج أَصِحَّاء و صِحَاح و أَصِحَّةٌ و صَحَائِح-

المَصَحّ- صحت کی جگہ-

المَصَحَّة والمَصِحَّة- صحت دینے والی- صحت محفوظ رکھنے والی- کہا جاتا ہے "الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و "أَرْضٌ مَصَحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں-

صَحِبَ (س) صُحْبَةً و صَحَابَةً و صِحَابَةً و صَاحَبَهُ مُصَاحَبَةً- ساتھی ہونا- دوستی کرنا- ایک ساتھ زندگی بسر کرنا-

صَحَبَ (ف) صَحْبًا- المَذْبُوحَ: کھال اتارنا-

أَصْحَبَ- الرَّجُلُ: ساتھی والا ہونا- بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے باپ ہی مانند ہونا- دشواری کے بعد تابعدار ہونا ___ المَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا ___ فُلَانًا: محفوظ رکھنا ___ هُ عَنْ كَذَا: روک دینا ___ هُ الشَّيْءَ: ساتھ کر دینا-

تَصَحَّبَ- مِنْهُ: شرم کرنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَتَصَحَّبُ مِنْ شَيْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے-

اِصْطَحَبَ- فُلَانًا: حفاظت کرنا-

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا-

اِسْتَصْحَبَهُ- ساتھی بنانا- ساتھی بننے کے لیے کہنا- ساتھی بننا- اِسْتَصْحَبَهُ الشَّيْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا ___ الشَّيْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا-

الصَّاحِب- ساتھی- ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا- مالک- وزیر- گورنر- کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حَمَاةَ" یعنی حاکم حماۃ اور "یا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے- ج صَحْب وأَصْحَابٌ و صُحْبَةٌ و صِحَاب و صُحْبَان و صِحَابَة و صَحَابَة اور أَصْحَاب کی جمع أَصَاحِيب-

الصَّاحِبَة- صاحب کا مؤنث- بیوی- ج صَاحِبَات و صَوَاحِب-

الصَّحَابَة- وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرور کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو-

الصَّحَابِيُّ- جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہو- نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد- (رضی اللہ عنہ)

المُصَاحِب- ساتھ رہنے والا- دشواری سے فرمانبردار ہونے والا-

المُصْحَب- پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے- عُودٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو- أَدِيمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں-

المُصْحِب و المِصْحَاب- فرمانبردار- ذلیل- أَدِيمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو- عُودٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو-

المَصْحُوب- مفع- ادیم مصحوب: وہ

چمڑا جس پر سے بال نہ اُتارے گئے ہوں- عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو- کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ-

صَحَرَ (ف) صَحْرًا- اللَّبَنَ : دودھ کو اُبالنا- صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ : دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا-

صَحَرَ (ف) صَحِيْرًا و صُحَارًا- الحِمَارُ : گدھے کا زور سے رینکنا-

صَحِرَ (س) صَحَرًا- سرخی مائل مُیلا ہونا- صفت اصحر مؤنث صَحْراء ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَة-

اَصْحَرَ- جنگل کی طرف جانا ـــــ المَكَانُ : جنگل کی مانند وسیع ہونا ـــــ الاَمْرَ و بالاَمْرِ : ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْهُ اَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو- اور "اَصْحِرْ مَافِي قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو ـــــ الرَّجُلُ : کانا ہونا-

اِصْحَارًّا اِصْحِيْرَارًا- سرخی مائل مُیالے رنگ والا ہونا-

الصَّحَرُ- سرخ سفید رنگ-

الصَّحْرَاء- بیابان جس میں نباتات نہ ہو- ج صَحَارَى صَحَارٍ و صَحَارِيّ و صَحْرَاوات-

الصَّحِيْرَةُ- دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملادیا جائے-

المُصَاحِرُ- وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے-

المُصْحِرُ- شیر-

صَحْصَحَ- الاَمْرُ : روشن ہونا- ظاہر ہونا-

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان- ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو- ج صَحَاصِح- التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ و تُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ : لغویات- خرافات- اضافت کے ساتھ بہتر ہے-

الصُّحْصُح والصُّحْصُوح- مِنَ الرِّجَالِ : مرد باریک بیں-

المُصَحْصِح- خالص محبت والا- باطل کوش-

صَحَّفَ- الكَلِمَةَ : پڑھنے میں غلطی کرنا-

اَصْحَفَ- الكِتَابَ : کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا-

تَصَحَّفَ- القارِئُ : پڑھنے میں غلطی کرنا- کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَّحِيْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہوگیا-

الصَّحْفَة- بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں- ج صِحَاف- الصِحَاف : چھوٹے چھوٹے چشمے-

الصِحَافَة- ایڈیٹری- عَالَم الصِحَافَةِ : محررین اخبار-

الصَّحِيْفَةُ- لکھا ہوا کاغذ- ورق- صَحِيْفَةُ الوَجْهِ : چہرے کی کھال- کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ : اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ- ج صَحَائِف و صُحُف-

الصُّحَيْفَة- چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو-

الصَّحِيْف- رُوئے زمین-

الصَّحَّاف- پڑھنے میں غلطی کرنے والا- کتب فروش-

الصَّحَفِيّ- بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا- (ـــــ والمُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا-

المَصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف- مجلد کتاب- مَصَاحِف- جمع-

المُصَحَّف- تغیر کیا ہوا-

صَحِلَ (س) صَحَلًا صَوْتُه : پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا- صفت صَحِلٌ و اَصْحَل-

اِصْطَحَمَ- الرَّجُلُ : سیدھا کھڑا ہونا-

اِصْحَامَّ اِصْحِيْمَامًا- النَّبَاتُ : پودہ کا بہت سرسبز ہونا- سبزی کا زردی سے ملنا- صفت اَصْحَم مؤنث صَحْمَاء- رنگ- صُحْمَة ـــــ الاَرْضُ : زمین کے نباتات کا متغیر ہونا ـــــ الزَّرْعُ : سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا-

صَحَنَه (ف) صَحْنًا- مارنا- کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اِس نے اُس کو بیس کوڑے مارے- صَحَنَهُ بِرِجْلِهِ : پیر سے مارنا ـــــ الرَّجُلُ : کسی کو پیالہ میں کچھ دینا- صَحَنَهُ دِيْنَارًا : دینار دینا ـــــ بَيْنَهُمْ : اصلاح کرنا-

الصَّحْن- چھوٹا پیالہ- بڑا پیالہ- گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَّحْنِ" صَحْنُ الدَّارِ : انگنائی- الصَّحْن مِنَ الاَرْض : ہموار زمین- ج صُحُوْن الصَّحْنَان- جھانجھ ایک قسم کا باجا-

صَحْنَا- الاُذُنَيْنِ : کان کے اندرونی حصے- فَرَسٌ صَحُوْنٌ- لات مارنے والا گھوڑا-

الصَّحْنَى والصَّحْنَاة والصَّحْنَاء والصَّحْنَاءَة- چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی-

المِصْحَنَة- برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو-

صَحَا يَصْحُوْ صَحْوًا و صُحُوًّا و صَحِي يَصْحَى صَحًا و اَصْحَى اِصْحَاءً- اليَوْمُ : دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا- صفت صَحْو و صَاحٍ و مُصْحٍ ـــــ السَّكْرَانُ : نشہ اتر جانا ـــــ الرَّجُلُ : بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا- افاقہ میں آنا- صفت صَاحٍ- ج صَاحُوْن صُحَاة- مؤنث صَاحِيَةٌ ج صَاحِيَات و صَوَاحٍ- اَصحاه : ہوش میں لانا- اَصْحَى القَوْمَ : آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا-

الصَّحْو- کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ و يَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں- اور یہ وصف بالمصدر ہے-

المَصْحَاة- باعث افاقہ- کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ و مَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے-

المِصْحَاة- برتن- طشت- پیالہ-

صَخَّ- (ن) صَخًّا- الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ : لوہے کو لوہے پر مارنا ـــــ الصوتُ الاذنَ : آواز کا کان کو بہرا کر دینا (ـــــ صَخَّا صَخِيْخًا) الحَدِيْدَ : لوہے کا آواز کرنا ـــــ لحَدِيْثِهِ : کان لگانا-

الصَّخَّة- اسم مرة- باری (ـــــ والصخ و الصخيخ) پتھر یا لوہے کی آواز-

الصَّخِيْخ- خوف زدہ کوّے کی آواز-

الصَّاخَّة- سخت آواز جو بہرا کردے- مصیبت- قیامت-

صَخِبَ(س) صَخَبًا- شور مچانا-

صَاخَبَهٗ مُصَاخَبَةً- ایک دوسرے کا شور مچانا-

تَصَاخَبَ- القَوْمُ: باہم شور مچانا اور ریپیٹ کرنا-

إِصْطَخَبَتِ- الطَّيْرُ او الضِفْدَعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مخلوط ہونا-

الصَّخَب- مص- شور-

الصَّاخِب والصَخِب والصَخَّاب و الصَخُوْب والصَخْبَان- شور مچانے والا- مؤنث صَخِبَةٌ و صُخْبَةٌ و صَخَّابَةٌ و صَخُوْبٌ و صَخْبِي-

صَخِدَ (س) صَخَدًا و صَخَدَانًا ___ اليَوْمُ: سخت گرم ہونا-

صَخَدَتْه (ف) صَخْدًا- الشَّمْسُ: جلانا-

الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا-

صَخَدَ(ف) صُخُوْدًا- إِلَيْه: کان لگانا-

أَصْخَدَ- الحَرُّ: گرمی تیز ہونا ___ الرَّجُلُ گرمی میں داخل ہونا ___ الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا-

الصَّاخِدَة- دوپہری-

الصَّخْدَان والصَّخَدَان- سخت گرمی کا دن-

صَيْخَدُ- الشَّمْسِ: گروۂ آفتاب-

هَاجِرَةٌ صَيْخُوْدٌ- سخت گرم دوپہری- ج صَيَاخِيْد- صَيَاخِيْدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی-

المَصْخَدَة- دوپہر- ج مَصَاخِد-

المُصْطَخِد- دھوپ میں کھڑا ہونے والا-

صَخَّرَهٗ- فرمانبردار کرنا-

أَصْخَرَ- المَكَانُ: پتھریلا ہونا- صفت مُصْخِر-

الصَّخْرة الصَّخَرَة- ٹھوس بڑا پتھر- چٹان- ج صَخْرٌ و صَخَرٌ و صُخُوْرٌ و صُخُوْرَةٌ و صَخَرَات- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے-

الصَخِر- مِنَ الأَمْكِنَة: پتھریلی جگہ- کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ او اصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیا ہے-

الصَّاخِر- لوہے پر لوہے کی جھنکار-

الصَّاخِرَة- پینے کے لیے مٹی کا پیالہ-

صَخَفَ(ف) صَخْفًا- الأَرْضَ: زمین کھودنا-

المِصْخَفَة- زمین کھودنے کا آلہ- کدال- پھاوڑا-

صَخَمَتْهُ(ن) صَخْمًا- الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا-

إِصْطَخَمَ- الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا-

صَخِيَ يَصْخَى صَخًا- الثَّوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا- صفت صَخٍ-

الصَّخَاة- میل کچیل- ایک قسم کی سبزی-

صَدَّهٗ (ن) صَدًّا- عَنْ كَذَا: روک دینا- منع کرنا- کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِيْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی-

صَدَّ(ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا- عَنْه: اعراض کرنا- صفت صَادٌّ- جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد-

صَدَّ(ن ض) صَدِيْدًا- مِنَ الشَّئِ: چیخ پڑنا- چلّانا-

صَادَّهٗ- مدافعت کرنا- کہا جاتا ہے "أَخَذَ يُصَادُّهٗ ويُصَادُّهٗ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا-

صَدَّدَ- تالی بجانا ___ الجُرْحُ: پیپ دینا-

أَصَدَّهٗ- عَنْ كَذَا: منع کرنا- باز رکھنا- الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا-

تَصَدَّدَ لَهٗ: درپے ہونا-

إِصْطَدَّتْ- المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا-

الصَّدُّ- مص ___ الصُّدّ: بلند بادل- وادی کا کنارہ- ج أَصْدَاد و صُدُوْد-

الصَّدَد- درپے- قصد- میلان- کنارہ-

الصِّدَاد- پردہ- ج أَصِدَّة-

الصَّدُوْد- روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی-

الصَّدِيْد- مص- پیپ خون سے ملی ہوئی- صَدِيْدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی-

الصُّدَّاد- سانپ- چھپکلی- پانی پر جانے کا راستہ- ج صَدَائِد-

صَدِئَ (س) صَدَأً و صَدُؤَ (ک) صَدَاءَةً- الحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا- صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَة ___ الشَّئِ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا- صفت أَصْدَأُ مؤنث صَدْآء ___ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا-

صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأً تَصْدِئَةً الشَّئَ: زنگ دور کرنا ___ المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا-

أَصْدَأَه- مورچہ والا جیسا بنانا-

تَصَدَّأَ- لَهٗ: درپے ہونا-

الصَّدَأ- زنگ- مورچہ- رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد-

الصَّدِئ- جس پر مورچہ لگ گیا ہو- کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا-

الصُّدْأَة- مورچہ کا رنگ-

صَدَحَ(ف) صَدْحًا و صُدَاحًا- الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا- صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَح و صَيْدَاح و صَدُوْح و صَيْدَحِيّ و مِصْدَح و مِصْدَاح-

الصَّدَح- عَلَم- خالی مکان- چھوٹا پتھریلا ٹیلہ- شَئٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز- ج صِدْحَان-

الصَّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة- مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے-

صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا- عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا ___ إِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا ___ الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا (___ صُدُوْرًا) الأَمْرُ: پیدا ہونا- حاصل ہونا- واقع ہونا ___ مِنْهُ: ظاہر ہونا ___ عَنْهُ: پیدا ہونا- نتیجہ نکلنا-

صَدَرَهٗ صَدْرًا- سینہ پر مارنا-

صُدِرَ- سینہ میں درد ہونا- صفت مَصْدُوْرٌ-

صَدَّرَهٗ- واپس کرنا- آگے بڑھانا- صدر مجلس میں بٹھانا- صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا-

أَصْدَرَه- عَنْ كَذَا: واپس کرنا- أَصْدَرَ الأَمْرَ: ظاہر کرنا ___ الرَّجُلَ: لے جانا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ ولَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا-

صَادَرَه-عَلَی الشَّیْءِ وبِهٖ :اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا-

تَصَدَّرَ- صدرِ مجلس میں بیٹھنا- کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا-

___ الفَرَسُ :گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا-

تَصَادَرُوا-عَلٰی مَاشَاءُوْا :

صدروا-

الصَّدْر- ہرچیز کا سامنے سے اوپر کا حصّہ- سینہ- ہرچیز کا ابتدائی حصّہ- ہرچیز کا ایک ٹکڑا- تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصّہ لے لیا- صَدْرُ القَوْمِ : رئیس- الصَّدْرُالاَعظَمَ :وزیراعظم-ج صُدُوْر-

بَنَاتُ الصَّدْر-افکار-

ذَاتُ الصَّدْر- سینہ کی ایک بیماری کا نام-

صُدُوْرُ الوَادِی :وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصّہ- کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِہٖ" یعنی اوّل حصّہ کو لے لیا-فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیرمہربان-

الصَّدَر- پانی پر سے واپسی- سفر سے واپسی- صَادِر کا اسم جمع-

الصَّادِر- فا- لوٹنے والا- پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے- یعنی پانی پر آنے والا- اور اسی سے ہے "مَالَهٗ صَادِرٌ ولاوَارِد" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں- طَرِیْقٌ صَادِرٌ : پانی پر لے جانے والا راستہ- طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ :ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں-

الصُّدْرَة-مِنَ الاِنْسَانِ :سینہ یا سینے کا اوپر کا حصّہ-صدری-واسکٹ-

التَّصْدِیر- تنگ اُونٹ کے سینے کا-

الصِّدَار-صدری-اُونٹ کے سینے پر نشان-

الصَّدَارَة- تقدم- وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ (والصَّدِیْرَة) سینے کا اوپر کا حصّہ-ج صَدَائِر-

الاَصْدَر- مضبوط بڑے سینے والا-

الاَصْدَرَان : کنپٹی کے نیچے کی رگیں-

المَصْدَر-جائے صدور-ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں-

المُصْدِر-فا- رَجُلٌ مُصْدِرٌ : کاموں کو پورا کرنے والا-

المُصَدَّر- قوی اور بڑے سینہ والا- آگے بڑھنے والا گھوڑا- شیر- بھیڑیا-

صَدَعَ(ف)صُدُوْعًا-اِلٰی کَذَا :مائل ہونا-

صَدَعَ(ف)صَدْعًا-الشَّیْءَ :اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو ___ القَوْمَ : متفرق کردینا ___ الاَمْرَ : ظاہر کرنا ___ بِالحَقِّ : حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا ___ فِی الاَمْرِ : کرگزرنا ___ الاَمْرَ بِالحَقِّ : حق کا فیصلہ کرنا ___ فلَانًا :قصد کرنا-صَدَعَهٗ عَنْ کَذَا :روک دینا ___ النَهَر : کاٹ دینا ___ فِی المَکَانِ : گزرنا-عبور کرنا-کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِیْ اَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے ___ اللَّیْل : رات میں چلنا-

صُدِعَ و صُدِّعَ- دردِ سر میں مبتلا ہونا- صفت مَصْدُوْع-

صَدَّعَ-الشَّیْءَ : پھاڑنا ___ الفَلَاةَ او النهرَ : بیابان یا نہر کو طے کرنا-

تَصَدَّعَ- القَوْمُ : متفرق ہونا- تَصَدَّعَتِ الاَرْضُ بِهٖ :وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہوگیا-

تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ-الشَّیْءُ : پھٹنا- کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الاَرْضُ بِالنَبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی- اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ : صبح کی روشنی پھیلنا-

الصَّادِع-فا- قاضی- جَبَلٌ صَادِعٌ :دُور تک پھیلا ہوا پہاڑ- وَادٍ صَادِعٌ : دُور تک پھیلی ہوئی وادی- سَبِیْلٌ صَادِعٌ :دُور تک پھیلا ہوا راستہ- صُبْحٌ صَادِعٌ :روشن صبح-

الصَّدْع-شگاف-ج صُدُوْع-

الصَّدْع والصَّدَع- ہلکا پھلکا مرد- قوی جوان- صَدَعُ الحَدِیْد :لوہے کا مورچہ' زنگ- کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْهِم صَدْعٌ وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں-

الصِّدْع- آدمیوں کی جماعت- دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصّہ-

الصَّدْعَة-اسم مرۃ-پھٹن- پراگندگی- تفرق-ج صَدَعَات- کہا جاتا ہے "رَاَیْتَ بَیْنَهُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَات" یعنی جمع ہوجاؤ اور متفرق مت ہو-

الصِّدْعَة-ج صِدَع والصَّدِیْع-ج صُدُع- بکریوں کا ریوڑ- اُونٹوں کا گلہ- دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصّہ- صدیع بمعنی مصدوع- صبح- پھٹا ہوا کپڑا- وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے-

الصُّدَاع-دردِ سر-

التَّصْدَاع- تفریق-

المَصْدَع- سخت زمین میں نرم راستہ- ج مَصَادِع-

المِصْدَع- نیزہ- تیر- چھری کا چوڑا پھل- خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ- بلیغ خطیب-

صَدَغَهٗ(ف)صَدْغًا-عَنِ الاَمْر :باز رکھنا- روکنا-سیدھا کرنا ___ النَمْلَة :چیونٹی کو مارنا-

صَدَغَهٗ(ف)صَدْغًا- مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا-

صَدَغ(ن)صَدَغًا و صُدُوْغًا-اِلَی الشَّیْءِ : مائل ہونا-

صَدُغَ(ک)صَدَاغَةً- کمزور و ناتواں ہونا-

صُدِغَ- کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا-

صَادَغَهٗ- مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا-

الصُّدْغ- کنپٹی- کنپٹی کے بال-ج اَصْدَاغ-

الصَّدَغ- کجی- ٹیڑھاپن-

الصِّدَاغ- کنپٹی پر نشان-

الصَّدِیْغ- کمزور- تین دن کا بچّہ-

الاَصْدَغَان-دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں-

المِصْدَغَة- تکیہ-

بَعِیْرٌ مُصَدَّغ و مَصْدُوْغٌ- کنپٹی پر نشان والا اُونٹ-

صَدِفَ(ن ض)صَدَفًا و صُدُوْفًا- پھرجانا-

صَدَفَ (ض) صَدْفًا- عَنْهُ : اعراض کرنا ___ فُلَانًا : پھیر دینا-ہٹانا-

صَدَفَ (س) صَدَفًا- گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور رہنا-

اَصْدَفَهٗ-عَنْهُ : پھیر دینا-ہٹا دینا-

صَادَفَهٗ-پانا-
تَصَادَفَ-ایک دوسرے کے مقابل ہونا-
اَلصَّدَفُ-سیپی-
اَلصَّدَفَةُ-ایک سیپی-ج اَصْدَاف-صَدَفَةُ الْاُذُنِ :کان کا اندرونی حصہ-
اَلصَّدَفُ-فِي الْخَيْلِ :رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری-اَلصَّدَفُ اَلصَّدَفَةُ :جانب-کنارہ-
اَلصَّدَفُ والصُّدُفُ والصُّدَفُ والصَّدُفُ-پہاڑ کا کنارہ-اَلصَّدَفُ :زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ-
فَرَسٌ اَصْدَفُ-وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں-
اَلْاَصْدَافُ-سمندر کی موجیں-
اَلصِّدْفَةُ-ملاقات-
اَلصَّدُوْفُ-گندہ ذہن-بہت اعراض کرنے والا-
اَلْمَصْدُوْفُ-مقنع-چھپا ہوا-
صَدَقَ (ن) صَدْقًا و صِدْقًا و مَصْدُوْقَةً و تَصْدَاقًا-سچ بولنا ___ فِيْ وَعْدِهٖ و وَعِيْدِهٖ : پورا کرنا ___ فِي الْجملة :بہادری ظاہر کرنا-
کہا جاتا ہے "صَدَقَ الْقِتَالَ و صَدَقَ فُلَانًا الْقِتَالَ" سخت جنگ کی ___ ہ النَّصِيْحَةَ او الْمَحَبَّةَ : خالص نصیحت یا محبت کرنا ___ ہ الْحَدِيْثَ :سچی بات بیان کرنا-سچی خبر دینا-
صَدَّقَهٗ-سچا جاننا-سچا سمجھنا-
صَادَقَهٗ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً-دوست بننا-
صَادَقَهُ الْمَوَدَّةَ :خالص دوستی کرنا-
اَصْدَقَ-الْاِبْنَةَ :بیٹی کا مہر مقرر کرنا-
تَصَدَّقَ-صدقہ دینا ___ عَلَى الْفَقِيْرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا-
تَصَادَقَا-محبت کرنا-دوستی کرنا-تَصَادَقَا الْحَدِيْثَ او الْمَوَدَّةَ او فِيْهِمَا-ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا-
اَلصَّدْقُ-مص-سیدھا ٹھوس نیزہ ہونا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ و قَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ-کامل-کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ و النَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص-ج صُدْق و صُدُق و صَدْقُوْن-مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَات-
اَلصِّدْقُ-سچ-فضیلت-صلاح-سختی-مضبوطی-
کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے-یعنی کامل ہے-
اَلصَّدَقَةُ-خیرات-ج صَدَقَات-
اَلصَّدُقَةُ والصُّدْقَةُ والصَّدْقَةُ والصُّدُقَةُ-مہر-
اَلصَّدَاقُ والصِّدَاقُ-مہر-ج اَصْدِقَة و صُدُق-
اَلصَّدَاقَةُ-سچی دوستی-
اَلصَّادِقُ-سچا-تَمْرٌ صَادِقُ الْحَلَاوَةِ-بہت میٹھی کھجور-نِيَّةٌ صَادِقَةٌ : خالص نیت-حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ :شدید حملہ-
اَلصَّدُوْقُ-ہمیشہ سچ بولنے والا-ج صُدْق و صُدُق-
اَلصَّدِيْقُ-پیارا دوست-ج اَصْدِقَاء و صُدَقَاء و صُدْقَان-جج اَصَادِق-مؤنث صَدِيْقَةٌ-
اَلصِّدِّيْقُ-بہت سچا-سچائی میں کامل-عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا-
حضرت ابوبکرؓ کا لقب-
اَلْمِصْدَاقُ-کسی کی سچائی کا گواہ-کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے-
اَلْمَصْدُوْقَةُ-سچائی-
صَدَمَهٗ (ض) صَدْمًا-دفع کرنا-ہٹانا-آپڑنا-کہا جاتا ہے "صَدَمَهٗ اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الْكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا-
صَادَمَهٗ مُصَادَمَةً-مارنا-
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ الْفَارِسَانِ : ایک دوسرے کو مارنا-ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا-
اَلصِّدَامُ-جانوروں کے سر میں ایک بیماری-
اَلصَّدْمَةُ-اسم مرۃ-دفعۃ واحدۃ کہا جاتا ہے "صَرَعَهٗ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا-"اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی-
اَلصَّدْمَتَانِ و الصَّدِمَتَانِ-پیشانی کے دونوں جانب-
اَلْاَصْدَمُ-وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں-
رَجُلٌ مِصْدَمٌ-جنگجو بہادر-
صَدَا يَصْدُوْا صَدْوًا و صَدًّى- بِيَدَيْهِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا-
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى-سخت پیاسا ہونا-صفت صَدٍ و صَادٍ و صَدْيَان-مؤنث صَدْيَا و صَادِيَة ج صَوَادٍ-کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَانُ اِلٰى حَدِيْثِكَ وَلِي اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں-صَدِيَ الشَّيْءُ :لمبا ہونا-
صَادَاهُ مُصَادَاةً-مقابلہ کرنا-مدارات کرنا-
صَدَّى تَصْدِيَةً-بِيَدَيْهِ :دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا-
اَصْدَى اِصْدَاءً-مرنا ___ الْجَبَلُ :گونجنا-آواز بازگشت کرنا-
تَصَدَّى لَهٗ :درپے ہونا ___ لِلْاَمْرِ :کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا-
اَلصَّدَى-سخت پیاس-آواز بازگشت-گونج-دماغ-انسانی لاش-تعرض-ج اَصْدَاء کہا جاتا ہے "هُمُ الْيَوْمَ اَعْدَاءٌ وَهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مردہ ہوں گے "و مَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا و "صَمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا-و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کر دے-
اَلصَّدَى-الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے-
زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ-اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے-
صَرَّ (ن) صَرًّا-اَلصُّرَّةَ :تھیلی کو باندھنا ___ الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ : تھیلی میں رکھنا ___

الفَرَسُ اُذُنَهُ و بِاُذُنِهٖ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا ___ النَّاقَةَ و بِالنَّاقَةِ : تھن کو باندھ دینا تاکہ بچّہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِيْرًا۔ الشَّيْءُ : چرچرانا ___ الرَّجُلُ : زور سے چیخنا چلّانا۔ پیاسا ہونا۔ الاُذُنُ : کان بجنا۔

صُرَّ۔ النَّبَاتُ : ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّرَتِ النَّاقَةُ : آگے بڑھنا۔ صَرَّرَ اُذُنَهُ سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهٗ مُصَارَّةً۔ عَلٰى كَذَا : مجبور کرنا۔

اَصَرَّ۔ عَلَى الاَمْرِ : پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَى الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے ___ السُّنْبُلُ : خوشے میں خار نکلنا ___ الفَرَسُ اُذُنَهُ و بِاُذُنِهٖ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ و الصِّرَّةُ۔ سردی۔ رِيْحٌ صِرٌّ : سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِّرَّةُ۔ چیخ۔

الصَّرَّةُ۔ شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُّرَّةُ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَرٌ۔

يَمِيْنٌ صِرّٰى۔ سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّيْ صِرّٰى" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرَرُ۔ خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَةٌ۔

الصَّارُّ۔ فا۔ شَجَرٌ صَارٌّ : گنجان درخت۔

الصَّارَّةُ۔ الصَّارُّ : کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ۔

الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِيُّ والصَّارُوْرِيُّ۔ جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَّارِيُّ۔ ملاح۔ ج صَرَارِيُّوْنَ۔

الصِّرَارُ۔ دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچّہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّةٌ۔

الصَّرَّارُ۔ صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّيْلِ : جھینگر۔

الصَّرَارَةُ والصَّرُوْرَةُ والصَّارُوْرَةُ و الصَّارُوْرَاءُ۔ وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَّارَةُ۔ عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔ الصَّرِيْرَةُ تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِرُ۔

المَصَارُّ۔ آنتیں۔

المَصْرُوْرُ۔ مفو۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ (ض) صَرْبًا۔ کاٹنا۔ کمانا۔ دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ___ الصَّبِيُّ : بچّہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ (س) صَرَبًا۔ اللَّبَنُ : تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ۔ اِلَيْهِ مَالًا : دینا۔

صَرَّبَ۔ ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ۔ اللَّبَنَ فِي الوَطْبِ : دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَابَّ۔ الشَّيْءُ : صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْبُ و الصَّرَبُ۔ بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ۔

الصِّرْبُ۔ غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔

الصَّرِيْبُ۔ کھٹا دودھ۔ ج صُرُبٌ۔

المَصْرُوْبُ۔ مفو۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَبُ۔ برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِبُ۔

صَرَّجَ۔ الحَوْضَ : حوض کو چونا مٹی ملا کر بنانا۔ الحَوْضَ بِالنُّوْرَةِ : حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَّارُوْجُ۔ چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيْحٌ جمع صُرَحَاءُ مؤنث صَرِيْحَةٌ۔

صَرَحَ (ف) صَرْحًا۔ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ۔ المُتَكَلِّمُ : بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِي نَفْسِهٖ : ظاہر کرنا ___ الاَمْرَ : واضح کرنا۔ الاَمْرُ : واضح ہونا ___ لازم و متعدی ہے۔ النَّهَارُ۔ دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ : شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہو گیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ : خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِيْ : تیر انداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ۔ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً۔ کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتْمَةٌ مُصَارَحَةٌ او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔ صَارَحَ و صَرَّحَ بِمَا فِي نَفْسِهٖ : دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ۔ الحَقُّ : واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ۔ الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ : شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَّرْحُ۔ قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْحٌ۔

الصَّرْحَةُ۔ سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ : گھر کا صحن۔ ج صَرَحَاتٌ۔

الصَّرْحُ والصَّرَاحُ والصِّرَاحُ والصُّرَاحُ۔ خالص۔

الصَّرَاحَةُ والصُّرُوْحَةُ۔ خلوص۔ وضاحت۔

الصُّرَاحِيَّةُ۔ مِنَ الخَمْرِ : خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كَذِبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُّرَاحِيُّ۔ واضح۔ ظاہر۔

يَوْمٌ مُصَرَّحٌ و مُصَرِّحٌ۔ بے بادل کا دن۔

صَرَخَ (ن) صُرَاخًا و صَرِيْخًا۔ سخت چیخنا۔ فریاد کرنا ___ القَوْمَ : فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَصْرَخَهٗ۔ فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ۔ بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ و اِصْطَرَخَ۔ القَوْمُ : چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ۔

الصَّارِخُ۔ فا۔ مرغ۔

الصَّارِخَةُ۔ الصَّارِخُ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَّرَّاخُ۔ بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَّرِيْخُ۔ مص۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاءُ۔

صَرِدَ(س)صَرَدًا-السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا- نشانہ پر بیٹھنا ___ الرَّجُلُ: سردی برداشت کر لینا- سردی محسوس کرنا ___ السِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا- کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِیْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا-

صَرَدَ(ن)صَرْدًا و اَصْرَدَ-الرَّامِی السَّهْمَ: نشانہ لگانا-اَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا-

صَرَّدَ- الشَّیْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ الْعَطَاءَ: کم دینا ___ الرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا-

الصَّرْد- محض خالص- کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی- اُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا خالص محبت کی- پہاڑ میں اونچی جگہ- بڑا لشکر- سردی- یَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن- کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدتِ سردی سے مر گیا- اَرْضٌ صَرْدٌ- سرد ملک- ج صُرُوْد- اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے- یعنی گرم ممالک-

الصَّرد- بڑا لشکر- بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے-

الصَّارِد- فا- سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر-

الصَّوارِد- ٹھنڈی ہوائیں-

الصُّرَد- لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان-

الصُّرَدَان- زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں-

الصَّرِد- مِنَ الْخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو ___ مِنَ الرِّجَالِ: سردی کو برداشت کرنے والا- سردی کو محسوس کرنے والا- ج صَرْدَی- یَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن-

الصُّرَّاد و الصَّرِیْد- بے پانی کا پتلا بادل- نَعْجَةٌ صَرِیْدَةٌ- سردی زدہ- بھیڑ- ج صَرَائِد-

الْمِصْرَاد- بے درخت کی زمین- سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا- سَهْمٌ مِصْرَادٌ- نشانہ پر لگنے والا تیر-

سَهْمٌ مُصْرِد- نشانہ پر لگنے والا تیر-

الْمُصْطَرِد- سخت غضبناک-

صَرْصَرَ- الصُّرَدُ و الصَّقْرُ: آواز کرنا ___ الرَّجُلُ: چیخنا ___ الشَّیْئَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا-

الصَّرْصَر- مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا- مرغ (___ الصُّرْصُرُ) ج صَرَاصِر-

الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِیْر- جھینگر- مجیرا-

الصَّرْصُوْر: کشتی-

الصِّرَاط- راستہ- ج صُرط-

الصُّرَاط- لمبی تیز تلوار-

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا و صِرْعًا و مَصْرَعًا- پچھاڑ دینا- زمین پر گرا دینا ___ الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا ___ الْبَابَ: دو کواڑ لگانا-

صُرِعَ- مرگی ہونا- کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا-

صَرَّعَهُ- سخت پچھاڑنا ___ الشِّعْرَ: مصرعے لگانا ___ الْبَابَ: کواڑ لگانا-

صَارَعَهُ صِرَاعًا و مُصَارَعَةً- کشتی لڑنا-

تَصَارَعَ و اصْطَرَعَ- الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا-

اِنْصَرَعَ- پچھاڑا جانا-

تَصَرَّعَ- لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا- عاجزی ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَ اِلَيْهِ حَتّٰی اَجَابَنِیْ" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی-

الصِّرْع- مص- مرگی- مثل- مقابل- قسم- کہا جاتا ہے "هُوَ صِرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے- ج اَصْرُع صُرُوْع- و الصِّرْعَان: رات دن یا صبح شام- کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ صِرْعَیِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صِرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صِرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں-

الصِّرْع- مص- مثل قسم- رسی کی لڑی- ج اَصْرُع و صُرُوْع- کشتی لڑنے والا- کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں-

الصَّرْعَة- اسم مرۃ- حالت- کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰی كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے-

الصُّرْعَة- جس کو لوگ پچھاڑ دیں-

الصُّرَعَة و الصَّرَّاع و الصُّرَّاعَة و الصِّرِّيْع و الصَّرُوْع- لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا- کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے- الصُّرَعَة: حلیم و بردبار- اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے- الصُّرُع جمع صَرُوْع کی ہے-

الصِّرَاعَة- کشتی کا فن-

الصَّرِيْع- زمین پر پچھاڑا ہوا- مجنون- ج صَرْعٰی- کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری- درخت کی جھکی ہوئی شاخ- ج صُرُع-

الْمَصْرَع- مص- پچھاڑنے کی جگہ- ج مَصَارِع-

الْمِصْرَاع مِنَ الْبَابِ: دروازے کا ایک پٹ ___ مِنَ الشِّعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِيْع-

صَرَفَهُ (ض) صَرْفًا- پھیرنا- ہٹانا- دفع کرنا- واپس کرنا- کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے-

صَرَفَ الشَّرَابَ: خالص شراب پینا ___ "الدَّنَانِيْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا ___ الْمَالَ: خرچ کرنا ___ الْكَلِمَةَ: منصرف بنانا- یعنی جر و تنوین لاحق کرنا-

صَرَفَ(ن)صَرِيْفًا-بِنَابِهِ: دانت پیسنا ___ الْبَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا-

صَرَّفَهُ- مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے- صَرَّفَ الشَّيْئَ: بیچنا ___ الدَّرَاهِمَ: تبدیل کرنا ___ الْخَمْرَ: خالص شراب پینا ___ الْكَلَامَ: بات سے بات نکالنا ___ ہ فِی الْاَمْرِ: سپرد کر دینا ___ صَرَّفَ الْمَاءَ: جاری کر دینا- اللّٰهُ الرِّيَاحَ- ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا-

صَارَفَهُ- مبادلہ کرنا- صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْئِ: پھیر دینا- باز رکھنا-

اَصْرَفَهُ- عَنْ كَذَا: رد کر دینا- ہٹا دینا- اَصْرَفَ الشَّرَابَ: کچھ نہ ملانا-

تَصَرَّفَ فِي الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الْاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔

اِنْصَرَفَ۔ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ: منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ۔ کمائی کرنے کیلئے پھرنا ___ الدَّرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِيْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ۔ اللّٰهَ الْمَكَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔

الصَّرْفُ۔ ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ و صُرُوْفُهُ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الْحَدِيْثِ او الْكَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ الْمَالِ: خرچ کرنا۔

الصِّرْفُ۔ خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔

الصَّرَفَانِ الصِّرْفَانِ۔ رات دن۔

الصَّرَفَانُ۔ موت۔ پیتل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَةُ۔ صرافی کا پیشہ۔

الصَّرْفَةُ۔ اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازلِ قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوہ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوْفُ۔ وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِيْفُ۔ مص۔ چاندی خالص۔ صَرِيْفُ الْبَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِيْفُ الْقَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (___ والمَصْرُوْفُ) ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔

الصَّرِيْفَةُ۔ الصَّرِيْفُ کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صَرَافٌ و صَرِيْفٌ۔

تَصَارِيْفُ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔

الصَّرَّافُ والصَّيْرَفُ والصَّيْرَفِيُّ۔ روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَيَارِفَةٌ۔

الصَّرَّافُ والصَّرْفِيُّ۔ علم صرف کا جاننے والا۔

الْمُتَصَرِّفُ۔ مُلک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الْمُتَصَرِّفِيَّةُ۔ مُلک کا ایک حصہ۔ مُلک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الصَّرِيْقَةُ۔ چپاتی۔ ج صَرِيْقٌ و صُرُقٌ و صَرَائِقُ۔

صَرْقَعَ۔ اَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا۔

صِرْقَاعَةٌ۔ گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔

صَرُمَ (ک) صَرَامَةً۔ السَّيْفُ: کاٹنا ___ الرَّجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔

صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الْحَبْلَ: توڑنا ___ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا ___ فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔

صَرَّمَهُ۔ صرم کا مبالغہ ہے۔

صَارَمَهُ مُصَارَمَةً۔ مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

اَصْرَمَ۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا ___ النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔

تَصَرَّمَ۔ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔

تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ۔ کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

تَصَرَّمَتْ وانْصَرَمَتِ السَّنَةُ: سال ختم ہونا۔

تَصَارَمَ۔ الْقَوْمُ: قطع تعلق کرلینا۔

اِصْطَرَمَ۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

الصَّرْمُ: مص۔ کھال (معرب چرم) الصَّرَّامُ: چرم فروش۔

الصِّرْمُ۔ جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَامٌ و اَصَارِمُ و اَصَارِيْمُ و صُرْمَانٌ۔

الصُّرْمُ۔ مص۔ بے تعلقی۔

الصِّرْمَةُ۔ قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَمٌ۔

الصَّارِمُ۔ فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِمُ۔

الصَّرَامَةُ۔ مص۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ ذہن کا پکا۔

الصَّرُوْمُ۔ کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُّرَّامُ جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔

الصَّرِيْمُ۔ کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔ زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِيْمَا اللَّيْلِ: رات کا اول و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِيْمٌ: لازمی امر۔

الصَّرِيْمَةُ۔ عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔

الصَّيْرَمُ۔ پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔

الْاَصْرَمُ۔ جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْمٌ (___ والمُصْرِمُ) بہت بال بچے والا مفلس۔

الْاَصْرَمَانِ۔ رات دن۔ کوا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِوَحْشِ الْاَصْرَمَيْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں۔

الصَّرْمَاءُ۔ الْاَصْرَمُ کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔

الْمَصْرِمُ۔ ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔

الْمِصْرَمُ۔ درانتی۔

الصُّرْنَايَةُ۔ بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔

صَرَا يَصْرُو اصْرُوًا۔ اِلَيْهِ: دیکھنا۔

صَرَى يَصْرِي صَرْيًا۔ الشَّيْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَى اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دور کرے۔ صَرَى بَوْلَهُ: پیشاب روک دینا۔

___ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔

___ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا ___ الْقَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا ___ بَيْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔

صَرِيَ يَصْرَى صَرًى۔ الْمَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا ___ اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا ___ فُلَانٌ فِي يَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا ___ الدَّمْعُ: آنسو کا

بھر آنا اور نہ بہنا۔

صَرِيَت و أَصْرَت۔ النَّاقَة : اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔

صَرّٰی تَصْرِيَةً۔ الشَّاةَ : دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَّرَىٰ۔ باقی ماندہ (ـــ الصِّرٰی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًى" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔

الصَّارِي۔ فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِيّ و صَرَارِيُّون۔ بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔

الصَّارِيَة۔ الصَّارِي کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔

الصَّرَاة و الصُّرّٰی و المُصَرَّاة۔ مِنَ الشَّاةِ او النُّوقِ : وہ بکری یا اونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تا کہ جمع ہو جائے۔

المِصْطَبَة و المِصْطَبَّة۔ چبوترہ۔

المِصْطَب۔ لوہار کی نہائی۔

المِصْطَح۔ خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلّہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح۔

صَطَرَ (ن) صَطْرًا۔ لکھنا۔

صَيْطَرَ۔ داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔

المِصْطَع۔ فصیح و بلیغ۔

الأَصْطُمَّة۔ چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔

صَعُبَ (ک) صُعُوبَةً۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ : دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ۔ مؤنث صَعْبَةٌ۔ ج صِعَاب۔

أَصْعَبَ۔ الأَمْرُ : مشکل ہونا ـــ الشَّيْءَ : مشکل پانا ـــ الجَمَلُ : سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔

صَاعَبَهُ مُصَاعَبَةً۔ سختی کرنا۔

صَعَّبَهُ۔ دشوار بنانا۔

تَصَعَّبَ۔ دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الأَمْرَ۔ دشوار بنانا۔

تَصَاعَبَ۔ باہم سختی کرنا۔

اِسْتَصْعَبَ۔ مشکل ہونا۔ الشَّيْءَ : مشکل پانا۔

الصَّعْب۔ مص۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔

الصَّعُوب۔ دشوار۔ ج صُعُب۔

الصُّعْبُوب۔ دشوار۔

المَصَاعِب۔ سختیاں۔ مشقتیں۔

المُصْعَب۔ سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب و مَصَاعِيب۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ و مَصَاعِيبُ" سرکش اونٹ۔

صَعْتَرَ۔ النَّحْلُ : پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّيْءَ : مزین کرنا۔

الصَّعْتَر۔ پہاڑی پودینہ۔

الصَّعْتَرِيّ۔ چالاک۔ کریم۔ بہادر۔

صَعِدَ (س) صُعُودًا و صَعَدًا و صُعُدًا فِي السُّلَّمِ : سیڑھی پر چڑھنا ـــ بِهٖ : چڑھانا ـــ صُعُودًا المَكَانَ : نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔

صَعَّدَ۔ فِي و عَلَى الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا ـــ فِي الوَادِي : وادی میں اترنا۔

صَعَّدَ فِيهِ النَّظَرَ : اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔

أَصْعَدَ۔ مکہ کو جانا ـــ فِي الأَرْضِ : اونچی زمین کی طرف جانا ـــ فِي الوَادِي : وادی میں اترنا ـــ فِي العَدْوِ : تیز دوڑنا ـــ ہ : چڑھانا۔

أَصْعَدَتِ السَّفِينَةُ : بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔

تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ۔ چڑھنا۔ تَصَعَّدَهُ و تَصَاعَدَهُ الأَمْرُ : دشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ : مشکل سے سانس نکلنا۔

اِصْطَعَدَ۔ چڑھنا۔

الصَّاعِدُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔

الصَّعَّاد۔ بہت چڑھنے والا۔

الصُّعُد۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا و "هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُو صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔

الصَّعَد۔ مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ : سخت عذاب۔

الصَّعِيد۔ مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان۔ مصر میں چند شہروں کا نام صَعِيد ہے۔

الصُّعُود۔ چڑھائی۔ خَمِيسُ الصُّعُودِ : جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود۔ چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُد و أَصْعِدَة و صَعَائِد۔ کہا جاتا ہے "لَأُرْهِقَنَّكَ صَعُودًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء۔ غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاء۔ مشقت۔

الصَّعْدَة۔ اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات۔

الصَّعُودَاء۔ دشوار گزار گھاٹی۔

المُصَعَّد۔ مِنَ الأَشْرِبَةِ : آگ سے گرم کیا ہوا۔

جَبَلٌ مُصْعِد۔ بلند پہاڑ۔

المِصْعَاد۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا۔ وَجْهُهُ : ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت أَصْعَر۔ مؤنث صَعْرَاء۔ ج صُعْر ـــ رَأْسُهُ : سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ و صَاعَرَ و أَصْعَرَ۔ تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقۃً ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ۔ تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ۔ الشَّيْءَ : گھمانا۔

تَصَعْرَرَ۔ گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ و اِصْعَرَّرَ۔ پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ۔ الإِبِلُ : تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار۔ مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُور و الصُّعْرُوْر۔ درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِير۔

الصُّعْرُورَة۔ گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ۔ القَوْمَ : متفرق کر دینا ـــ الشَّيْءَ۔ حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَأْسَهُ بِالدُّهْنِ۔ سر کو تیل سے چکنا کرنا۔ تَصَعْصَعَ۔ متحرک ہونا۔ متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ : بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ

بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہوگئیں۔

الصَّعْصَع۔ متفرق (___ والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صَعِفَ صَعْفًا۔ کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف۔

اَصْعَفَ۔ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَة۔ کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعَفْقِي۔ وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِيْق وصَعَافِقَة۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً۔ السَّمَاءُ الْقَوْمَ۔ بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا۔ الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا ___ الرَّكِيَّة: کنوئیں کا گر جانا (___ وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ۔ مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعْق۔ مص۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق۔ بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة۔ مص۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق۔

الْمَصْعُوْق۔ غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر۔ مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالًّ۔ چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل۔ مؤنث صَعْلَاء۔ ج صُعْل۔

الصَّعْل۔ چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً۔ محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ۔ فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك۔ فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك وصَعَالِيْك۔ صَعَالِيْكُ الْعَرَب: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ۔ الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ۔ الشَّيْئُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُوْ صَعْوًا۔ باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو۔ چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَةٌ صَعَوَات۔ مولا۔ ج صِعَاء واَصْعَاء نَاقَةٌ صَعْوَةٌ۔ چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّعْب۔ جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) وصَغُرَ (ک) صَغَرًا وصَغَارَةً وصِغَرًا وصُغْرَانًا۔ چھوٹا ہونا۔

صَغُرَ (ک) صِغْرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغْرًا۔ الْقَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَ واَصْغَرَهُ۔ چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِي اَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الْاَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ الْقَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ۔ الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔

اِسْتَصْغَرَهُ۔ چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا ___ فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِّغْرَة۔ اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ اَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَّغَار والصُّغْر۔ ذلت۔ ظلم۔

الصَّغَارَة۔ چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُّغَار والصُّغْرَان۔ چھوٹا۔

الصَّاغِر۔ ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة وصَاغِرُوْن۔

الصَّغِيْر۔ چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار وصُغَرَاء۔

الْاَصْغَر۔ اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَةٌ واَصْغَرُوْن۔ مؤنث صُغْرٰى۔ ج صُغَر۔

الْاَصْغَرَان۔ دل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْمَرْءُ بِاَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا يَصْغُوْ ويَصْغٰى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغٰى صَغًى وصُغِيًّا۔ اِلَيْهِ: جھکنا ___ النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ۔

اَصْغٰى اِصْغَاءً۔ اِلٰى حَدِيْثِهِ: کان لگانا ___ اِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا ___ الْاِنَاءَ: جھکانا ___ الشَّيْئَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰى حَقَّهُ" جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِّغْو۔ کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُ الْكَفِّ او الْمِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء۔

صَاغِيَةُ۔ الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَكْرِمُوْا الرَّجُلَ فِيْ صَاغِيَتِهِ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا وصَفَّفَ۔ الشَّيْئَ: صف بنانا ___ الْقَوْمَ: میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا ___ صَفَّ الْقَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحِهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا ___ الْاِبِلُ قَوَائِمَهَا: اونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا ___ اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا ___ السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً۔ الْقَوْمُ فِي الْقِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا ___ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔

بنانے والاالمُصَافِي کہلاتا ہے۔
اَصَفَّ-السَرْجَ :زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ-القَوْمُ :صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ-القَوْمُ :صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَفُّ-سیدھی قطار-کلاس-صف بستہ قوم-ج صُفُوْف۔
الصَفَف-زرہ کے نیچے کالباس۔
الصُفَّة-ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے- صُفَّةُ السَرجِ او الرحْلِ :زین یا کجاوہ کی گدی-صُفَّةُ المَسْجِدِ :مسجد کا سایہ دار چبوترہ- الصُفَّة : گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو- صُفَّةٌ مِنَ الدَهْرِ : زمانے کی ایک مدت-ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف۔
الصَافُّ- فا- الصافةُ مِنَ الْإِبِلِ : جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں- ج صَافَّات و صَوَافُّ-الصَافَّات :فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوْفٌ-بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگادے اوریا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کرلے۔
الصَفِيْف-خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
المَصَفُّ- صف باندھنے کی جگہ- میدانِ جنگ-مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ-ج مَصَافّ۔
تَصَفَّتَ-الرَجُلُ :قوی و مضبوط ہونا۔
الصِفِتُّ و الصِفِتَّان و الصِفِتَّان- بھاری بھرکم جسم والا- قوی سخت اندام۔
صَفَحَ (ف) صَفْحًا- عَنْهُ : روگردانی کرنا- اعراض کرنا- چھوڑ دینا- گناہ معاف کرنا- صفح السَائِلَ عَنْ حَاجَتِهِ :حاجت پوری نہ کرنا- تم کہتے ہو "اَتَيْتُهُ فِيْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ــــ ہ بِالسَيْفِ : تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا ــــ الشَيْئَ :چوڑا کرنا ــــ النَاسَ :لوگوں میں مقابلہ کرکے ان کی حالت دیکھنا ــــ وَرَقَ المُصْحَفِ : ایک ایک ورق کو پیش کرنا ــــ فِي الْأَمْرِ : غور کرنا۔

صَفِحَتْ (ف) صُفُوْحًا- النَاقَةُ و غَيْرُهَا- دودھ کا ختم ہو جانا- صفت صَافِح۔
صَفَّحَ-الشَيْئَ :لمبا چوڑا کرنا ــــ المَكَانَ : مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا- صَفَّحَ بِيَدَيْهِ :تالی بجانا۔
اَصْفَحَ-السَائِلَ: محروم واپس کر دینا ــــ الشَيْئَ :اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً و صِفَاحًا- ہاتھ ملانا- مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ- الشَيْئَ : تامل کرنا- دیر تک دیکھنا ــــ القَوْمَ :چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے-حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ-القَوْم : باہمدگر مصافحہ کرنا- کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الْأَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهُ-الذَنْبَ :گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَفْح- جانب ــــ مِنَ الوَجْهِ : رخسارہ ــــ مِنَ الإِنْسَانِ :پہلو ــــ مِنَ السَيْفِ- چوڑا پہلو-ج صِفَاح- کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَفْحَة-مِنَ الشَيْئِ :جانب-چہرہ ــــ مِنَ الكِتَابِ :ورق کا ایک جانب- صَفْحَةُ الرَجُلِ- سینہ کی چوڑائی-ج صَفَحات۔
الصَفْحَان و الصَفْحَتَان- رخسارے۔
الصُفْح-چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِفَاحُ و الصَفَح- رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی- کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَفِيْح- آسمان- ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَفِيْحَة- چوڑی تلوار- چوڑا پتھر- ہر چوڑی چیز کا ظاہر- صَفِيْحَةُ الوَجْهِ :چہرے کی کھال-ج صَفِيْح و صَفَائِح- الصَفَائِح : سر کی چار ہڈیاں- دروازے کے تختے۔
الصُفَّاح- پتلے چوڑے پتھر- اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں-ج صُفَّاحَات صَفَافِيْح۔
الصَفَّاح و الصَفُوْح- معاف کرنے والا۔
الصَفُوْح بمعنی کریم۔
المُصْفَح- چوڑا- اُلٹا جھکا ہوا ــــ مِنَ الوُجُوْهِ : ملائم و خوبصورت ــــ مِنَ

الأُنُوْفِ- ستواں ناک ــــ مِنَ الرُؤُوْسِ : کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ــــ مِنَ القُلُوْبِ :جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ــــ مِنَ النَاسِ :جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّح- چوڑا- جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں-اَنْفٌ مُصَفَّحٌ :ستواں ناک۔
المُصْفِحَة و المُصَفَّحَة- تلوار- ج مُصَفَّحَات و مُصَفَّحَات۔
صَفَدَهُ(ض) صَفْدًا و صُفُوْدًا و صَفَّدَهُ-قید کرنا- ہتھکڑی لگانا۔
اَصْفَدَهُ-قید کرنا ــــ مَالاً :دینا۔
الصَفَد- بخشش- بندھن- ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔
الصِفَاد- ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے-بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا- ہونٹوں سے سیٹی بجانا- صَفَر بِالْفَرَسِ عِنْدَ وِرْدِهِ : گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صَفِرَ صَفْرًا- پیٹ میں صفار جمع ہونا- صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفَار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا و صُفُوْرًا و صُفُوْرَة الإِنَاءُ : برتن کا خالی ہونا- کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ او اِنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔
صَفَّرَ-الشَيْئَ :زرد کرنا ــــ الثَوْبَ :زرد رنگنا ــــ البَيْتَ :خالی کرنا ــــ لِلدَابَةِ : ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ــــ بِالدَابَةِ :جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصْفَرَ- محتاج ہونا ــــ الإِنَاءُ : خالی ہونا ــــ البَيْتَ :خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا- زرد رنگ ہونا۔
الصَفْر و الصِفْر و الصُفْر- خالی- کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُفْر-سونا- پیتل۔
الصِفْر- زیرو- اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَر۔ قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار۔
الصَّفَرَان۔ عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔
الصَّفَر۔ مص۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰى شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لَا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصُفْرِی" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دِل میں نہیں چپکتا۔
الصِّفر۔ خالی۔ ج اَصْفَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَار" خالی برتن۔
الصَّفْرَة۔ ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَة۔ زردی۔ سیاہی۔
الصِّفْرِيت۔ کثیرالعیال محتاج۔ ج صَفَارِيت۔
الصَّفَرِيّ والصَّفَرِيَّة۔ فعل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الصُّفَار۔ آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے کیڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (___ والصِّفَار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُّفَارَة۔ مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَّفِير۔ ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَّفِيْر: زای معجمہ سین وصاد مہملہ ہیں۔
الصَّفَّار۔ ٹھٹھیرا۔
الصَّفَّارَة۔ سیٹی۔ مقعد۔
الصَّفَّارِيَّة۔ زرد پَروں کا پرندہ۔
الصَّافِر۔ سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْفَر۔ زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر۔
الصُّفر۔ ودنانیر۔
الاَصْفَرَان۔ زعفران اور سونا۔
الصَّفْرَاء۔ مؤنث اَصْفَر۔ سونا۔ پِتا۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر۔ فا۔ محتاج۔
المَصْفُوْر و المُصَفَّر۔ بھوکا۔
الصِّفْرِد۔ ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ۔ الرَّجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا ___ العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔
الصُّفْصُف۔ چڑیا۔
الصَّفْصَفَة۔ بیابان۔
الصَّفْصَاف۔ بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة۔
صَفَعَهٗ (ف) صَفْعًا۔ تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهٗ و تَصَافَعَا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَّفْعَان و المَصْفَعَانِيّ۔ جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهٗ (ن ض) صَفْقًا۔ تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) ___ الرَّجُلَ عَنْ مُرَادِهٖ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا ___ عَيْنَه: آنکھ بند کر دینا ___ العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا ___ القَدَحَ۔ پیالہ بھرنا ___ الشَّرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا ___ لَهٗ بِالبَيْعِ و صَفَقَ عَلٰى يَدِهٖ و صَفَقَ يَدَهٗ بِالبَيْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ___ الرَّجُلُ: جانا ___ ہ بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا ___ الرِّيْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَيْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: بے حیا ہونا ___ الثَّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهٗ۔ باز رکھنا۔ اَصْفَقَ البَابَ و القَدَحَ و الشَّرَابَ بمعنی صَفَقَ ___ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا ___ لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے ___ الثَّوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰى قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا ___ القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا ___ الرَّجُلُ يَدَيْهِ: تالی بجانا ___ حَوْلَ الشَّيْءِ: طواف کرنا ___ الرَّجُلُ: جانا ___ الشَّرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ عِنْدَ البَيْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ صَافَقَ الرَّجُلُ بَيْنَ جَنْبَيْهِ: ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ___ - بَيْنَ ثَوْبَيْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ۔ القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ۔ الرَّجُلُ: تردد کرنا ___ لِلْاَمْرِ: درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ۔ واپس ہونا۔ پھر جانا ___ القَوْمُ عَلَيْهِ: متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ۔ العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا ___ البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا ___ القَوْمُ: مضطرب ہونا ___ الاَشْجَارُ: حرکت کرنا ___ النِّسَاءُ عَلَى المَيِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الصَّفْق۔ گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔ صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف۔ صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔ صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق۔
الصِّفْق۔ دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔
الصَّفْقَة۔ خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَّفَق۔ گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔
الصِّفَاق۔ کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق۔

الصَافِقَة۔ نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔
الصَفَّاق۔ صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔
الصَفُوْق۔ بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دُشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق۔
الصَفَائِق۔ آنے جانے والے قافلے۔
الصَفَائِق والصَوَافِق۔ مصیبتیں۔ حوادث۔
الصَفِيْق۔ بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔
المَصْفَق۔ راستہ۔
المُصَافِق۔ فا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا ــــ مِنَ الإِبِل: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔
صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا ــــ الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا ــــ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر دے مارنا (ــــ صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچّے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا ــــ الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔
صَافَنَ۔ القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔
تَصَافَنَ۔ القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔
الصَفْن۔ خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان' مستی کے وقت اُونٹ کے مُنہ کی جھاگ۔ ج صُفْن و صُفُن و اَصْفَان و صُفْنَان۔
الصُفْن۔ چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔
الصَفْنَة۔ ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اُونٹ کے منھ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔
الصَفَن۔ ج اَصْفَان و صُفْنَان الصَفَنَة۔ خصیہ کی تھیلی۔
الصَافِن۔ پنڈلی کے نچلے حصّہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُوْن۔
صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا۔ صاف ہونا ــــ الجَوَّ: فضا کا بے ابروباد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصّہ لے لینا۔ صَفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صَفُوَتْ صَفَادَةً النَاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔
صَفَّى تَصْفِيَةً۔ الشَئَ: صاف ستھرا کرنا۔
اَصْفَى اِصْفَاءً۔ فُلاَنًا الوُدَّ: و اَصْفَى لَهُ الوُدَّ۔ خالص مُحبّت کرنا ــــ اَلذِیْ يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ اَصْفَتِ الدَجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رُک جانا ــــ الشَاعِرُ: شعر کہنے سے رُک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "اَنَا شَاكِرُكَ الَّذِی يَصفی و شاعرک الذی لا يصفی" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص مُحبّت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رُکتا نہیں۔ اَصْفَى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ــــ ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا ــــ الشَئَ: کل لے لینا۔
صَافَى مُصَافَاةً۔ فُلاَنًا: خالص مُحبّت کرنا۔
تَصَافَى۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص مُحبّت کرنا۔
اِسْتَصْفَى۔ المَالَ: کل لے لینا ــــ الرَجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاه و اِصْطَفَاه" یعنی چن لینا۔
الصَفْو۔ مص۔ خالص مُحبّت (ــــ الصَفْوَة والصِفْوَة والصُفْوَة) مِنْ كُلِ شَئٍ: خالص اور عمدہ۔
الصَافِي۔ صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابروباد کا دن۔ كِلَاءٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔
الصَافِيَة۔ زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مرگئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافٍ۔
الصِفْوَة۔ خالص دوست۔ طرزِ صفائی۔ الصِفْوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوهُ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔
الصَفَاء۔ جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)
الصَفَاة۔ ج صَفَاء صَفَوَات جج اَصْفَاء و صُفِيّ و صِفِيّ۔
الصَفْوَانَة۔ ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَفْوَاء۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ لاَتَنْدَى صَفَاتَه" مُراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلاَنٌ لاَ تُقْرَعُ لَهٗ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔
الصَفْوَان۔ چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔
الصَفِيّ۔ مخلص دوست۔ ج اَصْفِيَاء۔ مؤنث صَفِيَّةٌ۔ ہر چیز کا خالص حصّہ۔
الصَفِيّ و الصَفِيَّة۔ مال غنیمت کا وہ حصّہ جو سردار اپنے لئے خاص کرلے۔
الصَفِيَّة۔ زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفایا۔
المِصْفَاة۔ چھنا۔ ج مَصَافٍ۔
المُصْطَفَى۔ برگزیدہ۔ چنا ہوا۔
صَقِبَ (س) صَقَبًا۔ المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔
صَقَبَهُ (ن) صَقْبًا۔ تھپڑ مارنا ــــ الشَئَ: جمع کرنا ــــ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
صَاقَبَهُ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ صِقَابًا یعنی رودررو ملاقات کی۔
اَصْقَبَهُ۔ نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَئُ۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصْقَبَكَ الصَيْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔
الصَقْب۔ مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب ــــ لمبا۔ ج صِقَاب و صُقْبَان۔
الصَقَب و الصَقِب۔ قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِي مِنْ دَارِهٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ اَحَقُ بِصَقَبِهٖ"

پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَّيْقَبَانِي۔ عطر فروش۔
الصَّقَح و الصَّقْحَة۔ گنج۔ سر کے اگلے حصّہ کے بال گر جانا۔
الْأَصْقَح۔ گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح۔
صَقَرَهُ (ن) صَقْرًا۔ بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِي بِكَلَامِهِ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی ـــــ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ـــــ الْحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَرَ و صَقَّرَ۔ النَّارَ: آگ کو جلانا۔
صَقَرَت (ن) صَقْرًا و صَقْرَةً و أَصْقَرَتِ۔ الشَّمْسُ أَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقَرَ (ن) صَقْرًا و إِصْقَرَّ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تَصَقَّرَ۔ شکرہ سے شکار کرنا ـــــ بِالْمَكَانِ۔ مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ وِ اصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الصَّقْر۔ گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔
ج أَصْقُر و صُقُور و صُقُورَة وَ صِقَار و صِقَارَة و صُقُر۔ کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَّقْر۔ بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُور و صِقَار۔
الصَّقْر و الصَّقَر۔ شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَّمرُ أَصْقَرُ مِنْ ذَاكَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَّقْرَة۔ بہت کھٹا دودھ۔
صَقَر۔ طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَّقِر۔ مِنَ الرُّطَبِ أَوِ الزَّبِيبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ امْرَأَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصُّقَرِ وَالْبُقَرِ أَوْ بِالصُّقَارَى وَالْبُقَارَى" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَة۔ پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔
الصَّقَرَة۔ حوض کا بقیہ پانی۔
الصَّاقُوْر۔ ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (ـــــ و الصَّاقِرَة) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔
الصَّاقُوْرَة۔ کھوپری کا اندرونی حصّہ۔
الصَّقَّار۔ چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَهُ (ف) صَقْعًا۔ سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الْأَرْضَ: پچھاڑ دینا ـــــ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِيْ أَيْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا ـــــ الْحِمَارَ بِكَيٍّ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے صَقَعَتْهُ الصَّاقِعَةُ بمعنی صَعَقَتْهُ الصَّاعِقَةُ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔
صَقَعَ (ف) صَقْعًا و صُقَاعًا و صَقِيْعًا الدِّيْكُ: مرغ کا بانگ دینا (ـــــ صَقْعًا و صُقَاعًا) بِصَوْتِهِ: آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ (س) صَقَعًا۔ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا۔ الْفَرَسُ أَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت أَصْقَع۔ صَقِعَتِ الْبِئْرُ: کنواں گر جانا۔
صُقِعَ و أُصْقِعَ۔ الْمَكَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔
صَقَّعَ۔ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
أَصْقَعَ۔ الرَّجُلُ: یخ پر چلنا ـــــ الصَّقِيْعُ الْأَرْضَ۔ یخ پڑنا۔
الصُّقْع۔ جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع۔
الصَّقَع۔ سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَّقِع۔ گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَكَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصُّقْعَة۔ گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔
الصَّقْعَاء۔ مؤنث أَصْقَع کا۔ آفتاب۔
الصَّاقِع۔ جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَهْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَّاقِعَة۔ مؤنث صَاقِعُ کا۔ بجلی۔

الصِّقَاع۔ برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الْخِبَاءِ وہ رسّی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَّقِيْع۔ یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
الْمِصْقَع۔ فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع۔
صَوْقَعَهُ۔ سر پر مارنا۔
الصَّوْقَعَة۔ عمامہ۔ سر کا درمیانی حصّہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔
الصَّقْعَب۔ لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)
صَقْعَرَ۔ فِيْ أُذُنِهِ: کان میں چلانا۔
الصُّقْعُر۔ ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔
صَقَلَ (ن) صَقْلًا و صِقَالًا۔ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِل ج صَقَلَة۔ صفت مفعولی مَصْقُوْل ـــــ الدَّابَّةَ: دبلا کرنا ـــــ ه بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا ـــــ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
صَقِلَ (س) صَقَلًا۔ صاف شدہ ہونا۔
الصَّقَل۔ گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔
الصُّقْل۔ پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔
الصُّقْل و الصُّقْلَة۔ کمر۔
الصَّقِلُ۔ مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ: لمبے پہلو کا گھوڑا۔
الصَّيْقَل۔ صَاقِل کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَيَاقِل و صَيَاقِلَةٌ۔
الصَّقِيْل۔ صاف کیا ہوا۔ تلوار۔
الصَّقَّال۔ صَاقِل کا مبالغہ۔
صِقِلِّيَّة و صَقَلِّيَّة۔ جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔
الْمِصْقَل۔ مِنَ الْخُطَبَاءِ: فصیح و بلیغ۔
الْمِصْقَلَة۔ جس سے صیقل کیا جائے۔
الصَّقْلَب و الصَّقْلَبِي و الصَّقْلَابِي۔ ایک

قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان رہا کرتی تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔

صَكَّه (ن) صَكًّا۔ زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔

صَكَّ الباب: دروازہ بند کر دینا۔

صَكَّ (س) صَكَكًا۔ الرَّجُلُ او الفَرَسُ: چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَكُّ۔

اِصْطَكَّتْ رُكْبَتَاهُ: چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا "اِصْطَكَّ الْقَوْمُ بِالسُّيُوْفِ" تلوار سے لڑنا۔

تَصَاكَّتِ۔ الرُّكَب: زانو کا رگڑ کھانا۔

الصَكُّ۔ چک۔ اقرار نامہ۔ ج اَصُكٌّ و صُكُوْك و صِكَاك۔

الأَصَكُّ۔ چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا۔ قوی۔ مؤنث صَكَّاء ج صُكٌّ۔

الصَكَّاك۔ زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چیک لکھنے والا۔ چیک کی حفاظت کرنے والا۔

الصَكِيْك۔ کمزور۔

المِصَكُّ۔ مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔

المَصْكُوْكَات۔ دراہم و دنانیر۔

صَكَمَهُ (ن) صَكْمًا۔ مارنا۔ صَكَمَ الفَرَسُ عَلٰى لِجَامِهِ: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔

الصَكْمَة۔ صدمہ شدیدہ۔

الصَوَاكِم۔ مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے "صَكَمَتْه و صَوَاكِمُ الدَّهْرِ" اس کے اوپر زمانہ کے مصیبتیں پڑیں۔

صَلَّ (ض) صَلِيْلًا۔ السِّلَاحُ: جھنکار ہونا ــــ الشَيْئُ: آواز دینا ــــ المِسْمَارُ: ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا ــــ الإِبِلُ: اُونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے ــــ السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہونا۔ ــــ (صُلُوْلًا) اللَحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ــــ المَاءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

صَلَّ (ن) صَلًّا۔ الشَرَابَ: صاف کرنا ــــ الحَبَّ المُخْتَلَطَ بِالتُّرَابِ: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا ــــ الخُفَّ: چرمی موزہ پر استر لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَلَّتْهُم الصَالَّةُ" یعنی ان کو مصیبت لاحق ہو گئی۔

اَصَلَّ۔ اللَحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ــــ القِدَمُ المَاءَ: دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔

الصِلُّ۔ گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔

الصِلُّ۔ خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا صِلُّ ذَاكَ" یعنی اس کے مماثل ہے۔ تلوار۔ ج اَصْلَال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِلُّ اَصْلَالٍ" یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔

الصِلُّ و الصَلُّ و الصَلَّة۔ تھوڑی متفرق بارش۔

الصَلَّة۔ دباغت سے پہلے خشک چمڑا، بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ تر مٹی۔

الصُلَّة۔ بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔

الصَالَّة۔ مصیبت۔

الصِلَالَة۔ چرمی موزے کا استر۔ ج اَصِلَّة۔

صُلَالَة۔ الحَبِّ: غلے کا کوڑا کرکٹ۔

الصَلِيْل۔ جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔

الصَلَّال و المِصْلَال۔ مِنَ الطِيْنِ۔ خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلَّال: متغیر پانی۔

الصِلِّيَان۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّيَانَةٌ۔

المُصَلِّل۔ سردار۔ شریف۔ خالص النسب۔ کثیر بارش۔

صَلَبَه۔ (ن ض) صَلْبًا۔ سولی دینا ــــ اللَحْمَ: گوشت بھونا ــــ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا ــــ صَلَبَتْهُ الشَمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔ صَلَبَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔

صَلُبَ (ک س) صَلَابَةً۔ سخت ہونا ــــ عَلَى المَالِ: بخل کرنا۔

صَلَّبَ۔ الشَيْئَ: سخت کرنا ــــ الشَيْئُ: سخت ہونا اور خشک ہونا ــــ اللِصَّ: چور کو سولی دینا۔

ــــ المَسِيْحِي: ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔

اَصْلَبَتِ۔ النَاقَةُ: بچّہ کو دودھ پلاتے ہوئے اُونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اُٹھانا۔

تَصَلَّبَ۔ سخت ہونا۔

اِصْطَلَبَ۔ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔

الصَلَب۔ ریڑھ کی ہڈی۔ چربی۔ گودا۔ سخت زمین۔ ج صِلَبَةٌ و اَصْلَاب۔ ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں۔ "اِنَّهَا الأَصْلَابُ مُنْذُ اَعْوَامٍ"

الصُلْب۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُلْبٌ فِيْ دِيْنِهِ" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "زَاعٍ صُلْبُ العَصَا" جبکہ اُونٹوں پر سختی کرتا ہو۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج اَصْلَاب و اَصْلُب و صِلَبَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔

الصُلْب۔ قوۃ۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَة۔

الصُلْب۔ ایک پرندہ ہے۔

الصَالِب۔ فا۔ حُمّٰى صَالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔

الصَالِب و الصَالَب۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُلَّب۔ سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُلَّبَة۔ سان رکھنے کا پتھر۔

الصُلَّبِي۔ سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔

سِنَان صُلَّبِي: تیز نیزے۔

الصُلَّبِيَّة۔ بمعنی صُلَّبِي۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الصَلِيْب۔ وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ہر وہ جو دو خط کی شکل پر ہو جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبَان و صُلُب۔ قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِيْبَ العَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ جھنڈا۔ لَدَى صَلِيْبٍ عَلَى الزَّوْرَاءِ مَنْصُوْبٍ۔ اُونٹ کا داغ۔ ج صُلُب۔ خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيّ صَلِيْب" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُو الصَلِيْب" لقب ہے "الاخطل نصرانی شاعر کا۔"

الصَلِيْبِي۔ واحد الصَلِيْبِيَّة۔ کا۔ یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ

حاصل کرنے کے لیے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انہوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔

بَعِیْرٌ مُصَلَّبٌ و مَصْلُوْبٌ۔ جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَۃٌ و مَصْلُوْبَۃٌ سِنَانٌ مُصَلَّبٌ۔ تیز نیزے۔ شَيْءٌ مُصَلَّبٌ عَلَیْهِ: جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ: جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔

صَلَتَ (ن) صَلْتًا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو ایڑ مارنا۔

صَلُتَ (ک) صُلُوْتَۃً۔ الرَّجُلُ: کشادہ پیشانی والا ہونا۔

اَصْلَتَ۔ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

اِنْصَلَتَ۔ فِيْ عَدْوِهٖ: دوڑ میں آگے نکل جانا۔

الصَّلْتُ۔ کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِیْنٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔

الصَّلْتُ و الصُّلْتُ۔ بڑی چھری۔ ج اَصْلَاتٌ۔

الصَّلْتُ والصَّلَتَانُ والاِصْلِیْتُ والاَصْلَتِيُّ والاِصْلَاتُ والمِصْلَتُ و المِصْلَاتُ و المُنْصَلِتُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَصَالِیْتِ الرِّجَالِ" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔ الصَّلْتُ والاِصْلِیْتُ والمُنْصَلِتُ مِنَ السُّیُوْفِ: صیقل شدہ تیز تلوار۔

المُصَالَتَۃُ۔ باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنیً لے لینا اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے۔

صَلَجَ (ن) صَلْجًا۔ الفِضَّۃَ: چاندی پگھلانا۔ صَلَجَهٗ۔ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

صَلِجَ (س) صَلَجًا۔ سَمْعُهٗ: بہرا ہونا۔

تَصَالَجَ۔ الرَّجُلُ: بہرا بننا۔

الصُّلْجُ۔ کھرے درہم۔

الصُّلْجَۃُ۔ ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صُلَجٌ۔

الصَّلِیْجَۃُ۔ پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔

الصَّوْلَجَانُ و الصَّوْلَجَانَۃُ۔ ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَۃُ۔

الصَّوْلَجُ۔ خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔

الاَصْلَجُ۔ سخت چکنا۔ بہرا۔

صَلُحَ (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوْحًا و صَلَاحِیَۃً۔ درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہوگیا ___ الرَّجُلُ: نیک ہونا ___ فِيْ عَمَلِهٖ: کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا یَصْلُحُ لَكَ صَلَاحًا" یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔

صَالَحَهٗ صِلَاحًا و مُصَالَحَۃً۔ موافق ہونا۔ صلح کرنا۔

اَصْلَحَ۔ الشَّيْءَ: درست کرنا۔ بَیْنَهُمْ: صلح کرانا ___ اِلَیْهِ: اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰهُ فِيْ ذُرِّیَّتِهٖ و مَالِهٖ۔"

تَصَالَحَ واصْتَلَحَ واصْطَلَحَ واصَّلَحَ۔ القَوْمُ: رضامند ہونا۔

اِسْتَصْلَحَ۔ الشَّيْءَ: درستی چاہنا۔

الصُّلْحُ۔ سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوْحٌ" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔

الصَّلَاحِیَۃُ۔ وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔

الاِصْطِلَاحُ۔ عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کر لینا۔ ج اِصْطِلَاحَاتٌ۔

الصَّالِحُ۔ نیک۔ ٹھیک۔ درست۔ حقوق و واجبات کا پورا کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَالِحٌ بِكَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَهٗ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الاَدَبِ" یعنی اس کیلئے ادب کا حصہ کثیر ہے۔ ج صَالِحُوْنَ و صُلَّاحٌ۔

الصَّالِحَۃُ۔ مؤنث صالح کا۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْنِيْ صَالِحَۃٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِیْحُ۔ بمعنی صَالِحٌ۔ ج صُلَحَاءُ۔

المَصْلَحَۃُ۔ جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی۔ ج مَصَالِحُ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ المَفَاسِدِ لَا المَصَالِحِ۔"

صَلِخَ (س) صَلَخًا۔ سَمْعُهٗ: سخت بہرا ہونا۔

تَصَالَخَ۔ بہرا بننا۔

اِصْلَخَّ۔ لیٹنا۔

الصَّالِخُ۔ بمعنی السَّالِخُ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "جَرَبٌ صَالِخٌ و سَالِخٌ" کالا سانپ۔

الاَصْلَخُ۔ بہت بہرا۔ مِنَ الجِمَالِ: خارشی اونٹ۔ مؤنث صَلْخَاءُ ج صُلْخٌ۔

الصَّلَخُ۔ بہرا پن۔ خارش۔ وَاهِیَۃٌ صَلُوْخٌ۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الصَّلْخَدُ والصِّلْخَدُ والصِّلْخِدُ والصِّلْخَادُ والصُّلَاخِدُ والصَّلَخْدَی۔ قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلَاخِدُ۔

الصَّلْخَدَمُ۔ مِنَ الاِبِلِ: قوی اونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا ___ صَلَدَتِ الاَرْضُ: زمین کا سخت ہونا ___ صَلْعَتُهٗ: سر کے گنج کا چمکنا۔

صَلَدَتْ (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّۃُ: جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا ___ الرَّجُلُ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلَ: کچھ نہ دینا ___ بِیَدَیْهِ: تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلَادَۃً و صَلَّدَ تَصْلِیْدًا۔ بخل کرنا۔

اَصْلَدَ۔ الزَّنْدَ: بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا آواز کرنا۔ اَصْلَدَتِ الاَرْضُ: سخت ہونا۔ اَصْلَدَ الزَّنْدَ: بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکلنا۔

الصَّلْدُ۔ ٹھوس۔ چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ صَلْدٌ و مَکَانٌ صَلْدٌ" ج اَصْلَادٌ۔ فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذمومہ ہے۔ رَاْسٌ صَلْدٌ: جس سر پر بال نہ نکلیں۔ جَبِیْنٌ صَلْدٌ: سخت

پیشانی۔رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد۔
الأَصْلَد۔بخیل۔مؤنث صَلْدَاءُ ج صُلْدٌ۔
الصَّالِد۔فا۔وہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے۔
الصَّالِدَۃ۔مؤنث صَالِد کا۔دانت جس کے پیسنے میں آواز نکلے۔ج صَوَالِد۔
الصَّلُوْد۔آگ نہ دینے والا چقماق۔ٹھوس۔اکیلا۔بہت بخیل۔خشک۔فَرَسٌ صَلُوْدٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔قِدْرٌ صَلُوْدٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔اِمْرَأَۃٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت۔
الصَّلَوْدَد۔ٹھوس چکنا۔
الصَّلِیْد۔اکیلا۔
عُوْدٌ صَلَّادٌ و مِصْلَاد۔نہ سلگنے والی لکڑی۔
نَاقَۃٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی۔
الصِّلْدَاء و الصِّلْدَاءَۃ۔سخت ٹھوس زمین۔
الصَّلْدَح۔چوڑا پتھر۔
الصَّلَوْدَح۔سخت قوی۔
الصِّلْدِم۔ٹھوس۔سخت کھر۔شیر۔ج صَلَادِم۔
الصِّلَّوْر۔ایک قسم کی مچھلی۔
صَلْصَلَ صَلْصَلَۃً الحَلْیُ او اللِّجَام: زیور یا لگام سے آواز نکلنا ___ الرَّعْدُ: صاف گرجنا۔الجَرْسُ: آواز کو دہرانا ___ فُلَانًا: دھمکی دینا۔
تَصَلْصَلَ۔اللِّجَام او الحُلِیُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔
الصُّلْصُل۔گھوڑے کی پیشانی۔گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔چھوٹا پیالہ۔برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ماہر چرواہا۔فاختہ۔
الصَّلْصَال۔کھنکھنانے والی خشک مٹی (___ والصُّلَاصِل و المُصَلْصَل) آواز دینے والا گدھا۔
الصَّلْصَالَۃ۔زمین جس میں کوئی نہ ہو۔
المُصَلْصَل۔مصدر میمی۔خالص النسب۔شریف سردار۔
اِصْلَنْطَحَ۔البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔
الصُّلَاطِح و المُصْلَنْطِح۔چوڑا کشادہ۔
صَلِعَ (س) صَلَعًا سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔صفت أَصْلَع ج صُلْعٌ و صُلْعَان کہا جاتا ہے "صَلِعَتِ الشَّجَرَۃُ" یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے۔
صَلَّعَتْ و تَصَلَّعَتْ و انْصَلَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا ___ الحَیَّۃُ۔سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔
صِلَاعُ۔الشَّمْسِ: آفتاب کی گرمی۔
الصُّلْعَۃ و الصَّلَعَۃ۔سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔
الصَّلْعَاء۔أَصْلَعُ کا مؤنث۔خالی بیابان۔مصیبت۔رَمْلَۃٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان۔ج صُلْع۔
الصُّلَّع و الصَّلِیْع و الصُّلَاع۔چوڑا پتھر۔
مِنَ الأَمْكِنَۃِ: بنجر زمین۔رَأْسٌ صَلِیْعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔
صَلْعَم۔صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔
صَلِفَ (س) صَلَفًا۔ڈینگ مارنا۔صفت صَلِفٌ ج صَلِفُوْنَ صُلَفَاء و صَلَافَی ___ لِصَاحِبِہٖ: غیر پسندیدہ باتیں کرنا ___ المَرْأَۃُ عِنْدَ زَوْجِھَا: شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا۔صفت صَلِفَۃ۔ج صَلِفَات و صَلَائِف ___ السَّحَاب: زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔
أَصْلَفَ۔بے برکت ہونا۔گراں جان ہونا۔فُلَانًا: بغض رکھنا۔
تَصَلَّفَ۔بہ تکلف ڈینگ مارنا۔چاپلوسی کرنا ___ القَوْم: سخت زمین میں پڑنا۔
الصَّلْف۔درخت خرما میں خالی ہونا۔صَلْفَۃٌ واحد ہے۔
الصَّلِف۔بے مزہ کھانا۔بھاری برتن۔اِنَاءٌ صَلِفٌ: کم پانی لینے والا برتن۔سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔أَرْضٌ صَلِفَۃٌ: زمین جس میں کچھ نہ اگے۔
الصَّلِیْف۔گردن کا پہلو۔کہا جاتا ہے "أَخَذَہٗ بِصَلِیْفِہٖ" یعنی پورا لے لیا۔"طَعَامٌ صَلِیْفٌ" بے مزہ کھانا۔
الأَصْلَف۔زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اگے۔ج أَصَالِف۔
الصَّلْفَاء و الصِّلْفَاء و الصَّلْفَاءَۃ و الصِّلْفَاءَۃ۔زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اگے۔ج الصَّلَافِی۔
المُصْلِف۔بیوی کی بے قدری کرنے والا۔
صَلْفَعَ۔مفلس ہونا۔رَأْسَہٗ: مونڈ دینا۔
صَلَقَ (ن) صَلْقًا۔الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔صَلَقَہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔صَلَقَتْہُ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا۔
صَلَقَ (ن) صَلْقًا۔نَابَہٗ: دانت پیسنا۔
أَصْلَقَ۔الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔
___ النَّابَ: دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔
تَصَلَّقَ۔المَرِیْضُ: درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا ___ المَرْأَۃُ: درد زہ میں مبتلا ہونا۔
اِصْطَلَقَ۔البَعِیْرُ بِنَابِہٖ: اونٹ کا دانت پیسنا۔
الصَّلَاقَۃ۔پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔
الصَّلْق۔سخت آواز۔
الصَّلَق۔ہموار زمین۔ج أَصْلَاق۔جج أَصَالِیْق۔
الصَّلِیْق۔چکنا۔
الصَّلِیْقَۃ۔پتلی روٹی۔چپاتی۔گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ج صَلَائِق۔
المِصْلَق و المِصْلَاق۔مِنَ الخُطَبَاءِ: بلیغ خطیب۔ج مَصَالِق و مَصَالِیْق۔
المَصَالِیْق۔بڑے بڑے پتھر، ہلکے پھلکے اونٹ۔
صَلْقَعَ۔مفلس ہونا ___ رَأْسَہٗ: سر مونڈنا۔
صَوْتَہٗ: آواز تیز کرنا۔
الصَّلْقَع۔خالی۔کہا جاتا ہے "مَكَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ و صَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ" خالی مکان۔بَلْقَع و بَلَنْقَع صَلْقَع و صَلَنْقَع کے لیے تابع ہیں۔
الصَّلَنْقَع۔مرد دلا اور توانا۔
صَلَمَ (ن ض) صَلْمًا و صَلَّمَ۔الشَّیْءَ: جڑ سے کاٹنا۔صَلَمَہٗ و صَلَّمَہٗ جڑ سے ناک، کان کاٹ لینا۔
اِصْطَلَمَہٗ۔جڑ سے اکھیڑنا۔کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَہُمُ الدَّھْرُ" یعنی زمانہ نے ان کو برباد کر دیا۔

الصَلَم و الصَلَمَة۔ مضبوط اور بہادر لوگ۔ واحد صَالِمٌ۔

الصُلمة۔ خود۔

الصُلاَمَة و الصِلاَمَة و الصُلاَمَةُ۔ آدمیوں کی جماعت۔ سخاوت میں بہادری میں اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ ج صُلاَمات صِلامات' صَلاَمات۔

رَجُلٌ اَصْلَمُ۔ الاُذُنَین : وہ شخص جس کے دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقتاً ایسے ہی ہیں۔ مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم۔

الصَیلم۔ تلوار۔ سخت کام۔ مصیبت۔ دن میں ایک مرتبہ کا کھانا۔ وَقْعَةٌ صَیلَمَةٌ : جڑ مٹا دینے والی جنگ۔

المُضْجِر۔ بے قرار کرنے والا۔ تنگ دل کرنے والا۔ ج مَضَاجِر و مَضَاجِيْر۔

ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا و ضُجُوْعًا و اِنْضَجَعَ و اِضَّجَعَ و اِضْطَجَعَ۔ پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَّجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

اَضْجَعَهُ۔ پہلو کے بل لٹانا ___ الشَّیئَ: پست کرنا ___ الحَرْفَ: حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا ___ جَوَالِقَهُ: بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَّعَتِ۔ الشَّمْسُ: غروب کیلئے مائل ہونا ___ و تَضَجَّعَ فِيْ الأَمْرِ: کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهُ۔ ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع۔ کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ۔ عَنِ الأَمْرِ: غفلت کرنا۔

الضَّجْعُ۔ مع۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔

الضَّجْعَة۔ صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔

الضِّجْع۔ جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضِجْعُهُ اِلَيَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِّجْعَة۔ پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔

الضُّجْعَة۔ رائے کی کمزوری (___ و الضُّجَعَة و الضُّجَعِي و الضِّجْعِي و الضُّجْعِيَّة و الضِّجْعِيَّة) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔

الضَّاجِع۔ فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بیوقوف ___ مِنَ الدَّوَابِّ: بے برکت جانور ___ مِنَ النُّجُوْمِ: غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع۔ رَجُلٌ ضَاجِع بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ ضَاجِعًا اِلَيْهِ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَّاجِعَة۔ مؤنث ضَاجِع۔ نہر کا دہانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (___ و الضَّجْعَاء) زیادہ بکریاں۔

الضَّجُوْع و المَضْجُوْع۔ کمزور رائے والا۔

الضَّجُوْع: مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا ڈول۔

الضَّجِيْع۔ ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِيْعَة۔

المَضْجَع۔ خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع۔

اَلْمُضْطَجَع- خواب گاہ- مَضَاجِعُ الْغَيْثِ: بارش کی جگہ-

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ: مُنہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا- جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اضجم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "فِيْ فَمِهٖ ضَجَمٌ" یعنی اس کے مُنہ میں کجی ہے-

تَضَاجَمَ- الفَمُ: مُنہ کا ٹیڑھا ہونا- الاَمْرُ بَيْنَهُمْ: مختلف فیہ ہونا-

الضَّحُّ- آفتاب کی روشنی- جس پر آفتاب کی روشنی پڑے-

ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ- السرابُ: سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا- ضَحْضَحَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا-

الضَّحْضَح- تھوڑا پانی-

الضَّحْضَاح- تھوڑا پانی یا نایاب پانی- بہت اُونٹ-

ضَحِكَ (س) ضَحْكًا و ضِحْكًا و ضِحِكًا و ضَحِكًا- ہنسا- کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْهُ و بِهٖ و عَلَيْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہو گئے- القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا ___ السَّحَابُ: بادل کا چمکنا ___ الطَّرِيْقُ: راستہ کا ظاہر ہونا- ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَّبَاتِ: اُگانا ___ الشَّيْبُ بِرَاْسِهٖ: بڑھاپا ظاہر ہونا ___ طَلْعُ النَّخْلَةِ: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (___ ضَحْكًا) الرَّجُلُ: تعجب کرنا-

ضَاحَكَهٗ- ایک دوسرے کے ساتھ ہنسا- ہنسی میں غالب آنا-

اَضْحَكَهٗ- ہنسانا- اَضْحَكَ الحَوْضَ: لبریز کرنا-

تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ و اِسْتَضْحَكَ- ہنسا- و تَضَاحَكَ الرَّجُلُ: بتکلف ہنسا- تَضَاحَكَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہنسانا-

الضَّحْكُ- مع- سفید دانت- گل- جھاگ- برف- درمیان راستہ- تعجب- شہد یا شہد مع موم کے- کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا-

الضَّاحِك- فا- ہنسنے والا- پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر- کہا جاتا ہے "لَهٗ رَاْيٌ ضَاحِكٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں-

الضَّاحِكَة- مؤنث ضَاحِك- دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں- ج ضَوَاحِك- کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهٖ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا-

الضُّحَكَة والضُّحْكَة والضَّحَّاك والضَّحُوْك والمِضْحَاك- بہت زیادہ ہنسنے والا- الضَّحُوْك والضَّحَّاك: درمیان راستہ- الضَّحُوْك کی جمع ضُحُك-

الضُّحْكَة- جس آدمی پر لوگ ہنسیں-

الضُّحَكَة- جو لوگوں پر ہنسے-

الاُضْحُوْكَة- وہ چیز جس پر ہنسی آئے- ج اَضَاحِيْك-

ضَحَلَ (ف) ضَحْلاً- الغَدِيْرُ: تالاب کا پانی کم ہونا ___ المَاءُ: پانی کا پایاب ہو جانا- کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَيْرَكَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا-

الضَّحْل- پایاب پانی- ج ضِحَال و اَضْحَال و ضُحُوْل-

المَضْحَل- وہ جگہ جہاں پانی کم ہو-

ضَحَا يَضْحُو ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا الرَّجُلُ: دھوپ کھانا ___ الشَّيْئُ: دھوپ کا لگنا ___ الطَّرِيْقُ: ظاہر ہونا- کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهٗ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِيَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے-

ضَحِيَ يَضْحَى ضَحًا و ضَحَاءً- دھوپ لگنا- دھوپ کھانا- کھل جانا- ضَحِيَتِ اللَّيْلَةُ: بے بادل کا ہونا-

ضَحَّى تَضْحِيَةً- فُلاَنًا: چاشت کے وقت کھانا کھلانا ___ بِالشَّاةِ: بقر عید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا- الغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا ___ الرَّجُلُ: فدیہ ہو جانا ___ عَنِ الاَمْرِ: دیر کرنا- جلدی نہ کرنا- اِلَيْهِ: بیان کرنا- ظاہر کرنا-

ضَاحَى مُضَاحَاةً- الرَّجُلُ: چاشت کے وقت آنا-

اَضْحَى- چاشت کے وقت میں داخل ہونا- اَضْحَى يَفْعَلُ كَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کَانَ جیسا عمل کرتا ہے) ___ الشَّيْئَ: ظاہر کرنا- عَنِ الاَمْرِ: دُور رہنا- کہا جاتا ہے "اَضْحَى اللّٰهُ ظِلَّكَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دُور کر دے- مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے-

تَضَحَّى تَضَحِّيًا- چاشت کے وقت کھانا- چاشت کے وقت تک سونا- دھوپ کھانا-

اِسْتَضْحَى اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا-

الضَّحَاء- چاشت کا وقت-

الضَّحْو الضَّحْوَة- چاشت کا وقت-

الضُّحَى- چاشت- آفتاب- بیان- کہا جاتا ہے "مَا لِكَلَامِهٖ ضُحًى" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں-

الضَّحْيَان- چاشت کے وقت کھانے والا- مؤنث ضَحْيَانَةٌ-

الضَّحِيَّة- دن کا بلند ہونا- قربانی کی بکری- ذبیحہ- ج ضَحَايَا-

الاَضْحَاة- قربانی- ج اَضْحًى-

الاُضْحِيَّة الاِضْحِيَّة- قربانی- ج اَضَاحِيّ-

يَوْمُ الاَضْحَى- قربانی کا دن- الاَضْحَى مِنَ الخَيْلِ- سفید سیاہی مائل گھوڑا- مؤنث ضَحْيَاء-

الضَّاحِي- فا- دھوپ کھانے والا- ضَاحِي الجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ-

الضَّاحِيَة- مؤنث ضَاحِي- ہر شے کا کھلا ہوا حصہ- ج ضَوَاحٍ- ضَوَاحِي البَلْدَةِ: اطراف شہر- ضَوَاحِي الحَوْضِ: حوض کے اطراف- کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ ضَاحِيَةً" یعنی اعلانیہ کیا-

شَجَرَةٌ ضَاحِيَةُ الظِّلِّ- بے سایہ درخت-

يَوْمٌ اِضْحِيَانٌ- بے بادل کا دن-

لَيْلَةٌ اِضْحِيَانَةٌ و اِضْحِيَةٌ- چاندنی رات-

اَرْضٌ مَضْحَاةٌ- سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو-

ضَخَّ (ن) ضَخًّا- المَاءَ: پانی گرانا-

ضَخَّتِ العَيْنُ: آنسو بہانا-

اِنْضَخَّ المَاءُ: گرنا۔

المِضَخَّة۔ پچکاری۔

ضَخَزَ(ف)ضَخْزًا عَيْنَهٗ۔ آنکھ نکال لینا۔

ضَخُمَ(ک) ضَخَامَةً و ضِخَمًا۔ موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ۔ ج ضِخَام مؤنث ضَخْمَة۔ ج ضَخْمَات۔

ضَخَّمَه۔ موٹا بنانا۔

الضَخَام۔ ہر شے کا بڑا۔

الاَضْخَم۔ موٹا۔ زیادہ موٹا۔

المِضْخَم۔ بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔

ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلاَنًا فِي الخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّهٗ عَنْ كَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا ـــــ القِرْبَةَ: مشک کو بھر دینا۔

ضَادَّهٗ مُضَادَّة۔ مخالفت کرنا۔

اَضَدَّهٗ۔ غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔

تَضَادًّا اتَضَادًّا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

الضِدُّ۔ مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَاد وضِدّ۔

الاَضْدَاد۔ ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔

الضَدِيْد۔ ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لاَ ضَدِيْد لَهٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔

ضَدِيَ يَضْدٰى ضَدًى۔ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِيَةٌ۔ ج ضَوَادٍ و ضَادِيَاتٌ۔

ضَادَاهُ مُضَادَاةً۔ مخالفت کرنا۔

اَضْدٰى اِضْدَاءً۔ الِانَاءَ: برتن کو بھر دینا۔

ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا۔ فُلاَنًا و لِفُلاَنٍ: نقصان دینا ـــــ ہ اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔

ضُرَّ۔ بَصَرُهٗ: اندھا ہونا۔

ضَارَّهٗ ضِرَارًا و مُضَارَّةً۔ نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَهٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔

ضَرَّرَهٗ تَضْرِيْرًا۔ بہت زیادہ نقصان دینا۔

اَضَرَّهٗ۔ تکلیف پہنچانا ـــــ ہ عَلَى الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِهٖ: بہت قریب ہونا ـــــ اِلَيْهِ عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔ اَصخَّر بَعْدوٍ: کچھ تیز دوڑنا ـــــ عَلَى السَيْرِ الشَدِيْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا ـــــ الرَجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔

تَضَرَّرَ۔ نقصان پہنچنا۔

اِضْطَرَّهٗ۔ اِلٰى كَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔

اُضْطُرَّ۔ مجبور کیا جانا۔

اِسْتَضَرَّ۔ بِهٖ: نقصان پہنچنا۔

الضَرّ و الضُرّ و الضَرر۔ نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج اَضْرَار۔ اور عوام کے استعمال میں ضَرّہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ (ذَرٌّ) ہے۔

الضِرّ و الضُرّ۔ سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔

الضَرَّاء۔ سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔

الضُرَّة۔ جانی و مالی نقصان۔

الضَرَّة۔ حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مالِ کثیر۔ ضَرَّةُ المَرْاَةِ۔ سوکن۔ ج ضَرَائِر۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ دَاءُ الضَرَّائِر" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔

الضَارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔

الضَرُوْرَة والضَارُوْرَة والضَارُوْرِ والضَارُوْرَاء۔ حاجت۔ الضَارُوْرَة بمعنی ضرر۔

الضَرَارَة۔ اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔

الضَرِيْر۔ اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء و اَضْرَار مؤنث ضَرِيْرَة۔ ج ضَرَائِر۔

الضَرِيْر۔ غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ضَرِيْرٌ و ذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَيْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔

الضَرُوْرِيّ۔ جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔

التَضِرَّة و التَضُرَّة۔ بدحالی۔

المَضَرَّة۔ نقصان۔ ج مَضَارّ۔

ضَرَاَ(ف) ضَرْأً۔ الشَيْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔

اِنْضَرَاَتْ اِنْضِرَاءً۔ الاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا ـــــ الشَجَرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔

ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا۔ الشَيْءُ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا ـــــ الجُرْحُ او الضِرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا ـــــ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا ـــــ اللَيْلُ: رات طویل ہونا ـــــ الزَمَانَ: گزرنا ـــــ الطَيْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا ـــــ ہ: مارنا ـــــ ہ البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَيْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ: مدت مقرر کرنا ـــــ المثل: مثال بیان کرنا ـــــ الدِرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا ـــــ الخَاتَم: انگوٹھی ڈھالنا ـــــ الصَلاَةَ: نماز قائم کرنا ـــــ الشَيَ بِالشَيْءِ: ملانا ـــــ الحَاسِبُ كَذَا فِيْ كَذَا: ضرب دینا ـــــ الجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا ـــــ عَلَيْهِمُ الذِلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا ـــــ لَهٗ سَهْمًا مِنْ مَالِهٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا ـــــ عَلٰى يَدِهٖ: روک دینا ـــــ القَاضِيْ عَلٰى يَدِهٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِهِ الاَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا ـــــ فِي المَاءِ: تیرنا ـــــ بَيْنَهُمْ: فساد کرا دینا ـــــ فُلاَنًا عَنْ فُلاَنٍ: روک دینا۔ منع کر دینا ـــــ بِيَدِهٖ: اشارہ کرنا ـــــ عَنْ فُلاَنٍ كَذَا: روک لینا ـــــ الدَهْرُ بَيْنَنَا: جدا کر دینا ـــــ بِالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا ـــــ عَلٰى اُذُنِهٖ: سننے سے منع کرنا ـــــ عَلَى المَكْتُوْبِ: مہر لگانا ـــــ فِي البُوْق: بگل بجانا ـــــ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِي" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِي الاَرْضِ ضَرْبًا و

ضَرَبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔

ضَرِبَ (س) ضَرَبًا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔

ضُرِبَتِ الْأَرْضُ :زمین پر کہرا پڑنا۔

ضَرَّبَهُ۔ بہت مارنا ـــــ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ :ملانا ـــــ الْمَظَلَّةَ بِالْخُيُوْطِ : چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا ـــــ ہ النَّجَّادُ الْمُضَرَّبَةَ : درزی کا رضائی کو سینا ـــــ ضَرَّبَتْ عَيْنُهُ : آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ : بھڑکا دینا ـــــ فِي الْحَرْبِ :برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔

ضَارَبَهُ مُضَارَبَةً وضِرَابًا۔ ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهُ و ضَارَبَ لَهُ فِي الْمَالِ و بِالْمَالِ : کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔

اضرب في المكان :اقامت کرنا۔ سر جھکانا ـــــ عَنْهُ :اعراض کرنا ـــــ الْقَوْمُ :پالے سے ڈھک جانا ـــــ الْخُبْزُ : پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَأْشًا لِلْأَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔

تَضَرَّبَ۔ الشَّيْئُ : متحرک ہونا۔ موج مارنا۔

تَضَارَبَ۔ الْقَوْمُ :ایک دوسرے کو مارنا۔

اِضْطَرَبَ۔ متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا ـــــ الْأَمْرُ : خلل پذیر ہونا۔ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو مارنا ـــــ فِي أُمُوْرِهِ : متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا ـــــ مِنْ كَذَا : تنگ دل ہونا ـــــ فُلَانٌ : حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔

اِسْتَضْرَبَ۔ الْعَسَلُ : شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔

الضَّرْبُ۔ مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَابٌ۔ خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے ـــــ فِي الْعَرُوْضِ۔ فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ و اَضْرُبٌ و اَضْرَابٌ۔ دِرْهَمٌ ضَرْبٌ : ٹھپہ لگا ہوا درہم۔

دَارُ الضَّرْبِ : ٹکسال۔

الضَّرَبُ و الضَّرْبُ۔ سفید گاڑھا شہد۔

الضَّرْبَةُ۔ اسم مرۃ۔ دفعتاً واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِيْ عَلَيْكَ إِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔

الضَّرَبَانُ۔ مص ـ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ : زمانے کے حوادث۔

الضروب و الضَّرِب۔ مارنے والا۔

الضَّرَّابُ۔ زیادہ مارنے والا۔

الضَّارِبُ۔ فا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِبُ۔ الطَّيْرُ الضَّوَارِبُ : خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔

الضَّرِيْبُ۔ مارنے والا۔ ج ضُرَبَاءُ ـــــ پٹا ہوا۔ ج ضَرْبَى ـــــ قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ' آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِبُ۔

الضَّرِيْبَةُ۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ ضَرِيْبَتُهُ الَّتِيْ ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ ـــــ مِنَ السَّيْفِ : دھار ـــــ مِنَ الصُّوْفِ و نَحْوِهٖ :اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِبُ۔

الْمَضْرِبُ۔ مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (ـــــ و الْمَضْرَبُ) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِبُ۔

الْمِضْرَبُ و الْمِضْرَابُ۔ مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ الْمِضْرَبُ : بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِبُ۔

الْمُضْرِبُ و الْمُضْرِبَةُ مِنَ الْحَيَّاتِ : غیر متحرک سانپ۔

مَضْرِبَةُ السَّيْفِ و مَضْرَبَتُهُ۔ تلوار کی دھار۔

بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ۔ سلا ہوا بچھونا۔

الْمُضَرَّبَةُ۔ دلائی۔ رضائی۔

ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا۔ الشَّيْئَ : پھاڑنا ـــــ الثَّوْبَ بِالدَّمِ : خون میں لتھیڑنا ـــــ الشَّيْئَ إِلَى الْأَرْضِ :ڈالنا۔

ضَرَّجَهُ۔ لتھیڑنا ـــــ ضَرَّجَ الثَّوْبَ : سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ـــــ الْأَنْفَ بِالدَّمِ : خون آلود کر دینا ـــــ الْكَلَامَ : آراستہ کرنا ـــــ الْإِبِلَ :لوٹ میں دوڑانا۔

ضَرَّجَ و اَضْرَجَ۔ الْجَيْبَ :لٹکانا۔

تَضَرَّجَ۔ پھٹنا ـــــ الزَّهْرُ : پھول کا کھلنا ـــــ الشَّيْئُ : لت پت ہونا ـــــ الْخَدُّ : رخسارہ کا سرخ ہونا ـــــ الْمَرْأَةُ : عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔

اِنْضَرَجَ۔ پھٹنا ـــــ لَنَا الطَّرِيْقُ : کشادہ ہونا ـــــ مَا بَيْنَ الْقَوْمِ :دوری ہونا۔

اِنْضَرَجَتِ الْعُقَابُ :شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

الضَّرِيْجُ۔ ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيْجٌ۔ تیز دوڑ۔

الْإِضْرِيْجُ۔ زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الْمِضْرَجُ۔ پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِجُ

الْمَضَارِجُ : مشقتیں۔

عَيْنٌ مَضْرُوْجَةٌ۔ بڑی خوبصورت آنکھ۔

الضَّرْجَعُ۔ چیتا۔ ج ضَرَاجِعُ۔

ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا۔ الشَّيْئَ : پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّيْ" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اتار دیا۔ الْقَبْرَ : قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ : میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔

ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوْحًا و ضَرْحًا۔ السُّوْقُ : کساد بازاری ہونا ـــــ ضَرْحًا و ضِرَاحًا۔ الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا۔ دولتی مارنا۔

ضَارَحَهُ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔

اَضْرَحَهُ۔ فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوْقَ :کساد بازاری کرنا۔

اِنْضَرَحَ۔ الشَّيْئُ : پھٹنا ـــــ مَا بَيْنَ الْقَوْمِ۔ دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔

اِضْطَرَحَ۔ الشَّيْئَ :ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

الضُرَاح۔ چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾

الضَرْح۔ مص۔ کھال۔ دُوری۔ وحشت۔

الضَرَح۔ خراب آدی۔ نِيَّةٌ ضَرَحٌ: دُور دراز کا ارادہ۔

الضَرُوْح مِنَ الدَوَابِّ: دولتی مارنے والا جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوْح: زور سے پھینکنے والی کمان۔

الضَرِيْح۔ دور۔ قبر۔ ج ضَرَائِح۔

المُضْرَح و المَضْرَحِيّ۔ شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المَضْرَحِيُّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔

ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا۔ الشَيْئَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا ____ الرَجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔

ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا۔ الاَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔

ضَرَّسَهُ۔ الزَمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔ ضَرَّسَهُ الحُرُوْبُ او الاَيَّام: تجربہ کار کر دینا۔

اَضْرَسَ۔ الحَامِضُ الاَسْنَانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ____ هُ: رنجیدہ کرنا ____ هُ بِالكَلَامِ: خاموش کر دینا۔

ضَارَسَهُ۔ لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَارَس الاُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔

تَضَارَسَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِنَاء: ناہموار ہونا۔

الضِرْس۔ ڈاڑھ کے دانت۔ ج اَضْرَاس۔

الضِرس۔ ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوْس۔

الضَرِس۔ سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔

الضَرُوْس۔ مِنَ النَوْقِ: وہ اُونٹنی جو دوہنے والے کو کاٹ کھائے۔ حَرْبٌ ضروس: سخت جنگ۔

الضَرِيْس۔ پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرَاسِی۔

المُضَرَّس۔ مصیبت زدہ۔ مِنَ الوَشْيْ: وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِيْ اليَاقُوْتَةِ تَضْرِيْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِيْس: تَضَارِيْسُ الاَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔

الضَرْضَم۔ شیر۔ زور رندے۔

ضَرَط (ض) ضَرْطًا و ضَرِطًا و ضُرَاطًا و ضَرِيْطًا۔ گوز کرنا۔

ضَرِطَ (س) ضَرَطًا۔ ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط۔

ضَرَّطَ و اَضْرَطَ۔ الحِمَارَ: بہت گوز کرنا۔ ضَرَّطَ و اَضْرَطَ الحِمَارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ و اَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز مُنہ سے نکالنا۔

الضَرَّاط و الضَرُوْط و الضِرُّوْط۔ گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضُرَّيْط۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَّيْطٌ و نَعْجَةٌ ضُرَّيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَّيْطٌ و القَضَاء ضُرَّيْط يَا الاَخْذُ سُرَّيْطَى و القَضَاء ضُرَّيْطَى يا الاَخْذُ سِرِّيْطَى و القَضَاء ضِرِّيْطَى يَا الاَخْذُ سُرَيْطَاء و القَضَاء ضُرَيْطَا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

اَوْدَى البَعِيْرُ الاَضْرِطَا۔ مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرِطًا و اَنْتَ الاَعْلٰى۔ مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔

الضُرَاط و الضَرِيْط۔ گوز۔

الضِرْطِم۔ بڑے پیٹ والا۔

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا۔ مِنَ الشَيْئِ: قریب ہونا ____ الشَمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ (ن) ضَرْعًا۔ فَرَسَهُ: سدھانا۔

ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً و ضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً۔ کمزور ہونا۔ اِلَيْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع و ضَرِعٌ۔ ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْع و ضَرَعَة۔

ضَرَّعَ۔ مِنَ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضَرَّعَتِ الشَمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا ____ القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُبَّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَهُ۔ مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ____ القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

اَضْرَعَتْ الشَاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء و ضُرُوْع و ضَرِيْعٌ و ضَرِيْعَةٌ: بچّہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اُترنا۔ اَضْرَعَ الرَجُلَ: ذلیل کرنا ____ لِفُلَانٍ مَالًا کسی کے لیے مال خرچ کرنا ____ الحُمّٰى فُلَانًا۔ کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمّٰى اَضْرَعَتْنِي لِلنَّوْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلٰى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ۔ ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا ____ اِلَى اللّٰهِ: عاجزی سے دُعا کرنا ____ الظِلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ۔ لَهُ: انکساری کرنا، ذلیل ہونا۔

الضَرْع۔ تھن۔ ج ضُرُوْع۔

الضِرْع۔ مثل۔ رسّی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع۔

الضَرَع۔ مص۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ و قَوْمٌ ضَرَعٌ۔"

الضَارِع۔ لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَرْعَاء و الضَرِيْعَة۔ مِنَ الشَاءِ و البَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَرُوْع۔ بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔

الاَضْرَع۔ لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

المُضَارِع۔ مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک

بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ۔ شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضِّرْغَم۔ شیر۔ ج ضَرَاغِم۔

الضِّرْغَام و الضِّرْغَامَة۔ شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَّرْف۔ عِنْدَ العَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضَّرْفَة۔ کثرت۔

ضَرْفَطَهُ بِالْحَبْلِ: رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُكَ(ک) ضَرَاكَةً۔ بیوقوف ہونا۔

الضَّرِيك۔ احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك و ضُرَكَاء۔

الضِّرَاك۔ موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ(س) ضَرَمًا۔ بھوک یا غصّہ سے بھڑکنا۔ ضرمت النّار: آگ کا مشتعل ہونا ـــ عَلَيْهِ: غصّہ سے بھڑک اٹھنا ـــ فِي الطَّعَام: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

أَضْرَمَ و ضَرَّمَ و اسْتَضْرَمَ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَتْ و تَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔

تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ: غصّہ سے بھڑک اٹھنا۔

اِضْطَرَمَ الْمَشِيبُ: بڑھاپا آجانا۔

الضُّرْم و الضِّرْم۔ ایک خوشبو دار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِّرْم: عقاب کا بچّہ۔

الضَّرَم۔ بھوک کی وجہ سے غصّہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِي غَيْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضَّرِم۔ بھوکا۔ عقاب کا بچّہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَّرَمَة۔ چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِّرَام۔ بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔

الضِّرَامَة۔ لکڑی جو مشتعل ہو۔ مطعم کا درخت۔

الضَّرِيم۔ جلا ہوا۔

الضِّرْيَم۔ ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا يَضْرُو ضُرُوًّا۔ العرقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو ـــ الرَّجُلُ: چھپنا۔

ضَرِيَ يَضْرَى ضَرَاوَةً و ضَرًى و ضَرْيًا و ضَرَاءَةً بِالشَّيْءِ: حریص ہونا ـــ ضَرِيَ و ضِرَاءً و ضَرَاءً الكَلْبُ بِالصَّيْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرٍ و ضَارٍ۔ مؤنث ضَارِيَةٌ۔ ج ضَوَارٍ۔ ضَرِيَ النَّبِيذُ: جھاگ والا ہونا۔

ضَرَّى و أَضْرَى۔ الكَلْبَ بِالصَّيْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ أَضْرَى الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔

اِسْتَضْرَى۔ لِلصَّيْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَّرَاء۔ مم۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الضَّرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔

الضَّرَى۔ مم۔ لڑائی کی شدت۔

الضِّرْو۔ شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة۔ ج ضِرَاء و أَضْرٍ۔ ایک قسم کا درخت۔

الضَّرِيُّ۔ ایک قسم کی نبیذ۔

الضَّوَارِي۔ جمع ضَارٍ ـــ مِنَ الحَيَوَانَات۔ درندے جیسے شیر چیتا وغیرہ۔

ضَرَى يَضْرِي ضَرْيًا۔ العِرْقُ بِالدَّمِ: رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِيّ۔

ضَزَّ(س) ضَزَزًا۔ بدخلق ہونا۔

أَضَزَّ عَلَيْهِ: بخل کرنا۔ أَضَزَّهُ: پیسنا۔

الأَضَزّ۔ بدخلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کرسکے۔ ج ضُزّ۔

المِضَزّ۔ بدخلق۔ غضبناک۔

ضَزَنَهُ(ن ض) ضَزْنًا۔ جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔

تَضَازَنَ۔ القَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔

الضَّيْزَن۔ قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔

ضَعْضَعَهُ۔ زمین تک ڈھا دینا۔

تَضَعْضَعَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دبلا ہونا ـــ مَالُهُ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔

الضَّعْضَع و الضَّعْضَاع۔ کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔

الضَّعْضَعَة۔ مم۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهُ(ف) ضَعْطًا۔ ذبح کرنا۔

ضَعُفَ(ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ(ک) ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً۔ کمزور ہونا۔

ضَعَفَ(ف) ضَعْفًا۔ القَوْمَ: زیادہ کرنا ـــ الشَّيْءَ: دوچند کرنا۔

ضَعَّفَهُ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔

ضَعَّفَ الحَدِيثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا ـــ و تَضَعَّفَهُ و اسْتَضْعَفَهُ: ضعیف سمجھنا۔

أَضْعَفَهُ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوف۔ قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "أَسْعَدَهُ اللّٰهُ" سے مَسْعُود نہ کہ مُسْعَد۔ أَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔

ضَاعَفَهُ۔ دوچند کرنا۔

تَضَاعَفَ۔ دوچند ہونا۔

الضَّعْف و الضُّعْف۔ کمزوری۔

ضِعْفُ۔ الشَّيْءِ: دوچند اور یا دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَكَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج أَضْعَاف۔ أَضْعَافُ الكِتَابِ: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔ الأَضْعَافُ مِنَ الجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔

الضَّعَف۔ کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔

الضَّعْفَان۔ کمزور۔ ج ضَعَافَى۔

الضَّعُوف۔ کمزور۔

الضَّعِيف۔ کمزور۔ ج ضِعَاف و ضُعَفَاء و ضَعَفَة و ضَعْفَى۔ مؤنث ضَعِيفَة۔ الضَّعِيفُ مِنَ الكَلَامِ: درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔

المُضَاعَفَةُ۔ مِنَ الدُّرُوعِ: ایسی زرہ جس کے

حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَغَّفَة۔ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَغِلَ (س) ضَغَلاً۔ ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔
ضَغَا یَضْغُوْ ضَغْوًا۔ پوشیدہ ہونا۔
اَضْغَّ۔ اَلْقَوْمُ : سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضَغَّتْ واِضْطَغَّتِ الاَرْضُ۔ سبزہ زار ہونا۔
الضَغِیْغ۔ تروتازگی۔
الضَغِیْغَة۔ سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ چیلا خمیر۔ لوگوں کی مخلوط جماعت۔
ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا۔ بھیڑیئے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَغِیب و الضُغَاب۔ خرگوش اور بھیڑیئے کی آواز۔
الضَغَبُوْس۔ لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ بیلوں کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِیْس۔
ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا۔ الحَدِیْثَ : ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا ـــــ الشَیْءَ : جمع کرنا۔
اَضْغَثَ۔ الحَالِمُ الرُّؤْیَا : خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَّثَ۔ النَبَاتَ : سبزی کا اٹھا نا۔
اِضْطَغَثَ۔ الحَطَبَ : لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضِغْث۔ تروخشک گھاس کا مٹھا۔
ـــــ مِنَ الخَبَرِ و الاَمْرِ : مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاث۔ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ : گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔
کَلَامٌ ضَغِثٌ و ضَغَثٌ۔ ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
التَضْغِیْث۔ بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضَغَطَهُ (ف) ضَغْطًا و اَضْغَطَهُ۔ بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهُ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَة۔ ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا۔ تنگی کرنا۔

اِنْضَغَطَ۔ مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ۔ عَلَیْهِ : تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُغْطَة۔ تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَغْطَة۔ قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ القَبْرِ۔ فشار قبر۔
الضَاغِط۔ فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَاغُوْط۔ کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَغِیْط۔ کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطَی مؤنث ضَغِیْطَة۔
المَضْغَط۔ پست زمین۔ ج مَضَاغِط۔
ضَغَلَ ضَغِیْلاً۔ پچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔
الضَغِیْل۔ پچھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا۔ الشَیْءَ و بِهٖ : بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهُ ضَغْمَةَ الاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُغَامَة۔ دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَیْغَم۔ شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَیَاغِم۔
الضَیْغَمِیُّ۔ شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغْنًا۔ عَلَیْهِ : کینہ رکھنا ـــــ اِلَیْهِ : مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهُ۔ بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ۔ اَلْقَوْمُ : ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ ضَغِیْنَتَهُ" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِغْن۔ کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان۔
الضَاغِن و الضَغِن۔ کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِن : اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِن : ٹیڑھی لکڑی۔
الضَغِیْنَة۔ کینہ۔ ج ضَغَائِن۔
ضَغَا یَضْغُوْا ضَغْوًا۔ المُقَامِرُ : خیانت کرنا ـــــ اِلَیْهِ : عاجزی کرنا (ـــــ ضَغْوًا و ضُغَاءً) السِنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاهُ اِضْغَاءً۔ میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَضَاغَی۔ بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُغَاء۔ مص۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ۔ (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا۔ اَلْقَوْمُ عَلَی المَاءِ او الطَعَامِ : بھیڑ کرنا (ـــــ ضَفًّا) الشَیْءَ۔ جمع کرنا۔
تَضَافَّ۔ اَلْقَوْمُ : بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ : بدحال۔
الضَفَّة۔ جماعت۔
الضَفَّةُ و الضِفَّة۔ دریا کا کنارہ۔
ـــــ مِنَ البَحْرِ : سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف۔
الضَفَف۔ مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلدبازی۔
الضَفَافَة۔ بے عقل۔
عَیْنٌ ضَفُوْفٌ۔ بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف۔ جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهُ (ض) ضَفْدًا۔ طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ المَاءُ : پانی کا مینڈکوں والا ہونا ـــــ الرَّجُلُ : سکڑنا۔ کوز کرنا۔
الضِفْدِع۔ مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِی اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَةٌ۔
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ۔ الحَبْلَ : رسی بٹنا ـــــ الشَعْرَ : بال گوندھنا۔ ضَفْرُ البِنَاءِ : عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔ الرَّجُلُ : دوڑنے میں کودنا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور کے منہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَهُ۔ عَلَی الاَمْرِ : مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا۔ عَلَی الاَمْرِ : ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَرَ۔ گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَفْر۔ مص۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُوْرٌ و اَضْفَارٌ۔
الضِفَار۔ کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر۔
الضَفِرَة۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ کِنَانَةٌ ضَفِرَةٌ : بھرا ہوا ترکش۔

الضَفِيرُ۔ گندھے ہوئے بالوں کی رسّی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔

الضَفِيرَةُ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر۔ کہا جاتا ہے "كِنَانَةٌ ضَفِيرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔

ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا۔ کودنا ___ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا ___ الفَرَسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ___ البَعِيرَ: اونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ دینا۔

اِضْطَفَزَهُ۔ زبردستی نگلنا۔

الضَفَّازُ۔ چغل خور۔

الضَفِيزَةُ۔ بڑا لقمہ۔ ج ضَفَائِز۔

ضَفْضَفَةُ۔ القَوْمِ: جماعت۔ قوم۔

ضَفَطَهُ (ن) ضَفْطًا۔ بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا ___ الرَجُلُ: حاجت پوری کرنا ___ بِسَلْحِهِ: پائخانہ کرنا۔

ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَةً۔ ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔

تَضَافَطَ۔ اللَحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔

الضَفْطَةُ۔ جہالت۔ کمزوری رائے۔

الضَافِطُ۔ فا۔ مسافر جس کا سفر دور کا نہ ہو۔

الضَافِطَةُ۔ مؤنث ضَافِطٌ۔ بار برداری کا اونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتربان۔

الضَفَّاطُ و الضِفِطُّ و الضَفَنْطُ۔ موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بیوقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتربان۔

الضُفَّاطُ۔ کمینہ آدمی۔

الضَفَنْطُ۔ موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔

ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا۔ اِلَيْهِ: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا ___ بِحَاجَتِهِ: حاجت پوری کر دینا۔ بِرِجْلِهِ: لات مارنا ___ مَعَ الضَعِيفِ: ساتھ آنا ___ بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ___ فُلَانًا: چوتڑ پر لات مارنا ___ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

تَضَافَنَ۔ القَوْمُ عَلَيْهِ: مل کر دکرنا۔

الضِفَنُ و الضِفَنُّ۔ بیوقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔

ضَفَا يَضْفُو ضَفْوًا۔ الرَاسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا ___ الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا ___ الثَوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ۔

الضَفَا۔ جانب۔ مثنی ضَفَوَان۔

ضَفْوَةُ۔ العَيْشِ: خوش عیشی۔

ضَقَّ (ض) ضَقًّا۔ آواز کرنا۔

ضَكَّهُ (ن) ضَكًّا۔ بھینچنا ___ الأَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا ___ هُ بِالحُجَّةِ: مغلوب کرنا۔

ضَكَزَهُ (ن) ضَكْزًا۔ زور سے چھونا۔

الضَكْلُ۔ تھوڑا پانی۔

الضَيْكَلُ۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا۔ فقیر۔ ج ضَيَاكِل و ضَيَاكِلَة۔

الأَضْكَلُ۔ ننگا۔

ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا و ضَلَالَةً۔ گمراہ ہونا۔ دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضَالٌّ۔ ج ضُلَّال و ضَالُّوْنَ ___ الطَرِيقَ او عَنْهُ۔ ہدایت نہ پانا ___ الشَيئُ عَنْهُ: ضائع ہونا: بیکار جانا۔ ضَلَّ سَعْيُهُ: کامیاب نہ ہونا ___ الشَيئُ: تلف ہونا ___ الرَجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا ___ الرَجُلَ: بھول جانا۔

ضَلَّلَهُ تَضْلِيلًا و تَضْلَالًا۔ گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔

أَضَلَّ۔ الشَيئَ: ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا ___ هُ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا ___ فُلَانٌ فَرَسَهُ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا ___ الشَيئَ او الرَجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "أَتَى قَوْمَهُ فَأَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔

تَضَالَّ۔ گمراہی کا دعویٰ کرنا۔

اِسْتَضَلَّ۔ گمراہ ہونے کو کہنا۔

الضَلُّ والضِلُّ والضَلَال والضَلَالَة۔ گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ أَضْلَالٍ او ضِلُّ أَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔

الضَلَلُ۔ گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔

الضَلَّةُ۔ اسم مرۃ۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔

الضِلَّةُ۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا۔ "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "هُوَ يَتْبَعُ ضِلَّةً" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ يَلُوْمُنِي ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔

الضُلَّةُ۔ کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلِيْلٌ بِهِ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔

الضَالَّةُ۔ مؤنث ضَالٌّ۔ گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوَالُّ۔

الضِلِّيْلُ۔ بہت زیادہ گمراہ۔

الأُضْلُوْلَةُ۔ گمراہی۔ ج أَضَالِيْل۔

المَضَلُّ۔ جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔

المُضِلُّ۔ فا۔ سراب۔

المَضَلَّةُ والمَضِلَّةُ۔ گمراہی۔ أَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "أَرْضُوْنَ مَضَلَّات۔"

المُضَلَّلُ۔ بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔

ضَلُعَ (ک) ضَلَاعَةً۔ قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلِيْعٌ۔

ضَلَعَ (ف) ضَلْعًا۔ الشَيئُ: ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت ضَالِعٌ ___ الرَجُلَ: پسلی پر مارنا ___ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضَلْعًا۔ پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَأُقِيْمَنَّ ضَلَعَكَ او ضَلْعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا۔ ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا ___ الرَجُلُ: شکم سیر اسیراب ہونا۔

ضَلَّعَهُ۔ جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔ ضَلَّعَ الثَوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا۔

أَضْلَعَهُ۔ جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو

حوادث نے بوجھل کر دیا۔

تَضَلَّعَ۔ شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔

اِضْطَلَعَ۔ قوی ہونا ــــ بِحَمْلِهٖ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔

الضَلَعُ۔ میلان و ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلَعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔

الضِلْعُ والضِلَعُ۔ پسلی (مؤنث) اَضْلُعٌ و ضُلُوْعٌ و اَضْلَاعٌ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ ضِلْعٌ جَائِرَةٌ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِلْعُ والضِلَعُ مِنَ الْبِطِّيْخِ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِلْقِ و نَحْوَهٗ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔

الضِلْعُ: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال۔ آبرو۔

الضِلَعَةُ۔ جانب۔

الضِلَعَةُ۔ ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔

الاَضْلَعُ۔ مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْعٌ۔

الضَلُوْعُ۔ زمین کا ڈھلوان۔

الضَلِيْعُ۔ مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلُعٌ۔ مؤنث ضَلِيْعَةٌ رَجُلٌ ضَلِيْعُ الْفَمِ: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ و ضَلِيْعَةٌ و مَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

المُضْلِعُ مِنَ الاَحْمَالِ: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔

المُضَلَّعُ۔ پہلوؤں والا ــــ مِنَ الثِيَابِ۔ دھاری دار کپڑا۔

ضَمَّ (ن) ضَمًّا۔ الشَيْءَ: جمع کرنا ــــ الشَيْءَ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا ــــ عَلَى الشَيْءِ: قبضہ کرنا ــــ فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّهٗ اِلٰى صَدْرِهٖ۔ معانقہ کرنا ــــ الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَهٗ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔

ضَامَّهٗ۔ اِلَيْهِ: ملانا۔

اَضَمَّهٗ۔ الشَيْءَ اِلٰى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔

اِنْضَمَّ۔ ملنا ــــ عَلٰى كَذَا: مشتمل ہونا۔

تَضَمَّمَ۔ الشَيْءَ: پوری طرح سے شامل ہونا۔

اِضْطَمَّهٗ۔ اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔

الضَمُّ والضَمَّةُ۔ پیش کی حرکت۔ الضَمَّةُ۔ گھوڑدوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔

الضِمَامُ۔ ملانے کا ذریعہ۔

الضَمُوْمُ۔ دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔

الضَمِيْمُ۔ ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَةٌ۔

الاِضْمَامَةُ۔ جماعت۔ ج اَضَامِيْمُ ــــ مِنَ الكُتُبِ: کتابوں کا بنڈل۔

المُنْضَمُّ۔ عَلٰى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ۔ جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔

ضَمِجَ و اَضْمَجَ۔ بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔

الضَمْجَةُ۔ ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔

الضُمَجُ۔ آفت جو انسان کو لاحق ہو۔

اِضْمَحَلَّ۔ نیست و نابود ہونا ــــ السَحَابُ۔ بادل کا کھل جانا۔

ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ۔ جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔

تَضَمَّخَ و اِنْضَمَخَ و اِضْطَمَخَ۔ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔

الضِمْخَةُ۔ موٹی عورت یا اونٹنی۔

ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا و ضَمَّدَ۔ الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھ لو "ضَمَدَهٗ بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاسَهٗ بِالسَيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا۔ خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ــــ عَلَيْهِ: کینہ کرنا۔

اَضْمَدَ۔ القَوْمَ: جمع کرنا۔

تَضَمَّدَ۔ الجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔

الضَمْدُ۔ مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضِمْدُ۔ دوست۔ ساتھی۔

الضَمَدُ۔ ظلم۔ پرانا حق۔

الضَامِدُ۔ فا۔ لازم۔

الضِمَادُ و الضِمَادَةُ۔ پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ــــ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰى ضِمَادَةٍ مِنَ الاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔

ضَمَرَ (ن) و ضَمُرَ (ک) ضُمُوْرًا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِرٌ و ضَامِرَةٌ ج ضُمَّرٌ و ضَوَامِرُ۔

اَضْمَرَ الاَمْرَ: پوشیدہ کرنا ــــ فِيْ نَفْسِهٖ شَيْئًا۔ اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا ــــ الخَبَرَ: تہ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُنْ کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلُنْ ہو کر مُسْتَفْعِلُنْ کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَرَ و ضَمَّرَ۔ الفَرَسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ الغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ۔ مل جانا ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

الضُمْرُ۔ چھریرا۔ دبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضُمْرَةٌ۔ تنگ۔ راز (ــــ المُضْمَرُ) پوشیدہ۔

الضُمْرُ و الضُمُرُ۔ دبلا پن۔

الضَمِيْرُ۔ راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا۔ اَنْتَ۔ هُوَ ج ضَمَائِرُ۔

الضِمَارُ۔ پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی امید نہ ہو ــــ مِنَ الدَيْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الاِضْمَارُ۔ مص۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم،

تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔
الضَوْمَرَان والضَیْمَرَان۔ ایک قسم کی خوشبو دار گھاس۔
المِضْمَار۔ گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔
ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا۔ چپ رہنا ـــــ اللُقْمَة۔ بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا ـــــ عَلٰی مَالِهٖ : بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ۔ ج ضُمُوْزٌ۔
ضَمَسَهٗ (ض) ضَمْسًا۔ آہستہ آہستہ چبانا۔
ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً۔ دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا ـــــ الاَسَدُ : شیر کا گونجنا ـــــ فُلَانٌ عَلَی المَالِ : کل لے لینا۔
الضَمْضَم والضُمَاضِم۔ دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر خطرناک۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانًا الشَیءَ و بِهٖ : کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ـــــ ہ : جمع کرنا۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانَةً۔ الرَجُلُ : ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِن۔
ضَمَّنَ الشَیءَ الوِعَاءَ : برتن میں رکھنا ـــــ ہ الشَیءَ : ذمہ دار بنا دینا ـــــ الشَاعِرِ : شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کرلینا۔
تَضَمَّنَ۔ الشَیءَ : مشتمل ہونا ـــــ الشَیءَ عَنِّی : اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔
الضَمَن و الضُمْنَة و الضُمَان و الضَمَانَة۔ ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔
الضِمْن۔ اندرون شئ۔ ضِمْنَ الکِتَابِ : کتاب کا بیچ۔
الضَمِن۔ عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَهْلِهٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔
الضَامِن۔ فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
الضَمِیْن۔ کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضُمَنٰی۔
الضَمَان۔ مص۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔
المَضْمُوْن۔ مفع۔ جس کی کفالت کی جائے۔ ـــــ مِنَ الجُمْلَةِ : مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْن۔
المُضَمَّن۔ مفع۔ تضمین کیا ہوا ـــــ مِنَ الاَصْوَاتِ : غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔
ضَنَّ (س ض) ضَنًّا و ضِنًّا و ضِنَّةً و ضَنَانَةً و مَضَنَّةً و اِضْطَنَّ۔ بِالشَیءِ : بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالْمَكَانِ : مکان سے جدا نہ ہونا۔
الضِنُّ و الضِنَّة۔ جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِنِّیْ و ضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔
الضَنَن۔ بہادر۔
الضَنِیْن۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَنِیْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔
الضَنَائِن۔ وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰهِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔
الضَنَانَةُ۔ مص۔ بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلَی الْقَوْمِ وَهُمْ بِضَنَانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔
المَضَنَّة و المَضِنَّة۔ جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانّ۔
ضَنَأَ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا۔ چھپنا ـــــ فِی الاَرْضِ : جانا ـــــ المَالُ : کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ (س) ضَنْأً و اَضْنَأَتْ) المَرْاَةُ : بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ۔ ج ضَوَانِئُ۔
اِضْطَنَأَ لَهٗ و مِنْهُ : شرمانا اور منقبض ہونا۔
الضِنْءُ۔ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ۔
الضَنْءُ و الضِنْءُ۔ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)
الضُنَاءَة و الضُنَاْءَة۔ ضرورت۔
ضَنَبَ (ن) ضَنْبًا بِهِ الاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بِالشَیءِ : قبضہ کرنا۔
ضَنِطَ (س) ضَنَطًا۔ الشَحْمُ : موٹا اور ٹھوس ہونا۔
اِنْضَنَطَ۔ القَوْمُ : بھیڑ کرنا۔
الضَنَط۔ تنگی۔
الضَنَط۔ چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔
الضِنَاط۔ کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔
ضَنُكَ (ک) ضَنَاكَةً۔ سست رائے۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن والا۔ صفت ضَنِیْكٌ ج ضُنُكٌ (ـــــ ضَنَاكَةً و ضَنْكًا و ضُنُوْكَةً) تنگ ہونا۔
ضُنِكَ ضَنْكًا۔ زکام زدہ ہونا۔
اَضْنَكَهُ اللّٰهُ : زکام میں مبتلا کرنا۔
الضَنْک۔ تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ ضَنْكٌ و عِیْشَةٌ ضَنْكٌ۔"
الضِنَاک۔ مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاكٌ و اِمْرَاَةٌ ضِنَاكٌ" بڑا درخت۔
الضُنَاک و الضُنْكَة۔ زکام۔
الضَنَاكَة۔ مص۔ تنگ زندگی۔
الضَنِیْک۔ تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔
ضَنِیَ (س) ضَنًی (داوی) مرض کی وجہ سے کمزور و لاغر ہونا۔ صفت ضَنِیٌّ و ضَنٍ۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ ضَنًی و ضَنِیًّا" ضَنًی بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنِی کی جمع اَضْنَاءٌ۔
ضَانٰی مُضَانَاةً الشَیءَ او الاَمْرَ : مشقت برداشت کرنا۔
اَضْنٰی اِضْنَاءً۔ المَرَضُ فُلَانًا : بیماری کا سُست کر دینا ـــــ الرَجُلُ : بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔
تَضَنّٰی۔ بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔
اِنْضَنٰی۔ سست ہو جانا۔
الضَنٰی۔ بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔
الضِنو و الضَنْو و الضُنٰی۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے

"لَهُ ضِنْوٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔
الضِّنٰی۔ مخفی بیماریاں۔
ضَنَتْ تَضْنٰی و ضَنِيَت تَضْنٰی ضَنًی و ضَنَاءً المَرْأَةُ: کثیر اولاد ہونا۔ ضَنٰی نَصِيْبُ فُلَانٍ: حصہ کا بڑھنا۔
ضَهَبَ (ف) ضَهْبًا بِالنَّارِ: آگ سے متغیر کرنا۔
ضَهَبَ (ف) ضُهُوْبًا۔ کمزور ہونا۔
ضَهَّبَ اللَّحْمَ: گوشت کو بریاں کرنا ــــ القَوْسَ: نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً۔ برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضِهْبٌ۔ القَوْمِ: مخلوط لوگ۔
الضَّيْهَب۔ پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَهَتَهُ (ن) ضَهْتًا۔ سخت روندنا۔
ضَهَدَهُ (ف) ضَهْدًا۔
اَضْهَدَهُ و اَضْهَدَ بِهِ و اِضْطَهَدَهُ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
الضُّهْدَة۔ غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهْدَة لِكُلِّ اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
الضَّهِيْدُ۔ سخت مضبوط۔
الضَّهْر و الضَّاهِر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔
الضَّهْرُ۔ کچھوا۔
ضَهَزَهُ و ضَهَسَهُ (ف) ضَهْزًا و ضَهْسًا۔ سخت روندنا ــــ الدَّابَّةَ: جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَهَلَ (ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا۔ اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا ــــ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْل ج ضُهُل ضَهِلَةٌ۔ حَقَّهُ۔ حق کم کرنا (ــــ و تَضَهَّلَ) اِلٰی فُلَانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
اَضْهَلَ۔ النَّخْلُ: کھجوریں پکنے لگنا ــــ اِلٰی فُلَانٍ مَالًا: مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔
اِسْتَضْهَلَ۔ الخَبَرَ: حسب امکان خبر طلب کرنا۔
الضَّهْل۔ مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
الضَّاهِلَة۔ مِنَ العُيُوْنِ: تھوڑے پانی کا چشمہ۔
الضَّهْوَاء: بے پستان عورت۔
الضَّهْوَة۔ جوہڑ۔ ج اَضْهَاء۔
ضَهِيَتْ تَضْهٰی ضَهًی۔ المَرْأَةُ: عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاء ج ضُهْي۔ ضَهِيَتِ الاَرْضُ: زمین میں کچھ نہ اگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔
ضَاهٰی مُضَاهَاةً۔ الرَّجُلَ: مشابہ ہونا۔
الضَّهِيُّ۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "هو ضَهِيُّكَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ يَضُوْءُ ضَوْءًا و ضُوْءًا و ضِيَاءً القَمَرُ و غَيْرُهُ: روشن ہونا۔ چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِئَةً۔ البَيْتَ: روشن کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ: پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَةً۔ البَيْتُ: روشن ہونا۔ البَيْتَ: روشن کرنا۔
تَضَوَّاَ۔ تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّاَهُ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِسْتَضَاءَ بِهِ: روشن ہونا ــــ مِنْ فُلَانٍ: مشورہ کرنا۔
الضَّوْءُ و الضُّوْءُ۔ روشنی۔ ج اَضْوَاء۔
الضِّيَاءُ و الضِّوَاءُ۔ روشنی۔
الضَّوِيُّ و المُضِيْءُ۔ روشن۔ روشن کرنے والا۔
ضَاجَ يَضُوْجُ ضَوْجًا۔ عَنْ كَذَا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (ــــ و انْضَاجَ) الوَادِيْ: کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِي: وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔
اِنْضَوَجَ فِيْ ضَوْجِ الوَادِيْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
الضَّوْج۔ وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاج۔
الضَّوْجَان۔ سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ۔
ضَوَّجَ۔ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا۔ سخت بھوکا ہونا۔ ضَارَهُ الاَمْرُ: نقصان پہنچنا۔
تَضَوَّرَ۔ درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا ــــ الذِّئْبُ و نَحْوُهُ: بھوک سے بلبلانا۔
الضَّوْر۔ سخت بھوک۔
الضُّوْر۔ کالی بدلی۔
الضُّوْرَة۔ ذلیل، حقیر۔
ضَازَ يَضُوْزُ ضَوْزًا۔ الثَّمْرَةَ: پھل کو چبانا ــــ حَقَّهُ: کم کر دینا۔
ضَوْضٰی ضَوْضَاةً و ضِيْضَاءً۔ شور مچانا۔
الضَّوْضٰی و الضَّوْضَا و الضِّيْضَاء۔ شور و غوغا۔
ضَوَّطَ۔ الاَشْيَاءَ: جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ۔ الشَّيْءُ: جمع ہونا۔
الاَضْوَط۔ ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔
الضَّوِيْطَةُ۔ بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔
ضَاعَهُ يَضُوْعُهُ ضَوْعًا۔ حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا ــــ الدَّابَّةَ: جانور کو دبلا کرنا ــــ الصَّبِيُّ: رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ۔ المِسْكُ: مشک کی خوشبو بھڑکنا۔
ــــ الصَّبِيُّ: رونے میں پیچ و تاب کھانا (ــــ و انْضَاعَ) الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔
الضُّوَعُ و الضُّوَعُ۔ نر الو۔ رات کو اڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔
الضُّوَاع۔ نر الو کی آواز۔
رَجُلٌ مَضُوْعٌ۔ خوفزدہ۔
ضَافَ يَضُوْفُ ضَوْفًا۔ عَنِ الشَّيْءِ: الگ ہونا۔
ضَانَ يَضُوْنُ ضَوْنَةً۔ زیادہ اولاد ہونا۔
الضَّوْنَة۔ مص۔ چھوٹی بچی۔
الضَّيْوَن۔ بلا۔ ج ضَيَاوِن۔
الضَّوَّة۔ شور۔ لڑائی کا شور۔
ضَوِيَ يَضْوٰی ضَوًی۔ خلقتًا یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔
ضَوٰی يَضْوِيْ ضَيًّا و ضُوِيًّا۔ اِلَيْهِ: ملنا۔ پناہ لینا ــــ الرَّجُلَ: رات کو آنا۔ ضَوَاهُ اِلَيْهِ: مائل کرنا۔
اَضْوٰی۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا ــــ الرَّجُلَ:

کمزور کرنا ____ ہ حقّهٗ: کم کرنا ____
الْاَمْرَ: کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ الْمَرْاَۃُ: کمزور بچّہ
جننا۔ اَضْوَاهُ اِلَیْهِ: اپنی طرف مائل کرنا۔
اِنْضَوٰی اِنْضِوَاءً۔ اِلَیْهِ: شامل ہونا۔ ملنا۔
الضَّاوِی۔ فا۔ رات کو آنے والا۔
الضَّاوِیُّ۔ کمزور دُبلا۔ خلقتًا یا لاغری سے کمزور
جسم والا۔ مؤنث ضَاوِیَۃٌ۔
ضَاحَ یَضِیْحُ ضَیْحًا و ضُیُوْحًا و ضَیَحَانًا
عَنْهُ و اِلَیْهِ: جھکنا۔ مائل ہونا۔ ضَاحَتْ
عِظَامُهٗ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ٹل جانا۔
ضَاحَتْ تَضِیْحُ ضَیْحًا۔ الْبِلَادُ: خالی ہونا۔
ضَاحَ و ضَیَّحَ۔ اللَّبَنَ: پانی ملانا۔ ضَیَّحَ
فُلَانًا: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔
تَضَیَّحَ اللَّبَنُ: پانی میں دودھ ملنا ____
الرَّجُلُ: پانی ملا ہوا دودھ پینا۔
الضَّیْحُ۔ شہد۔
الضَّیْحُ و الضَّیَاحُ۔ پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔
الضَّیْحَۃُ۔ پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ
پینے کی مقدار۔
ضَازَهٗ یَضِیْزُهٗ ضَیْزًا۔ الْاَمْرَ: نقصان دینا۔
ضَازَهٗ یَضِیْزُهٗ ضَیْزًا۔ ظلم کرنا۔ ضَازَهٗ حَقَّهٗ:
کم کرنا۔
الضَّیْزُ۔ ٹیڑھ۔ کجی۔
قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی۔ ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔
ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا و ضَیَطَانًا۔ فِیْ مَشْیَتِهٖ۔
موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو
حرکت دینا۔ صفت ضَیْطَانٌ و ضَیَّاطٌ۔
ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا و ضِیْعًا و ضَیْعَۃً
و ضَیَاعًا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔
صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّعٌ و ضِیَاعٌ۔
اَضَاعَهٗ۔ ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ: بہت
جائیداد والا ہونا۔
تَضَیَّعَ۔ الْمِسْكُ: مشک کا بھڑکنا۔ مشک کو
خوشبو کا پھیلنا۔
الضَّیَاعُ۔ مص۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔
کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَیَاعًا و ضِیْعًا و ضَیْعًا"
یعنی مر گیا اور کسی کو اس کی پرواہ نہ ہوئی۔
الضَّیْعَۃُ۔ جائیداد۔ زمین میر حاصل۔ اس کی
تصغیر ضُیَیْعَۃٌ ہے اور جمع ضِیَعٌ و ضِیَاعٌ و
ضَیْعَاتٌ۔ الضَّیْعَۃُ: پیشہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَتْ
ضَیْعَۃُ الْعَرَبِ سِیَاسَۃَ الْاِبِلِ" عرب کا پیشہ
اُونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔
الْمِضْیَاعُ۔ بہت ضائع کرنے والا۔
الْمَضْیَعَۃُ و الْمَضِیْعَۃُ۔ موضع ہلاکت۔ جہاں
ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے
"بَلَدُكُمْ مَضْیَعَۃُ الْعِلْمِ" تمہارے شہر میں علم
کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔
ضَافَ یَضِیْفُ ضَیْفًا اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ ہٹ
جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے لیے
مائل ہونا ____ السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا
نشانہ سے ہٹ جانا ____ الرَّجُلُ: خوف کرنا
____ مِنْهُ: پرہیز کرنا اور ڈرنا۔
ضَافَهٗ یَضِیْفُهٗ ضَیْفًا و ضِیَافَۃً۔ مہمان ہونا۔
مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الْهَمُّ
فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔
ضَیَّفَهٗ۔ مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔
ضَیَّفَهٗ اِلَیْهِ: جھکانا۔ ضَیَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہونا۔
ہٹ جانا ____ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے
لیے مائل ہونا۔
اَضَافَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا
____ الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ: جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا
____ الرَّجُلَ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا ____ مِنْهُ:
چوکنا رہنا ____ عَلَیْهِ: جھانکنا ____ فُلَانًا
عَلٰی فُلَانٍ: مہمان اُتارنا ____ الْكَلِمَۃَ اِلَی
الْكَلِمَۃِ: ایک کی نسبت دُوسرے کی طرف
طریقہ مخصوص پر کرنا۔
تَضَیَّفَهٗ۔ مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔
تَضَیَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہونا ____ الشَّمْسُ:
____ غروب کی طرف مائل ہونا۔
اِنْضَافَ اِلَیْهِ: ملنا۔
تَضَایَفَ الْوَادِی: تنگ ہونا۔
اِسْتَضَافَهٗ۔ ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِهٖ:
فریاد کرنا ____ مِنْ فُلَانٍ اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا۔
الضَّیْفُ۔ مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَیْفٌ و
ضَیْفَۃٌ ج اَضْیَافٌ و ضُیُوْفٌ و ضِیَافٌ و
ضَیْفَانٌ و اَضَائِفُ۔
الضَّیْفَنُ۔ طفیلی۔
الضِّیْفُ۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ ضِیْفِ
فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔
الضِّیَافَۃُ۔ مہمانی کا کھانا۔
الْمُضَافُ فِی الْحَرْبِ: جو جنگ میں گھر گیا
ہو' جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔
الْمَضِیْفُ و الْمَضْیَفَۃُ۔ مہمانی کی جگہ۔
الْمِضْیَافُ۔ بہت مہمانوں والا میزبان۔
الْمَضِیْفَۃُ و الْمُضِیْفَۃُ۔ حزن۔ غم۔
مَضَائِفُ۔ الْوَادِی: وادی کے پہلو۔
ضَاقَ یَضِیْقُ ضِیْقًا و ضَیْقًا۔ تنگ ہونا۔
صفت ضَیِّقٌ و ضَائِقٌ و ضَیْقٌ ____ الرَّجُلُ:
بخل کرنا۔
ضَیَّقَهٗ تَضْیِیْقًا۔ تنگ کرنا۔ ضُیِّقَ عَلَیْهِ: سختی
کیا جانا۔
اَضَاقَ اِضَاقَۃً۔ تنگ کرنا۔ اَضَاقَ الرَّجُلُ۔
محتاج ہونا۔
تَضَیَّقَ و تَضَایَقَ۔ تنگ ہونا۔ و تَضَایَقَ الْاَمْرُ
بِهٖ او عَلَیْهِ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَایَقَ
الْقَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان
کشادہ نہیں۔
ضَایَقَهٗ مُضَایَقَۃً۔ سختی کرنا۔
الضَّیْقُ و الضِّیْقُ۔ سختی۔ حزن غم جس سے
تنگ دلی ہو۔
الضَّیْقُ و الضَّیِّقُ۔ شک۔
الضِّیْقَۃُ و الضَّیْقَۃُ۔ بدحالی۔ محتاجی۔ ج ضِیَقٌ
و ضَیْقٌ۔
الضَّائِقُ۔ فا۔ تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ
صَدْرُهٗ بِكَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج
ضَاقَۃٌ جیسے سَائِدٌ کی جمع سَادَۃٌ۔
الْاَضْیَقُ۔ بہت تنگ۔ مؤنث ضِیْقٰی و ضُوْقٰی۔
الْمَضِیْقُ۔ تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج
مَضَایِقُ۔
ضَامَهٗ یَضِیْمُهٗ ضَیْمًا۔ ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔
ضَامَهٗ و اِسْتَضَامَهٗ۔ حَقَّهٗ: کم کر لینا۔
الضَّیْمُ۔ ظلم۔ ج ضُیُوْمٌ۔
ضِیْمُ۔ الْجَبَلِ: پہاڑ کا کنارہ۔
الضَّاهَۃُ۔ حاجت۔ ضرورت۔

طَأطَأَ۔ الرّاسَ وغیرہ: پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهُ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا ___ فَرَسَهُ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأطَأَتِ الْمَرْأةُ سِتْرَهَا: عورت کا پردہ ڈالنا؛ طَأطَأَ يَدَهُ بِالْعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا ___ الْحُفْرَةَ: گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأطَأَ فِيْ قَتْلِ الْقَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔

تَطَأطَأَ۔ پست ہونا۔

الطَّأْطَأُ۔ پست زمین۔ چھوٹا اُونٹ۔

الطَّآة۔ کیچڑ۔

طَبَّهُ (ن ض) طَبًّا۔ علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ: جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ احَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کر اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے ___ خَرزَ الْقِرْبَةَ مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰى وَجْهِهٖ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَاكُنْتَ طَبِيْبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ۔ الرَّجُلُ: جادو کیا جانا۔

طَبَّبَه۔ علاج کرنا۔ طَبَّبَ الْخَيَّاطُ الثَّوْبَ۔ درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لیے جوڑ لگانا۔

الْقِرْبَةَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً۔ الْاَمْرَ: مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذَا الْاَمْرَ مُنْذُ حِيْنٍ كَيْ اَبْلُغَه" یعنی میں ایک مدت سے اس اَمر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کر لوں۔

تَطَبَّبَ۔ الرَّجُلُ: طبیب بننا ___ لِفُلَانٍ: علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّه۔ دوا تجویز کرانا۔

الطَّبُّ۔ طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الْاَمْرِ" یعنی وہ اس اَمر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِّبُّ۔ ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّه الْمُجُوْن" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَّبُّ۔ و الطِّبُّ و الطُّبُّ۔ جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِّبَاب۔ جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطَّبَّة۔ مؤنث۔ طَبٌّ۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ تِلْكَ الطَّبَّة" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطِّبَّة ج طَبَب الطِّبَابَة ج طِبَابٌ۔ زمین، کپڑے، کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ و الطِّبَابَة مِنَ الخرز: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَّبِيْب۔ فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج أَطِبَّه۔ أَطِبَّاء۔ مؤنث طَبِيْبَة۔

الْمَطْبُوْب۔ سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا۔ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت أَطْبَج ___ عَلٰى رَاْسِهٖ و عَلٰى كُلِّ اَجْوَفٍ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ۔ فِي الْكَلَامِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ (ف ن) طَبْخًا و طَبَّخَ۔ اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔ طَبَّخَ الصَّبِيُّ: بچّہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ۔ پکنا۔

اِطَّبَخَ۔ الرَّجُلُ: اپنے لیے پکانا ___ اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔

الطَّبْخ و الطِّبْخ۔ جو کچھ پکایا جائے۔

الطُّبَاخَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِّبَاخَة۔ باورچی گیری۔

الطَّبَّاخ۔ پکانے والا۔ اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق انگیٹھی پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَّبِيْخ۔ پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَة۔

الطَّابِخ۔ پکانے والا۔ سخت بخار۔

الطَّابِخَة۔ مؤنث طَابِخٌ۔ دوپہر۔

الطَّبَاخ و الطُّبَّاخ۔ مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَافِيْ كَلَامِهٖ طُبَاخٌ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔

الْاَطْبَخ۔ بہت زیادہ بیوقوف۔

الْمَطْبَخ۔ باورچی خانہ۔ ج مَطَابِخ۔

الْمِطْبَخ۔ پکانے کا اوزار۔ ج مَطَابِخ۔

الْمُطَبَّخ و الْمُطْبَخ۔ باورچی خانہ۔

طَبَرَ (ن) طَبْرًا۔ اُچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔

الطَّبَر و الطَّبَرْزِيْنُ۔ کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

الطُّبَّار۔ انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طُبَّارَةٌ۔

الطَّبَرِي۔ طبرستان کی طرف منسوب۔

طَبَزَہٗ(ن)طَبْزًا۔ بھر دینا۔
الطِبْز۔ پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دو کوہان کا اُونٹ۔
طَبَّسَہٗ۔ گارے سے لیپنا۔
الطِّبْس۔ ہر ایک کالی چیز۔
الطِبْس۔ بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبِیْش۔ بہت پانی والا سمندر۔
الطَّبْش۔ لوگ۔
الطَبْطَبَۃ۔ استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَہ ہے۔
طَبْطَبَ طَبْطَبَۃً: الماءُ: او السَّیْلُ: پانی یا سیلاب کا آواز کرنا ___ الوَادِی: وادی کا بہنا۔ الماءَ: پانی کو حرکت دینا۔
الطَّبْطَابَۃ۔ گیند کا بلا۔
الطَّبْطِیَّۃ۔ کوڑا۔
طَبَعَ (ف)طَبْعًا۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا ___ عَلَیْہِ: مہر لگانا ___ الدِرْھَمَ: سکہ ڈھالنا۔ السَّیْفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا ___ اللّٰہُ الخَلْقَ: پیدا کرنا ___ الدَلْوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِہٖ" یعنی اللہ تعالی نے اس کے دل پر مہر کر دی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔
طَبِعَ (س) طَبَعًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا ___ السَّیْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طَبِعٌ و اَطْبَعُ۔
طُبِعَ۔ عَلَی الجَھْلِ: پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ۔ الاِنَاءَ: بھر دینا ___ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَابَّۃَ" یعنی سدھا لیا۔ فصیح لفظ اس کے لیے "رَاضَھَا" ہے۔
تَطَبَّعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا ___ بِطِبَاعِ اَبِیْہِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا ___ النَّھْرُ بِالمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطَّبْع۔ پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْہُ عَلٰی طَبْعِ ھٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طِبَاع۔
الطِبْع۔ پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ج طُبُوْع و طِبَاع (___ و الطَبَع) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اَطْبَاع۔

الطَبِع۔ کمینہ۔ سَیْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَّابَعُ و الطِّبَاعُ۔ خلقی عادت۔
الطَّابَعُ و الطَّابِعُ۔ مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طَوَابِع۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا کَلَامٌ عَلَیْہِ طَابِعُ الفَصَاحَۃِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
الطَّبَّاع۔ طابع اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطِبَاعَۃ۔ تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔ دَارُ الطِبَاعَۃِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔
الطَبِیْعَۃ۔ خلقی و جبلی عادت۔ ج طَبَائِع۔
الطَّبَائِعُ الاَرْبَع: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطَّبِیْعِی۔ جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعات کا ماہر ہو اور علم طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطُّبْعَان۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا طُبْعَانُ الاَمِیْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
المَطْبَعَۃ و المَطْبَع۔ چھاپنے کی جگہ۔ ج مَطَابِع۔
المِطْبَعَۃ۔ چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مَطَابِع۔
المَطْبُوْع۔ مفع۔ چھپا ہوا۔ پسندیدہ ___ مِنَ الشُّعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ (س) طَبَقًا و طَبَقَایَدُہٗ: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طَبِقَ یَفْعَلُ الشَّیْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طَبَّقَ الشَّیْءُ: عام ہونا ___ السَّحَابُ الجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا ___ الماءُ وَجْہَ الاَرْضِ: ڈھانپ لینا۔ السَّیْفُ المَفْصَلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یُطَبِّقُ المَفْصَلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَّقَ الحَاکِمُ فِیْ حُکْمِہٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا ___ الفَرَسُ فِیْ عَدْوِہٖ۔ دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طَابَقَہٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَۃً۔ موافقت کرنا۔ طَابَقَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا ___ بَیْنَ قَمِیْصَیْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا ___ ہٗ عَلَی الاَمْرِ: برابری کرنا ___ الرَّجُلُ عَلَی العَمَلِ: حاوی ہونا ___ بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا ___ المُقَیَّدُ۔ قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ___ الفَرَسُ فِیْ جَرْیِہٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔
اَطْبَقَ الشَّیْءَ: ڈھانپنا ___ اللَّیْلُ: تاریک ہونا ___ النُّجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا ___ الرَحٰی ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْبِقْ شَفَتَیْکَ" یعنی چپ رہ۔ اَطْبَقَ الرَّاکِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ اَطْبَقُوْا عَلَی الاَمْرِ: اجماع کر لینا۔ اَطْبَقَتِ الحُمّٰی: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْبَقَ فُلَانًا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔
تَطَابَقَ۔ القَوْمُ: اتفاق کر لینا۔
تَطَبَّقَ و انْطَبَقَ۔ الشَّیْءُ: بند ہونا۔
الطِبْق۔ مطابق۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا طِبْقُ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِبْقُ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔
الطَبَق۔ مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج اَطْبَاق
الطَبَق: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی ___ مِنَ اللَّیْلِ و النَّھَارِ: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَہٗ طَبَقًا مِنَ النَّھَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی ___ مِنَ المَطَرِ: عام بارش۔ کہا جاتا ہے مَطَرٌ طَبَقٌ و دِیْمَۃٌ طَبَقٌ حال۔ کہا جاتا ہے "الدَّھْرُ اَطْبَاقٌ" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی طَبَقٌ بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جَاءَہٗ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "اَطْبَاقُ الرَّاسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ اُمُّ طَبَقٍ: مصیبت۔
الطِبْقَۃ۔ جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طِبَق و طِبَق۔
الطَبَقَۃ۔ مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "اِنْ کُتُبَہٗ اِلَیَّ طَبَقَۃٌ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طَبَقَات۔

الطَّبِق۔ بند۔
الطِّبْق۔ رات کا ایک حصہ۔ ج طُبُوق (___ والطِّبَاق) مطابق۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا طِبْقُ ذَاكَ او طِبَاقُه" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طِبَاقُ الاَرْضِ: زمین کی سطح۔
الطَّابِق و الطَّابَق۔ کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طَوَابِق و طَوَابِيق۔
الطَّابِق و الطَّابَق و الطَّابَاق۔ شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)
المُطْبِق۔ زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجُنُونُ المُطْبِق: لگاتار جنون۔ سَنَةٌ مُطْبِقَةٌ: سخت قحط۔
المُطْبِقَات: مصیبتیں۔ الحُرُوفُ المُطْبِقَة: ص ض ط ظ۔
المُطَبِّق۔ صائب الرائے۔ سَحَابَةٌ مُطَبِّقَةٌ: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔
طَبَلَ (ن) طَبْلاً و طَبَّلَ۔ ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں۔ طَبَّلَ فِي المَشْيِ: یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بَلَّطَ) ہے۔
الطَّبْل۔ ڈھول۔ ج طُبُول و اَطْبَال۔
الطَّبَّال۔ ڈھول بجانے والا۔
الطِّبَالَة۔ ڈھول بجانے کا پیشہ۔
الطَّبْلَة۔ ڈھولک۔
الطَّبْلِيَّة۔ خراج کے روپے۔ ج طَبْلِيَّات۔
الطُّوْبَالَة۔ مادہ بھیڑ۔ ج طُوْبَالَات۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا۔ النَّارَ: آگ کو دبا دینا۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِنَ (س) طَبَنًا و طَبَانَةً و طَبَانِيَةً و طُبُوْنَةً۔ الشَّيْءَ و لِلشَّيْءِ۔ سمجھ دار ہونا۔ صفت طَبِنٌ و طَابِنٌ۔
طَابَنَهُ۔ موافق ہونا۔ طَابَنَ الحَفِيْرَةَ: گہرا کرنا۔
اِطْبَاَنَّ اِطْبِئْنَانًا۔ بِالمَكَانِ: مطمئن ہونا۔
الطَّبْنُ و الطِّبْن۔ بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "اَيُّ الطِّبْنِ هُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے۔
الطُّبْن۔ طنبور یا بربط۔
الطَّبْن۔ گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔
الطَّبْن و الطِّبْن و الطُّبْن و الطَّبَن۔ مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔
الطِّبْنَة۔ سمجھ۔ ج طِبَن۔

الطُّبْنَة۔ طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔
الطَّابُوْن۔ گڑھا جس میں حفاظت کے لیے آگ کو دبا دیا جائے۔
الطُّبَنْجَة۔ تمنچہ۔ ج طَبَنْجَات۔
طَبَاهُ يَطْبُوْهُ طَبْوًا و اِطَّبَاهُ اِطِّبَاءً۔ پکارنا۔ بلانا۔
طَبَاهُ يَطْبِيْهِ طَبْيًا۔ کھینچنا ___ ہ عَنْهُ۔ باز رکھنا ___ ہ اِلَيْهِ: بلانا۔
طَبِيَتْ تَطْبَى طَبًى۔ النَّاقَةُ: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔
اَطْبَاهُ اِطْبَاءً: بلانا۔
الطِّبْي و الطُّبْي: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج اَطْبَاء۔
الطَّبْوَاء و الطَّبِيَّة۔ مِنَ النُّوْقِ: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔
طَثَّ (س) طَثًّا۔ الشَّيْءَ: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔
الطَّثّ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔
المِطَثَّة۔ بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔
طَثَرَ (ن) طَثْرًا و طُثُوْرًا و طَثَّرَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طَاثِرٌ۔
الطَّثْرَة۔ کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔
اَطْثَرَ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔
طَجَنَ (ن) طَجْنًا و طَجَّنَ۔ الشَّيْءَ: بھونا۔
الطَّاجِن و الطَّيْجَن۔ کڑاہی۔ ج طَوَاجِن و طَوَاجِن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
المُطَجَّن۔ بھنا ہوا۔
طَحَرَتْ (ف) طَحْرًا۔ العَيْنُ قَذَاهَا: خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت طَحُوْرَةٌ
الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا و طَحِيْرًا و طُحَارًا۔ آہ کرنا۔
الطَّحْرُ و الطَّحَر۔ متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَةُ و الطِّحْرِيَة۔ بادل کا ٹکڑا۔
الطَّحُوْر۔ جلدی کرنے والا۔
الطَّحُوْرُ و المِطْحَر۔ مِنَ القِسِيِّ: دور پھینکنے والی کمان۔

الطُّحَار۔ سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ آہ کرنے لگے۔
الطُّحْرُوْر۔ بدلی۔ ج طَحَارِيْر۔ الطَّحَارِيْر: بادل کے ٹکڑے۔
طَحْرَبَ۔ تیز دوڑنا ___ القِرْبَةَ: مشک بھرنا ___ گوز کرنا۔
الطِّحْرِب۔ کوڑا کرکٹ۔
الطِّحْرِبَة۔ مُثَلَّثَةٌ: بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
طَحْطَحَهُ۔ توڑنا۔ طَحْطَحَ القَوْمُ بِالقَوْمِ: متفرق کر دینا۔ ہلاک کرنا ___ مَالَهُ: بکھیرنا۔
طَحْطَحَ الرَّجُلُ: ہلکی ہنسی ہنسنا۔
تَطَحْطَحَ۔ ٹوٹنا۔ متفرق ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بکھرنا۔
طَحَلَهُ (ف) طَحْلاً۔ تلی پر مارنا۔ طَحَلَ الاِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔
طَحِلَ (س) طَحْلاً و طَحَلاً۔ تلی کا بڑھنا ___ المَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا۔
طُحِلَ طَحْلاً۔ تلی کی بیماری ہونا۔ صفت مَطْحُوْلٌ۔
الطِّحَال۔ تلی۔ ج اَطْحِلَة و طُحُل و طِحَالاتٌ۔
الطُّحَال۔ مرض جو تلی کو لاحق ہو۔
الطُّحْلَة۔ خاکستری رنگ۔
الاَطْحَل۔ خاکستری رنگ والا۔ مؤنث طَحْلاء ج طُحْلٌ۔
الطَّحِل۔ بڑی تلی والا۔ غضبناک۔ بھرا ہوا۔ کیچڑ والا پانی۔
الطُّحْل۔ عِنْدَ العَامَّةِ: باریک تنکے اور فصیح لفظ حَثًا ہے۔
طَحْلَبَ۔ المَاءُ: کائی والا ہونا۔ صفت مُطَحْلِب۔ مُطَحْلَب ___ الاَرْضُ: سرسبز ہونا۔ الرَّجُلُ: قتل کرنا۔
الطِّحْلِب و الطُّحْلُب و الطُّحْلَب۔ کائی۔ ایک ٹکڑا کائی کا۔
طَحْلَبَة۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَةٌ" یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً۔ عَلَيْهِ: کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ

کی تحریف ہو۔
الطُّخمَۃُ۔مُثَلَّثَۃٌ۔مِنَ النَّاسِ :جماعت۔مِنَ السَّیلِ :سیلاب کا زور۔مِنَ اللَّیلِ :بہت تاریکی (____والطُّخمَاء)ایک قسم کی سبزی۔
الطُّخمَۃ۔سخت جنگجو۔بہت اُونٹ۔
الطُّخوُم۔تیز ہانکنے والا۔
المَطخُوُم۔بھرا ہوا۔
طَحَنَ (ف) طَحنًا و طَحَّنَ۔البُرَّ :گیہوں پیسنا ____المُنیَۃُ القَوْمَ :ہلاک کرنا۔
طَحَنَتِ الاَفعٰی۔سانپ کا کنڈلی مارنا۔صفت مِطحَان۔
تَطَحَّنَ۔پسنا۔
الطِحنُ والطَّحِین۔پسا ہوا آٹا۔
الطَّاحِنَۃ۔ مؤنث طَاحِن۔ ڈاڑھ۔ ج طَوَاحِن۔
الطَّحَّان۔پیسنے والا۔آٹے کا بیچنے والا۔
الطِحَانَۃ۔پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُوْن و الطَّاحُوْنَۃ۔چکی پیسنے کا مکان۔ج طَوَاحِین۔
الطَّحُوْن و الطَّحَّانَۃ۔لڑائی۔ بڑا لشکر۔ بہت اُونٹ۔
المِطحَنَۃ۔چکی۔ج مَطَاحِن۔
المَطحَنَۃ۔پیسنے کا مکان۔ج مَطَاحِن۔
طَحَا یَطحُوْ طَحوًا۔بعید ہونا۔ہلاک ہونا۔الشَّیئَ :دفع کرنا ____بِالکُرَۃِ :پھینکنا ____ القَوْمُ :ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا یَطحَا طَحوًا۔الشَّیئُ :پھیلانا۔دراز کرنا۔الشَّیئُ :پھیلنا۔دراز ہونا ____ القَمَرُ : روشن ہونا ____ الرَّجُلُ :جانا۔کہا جاتا ہے "طَحَابِہٖ هِمَّتُہٗ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحمُہٗ :موٹا ہونا۔
الطَّحَا۔چوڑی زمین۔
الطَّاحِی۔بلند۔ پھیلنے والا۔ بڑی جماعت۔ مَظَلَّۃٌ طَاحِیَۃٌ و مُطحُوَّۃٌ و مَطحِیَّۃٌ۔ بڑا سائبان۔
بَقلَۃٌ مُطحِیَّۃٌ۔زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحِیَ یَطحٰی طَحیًا۔پہلو پر لیٹنا۔

الطَّخیَۃ۔بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ (ن) طَخًّا۔الشَّیئَ : پھینکنا اور دُور کرنا۔
(طُخوُخًا)بد خلق ہونا۔
المِطَخَّۃ۔ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَتْ (س) طَخَشًا۔العَینُ : آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخطَخَ۔الشَّیئَ : برابر کرنا۔ایک کو دوسرے سے ملانا ____اللَّیلُ :تاریک کرنا۔
تَطَخطَخَ۔ اللَّیلُ : تاریک ہونا ____ السَّحَابُ :بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخطَاخ۔گھرا ہوا بادل۔بد خلق۔
الطُّخَاطِخ۔تاریکی۔
طَخَمَ۔(ف) طَخمًا و طَخُمَ(ک) طَخَامَۃً۔تکبر کرنا۔
اِطخَمَّ۔اللَّحمُ :خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا۔
الطَّخمَۃ۔بکریوں کا گلہ۔
الطُّخمَۃ۔ناک کے اگلے حصے کی سیاہی۔
الاَطخَم۔جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصہ (____والطَّخِیم)خشک گوشت۔
طَخَا یَطخُوْ طَخوًا و طُخُوًّا۔اللَّیلُ :تاریک ہونا۔
الطَّخَاء۔بلند بادل۔دِل کی گھبراہٹ۔
الطَّخیَۃ و الطِّخیَۃ و الطُّخیَۃ۔تاریکی۔بادل کا ایک ٹکڑا۔الطَّخیَۃ :بیوقوف ج طَخیُوْن۔
الطخواء و الطخیاء۔مِنَ اللَّیَالِی : تاریک راتیں۔
الطَّاخِیَۃ۔سخت تاریکی۔
طَرَّ(ن) طَرًّا۔المَاشِیَۃ :جانوروں کو زور سے ہانکنا ____الاِبِلَ :اُونٹوں کو اطراف سے گھیرنا ____ الشَّیئَ :کاٹنا ____ الثَّوْبَ :کپڑے کو پھاڑنا۔الاِبِلُ الجِبَالَ :اُونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔
طَرَّ القَوْمَ :کسی قوم پر گزرنا ____ السِّکِّینَ : چھری تیز کرنا۔البُنیَانَ :کسی عمارت کی مرمت کرنا۔الحَوْضَ :حوض کو لیپنا ____ المَالَ : مال چھیننا اور اسی سے ہے "طَرَّ عَقلُہٗ" فُلَانًا : طمانچہ مارنا۔دھتکارنا۔
طَرَّ (ن ض) طَرًّا و طُرُوْرًا۔الشَّارِبُ او النَّبَاتُ۔مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔طَرَّتِ النُّجُوْمُ : ستاروں کا روشن ہونا ____ یَدُہٗ :زخم کی وجہ سے گر جانا۔الرَّجُلُ مِنَ السَّطحِ :گرنا۔
اَطَرَّہٗ۔گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ اَطَرَّہٗ عَلَی الاَمرِ۔برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجَارِیَۃُ : لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطَّرُّ۔کنارہ ج اَطرَار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَحمِیْ اَطرَارَ البِلَادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جَاؤُا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطُّرَّۃ۔کمر۔
الطُّرَّۃ۔پیشانی۔پیشانی کے بال۔کپڑے کا نقش و نگار۔کنارہ۔کتاب کا حاشیہ۔نہر کا کنارہ۔وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر و طِرَار و اَطرَار اور اس لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغراء ہے۔
غُلَامٌ طَارٌّ و طَرِیْرٌ۔جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔سِنَانٌ طَرِیْرٌ :تیز نیزہ۔
المُطِر۔فا۔غَضَبٌ مُطِرٌّ :بے موقع غضب۔
الطِرِّیَان۔تشتری۔طباق۔
المُطَرَّۃ۔عادت۔ کہا جاتا ہے "لَھُمْ مُطَرَّۃٌ حَسَنَۃٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ (ف) طَرْأً و طُرُوْأً۔عَلَیھِم :دُور سے اور اچانک آ جانا۔کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَیَّ هَمٌّ لَا اُطِیْقُہٗ" میرے اوپر ایسا غم آ پڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ (ک)طَرَاءَۃً و طَرَاءً :النَّبَاتُ۔تروتازہ ہونا۔صفت طَرِیٌّ۔
اَطرَأَہٗ۔حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِی۔فا۔اجنبی۔مسافر۔غیر اصلی۔ج طُرَّاءٌ طَرَاءٌ۔
الطَّارِئَۃ۔ مؤنث طَارِی۔ مصیبت۔ ج طَوَارِی و طَارِئَات۔اور طَارِئَۃٌ کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطُّرْآن۔راستہ۔امرِ منکر۔غیر پسندیدہ بات۔

کہا جاتا ہے "حَمَّامٌ طَرْآنِي" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "کَلَامٌ طَرْآنِي" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔

طُرْاَةُ السَّيْلِ۔ سیلاب کا زور۔

طَرِبَ (س) طَرَبًا۔ خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ۔

طَرَّبَ۔ گانا ــــ فِيْ صَوْتِهٖ: سُر نکالنا ــــ عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹ جانا۔ طَرَّبَهٗ و اَطْرَبَهٗ و تَطَرَّبَهٗ۔ خوشی پر برانگیختہ کرنا۔

اِسْتَطْرَبَ۔ بہت خوش ہونا ــــ فُلَانًا۔ خوش ہونے کو کہنا ــــ الْاِبِلَ: حُدِی سے حرکت میں لانا۔

الطَّرُوْبُ و الْمِطْرَابُ و الْمِطْرَابَةُ۔ بہت زیادہ خوش۔

الْمَطْرَبُ و الْمَطْرَبَةُ۔ تنگ راستہ۔ ج مَطَارِبُ۔ الْمَطَارِبُ: متفرق راستے۔

الطِّرْبَالُ۔ ہر بلند عمارت۔ دُور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِيْلُ۔ طَرَابِيْلُ الشَّامِ: ملک شام کے گرجے۔

الطِّرْبِيْلُ۔ گانے کی مشین۔ ج طَرَابِيْلُ۔

طَرَحَ (ف) طَرْحًا الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: پھینک دینا ــــ عَنْهُ: ڈال دینا اور دُور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوَى بِفُلَانٍ كُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دُور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَيْهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الْاُنْثٰى: حمل گرانا۔ طَرَحَ الْحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا ــــ عَلَيْهِ الْمَسْاَلَةَ: مسالہ پیش کرنا۔

طَرِحَ (س) طَرَحًا۔ بدخلق ہونا۔ خوش عیش ہونا۔

طَرَّحَ۔ طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَّفَرُ اِلٰى نَاحِيَةِ كَذَا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الْاُنْثٰى: حمل گروانا ــــ الْبِنَاءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔

طَارَحَهٗ مُطَارَحَةً۔ الْكَلَامَ او الشِّعْرَ او الْغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔

اِطَّرَحَهٗ۔ پھینک دینا۔ دُور کر دینا۔

تَطَارَحَ۔ الْقَوْمُ الْكَلَامَ او الْغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔

الطِّرْحُ۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔

الطَّرْحُ و الطَّرُوْحُ و الطَّرَاحُ۔ مکان بعید۔

الطَّرُوْحُ: لمبی شاخوں والا درخت خرما ج طُرُوْحٌ۔

الطَّرْحَةُ۔ چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔

الطَّرِيْحُ۔ ڈالا ہوا، پھینکا ہوا ج طَرْحٰى۔

الطُّرَّحُ۔ ڈالا ہوا، پھینکا ہوا۔

الْاُطْرُوْحَةُ۔ سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔

الْمَطْرَحُ۔ ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطَارِحُ۔ کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَكَ هٰذَا الْمَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔

طَرْفٌ مِطْرَحٌ۔ دُور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔

الْمُطَّرَحُ مفع قَوْلٌ مُطَّرَحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

الطَّرْخَانُ و الطُّرْخَانُ۔ رئیس۔ ج طَرَاخِنَةٌ۔

الطَّرْخُوْنُ۔ ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔

الطِّرِّيْخُ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

اِطْرَخَمَّ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا ــــ الرَّجُلُ: نگاہ کمزور ہونا۔

طَرَدَهٗ (ن) طَرْدًا و طَرَدًا۔ دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا ــــ هٗ مِنْ بِلَادِهٖ: جلاوطن کرنا۔ طَرَدَ الْاِبِلَ: اِدھر اُدھر سے جمع کر کے ہانکنا۔

طَرِدَ (س) طَرَدًا۔ شکار کا پیچھا کرنا۔

طَرَّدَ السَّوْطَ: اُٹھانا۔ طَرَّدَهٗ عَنِ الْبَلَدِ۔ جلا وطن کرنا۔

طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَةً۔ الْاَقْرَانَ: ایک کا دوسرے کے اُوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔

اَطْرَدَهٗ۔ جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔

تَطَارَدَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔

اِنْطَرَدَ۔ جلاوطن ہونا۔

اِطَّرَدَ۔ دُور رہونا ــــ الْاَمْرُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا ــــ الْاَنْهَارُ: جاری ہونا ــــ الْقَوْمُ اِلَى الْمَسِيْرِ: پے در پے چلنا۔

اِسْتَطْرَدَ لَهٗ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَيْهِ الْاَمْرُ: پہنچنا۔

الطَّرْدُ۔ کھجور کے پودے۔ ج طُرُوْدٌ۔

الطَّرَدُ۔ پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔

الطَّرَّادُ۔ طارد کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز، کشادہ مکان۔ لمبا دن۔

الطَّرِيْدُ۔ دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے ــــ مِنَ الْاَيَّامِ لمبا دن۔

الطَّرِيْدَانِ۔ رات دن۔

الطَّرِيْدَةُ۔ بھگایا ہوا شکار، ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اُونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لیے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِدُ۔

الطِّرَادُ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَمْشِيْ مَشْيًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔

الْمِطْرَدُ۔ چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِدُ۔

يَوْمٌ مُطَّرِدٌ۔ لمبا دن۔

حُكْمٌ مُطَّرِدٌ۔ عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ"

الْمَطْرَدَةُ و الْمِطْرَدَةُ۔ وسط راستہ۔ شاہراہ

الْمَطْرَدَةُ: دھتکارنے کا سبب۔

طَرِزَ (س) طَرْزًا۔ بد خلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا ــــ فِي الْمَلْبَسِ: لباس فاخرہ استعمال کرنا۔

طَرَزَهٗ (ن) طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَرَّزَ۔ الثَّوْبَ: بیل بوٹے بنانا۔

تَطَرَّزَ۔ الثَّوْبُ: بیل بوٹے والا ہونا۔ فِيْ لُبْسِهٖ: لباس فاخرہ پہننا۔

الطَّرْزُ۔ ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔

الطِّرَازُ۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے

"هٰذَا عَلٰی طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَیْسَ هٰذَا مِنْ طِرَازِ ذَاكَ" یعنی یہ تمہارے طور وطریقے پر نہیں۔ ج طُرُز۔

الطِرَازَة۔ بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔

الطَرَّاز و المُطَرِّز۔ بیل بوٹے بنانے والا۔

طَرَسَ (ض) طَرْسًا۔ الشَیْئَ : مٹانا ـــــ الکِتَابَ : لکھنا۔

طَرَّسَ۔ الکِتَابَ : اچھی طرح مٹانا ـــــ البَابَ : دروازہ کالا کرنا ـــــ الکَاتِبُ : لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَہ : فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔

تَطَرَّسَ فِی المَآکِلِ : عمدہ کھانے کھانا ـــــ عَنِ الشَّیْئِ : پرہیز کرنا۔

الطِرْس۔ صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج أَطْرَاس و طُرُوس۔

طَرِشَ (س) طَرَشًا۔ بہرا ہونا۔ صفت أَطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش۔

تَطَارَشَ۔ بتکلف بہرا بننا۔

الطَرَش و الطُرْشَة۔ بہرا پن۔

الأُطْرُش و الأُطْرُوش۔ بہرا۔

طَرْشَمَ۔ اللَیْل : تاریک ہونا۔

طَرِطَ (س) طَرَطًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِطٌ۔ ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت طَارِطُ الحَاجِبَیْنِ و طَرِطُهُمَا و أَطْرَطُهُمَا و أَطْرَط۔ مؤنث طَرْطَاء۔ اِمْرَأَةٌ طَرْطَاءُ العَیْنَیْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔

طَرْطَرَ۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔

طُرْطُوْر۔ لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرْطُوْر اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُوْرَة بھی کہتے ہیں۔

طَرَفَهٗ (ض) طَرْفًا۔ طمانچہ مارنا۔ طَرَفَہ عَنْہُ : واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهٗ أَوْ بِعَیْنِہٖ : جھپکانا۔ عَیْنَہٗ : آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَةٌ۔ طَرَفَتْ عَیْنُہ : نظر پھرانا ـــــ فُلَانٌ : دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَتْ مِنْهُمْ عَیْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا سب مر گئے یا قتل کیے گئے۔

طَرُفَ (ک) طَرَافَةً۔ نیا مال ہونا۔

طَرَّفَہٗ۔ ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الخَیْلَ : گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَہ : پورے کو مہندی سے رنگنا ـــــ الشَّیْئَ : پسند کرنا۔

أَطْرَفَ۔ نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ کَذَا بِکَذَا : لاحق کرنا ـــــ ہ الشَّیْئَ : تحفہ دینا۔

تَطَرَّفَ۔ ایک کنارہ میں ہونا ـــــ الشَّیْئُ : کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــــ الشَّیْئَ : اطراف سے لینا۔ پسند کرنا ـــــ عَلَیْهِمْ : غارت ڈالنا۔

اِطَّرَفَ۔ الشَّیْئَ : نئی چیز خریدنا۔

اِسْتَطْرَفَہٗ۔ نیا سمجھنا ـــــ الشَّیْئَ : نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔

الطَرْف۔ آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ ج۔ أَطْرَاف۔ الطَرْف : شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِیٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔

الطِرْف۔ نجیب الطرفین۔ ج أَطْرَاف۔ اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْفٌ و أَطْرَافٌ مؤنث طِرْفَةٌ۔ نیا مال۔ مِنَ النَبَاتِ : جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو ـــــ مِنَ النَّاسِ : جو بوجہ ملالِ طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِی نَسَبِہٖ : نئی شرافت والا۔ اِمْرَأَةٌ طِرْفُ الْحَدِیْثِ : خوش کلام عورت۔

الطَرَف۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج أَطْرَاف جج أَطَارِیْف۔ أَطْرَافُ البَدَنِ : دونوں ہاتھ، دونوں پیر اور سر۔ أَطْرَافُ النَّاسِ : ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانِ شرفاء۔ أَطْرَافُ الرَّجُلِ : اقرباء۔

الطَرِف۔ غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔

الطَرْفَة۔ خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔

الطُرْفَة۔ ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَفٌ۔

الطَرْفَاء۔ جھاؤ کا درخت۔

الطَارِف۔ فا۔ نیا مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَالِدُ : پرانا مال۔

الطَارِفَة۔ مؤنث طَارِفٌ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَیْنٍ" یعنی اتنا مالِ کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِف۔ الطَوَارِف : آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرَاهُ الطَوَارِفُ طَوَارِفُ الْخِبَاءِ" : خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لیے اُٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ القَرَائِح : طبیعت کے لطائف و ظرائف۔

الطَرِیْف۔ نادر میوہ ـــــ مِنَ المَال : نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَلِیْد : پرانا مال۔ الطَرِیْف : نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرُف و طِرَاف۔

الطَرِیْفَة۔ طَرِیْف کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَرَائِف۔ کہا جاتا ہے "طَرَائِفُ الْحَدِیْثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِیْفَةُ خَبَرٍ تَطْرِفُنَا بِہٖ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔

الأُطْرُوْفَة۔ نئی عمدہ نادر بات۔

الطِرَاف۔ چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُرُف۔ شرافت و بزرگی۔

المُطْرِف۔ مِنَ المَالِ : نیا مال حاصل کرنے والا۔

المِطْرَف و المُطْرَف۔ نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مَطَارِف۔

طَرْفَسَ۔ نظر تیز کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا ـــــ اللَیْلُ : رات کا تاریک ہونا ـــــ المَوْرِدُ گھاٹ کا گدلا ہونا ـــــ المَاءَ : پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔

الطِرْفِسَان۔ تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔

الطِرْفِسَاء۔ تاریک۔

طَرَقَہٗ (ن) طَرْقًا۔ ہتھوڑا مارنا ـــــ النَجَّارُ الصُوفَ : اُون دُھنتا ـــــ الشَّیْئَ : بجانا ـــــ البَابَ : دروازہ کھٹکھٹانا ـــــ الإِبِلُ المَاءَ : اُونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الرَّجُلُ : جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (ـــــ طَرْقًا و طُرُوْقًا) القَوْمُ : رات کے وقت آنا۔

طَرِقَ(س)طَرَقًا۔ گدلا پانی پینا ___ طَرَقًا
الْبَعِيرُ: اُونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی
پنڈلی میں کجی ہونا۔ صفت اَطْرَق۔ مؤنث طَرْقَاء
ج طُرْق۔

طَرَّقَ لَهُ: راستہ بنانا ___ المَوْضِعَ: راستہ
اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا
المَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔
"طَرَّقَ طَرِيقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا
___ الحَدِيدَ: لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔
طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: بچے کو مشکل سے
جننا۔ القَطَاةُ: انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔
کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّي" یعنی میرے حق کا
انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔

طَارَقَ۔ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اُوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ
او الغَمَامُ: تاریکی یا بادل کا پے در پے آنا۔

أَطْرَقَ۔ خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی
طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "أَطْرَقَ رَاسَهُ" یعنی سر
جھکایا ___ اِلَى اللَّهْوِ: مائل ہونا ___
الصَّيْدَ: جال لگانا أَطْرَقَتِ الإِبِلُ: ایک
دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔
نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ۔ اِلَيْهِ: چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔ اِلَى
الأَمْرِ: راستہ تلاش کرنا۔

اِطَّرَقَتِ۔ الإِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔
متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ اِطَّرَقَ
جَنَاحُ الطَّيْرِ: پرندے کے بازوؤں کا ایک پر
ایک جم جانا ___ التُّرَابُ: مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَّيْءُ: پے در پے ہونا۔ تَطَارَقَتِ
الإِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَطْرَقَ۔ الشَّيْءَ: راستہ بنانا ___ بَيْنَ
الصُّفُوفِ: صفوں کے درمیان چلنا ___ ہ
کنکری پھینکنے کو کہنا۔

الطَّرْقُ و الطُّرْقُ و الطَّرْقَةُ۔ مرتبہ۔ دفعہ کہا
جاتا ہے "اَتَيْتُهُ طَرْقَيْنِ" یعنی میں اس کے پاس
دو مرتبہ آیا۔

الطَّرْقُ و الطِّرْقُ۔ پھندا۔ جال ج أَطْرَاق۔

الطُّرْقَةُ۔ پھندا۔ جال۔ ج طُرَق۔

الطَّرَقُ۔ مشک کی سلوٹ۔ ج أَطْرَاق۔
پانی جمع ہونے کے مواضع۔ اُونٹوں کے پیر کے
نشانات۔ أَطْرَاقُ البَطْنِ: پیٹ کی سلوٹ۔

الطِّرْقَةُ۔ طَرَقَ کا اسم نوع۔ طریقہ۔ ج طِرَق۔

الطُّرْقَةُ۔ راستہ۔ طریقہ۔ عادت۔ لالچ۔ تہ بتہ پتھر
ج طُرَق۔

الطِّرَاقُ۔ جوتے کا چمڑا۔ لوہا کہ جس کو چوڑا کر کے
ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔ جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا
جس سے جوتا گانٹھیں۔ ج طُرُق۔

الطَّرِيقُ۔ راستہ (مذکر و مؤنث) ج طُرُق أَطْرُق
و أَطْرِقَةٌ و أَطْرِقَاءُ و جج طُرُقَات۔

الطَّرِيقَةُ۔ عادت۔ حالت۔ مذہب دھاری۔
کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔ لمبا کھجور کا درخت۔ خیمے
کا ستون۔ سائبان کا ستون۔ قوم کا شریف اور
افضل۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ طَرِيقَةُ قَوْمِهِ وهُمْ طَرِيقَةُ قَوْمِهِمْ"
یا وَهُمْ طَرَائِقُ قَوْمِهِمْ ج طَرَائِق۔ ثَوْبٌ طَرَائِقُ
پرانا کپڑا۔ طَرَائِقُ الدَّهْرِ: حوادثِ دہر۔

الطَّارِقُ۔ فا۔ رات کو آنے والا۔ ج طُرَّاق و
أَطْرَاق۔ صبح کا ستارہ۔

الطَّارِقَةُ۔ طارق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قبیلہ مرد۔
چھوٹا تخت۔ ج طَوَارِق و طَارِقَات۔

الطِّرِّيقُ۔ مؤنث طِرِّيقَة۔ المِطْرَاق۔ ج
مَطَارِيق۔ بہت سر جھکانے والا۔

المِطْرَق و المِطْرَقَة۔ روئی، اُون دھننے کا
ڈنڈا۔ ہتھوڑا۔ ج مَطَارِق۔

المَطْرُوق۔ مفع۔ وہ شخص جس میں نرمی اور
ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی
ہو۔ مَاءٌ مَطْرُوقٌ: وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی و
پیشاب کریں۔

المِطْرَاق۔ نظیر۔ ج مَطَارِيق۔ المَطَارِيق:
پیدل چلنے والے لوگ۔ اُونٹوں کی قطار۔

طَرِمَ(س)طَرَمًا۔ بَيْتُ النَّحْلِ: شہد سے بھرنا
___ طَرْمًا العَسَلُ: چھتے سے شہد بہنا۔

أَطْرَمَتْ۔ أَسْنَانُهُ: دانتوں پر میل جمنا۔ أَطْرَمَ
فُوهُ: منہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔

تَطَرَّمَ فِي الكَلَامِ: کلام کرنے میں رُک جانا۔

الطَّرْمُ و الطِّرْمُ و الطِّرِيمُ۔ شہد۔ الطِّرِيمُ تہ بتہ
بادل۔ رَجُلٌ طِرْيَمٌ: مرد دراز قد۔

الطَّرْمَةُ۔ جگر۔

الطُّرْمَةُ و الطِّرْمَةُ و الطُّرْمَةُ۔ اوپر کے ہونٹ
کا گڑھا۔

الطُّرَامَةُ۔ دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے
درمیان کا بقیہ کھانا۔ منہ کے اوپر خشک تھوک۔

الطِّرِيمُ۔ غصہ۔

الطُّرْمُوثُ۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

طَرْمَحَ۔ البِنَاءَ: لمبی بنانا۔

الطِّرْمَاحُ و الطِّرِمَّاحُ و الطُّرْمُوحُ۔ لمبا۔

الطِّرِمَّاحُ: مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بیں۔

طَرْمَذَ۔ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت
طِرْمَاذ و طِرْمِذَان۔

طَرْمَسَ۔ گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ
جاننا۔ بھاگنا ___ الوَجْهُ: ترش رو ہونا
___ الكَاتِبُ الكِتَابَةَ: مٹانا (___
و اطْرَمَّسَ) اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔

الطِّرْمَاسُ و الطِّرْمِسُ و الطِّرْمِسَاءُ۔ سخت
تاریکی۔

الطُّرْمُوسُ و الطُّرْمُوسَةُ۔ بھوبل کی پکی ہوئی
روٹی۔

الطُّرْمُوقُ۔ چمگادڑ۔

طَرَا يَطْرُو و طَرِيَ يَطْرَى طَرَاوَةً و طَرَاءَةً
و طَرَاوَةً و طَرَاءً۔ الغُصْنُ او اللَّحْمُ: ٹہنی یا
گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طَرِيٌّ۔

طَرَا يَطْرُو طُرُوًّا۔ عَلَيْهِمْ: دُور سے آنا۔

طَرَّى۔ الشَّيْءَ: تر و تازہ کرنا ___ الطِّيبَ:
خوشبوؤں کو مخلوط کرنا ___ الطَّعَامَ: کھانے
میں مسالہ ملانا۔

أَطْرَى اِطْرَاءً فُلَانًا: تعریف میں مبالغہ کرنا۔

اِطْرَوْرَى۔ تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔

الطَّرَا۔ جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔
لاتعداد مخلوق۔

الطَّرِيُّ۔ نرم تازہ۔

الإِطْرِيَةُ۔ سویاں۔

الأُطْرُوَانُ مِنَ الشَّبَابِ: ابتدائے شباب۔
عنفوانِ شباب۔

طَرِيَ(س)طَرًى۔ اِلَيْهِ: متوجہ ہونا۔

طَرَزَهُ(ن)طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَسَّهٗ (ن) طَسًّا۔ غالب آنا اور خاموش کرنا ـــــہٗ فِی الْمَاءِ: غوطہ دینا۔ طَسَّ الْقَوْمَ: سیر میں دُور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ طَسَّ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔

طَسْسَ۔ جانا ـــــ فِی الْبِلَادِ: سفر کرنا۔

الطَّسُّ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج اَطْسَاس و طُسُوْس و طَسِیْس۔

الطِّسَّۃ و الطَّسَّۃ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طَسَّات و طِسَّات و طِسَسٌ و طِسَاس۔

الطَّسَّاس۔ برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

الطِّسَاسَۃ۔ برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔

طَسَأَ (ف) طَسْأً و طَسِیَٔ (س) طَسْأً تخمہ ہونا۔ صفت طَاسِیٌٔ طَسِیْئٌ۔ طَسَاءَۃٌ: شرم کرنا۔

اَطْسَأَہٗ۔ بدہضمی کرنا۔

الطُّسْأَۃ۔ تخمہ۔ ہیضہ۔

الطَّسْت۔ ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طُسُوْت۔

طَسَعَ (ف) طَسْعًا فِی الْبِلَادِ: جانا۔

طَسِعَ (س) طَسَعًا۔ بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ و طَسِیْع۔

طَسَمَ (ن) طَسْمًا۔ الشَّیْءَ: مٹانا۔

طَسَمَ (ض) طُسُوْمًا۔ مٹنا۔

طَسِمَ (س) طَسَمًا۔ ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔

الطَّسَم۔ تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔

طَسَمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَاب: تھوڑے سے بادل۔

الطَّسَام و الطُّسَام و الطَّسَّام۔ مِنَ الْغُبَار: بہت زیادہ غبار۔

طَشَّت (ن ض) طَشًّا و اَطَشَّتِ السَّمَاءُ: پھوہار برسانا۔

طُشَّ۔ الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔

الطُّشَاش و الطُّشَّۃ۔ زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔

الطَّشَاش۔ کمزوری نگاہ۔

الطِّشَّۃ۔ چھوٹا بچہ۔

طَعِمَ (ش) طَعْمًا و طُعْمًا۔ الشَّیْءَ: چکھنا ـــــ عَلَیْهِ: قادر ہونا۔

طَعِمَ (س) طَعْمًا و طَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (ـــــ طَعْمًا) الغُصْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔

طَعُمَ (ف) طَعَمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَطْعَمُ آکِلُ هٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔

طَعَّمَ الغُصْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَّمَ العَظْمُ" گودے دار ہونا۔

اَطْعَمَ۔ الغُصْنَ: پیوند لگانا ـــــ ہٗ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا ـــــ الشَّجَرُ: پھل دینا، پھل پکنا ـــــ الشَّیْءُ: مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔

طَاعَمَ و تَطَاعَمَ۔ الحَمَامَ: مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَہٗ: ساتھ کھانا۔

تَطَعَّمَ۔ الشَّیْءَ: چکھنا۔

اِطَّعَمَ۔ مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَۃُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "هُوَ لَا یَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کردے۔

اِسْتَطْعَمَ۔ مزہ پانا ـــــ ہٗ: کھانا مانگنا ـــــ الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنے کے لیے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمَه الحَدِیْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لیے کہا۔

الطَّعْم۔ مزہ ج طُعُوْم۔ کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ طَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔

الطُّعْم۔ کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لیے ڈالے جائیں۔

الطِّعْمَۃ۔ کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔

الطُّعْمَۃُ۔ خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَیْعَتِیْ طُعْمَۃً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لیے عاریت پر دے دی ج طُعَم۔

الطَّعَام۔ خوراک ج اَطْعِمَۃ جج اَطْعِمَات۔ گیہوں۔

الطَّعِم و الطَّاعِم۔ خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِکُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔

جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ و طَعِیْم۔ ذبح کرنے کے اونٹ نہ دبلے نہ موٹے۔ الطَّعُوْمَۃ: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔

الطَّعَامِیّ۔ کھانا بیچنے والا۔

المَطْعَم۔ کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم۔

المِطْعَم۔ زیادہ کھانے والا۔

المِطْعَام۔ مہمان نواز۔

المُطْعَم۔ مفعو۔ رزق دیا ہوا۔

المَطْعُوْم۔ مفعو۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ ٹیکہ۔

طَعَنَہٗ (ف ن) طَعْنًا۔ نیزہ مارنا اور چبھونا ـــــ فِی المَفَازَۃِ: جانا ـــــ فِی السِّنِّ: بوڑھا ہونا ـــــ الفَرَسُ فِی الْعِنَانِ: لگام کھینچ کر تیز چلنا ـــــ طَعْنًا و طَعَنَانًا: فِی الرَّجُلِ و عَلَیْهِ: عیب لگانا۔ طَعَنَہٗ: مارنا ـــــ اللَّیْلَ: ساری رات چلنا۔

طُعِنَ۔ الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔

تَطَاعَنَ الْقَوْمُ تَطَاعُنًا و طِعَانًا و اِطَّعَنُوْا۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

الطَّعْنَۃ۔ نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان۔ ج طَعْن و طَعَنَات۔

الطَّاعُوْن۔ پلیگ۔ وبائی موت۔ ج طَوَاعِیْن۔

الطَّعَّان و المِطْعَن و المِطْعَان۔ بہت نیزہ مارنے والا ج مَطَاعِن و مَطَاعِیْن اور اسی سے ہے "هُوَ طَعَّانٌ فِیْ اَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔

الطَّعِیْن۔ نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعُنٌ۔

الطِّعِّیْن۔ جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔

المَطْعَنَۃ۔ نیزہ بازی۔

طَعَرَہٗ (ف) طَعْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

الطُّغْرَاء و الطُّغْرَی۔ شاہی فرامین اور سکون

کی علامت۔ ج طُغْرَاءات و طُغْرِیات۔
الطُّغْرَائِيّ۔ طغرا بنانے والا۔
تَطَغَّمَ۔ عَلَیْهِ: جاہل بننا۔
طُغْمَة۔ جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُغْمَات و طُغَم۔
الطِّغَم۔ سمندر۔ بہت پانی۔
الطَّغَام۔ کمینے لوگ (واحد و جمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَةٌ۔ الطَّغَامَة: بیوقوف۔
الطُّغْمُوْمَة و الطُّغْمُوْمِيَّة۔ بیوقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا۔ إِلَیْهِ: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِشٌ۔
الطَّغْمَشَة۔ ضعف بصر۔
طَغَا یَطْغُوْ طُغُوًّا اُطْغُوًّا و طُغْوَانًا۔ حد سے بڑھ جانا ___ الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔ السَّیْلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَی۔ الْمَوْجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
اَطْغَاهُ و طَغَّاهُ۔ سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْغَاهُ الْمَالُ و نَحْوُهُ: سرکش بنا دینا۔
الطَّغْوَة۔ بلند جگہ۔ ج طَغَوَات۔
الطَّغْوٰی۔ سرکشی۔
الطَّاغُوْت۔ ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل۔ ج طَوَاغٍ و طَوَاغِیْت۔ الطَّوَاغِيُّ و الطَّوَاغِیْت: بُت خانے۔
طَغٰی و طَغِيَ یَطْغٰی طَغْیًا و طُغْیَانًا و طِغْیَانًا بمعنی طَغَا او وی ___ الْكَافِرُ: کفر میں غلو کرنا ___ الرَّجُلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا ___ الْمَاءُ: بلند ہونا۔
طَغَّی و اَطْغٰی۔ فُلَانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔ سرکش بنانا۔
الطَّغْیَة۔ اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَّاغِي۔ فا۔ ظالم۔ طُغَاة۔ طَاغُوْن۔
الطَّاغِیَة۔ مؤنث طَاغِي۔ جبار۔ متکبر۔ سرکش۔ بیوقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب اور بسا اوقات عرب رومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ (ن ض) طَفًّا الشَّيْءُ مِنْهُ: قریب ہونا ___ الْحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ طَفَّهُ بِرِجْلِهٖ او یَدِهٖ: پیر سے یا ہاتھ سے اٹھانا۔
طَفَّفَ۔ الْمِكْیَالَ: کم ناپنا ___ الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا ___ عَلٰی عِیَالِهٖ: بال بچوں پر بخل کرنا۔ طَفَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ___ بِهٖ مَوْضِعَ کَذَا: قریب کرنا۔
اَطَفَّ عَلَیْهِ: جھانکنا ___ الْكَیْلَ: بھرنا ___ لَهٗ: فریب دینے کا ارادہ کرنا ___ عَلَیْهِ: مشتمل ہونا ___ عَلَیْهِ بِحَجَرٍ: پھینکنے کے لیے اٹھانا ___ لَهُ السَّیْفَ: تلوار کو جھکانا۔
اِسْتَطَفَّ عَلَیْهِ: جھانکنا۔ اِسْتَطَفَّتِ الْحَاجَةُ: حاجت کا پورا ہونا۔
الطَّفُّ۔ بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن۔ مکان۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج طُفُوْف۔ (___ و الطفف و الطَّفَاف و الطِّفَاف و الطُّفَافَة) مِنَ الْإِنَاءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ الطَّفَاف و الطِّفَاف: رات کی تاریکی۔ طَفَافُ الشَّمْسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَتَانَا عِنْدَ طَفَافِ الشَّمْسِ" غروبِ آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔
الطَّفِیْف۔ کم۔ ناقص۔ حقیر خسیس۔
الطَّافَّة۔ باغ کا گرداگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔
الطَّفُّ و الطُّفَّاف۔ مِنَ الْخَیْلِ: ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔
اِنَاءٌ طَفَّان۔ لبالب برتن۔
طَفِئَتْ (س) طُفُوْءًا۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا ___ عَیْنُهٗ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
اَطْفَأَ۔ النَّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "اَطْفَأَ الْفِتْنَةَ او الْحَرْبَ: یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔
اِنْطَفَأَتْ اِنْطِفَاءً۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا۔
الْمُطْفِئُ۔ فا۔ مُطْفِئُ الْجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَّضْفِ: مصیبت۔ مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔
الْمِطْفَأَة۔ آگ بجھانے کا آلہ۔ ج مَطَافِئُ۔
طَفَحَ (ف) طَفْحًا و طُفُوْحًا الْإِنَاءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا ___ الْإِنَاءَ: بھر دینا (لازم و متعدی) ___ السَّكْرَانُ: شراب سے پُر ہونا ___ الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "اَطْفَحْ عَنِّي" یعنی جاؤ۔
طَفَّحَ و اَطْفَحَ الْإِنَاءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔
اِطَّفَحَ۔ الْقِدْرُ: جھاگ نکالنا۔
الطِّفَاح۔ پُری۔
الطُّفَاحَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔
الطَّفْحَان۔ لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفْحٰی۔
الطَّافِحَة۔ مؤنث طَافِحٌ۔ خشک۔
فَرَسٌ طَفَّاحُ۔ الْقَوَائِمِ: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الْمِطْفَحَة۔ کفگیر۔
طَفَذَ (ض) طَفْذًا۔ الْمَیِّتَ: دفن کرنا۔
الطَّفْذ و الطَّفَذ۔ قبر۔ ج اَطْفَاذ۔
طَفَرَ (ض) طَفْرًا و طُفُوْرًا۔ کودنا۔ اونچائی میں کودنا۔
طَفَّرَ۔ اللَّبَنُ: بالائی والا ہونا (___ و اطفر) الْفَرَسَ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔
الطَّفْرَة۔ اونچائی کی کودائی ___ مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔
طَفِسَ (س) طَفَسًا و طَفَاسَةً۔ گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ۔
طَفَسَ (ن) طُفُوْسًا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔
طَفْطَفَ طَفْطَفَةً۔ دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔
الطَّفْطَفَة و الطِّفْطِفَة۔ کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف۔
الطَّفْطَاف۔ جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تر و تازہ نرم شاخیں۔
طَفِقَ (س) و طَفَقَ (ض) طَفْقًا و طُفُوْقًا۔ یَفْعَلُ کَذَا۔ شروع کرنا۔ طَفِقَ الْمَوْضِعَ: لازم ہونا۔ طَفِقَ بِمُرَادِهٖ: کامیاب ہونا۔
اَطْفَقَهُ بِمُرَادِهٖ: کامیاب کرانا۔
طَفُلَ (ک) طُفُوْلَةً و طَفَالَةً۔ نرم و نازک پروردہ

ہونا۔
طَفَلَ (ن) طُفُوْلاً۔ رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔
طَفِلَ (س) طَفَلاً و طُفِلَ النَّبَاتُ : نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔
طَفَّلَ اللَّیْلُ : قریب ہونا۔ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ___ الرَّجُلُ : طفیلی ہونا ___ الکَلَامَ : غور کرنا۔ طَفَّلَهٗ : نرمی برتنا اور یہ طَفَّلَ الرَّاعِیُ الإبِلَ سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔
أَطْفَلَ۔ رات کے وقت داخل ہونا۔
اِطْفَلَّتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا ___ الأُنْثٰی : بچہ والی ہونا۔ أَطْفَلَ الْکَلَامَ : سوچنا۔
تَطَفَّلَ۔ بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔
الطَّفْلُ۔ نرم و نازک۔ ج طِفَال و طُفُوْل مؤنث طَفْلَة۔
الطِّفْلُ۔ ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسْعٰی لِيْ فِيْ أَطْفَالِ الحَاجَاتِ" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر وحشی جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة۔ کہا جاتا ہے جَارِيَةٌ طِفْلٌ و طِفْلَةٌ اور طِفْلٌ واحد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے اسلئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِّفْلُ : حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تَطَايَرَتْ أَطْفَالُ النَّارِ" یعنی چنگاری اڑی۔ رِيْحٌ طِفْلٌ : نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج أَطْفَال۔
الطَّفَلُ۔ بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الغَدَاةِ : طلوع آفتاب کے کچھ بعد۔ طَفَلُ العَشِيِّ : غروب آفتاب سے کچھ قبل۔
الطُّفَال و الطِّفَال۔ خشک گارا۔
الطُّفُوْلِيَّة و الطَّفَالَة و الطُّفُوْلَة۔ بچپنا۔
الطُّفَيْلُ۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔
الطُّفَيْلِيُّ۔ بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔
المُطْفِلُ۔ بچہ والی (انسان ہو یا جانور) ج مَطَافِل و مَطَافِيْل۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مُطْفِلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔
طَفَنَ (ن) طَفْنًا۔ مرنا ___ ہ : قید کرنا۔
اِطْفَأَنَّ۔ المَکَانُ : قابل اطمینان ہونا ___ الرَّجُلُ : اچھی عادت والا ہونا۔
الطَّفَانِيْنُ۔ جھوٹ۔ لغو بیہودہ گفتگو۔ قید۔
طَفَا يَطْفُوْ طَفْوًا و طُفُوًّا۔ پانی پر آجانا اور تہ نشین نہ ہونا اور اسی سے ہے "السَّمَكُ الطَّافِي" جو مچھلی کہ پانی میں مرجائے اور اوپر آجائے ___ الظَّبْيُ : ہرن کا تیز دوڑنا ___ فَوْقَ الفَرَسِ : کود کر گھوڑے پر بیٹھنا ___ فِي الأَرْضِ : داخل ہونا ___ فُلَانٌ : مرنا۔
الطُّفَاوَة۔ ہانڈی کا جھاگ۔ کہا جاتا ہے "أَصَبْنَا طُفَاوَةً مِنَ الرَّبِيْعِ" یعنی کچھ تھوڑا سا حصہ ملا۔ آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔
الطُّفْوَة۔ باریک گھاس۔
الطُّفْيَة۔ خبیث قسم کا ایک سانپ ج طُفًی۔
طَقْ۔ پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔
الطَّقْسُ۔ طریقہ۔ طریقہ دینیہ پر عموماً استعمال ہوتا ہے۔ ج طُقُوْس اور عوام کے نزدیک بمعنی حالت جو اور تغیرات جو اس میں لاحق ہوں۔
طَقْطَقَتْ طَقْطَقَةً۔ الدَّوَابُّ : جانوروں کے پاؤں سے آواز نکلنا۔
طَلَّ (ن) طَلًّا۔ الغَرِيْمَ : ٹالنا ___ ہ حَقَّهٗ کم کرنا یا باطل کرنا۔ طَلَّتِ السَّمَاءُ الأَرْضَ : زمین پر ہلکی بارش ہونا ___ ہ بِالدُّهْنِ : تیل ملنا۔ طَلَّ الإِبِلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا۔
طَلَّ (س) و طُلَّ طَلًّا و أُطِلَّ الدَّمُ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ صفت طَلِيْل و مَطْلُوْل و مُطَلّ۔
أَطَلَّ الدَّمَ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ الزَّمَانُ : قریب ہونا ___ عَلَيْهِ : جھانکنا ___ عَلٰی حَقِّيْ : غالب آنا۔ کہا جاتا ہے "أَطَلَّ عَلٰی فُلَانٍ بِالأَذٰی" یعنی ہمیشہ تکلیف پہنچائی۔
تَطَالَّ۔ گردن اٹھا کر دور کی چیز دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَطَالَلْتُ لَهٗ" میں نے اس کو دیکھنے کے لیے گردن اٹھائی۔
اِسْتَطَلَّ۔ عَلَيْهِ : جھانکنا ___ الفَرَسُ ذَنَبَهٗ و بِذَنَبِهٖ : گھوڑے کا دم اٹھانا۔
الطَّلُّ۔ ہلکی بارش۔ نمی ج طِلَال و طِلَل خوش نما دل پسند۔ بڑی عمر والا۔ سانپ (___ الطُّلّ) دودھ و بقول بعض خون۔ اونٹنی کے دودھ کی قلت۔
الطِّلُّ۔ سانپ۔
الطَّلَّةُ۔ خوش نما دل پسند۔ لذیذ خوشبو۔ لذیذ شراب۔ بیوی۔ ہلکی بارش کا ترکیا ہوا باغ۔ کھانے پینے کی وسعت۔ بڑھیا عورت۔ بدزبان۔
الطُّلَّةُ۔ ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن ج طُلَل۔
الطُّلَّاءُ۔ بے بدلہ خون۔
الطَّلَلُ۔ بلند جگہ۔ ویران مکانات کے نشانات۔ ہر چیز کا جسم اور اسی سے ہے "أَعْجَبَنِيْ طَلَلُهٗ وَ رَاقَنِيْ هَيْكَلُهٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا ج أَطْلَال و طُلُوْل۔ طَلَلُ السَّفِيْنَةِ : کشتی کا پردہ۔ طَلَلُ المَاءِ : پانی کی سطح
الطَّلَلُ مِنَ الدَّارِ : چبوترہ۔
الطَّلَالَة۔ ہر چیز کا جسم۔ اچھی ہیئت۔ اچھی حالت۔ تروتازگی۔ شادمانی۔ ویران مکان کے نشانات۔
الطَّلِيْلُ۔ پرانی چٹائی۔ ج طِلَّة و أَطِلَّة و طُلُل۔
المُطَلُّ۔ بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔
المَطْلُوْلُ۔ مفع ___ مِنَ الأَمَاكِنِ : جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
المُطَلِّلُ۔ کہر۔
طَلَبَ (ن) طَلَبًا۔ الشَّيْءَ : ڈھونڈنا۔ إِلَيْهِ : راغب ہونا۔
طَلَبَ (س) طَلَبًا۔ دور ہونا۔
تَطَلَّبَ و اِطَّلَبَ۔ الشَّيْءَ : تکلف کے ساتھ اور بار بار ڈھونڈنا۔
طَالَبَ۔ الشَّيْءَ : مہلت سے ڈھونڈنا۔
طَالَبَهٗ طِلَابًا و مُطَالَبَةً۔ اپنا حق مانگنا۔
أَطْلَبَهٗ۔ مانگنے کے لیے مجبور کرنا۔ طلب کردہ چیز کو دینا۔ کہا جاتا ہے "أَطْلَبَهُ الفَقْرُ" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کر دیا۔ أَطْلَبَ المَاءُ : دور ہونا کہ

بغیر ڈھونڈے نہ مل سکے۔

الطِّلْبَۃ۔ اسم ہے مطالبہ کا۔ طلب کی نوعیت (___ و الطَّلِبَۃ) جو چیز طلب کی جائے۔

الطِّلْب۔ جو چیز طلب کی جائے۔ طلب کرنے والا۔ ج اَطْلاَب و طَلِبَۃ۔

الطُّلْبَۃ۔ دُور کا سفر۔

الطَّالِب۔ فا۔ شاگرد۔ ج طَلَبَۃٌ و طُلاَّبٌ و طَلَبٌ و طُلَّبٌ۔

الطَّلُوْب۔ بہت زیادہ طلب کرنے والا۔ بِئْرٌ طَلُوْبٌ: کنواں جس کا پانی دور ہو۔ ج طُلُب۔

الطَّلِیْب۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔ ج طُلَبَاء۔

الطَّلاَّب۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔

الطَّلِیْبَۃ مؤنث طَلِیْبٌ ج طَلاَئِب۔

المَطْلَب۔ طلب کرنا۔ مقصد۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ ج مَطَالِب۔

المُطْلِب۔ فا۔ مَاءٌ مُطْلِبٌ: دور کا پانی۔

المَطْلُوْب۔ مفع۔ جو طلب کیا جائے۔ ج مَطَالِیْب۔

طَلَثَ (ن) طُلُوْثًا۔ المَاءُ: پانی بہنا۔ جاری ہونا۔

طَلَّثَ عَلٰی کَذَا: زیادہ ہونا۔

الطُّلْثَۃ۔ جاہل۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن۔

طَلَحَ (ف) طَلْحًا و طَلاَحَۃً البَعِیْرُ: اُونٹ کا تھکنا۔ صفت طَلْحٌ و طِلْحٌ و طَلِیْحٌ۔

طَلَّحَ البَعِیْرَ و طَلَّحَہٗ و اَطْلَحَہٗ۔ تھکانا۔

طَلَّحَ عَلٰی فُلاَنٍ: اصرار کرنا۔ طَلَّحَ البَعِیْرُ: تھکنا۔

طَلَحَ (ن) طَلاَحًا۔ فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔

طَلِحَ (س) طَلَحًا و طَلِحَ: پیٹ خالی ہونا۔ صفت طَلِیْحٌ و طَلِحٌ و طِلْحٌ۔ طَلِحَتِ الإِبِلُ طَلَحًا: ببول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔

الطَّلْح۔ شگوفہ۔ درخت خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلْحَۃ۔

الطِّلْح۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ طِلْحٌ و نَاقَۃٌ طِلْحٌ ج اَطْلاَحٌ و طِلاَحٌ۔

مَکَانٌ طَلِحٌ۔ جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔

الطَّلَح۔ نعمت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ طَلَحٍ" وہ خوش عیش ہے۔

الطَّالِح۔ فا۔ بدکار۔ ج طَالِحُوْن و طُلَّح۔ نَاقَۃٌ طَالِحٌ و اِبِلٌ طُلَّحٌ: تھکے ہوئے اُونٹ۔

الطِّلاَح۔ کیکر کا درخت۔ اِبِلٌ طِلاَحٌ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اُونٹ۔

الطَّلِیْح۔ چیچڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ طَلِیْحٌ و نَاقَۃٌ طَلِیْحَۃ و طَلِیْحٌ ج طَلاَئِح و طَلْحٰی۔

الطَّلْحِیَّۃ۔ کاغذ کا ایک ورق ج طَلاَحِیّ۔

المُطَّلِح فِی الکَلاَمِ: بہتان گھڑنے والا ___ فِی المَالِ: مال میں ظلم کرنے والا۔

طَلَخَ (ن) طَلْخًا۔ الشَّیْءَ: کالا کرنا ___ الکِتَابَۃَ۔ خراب کر دینا ___ فُلاَنًا بِالقَذِرِ: لت پت کر دینا۔

اِطْلَخَّ۔ الدَّمْعُ: بہنا۔ بکھرنا۔

الطَّلْخ۔ خراب پانی۔

الطَّلْخَاء۔ بیوقوف عورت۔

اِطْلَخَمَّ۔ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔

اُمُوْرٌ مُطْلَخِمَّات۔ سخت و دشوار اُمور۔

طَلَسَ (ض) طَلْسًا۔ البَصَرُ: نگاہ کا ضائع ہونا (___ و طَلَّسَ) الکِتَابَہ: لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔

طَلِسَ (س) طَلَسًا و طَلُسَ (ک) طُلْسَۃً۔ خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت اَطْلَس ج طُلْس۔

طُلِّسَ بِہٖ فِی السِّجْنِ: قید خانے میں ڈالا جانا۔

تَطَلَّسَ۔ الکِتَابُ: مٹنا (___ و تَطَیْلَسَ) الرَّجُلُ: طَیْلَسَان استعمال کرنا۔

اِنْطَلَسَ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔

اِطْلَنْسٰی اِطْلِنْسَاءً۔ العَرَقُ: سارے جسم پر پسینہ بہنا۔

الطَّلْس۔ کالی چادر۔

الطِّلْس۔ مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا ج اَطْلاَس۔

الطُّلْسَۃُ۔ خاکستری مائل بہ سیاہی۔ پتلا پتلا بادل ج طُلَس۔

الطَّلاَّسَۃ۔ چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔

الطَّلِیْس۔ اندھا۔

الطَّیْلَس۔ سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ و علماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے ج طَیَالِس۔

الطَّیْلَسَان۔ بمعنی طَیْلَس ج طَیَالِس و طَیَالِسَۃ۔

الاَطْلَس۔ بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو۔ پرانا کپڑا۔ میلا۔ چور۔ ریشمی کپڑا۔

طَلْسَمَ عَنِ القِتَالِ: لڑائی سے پیچھے ہٹنا ___ الرَّجُلُ: سر جھکانا اور منہ بگاڑنا ___ السَّاحِرُ: جادوگر کا منتر لکھنا۔

الطِّلَسْم۔ جادو کی لکیریں یا تحریر ج طَلاَسِم۔

الطِّلَّسْم۔ بمعنی طِلَسْم ج طِلَّسْمَات۔

الطَّلَش۔ چھری۔

طَلْطَلَۃٌ۔ حرکت دینا۔

الطُّلَطِل و الطُّلَطِلَۃ۔ مصیبت۔

الطُّلاَطِلَۃ۔ مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوا۔

الطُّلاَطِل۔ موت۔ سخت مرض۔

طَلَعَ (ن) طُلُوْعًا و مَطْلَعًا و مَطْلِعًا الکَوْکَبُ و نَحْوُہٗ: ستارہ وغیرہ کا نکلنا ___ عَلَیْھِمْ متوجہ ہونا ___ عَنْھُمْ: غائب ہونا اور دور ہونا۔

طَلَعَ (ف ن) و طَلِعَ (س) طُلُوْعًا الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ___ عَلَی الاَمْرِ: جاننا ___ البِلاَدَ: ملکوں کا قصد کرنا۔ ___ المَکَانَ: پہنچنا ___ مِنَ البِلاَدِ: شہروں سے نکلنا (___ و طَلَّعَ) النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا۔ طَلَّعَ الکَیْلَ: پیمانہ کو بھرنا۔

طَالَعَہٗ مُطَالَعَۃً و طِلاَعًا۔ زیادتی غور و فکر سے مطلع ہونا ___ الکِتَابَ: کتاب پڑھنا ___ ہٗ بِالاَمْرِ: پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَالِعْنِیْ کُلَّ وَقْتٍ بِکُتُبِکَ" یعنی اپنی کتابوں کو ہر وقت میرے سامنے پیش کرو۔

اَطْلَعَ الکَوْکَبُ: ستارہ کا نکلنا ___ النَّبَاتُ: نباتات کا اُگنا ___ النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا ___ الشَّجَرُ: درخت کے پتے نکلنا ___ النَّخْلَۃُ: درخت خرما کا طویل ہونا ___ عَلَی الشَّیْءِ: جھانکنا ___ الفَجْرَ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا ___ ہٗ عَلٰی سِرِّہٖ

واقف کر دینا۔ اَطْلَعَ اِلَیْهِ مَعْرُوْفًا اچھا سلوک کرنا۔ اَطْلَعَهٗ طِلْعَ اَمْرِهٖ: حقیقت حال کو ظاہر کر دینا ___ الرَّجُلُ: قے کرنا ___ الرَّامِی: تیر کا نشانہ کے اوپر سے نکل جانا ___ عَلٰی فُلَانٍ: اچانک پہنچ جانا۔

اِطَّلَعَ الْاَمْرَ و عَلَیْهِ: جانا ___ عَلَیْنَا: اچانک آجانا ___ الْفَجْرَ: طلوعِ فجر کو دیکھنا۔ اِطَّلَعَ طِلْعَ الْعَدُوِّ: دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہونا۔

تَطَلَّعَهٗ۔ جانا۔ چہرے کی طرف دیکھنا۔ الرَّجُلَ: پالینا۔ غالب آنا۔ تَطَلَّعَ الْمِکْیَالُ: پیمانہ کا بھر جانا ___ الْمَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ: پانی کا برتن کے کناروں سے اُبل پڑنا۔

اِسْتَطْلَعَهٗ۔ ظاہر ہونے کی خواہش کرنا۔ حقیقت حال دریافت کرنا۔ "اِسْتَطْلَعَ رَایَ فُلَانٍ و اِسْتَطْلَعَهٗ رَایَه" کسی کی رائے و تدبیر پر غور کرنا۔

الطَّلْعُ۔ مقدار۔ تم کہتے ہو "اَلْجَیْشُ طَلْعُ الْاَلْفِ" یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے ___ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا گابھا۔ شگوفہ۔

الطِّلْعُ۔ اسم ہے اطلاع کا۔ کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلْعَ الْعَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقت حال کو جان گیا۔ سانپ۔

الطَّلْعُ و الطِّلْعُ۔ بلند مکان جہاں سے جھانکیں۔ گوشہ۔

الطَّلْعَةُ۔ دیدار۔ چہرہ۔

اِمْرَاَةٌ طُلَعَةٌ۔ عورت بہت زیادہ ظاہر ہونے والی۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ طُلَعَةٌ" یعنی اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا نفس۔

الطِّلَاعُ مِنَ الْاِنَاءِ: پری ج طُلُعٌ۔ و طِلَاعُ الشَّیْءِ: مقدار شی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِلَاعُ هٰذَا" یعنی یہ اس کی مقدار ہے "عَیْنٌ طِلَاعٌ" آنسو سے بھری ہوئی آنکھ۔ قَدَحٌ طِلَاعٌ: بھرا ہوا پیالہ۔

الطَّلَّاعُ۔ مبالغہ طالع۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ الثَّنَایَا و الْاَنْجُد" یعنی وہ بڑے بڑے اُمور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے۔

الطُّلَعَاءُ و الطُّوَلَع۔ قے۔

الطَّلِیْعَةُ مِنَ الْجَیْشِ: ہراول۔ مقدمۃ الجیش جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے احوال و کوائف کی تفتیش کرے۔ واحد و جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ ج طَلَائِع۔

الطَّالِع۔ فا۔ پہلی رات کا چاند۔ فجر کاذب ___ عِنْدَ اَصْحَابِ الْفَأْلِ: زائچہ۔ ستاروں کے طلوع سے جس پر سعد و نحس کا شگون لیا جائے۔ ج طَوَالِع۔

الطُّلُوْع۔ بمعنی طَالِع۔

الْمَطْلَع و الْمَطْلِع۔ ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ ج مَطَالِع۔ مَطْلَعُ الْاَمْرِ: کسی کام کے حصول کا ذریعہ و طریقہ۔ مَطْلَعُ الْقَصِیْدَة: قصیدہ کا پہلا شعر۔

الْمُطَّلِع۔ فا۔ قوی غالب۔

الْمُطَّلَع۔ مفو۔ آنے کی جگہ۔ اُونچے سے جھانکنے کی جگہ۔

طَلَفَ عَلَیْهِ: زیادہ کرنا۔

اَطْلَفَهٗ کَذَا: ہبہ کرنا۔ اَطْلَفَ الدَّمَ: خون کو رائیگاں کر دینا۔

الطَّلْف۔ داد و دہش۔ آسان چیز۔ زائد چیز (___ و الطَّلَف) رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ طَلْفًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔

الطَّلِیْف۔ ماخوذ۔ رائیگاں۔ باطل۔

طَلَقَ (ض) طَلْقًا۔ الشَّیْءَ فُلَانًا: دینا طَلَقَ یَدَهٗ بِخَیْرٍ: بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا۔

طَلَقَتْ (ن) طَلَاقًا۔ الْمَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اس کو چھوڑ دینا۔ صفت طَالِق ج طُلَّق و طَالِقَة۔ ج طَوَالِق النَّاقَةُ: پاؤں باندھنے کی رسّی سے کھل جانا۔

طَلِقَ (س) طَلْقًا۔ بعید ہونا۔

طَلُقَ (ک) طُلُوْقًا و طُلُوْقَةً۔ اللِّسَانُ: فصیح خوش بیان ہونا۔

طَلُقَ (ک) طُلُوْقَةً و طَلَاقَةً الرَّجُلُ: ہنس مکھ ہونا۔

طُلِقَتِ الْمَرْاَةُ طَلْقًا۔ دردِ زہ والی ہونا۔ صفت مَطْلُوْقَةٌ۔

طَلَّقَ قَوْمَهٗ: قوم کو چھوڑ دینا۔ جدائی اختیار کرنا ___ الْمَرْاَةَ زَوْجُهَا: قیدِ نکاح سے علیحدہ کر دینا۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔

اَطْلَقَ الْمَرْاَةَ و النَّخْلَة: بمعنی طَلَّقَ ___ الْمَوَاشِیَ: چھوڑ دینا ___ الْاَسِیْرَ: قیدی کو آزاد کرنا ___ یَدَهٗ بِخَیْرٍ: بھلائی کیلئے ہاتھ کھولنا ___ فِیْ کَلَامِهٖ: تعمیم کرنا۔ مقید نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَقَ رِجْلَهٗ" یعنی جلدی کی "اَطْلَقَ الدَّوَاءُ بَطْنَهٗ" یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست جاری ہو گیا۔ "اَطْلَقَ خَیْلَهٗ فِی الحلبَةِ" یعنی اپنے گھوڑے کو میدانِ مسابقت میں دوڑایا۔

تَطَلَّقَ وَجْهُهٗ: کشادہ رو ہونا۔ تَطَلَّقَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا۔

اِنْطَلَقَ۔ جانا ___ لِسَانُهٗ: زُبان کا رواں ہونا ___ وَجْهُهٗ: کشادہ رو ہونا ___ نَفْسُهٗ لِلْاَمْرِ: شرح صدر ہونا ___ اُنْطُلِقَ بِهٖ: لے جایا جانا۔

اِطَّلَقَ۔ ہنس مکھ ہونا۔

اِسْتَطْلَقَ۔ الْبَطْنُ: پیٹ چلنا ___ الظَّبْیُ: ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف مائل نہ ہونا ___ الْاَمْرَ: کام میں جلدی کرنا۔

الطَّلْق۔ مص۔ دردِ زہ۔ ہرن۔ ج اطلاق (___ و الطِّلْق و الطُّلُق و الطُّلُق و الطَّلِق و الطَّلِیْق) آزاد۔ غیر مقید۔ کہا جاتا ہے "حُبِسَ طَلْقًا و طُلُقًا" یعنی بغیر ہتھکڑی کے قید کیا گیا۔ یوم طَلْق: دن جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔ فَرَسٌ طَلْقُ الْیَدِ: گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو۔ رَجُلٌ طَلْقُ الْیَدَیْنِ: سخی۔ رَجُلٌ طَلْقُ الْوَجْهِ و طِلْقُهٗ و طُلُقُهٗ و طَلِقُهٗ و طَلِیْقُهٗ۔ کشادہ رو مرد۔ ہنس مکھ۔ کہا جاتا ہے "لِسَانُهٗ طَلْقٌ و طَلِقٌ و طَلِیْقٌ" یعنی اس کی زبان تیز و طرار ہے۔ الطِّلْق: حلال۔ حصہ۔ کھال کا بنا ہوا بند۔ الطِّلْق و الطَّلْق: ابرک۔

الطَّلَق۔ مص۔ گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر۔ آنت۔ رسّی مضبوط بٹی ہوئی۔ کھال کا بنایا ہوا بند ج اطلاق۔ کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْ مَالِهٖ طَلَقًا" مجھے اس کے مال سے حصہ ملا۔ کہا جاتا ہے

"عَلَى الإِطْلَاقِ او مُطْلَقًا" یعنی عام طریقہ سے بلا کسی استثناء کے۔
الطُّلَقَاء۔ وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا۔
الطَّلَّاق والمِطْلَاق والمِطْلِيق۔ بہت زیادہ طلاق دینے والا۔
المُطْلَق۔ خلاف مقید ـــــ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو۔
طَلَمَ (ن) طَلْمًا و طَلَّمَ۔ الخُبْزَة: روٹی کو ہاتھ سے ہموار کرنا۔ طَلَّم العَرَقَ عَنْ جَبِيْنِهِ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔
الطُّلْم۔ روٹی پھیلانے کا تختہ۔
الطَّلَم۔ دانتوں کا میل۔
الطُّلْمَة۔ روٹی ج طُلَم۔ المِطْلَمَة۔ بیلن۔ عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں۔
طَلْمَسَ۔ ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا ـــــ الكِتَابَ: مٹانا۔
اِطْلَمَّسَ۔ اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔
الطِّلْمِسَاء۔ تاریکی۔ بغیر کسی علامت کے زمین۔ پتلا پتلا بادل۔
طَلَه (ف) طَلْهًا۔ الرجُلُ فِي الْبِلَادِ: جانا۔ آہستہ چلنا۔
اِطَّلَهَ اِطِّلَاهًا۔ مطلع ہونا۔
الطُّلَه۔ پتلا بادل۔
الطُّلْهَة۔ بقیہ مال۔
طَلَاهُ يَطْلُوْهُ طَلْوًا۔ ٹانگ باندھنا۔
طَلَا يَطْلُوْ طَلَاوَةً الرَّجُلُ: دیر کرنا۔
اَطْلَت الوَحْشِيَةُ: بچے والی ہونا۔
اِطْلَوْلَى اِطْلِيْلَاءً۔ اچھی گفتگو والا ہونا۔
الطَّلَاء و الطَّلْو۔ ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت۔ ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلَاء و طِلَاءٌ و طُلِيٌّ و طِلْيَانٌ و طُلْيَان۔
الطِّلْو۔ بھیڑیا۔
الطِّلْوَة۔ جانوروں کا بچہ۔
الطُّلْوَة۔ صبح کی سفیدی۔
الطُّلَاوَة والطَّلَاوَة والطِّلَاوَة۔ وہ حسن و رونق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ مَا عَلَيْهِ طَلَاوَة" یعنی یہ ایسی گفتگو ہے۔ جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔ منہ میں کھانے کا بقیہ۔ جادو۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی۔ الطُّلَاوَة: جو کسی چیز پر طلاء کیا جائے۔
طَلَى يَطْلِي طَلْيًاهُ: ٹانگ باندھ کر رکھنا۔ البَعِيْرَ القَطْرَانَ او بِالْقَطْرَانِ: اُونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطْرَان) ـــــ الشَّيَ: روکنا۔
طَلِيَ (س) طَلَى فُوْهُ: دانتوں میں زردی ہونا ـــــ لِسَانُه: زبان کا ثقیل ہونا۔
طَلَّى تَطْلِيَةً۔ گانا ـــــ فُلَانًا: قید کرنا۔ گالی دینا ـــــ البَعِيْرَ القَطْرَان: اُونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطْرَان) ـــــ اللَّيْلُ الْآفَاقَ: رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔
اَطْلَى۔ کمزوری یا کسی وجہ سے گردن کا جھکنا۔
تَطَلَّى۔ کھیل کود میں منہمک رہنا (ـــــ و اطْلَى) بِالْقَطْرَانِ: قطران سے لت پت ہونا۔
الطَّلِي۔ شخص۔ قطران ملا ہوا۔ سخت مریض۔ ہرن کا بچہ ج اَطْلَاء۔ خواہش۔ کہا جاتا ہے "قَضَى طَلَاه" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔
الطِّلَى۔ لذت۔
الطِّلَاء۔ قطران۔ انگور کا رس جس میں سے پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے۔ اور شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے۔ رسّی جس سے ہرن کے بچّے کے پیر کو باندھیں (ـــــ والطُّلَايَة) ہر وہ چیز جس کو طلا کیا جائے۔
الطُّلَاء۔ خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطُّلَّى۔ دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
الطُّلْيَة و الطُّلَاة۔ گردن ج طُلًى۔
الطَّلِيّ۔ بکری کا چھوٹا بچّہ ج طُلْيَان (ـــــ والطِّلْيَان) دانتوں کی زردی۔
المِطْلَى و المِطْلَاء۔ تنگ نالہ ج مَطَالٍ۔
المُطَلَّى۔ دائم المرض۔ کمزور مریض۔ قیدی کہ جس کی رہائی کی اُمید نہ ہو۔
طَمَّ (ن) طَمًّا و طُمُوْمًا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا ـــــ الشَّعْرَ: بال کاٹنا یا گرہ لگانا ـــــ المَاءُ: ڈھانپ لینا ـــــ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا ـــــ الأَمْرُ: بڑا ہونا۔
طَمَّ (ض ن) طَمًّا البِئْرَ: کنوئیں کو پاٹ دینا۔
طَمَّ (ن ض) طَمًّا و طَمِيْمًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔
طَمَّ و طَمَّمَ و تَطَمَّمَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا ٹہنی پر اُترنا۔
اَطَمَّ و اِسْتَطَمَّ الشَّعْرُ: بال کاٹنے کا وقت قریب ہونا۔
الطِّمُّ۔ پانی۔ سمندر۔ عدد کثیر۔ عمدہ گھوڑا۔ تعجب۔ تعجب انگیز۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّم و الرِّم" یعنی بہت مال لایا۔
الطُّمَّة مِنَ النَاسِ: جماعت طُمَّةُ القَوْم قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔
الطَّمِيْم۔ آہستہ دوڑ۔ عمدہ گھوڑا۔ طَمِيْمُ النَاسِ: مختلف قسم کے لوگ۔
فَرَسٌ طَمُوْمٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّامَّة۔ بڑی مصیبت۔ قیامت۔
الأَطَامِيم۔ ٹانگیں۔
طَمْأَن۔ دیکھو مادہ "طَمَنَ"
طَمَثَ (ن ض) طَمْثًا۔ الشَّيَ: چھونا۔
طَمَثَتْ و طَمُثَتْ (ن ک) طَمْثًا۔ المَرْاَةُ: حائضہ ہونا۔ صفت طَامِث۔
الطَّمْث مص۔ میل کچیل۔ فساد۔ خون۔ حیض۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "مَا بِفُلَانٍ طَمْثُ رِيْبَةٍ" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔
طَمَحَ (ف) طَمْحًا و طِمَاحًا و طُمُوْحًا بَصَرُهُ اِلَيْهِ: نگاہ اُٹھنا۔ بِبَصَرِهِ اِلَيْهِ: بلندی کی جانب دیکھنا ـــــ بِأَنْفِهِ: مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا ـــــ بِهِ: لے جانا ـــــ فِيْ الطَّلَبِ: کوشش کرنا۔
طَمَحَتْ (ف) طِمَاحًا و طُمُوْحًا۔ الدَابَةُ جانور کا سرکش ہونا ـــــ المَرْاَةُ عَلٰى زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت طَامِحٌ ج طَوَامِحُ۔
طَمَّحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اُٹھانا ـــــ بِالشَّيْءِ فِي الْهَوَاءِ: پھینکنا۔
اَطْمَحَ بَصَرَهُ اِلَيْهِ: نگاہ اُٹھانا۔
بَحْرٌ طَمُوْحُ المَوْجِ: بلند موج والا سمندر۔
طَمَحَاتُ الدَهْرِ و طَمَحَاتُهُ: مصائب۔
الطِّمَاح۔ غرور۔ فخر۔
الطَّمَّاح۔ دور۔ حریص۔

طَمَخَ(ن)طَمْخًا بِأَنْفِهٖ : تکبر کرنا۔
طَمَرَ(ض)طَمْرًا الشَّيَّ :دفن کرنا۔ چھپانا (___ طَمْرًا و طُمُوْرًا و طِمَارًا و طَمَرَانًا) کودنا۔ اُچھلنا۔
طَمَرَ(ن)طُمُوْرًا۔جانا۔سفر کرنا۔
طَمَرَ(ن)طَمْرًا۔المطمورة : کھیتی بھرنا۔
(___ و طَمِرَ (س) طَمَرًا) الجُرْحُ : سوج جانا۔
اَلْيَدُ :ورم آجانا۔
طُمِرَ فِيْ ضِرْسِهٖ :داڑھ میں درد ہونا۔
طَمَّرَ الشَّيَّ : لپیٹنا اور دفن کرنا ___ اَلْبَيْتَ :پردہ لٹکانا۔
اِطَّمَرَ۔عَلٰى فَرَسِهٖ : پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
الطِّمْر۔پرانا کپڑا جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج اَطْمَار۔ کہا جاتا ہے "لَاَحَتِ الشَّمْسُ فِي الْاَطْمَارِ" یعنی زرد رنگ کا ہو گیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔
الطِّمِرّ و الطِّمْرِر و الطِّمْرِيْر و الطُّمْرُوْر لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّامِر۔فا۔پسو۔ج طَوَامِر۔کہا جاتا ہے "هُوَ طَامِرُ بْنُ طَامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔
الطُّمُرّ۔جہل نادانی۔
طُمُرَّةُ الشَّبَابِ : ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔
الطَّامُوْر و الطُّوْمَار۔ صحیفہ ج طَوَامِيْر۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ فِي الطُّوْمَارِ و الطَّوَامِيْرِ۔"
المِطْمَر و المِطْمَار۔ معماروں کا دھاگا۔ پرانے لباس والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى مِطْمَارِ اَبِيْهِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
المَطْمُوْرَة۔کھیتی۔قید۔
طَمَسَ (ن) طُمُوْسًا۔دور ہونا۔کہا جاتا ہے "لَا اَدْرِيْ اَيْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ___ بِعَيْنِهٖ :دور تک دیکھنا۔
طَمَسَ (ن ض) طَمْسًا و طُمُوْسًا و تَطَمَّسَ و اِنْطَمَسَ۔ مٹنا۔ طَمَسَ النَّجْمُ او الْبَصَرُ ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ (ض)طَمْسًا الشَّيَّ :مٹانا۔ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھو دینا ___ الغَيْمُ النُّجُوْمَ : بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا۔
طَمَسَ(ض)طَمَاسَةً الشَّيَّ :اندازہ کرنا۔
رُبُوْعٌ طِمَاسٌ۔ مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِيْس و المَطْمُوْس۔اندھا۔
طَمْطَمَ۔وسط سمندر میں تیرنا۔
الطَّمْطَام۔وسط سمندر۔
الطِّمْطِمُ و الطِّمْطِمِيُّ و الطُّمْطُمَانِيُّ زبان کی لکنت والا۔
طَمِعَ (س) طَمْعًا و طِمَاعًا و طَمَاعِيَةً فِي الشَّيِّ و بِهٖ : لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ و طَمِعٌ و طَمُعٌ ج طَمِعُوْنَ و طُمَعَاء و اَطْمَاع و طَمَاعٰى۔
طَمُعَ(ک)طَمَاعَةً۔بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَهٗ۔لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْمَعَهٗ۔لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّعَ۔لالچی ہونا۔خواہش مند ہونا۔
الطَّمَع۔وہ چیز جس کی خواہش کی جائے۔لشکر کی تنخواہ ج اَطْمَاع۔
الطَّمَاعَة۔خواہش مندی۔
الطَّمَّاع و المِطْمَاع۔بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَع۔ جس کی خواہش کی جائے۔ ج مَطَامِع۔
المَطْمَعَة۔باعث طمع۔لالچ پر اکسانے والی چیز۔
طَمِعَتْ (س) طَمَعًا عَيْنُهٗ : آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔
طَمَلَ(ن)طَمْلًا الخَبَّازُ الخُبْزَ : روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا ___ الثَّوْبَ : کپڑے کو گہرا رنگنا۔
الدَّمُ السَّهْمَ وغَيْرَهٗ : خون کا تیر کو لتھیڑنا۔
الرَّاعِيْ :چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ (س) و طَمُلَ طَمَلًا۔ خون، تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔صفت طَمِيْل۔
اَطْمَلَ۔الكِتَابَ :مٹا دینا۔
اِنْطَمَلَ الرَّجُلُ : چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔
الطَّمْل۔خمیر۔گوندھا ہوا آٹا۔مخلوق۔
الطِّمْل۔بیوقوف۔کمینہ۔بدکار۔بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔کالا کمبل۔فقیر۔بدحال بدشکل ہار۔پرانا کپڑا۔ ج طُمُوْل (___ والطَّمْلَة و الطُّمْلَة)گدلا پانی۔کیچڑ۔
الطَّامِل۔فا۔مرد بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمِيْل۔گدلا پانی۔گمنام۔چٹائی۔ہار، تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔بکری کا بچہ۔ سَهْمٌ طَمِيْلٌ خون سے لت پت تیر۔ خُبْزٌ طَمِيْلٌ : بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطُّمْلُوْل۔بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطُّمْلُوْلَة۔بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَة۔بیلن۔
طَمْاَنَ طَمْاَنَةً و طَاْمَنَ۔ظَهْرَهٗ : پیٹھ کو پست کرنا۔جھکانا ___ الشَّيَّ :ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ۔پست ہونا۔
اِطْمَاَنَّ اِطْمِئْنَانًا و طُمَاْنِيْنَةً اِلَيْهِ : آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔پست ہونا۔کہا جاتا ہے "اِطْمَاَنَّ عَمَّا كَانَ يَفْعَلُهٗ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَّمِن۔ساکن ج طُمُوْن۔
المُطْمَئِنّ۔ساکن ___ مِنَ الْاَرْضِ : نرم پست زمین۔
طَمَا يَطْمُوْ طُمُوًّا و طَمٰى يَطْمِيْ طَمْيًا المَاءُ : پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا ___ البَحْرُ : سمندر کا بھر جانا ___ النَّبْتُ : نباتات کا طویل ہونا۔ بڑھنا۔
طَمَتْ هِمَّتُهٗ : ہمت بلند ہونا۔ طَمَا بِهِ الْهَمُّ اَو الخَوْفُ : غم یا خوف کا سخت ہونا۔
طَنَّ (ض) طَنًّا و طَنِيْنًا و طَنَّنَ الذُّبَابُ او النَّاقُوْسُ و شِبْهُ ذٰلِكَ۔ بھنبھنانا۔ بجنا۔ آواز دینا۔
وَطَنَّ فُلَانٌ :مرنا۔
اَطَنَّ۔بجانا۔ آواز کرانا۔ اَطَنَّ السَّاقَ پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطُّنّ۔ جسم ج اَطْنَان و طِنَان۔ بانس کا گٹھا اور ایک بانس طُنَّة کہلاتا ہے۔ الطُّنُّ دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔

الطَّنَّان- زیادہ بجنے والا- کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ ذِکْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے "وَتِلْکَ قَصِیْدَۃٌ طَنَّانَۃٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے-

الطِّنِیّ- مِنَ الرِّجَالِ: بڑے ڈیل ڈول کا-

طَنَأَ (ف) طَنْأً و طَنِیَٔ (س) طَنَأً- شرم کرنا-

اَطْنَأَ- کسی مکان کی طرف مائل ہونا-

اَطْنَأَ اِلَی الْحَوْضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا-

اَطْنَأَ اِلَی الْبِسَاطِ: بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا- کہا جاتا ہے "حَیَّۃٌ لَا تُطْنِیُٔ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مرجائے-

الطِّنْءُ- بقیہ روح- کہا جاتا ہے "رُمِیَ فُلَانٌ فِیْ طِنْئِهٖ" یعنی مرگیا- بجھی ہوئی راکھ- خواہش نفس کی طرف میلان- بدکاری- بچھونا- فرش- باغ- ہمت- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے- منزل- تہمت-

طَنِبَ (س) طَنَبًا- الرُّمْحُ: نیزے کا ٹیڑھا ہونا ___ الفرس: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا- صفت اَطْنَب مؤنث طَنْبَاء-

طَنَّبَ الخَیْمَۃَ: خیمہ لگانا ___ بالمکان: اقامت کرنا ___ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا ___ السِّقَاءَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا-

طَانَبَ الْقَوْمَ: قوم کے خیموں کی رسّی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسّی ملانا-

اَطْنَبَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار کو اُڑانا- ___ الْاِبِلُ: بعض اُونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا- ___ فِی الْوَصْفِ اَوِ الْعَدْوِ: مبالغہ کرنا-

تَطَانَبَ الْقَوْمُ: خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا-

الطُّنُب- خیمہ کی لمبی رسّی- جسم کا پٹھا- درخت کی جڑ ج اَطْنَاب و طِنَبَۃ- کہا جاتا ہے "مُدَّتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا- "تَقَضَّبَتْ اَطْنَابُهَا" یعنی غروب ہوا (___ و الْاِطْنَابَۃ) کمان کے قبضہ پر باندھنے کا تسمہ ج اَطَانِیْب- کہا جاتا ہے "خَیْلٌ اِطَانِیْبُ" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے-

الْمَطْنَب- کندھا- مونڈھا- ج مَطَانِب-

الْمُطْنِب- فا- بہت تعریف کرنے والا-

جَیْشٌ مِطْنَابٌ- بہت بڑا لشکر-

الطُّنْبُوْرُ و الطِّنْبَار- ستار ج طَنَابِیْر-

طَنْبَلَ طَنْبَلَۃً الرَّجُلُ: عقلمندی کے بعد بیوقوف بننا- کہا جاتا ہے "کَانَ بَیْنَهُمْ طَنْبَلَۃٌ" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے-

الطِّنْبِل- بیوقوف- کند ذہن-

الطَّنْجَرَۃ- تانبے کی دیگچی-

الطِّنْجِیْر- کڑاہی- کنایہ از بزدل و کمینہ-

طَنِخَ (س) طَنَخًا- بدہضمی ہونا- دل پر چربی غالب ہونا- موٹا ہونا- صفت طَنِخٌ و طَانِخ

طَنِخَتْ نَفْسُهٗ: جی کا بگڑنا-

اَطْنَخَهٗ و طَنَّخَهٗ- بدہضمی کرانا- کہا جاتا ہے "مَرَّ طَنْخٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا-

طَنَزَ (ن) طَنْزًا بِهٖ: تمسخر کرنا-

تَطَانَزَ- الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا-

الطَّنَّاز- تمسخر کرنے والا-

الطُّنْطُلَۃ- عِنْدَ الْعَامَّۃِ: حلق کا کوا- صحیح لفظ طُلَاطِلَۃ ہے-

طَنْطَنَ طَنْطَنَۃً- الجَرَسُ و الطَّسْتُ و الذُّبَابُ و نَحْوُهَا: جرس کا بجنا- طشت کا آواز دینا- مکھی کا بھنبھنانا-

طَنِفَ (س) طَنَفًا- متہم ہونا (___ طَنَافَۃً و طُنُوْفَۃً و طَنَفًا) بدباطن ہونا- صفت طَنِف-

طَنَّفَهٗ- متہم کرنا- طَنَّفَ الجِدَارَ: دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا- کانس نکالنا- مہتابی بنانا ___ نَفْسَهٗ اِلٰی کَذَا: لالچ کے قریب کرنا-

تَطَنَّفَ الْقَوْمَ: قوم پر پہنچ کر گھیر لینا-

الطَّنَف و الطُّنْف و الطَّنَف و الطُّنُف پہاڑ کی چوٹی- پہاڑ کی اُبھری ہوئی چٹان- چھجہ- کانس- مہتابی ج طُنُوْف و اَطْنَاف-

الْمُطَنِّف- چھجہ یا کانس والا- پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا-

طَنْفَسَ- بدخلق ہونا- بہت کپڑے پہننا-

الطِّنْفِس- ردّی- بدشکل-

الطُّنْفُسَۃ و الطَّنْفَسَۃ و الطِّنْفِسَۃ- فرش- چٹائی- کپڑا- ج طَنَافِس-

الطَّنْو- بدکاری-

الطِّنْو- فرش-

طَنِیَ (س) طَنًی و اَطْنَی تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا- صفت طَنٍ و طَنِیّ فِیْ فُجُوْرِهٖ اَوْ فَسَادِهٖ: بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا (___ طَنِیَ) اللَّدِیْغُ مِنَ لَدْغِ الْعَقْرَبِ بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا- اَطْنَاهُ الْمَرَضُ: مرض کا باقی رہ جانا-

طَنَّی- تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا-

الطَّنَی- تہمت- بجھی ہوئی راکھ- مرض-

الطِّنَی- بدکاری و فساد-

الطَّانِی- فا- زنا کار ج طُنَاۃ-

طَهَرَ (ن) و طَهُرَ (ک) طُهْرًا و طُهُوْرًا و طَهَارَۃً- پاک ہونا- صفت طَاهِرٌ ج اَطْهَار طَهُرٌ ج طَهُرُوْنَ و طَهِیْرٌ ج طَهَارَی- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّیَابِ" یعنی پاک دامن-

طَهَرَهٗ (ف) طَهْرًا- دور کرنا-

طَهَّرَهٗ- پاک کرنا- طَهَّرَ الشَّیْءَ بِالْمَاءِ: دھونا-

تَطَهَّرَ و اِطَّهَّرَ- میل کچیل سے پاک ہونا- نہانا-

الْاَطْهَار- عورت کی پاکی کا زمانہ-

الطَّهُوْر- جس سے پاکی حاصل کی جائے-

الطُّهْرَۃ- پاکی- پانی سے نہانا-

الْمَطْهَر- موت کے بعد ایک مدتِ معینہ کے لیے ابرار و صالحین کے نفوس کے پاک کرنے کی جگہ (کلمہ نصرانیہ)

الْمَطْهَرَۃ و الْمِطْهَرَۃ- لوٹا- طہارت حاصل کرنے کا مکان- کہا جاتا ہے "اَلسِّوَاکُ مَطْهَرَۃٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے- ج مَطَاهِر-

الْمُطَهِّرَۃ- متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ-

طَهَسَ (ف) طَهْسًا- فِی الْاَرْضِ: داخل ہونا اور گھسنا-

طَهَشَ (ف) طَهْشًا الْعَمَلَ: کام کو بگاڑ دینا-

اَطْهَفَ- السِّقَاءُ: نرم ہونا- ڈھیلا ہونا- فِی الْکَلَامِ: آسان اور روانی سے کہنا ___

لِفُلَانٍ مِنْ مَّالِهٖ طَهْفَةً: کچھ حصہ دینا۔

الطَّهْف۔ بھوسہ۔

الطِّهْف۔ پناہ۔

زُبْدَةٌ طَهْفَة۔ نرم مکھن۔

الطِّهْفَة۔ مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑا۔

الطَّهَاف۔ مِنَ السَّحَابِ: بلند بادل۔

الطُّهَافَة۔ گیسو۔

طَهَق (ف) طَهْقًا۔ تیز چلنا۔

طَهَل و طَهِل (ف س) طَهْلاً و طَهَلاً و تَطَهَّلَ۔ الْمَاءُ: بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ و طَهِلٌ۔

أَطْهَلَتِ۔ الْأَرْضُ: تھوڑی سی گھاس اُگانا۔

الطُّهْلَة۔ تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے

طَهَمَ الشَّيْءُ: موٹا ہونا ـــــ مِنْهُ: نفرت کرنا۔

تَطَهَّمَ الطَّعَامَ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔

الْمُطَهَّم۔ موٹا۔ کمزور۔ کھل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔

طَهَا يَطْهُوْ طَهْوًا۔ سفر کرنا۔ جانا۔

طَهَا يَطْهُوْ و يَطْهَى طَهْوًا و طُهُوًّا و طُهِيًّا و طَهَايَةً۔ اللَّحْمَ: پکانا یا بھونا۔

أَطْهَى اِطْهَاءً۔ پکانے یا بھونے میں ماہر ہونا۔

الطَّهْو۔ کام۔

الطَّهْي۔ تنکا۔

الطُّهْي۔ گناہ۔ پکا ہوا۔

الطَّهْي۔ سخت مار۔ پتلا بادل۔

الطَّاهِي۔ فا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا ج طُهَاة و طُهِيّ مؤنث طَاهِيَةٌ ج طَوَاهٍ و طَاهِيَاتٌ۔

الطِّهَايَة۔ پکانے کا پیشہ۔

الطُّهَاوَة۔ دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطَّهَاءَة۔ بلند بادل۔

طَاءَ يَطَاءُ و يَطُوْءُ طَوْءًا۔ آنا جانا۔ فِي الْأَرْضِ: دور تک نکل جانا۔

تَطَاءَتْ تَطَايُؤًا۔ الْأَسْعَارُ: بھاؤ کا گراں ہونا۔

الطَّاءَة۔ کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوْئِيٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الطُّوْب۔ پکی اینٹ۔ واحد طُوْبَة۔

الطَّوَّاب۔ خشت پز۔

طَاحَ يَطُوْحُ طَوْحًا۔ حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا ـــــ السَّهْمُ: نشانہ سے خطا کرنا۔

طَوَّحَهُ۔ حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِهٖ: خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاء آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهٖ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔

طَوَّحَ تَطْوِيْحًا و طَيَّحَ تَطْيِيْحًا الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔

طَاوَحَهٗ مُطَاوَحَةً۔ بِكَذَا: ایک دوسرے پر پھینکنا۔

أَطَاحَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ أَطَاحَ الشَّعْرَ۔ بال گرادینا۔

تَطَوَّحَ۔ فِي الْبِلَادِ: سرگرداں ہونا اور ادھر اُدھر پھرنا۔ فِي الْبِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلٰى مَطِيَّتِهٖ يَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے۔

تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا الْقَوْمُ فُلَانًا بِالْأَمْرِ أَوْ بِالضَّرْبِ: آپس میں تنازع کرنا۔ تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوٰى۔ فراق اور بُعد نے اس کو پھینک دیا۔

الطَّوْح۔ دور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِيَّةٌ طَوْحٌ" دور کی نیت۔

الطَّوَائِح۔ شدائد۔ مہلکات۔

الْمَطَاوِح۔ ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَة۔

الْمِطْوَاح۔ لاٹھی۔

طَاخَهٗ يَطُوْخُهٗ طَوْخًا۔ قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاخٌ۔

طَادَ يَطُوْدُ طَوْدًا۔ ثابت رہنا۔

طَوَّدَ و تَطَوَّدَ فِي الْبِلَادِ: پھرنا۔ طَوَّدَ بِهٖ مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْطَادَ۔ ہوا میں بلند ہونا۔

الطَّوْد۔ مص۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج أَطْوَاد و طِوَدَة۔

الْمَطَادَة۔ دور دراز کا بیابان۔

الْمَطَاوِد۔ خطرناک مقامات۔

الْمُنْطَاد۔ بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِيْد۔

طَارَ يَطُوْرُ طَوْرًا و طَوَرَانًا بِفُلَانٍ: قریب ہونا۔

الطَّوْر۔ اندازہ و حد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهٗ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ "و جَاوَزَ طَوْرَهٗ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهٗ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار ج أَطْوَار۔ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ أَطْوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔

الطُّوْر۔ پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔

الطَّوَار۔ وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔ (ـــــ و الطِّوَار) مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّارُ عَلٰى طَوَارِ دَارِيْ" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔

الطُّوْرِيّ و الطُّوْرَانِيّ۔ وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّوْرِي: اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوْرِيٌّ و طُوْرَانِيٌّ" یعنی کوئی نہیں۔

طَارَةُ الْمُنْخُلِ: چھلنی کا گھیرا۔ اور یہ محرف ہے صحیح "الْإِطَار" ہے۔

الطَّارَة و الطَّارُ۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: دائرہ۔ دف۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْأَطْوَرِيْنَ" یعنی اس کو اُس سے بڑی مصیبت پہنچی۔ اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِي الْعِلْمِ أَطْوَرَيْهِ" فلاں علم کی دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔

طَاسَ يَطُوْسُ طَوْسًا۔ الْوَجْهُ: چہرے کا خوبصورت ہونا ـــــ الشَّيْءَ: روندنا۔

طَوَّسَهٗ۔ مزین کرنا۔ طَوَّسَ الْمُصَوِّرُ: مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهٖ: لے جانا۔

تَطَوَّسَ لِلْحَمَامَةِ: کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ الْمَرْأَةُ: آراستہ و مزین ہونا۔

الطَّوْس۔ چاند۔

الطُّوْس۔ ایک مسہل دوا کا نام۔

الطَّاسِ۔ پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طَاسَات۔

الطَّاوُوْس الطَّاؤُس۔ مور۔ تصغیر طُوَيْس

ج اَطْوَاس و طَوَاوِیس۔
طَوَّشَ۔ الرَّجُلُ: ٹال مٹول کرنا ـــــ الذَّکَرَ: آختہ کرنا۔
الطَّوَاشِیُّ۔ آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِیَۃٌ۔ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔
طَاعَ یَطُوْعُ و یَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ: فرماں بردار ہونا۔ صفت طَائِع ج طُوَّع و طَائِعُوْن کہا جاتا ہے "اَمَرَہٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقعہ پر بابِ افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُہٗ لَا یَطُوْعُ بِکَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی "و طَاعَ لَہُ المَرْتع" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔
اَطَاعَہٗ اِطَاعَۃً و طَاعَۃً۔ فرمانبردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَہُ المرعی: و اَطَاعَہٗ: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔
اِنْطَاعَ اِنْطِیَاعًا۔ لَہٗ: فرمانبردار ہونا۔
تَطَوَّعَ۔ بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِی الْجُنْدِیَّۃِ: لشکر میں رضاکارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّیْءِ: تبرع کرنا ـــــ بِالشَّیْءِ و لِلشَّیْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا ـــــ الشَّیْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔
تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔
اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَۃً۔ الْاَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذفِ تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِیْعُ بھی کہا جاتا ہے۔
الطَّوَاعَۃ۔ طوع کا اسم مصدر ہے۔
الطَّوَاعِیَۃ۔ فرماں برداری۔
الطَّاعُ و الطَّوْعُ و الطَّیِّعُ۔ فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوْعُ یَدِكَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے فَرَسٌ طَوْعُ العِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔ "عَمِلَہٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔
المِطْوَاعُ و المِطْوَاعَۃُ۔ فرمانبردار۔
المُطَّوِّعَۃ۔ رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔
المُتَطَوِّعُ و المُطَّوِّعُ۔ فرائض و واجبات کے علاوہ اعمالِ صالحہ کو بطورِ نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ یَطُوْفُ طَوْفًا و طَوَافًا و طَوَفَانًا بِالْمَکَانِ و حَوْلَہٗ: گھومنا۔ چکر لگانا ـــــ فِی البِلَادِ: ملک میں پھرنا ـــــ بِہٖ الْخَیَالُ فِی النَّوْمِ: خواب میں نظر آنا۔
طَوَّفَہٗ تَطْوِیْفًا و تَطْوَافًا۔ گھومنا۔ طَوَّفَ فِی الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔
طَوَّفَ و تَطَوَّفَ و اِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَۃً بِالشَّیْءِ و حَوْلَہٗ: بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ او الجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔ اِسْتَطَافَہٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔
اَطَافَ۔ بِالشَّیْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا۔ قریب ہونا ـــــ عَلَیْہِ و بِہٖ: رات کو آنا ـــــ عَلَیْہِ گرد گھومنا۔
الطَّوْفُ۔ پانی پر تیرنے والی چیز۔ کشتی۔
الطَّوْفُ۔ رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج اَطْوَاف۔
الطَّافُ۔ بہت زیادہ طواف کرنے والا۔
الطُّوْفَانُ۔ سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔
الطَّائِفُ۔ فا۔ چوکیدار۔
الطَّائِفَۃُ۔ مؤنث طَائِف۔ جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا' وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف۔
الطَّوَّافُ۔ بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ کشتی۔ کشتی بنانے والا۔
المَطَافُ۔ طواف کرنے کی جگہ۔
طَاقَ یَطُوْقُ طَوْقًا و طَاقَۃً و اَطَاقَ الشَّیْءَ: قادر ہونا۔
اَطَاقَ عَلَی الشَّیْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔
طَوَّقَہٗ الشَّیْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَہٗ الطَّوْقَ۔ طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَہٗ بِالسَّیْفِ وَ غَیْرِہٖ" اس نے اُسے تلوار باندھ دی۔
اِطَّوَّقَ و تَطَوَّقَ۔ طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔
الطَّاقُ۔ محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات و طِیْقَان۔
الطَّاقُ: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا ـــــ الطَّائِقُ) پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ و طَائِقُ کُلِّ شَیْءٍ: احاطہ کرنے والا۔
الطَّوْقُ۔ گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا ج اَطْوَاق۔
الطَّوْقُ و الطَّاقَۃُ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فِیْ طَوْقِیْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَۃَ لَنَابِہٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ۔ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
المُطَوَّقَۃُ۔ کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔
طَالَ یَطُوْلُ طُوْلًا۔ لمبا ہونا ـــــ عَلَیْہِ۔ غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔
طَوَّلَہٗ۔ لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَہٗ: مہلت دینا ـــــ لِلدَّابَّۃِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔
تَطَوَّلَ تَطَوُّلًا۔ عَلَیْہِ: احسان کرنا۔
اَطَالَہٗ و اَطْوَلَہٗ اِطَالَۃً و اِطْوَالًا: لمبا کرنا۔ اَطَالَتِ الْمَرْاَۃُ: لمبے لمبے بچے جننا۔
طَاوَلَہٗ مُطَاوَلَۃً۔ ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔
تَطَاوَلَ۔ دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا ـــــ تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ـــــ عَلَیْہِ العُمُرُ: بڑھنا۔ تَطَاوَلًا: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَۃً۔ طویل ہونا ـــــ عَلَیْہِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا ـــــ عَلٰی عِرْضِہٖ: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَی القَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔
الطَّوْلُ۔ فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔
الطُّوْلُ۔ لمبائی ج اَطْوَال۔
الطِّیَلَۃُ۔ عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰہُ طِیَلَتَہٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔
الطُّوَلُ۔ لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔
الطِّیَلُ و الطِّوَلُ و الطَّوَالُ و الطِّیَالُ۔ زمانہ بھر۔
الطَّائِلُ و الطَّائِلَۃُ۔ قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کہا

جاتا ہے "بَیْنَهُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَوَائِل هٰذَا اَمْرٌ لَا طَائِلَ فِیْهِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُوَ بِطَائِلٍ او هُوَ غَیْرُ طَائِلٍ" یعنی گھٹیا ہے۔ اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الطَّوِیْل۔ لمبا۔ ج طِوَال و طِیَال۔ مؤنث طویلة ج طویلات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِیْلُ الْبَاعِ" یعنی سخی ہے۔ "هُوَ قَصِیْرُ الْبَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الْاَطْوَل۔ اسم تفضیل ج اَطَاوِل مؤنث طُوْلٰی ج طُوَل۔ الطُّوْلٰی :بلند مرتبہ۔ والسَّبْعُ الطُّوَل : سات بڑی بڑی سورتیں قرآنِ پاک کی۔

الطُّوَال۔ لمبا۔ مؤنث طُوَالَةٌ۔

الطُّوَّال۔ بہت زیادہ لمبا۔

المِطْوَل۔ رسّی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل۔

طَوَی یَطْوِیْ طَیًّا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو لپیٹنا ___ ہ اللّٰهُ عُمْرَهٗ : موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوَی فُلَانٌ وهُوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَی الحَدِیْثَ : بات چھپانا ___ کَشْحَهٗ عَلَی الْاَمْرِ : پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَی کَشْحَه عَنِّی" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ و طَوَی البِلَادَ : قطع مسافت کرنا ___ البِئْرَ : پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَوَی الرَّجُلُ : بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا ___ السَّیْرُ فُلَانًا : لاغر کرنا۔

طَوِیَ (س) طَوًی و اَطْوَی۔ بھوکا ہونا۔ صفت طَیَّان و طَوٍ و طَاوٍ۔ مؤنث طَیًّا و طَوِیَة و طَاوِیَةٌ۔

تَطَوَّتِ الحَیَّةُ : سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْطَوَی۔ القَوْمُ عَلَیْهِ : اکٹھا ہونا (___ و اِطَّوَی) لپیٹا جانا۔

الطَّوٰی۔ بھوک۔ مشک۔

الطُّوٰی و الطِّوٰی۔ لپٹی ہوئی چیز۔

الطَّیّ۔ لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الغَیُّ فِیْ طِیِّ قَلْبِهٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے۔

الطِّیَّة۔ حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی لِطِیَّتِهٖ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا "لَقِیْتُهٗ بِطِیَّاتِ العِرَاق" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِی البَطْنِ : پتلے پیٹ والا۔

الطَّایَة۔ سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَایَات۔

الطَّوِیّ۔ گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الاَطْوَاء (___ و الطَّوِیَّة) من بنا ہوا کنواں۔

الطَّوِیَّة : نیت۔ ضمیر۔

الاَطْوَاء۔ ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طَوًی۔

المَطْوٰی۔ لپیٹ۔ ج مَطَاوٍ۔ مَطَاوِی الحَیَّةِ : سانپ کی کنڈلی۔

المِطْوٰی۔ جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَابَ یَطِیْبُ طِیْبًا و طَابًا و طِیْبَةً و تَطْیَابًا۔ لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا طَابَتِ النَّفْسُ بِکَذَا : دل خوش ہونا۔ طَابَ عَیْشُهٗ۔ خوش عیش ہونا ___ عَنِ الشَّیْءِ نَفْسًا : خوشی سے چھوڑ دینا ___ الشَّیْءَ : اچھا کرنا۔ طَابَتِ الاَرْضُ : گھاس اگانا۔

طَیَّبَ۔ الشَّیْءَ : اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔

طَیَّبَ خَاطِرَهٗ : تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَابَ اِطَابَةً الشَّیْءَ : اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطَّیَبَ اِطَّیَابًا۔ الشَّیْءَ : اچھا پانا۔

طَایَبَهٗ مُطَایَبَةً۔ ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔

تَطَیَّبَ۔ خوشبو لگانا۔

اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً۔ القَوْمُ : شیریں پانی مانگنا۔ (___ و اِسْتَطْیَبَ اِسْتِطْیَابًا) الشَّیْءَ : اچھا پانا۔

الطَّاب۔ لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّیْب۔ خوشبو۔ ج اَطْیَاب و طُیُوْب۔ حلال۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِیْبٌ لَكَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَة۔ شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّیْبَة۔ حلال۔ طیبة الخمر : صاف شراب۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِطِیْبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔

الطَّیَّاب۔ بہت زیادہ پاکیزہ۔

الاَطْیَب۔ اسم تفضیل ج اَطَایِب مؤنث طُوْبٰی ج طُوْبَیَات۔

الطُّوْبٰی۔ رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّیِّب۔ پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَیِّبَة ج طَیِّبَات و طُوْبٰی۔ کہا جاتا ہے "کَلِمَةٌ طَیِّبَةٌ" پاکیزہ کلمہ۔ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو "بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الاَطَایِب و المَطَایِب۔ مِنَ الشَّیْءِ : عمدہ اشیاء

شَرَابٌ مُطَیَّبَةٌ۔ عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاحَ یَطِیْحُ طَیْحًا۔ بمعنی طَاحَ یَطُوْحُ طَوْحًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَیَّحَهٗ۔ ہلاک کرنا ___ الشَّیْءَ : ضائع کرنا۔

اَطَاحَهٗ۔ ہلاک کرنا۔

تَطَایَحَ۔ الشَّیْءُ : بکھرنا۔

الطَّیْحَة۔ تباہی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمْ طَیْحَةٌ" یعنی ایسے اُمور پیش آئے جس نے تفریق کرا دی۔ "و طَوَّحَتْهُم طَیْحَات" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاخَ یَطِیْخُ طَیْخًا۔ برے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔ ___ الاَمْرُ : کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهٗ و طَیَّخَهٗ۔ قبیح بات میں آلودہ کرنا۔ طَیَّخَ اَصْحَابَهٗ : گالی دینا۔

تَطَیَّخَ۔ برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّیْخَة۔ فتنہ (___ و الطَّائِخ و الطَّیَّاخ) بے برکت۔ بیوقوف۔

طَارَ یَطِیْرُ طَیْرًا و طَیَرَانًا و طَیْرُوْرَةً الطَّائِرُ : پرندہ کا اُڑنا ___ صِیْتُهٗ : مشہور ہونا۔ ___ الشَّعْرُ : بال لمبے ہونا ___ بِکَذَا : سابق ہونا۔ ___ اِلٰی کَذَا : دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهٗ" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آ کر جلد بازی کرنا۔

طَیَّرَہٗ و طَیَّرَبِہٖ واَطَارَہٗ اِطَارَۃً و طَایَرَہٗ مُطَایَرَۃً۔ اُڑانا۔ اَطَارَ و طَیَّرَ المَال تقسیم کرنا۔ طَیَّرَ نَوْمَہٗ: نیند اُڑادینا۔

اِطَّیَّرَ و تَطَیَّرَ۔ بِالشَّیْءِ و مِنْہُ: بدفالی لینا۔

تَطَایَرَ۔ متفرق ہونا ـــــ الشَّیْءَ: لمبا ہونا۔ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

اِنْطَارَ۔ الشَّیْءُ: پھٹنا۔

اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَۃً الشَّیْءَ: متفرق ہونا۔ منتشر ہونا ـــــ الحَائِطُ: دیوار کا پھٹنا ـــــ السَّیْفَ: جلدی سے سونتنا۔ الطَّیْرَ: پرندے کو اُڑانا۔

اُسْتُطِیْرَ۔ خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لے جایا جانا ـــــ الصَّدْعُ فِی الحَائِطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِرُ۔ فا۔ پرندہ ج طَیْر اور طُیُوْر و اَطْیَار جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں۔ نصیب۔ روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔ "سِرْ عَلَی الطَّائِرِ المَیْمُوْنِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کیلئے دعا ہے) "ھُوَ سَاکِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلدبازی کرے۔

الطَّیْرُ۔ جمع طائر۔ اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُ اللّٰہِ" جیسا لَا اَمْرَ اِلَّا اَمْرُ اللّٰہِ۔ اور طَیْرُ اللّٰہِ لَا طَیْرُكَ جیسا صَبَاحُ اللّٰہِ لَا صَبَاحُكَ اور کہا جاتا ہے "کَأَنَّ عَلٰی رُؤُوْسِھِمُ الطَّیْرَ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اسکی یہ ہے کہ کوّا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوّا اُڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "واُزْجُرْ اَحْنَاءَ طَیْرِكَ" دور کر اپنی خفت و غصہ کو۔

الطِّیَرَۃُ الطِّیْرَۃ۔ بدشگون جس سے لیا جائے۔

الطَّیْرَۃُ و الطَّیْرُوْرَۃ۔ طیش۔ ہلکاپن۔ اوچھاپن۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاكَ و طَیْرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَیْرُ۔ طَیْر کی تصغیر۔

الطَّیَّار۔ منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکہ تولنے کی ترازو۔

الطَّیَّار و المُطَار۔ مِنَ الخَیْلِ: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

اَرْضٌ مُطَارٌ۔ کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّیَّارَۃ۔ مؤنث طَیَّار۔ ہوائی جہاز۔

المَطَار۔ اُڑنے کی جگہ۔

المُطَیَّر۔ مفعو۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِیْر۔ فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِیْرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ یَطِیْسُ طَیْسًا الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔

الطَّیْس۔ عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔

طَاشَ یَطِیْشُ طَیْشًا۔ اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا ـــــ السَّھْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش۔

اَطَاشَ اِطَاشَۃً۔ السَّھْمَ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرادینا۔

الطَّیَّاش۔ بمعنی طَائِشٌ۔ جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّیْشَان۔ ہلکی۔ اوچھاپن۔

طَاعَ یَطِیْعُ طَیْعًا۔ بمعنی طَاعَ یَطُوْعُ طَوْعًا۔

طَافَ یَطِیْفُ طَیْفًا و مَطَافًا الخَیَالُ: خواب میں خیال آنا۔

طَیَّفَ تَطْیِیْفًا و اَطَافَ اِطَافَۃً و تَطَیَّفَ تَطَیُّفًا۔ بہت پھرنا۔

الطَّیْف۔ خیال جو خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔

الطِّیَاف۔ رات کی تاریکی۔

طَامَ یَطِیْمُ طَیْمًا۔ نیکوکار ہونا ـــــ اللّٰہُ فُلَانًا عَلَی الخَیْرِ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّیْمَاء۔ جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ یَطِیْنُ طَیْنًا و طَیَّنَ الحَائِطَ: دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الکِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔ طَانَہُ اللّٰہُ عَلَی الخَیْرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔

تَطَیَّنَ۔ گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔

الطِّیْن و الطِّیْنَۃ۔ گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّیْنَۃ: گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَابِسُ الطِّیْنَۃِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے "لَہٗ طِیْنَۃٌ طَیِّبَۃٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔

مَکَانٌ طَانٌ۔ بہت گارے کی جگہ۔

الطِّیَانَۃ۔ گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّیَّان۔ گارا بنانے والا۔

ظَأَبَ(ن)ظأبًا۔ نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا
ـــــ التَّيْسُ :بکری کا ممیانا۔

ظَاءَبَهٗ مُظَاءَبَةً۔ سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔

تَظَاءَبَا۔ ہم زلف ہونا۔

الظَّأْب۔ مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوب و اَظْؤُب۔

ظَأَرَ(ف)ظَأْرًا و ظِئَارًا و اَظْأَرَ اِظْآرًا و ظَاءَرَ مُظَاءَرَةً۔ النَّاقَةَ و الْمَرْأَةَ عَلٰى وَلَدِ غَيْرِهَا۔ مہربان کرانا۔ فَظَأَرت و اِظَّأَرت۔ مہربان ہونا۔ اور صفت "ظَؤُوْر و ظَؤُوْرَة ج اَظْآر و ظُؤَار۔

ظَائَرَهٗ اِلٰى كَذَا : مہربان کرانا۔ ظَأَرَ عَلٰى عَدُوِّهٖ : حملہ کرنا۔ ظَأَرَهٗ و ظَاوَرَهٗ و اَظْأَرَهٗ عَلٰى كَذَا : مہربان کرنا۔ ظَاءَرَهٗ عَلَى الْاَمْرِ : طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَاءَرَ الرَّجُلُ :دایہ بنانا۔

ظَاءَرَتِ الْمَرْأَةُ :دایہ گری کرنا۔

اِظَّأَرَ لِوَلَدِهٖ ظِئْرًا :لڑکے کے لیے دایہ مقرر کرنا۔

الظِّئْر۔ غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْؤُر و اَظْآر و ظُؤُور و ظُؤُورَة و ظُؤَار۔ ظِئْرُ الْقَصْرِ :ستون۔

الظِّئْرَة۔ تھونی۔ کھمبا۔

الظُّؤُورَة۔ دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَاءَمَهٗ مُظَاءَمَةً و تَظَاءَمَا تَظَاؤُمًا۔ ہم زلف بننا۔

الظَّأْم۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔

الظُّبَة۔ تلوار وغیرہ کی دھار۔ ج ظُبَات و ظُبًى و ظُبُوْن و ظِبُوْن و اَظْب۔

اَظْبَى الْمَكَانُ :بہت ہرنیوں والی ہونا۔

الظَّبْيُ۔ ہرن نر یا مادہ ج ظِبَاءٌ و اَظْبٍ و ظُبِيٌّ و ظَبَيَات۔

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهٖ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اسلئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَيْتَهُمْ فَارْبِضْ فِيْ دَارِهِمْ ظَبْيًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔

الظَّبْيَة۔ ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاء و ظَبْيَات۔ الظَّبْيَة وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔

اَرْضٌ مَظْبَاة۔ بہت ہرن والی سرزمین۔

ظَرَّ (ن) مَظَرَّةً۔ دھار دار پتھر توڑنا۔ النَّاقَةَ : اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَرَّ۔ دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا۔

ـــــ الْمَكَانُ : بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔

الظِّرّ و الظُّرَر و الظُّرَرَة۔ پتھر۔ دھار دار پتھر ج ظُرَّان و ظِرَّان و ظِرَار و اَظِرَّة۔

الظُّرَّان۔ چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیاسلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ "والطور الظرّى والظرّانى" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

اَرْضٌ ظَرِيْرٌ و مَظَرَّة۔ بہت چقماق والی سرزمین۔ الظَّرِيْر : رہنمائی کا نشان۔ ج ظِرَارٌ و اَظِرَّة و ظِرَّان۔

الْمِظَرَّة۔ چقماق۔ ج مَظَارّ۔

ظَرِبَ(س)ظَرَبًا۔ بِكَذَا :چپکنا۔

الظَّرِب۔ اُبھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ ج ظِرَاب و اَظْرُب۔

الظُّرُبُّ مِنَ الرِّجَالِ :چھوٹے قد کا موٹا۔

الظَّرِبَان و الظَّرِبَّاء۔ بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور ج ظَرَابِيّ و ظَرَابِيْن۔ کہا جاتا ہے "فَسَا بَيْنَهُمُ الظَّرِبَانُ" یعنی ان میں نااتفاقی ہو گئی۔

الظِّرْبِي و الظِّرْبَاء۔ ظَرِبَان کا اسم جمع۔

الْاَظْرُب۔ نواجذ کے پیچھے کے چار دانت

اَظْرَابُ اللِّجَامِ :لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا و ظَرَافَةً۔ خوش شکل چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظریف۔ ج ظُرَفَاء و ظِرَاف و ظُرُفٌ و ظُرُوْفٌ و ظَرِيْفُوْنَ مؤنث ظَرِيْفَة ج ظَرِيْفَات و ظَرَائِف۔ ظَرَفَهٗ ظَرِيْفٌ تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِيْ فَظَرَفْتُهٗ۔"

اَظْرَفَ۔ ظریف اولاد پیدا ہونا ـــــ الْمَتَاعَ :برتن بنانا۔

تَظَرَّفَ و تَظَارَفَ۔ ظرف بننا۔

اِسْتَظْرَفَ۔ ظریف طلب کرنا ـــــ ہٗ : ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَّرْف دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جَوْدُ الْمُهْدٰى بِالظَّرْفِ" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام شکیرہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

الظَّرْف : ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ"

اور کہا جاتا ہے "ھو نقی الظرف" یعنی وہ امین ہے "رَاَیْتُهٗ بِظَرْفِهٖ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظُرَاف و الظُرَّاف۔ ظریف ج ظُرَفَاء و ظُرَّافُوْن۔

المَظْرُوْف۔ مفعو۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَسَائِلِ مَظْرُوْفَةً۔"

ظَرَیٰ (ض) ظَرْیًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِیَ (س) ظَرًی۔ الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَیٰ اِظْرِیْرَاءً۔ پیٹ پھولنا۔

الظَارِی۔ فا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظَرَوْرَیٰ۔ زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا و ظَعَنًا و ظُعُوْنًا و مَظْعَنًا۔ کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِیَارِھِم" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

اَظْعَنَ۔ کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ۔ الھَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔

الظِعَان و الظَعُوْن و الظِعَام۔ ہودہ باندھنے کی رسّی۔

الظَعُوْن و الظَعُوْنَة۔ بار بردار اُونٹ۔ ہودہ اُٹھانے والا اُونٹ ج ظُعُن۔

الظَعِیْنَة۔ ہودہ ج ظَعَائِن و ظُعْن و ظُعُن جج اَظْعَان و ظُعُنَات۔ بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "ھٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُه" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَان۔ مِنَ الخیل و النوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اُونٹنی۔

ظَفَرَهٗ (ض) ظَفْرًا۔ چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَرًا و اِظَّفَرَ المَطْلُوْبَ و بِهٖ و عَلَیْهِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَیْنُهٗ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَةٌ اور شخص کی مَظْفُوْر۔

ظَفَّرَهٗ۔ کامیابی کی دُعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّیْئَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا ____ الثَوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا ____ الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهٗ و اَظْفَرَهٗ بِعَدُوِّهٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ اَظْفَرَ فُلَانًا: مُنہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظِفْر و الظُفْر و الظُفُر۔ ناخن ج اَظْفَار جج اَظَافِیْر۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِیَ فِیْ الدَارِ ظُفُر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا" و رَأَیْتُهٗ بِظُفُرِهٖ" یعنی میں نے اس کو دیکھا و "قَلَّمَ اَظْفَارَهٗ عَنْ اَذَی النَاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا" و کَسَّرَ اَظْفَارَهٗ فِیْ فُلَانٍ" یعنی غیبت کی۔ "ظُفْرُ القِطِ و ظُفْرُ النَسْرِ و ظُفْرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظُفْرُ و الظَفْرة۔ ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری)

الظَفَرة۔ ظافر کی جمع ہے۔

الظَفِر و الظَفِیْر و الظِفِّیْر۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔

الاَظْفَر۔ لمبے چوڑے ناخن والا۔

الاَظْفَار۔ ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثَوْب: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَار: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر و المِظْفَار۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا و ظُلُوْلًا۔ یَفْعَلُ کَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْت و ظَلْتُ و ظِلْت"

ظَلَّ ظَلَالَةً۔ الیَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ____ الشَّیْئُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَهٗ۔ سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَوْطِ: دھمکانے کے لیے حرکت دینا۔

اَظَلَّ۔ الیَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ____ ہ سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔

اَظَلَّكَ الشھر یعنی مہینہ آگیا۔

تَظَلَّلَ۔ بِالشَجَرَةِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا ____ مِنَ الشَّیْئِ: سایہ لینا ____ الکَرْمُ: انگور کی شاخ کا گتھ جانا ____ العیون: چشمے کے پانی کا نیچے اُتر جانا ____ الشَمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِلّ۔ سایہ ج ظِلَال و اَظْلَال و ظُلُوْل۔ عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَیْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی ____ مِنَ القَیْظِ: گرمی کی شدت ____ مِنَ الثَوْبِ: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَبَابِ او الشِتَاءِ: جوانی یا جاڑے کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عِنْدِیْ ظِلَّ النَهَار" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لیے کہ ظل کا بقا و زوال شئے کے زوال و بقا پر موقوف ہے۔" و ھُوَ فِیْ ظِلِّهٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے۔" و مَشَیْتُ عَلٰی ظِلِّیْ او انْتَعَلْتُ ظِلِّی" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لیے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "کَانَ ذٰلِكَ الیَوم اَطْوَلُ مِنَ ظِلِّ القَنَاةِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ یُبَارِی ظِلَّ رَاسِهٖ" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلَاعِبُ ظِلِّهٖ او خَاطِف ظِلِّهٖ ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَلَلَ۔ درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظَلَّة۔ اسم مرۃ۔ اقامت۔

الظُلَّة۔ تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس کی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَل و ظِلَال۔

الظَلَال و الظِلَال و الظِلَّة و الظِلَالَة۔ ہر سایہ دار۔ ظِلَالُ البَحْرِ: سمندر کی موجیں۔

الظَلِیْل۔ سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَلِیْلَة۔ مؤنث ظَلِیْل۔ زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّة و المَظَلَّة۔ جس سے سایہ لیا جائے۔ بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظَالٌّ۔ عِید المظال: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

یَوْمٌ مُظِلٌّ۔ سائے والا دن۔

ظَلْظَل۔ کشتیاں۔

ظَلَعَ (ف) ظَلْعًا۔ البَعِیْرُ: اُونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ۔ ظَلَعَتْ بِهِمُ الاَرْضُ: زمین تنگ ہونا۔

الظَّلْع۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رُک جاؤ۔ "لَا یَرْبَعُ عَلٰی ظَلْعِکَ مَنْ لَیْسَ یَحْزُنُهٗ اَمْرُکَ" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "اِرْقَأْ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کر یا اتنی ہی تکلیف اُٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی و عاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لیے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَّلَعُ۔ لنگڑاپن۔

الظَّالِع۔ فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) اور مؤنث کے لیے ظَالِعَة بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع۔

الظُّلَّاع۔ جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہ ہو۔

ظَلَفَهٗ (ن) ظَلْفًا۔ کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔

ظَلَفَ (ن ض) ظَلْفًا۔ القَوْمَ: قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَّفَ و ظَالَفَ مُظَالَفَةً اَلْاَثَرَ: قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الاَرْضُ: سخت ہونا ___ مَعِیْشَةُ فُلَانٍ: تکلیف دہ ہونا ___ نَفْسُهٗ رُک جانا۔

ظُلِفَ الرَّجُلُ: سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَهٗ عَنْ کَذَا: دُور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلٰی کَذَا زیادہ کرنا۔

اَظْلَفَهٗ۔ دُور کرنا۔

اِظَّلَفَ و تَظَلَّفَ۔ سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

الظِّلْف۔ پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوْف و اَظْلَاف۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا عَلٰی ظِلْفِهٖ" یعنی اس کے نشان قدم پر آئے۔ الظِّلْف: حاجت و تنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظَّلْف۔ باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه ظَلْفًا و ظَلَفًا و ظَلِيفًا۔ یعنی اس کا خون بیکار گیا۔

الظَّلَف و الظَّلِف۔ پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ: اوصافِ ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلْفَة و ظَلِفَةٌ و ظَلَفَةٌ۔ سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِیْف۔ بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُف ظُلُف۔

رَجُلٌ ظَلِیْفُ النَّفْسِ: اخلاقِ رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِظَلَفِهٖ و بِظَلِيفِهٖ و بِظَلَفَتِهٖ و بِظَلِيفَتِهٖ۔ یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلْفَاء۔ ہموار لمبا پتھر۔

الاُظْلُوْفَة۔ تیز پتھروالی زمین ج اَظَالِیْف۔

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا و ظَلْمًا و مَظْلِمَةً۔ بے موقع رکھنا ___ ہ: ظلم کرنا ___ ہٗ حَقَّهٗ: گھٹانا ___ الاَرْضَ: بے موقع کھودنا ___ الطَّرِیْقَ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَلَمَکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِیْرَ: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلْمًا و اَظْلَمَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَظْلَمَ اللّٰهُ اللَّیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔ اَظْلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَهٗ۔ ظلم کی طرف نسبت کرنا ___ ہ الحَاکِمُ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلَانٌ اِلَی الحَاکِمِ مِنْ فُلَانٍ فَظَلَّمَهٗ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دُور کر دی۔

تَظَلَّمَ مِنْهُ: ظلم کی شکایت کرنا ___ هٗ حَقَّهٗ۔ گھٹا دینا ___ الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُه فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ و اِنْظَلَمَ۔ ظلم برداشت کرنا۔

الظَّلْم۔ برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوْم۔

الظَّلْم۔ بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظَّلْم: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوْم۔

لَیْلٌ ظَلِمٌ: بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَة و الظُّلُمَة۔ تاریکی ج ظُلَم و ظُلْمَات و ظُلُمَات و ظُلَمَات۔

الظُّلَم۔ قمری مہینے کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں راتیں۔

الظُّلَامَة و المَظْلِمَة۔ ظلم جو تم اُٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج مَظَالِم۔

الظَّالِم۔ فا۔ ج ظَالِمُوْن و ظَلَمَة و ظُلَّام۔

الظَّلَام و الظَّلْمَاء۔ تاریکی۔ ابتدائی رات۔

لَیْلَة ظَلْمَاء: بہت تاریک رات۔ اور لَیْلٌ ظَلْمَاء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

الظِّلَام۔ ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَیَّ ظِلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔

الظَّلَّام و الظَّلِیْم و الظَّلُوْم۔ بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَّلِیْم۔ مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمَان و ظُلْمَان و اَظْلِمَة۔

الظَّلِیْمَة۔ جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مُظْلَام۔ دشوار و مشکل کام۔

ظَمِئَ (س) ظَمَأً و ظَمْأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً سخت پیاسا ہونا ___ اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِئٌ و ظَامِئٌ و ظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِئَة و ظَامِئَةٌ و ظَمْآی و ظَمْآنَةٌ۔ ج ظِمَاء مذکر و مؤنث دونوں کے لیے۔

ظَمَّأَهٗ و اَظْمَأَهٗ۔ پیاسا کرنا۔ دُبلا کرنا۔

تَظَمَّأَ۔ پیاس پر صبر کرنا۔
الظِمْءُ۔ پیاس۔ ج اَظْمَاء۔
الظَمَاو الظَمَاء۔ پیاس۔
المِظْمَاء۔ سخت پیاس والا۔
المَظْمَأ۔ پیاس لگانے والی جگہ۔
ظَمِيَ يَظْمِي ظَمًى۔ گندم گوں ہونا۔ صفت اَظْمٰی۔ مؤنث ظَمْيَاء ج ظُمْي۔ شَفَةٌ ظَمْيَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَيْنٌ ظَمْيَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَةٌ ظَمْيَاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ سَاقٌ ظَمْيَاء: کم گوشت والی پنڈلی۔
اَظَمْيَاءُ۔ سیاہ اونٹنی۔
المُظْمٰی۔ وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔
ظَنَّ (ن) ظَنًّا۔ جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوْا اَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف۔ اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَيْدًا صَاحِبَكَ۔"
ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ و اظَّنَّهُ و اظْطَنَّهُ بِكَذَا۔ تہمت لگانا۔ اَظَنَّهُ الشَّيْءَ: وہم میں ڈالنا۔
اَظَنَّ فِيْهِ النَّاسَ: تہمت کیلئے پیش کرنا۔
تَظَنَّنَ و تَظَنّٰی۔ گمان کرنا۔
الظَّنُّ۔ گمان۔ اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُوْن جج اَظَانِيْن (خلافِ قیاس)
الظِنَّة۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن و ظَنَائِن۔
الظَّنَانَة۔ تہمت۔
الظَّنَّان و الظَّنُوْن۔ بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ رَجُلٌ ظَنُوْن: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔
الظَنِيْن۔ متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنَّاء۔

الاَظَنُّ۔ خیال رکھے جانے کے لائق۔
نَفْسٌ ظَنَّاء: نفس متہم۔
مَظَنَّةُ الشَّيْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَظَنَّةُ الخَيْرِ و فِيْ المَسْأَلَةِ مَظَنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ۔
الظُّنْبُوْب۔ قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِيْب۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا۔ "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَه و سَاقَه" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔
ظَهَرَ (ف) ظُهُوْرًا۔ ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔ ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِعِلْمِهٖ: فخر کرنا ____ الشَّيْءَ و بِهٖ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا ____ الثَّوْبَ: ابرہ بنانا (____ ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ: مکان پر چڑھنا ____ عَلَيْهِ: اعانت کرنا ____ بِفُلَانٍ و عَلَيْهِ: غالب ہونا ____ عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع ہونا ____ فُلَانٌ بِحَاجَتِيْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔
ظَهُرَ (ن) ظَهَارَةً۔ مضبوط پیٹھ والا ہونا۔
ظَهِرَ (س) ظَهَرًا۔ پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِرٌ۔
اَظْهَرَ۔ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا ____ الكِتَابَ: ازبر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلٰى عَدُوِّهٖ۔ دشمن پر غالب کرانا ____ هُ عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا ____ بِهٖ: مرتبہ بڑھانا (____ و ظَهَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔
ظَهَّرَ و اظَّهَرَ حَاجَتِيْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔
ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً و ظِهَارًا۔ مدد کرنا ظَاهَرَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔ تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا ____ بِالشَّيْءِ: ظاہر کرنا ____ القَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِسْتَظْهَرَ۔ احتیاط کرنا ____ الشَّيْءَ: بچانے کیلئے پیٹھ پیچھے کرنا ____ بِهٖ: مدد طلب کرنا ____ لَهُ: تیاری کرنا ____ عَلَيْهِ: چڑھنا غالب ہونا ____ الدَّرْسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَّهْر۔ پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظْهُر و ظُهُوْر و ظُهْرَان۔ الظَّهْر: بار برداری کا اونٹ۔ مالِ کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِيْ طَرِيْقِ الظَّهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ قِدْرٌ ظَهْرٌ: پرانی ہانڈی۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ عَلٰى ظَهْرِ قَلْبِهٖ او عَلٰى ظَهْرِ لِسَانِهٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے ازبر پڑھا" و اَعْطَاهُ عَنْ ظَهْرِ يَدٍ" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔ "و هُوَ نَازِلٌ بَيْنَ ظَهْرَيْهِمْ و ظَهْرَانَيْهِمْ و بَيْنَ اظهرهم" وہ ان کے درمیان نازل ہوا۔ "رأيته بين ظَهْرَانَي اللَّيْلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔ "قَلَّبَ لَهُ ظَهْرَ المِجَنِّ" یعنی وہ اس کیلئے بدل گیا اور دشمنی کی "قَلَّبَ الاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔ "قَتَلَهُ ظَهْرًا" اس نے اچانک مار ڈالا۔ "هُوَ يَأْكُلُ عَلٰى ظَهْرِ يَدَيَّ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔ "لَا تَجْعَلْ حَاجَتِيْ بِظَهْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔
الظِهْرِيّ۔ اونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ج ظَهَارِيّ۔
الظُّهْر۔ دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظْهَار۔
الظِهْرَة۔ مدد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِيْ ظِهْرَتَه" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔
الظِهْرَة و الظُهْرَة۔ مددگار۔ الظُّهْرَة: کچھوا۔
الظَّهَرَة۔ گھر کا سامان' کہا جاتا ہے ____ "جَاءَنَا بِظِهْرَتِهٖ و بِظُهْرَتِهٖ و بِظَهَرَتِهٖ" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔
الظَّهِيْر۔ مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔
الظَّهِيْرَة۔ مؤنث ظَهِيْر' دن کے آدھے ہونے کی حد۔ ج ظَهَائِر۔
الظُّهَار۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔
الظِّهَارَة۔ کپڑے کا ابرا۔
الظَّاهِر۔ فا۔ باطن کا ضد۔ ظَاهِرُ البَلَدِ بیرونِ

شہر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ ظَاهِرًا" یعنی حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔
الظَّاهِرَة۔ مؤنث ظاہر ـــــــ مِنَ العُيُوْنِ : ابھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَات و ظَوَاهِر۔
ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ : کنبہ، قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الْجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی الظَّوَاهِر : بلند زمینیں۔
المَظْهَر۔ جائے ظہور۔
المُظْهِر۔ فا۔ سواری والا۔

المُظَهَّر۔ قوی پیٹھ والا۔
الظَّوْءَة۔ بیوقوف۔
ظَافَهُ يَظُوْفُهُ و يَظَافُهُ ظَوْفًا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
ظَوْف۔ الرَّقَبَةِ و ظَافُهَا۔ گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِظَوْفِ رَقَبَتِهِ اَوْ بِظَافِهَا" یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔
اَظْوَى۔ بیوقوف۔

الظِّيَة۔ مردار جب سڑنا شروع ہو۔
الظَّيّ و الظَّيَّان۔ شہد۔ الظَّيَّان : جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔
المَظْيَاة و المَظْوَاة مِنَ الاَرَاضِى : جنگلی چنبیلی والی زمین۔
ظَيَّأَهُ تَظْيِئًا۔ غمگین کرنا۔
الظَّيْأَة۔ بیوقوف۔

عَبَّ (ن) عَبًّا۔ تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا ___ الْمَاءَ : جانوروں کی طرح مُنہ لگا کر پانی پینا۔ عَبَّتِ الدَّلْوُ : ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (___ عُبَابًا) الْبَحْرُ : موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔

تَعَبَّبَ النَّبِيذَ : ڈگڈگا کے پینا۔

الْأَعَبُّ۔ فقیر۔ سخت ناک والا۔

الْعَبُّ۔ مہ۔ اولے۔ عَبُّ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی۔

الْعُبُّ۔ آستین کا سرا۔ ج عُبَاب۔

الْعُبَبُ۔ اُچھلنے والے پانی۔

الْعَبَابُ۔ مُنہ لگا کر پانی پینا۔

الْعُبَابُ۔ سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ الْبَحْرِ موج۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُا بِعُبَابِهِمْ" سب آئے۔

الْعُبِّيَّةُ و الْعِبِّيَّةُ۔ نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔

الْيَعْبُوبُ۔ تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار لمبا گھوڑا۔ بادل ج يَعَابِيب۔

عَبَأَ (ف) عَبْأً و عَبَّأَ تَعْبِئَةً و تَعْبِيئًا الْمَتَاعَ : سامان کرنا ___ الْجَيْشَ لِلْحُرُوبِ : لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ إِلَى فُلَانٍ وَلَهُ : قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا أَعْبَأُ بِهِ" مجھے اس کی پروا نہیں۔

إِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهُ : سب کچھ لے لینا۔

الْعِبْءُ۔ بوجھ۔ بوری۔ گٹھری۔ ج أَعْبَاء (___ و الْعَبُ) مثل۔ نظیر ج أَعْبَاء۔

الْعَبَاءُ۔ جبہ۔ ج أَعْبِئَة۔

الْعَبَاءَةُ۔ جبہ۔

الْمَعْبَأُ۔ راستہ۔

الْمِعْبَأُ۔ حیض والی عورت کا چیتھڑا۔

عَبَتَ (ن) عَبْتًا يَدَهُ : ہاتھ موڑنا۔

عَبَثَ (ن) عَبْثًا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا۔

عَبِثَ (س) عَبَثًا۔ کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا ___ بِالدِّينِ : حقارت کرنا۔ صفت عَابِث و عَبِيث۔

عَبِيثَةُ النَّاسِ : مختلف قسم کے لوگ۔

الْعَبَثُ۔ بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔

الْعَبِيثُ۔ ایک قسم کا پھول۔

الْعَبَوْثُرَان و الْعَبَيْثُرَان۔ ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔

عَبَدَ (ن) عِبَادَةً و عُبُودَةً و عُبُودِيَّةً و مَعْبَدًا و مَعْبَدَةً۔ اللّٰهَ : ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَكَ عَنِّي" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔

عَبُدَ (ک) عُبُودَةً و عُبُودِيَّةً۔ باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ (س) عَبَدًا و عَبَدَةً عَلَى فُلَانٍ : غضبناک ہونا ___ مِنْهُ : ناک چڑھانا۔ ___ مَا قَالَهُ : انکار کرنا ___ عَلَى نَفْسِهِ : ملامت کرنا ___ الرَّجُلُ : نادم و پشیمان ہونا ___ هُ : لازم ہونا۔ جدا ہونا ___ عَلَى الشَّيْءِ : حریص ہونا۔ صفت عَابِد و عَبِدٌ۔

عَبَّدَهُ۔ فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطَّرِيقَ : راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پامال کرنا۔ ___ الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔ بھاگنا ___ الْبَعِيرَ : قطران ملنا (دیکھئے الْقَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ يَعْدُو" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "مَا عَبَّدَ أَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

أَعْبَدَهُ الْغُلَامَ : غلام کا مالک بنانا۔ أَعْبَدَ الْغُلَامَ : غلام بنانا ___ الْقَوْمُ : جمع ہونا۔

تَعَبَّدَ عبادت کے لیے علیحدہ ہونا ___ هُ : اطاعت کیلئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔

تَعَبَّدَ الْقَوْمُ : متفرق ہونا۔

إِسْتَعْبَدَهُ و اِعْتَبَدَهُ۔ غلام بنانا۔

الْعَبْدُ۔ آدمی۔ غلام۔ ج عَبِيد و عِبَاد و عَبَدَة و عَبْدُون و أَعْبُد و عُبْدَان و عِبْدَان و عِبِدَّان و أَعْبَاد و مَعْبَدَة و عِبِدَّاء و عِبِدَّى و عُبُدٌ و مَعْبُودَاءُ جج أَعَابِد و مَعَابِد و أَعْبِدَة

عَبْدٌ قِنٌّ و عَبْدُ قِنٍّ : خاندانی غلام۔

الْعَبْدِيَّةُ و الْعُبُودَةُ و الْعُبُودِيَّةُ و التَّعْبِدَةُ۔ فرمانبرداری۔ غلامی۔ دَرَاهِمُ عَبْدِيَّةٌ : پرانے دراہم۔

الْعِبَادُ۔ عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔ نسبت کے لیے عِبَادِيّ۔

الْعَبَادِيدُ و الْعَبَابِيدُ۔ لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دُور کے راستے۔ (ان کا واحد نہیں)

الْعَابِدُ۔ فا۔ خادم۔ ج عَبَدَة۔ عُبَّاد۔ عَابِدُون مؤنث عَابِدَة ج عَابِدَات و عَوَابِد۔

الْعَبَدَةُ۔ قوت۔ بقاء۔ موٹاپا۔ زندگانی۔ خوشبو پیسنے کا پتھر۔ خودداری۔

الْمَعْبَدُ۔ عبادت گاہ۔ ج مَعَابِد۔

الْمُتَعَبَّدُ۔ عبادت گاہ۔

الْمِعْبَدُ۔ کسی پھاوڑا۔ ج مَعَابِد۔

الْمُعَبَّدُ۔ مفع۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ میخ۔ کوٹنی۔ قطران ملا ہوا اونٹ بَعِيرٌ مُعَبَّدٌ : اونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث مُعَبَّدَة۔ الْمُعَبَّدَةُ : قار ملی ہوئی کشتی۔

عَبَرَ (ن) عَبْرًا۔ غمگین ہونا اور آنسو بہانا ___ الْعَيْنُ : آنکھ کا ڈبڈبا آنا ___ الْكِتَابَ چپکے چپکے غور کرنا ___ الدَّرَاهِمَ :

کیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا (____ عَبْرًا و عُبُوْرًا) السَّبِیْلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گزرنا ____ النَّهْرَ والوَادِي: پار کرنا عَبَرَ بِهِ الْمَاءَ: گزر جانا (____ عَبْرًا و عِبَارَةً) الرُّؤْيَا خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عَبِرَ (س) عَبَرًا۔ آنسو بہانا۔ صفت مذکر و مؤنث عَابِر۔ عبرت حاصل کرنا۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَعْبُرُ الدُّنْيَا وَلَا يَعْبُرُهَا" اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دُنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کئے جلدی مرتے نہیں۔

عَبَّرَ۔ الرُّؤْيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا ____ عَمَّا فِي نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کرنا ____ عَنْ كَذَا بولنا ____ عَبَّرَهُ بِالْمَاءِ: پار کرانا ____ الدَّرَاهِمَ دراہم کی کیت و کیفیت دیکھنا ____ بِهٖ: ہلاک کرنا ____ بِهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِعْتَبَرَ الشَّيْئَ: آزمانا۔ غور کرنا ____ مِنْهُ تعجب کرنا ____ بِهٖ: نصیحت حاصل کرنا۔ الرَّجُلَ: اعتبار کرنا۔

اِسْتَعْبَرَ۔ آنسو بہانا۔ غمگین ہونا ____ الدَّرَاهِمَ: کیت و کیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَهُ الرُّؤْيَا اَوِ الدَّرَاهِمَ: تعبیر بیان کرانا۔ دراہم کی کیفیت و کیت پوچھنا ____ الْعَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔

العَابِر۔ فا۔ گزرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا۔ ج عَابِرُوْن و عُبَّار و عَبَرَة مؤنث عَابِرَةٌ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَابِرَ سَبِيْلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّار۔ مبالغہ عابر۔ خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اُونٹ۔

العَبْر والعِبْر۔ مِنَ الْوَادِي: کونہ۔ کنارہ۔ مجلس۔ عَبْر و عِبْر: بہت آدمیوں والی مجلس۔ بَنَاتُ عِبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ اَبُوْ بَنَاتِ عِبْرٍ: جھوٹا۔

العُبْر۔ ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (____ والعَبَر) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔

العَبْرُ والعِبْرُ والعُبْرُ۔ قوی مضبوط۔ (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِبْرٌ لِكُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جِمَالٌ عِبْرُ اَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اُونٹ۔

العَبْرَة۔ عبر کا اسم مرة۔ آنسو ج عِبَر و عَبَرَات۔ غم۔

العِبْرَة۔ نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔

العِبَارَة۔ اسم ہے عَبَّرَ کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الْعِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے۔ "هٰذَا عِبَارَةٌ عَنْ كَذَا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

العَبِر مؤنث عَبِرَة۔ العَبْرَان۔ مؤنث عَبْرٰى ج عَبَارٰى۔ آنسو بہانے والا۔ غمگین۔

العِبْرِيّ والعِبْرَانِيّ۔ یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔

العِبْرَانِيَّة۔ یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔

العَبِيْر۔ ایک مرکب خوشبو کا نام۔ سَهْمٌ عَبِيْرٌ: بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عَبِيْرٌ: بہت لوگ۔

المَعْبَر۔ گزرگاہ۔ گھاٹ۔

المِعْبَر والمِعْبَرَة۔ دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔

المُعْبَر۔ بہت بالوں یا پروں والا۔ غُلَامٌ مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔

العَبُوْر۔ بکری کا بچہ ج عَبَائِر۔ غیر مختون ج عُبْر۔

العَوْبَر۔ چیتے کا بچہ۔ تیندوے کا بچہ۔

عَبَسَ (ض) عَبْسًا و عُبُوْسًا ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ چیں بجبیں ہونا (____ و عَبَّسَ) الْوَجْهُ ترش رو ہونا۔ عَبَّسَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔

عَبِسَ (س) عَبَسًا البَعِيْرُ: اُونٹ کی دُم پر مینگنی کا خشک ہونا ____ الْوَسَخُ فِي يَدِهٖ وَعَلَيْهَا۔ میل خشک ہونا۔

اَعْبَسَ الرَّجُلُ: میلا ہونا ____ الْاِبِلُ: دُم پر خشک مینگنی والا ہونا ____ الثَّوْبُ: میل خشک ہونا۔

تَعَبَّسَ۔ ترش رو ہونا۔

العَبَس۔ مص۔ اُونٹ کی دم پر خشک مینگنی۔

العَبُوْس والعَبَّاس۔ بہت ترش رو۔ شیر۔ يَوْمٌ عَبُوْسٌ: سخت دن۔

عَبَشَ (ن) عَبْشًا۔ الشَّيْئَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔

العَبْش۔ درستی۔ صلاح (____ و العَبَش والعُبْشَة) عبادت۔ کند ذہنی۔

العَبْشَة والعَبَشَة۔ غفلت۔

عَبَطَ (ض) عَبْطًا۔ الذَّبِيْحَةَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا ____ الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا ____ التُّرَابَ: مٹی اُڑانا ____ الرَّجُلَ: غیبت کرنا ____ الدَّوَاهِي فُلَانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت پہنچنا ____ الْكِذْبَ: بلا کسی عذر کے جھوٹ گھڑنا ____ عِرْضَهٗ: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَطَتِ الرِّيْحُ وَجْهَ الْاَرْضِ: سطح زمین کا صاف کر دینا ____ الشَّيْئُ: پھٹ جانا۔

اَعْبَطَهُ الْمَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔

اِعْتَبَطَ۔ الذَّبِيْحَةَ: موٹا تازہ ذبح کرنا ____ هُ الْمَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا ____ الرَّجُلَ: ظلماً قتل کرنا ____ الْعِرْضَ: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا ____ الرَّجُلُ: بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔

العَبْط۔ سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مَاتَ عَبْطَةً یعنی صحیح تندرست جوان مر گیا۔

العَبِيْط۔ تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور۔ ج عُبُط و عِبَاط۔ اَدِيْمٌ عَبِيْطٌ: پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِيْطٌ: تازہ خون۔

الْاِعْتِبَاط۔ مصدر اِعْتَبَطَ۔ الحَذْفُ الْاِعْتِبَاطِي عِنْدَ النُّحَاةِ: وہ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو۔

العَوْبَط۔ مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو۔ ج عَوَابِط۔

عَنْبَعَبَ۔ الجَيْشُ: لشکر کا شکست کھانا۔

تَعَبْعَبَ۔ الشَّيْئَ: پورے کو ہلاک و برباد کر

دینا۔

العَبْعَب۔ کشادہ کپڑا۔ اُونٹ کے بالوں کا نرم کمبل (___ و العَبْعَاب) بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔

عَبِقَ (س) عَبَقًا و عَبَاقَةً و عَبَاقِيَةُ الطِّيْبُ بِهٖ : خوشبو لگنا ___ المَكَانُ بِالطِّيْبِ۔ جگہ کا خوشبو سے بھڑک اُٹھنا ___ فلان بِالشَّيْئِ حریص ہونا ___ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔

عَبَقَ رَائِحَةَ الطِّيْبِ : خوشبو پھیلانا۔

العَبَقَة۔ گھی وغیرہ کا بقیہ۔

العَبِق۔ خوشبو دار۔ وہ چیز جس سے خوشبو بھڑکے۔ کہا جاتا ہے " رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ " یعنی ظریف مرد۔

العَبَاقِيَة۔ مص۔ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔

عَبْقَر عَبْقَرَةُ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا۔

عَبْقَر۔ نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنّات بستے ہیں۔

العَبْقَرِيّ۔ عبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔ ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث عَبْقَرِيَةٌ (___ و العَبَاقِرِيّ) ایک قسم کا نفیس فرش۔

عَبَكَ (ن) عَبْكًا۔ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ : ملانا۔

العَبَكَةَ۔ ٹکڑا۔ مشکہ کی میل۔ رسّی کی گانٹھ کہتے ہیں "يَبْلَى الحَبْلُ و تَبْقَى العَبَكَةُ" یعنی رسّی جل جائے اور بل نہ جائے۔

عَبَلَ (ض) عَبْلاً۔ الشَّجَرَةَ : درخت سے پتے گرانا ___ الحَبْلَ : رسّی بٹنا ___ الشَّيْئَ : کاٹنا۔ رد کرنا۔ روکنا ___ بِهٖ : لے جانا ___ الشَّجَرُ : پتے نکلنا۔

عَبِلَ (س) عَبَلاً و عَبُلَ (ک) عُبُوْلاً و عَبَالَةً موٹا ہونا۔ صفت عَبْلٌ و عَبِلٌ ج عِبَال و عَابِلٌ ج عُبَّل۔ مؤنث عَبْلَةٌ ج عَبْلَات و عِبَال۔

اَعْبَلَ۔ موٹا ہونا۔ سفید ہونا ___ الشَّجَرُ : درخت کا لٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔

العَبَل۔ لٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے۔ ج اَعْبَال۔

العَبِيْل۔ موٹا۔ مؤنث عَبِيْلَةٌ۔

الاَعْبَل۔ سخت قسم کا پتھر جو سفید، سرخ اور کالا ہوتا ہے ج اَعْبِلَة۔

العَبَال۔ جنگلی گلاب۔

العَبْلاءُ۔ چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان ج عِبَال۔

المِعْبَلَة۔ تیر کا لمبا چوڑا پھل ج مَعَابِل۔

العَبُوْل۔ موت۔

عَبُمَ (ک) عَبَامَةً و عُبَامًا۔ بیوقوف ہونا۔

مَاءٌ عُبَامٌ۔ بہت پانی۔

العَبَام۔ سُست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بیوقوف۔ بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج عُبُم۔

العَبَامَاء۔ بیوقوف۔

عَبَنَ (ن) عَبْنًا۔ موٹا اور کھردرا ہونا۔ صفت عَبِنٌ و عَبَنّى۔ مؤنث عَبَنَّاةٌ ج عَبَنَّيَات۔

العَبْهَر۔ نرگس۔ چنبیلی (___ و العَبَاهِر) بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔

عَبْهَلَهٗ۔ عتاب کرنا۔ عَبْهَلَ الاِبِلَ : اُونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔

العَبَاهِل۔ مِنَ الاِبِلِ : آزاد چھوٹے ہوئے اُونٹ۔

العَبَاهِلَة۔ یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیئے گئے تھے۔ واحد عَبْهَل۔

عَبَا يَعْبُوْ عَبْوًا۔ چہرے کا دَمک اُٹھنا ___ المَتَاعَ : تیار کرنا۔

جَارِيَةٌ عَابِيَةٌ۔ خوبصورت لڑکی۔

عَبّٰى تَعْبِيَةً۔ الجَيْشَ : لشکر کو ترتیب دینا۔

تَعَبّٰى۔ تیار ہونا۔

العَبِيّ۔ حصّہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَبِيُّكَ مِنَ الجَزُوْرِ" ذبح کئے ہوئے (اُونٹ یا بکری) سے یہ تمہارا حصّہ ہے۔

رَجُلٌ عَبَاءٌ و عَبًا۔ بھاری جسم والا اکھڑ۔

العَبَايَة۔ جبّہ۔ ج عَبَايَات و عَبِيّ۔

عَتَّه (ن) عَتًّا بِالمَسْأَلَةِ : سوال کرنے میں اصرار کرنا ___ ہ بِالکَلَامِ : جھڑکی دینا۔

عَاتَّهٗ۔ جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔

تَعَتَّتَ فِيْ کَلَامِهٖ : بار بار کلام کو دہرانا۔

العَتَت۔ کلام وغیرہ میں سختی۔

عَتَبَ (ن ض) عَتْبًا و عُتْبَانًا و مَعْتَبًا و مَعْتَبَةً و مَعْتِبَةً۔ عَلَيْهِ : کسی فعل پر سرزنش کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

(___ عَتْبًا و عِتَابًا و عِتِّيْبٰى) فُلَانًا : ملامت کرنا (___ عَتْبًا و عَتَبَانًا و تَعْتَابًا) ایک پاؤں پر کودنا (___ اَلْبَعِيْرُ :) تین ٹانگوں پر چلنا (___ عُتْبَانًا) البَرْقُ : بجلی کا لگاتار چمکنا ___ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى مَكَانٍ و مِنْ قَوْلٍ اِلٰى قَوْلٍ : ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔

عَتَّبَ۔ الرَّجُلُ : دیر کرنا ___ البَابَ : دروازے کی دہلیز بنانا۔ عَاتَبَهٗ عِتَابًا و مُعَاتَبَةً عَلٰى كَذَا : ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔

اَعْتَبَه : سبب ناراضی و ملامت کو دُور کرنا۔ رضامند کرنا۔ اَعْتَبَ عَنْهُ : پھر جانا۔

تَعَتَّبَ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَتَعَتَّبُ بِشَيْئٍ وَلَا يَتَعَتَّبُ عَلَيْهِ فِيْ شَيْئٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلَانٍ : کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا۔ کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔

تَعَاتَبَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔

اِعْتَتَبَ۔ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِيْقَ۔ آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا ___ مِنْهُ و عَنْهُ : پھر جانا۔

اِسْتَعْتَبَه۔ رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْتَبْتُهٗ فَاَعْتَبَنِيْ" اس سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا۔ اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ المَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ" یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔

العَتَب۔ لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِهٖ عَتَبٌ" اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔

العِتَّب۔ بہت عتاب کرنے والا۔

العَتَب۔ انگشت شہادت اور بیچ والی اُنگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی اُنگلی کا درمیان۔

فساد۔

العَتَب و العَتَبَة۔ مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین۔

العَتَبَة۔ چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَب و عَتَبَات۔ عَتَبَاتُ المَوْتِ :موت کی سختیاں۔

العُتْبَة۔ وادی کا موڑ۔

العُتْبٰی۔ رضامندی۔

الأُعْتُوْبَة۔ باعث عتاب۔ ج أَعَاتِيْب۔

العَتُوْب۔ جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ۔

المَعْتَبَة و المَعْتِبَة۔ مص۔ عتاب۔ غضب۔

المَعْتُوْب۔ مفو۔ جس پر عتاب کیا جائے۔

أُمُّ عِتْبَان أُمُّ عَتَّاب۔ بجو۔

عَتُدَ (ک) عَتَادًا و عَتَادَةً الشَّيْئُ :تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

عَتَّدَ و أَعْتَدَ الشَّيْئَ :تیار کرنا۔

تَعَتَّدَ فِيْ صَنْعَتِهٖ :غور سے کرنا۔

العَتَاد۔ سامان جو کسی مقصد کیلئے تیار کیا جائے۔ سامان جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج أَعْتُدٌ و عُتُدٌ و أَعْتِدَة۔

العَتَد و العَتِدُ مِنَ الخَيْلِ :دوڑنے کے لیے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تام الْخِلْقَة (مذکر و مؤنث)

العُتْدَة۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلْأَمْرِ عُتْدَتَهٗ" کام کے لیے اس کا سامان لو۔ ج عُتَد۔

العَتُوْد۔ یک سالہ بکری کا بچہ ج أَعْتِدَة و عِدَّان۔

العَتِيْد۔ تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھر کم جسم کا۔

العَتِيْدَة۔ مؤنث عَتِيْد۔ سنگھار دان۔

عَتَرَ (ض) عَتْرًا الشَّيْئُ : مضبوط ہونا (___ تَعْتَارًا) العَتِيْرَة :ذبح کرنا (___ عَتْرًا و عَتَرَانًا) الرُّمْحُ :حرکت کرنا۔

العِتْر۔ اصل۔ اور اسی سے مثل ہے "عَادَتْ إِلٰى عِتْرِهَا لَمِيْسُ" یعنی لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی یہ مثال اس کیلئے بولی جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت پھر اختیار کر لے۔ العِتْر : ہر وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ بکواس (___ و العَتِيْرَة) بکری جس کو جاہلیت کے زمانہ میں رجب کے مہینے میں بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔ ج عَتَائِر۔

العِتْرَة۔ کنبہ۔ اولاد۔ مشک خالص کا ٹکڑا۔ خوشگوار تھوک۔ مرز نجوش۔ دانتوں کی تیزی و صفائی۔

العِتَّار۔ عضو تناسل۔

العَتَّار۔ بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی مقام۔

المُعْتَرُّ مِنَ الرِّجَالِ : موٹا۔ اور عوام کے نزدیک بمعنی شریر۔

عَتْرَسَهٗ۔ سخت کھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔ عَتْرَسَهٗ مَالَهٗ :مال غصب کر لینا۔

العِتْرِس و العَتَرَّس۔ سخت کھینچنے والا۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹے موٹے جوڑوں والا۔ شیر۔ مرغ۔

العِتْرِيْس۔ سخت سرکش۔ غضبناک۔ بلا۔ مصیبت۔

العَنْتَرِيْس۔ موٹی مضبوط اونٹنی۔ العُتْرُسَان۔ مرغ۔

عَتْرَفَ لَهٗ :سخت ہونا۔

تَعَتْرَفَ۔ بزرگی ظاہر کرنا۔

العِتْرِيْف و العُتْرُوْف۔ خبیث۔ بدکار۔ مضبوط اونٹ۔ ج عَتَارِيْف۔

العُتْرُفَان۔ مرغ۔

عَتَفَ (ض) عَتْفًا الشَّعْرَ :بال اکھیڑنا۔

العِتْفُ مِنَ اللَّيْلِ :رات کا ایک حصہ۔

عَتَقَ (ض) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتَاقًا و عَتَاقَةً العَبْدُ :آزاد ہونا۔ صفت عَتِيْقٌ و عَاتِقٌ۔

عَتَقَ (ن) عَتْقًا و عِتْقًا و عَتُقَ (ک) عَتَاقَةً۔ پرانا ہونا ___ الشَّيْئُ :درست ہونا ___ الخَمْرُ : شراب پرانی اور عمدہ ہونا۔ صفت عَاتِق و عَتِيْق و عُتَاق ___ اليَمِيْنُ عَلَيْهِ : قسم واجب ہونا۔

أَعْتَقَ العَبْدَ :غلام آزاد کرنا ___ الفَرَسَ : تیز دوڑانا ___ مَالَهٗ :درست کرنا۔

عَتَّقَ۔ الخَمْرَ : پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ : کپڑے کو پرانا کرنا ___ فُلَانًا بِفِيْهِ : منہ سے کاٹ کھانا۔

العِتْق۔ مص - اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔ شرافت۔ نجابت۔ آزادی۔ کہنگی۔

العُتْق۔ کہنگی۔ آزادی۔ عاتق بمعنی کندھا کی جمع۔

العَاتِق۔ فا۔ کندھا۔ ج عَوَاتِق و عُتُق۔ کشادہ مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔ ج عُتُق۔ عَاتِقُ الثُّرَيَّا : نام ستارہ (___ و العَاتِقَة) پرانی سرخ کمان۔

العُتَاق۔ پرانی عمدہ شراب۔

العَتِيْق۔ پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ ج عُتَقَاء و عُتُق۔ فَرَسٌ عَتِيْقٌ :خوش منظر گھوڑا۔ ج عِتَاق۔ البَيْتُ العَتِيْقُ : خانہ کعبہ۔ أَمَةٌ عَتِيْقٌ : آزاد کردہ لونڈی۔

المُعَتَّقَة۔ پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔

عَتَكَ (ض) عَتْكًا و عُتُوْكًا۔ لڑائی میں حملہ کرنا ___ الفَرَسُ :گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَكَ البَلَدَ : شہر پر ظلم کرنا ___ عَلَى الأَمْرِ :کسی کام پر اقدام کرنا ___ إِلَى المَكَانِ :مائل ہونا ___ عَلَيْهِ بِخَيْرٍ أَوْ شَرٍّ : بھلائی یا برائی سے پیش آنا ___ اللَّبَنُ :دودھ کا کھٹا ہونا ___ القَوْسُ :کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عاتِکہ ج عَوَاتِک۔

العَاتِك۔ فا۔ شریف۔ خالص۔ النَّبِيْذُ العَاتِك۔ صاف شراب۔ أَحْمَرُ عَاتِكٌ : تیز سرخ۔

العَتْک۔ مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلَيْهِ عَتْكٌ" یعنی ایک زمانہ گزر گیا۔

العَتِيْك۔ پرانے ہونے سے سرخ ___ مِنَ الأَيَّامِ :سخت گرمی والا۔

عَتَلَهٗ (ن ض) عَتْلًا۔ سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَهٗ إِلَى السِّجْنِ" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچا ___ الشَّيْئَ :اٹھانا۔

عَتِلَ (س) عَتَلًا إِلَى الشَّرِّ :برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِل۔

اِنْعَتَلَ۔ کھنچ جانا (___ و تَعَتَّلَ) جگہ سے نہ ہٹنا۔

العَتَلَة۔ بڑا ڈھیلا۔ کدالہ۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَل۔

العُتُلّ۔ بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عادت والا۔ سخت۔

العَتَّال۔ باربردار۔ قلی۔ پیشے کا نام۔ العِتَالَة۔

العَتِيْل۔ مزدور۔ خادم۔ ج عُتُل و عُتَلَاء۔ دَاءٌ عَتِيْلٌ : سخت مرض۔

المِعْتَل۔ کھینچنے میں قوی و مضبوط۔

عَتَمَ (ض) عَتْمًا-اللَّيْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا ___ عَنِ الْاَمْرِ: کام کرتے کرتے رُک جانا-قِرَى الضَّيْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا-

عَتَّمَ عَنِ الْاَمْرِ: کام کرتے کرتے رُک جانا ___ قِرَاهُ: مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا-کہا جاتا ہے "مَاعَتَّمَ اَنْ وَقَفَ بِنَا" یعنی دیر نہیں کی-"حَمَلَ عَلَيْهِم فَمَاعَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا ___ الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا ___ الطَّائِرُ: پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑپھڑانا-

اَعْتَمَ قِرَى الضَّيْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا-دیر ہونا (لازم ومتعدی) ___ حَاجَتَهُ مؤخر کرنا ___ حَاجَتُه: مؤخر ہونا ___ اللَّيْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا ___ الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا ___ عَنِ الْاَمْرِ: کام کرتے کرتے رُک جانا-

عَتَمَتْ (ن ض) عَتْمًا و اِعْتَمَتْ و تَعَتَّمَتْ و اِسْتَعْتَمَتْ النَّاقَةُ: عشاء کے وقت دوہا جانا-صفت عَاتِمَة-ج عَاتِمَات و عَوَاتِم اِسْتَعْتَمَ الرَّجُلَ: دیر کرانا ___ النَّعَم: چوپایوں کے دوہنے میں دیر کرنا-

العَتْم و العُتُم- جنگلی زیتون کا درخت- واحد عُتْمة و عُتُمة-

العَتمة- رات کی پہلی تہائی- رات کی تاریکی- دیر کرنا-

العَاتِم- فا- کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا ضَيْفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا- مؤنث عَاتِمَةٌ-

النُّجُوْمُ العَاتِمَات- ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں-

العَتُوْم- اُونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی- العَتُوْمَة: بہت دودھ دینے والی اُونٹنی-

المِعْتَام- دیر کرنے والا- رَجُلٌ مِعْتَامُ القِرى دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا-

عَتَنَهُ (ض ن) عَتْنًا-اِلَى السِّجْنِ: قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا-

اَعْتَنَ عَلَى غَرِيْمِهِ: قرض دار پر سختی کرنا-

تکلیف پہنچانا-

العَاتِن و العَتُوْن- قوی ج عُتُن-

العَتِن مِنَ الرِّجَالِ: سخت پر حملہ کرنے والا-

عَتِهَ (س) وعُتِهَ عَتَهًا و عُتْهًا و عَتَاهًا و عُتَاهًا و عَتَاهَةً و عَتَاهِيَة- کم عقل ہونا- مدہوش ہونا- صفت مَعْتُوْه و مُعَتَّه و عَتَاهِيَة-

فِي العِلْمِ: حریص ہونا- عُتِهَ فُلَانٌ فِي فُلَانٍ- تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا- صفت عَتِيْه ج عُتَهَاء-

تَعَتَّهَ- جاہل بننا- پاگل بننا ___ عَنهُ- تغافل برتنا-

العَتَاهِيَة و العَتَاهَة- مص- جنون اور وحشت سے پاگل لوگ- العَتَاهِتَه: گمراہی- بیوقوفی-

عَتَا يَعْتُوْ عُتُوًّا و عُتِيًّا و عِتِيًّا- تکبر کرنا- حد سے گزرنا- صفت عَاتٍ ج عُتَاة و عُتِّي ___ عَنِ الْاَدَبِ: ادب قبول نہ کرنا-

العَاتِيْ- فا- سرکش- لَيْلٌ عَاتٍ- بہت تاریک رات-

العَتِيّ- سرکش- ج اَعْتَاء-

عَتِيَ يَعْتَى- بمعنی عَتَا يَعْتُو-

تَعَتَّى تَعَتِّيًا- نافرمانی کرنا- اطاعت نہ کرنا-

عَثَّهُ (ن) عَثًّا- اصرار کرنا- عَثَّتِ العُثَّةُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اُون کو چاٹنا- عَثَّتِ الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈس لینا- سانپ کے پھونکنے سے بال کا گرنا-

عَثَّثَ تَعْثِيْثًا و عَاثَّ عِثَاثًا و مُعَاثَّةً فِي عِنَائِهِ: سر نکالنا-

اِعْتَثَّهُ- عِرْقُ سُوْءٍ: بد اصلی کا نیکی سے روک دینا-

العِثّ- ایک قسم کے سانپ جو خشک سالی میں ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں- ج عِثَاث-

العَثَّاء- سانپ-

العُثَّة- مِنَ النِّسَاءِ: لاغربدن کی عورت- گمنام حقیر عورت ج عِثَاث-

العُثَّة- کیڑا اون چاٹنے والا- ج عُثٌّ و عُثَث- بڑھیا- بیوقوف عورت- بدزبان گمنام عورت-

عَثَجَ (ض) عَثْجًا- آہستہ آہستہ پینا-

العَثْج- رات کا حصہ (___ العَثَج و العُثْجَة) لوگوں کی جماعت-

عَثَرَ (ن ض) و عَثِرَ (س) و عَثُرَ (ک) عَثْرًا و عِثَارًا- گرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا پھسلنا اور اوندھا ہونا ___ العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا- کہا جاتا ہے "عَثَرَ بِهِمُ الزَّمَانُ" زمانہ نے ان کے اندر تباہی ڈال دی "عَثَرَ جَدُّهُ" یعنی ہلاک ہو گیا-

عَثَرَ (ن) عَثْرًا و عُثُوْرًا- عَلَى السِّرِّ وغَيْرِهِ بھید پر مطلع ہونا-

عَثَّرَهُ و اَعْثَرَهُ- پھسلانا- اَعْثَرَهُ عَلَى السِّرِّ وغَيْرِهِ: بھید پر مطلع کرنا- اَعْثَرَهُ عَلَى اَصْحَابِهِ: بتا دینا اَعْثَرَبِهِ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: عیب لگانا- طعنہ دینا-

تَعَثَّرَ الرَّجُلُ و الفَرَسُ و الجِلْدُ: بمعنی عَثَرَ ___ لِسَانُه: زبان کا رُکنا-

العُثْر- عقاب- (___ و العَثَر) جھوٹ-

العَثْرَة- لغزش- جہاد- لڑائی- گرنا- ج عَثَرَات-

العَثُوْر- بہت گرنے والا- بہت پھسلنے والا-

العَاثِر- جھوٹا-

العَاثُوْر- شیر کے شکار کیلئے گڑھا- کنواں ج عَوَاثِر و عَوَاثِيْر (___ و العِثَار) پھسلن- بدی- مکروہ- جائے ہلاکت- جب کوئی آدمی ورطہ میں پڑ جائے تو کہا جاتا ہے "قَدْ وَقَعَ فِي عَاثُوْرِ شَرٍّ" یعنی شدت میں پڑ گیا-

العِثْيَر- مٹی- غبار (___ و العَيْثَر و العَثْيَر) مخفی نشان-

عَثْكَلَ الهَوْدَجَ: ہودہ کو جھالر وغیرہ سے مزین کرنا ___ الرَّجُلُ: سست رفتار سے دوڑنا ___ العِذْقُ: بہت گچھے دار ہونا-

العُثْكُوْلَة و العُثْكُوْل و العِثْكَال- کھجور کا گچھا ج عَثَاكِيْل-

العُثْكُوْلَة- جھالر وغیرہ جو ہودج میں لٹکایا جائے-

عَثِلَ (س) عَثَلًا- الشَّيءُ: بکثرت ہونا- موٹا ہونا- صفت عَثِلٌ و عَثَلٌ-

عَثَلَتْ (ن) عَثْلًا- يَدُه: ٹوٹنے کے بعد ٹیڑھا جڑنا-

العَثَل- بکری کے اوجھ پر کی چربی کی چادر-

العَثُوْل-بیوقوف-ج عُثْلٌ-

العِثْيَل-نربجو-

العِثْوَل-سراور جسم پر بہت بالوں والا-

ـــــ مِنَ الرِجَال :اُجڈ درشت مزاج-

عَثَمَ (ن) عَثْمًا-العَظْمُ المَكْسُوْرُ : ٹوٹی ہوئی ہڈی کا ناہموار جڑنا ـــــ العَظْمَ :ہڈی کو ناہموار جوڑنا-

اِعْتَثَمَ بِهٖ :مدد طلب کرنا-نفع اُٹھانا-بِيَدِهٖ : جھکانا-

العَيْثُوْم-بجو-ہاتھی-

العَيْثَمِي-گورخر-

العُثْمان- حباری کا بچّہ- سانپ- سپولیا- اژدھے کا بچّہ-

اَبُوْعُثْمَان-سانپ-

عَثَنَ (ن) عَثْنًا و عُثَانًا و عُثُوْنًا فِي الْجَبَلِ پہاڑ پر چڑھنا (ـــــ و عَثَّنَ) الثَوْبَ :کپڑے کو دھونی دینا-عَثَنَتْ و عَثَنَت النَارُ : آگ سے دھواں نکلنا-کہا جاتا ہے "عَثَنَ عَلَى القَوْمِ" یعنی فساد پیدا کر دیا-

عَثِنَ (س) عَثَنًا-الثَوْبُ :کپڑے کا خوشبودار ہونا-

تَعَثَّنَ-دھونی لگنا-

العُثَان-مص-غبار-دھواں-ج عَوَاثِن-

العَثَن-دھواں' غبار' چھوٹا بُت-

العَثِن و المَعْثُوْن-دھواں لگنے سے بگڑا ہوا کھانا-

العِثْن-ناظم ہال-رنگی ہوئی روئی-

المُعَثَّن-مفعہ-بڑی ڈاڑھی والا-

العُثْنُوْن-ڈاڑھی ـــــ مِنَ المَطَرِ او الرِيح-بارش یا ہوا کی ابتداء ج عَثَانِين-

عَثَا يَعْثُو اعُثُوًّا و عَثِى يَعْثِيْ و يَعْثَى و عَثَى يَعْثَى عُثِيًّا و عِثِيًّا و عَثَيَانًا-فساد-کفر یا کبر میں مبالغہ کرنا-صفت عَاث-ج عُثَاة و عُثِيٌّ و عِثِيٌّ-

العَثْوَة-زلف دراز-ج عُثِيٌّ-

الاَعْثَى-سیاہی مائل رنگ والا-بیوقوف-بہت بالوں والا-

العَثْوَاء-بجو-

العِثْيَان-نربجو-

عَجَّ (ن ض) عَجًّا و عَجِيجًا-چلّانا-آواز بلند کرنا ـــــ النَاقَةَ :اُونٹنی کو "عاج عاج" کہہ کر ہانکنا (ـــــ و اَعَجَّت) الرِيحُ :ہوا کا غبار اُڑانا-کہا جاتا ہے "لَهٗ رَائِحَةٌ تَعُج فِيْ المَسْجِدِ" اِس کی بُو ہے جو مسجد میں بھڑک اُٹھتی ہے-

عَجَّجَ الغُبَار :غبار اُڑانا ـــــ البَيْتَ مِنَ الدُخَانِ :مکان کو دھوئیں سے بھر دینا-

تَعَجَّجَ-دھوئیں سے بھر جانا-

العُجَّة-ایک قسم کا کھانا جو انڈا' آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے-خاگینہ-

العَجَاج-غبار-دھواں-بیوقوف-ادنٰی لوگ-واحد العَجَاجَة-

العَجَاجَة-غبار-بہت اُونٹ-کہا جاتا ہے "لَبَّدَ عَجَاجَتَهٗ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رُک گیا "لَفَّ عَجَاجَتَه عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا-

العَجَّاج-چیخنے والا-چلّانے والا-غبار کو اُڑانے والا-يَوْمٌ عَجَّاجٌ :گرد و غبار کا دن-

رِيْحٌ مَعَاجِيْج-غبار اُڑانے والی ہوا-

عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الْاَمْرِ و لَهٗ : تعجب کرنا ـــــ اِلَيْهِ :پسند کرنا-

اَعْجَبَهٗ و عَجَّبَهٗ-تعجب میں ڈالنا-اُعْجِبَ بِالشَّيْءِ : خوش ہونا اور تعجب کرنا ـــــ أعْجِبَ بِنَفْسِهٖ :غرور کرنا-تکبر کرنا-کہا جاتا ہے "مَا اَعْجَبَهٗ بِرَأيِهٖ" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے-)

تَعَجَّبَ و اِسْتَعْجَبَ مِنْهُ : تعجب کرنا-کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِيْ فُلَانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا-

العَجْب-ہر شے کا پچھلا حصہ-دُم کی جڑ-ج عُجُوْب-

العُجْب-فخر-غرور-خود بینی-پیش آمدہ چیز کا انکار-

العَجَب-حیرانی-تعجب ـــــ مِنَ اللّٰهِ : رضامندی ج اَعْجَاب-

العُجَاب و العُجَّاب و العَجِيب-جس پر تعجب کیا جائے-العُجَاب : تعجب کی حد سے متجاوز-مبالغہ کے لئے-عَجَبٌ عُجَابٌ اور عَجَبٌ عَجِيبٌ کہا جاتا ہے-

العَجِيبَة-جس پر تعجب کیا جائے-ج عَجَائِب-

الاُعْجُوْبَة-جس پر تعجب کیا جائے-ج اَعَاجِيب-

العَجِيبَاء-عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے ـــــ مِنَ النِيَاق-موٹی اُونٹنی-

رَجُلٌ تِعْجَابَةٌ-صاحب عجائبات-

التَعَاجِيب-عجائبات-اس کا واحد نہیں-

العَجْدَة-کوّا-ج عَجَد-

العَجْد و العُجْد-دانہ انگور-دانہ خشک انگور-

عَجَرَ (ن) عَجْرًا-عُنُقَهٗ : گردن موڑنا ـــــ بِالسَيْفِ : تلوار سے حملہ کرنا ـــــ القَاضِيْ عَلَيْهِ قاضی کا تصرف سے روک دینا ـــــ ہ بِالعَصَا :لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا ـــــ الشَّيَ : پھاڑنا (عَجْرًا و عَجَرَانًا و عَاجَرَ) خوف سے جلدی گزرنا-

عَجِرَ (س) عَجَرًا-موٹا ہونا-بڑے پیٹ کا ہونا-صفت اَعْجَر ـــــ الفَرَسُ :موٹا ہونا-سخت ہونا-

تَعَجَّرَ بَطْنُهٗ :موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پڑنا-

اِعْتَجَرَ-عمامہ لپیٹنا-اعتَجَرتِ المَرْأةُ : اوڑھنی ڈالنا-

العَجَر-اُبھار-مقدارِ جسم-

العُجْرَة-گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی رگوں کی) کہا جاتا ہے "ذَكَرَ عُجَرَهٗ و بُجَرهٗ" یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں-

العَجُوْر-خربوزہ کی ایک قسم-

الاَعْجَر-بڑے پیٹ والا-بہت بھرا ہوا کپڑا-مؤنث عَجْرَاء ج عُجْرٌ-العَجْرَاء : گرہ دار لاٹھی-

العَجَّار-گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا-

العَجَاجِیْر- گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے-

العُجْزُوْر- ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجَازِیْر-

المِعْجَر- عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا- اوڑھنی- پگڑی-

المُعَجَّر- عمامہ بندھا ہوا-

عَجْرَدَہ- ننگا کرنا-

تَعَجْرُدَہ- ننگا ہونا- صفت مُعَجْرِد-

العَجْرِد- ہلکا پھلکا تیز- سخت- عضو تناسل-

العَجَارِد- عضو تناسل-

العِجْرَد- دلاور- ننگا-

العَنْجَرِد- بدزبان عورت-

تَعَجْرُف- تکبر کرنا- سرکشی کرنا-

العَجْرَفَۃ- تکبر- کلام میں اکھڑپن- کہا جاتا ہے "فِی الجَمَلِ عَجْرَفَۃٌ و عَجْرَفِیَّۃٌ فِی المَشْیِ" یعنی اونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے-

عَجَارِفُ الدَهْرِ و عَجَارِیْفُہٗ- حوادث- سختیاں- عَجَارِفُ المَطَرِ و عَجَارِیْفُہ: بارش کی شدت-

عَجْرَمَ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا-

العَجْرَمُ و العُجْرُمُ و العُجَارِمُ- سخت آدمی-

العَجْرَمَۃ- اونٹوں کا گلہ سو(۱۰۰) کا یا دو سو(۲۰۰) کا یا پچاس سے سو(۱۰۰) تک کا-

عَجَزَتْ و عَجُزَت (ن ک) عُجُوْزًا- المَرْاَۃُ عورت کا بڑھیا ہونا-

عَجَزَ (ض) و عَجِزَ (س) عَجْزًا و عُجُوْزًا و عَجَزَانًا و مَعْجَزًا و مَعْجِزًا و مَعْجَزَۃً و مَعْجِزَۃً عَنْ کَذَا: قادر نہ ہونا- طاقت نہ رکھنا- عاجز ہونا- کہا جاتا ہے "عَجَزَ فُلَانٌ عَنِ العَمَلِ" یعنی بوڑھا ہو گیا- طاقت نہیں رکھتا- صفت عَاجِزٌ- ج عَوَاجِز و عَجَز-

عَجَّزَہٗ- عاجز کرنا- عجز کی طرف منسوب کرنا- روک دینا ___ المَرْاَۃُ: عورت کا بڑھیا ہونا-

اَعْجَزَہٗ- عاجز کر دینا- عاجز پانا- اَعْجَزَہُ الشَّیْئُ: چیز کا قبضہ سے نکل جانا- اَعْجَزَ فِی الکَلَامِ اپنے مقصود کو بہترین اسلوب سے ادا کرنا-

عَاجَزَہٗ مُعَاجَزَۃً- مسابقت کرنا- عَاجَزَ الرَّجُلُ: عاجز ہونا-

تَعَجَّزَ- عجز کا دعویٰ کرنا ___ البَعِیْرَ: اونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا-

اِسْتَعْجَزَہٗ- عاجز پانا-

العَجْزُ- تلوار (___ و العُجُزُ و العِجْزُ و العَجُزُ و العَجِزُ) پچھلا حصہ- سرین- عَجُزُ بَیْتِ الشِّعْرِ: مصرعہ ثانی ج اَعْجَاز- بَنَاتُ العَجُزِ: تیریں- اَعْجَازُ النَّخْلِ: درخت خرما کی جڑیں- کہا جاتا ہے رَکِبَ اَعْجَازَ الاِبِلِ: یعنی ذلت اور مشقت میں مبتلا ہونا-

رَجُلٌ عَجْزٌ و عَجِزٌ- عاجز- کہا جاتا ہے "هُوَ عُجْزَۃُ اَبِیْهِ و عِجْزَتُہٗ" یعنی وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد جمع سب کے لئے) "وُلِدَ بِعُجْزَۃٍ" والدین کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا-

العِجَازُ و العِجَازَۃ- پٹھا جس سے تلوار کے دستے کو باندھیں-

العِجَازَۃ و الاِعْجَازَۃ- گدی جس کو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تاکہ بڑے معلوم ہوں-

العَجُوْز- بڑھیا- ج عُجُز و عَجَائِز-

العَجُوْز- شراب- مصیبت- کشتی- راستہ- ہانڈی- کمان- آگ- موت- کھجور کا درخت- اونٹنی- سوئی- زمین- خرگوش- شیر- ہر چیز کا ہزار- کنواں- دریا- بہادر- گائے- سوداگر- ڈھال- توبہ- بیل- بھوکا- تیر دان- بڑا پیالہ- بھوک- دوزخ- لڑائی- نیزہ- بخار- خیمہ- آفتاب کا ہالہ- عورت کی قمیص- دُنیا- بھیڑیا- جھنڈا- گدھ- رعشہ- گھوڑی- آسمان- گھی- گرم ہوا- سال- آفتاب- خط- باٹ- صومعہ- بجو- گور خر مادہ- بچھو- چاندی- قبلہ- مشک- دیگ- قیمت- لشکر- کعبہ- عورت- کتا- مشک- بادشاہ- دیگ کا پایہ- داہنا ہاتھ- تلوار کی دھار- عافیت- پرہیزگاری- قبضہ- تلوار کی میخ- ایام العجوز: جاڑے کے آخر میں سات دن سخت سردی کے جس کے چار دن فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں اور عام لوگ ان کو "مُسْتَقْرِضَات" کہتے ہیں اور ان دنوں کے نام یہ ہیں صِنٌّ- صِنَّبْر- وَبْر آمِرٌ- موتَمِرٌ مُعَلِّل- مُطْفِی الجَمْرِ یا مُکْفِی الظُّعْن-

(بہت سے شعراء نے اپنے قصائد میں معانی عجوز کے جمع کرنے کی کوشش کی ہے انہی قصیدوں میں سے ایک قصیدہ کتاب کے آخر میں لگایا گیا ہے-

الاَعْجَز- بڑے سرین والا- کِیْسٌ اَعْجَزُ: بھری ہوئی تھیلی-

العَاجِز- فا- ج عَوَاجِز- ثَوْبٌ عَاجِزٌ: تنگ کپڑا- اِمْرَاَۃٌ عَاجِزٌ: عاجز عورت-

العَجْزَاء- مؤنث اَعْجَز- ریت کا اونچا ٹیلہ-

المِعْجَز- بڑا پیالہ-

المِعْجَاز- راستہ- ہمیشہ عاجز رہنے والا-

المُعْجِزَۃ- خارق عادت جس کو اللہ تعالیٰ کسی نبی کے ہاتھ سے ظاہر کر دے اور دوسرے اس سے عاجز ہوں- ج مُعْجِزَات-

المَعْجُوْز- مفع- جس سے سوال میں اصرار کیا جائے-

العَجِیْزَۃ- عورت کی سرین- کبھی مرد کیلئے بھی بولا جاتا ہے- ج عَجِیْزَات-

عَجَسَ (ض) عَجْسًا- عَنْ حَاجَتِہٖ: باز رکھنا- عَجَسَ عَلَی الشَّیْئِ: کسی چیز کو مظبوطی سے پکڑنا-

تَعَجَّسَ- پیچھے ہٹنا ___ الاَمْرَ: کسی کام کے درپے ہونا- پیچھا کرنا ___ بِالقَوْمِ: دیر کرانا- تَعَجَّسَہٗ راوی کو ضعیف سمجھنا- تَعَجَّسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا-

العُجْسَۃ- رات کی تاریکی- رات کی ایک ساعت-

العَجُوْس- بوجھل بادل- لگاتار بارش-

العَجَاسَاء- اونٹوں کا بڑا گلہ-

المَعْجِس- کمان کا قبضہ-

عَجْعَجَ عَجْعَجَۃً- بہت چیخنا-

العَجْعَاج- بہت چیخنے والا ___ مِنَ الخَیْلِ: اصیل گھوڑا- عمر رسیدہ گھوڑا-

العَجْعَجَۃ- چیخ عجاج-

عَجَفَ (ن) عُجُوْفًا- کھانا چھوڑ دینا-

عَجَفَ (ض) عَجْفًا و عُجُوْفًا و عَجَّفَ نَفْسَہٗ عَنِ الطَّعَامِ: باوجود بھوک کے دوسرے کو کھلانے کی غرض سے کھانے کو چھوڑ دینا

____ نَفْسَهُ عَلَى الْمَرِيْضِ : صبر سے تیمار داری کرنا۔ نَفْسَهُ عَلَى فُلَانٍ : گمراہی کو برداشت کرنا اور مواخذہ نہ کرنا۔
عَجَفَ (ن ض) و اَعْجَفَ الدَّابَّةَ : جانور کو لاغر کرنا۔ اَعْجَفَ الْقَوْمُ : دُبلے جانوروں کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ : کسی سے دُور ہونا۔ اَعْجَفَ بِنَفْسِهِ عَلَى الْمَرِيْضِ : صبر سے تیمار داری کرنا۔
عَجِفَ (س) و عَجُفَ (ک) عَجَفًا۔ کمزور ہونا۔ دُبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ و اَعْجَفُ اور مؤنث عَجِفٌ و عَجْفَاءُ ج عِجَافٌ ____ الْبِلَادُ : بارش نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا فِيْ بِلَادٍ عِجَافٍ" غیر بارش شدہ شہروں میں اُترے۔
عَجَّفَ الرَّجُلُ : آسودگی سے کم کھانا ____ نَفْسَهُ عَنِ الطَّعَامِ : کھانا چھوڑ دینا۔
الْعِجَافُ۔ اندرائن۔ زمانہ۔ جمع عَجْفَاء کی خلافِ قیاس۔
التَّعَجُّفُ۔ تنگی حالت۔
الْعَجِيْفُ۔ لاغر دُبلا۔ ج عَجْفَى۔
عَجِلَ (س) عَجَلًا و عَجَلَةً۔ جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَجِلَ بِهِ اِلَيْهِ" اس نے ایک کام سے دوسرے کی طرف جلدی کی ____ الْاَمْرَ : دیر سمجھ کر دوسرا کام کر لینا۔
عَجَّلَ۔ جلدی کرنا ____ هُ : سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا ____ لَهُ مِنَ الثَّمَنِ كَذَا : پیش کرنا۔ اللَّحْمَ : گوشت کو جلدی پکانا۔
اَعْجَلَهُ۔ سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ الشَّيْءَ : جلدی کھانا۔ اَعْجَلَتِ النَّاقَةُ : ناقص بچہ گرا دینا۔
عَاجَلَهُ مُعَاجَلَةً۔ بِذَنْبِهِ : جلدی مواخذہ کرنا اور سزا دینا ____ هُ بِضَرْبَةٍ : مارنے میں سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَعَجَّلَ فِي الْاَمْرِ : جلدی کرنا ____ الْاَمْرَ : جلدی کام کرنا۔
اِسْتَعْجَلَهُ۔ برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
اَلْعِجْلُ۔ بچھڑا۔ عُجُوْلٌ و عِجَلَةٌ و عِجَالٌ

الْعِجْلَةُ۔ بچھیا۔ رہٹ۔ ج عِجَلٌ و عِجَالٌ۔
الْعَجَلُ و الْعُجْلَةُ و الْعُجَالَةُ جو جلدی کیا جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کیلئے جو جلدی تیار کیا جائے۔
الْعَجَلَةُ۔ جلدی۔ ہلکا پن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَلٌ و عِجَالٌ و اَعْجَالٌ۔
الْعَاجِلُ و الْعَجِلُ و الْعَجُلُ۔ جلد باز۔
الْعَاجِلَةُ۔ مؤنث عَاجِلٌ۔ دُنیا۔
الْعِجَّوْلُ۔ بچھڑا۔ ج عَجَاجِيْلُ۔
الْعَجْلَانُ۔ مؤنث عَجْلَى ج عَجَالَى و عُجَالَى و عِجَالٌ و الْعَجُوْلُ ج عُجُلٌ و الْعَجِيْلُ ج عِجَالٌ : جلد باز۔
الْعَجُوْلُ و الْعَجَّالُ۔ بہت زیادہ جلد باز۔
الْعَجُوْلُ : موت۔ بچے کو کھونے والی۔ متحیر عورت۔
الْعَجِيْلُ۔ ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے جلدی سے پیش کیا جائے۔
الْعُجَيْلَةُ و الْعُجَيْلَى و الْعُجَّيْلَى۔ تیز چال۔ کہا جاتا ہے "سَارَ الْعُجَيْلَى" تیز چال چلا اور اس کا ضد هُوَيْنَا ہے۔
الْمِعْجَالُ۔ برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِيْلُ۔ مَعَاجِيْلُ الطَّرِيْقِ : مختصر راستے اِمْرَاَةٌ مِعْجَالٌ : وقت سے پہلے جننے والی عورت۔
طَرِيْقٌ مُسْتَعْجَلَةٌ۔ مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔
عَجَمَ (ن) عَجْمًا و عُجُوْمًا۔ الْعُوْدَ : دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا ____ السَّيْفَ : تجربے کے لیے تلوار کو حرکت دینا ____ الشَّيْءَ : امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔ صفت عَاجِمٌ ج عُجَّمٌ (____ عَجْمًا) الْكِتَابَ او الْحَرْفَ : نقطہ لگانا ____ الْكِتَابَ : حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الْاُمُوْرُ : عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَيْنِي مُنْذُ كَذَا" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے "رَاَيْتُ فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَيْنِي تَعْجُمُهُ كَاَنَّهَا تَعْرِفُهُ و عَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ" یعنی اس کی

آزمائش کی اور اس کے حال کی تحقیق کی۔
اَعْجَمَ و عَجَّمَ الْكِتَابَ : اِعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے اِبہام کو دُور کرنا۔ اَعْجَمَ الْبَابَ : دروازے میں تالا لگانا۔ الْكَلَامَ : عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
عَجُمَ (ک) عُجْمَةً۔ لکنت ہونا۔ صفت اَعْجَمُ مؤنث عَجْمَاءُ۔ ج عُجْمٌ۔
عَاجَمَهُ۔ تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الْاُمُوْرَ و عَاجَمَتْنِي" میں نے اُمور کی آزمائش کی اور اُمور نے میری۔
تَعَاجَمَ۔ الْقَوْمُ : کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔
الرَّجُلُ : اجنبی ہونا۔ عجمی ظاہر کرنا۔
اِنْعَجَمَ عَلَيْهِ الْكَلَامُ : دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
اِسْتَعْجَمَ۔ عجز سے ساکت ہونا۔
____ الْقِرَاءَةَ : پڑھنے پر قادر نہ ہونا ____ عَلَيْهِ الْكَلَامُ : کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
الْعَجْمُ و الْعُجْمُ۔ دُم کی جڑ۔
الْعَجَمُ۔ مُلک فارس و فارسی لوگ (____ و الْعُجْمُ) غیر عرب۔
الْعَجَمُ و الْعُجَامُ۔ چھوہارے کی گٹھلی۔ گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الرُّمَّانِ عَجَمٌ" واحد عَجَمَةٌ و عُجَامَةٌ۔
الْعَجَمَةُ۔ کھجور کا درخت۔
الْعَجْمَةُ۔ اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمَاتٌ۔
الْعُجْمَةُ و الْعِجْمَةُ۔ ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔
الْاَعْجَمُ۔ غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج اَعْجَمُوْنَ۔ اَعَاجِمُ۔
الْعَجْمَاءُ۔ مؤنث اَعْجَمُ : چوپایہ ج عَجْمَاوَاتٌ ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔
الْاَعْجَامُ۔ غیر عرب۔
الْعِجَامُ۔ بڑی چمگادڑ۔
الْاَعْجَمِيُّ و الْعَجَمِيُّ۔ غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔
الْعَوَاجِمُ۔ دانت۔ مفرد عَاجِمَةٌ۔

رَجُلٌ صُلْبُ الْمَعْجَمِ۔ آزمائش کے وقت سخت۔

الْمُعْجَم۔ مفع۔ مصدر میمی۔ حروفِ تہجی بَابٌ مُعْجَم: بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَم کہتے ہیں۔

عَجَنَ (ن ض) عَجْنًا۔ الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ ــــ عَلَى الْعَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا ــــ الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اُٹھنا۔ صفت عَاجِن ج عُجُن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ وَ خَبَزَ" یعنی بوڑھا ہوگیا۔

اَعْجَنَ۔ الرَّجُلُ: عُمر رسیدہ ہونا۔

اِعْتَجَنَ۔ الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا ــــ فُلَانٌ: خمیر بنانا۔

تَعَجَّنَ۔ الشَّيْءُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔

الْعَجِن مِنَ الْجِمَال: موٹا اُونٹ۔

الْعَجْنَاء: کم دودھ والی اُونٹنی۔ بہت موٹی اُونٹنی۔

الْعَجِيْن۔ گندھا ہوا آٹا۔ بچھڑا۔ ج عُجُن۔

الْعُجُنُ: ڈھیلے ڈھالے بدن کے مرد یا عورت۔

الْعَجِيْنَة۔ گندھے ہوئے آٹے کا ایک پیڑا۔ بچھڑا۔ بیوقوف۔ جماعت۔ اُمُّ عَجِيْنَة: گدھ۔

الْعِجَان۔ گردن۔ سرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور دُبر کا درمیانی حصہ۔ ج عُجُن و اَعْجِنَة۔

الْعَجَّان۔ بہت آٹا گوندھنے والا۔ بیوقوف۔

عَاجِنَةُ الْمَكَانِ: مکان کا وسط حصہ۔

الْمِعْجَن و الْمِعْجَنَة۔ آٹا گوندھنے کا برتن۔

عَجَّهَ۔ بَيْنَهُمَا: جدائی کرا دینا۔

تَعَجَّهَ۔ جاہل بننا ــــ الْاَمْرُ: ملتبس ہونا۔

الْعُجَاهِن۔ سیہی۔ جو خالص النسب نہ ہو۔ خادم۔ باورچی۔ ج عَجَاهِنَة۔

عَجَا يَعْجُو عَجْوًا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عَجَتِ الْاُمُّ الْوَلَدَ: ماں کا بچے کو وقت رضاعت کے بعد دودھ پلانا۔ دودھ پلانا۔ فُلَانٌ فَاهُ: منہ کھولنا۔ عجاه اللبن: دودھ کا غذا ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ فُلَانٌ مَا عَجَاهُ" یعنی سختی میں مبتلا ہوا (ــــ و عَاجَى) الْوَلَدَ: ماں کے علاوہ کسی دوسرے کا دودھ پلانا یا دودھ روک دینا اور غذا دینا۔

عَجَا و عَجِيَ۔ وَجْهَهُ: منہ ٹیڑھا کرنا۔

عَجِيَ (س) عَجًى الصَّبِيُّ: دودھ کے علاوہ کسی دوسری چیز سے پرورش پانا۔

الْعَجِيُّ۔ ماں کو کھونے والا۔ دوسرے کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عَجِيَّة ج عَجَايَا۔

الْعُجِيُّ۔ بچہ کہ جس کی ماں نے وقت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ بچہ کہ جس نے دوسرے کے دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عُجِيَّة ج عُجَايَا و عَجَايَا۔

الْعَجْوَة و الْعُجَاوَة۔ عمدہ قسم کی کھجور۔

الْعُجَاوَة و الْعِجَاوَة و الْعُجْوَة: دودھ جو کہ یتیم کو پلائیں۔

عَجَتْ تَعجى عَجْيًا۔ الْمَرْاَةُ صَبِيَّهَا: عورت کا بچے کو دودھ پلانا۔

الْعَجَايَة و الْعُجَايَة۔ عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بند و بست کا پٹھا ج عُجِيّ و عُجِيٌّ و عَجَايَا۔

عَدَّ (ن) عَدًّا و تَعْدَادًا الشَّيْءَ: شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَدْتُ زَيْدًا صَادِقًا" زید کو میں نے سچا گمان کیا۔

عَدَّدَ۔ الْمَيِّتَ: خوبیاں شمار کرنا۔ خوبیاں بیان کرنا ــــ الشَّيْءَ: شمار کرنا۔ عدد والا کر دینا ــــ الْمَالَ: زمانے کیلئے ساز و سامان بنانا۔

اَعَدَّهُ لِلْاَمْرِ: تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔

عَادَّهُ عِدَادًا و مُعَادَّةً۔ لڑائی میں مقابلہ کرنا ــــ الشَّيْءَ الْقَوْمَ: چیز کا قوم پر برابر برابر تقسیم ہونا۔

تَعَدَّدَ و تَعَادَّ۔ عدد میں زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتَعَدَّدُوْنَ و يَتَعَادُّوْنَ عَلَى اَلْفٍ" یعنی وہ ہزار سے زائد ہیں۔

اِعْتَدَّ۔ شمار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ لَا يُعْتَدُّ بِهِ" یعنی یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ "اِعْتَدَّ الْاَمْرَ تِجَارَةً" یعنی تجارت کا گمان کیا۔ عوام کہتے ہیں "اِعْتَدَّ بِنَفْسِهِ" یعنی اپنے نفس پر اعتماد کیا۔

اِسْتَعَدَّ۔ لِلْاَمْرِ: تیار ہونا۔

الْعَدَد۔ شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا ــــ مِنَ الْاِنْسَانِ: آدمی کی عمر کے سال۔ ج اَعْدَاد۔

الْعِدَاد۔ عطاء ــــ دیوانگی کا اثر۔ ہمسر۔ حریف۔ موت کا وقت۔ چیچی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ عِدَادِهِمْ" یعنی مِنجملہ ان کے ہے (ــــ و الْعِدَاد) مِنَ الْوَجَعِ وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرَضٌ عِدَاد" اس کا مرض وقت مقررہ پر عود کرتا ہے۔

الْعِدّ۔ جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ پرانا کنواں۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِدُّكَ" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج اَعْدَاد۔

الْعِدَّة۔ جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِيْ عِدَّةُ كُتُبٍ" میرے پاس کتابوں کا ایک ڈھیر ہے۔ "عِدَّةُ الْمَرْاَةِ" عورت کے طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا زمانہ۔ ج عِدَد۔

الْعُدَّة۔ تیاری۔ کہا جاتا ہے "كُوْنُوْا عَلَى عُدَّةٍ" تیار رہو۔ سامان حرب وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ عُدَّتَه" معاملے کیلئے سامان کو لے لیا ج عُدَد (ــــ و الْعُدّ) مہاسے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔

الْعَدَّان و الْعِدَّان۔ کسی چیز کا زمانہ و موسم یا زمانے کا اوّل و بہتر۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ فِيْ عَدَّانِ الشَّبَابِ و عَلَى عِدَّانِ مِلْكِهٖ" ج عَدَادِيْن۔

الْعَدَدِيّ۔ عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بکی جائے۔

الْعَدِيْد۔ شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكْثَرَ عَدِيْدَهُمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّرَاهِم عَدِيْدُ هٰذِهٖ" یعنی یہ دراہم اس کے مقدار میں ہیں۔ الْعَدِيْد مِنَ الْقَوْمِ: جو قوم میں شمار کیا جائے۔ اَيَّامٌ عَدِيْدَةٌ: چند دن ج عَدَائِد۔ الْعَدَائِد: بعض سے ہم مثل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔

الْعَدِيْدَة۔ حصہ۔

الْمُعِدَّ۔ فا۔ پورے سامان والا۔

عَذَرَ (ن) عَذْرًا و عُذْرَةً۔ جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔

عَدِرَ (س) عَدَرًا و اِعْتَدَرَ الْمَكَانُ: پانی

زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ المَطَرُ: بکثرت برسنا۔
العَادِرُ۔ فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔
العَدَّارُ۔ ملاح۔
العَدْرُ و العُدْرُ۔ موسلادھار کثیر بارش۔
عَدَسَهٗ (ض) عَدْسًا۔ خدمت کرنا۔ عَدَسَ المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرانا ___ الشَّيْءَ: تحت روندنا (___ عَدْسًا و عَدَسَانًا و عِدَاسًا و عُدُوْسًا) فِي الأَرْضِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "عَدَسَتْ بِهِ المَنِيَّةُ" موت اس کو لے گئی۔
عُدِسَ۔ پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْدُوْسٌ۔
عَادَسَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ سفر میں رہنا۔
العَدَس۔ مسور۔ واحد عَدَسَةٌ۔ العَدَسَة۔ پھنسی۔ العَدَسَة و العَدَسِيَّة عِنْدَ عُلَمَاءِ الطَّبِيْعَةِ: شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلاتِ نظر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔
عَدَسْ۔ خچر ہانکنے کے لیے اسم صوت۔ نام خچر۔
عَدَفَ (ض) عَدْفًا و تَعَدَّفَ۔ تھوڑا کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَفْتُ او مَا تَعَدَّفْتُ اليَوْمَ" یعنی آج میں نے تھوڑا بھی نہیں کھایا۔ چہ جائیکہ کثیر۔
اِعْتَدَفَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
العَدَفُ۔ تھوڑا عطیہ۔ تھوڑا چارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْنَا عَدْفًا و عَدَفًا و عُدَافًا و عَدُوْفًا و عَدُوْفَةً" ہم نے کھانے پانی سے کچھ بھی نہیں چکھا۔
العَدُوْف۔ تھوڑا چارہ۔ ج عُدُف۔
العِدْف۔ لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک حصہ۔
العِدْفَة۔ لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا دس سے پچاس تک (___ و العَدَفَة) زمین کے اندر درخت کی جڑ ج عَدَف۔
العَيْدَف۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَدَقَ (ض) عَدْقًا و عَدِقَ (س) عَدَقًا و عَدَّقَ و اَعْدَقَ يَدَهَا: حوض یا کنوئیں کے کنارے میں کسی چیز کی تلاش کرنے کے لیے ہاتھ ڈالنا ___ بِظَنِّهِ: کسی کام کو اپنی غالب رائے سے کرنا کہ اس کا یقین نہ ہو۔
العَدَقَة: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عُدُق۔
العَوْدَق و العَوْدَقَة۔ ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عَدَق۔
عَدَكَ (ن) عَدْكًا۔ الصُّوْفَ۔ اُون دھنکنے کے لیے ڈنڈے سے مارنا۔
المِعْدَكَة۔ اُون دھنکنے کا ڈنڈا۔
عَدَلَ (ض) عَدْلًا السَّهْمَ: تیر کو سیدھا کرنا۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ: برابری کرنا۔ بِرَبِّهٖ: شرک کرنا۔ الطَّرِيْقُ: ٹیڑھا ہونا۔ (___ عَدْلًا و عُدُوْلًا) اِلَيْهِ: رجوع کرنا۔ واپس ہونا فُلَانًا: موازنہ کرنا۔ ہٗ فِي الْحَمَلِ: ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدِلُكَ عِنْدِيْ شَيْءٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں (___ عَدْلًا و عَدَالَةً و عُدُوْلَةً و مَعْدَلَةً و مَعْدِلَةً) انصاف کرنا۔ صفت عادل ج عُدُوْل۔
عَدُلَ (ک) عَدَالَةً۔ عادل ہونا۔ گواہی کے قابل ہونا۔
عَدِلَ (س) عَدَلًا۔ ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاهِدَ: معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ: شعر درست وزن پر کہنا۔ المَتَاعَ: سامان کو دو حصوں میں برابر کرنا۔ دو گٹھڑی بنانا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰى عَدَّلَ" یعنی اس قدر پیا کہ اس کا پیٹ مانند گٹھڑی کے ہوگیا (و اَعْدَلَ) الشَّيْءَ: سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَهٗ عِدَالًا و مُعَادَلَةً۔ موازنہ کرنا۔ ہٗ فِي المَحْمِلِ: ساتھ سوار ہونا۔ الشَّيْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ فِي الأَمْرِ: متردد ہونا۔ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: برابری کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَادَلَ بَيْنَ الأَمْرَيْنِ" جب کہ دو امر پیش آئیں اور یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کونسا اختیار کرے "قَطَعَ العِدَالَ فِيْ اَمْرِهٖ" یعنی پختہ ارادہ کرلیا۔
اِنْعَدَلَ عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹ جانا۔
اِعْتَدَلَ۔ سیدھا ہونا۔ دو حالتوں میں توسط اختیار کرنا۔
العَادِل۔ فا۔ مشرک ج عُدُوْل۔
العَدْل۔ انصاف۔ عادل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَدْلٌ و اِمْرَاَةٌ عَدْلٌ و عَدْلَةٌ و رِجَالٌ عَدْلٌ" نظیر۔ مثل۔ ج اَعْدَال۔ العَدْل: پیمانہ۔ بدلہ۔ اُمور میں توسط۔ برابری۔ امر متوسط۔ سیدھا ہونا۔
العِدْل۔ نظیر و مثل۔ قیمت۔ کہا جاتا ہے "خُذْ عِدْلَهٗ كَذَا و كَذَا" یعنی اس کی اتنی قیمت لو۔ گون۔ جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا بوجھ۔ ج عُدُوْل و اَعْدَال۔
العَدَل۔ دو گونوں کی برابری۔
العَدَلَة و العُدْلَة۔ معتبر گواہان اور بقول بعض عُدْلَة واحد ہے اور عَدَلَة جمع۔
العَدِل۔ العَادِل۔
العَدِيْل۔ نظیر۔ مثل۔ ردیف ج عُدَلَاء۔
الاِعْتِدَال۔ برابری۔ تناسب۔ الاِعْتِدَالُ الرَّبِيْعِي: موسم ربیع میں رات دن کا برابر ہونا۔ الاعتدال الخريفي: موسم خریف میں رات دن کا برابر ہونا۔
المَعْدِل و المَعْدُوْل۔ پھرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ مَعْدِلٌ او مَعْدُوْلٌ عَنْ كَذَا" یعنی اس کیلئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔ "اَخَذَ مَعْدِلَ البَاطِل" یعنی اس نے باطل کا طریقہ اختیار کیا۔
مُعَدَّلَاتُ البَيْتِ: گھر کے گوشے۔
عَدِمَ (س) عُدْمًا و عَدَمًا المَالَ: گم کرنا۔ نیست کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدَمُنِيْ هٰذَا الأَمْرُ" یہ امر مجھ سے تجاوز نہیں کرتا۔
عَدُمَ (ک) عَدَامَةً۔ بیوقوف ہونا۔
اَعْدَمَ اِعْدَامًا۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت مُعْدِم و عَدِيْم ___ ہٗ الشَّيْءَ: محروم کردینا۔
اَعْدَمَنِي الشَّيْءُ: نہ پانا۔ اَعْدَمَ فُلَانًا: منع کرنا۔
العَدَم و العُدْم و العُدُم۔ فقدان۔ العَدَم: نیستی۔
العَدِم۔ فقیر۔ محتاج۔
العَدِيْم۔ بیوقوف۔ دیوانہ۔ فقیر۔ غیر موجود کہا جاتا ہے "هو عديم النظير" اس کے ہم مثل کوئی نہیں۔ ج عُدَمَاء۔
ارض عُدَمَاء۔ ویران زمین۔
المَعْدُوْم۔ مفع۔ ضد موجود۔
عَدَنَ (ض) عَدْنًا الارض: زمین میں کھاد ڈالنا۔
الحجر: اُکھیڑنا۔
عَدَنَ (ن ض) عَدْنًا و عُدُوْنًا: بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ البَلَدَ: وطن بنا لینا۔ اسی سے ہے

"جَنّٰتُ عَدْنٍ"
عَدَنَ الْاَرْضَ :زمین میں کھاد ڈالنا۔
الْاَرْضَ : زمین کھودنا۔ الشَّارِبُ :پینے والے کا آسودہ ہونا۔
عَدَنٌ۔ یمن میں ایک شہر کا نام۔
الْعَدَنِی۔ عدن کی جانب منسوب۔ اچھے اخلاق والا۔
جَنَّةُ عَدْنٍ۔ بہشت کا نام۔
الْعَدَانُ۔ سمندر کا کنارہ۔ دریا کا کنارہ۔
الْعَدَانَةُ۔ جماعت۔ ج عَدَانَات۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَدَانَاتٌ" ہمارے پاس مختلف جماعتیں آئیں۔
الْعَدِينَةُ۔ ڈول کا پیوند۔
الْعَيْدَانَةُ۔ کھجور کا لمبا درخت۔ ج عَيْدَان۔
الْمَعْدِنُ۔ کان سونے، چاندی وغیرہ کی۔ ہر چیز کا مکان جس میں اس کا اصل و مرکز ہو۔ گرمی سردی میں رہائش کی جگہ، کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَعْدِنُ الْخَيْرِ" فلاں خیر کا اصل و مرکز ہے۔ ج مَعَادِن۔
الْمِعْدَنُ۔ ہتھوڑا۔ وہ آلہ جس سے پتھر نکالے جائیں اور توڑے جائیں۔
الْمُعَدِّنُ۔ فا۔ کان کن۔ کان سے چاندی، سونا نکالنے والا۔
عَدَا يَعْدُوْ عَدْوًا وَعَدَوَانًا وَعُدُوًّا وَتَعْدَاءً وَعَدًا۔ دوڑنا (___ عَدْوًا و عُدْوَانًا) فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ : کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔
عَلَيْهِ : حملہ کرنا الْاَمْرَ وَعَنِ الْاَمْرِ : چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَه اَوْ قَدْرَه" اس نے اپنے مرتبہ سے تجاوز کیا (___ عَدْوًا و عُدُوًّا وعَدَاءً وعُدْوَانًا وعِدْوَانًا و عُدْوَى) عَلَيْهِ : ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاعَدَا اَمِمَّا بَدَا۔"
عَدَا مصدریہ کے ساتھ یا بغیر ما کلمۂ استثناء ہے اور یہ تمام احکام میں خلا کے مانند ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءَ الْقَوْمُ عَدَا زَيْدًا و عَدَا زَيْدٍ" نصب اور جر کے ساتھ اور مَاعَدَا زَيْدًا صرف نصب ہی کے ساتھ۔
عَدِيَ يَعْدَى عَدًا لِفُلَانٍ : بغض رکھنا۔
عُدِيَ عَلٰى فُلَانٍ : ظلم کیا جانا۔ مال کا چوری جانا۔

عَدَّى عَنِ الْاَمْرِ : چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرٰى" اپنی نگاہ پھیر لو ___ فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا ___ الشَّیْءَ : نافذ کرنا ___ الفِعْلَ : لازم فعل کو متعدی بنانا۔
عَادَى عِدَاءً وَمُعَادَاةً فُلَانًا : جھگڑا کرنا۔ دشمن ہونا ___ بَيْنَ الصَّيْدَيْنِ : ایک دوڑ میں دو شکار مارنا ___ الشَّیْءَ : دور کرنا۔
اَعْدَى۔ الرَّجُلَ : دوڑنے کیلئے اکسانا ___ فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ : مدد کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ الْاَمْرَ : معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔
اَعْدَاه شَرًّا : شر پہنچانا ___ ہ مِنْ عِلَّةٍ او خُلُقٍ : بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قَرِيْنُ السُّوْءِ يُعْدِیْ قَرِيْنَهٗ" برا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی برا بنا دیتا ہے۔ اَعْدَى عَلَيْهِ : ظلم کرنا ___ فِیْ كَلَامِهٖ۔ زیادتی کرنا۔
تَعَدَّى الشَّیْءَ : تجاوز کرنا ___ عَلَيْهِ : ظلم کرنا ___ الفِعْلُ : متعدی ہونا ___ الشَّیْءَ اِلٰى آخر : تجاوز کرانا۔
تَعَادَى الْقَوْمُ : ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ دوڑ میں مقابلہ کرنا ___ الرَّجُلُ : دور ہونا ___ مَابَيْنَهُمْ : اختلاف ہونا۔ فساد ہونا ___ الْمَكَانُ : ناہموار ہونا۔ تَعَادَتِ النَّوَائِبُ : مصائب کا پے درپے ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَادَى الْقَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔
اِعْتَدَى الْحَقَّ و عَنِ الْحَقِّ وفَوْقَ الْحَقِّ : تجاوز کرنا ___ عَلٰى فُلَانٍ : ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدَى الرَّجُلَ : مدد طلب کرنا ___ الفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑانا۔
الْعَدَاءُ۔ مشغولیت۔ دوری (___ و العِدَاءُ) ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا الفَرَسُ عِدَاءً وعَدَاءً وَاحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی۔
عَدَاءُ الْوَادِیْ : وادی کا درمیان۔
العِدْو و العِدَاءُ و العِدَى۔ چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔
العِدَى و العَدَى۔ جانب ج اَعْدَاء۔
العِدَى۔ اَعْدَاء جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔

الْعُدَى۔ عدو کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔
الْعَدْوَى۔ فساد۔ امراض متعدیہ۔
الْعَدَاوَةُ۔ دشمنی۔ دوری۔
الْعُدْوَةُ۔ دور جگہ (___ و العَدْوَةُ والعِدْوَةُ) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء و عِدَوَات۔
الْعَدْوَةُ۔ ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔
الْعُدَوَاءُ۔ سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت۔ عُدَوَاءُ الشَّوْقِ : شدائد و تکالیف شوق۔ عُدَوَاءُ الشُّغْلِ : شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُهُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہو گئی۔
الْعُدْوَانُ۔ خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَیَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔
الْعَدَوَانُ۔ تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوْ عَدَوَانٍ : لاگو بھیڑیا۔
الْعَدَّاءُ۔ تیز دوڑنے والا۔
عَدِیٌّ۔ نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل و قتال کے لیے تیار ہو۔
الْعَدُوُّ۔ دشمن۔ ج اَعْدَاء جج اَعَادٍ۔
الْعَادِیْ۔ فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَادِی الْعَوَادِیْ : بہت ضروری امور جو دوسرے امور سے باز رکھیں ج عُدَاة۔ عَادِیَا اللَّوْحِ : تختی کے دونوں طرف۔
الْعَادِيَةُ۔ مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل و قتال کیلئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑ سوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزیٔ غضب۔ عَادِيَةُ السَّمِّ۔ زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ عَادِيَةَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان دور کر دیا ج عَوَادٍ۔ عَوَادِی الدَّهْرِ : گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْهُ عَنْ كَذَا عَوَادٍ" اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔
الْمَعْدَى۔ گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِیْ عَنْ فُلَانٍ مَعْدًى" میرے لیے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔
عَذَبَ (ض) عَذْبًا۔ سخت پیاس کی وجہ سے

کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوب و عَاذِب ـــــ
عَنْهُ : باز رہنا ـــــ ہ : منع کرنا۔ عَذَّبَ
السَّوْطَ :کوڑے میں پھندنا لگانا۔
عَذِبَ (س) عَذَبًا الْمَاءُ : کائی والا ہونا۔
صفت عَذِب۔
عَذُبَ (ک) عُذُوبَةً و اِعْذَوْذَبَ الشَّرَابُ :
میٹھا و خوشگوار ہونا۔
أَعْذَبَ۔ میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ
دور کرنا ـــــ الْقَوْمَ : میٹھے پانی والا ہونا۔ اللّٰهُ
الْمَاءَ : میٹھا پانی کر دینا ـــــ عَنْهُ :باز رہنا ـــــ عَنِ
الْأَمْرِ : منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْذِبْ نَفْسَكَ
عَنْ كَذَا" :اپنے نفس کو اس سے روکو۔
عَذَّبَهُ۔ عذاب دینا۔ عَذَّبَهُ عَنِ الشَّيْءِ : منع
کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ : کوڑے میں پھندنا لگانا۔
الشَّيْءَ :روکنا۔
اِعْتَذَبَ۔ عمامے کے دو شملے لٹکانا۔
اِسْتَعْذَبَ۔ الشَّيْءَ : میٹھا و خوشگوار پانا۔ میٹھا و
خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَخْرَجٌ
يَسْتَعْذِبُ الْمَاءَ" میٹھا پانی لانے کیلئے گیا
ـــــ عَنْ كَذَا :باز رہنا۔
الْعَذْبُ۔ مص۔ خوشگوار کھانا پانی۔ مَاءٌ عَذْبٌ :
میٹھا پانی۔ الْعَذْبُ :ایک قسم کا درخت۔
الْعَذَبُ۔ مص۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی
زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔
عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَةٌ۔
الْعَذَبَةُ۔ تنکا (ـــــ والْعَذْبَةُ و الْعَذِبَةُ) کائی
ج عَذَبَات۔
الْعَاذِبُ۔ فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان
کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔
مِنَ الدَّوَابِّ :وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھانا پیتا نہ
ہو۔ ج عُذُوب۔
الْعَذُوبُ۔ بمعنی عَاذِب ـــــ مِنَ الدَّوَابِّ۔
شدت پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔
الْعَذَابُ۔ ہر وہ جو انسان کیلئے باعث مشقت
ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج أَعْذِبَة۔
عَذَجَ (ض) عَذْجًا الْمَاءَ :پانی پینا ـــــ
فُلَانًا :گالی دینا۔
الْمِعْذَجُ۔ غیرت مند۔ بد خلق۔ بہت ملامت
کرنے والا۔
عَذَرَهُ (ض) عُذْرًا و عُذُرًا و عُذْرَى
و مَعْذُرَة و مَعْذِرَة عَلَى او فِي مَا صَنَعَ :الزام
سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔
عَذَرَ (ض) عَذْرًا و عُذْرًا۔ گناہ زیادہ ہونا (
ـــــ عَذْرًا) الْغُلَامَ :لڑکے کا ختنہ کرنا۔
عَذَرَ (ض ن) عَذْرًا و عُذْرًا۔ الْفَرَسَ
بِالْعِذَارِ : پوزی لگانا' باگ ڈور سے باندھنا
ـــــ الصَّبِيُّ الْعَاذُورَ : حلق کا درد لاحق ہونا
اور تکلیف پہنچانا۔
عُذِرَ الصَّبِيُّ :حلق کا درد لاحق ہونا۔
عَذَّرَ۔ عذر ثابت نہ ہونا ـــــ ہ :عذر کرنے
میں مبالغہ کرنا۔ عذر الغلام :لڑکے کے رخسارہ پر
سبزہ اُگنا۔ مسیں بھیگنا ـــــ الدَّارَ: نشانات مٹانا
ـــــ فِي الْأَمْرِ :کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔
أَعْذَرَ فِي او عَلَى مَا صَنَعَ :الزام سے بری
کرنا ـــــ الرَّجُلُ :عذر ظاہر کرنا ـــــ مِنْ
نَفْسِهِ بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا ـــــ فِي
الْأَمْرِ :کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود
کوشش کرنے والا سمجھنا ـــــ الْفَرَسَ :پوزی
باندھنا' باگ ڈور باندھنا ـــــ الْغُلَامَ :لڑکے کا
ختنہ کرنا ـــــ ہ فِي ظَهْرِهِ :مار کر بدمی ڈالنا۔ کہا
جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتَّى أَعْذَرَ مَتْنَهُ" مارا یہاں
تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیئے ـــــ
بِفُلَانٍ :زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ
فُلَانٌ فَأَعْذِرَ" یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے
قریب پہنچا دیا گیا۔ أَعْذَرَتِ الدَّارُ :بکثرت پلیدی
والا ہونا۔
عَاذَرَ مُعَاذَرَةً۔ عذر نہ ثابت ہونا۔
تَعَذَّرَ۔ عَلَيْهِ الْأَمْرُ :دشوار ہونا۔ باز رہنا۔
ـــــ عَنِ الْأَمْرِ :پیچھے ہٹنا ـــــ الرَّسْمُ :مٹنا
ـــــ الرَّجُلُ :اپنے لیے حجت کرنا۔ بھاگنا
ـــــ الشَّيْءُ :پلیدی سے لتھڑنا ـــــ فُلَانٌ
مِنَ الذَّنْبِ :گناہ سے بری ہونا۔
اِعْتَذَرَ عَنْ و مِنْ فِعْلِهِ :عذر بیان کرنا ـــــ
عَنْ فُلَانٍ : کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔
الرَّجُلُ :صاحب عذر ہونا ـــــ إِلَيْهِ :عذر پیش
کرنا ـــــ الرَّسْمُ :نشان مٹنا۔
اِسْتَعْذَرَ إِلَيْهِ :عذر پیش کرنا۔
الْعُذْرُ۔ حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج
أَعْذَار۔ غلبہ۔ کامیابی۔ اور اسی سے ہے جو جنگ
کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ الْعُذْرُ" یعنی کس
کے لیے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ أَبُو عُذْرِ
هٰذَا الْكَلَامِ" وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے
"الْهَوَى الْعُذْرِيُّ" پاکیزہ محبت۔
الْعِذَارُ۔ پوزی۔ باگ ڈور۔ ج عذر رخسارہ۔
رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہا جاتا ہے
"خَلَعَ عِذَارَهُ" و "هُوَ خَلِيعُ الْعِذَارِ" یعنی
وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں
منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پروا
نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ "لَوَى
عِذَارَهُ عَنْهُ" یعنی نافرمانی کی الْعِذَارُ مِنَ
النَّصْلِ : تیر کے پھل کے دونوں طرف کی
دھار۔ الْعِذَارُ :ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔
الْعِذْرَةُ۔ عذر ج عِذَر۔
الْعُذْرَةُ۔ بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار
گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لیے اس کی
پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی
گردن کے بال۔ الْعُذْرَةُ :پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔
ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی
ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر۔
الْعَذِرَةُ۔ پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے
نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرَات۔
الْعَاذِرُ۔ فا۔ نشان زخم (ـــــ والْعَاذِرَةُ)
پاخانہ۔ الْعَاذِرُ : وہ رگ جس سے استحاضہ کا
خون آتا ہے۔
الْعَذِيرُ۔ بمعنی عَاذِر۔ مددگار ج عُذُرٌ مؤنث
عذیرۃ۔ الْعَذِيرُ و الْعَذِيرَةُ۔ کسی نئی خوشی کا
کھانا۔ الْعَذِيرَةُ :نشان زخم۔
الْعَاذُورُ۔ گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِير۔
الْإِعْذَارُ۔ کسی نئی خوشی کا کھانا۔
الْعَذْرَاءُ۔ باکرہ۔ دوشیزہ ج عَذَارَى
و عَذَارِي و عَذْرَاوَات۔ لقب سیدہ مریم رضی اللہ عنہا
کا۔
الْعُذْرَى والْمَعْذَرَةُ والْمَعْذُرَةُ
والْمَعْذِرَةُ۔ عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر۔

المِعْذَار۔ عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِیْر۔
عَذَفَ (ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا۔
تَعَذَّفَ۔ الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ عَذْفًا ولا عَذُوْفًا ولا عُذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
سَمٌّ عُذَافٌ۔ زہر قاتل۔
العُذَافِرُ۔ شیر۔ مضبوط اُونٹ۔ ج عُذَافِرَة۔
عَذَوْفَر۔ مضبوط اُونٹ۔
عَذَقَ (ض) عَذْقًا وعَذَّقَ النَّخْلَةَ: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عذقه اِلٰی کَذَا: منسوب کرنا۔
عَذَقَ واَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اُون سے نشان لگانا۔
اِعْتَذَقَ۔ دو شملے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَهُ بِكَذَا کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
العَاذِقُ۔ فا۔ وہ شخص جو درخت خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن وعُذَّاق۔
العَذْقُ۔ پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُق وعُذَّاق۔
العِذْقُ۔ انگور کا گچھا ___ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْق واَعْذَاق۔ العِذْقُ: شاخ دار شئی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ عِذْقٌ کَمَلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔
العَذِقُ۔ ہوشیار۔ چرب زبان۔ طِيْبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔
العَذْقَة والعِذْقَة۔ بکری کے رنگ کے خلاف اُون کا نشان۔
عَذَلَهُ (ن ض) عَذْلًا وعَذَلَةً۔ ملامت کرنا۔ صفت عَاذِل ج عُذَّل وعُذَّال وعَذَلَة وعَاذِلُوْن مؤنث عَاذِلَةٌ ج عَوَاذِل و عَاذِلَات۔
تَعَاذَلَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
تَعَذَّلَ واِعْتَذَلَ۔ اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيْءِ: پختہ ارادہ کرنا۔

العَذْلُ والعَذَلُ والتَعْذَال۔ ملامت کرنا۔ اَيَّامٌ عُذَّلٌ ومُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔
العُذَلَة والعُذُوْل والعَذَّال والعَذَّالَة۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذَّالَة۔ مؤنث عَذَّالٌ۔ سرین۔
العَاذِلُ۔ فا۔ رگ خونِ استحاضہ۔
المُعَذَّلُ۔ مفہ۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔
عَذْلَجَ۔ السِقَاءَ: مشکیزہ بھرنا ___ الوَلَدَ وغَیْرَهُ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔
عَيْشٌ عِذْلَاجٌ۔ خوشگوار زندگی۔
العُذْلُوْجُ۔ اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔
المُعَذْلَجُ۔ پرگوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجة۔
عَذَمَ (ض) عَذْمًا الفَرَسُ: گھوڑے کا کاٹ کھانا ___ الرَّجُلُ: اپنے آپ سے دفع کرنا ___ ہ: ملامت کرنا۔
عَذِمَ (س) عَذْمًا۔ گالی دینا۔
اَعْذَمَهُ۔ عَنْ نَفْسِهِ: روکنا۔ منع کرنا۔
العَذُوْمُ۔ بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم۔
العَذَّامُ۔ بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذِيْمَة۔ ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت۔ ج عَذَائِم۔
عَذَا يَعْذُوْ عَذْوًا وعَذِيَ يَعْذَى عَذًى وعَذُوَ يَعْذُوْ عَذَاوَةً المَكَانُ۔ اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراضِ وبائیہ سے دور ہونا۔
اِسْتَعْذَى المَكَانَ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔
ارض عَاذِيَةٌ وعَذِيَةٌ وعَذِيَّةٌ وعَذَاةٌ۔ عمدہ آب و ہوا والی زمین۔
العِذْيُ۔ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ ج اعذاء۔
عَرَّ (ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی ہونا۔ صفت عَرٌّ واَعَرُّ وعَارٌّ ومَعْرُوْر۔
عَرَّهُ (ن) عَرًّا۔ غمگین کرنا۔ سائل بن کر آنا۔ عَرَّهُ بِشَرٍّ: برائی سے ملوث کرنا (___ وعَرَّرَ) الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔

عَرَّ (ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّةً و عِرَارًا الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔
اَعَرَّتِ۔ الدَّارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔
تَعَارَّ۔ نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
اِعْتَرَّهُ واِعْتَرَّ بِهِ اِعْتِرَارًا۔ بغیر سوال کے بخشش کے لیے آنا۔
اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرَبُ: خارش پھیلنا۔
العَارُوْر والعَارُوْرَة۔ منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
العُرَرُ والعُرُوْرُ۔ خارش۔
العَرُّ۔ خارشی۔ خارش۔ عیب۔ برائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
العَرَّة۔ اسم مرۃ۔ مؤنث العَرّ۔ جنگ کی سختی۔ بری عادت۔ عیب۔
العُرُّ۔ خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔
العُرَّة۔ خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچنا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عُرَّة" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔
الاَعَرُّ۔ خارشی مرد یا اُونٹ۔ مؤنث عَرَّاءُ ج عُرٌّ۔ العَرَّاءُ: لڑکی۔
العَرَار۔ ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے۔ جنگلی نرگس۔ واحد عَرَارَةٌ۔
العَرَارَة۔ قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرَار۔ گناہ۔ قصور۔
العَرَارَة۔ ٹڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بد خلقی۔
العَرِيْرُ۔ اجنبی۔
المَعَرَّة۔ گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ امرِ قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَيْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرُّ۔ فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُبَ (ک) عُرُوْبَةً وعُرُوْبِيَّةً وعَرَابَةً وعَرْبًا وعُرُوْبًا۔ فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ (س) عَرَبًا۔ بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا

___ المِعْدَةُ : معدہ کا فاسد ہونا ___ الجُرْحُ- سوجنا اور پیپ والا ہونا ___ البِئْرُ : کنوئیں میں پانی بہت ہونا ___ الرَّجُلُ : لکنت کے بعد فصیح ہونا-

عَرَبَ (ض) عَرْبًا- الطَّعَامَ : کھانا-

عَرَّبَ- المَنْطِقَ : اعرابی غلطی سے پاک کرنا ___ الكِتَابَ ونَحْوَهُ : عربی میں ترجمہ کرنا ___ عَلَيْهِ فِعْلَهُ : قباحت بتانا ___ قَوْلَهُ : رد کردینا عَنْهُ لِسَانُهُ : فصیح ہونا- مُراد کو ظاہر کرنا ___ عَنْ صَاحِبِهِ : اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا ___ الرَّجُلُ : عربی گھوڑا لینا : المُشْتَرِي بیعانہ دینا ___ الرَّجُلُ : فصیح بات بولنا ___ بِحُجَّتِهِ : دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا ___ الاِسْمَ الأَعْجَمِيَّ : عربی کردینا-

أَعْرَبَ الشَّيْءَ : ظاہر کرنا ___ عَنْ حَاجَتِهِ : صاف بیان کرنا ___ كَلَامَهُ : فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا ___ بِالكَلَامِ : بیان کرنا- بِحُجَّتِهِ عمدہ دلیل لانا ___ الاِسْمَ الأَعْجَمِيَّ : عربی بنادینا ___ الكَلِمَةَ : اعراب لگانا ___ الفَرَسَ : دوڑانا ___ الفَرَسَ العَرَبِيَّ : ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا- أَعْرَبَ الرَّجُلُ : اونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا ___ المُشْتَرِي : بیعانہ دینا ___ الرَّجُلُ : کلام میں غلطی نہ کرنا- فحش بات بولنا-

تَعَرَّبَ- اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا- ان کی مشابہت کرنا- دیہات میں اقامت کرنا- اور اعرابی بننا-

اِسْتَعْرَبَ- عربوں میں داخل ہوجانا- فحش بات بولنا-

العُرْبُ و العَرَبُ- باشندگانِ ملک عرب- ج أَعْرُبٌ و عُرُوبٌ-

العُرْبُ والعَرْبَاءُ والعَارِبَةُ والعَرِبَةُ والعَرَبِيَّةُ- خالص عربی لوگ- اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے-

العَرَبُ والمُتَعَرِّبَةُ والمُسْتَعْرِبَةُ- غیر ملکی لوگ جو عرب میں آکر آباد ہوگئے ہوں-

العَرَابَةُ والعِرَابَةُ- فحش وبدگوئی-

العَرَبُ والعَرِبُ- مِنَ المَاءِ : کثیر صاف پانی-

رَجُلٌ عَرِبٌ : تیز زبان مرد- بِئْرٌ عَرِبَةٌ : بہت پانی والا کنواں- مِعْدَةٌ عَرِبَةٌ : فاسد معدہ-

رَجُلٌ عَرْبَانُ- فصیح مرد-

رَجُلٌ عَرْبَانِيُّ اللِّسَانِ : فصیح مرد-

العَرَبِيُّ- خالص عرب کا باشندہ- اگرچہ قیام کسی دوسرے ملک میں ہو-

العَرَبِيَّةُ- مؤنث العَرَبِيّ- اللُّغَةُ العَرَبِيَّةُ- عربی زبان-

الأَعْرَابِيُّ- عرب کا دیہاتی-

الأَعْرَابُ- عرب دیہات کے باشندے- واحد أَعْرَابِيٌّ-

العَرَبَةُ- تیز بہنے والی نہر- نفس- ج عَرَبٌ و عَرَبَاتٌ- العَرَبَاتُ- وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق بگی پر ہوتا ہے-

العَرَّابُ- عِنْدَ النَّصَارَى : جب کسی کو بپتسمہ دیا جاتا ہے تو عیسائی رسم کے مطابق ایک مقدس شخص اس کا باپ بنتا ہے وہ "عَرَّاب" اور جو ماں بنتی ہے وہ "عَرَّابَة" کہلاتی ہے- جنہیں انگریزی میں Good Father and Good Mother کہتے ہیں-

الأَعْرَابِيَّةُ- عربی دیہاتیت- کہا جاتا ہے "هُوَ أَعْرَبُهُمْ أَحْسَابًا" حسب کے لحاظ سے خالص وأَعْرَبُهُمْ أَلْسِنَةً : اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَيْلٌ او إِبِلٌ عِرَابٌ و أَعْرُبٌ : خاص عربی گھوڑے یا اونٹ-

العُرْبَانُ- عرب-

العَرُوبُ والعَرُوبَةُ مِنَ النِّسَاءِ : بہت ہنسنے والی- زوج کی نافرمان- عَرُوبَةُ اور يَوْمُ العَرُوبَةِ : جمعہ کا دن- کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مُعْرِبٌ او عَرِيبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں-

الاِسْمُ المُعَرَّبُ- عربی بنایا ہوا اسم- جیسے ریشم سے ابریسم-

عَرْبَدَ عَرْبَدَةً- بدخلق ہونا- صفت عِرْبِيد و مُعَرْبِد-

العِرْبَدُ والعِرْبِدُ- ایک سخت چیز- کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبِدًا" یعنی سخت غضبناک ہوا- نر سانپ-

عَرْبَنَهُ- بیعانہ دینا-

العُرْبُونُ والعَرَبُونُ والعُرْبَانُ- بیعانہ- سائی ج عَرَابِينُ- عوام رُعْبُونٌ ___ کہتے ہیں-

عَرَتَ (ض ن ف) الرُّمْحُ : نیزے کا سخت ہونا ___ البَرْقُ ونَحْوُهُ : بجلی وغیرہ کا چمکنا ___ بَرْقٌ اور رُمْحٌ عَرَّاتٌ : بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی-

العَرْتَبَةُ- ناک یا ناک کا نرم حصہ- اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا-

العَرْتَمَةُ- ناک کا اگلا حصہ- کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَلَى عَرْتَمَتِهِ" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا-

عَرَجَ (ض ن) عُرُوجًا و مَعْرَجًا فِي السُّلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا ___ عَلَى الشَّيْءِ و فِيهِ : چڑھنا- عُرِجَ بِهِ : چڑھایا جانا-

عَرَجَ و عَرِجَ (ف س) عَرَجًا- لنگڑا ہونا- صفت أَعْرَجُ ج عُرْجٌ و عُرْجَانٌ مؤنث عَرْجَاءُ-

عَرِجَتْ (س) و عَرُجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا-

عَرَّجَ- ٹھہرنا- ایک جانب سے دوسرے جانب جھکنا ___ عَنِ الشَّيْءِ : چھوڑنا اور تجاوز کرنا ___ الثَّوْبَ : پیچیدہ دھاری دار بنانا ___ البِنَاءَ او النَّهْرَ- جھکاؤ کے ساتھ بنانا ___ الرَّجُلَ : آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُعَرَّجُ عَلَى قَوْلِهِ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا (___ و تَعَرَّجَ) جھکنا ___ عَلَى المَكَانِ : سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا-

أَعْرَجَ- آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا- أَعْرَجَهُ اللّٰهُ : لنگڑا کردینا-

تَعَارَجَ- بتکلف لنگڑا بننا-

اِنْعَرَجَ- الشَّيْءُ : مڑنا- ٹیڑھا ہونا ___ الطَّرِيقُ : جھکنا ___ عَنِ الشَّيْءِ : تجاوز کرنا"

چھوڑ دینا ــــــ القَوْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ : بھٹک جانا۔
العَرَجَ والعَرَجَان۔ لنگڑاہٹ' لنگڑے کی چال۔
العَرْجَاء۔ مؤنث الأعْرَج۔ لنگڑی عورت۔ بجو۔
العَرْجَة والعُرْجَة جس پر توقف کیا جائے۔
أَمْرٌ عَرِيْجٌ غیر مستحکم کام۔
العُرَيْجَاء۔ دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
المِعْرَجُ والمَعْرَج والمِعْرَاج۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج مَعَارِجُ ومَعَارِيْج۔
المُنْعَرَجُ مِنَ الوَادِي : وادی کا موڑ۔
عَرْجَنَ الثَّوْبَ : کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُوْن۔ کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَرَاجِيْن۔
العُرْجُد والعُرْجُدِّ۔ بمعنی عرجون۔
عَرَدَ (ن) عَرْدًا الحَجَر : پتھر کو دور پھینکنا۔
(ــــــ عُرُوْدًا وأعْرَد) النَّبَاتُ او النَّابُ : پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا ــــــ الشَّجَرُ : درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَرِدَ (س) عَرَدًا وعَرَّد۔ بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَّدَ السَّهْمُ فِي الرَّمِيَّةِ : تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَّدَ النَّجْمُ : ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔ عَرَّدَ الرَّجُلُ : راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔
العَرْدُ والعَرِدُ والعُرُدُّ۔ بہت سخت۔
العَرَادَة : مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "هُوَ فِي عَرَادَةِ خَيْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔
العَرَّادَة۔ پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادَات۔
العَرِيْد۔ طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَرِيْدُهُ" یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْدَسَه۔ پچھاڑنا۔
العَرَنْدَس۔ بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِزٌّ عَرَنْدَسٌ : ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَزَ (ض) عَرْزًا۔ الشَّيْءَ : سختی سے کھینچنا۔ الرَّجُلَ : کسی کو ملامت کرنا (ــــــ وعَرِزَ (س) عَرَزًا) الشَّيْءُ : سخت ہونا۔ سکڑنا۔
عَرَّزَ۔ سکڑنا ــــــ الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَهُ۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
عَارَزَ وتَعَارَزَ الشَّيْءُ : سکڑنا۔
أَعْرَزَ۔ الشَّيْءَ : فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تَعَرَّزَ۔ عَلَيْهِ : دشوار ہونا۔
إِسْتَعْرَزَ۔ الشَّيْءُ : سکڑنا ــــــ الرَّجُلُ : سخت ہونا۔
العِرْزَال۔ شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لیے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی ممی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قَوْمٌ عَرَازِيْل : چوروں کا گروہ۔
العِرْزِم۔ پرانا سانپ۔
العِرْزَم والعَرَازِم والعِرْزَام : شیر۔
عَرَسَ (ن) عَرْسًا۔ خوشی میں رہنا ــــــ عَنْهُ : پھر جانا (ــــــ عَرْسًا وعُرْسًا) جماع کرنا۔
عَرَسَ (ن ض) عَرْسًا۔ البَعِيْرَ : اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عَرِسَ (س) عَرَسًا۔ الرَّجُلُ : اکڑنا ــــــ بِهِ : لازم ہونا۔ محبت کرنا ــــــ مِنْهُ : بے خود ہونا۔ صفت عَرِسٌ ــــــ الشَّيْءُ : سخت ہونا۔ الشَّرُّ بَيْنَهُمْ : ہمیشہ رہنا ــــــ عَنْهُ : بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا ــــــ عَلٰى مَا عِنْدَهُ : باز رہنا اور بخل کرنا۔
أَعْرَسَ۔ دلہن لانا ــــــ الشَّيْءَ : لازم ہونا اور محبت کرنا ــــــ الرَّجُلُ : چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کیلئے رکھنا ــــــ بِأَهْلِهِ : جماع کرنا (ــــــ وعَرَّسَ) القَوْمَ : سفر میں آخر رات میں آرام کے لیے اترنا۔
تَعَرَّسَ لِامْرَأَتِهِ : فریفتہ ہونا۔
إِعْتَرَسَ القَوْمُ عَنْهُ : متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
العَرْس۔ مص۔ رسّی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (ــــــ والعُرْس) چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج أَعْرَاس۔
العِرْس۔ دلہن۔ عِرْسُ المَرْأَةِ : دولہا۔ ج أَعْرَاس۔ اِبْنُ عِرْس نیولا۔ ج بَنَاتُ عِرْس (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)
العُرْس والعُرُس۔ زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج أَعْرَاس وعُرُسَات۔
العِرَاس۔ رسّی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔
العَرُوْس۔ دولہا دلہن۔ جمع کے لیے کہا جاتا ہے "هُمْ عُرُسٌ وهُنَّ عَرَائِس" اور التباس کے دفع کرنے کے لیے عورت پر عَرُوْسَة کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس۔
العَرِيْس۔ عِنْدَ المُوَلَّدِيْن : دلہن۔
العِرِّيْس والعِرِّيْسَة۔ شیر کی جھاڑی۔
العَرَّاس والمِعْرَس والمُعَرِّس۔ اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المُعْرَس والمُعَرَّس۔ آخر رات میں آرام لینے کے لیے اترنے کی جگہ۔
عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا۔ لکڑی کا مکان بنانا ــــــ البَيْتَ : گھر بنانا ــــــ العَرْشَ : چھت بنانا۔ تخت بنانا ــــــ البِئْرَ : کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (ــــــ عَرْشًا وعُرُوْشًا) الكَرْمَ : انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔
عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔
عَرِشَ (س) عَرْشًا وعَرَشًا۔ متحیر ہونا۔ بِغَرِيْمِهِ : سخت پکڑنا۔ عَنْهُ : پھرنا۔ چھوڑ دینا۔
عَرَّشَ الكَرْمُ : انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا ــــــ الكَرْمَ : انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ البَيْتَ : چھت بلند کرنا ــــــ الطَّائِرُ : بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (ــــــ وأَعْرَشَ) ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔
تَعَرَّشَ وتَعَرْوَشَ بِالأَمْرِ : چمٹا رہنا ــــــ بِالمَكَانِ : ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَّةَ : سوار ہونا۔
إِعْتَرَشَ۔ ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔ إِعْتَرَشَتِ الكَرْمُ عَلَى الخَشَبِ۔ انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا (ــــــ واعْرَوَّشَ) الدَّابَّةَ : سوار ہونا۔
العَرْش۔ تخت شاہی۔ العَرْش : کسی چیز کا رکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُهُ"

یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہوگیا- العَرْشُ مِنَ البَیْتِ: چھت- مِنَ القَوْمِ: رئیس- سردار- العَرْشُ: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے- شامیانہ- خیمہ- مکان جس میں سایہ لیا جائے- محل- قدم کی پشت پر بلند حصہ- کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلہ- عَرْشُ الکَرْمِ: انگور کی ٹٹی ج أَعْرَاش و عُرُوْش و عُرُش و عِرَشَة-

العَرِیْشُ- جھونپڑی- چھولداری- جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ- انگور کی ٹٹی- ج عُرُوش (___ و العَرِیْشَة پالکی-

عَرَصَ (ض) عَرْصًا و عَرِصَ (س) عَرَصًا البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا- صفت عَرِصٌ عَرَص ___ الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا-

عَرَّصَ البَعِیْرَ: اونٹ سدھا لینا ___ اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا-

اَعْرَصَ الشَّیْءُ: مضطرب ہونا-

تَعَرَّصَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا-

اِعْتَرَصَ- الغُلَامُ: کھیل کود کرنا- خوش ہونا ___ الجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا ___ البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا ___ الرَّجُلُ: اچھلنا- کودنا-

العَرْصَةُ- گھر کا صحن- ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو- ج عِرَاص و أَعْرَاص و عَرَصَات-

العَرَّاصُ- بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی- گرج اور بجلی والا بادل- نرم نیزہ-

المِعْرَاصُ- لیا چاند-

عَرْصَفَةً- عَرْصَفَةً- کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا-

العُرْصُوْف و العِرْصَاف- پالان کی میخ- ج عَرَاصِیف- العِرْصَاف: پٹھے کا کوڑا- سونڈ کی نرم ہڈی-

العَرْصَمُ- بہت کمانے والا- خرم و شادمان-

العِرْصَمُ- لاغر- مضبوط قوی- شیر (___ العِرْصَام و العُرَاصِم) شیر-

العُرْصُوم- بخیل-

عَرَضَ (ض) عَرْضًا- الشَّیْءَ بِفُلَانٍ: پیش کرنا ___ الشَّیْءَ عَلَیْهِ: دکھلانا ___ المَتَاعَ لِلْبَیْعِ سامان کو فروخت کے لیے خریداروں کے سامنے کرنا ___ الجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا ___ لَهُ مِنْ حَقِّهِ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا- عَرَضَ لَهُ عَارِضٌ مِنَ الحُمّٰی: بخار لاحق ہونا ___ القَوْمَ عَلَی السَّیْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا ___ الحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا- کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرْضَ او عُرْضَ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا- لَا تَعْرِضْ عَرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو-

عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا-

عَرَضَ لِیْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا-

عَرَضَ (ض) و عَرِضَ (س) عَرَضًا- ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا-

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا العُوْدَ عَلَی الإِنَاءِ برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا-

عَرِضَ- مجنوں ہونا-

عَرَضَ (ن) عَرْضًا- مکہ مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا ___ الکِتَابَ: زبانی پڑھنا-

عَرُضَ (ک) عِرَضًا و عَرَاضَةً- چوڑا ہونا- صفت عَرِیْض و عُرَاض-

عَرَّضَ وَ لَهُ وَ بِهِ: تعریض کرنا- کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا ___ الشَّیْءَ: چوڑا کرنا ___ المَتَاعَ: سامان کو دراہم و دنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا ___ الکَاتِبُ: مبہم لکھنا ___ الشَّیْءَ لِلشَّیْءِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالَكَ لِلْهَلَاكِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لیے پیش کر دیا ___ ہ مِنْ مَالِهِ بِکَذَا: بدلہ دینا ___ فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا-

اَعْرَضَ عَنْهُ: روگردانی کرنا ___ الشَّیْءَ: چوڑا کرنا ___ المَسْئَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا- فِی المَکَارِمِ: بہت فیاض ہونا- الأَمْرُ: ظاہر ہونا- کہا جاتا ہے "عَرَضْتُهُ فَأَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہوگیا- الثَّوْبُ: وسیع ہونا- کہا جاتا ہے "أَعْرَضَ لَكَ الخَیْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہو "أَعْرَضَ لَكَ الظَّبْیُ فَارْمِهِ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو-

عَارَضَهُ مُعَارَضَةً و عِرَاضًا- پھر جانا- یکسو ہونا- عَارَضَ الکِتَابَ بِالکِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا ___ الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا- مقاومت کرنا- دوسرے کی طرح کام کرنا ___ ہ فِی المَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا- عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا- کہا جاتا ہے "عَارَضَهُ فَعَرَضَهُ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا-

تَعَرَّضَ الأَمْرَ و لِلأَمْرِ و إِلَی الأَمْرِ: درپے ہونا- طلب کرنا ___ الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا- ایک جانب ظاہر کرنا- فاسد ہونا-

تَعَارَضَ- الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا-

اِعْتَرَضَ- چوڑائی میں ہونا ___ لَهُ: منع کرنا ___ البَعِیْرَ: سرکش اونٹ پر سوار ہونا ___ لَهُ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا ___ عِرْضَهُ- عیب نکالنا- آبرو گھٹانا ___ دُوْنَ الشَّیْءِ: حائل ہونا- روک بننا ___ القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کرکے پیش کرنا ___ عَلَیْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا- خطا کی جانب منسوب کرنا ___ الشَّیْءَ: تکلف کرنا- کہا جاتا ہے "عَرَضَهُ فَاعْتَرَضَ" اس نے اس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا-

اِسْتَعْرَضَ- چوڑی چیز طلب کرنا ___ الشَّیْءَ: پیش کرنے کو کہنا ___ ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ ___ القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا- کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرِضْ یُعْطِی مَنْ اَقْبَلَ اَوْ اَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے-

اِسْتَعْرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو-

العَرْضُ- اسباب- سامان- ج عُرُوْض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو- بڑا لشکر- چوڑائی- وسعت- جنون- وادی- بہت ٹڈیاں- بادل ___ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ- ج عُرُوْض و عِرَاض و أَعْرَاض- جزا سزا کا دن-

العَرْضُ- التجا- گزارش- کہا جاتا ہے الشَّیْءُ

عَرَضُ عَيْنِي: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَيْتُ الْمَتَاعَ بِعَرَضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ و عَرْضُ الحَالِ عِنْدَ الکُتَّاب: حاکم کے پاس شکایت کے لیے یا کسی فائدہ کے لیے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لیے عُرُوْضُ الاَحْوَالِ بولا جاتا ہے
اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

العِرْض۔ اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج اَعْرَاض۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيُّ العِرْض" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذُوْ العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "هُوَ عَرِبُ العِرْض" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔

العِرْض۔ نفس۔ کہا جاتا ہے "اَكْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِيْ" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَان۔ بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔

العِرْض مِنَ النَّاس: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرْض۔ جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔

ـــــ مِنَ البَحْرِ او النَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔

ـــــ مِنَ الحَدِيْثِ: بہتر و بڑی بات۔

مِنَ السَّيفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک جانب۔ کہا جاتا ہے نَظَرَ اِلَيْهِ عَنْ عُرْضٍ وَ كَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ: گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ و خَرَجُوْا يَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ: یعنی نکل کر مارنا شروع کر دیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ و هو مِنْ عُرْضِ النَّاس: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض۔ متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت ـــــ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جو ہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اَعْرَاض۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة۔ پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَةُ۔ ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِكَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلْكَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے و "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنایا۔

العُرْضِي۔ جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ ـــــ مِنَ الاِبِلِ۔ سرکش اُونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض۔ جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصّہ۔ اُونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِيْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرُض۔

العُرَاض و العُرْض۔ چوڑا۔

العُرَاضَة۔ عُرَاض کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّيْض۔ وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوْض۔ اشعار کا وزن۔ مصرعہ اولیٰ کا جزء اخیر۔ سرکش اُونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج اَعَارِيْض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ مِنَ الكَلَامِ مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ المَسْئَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوْضِي۔ علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض۔ فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَةُ۔ مؤنث العَارِض۔ دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں۔ پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض۔ العَوَارِض۔ مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔

العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِيْض۔ چوڑا۔ ج عِرَاض۔ دعاءٌ عَرِيْض بہت زیادہ دُعا "هُوَ عَرِيْضُ البِطَان" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔ العَرِيْض: خصی بکرا۔

العَرِيْضَة۔ مؤنث العَرِيْض۔ کیفیت کا پیش کرنا۔

التَّعْرِيْض فِي الكَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔

المِعْرَاض۔ توریہ کرنا ـــــ مِنَ الكَلَامِ: مضمون۔ بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصّہ موٹا ہو۔ ج مَعَارِيْض۔

"المَعْرِض۔ پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرْتُهُ فِيْ مَعْرِضِ كَذَا۔"

المِعْرَض۔ دُلہن کی شب عروسی کا کپڑا ـــــ الكَلَامُ المُعَرَّض۔ مبہم کلام ج مَعَارِض و مَعَارِيْض۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي المَعَارِيْضِ ـــــ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الكِذْبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

المَعْرُوْض۔ حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔

عَرَطَ (ن) عَرْطًا و اِعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔

عِرْيَطٌ و اُمُّ عِرْيَطٍ و اُمُّ العِرْيَط: بچھو۔

العَرْطَنِيْثَا۔ ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔

عَرْعَرَ۔ القَارُوْرَة: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا ـــــ العَيْنَ: آنکھ پھوڑ دینا۔

العَرْعَر۔ سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَة۔

العُرْعُر۔ بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ عُرْعُرَه" یعنی بد خلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصّہ۔ پیڑو۔

العُرْعُرَة و العَرْعَرَة۔ شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔

عُرْعُرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر۔

العُرَاعِر۔ شریف۔ سردار ـــــ مِنَ الاِبِلِ:

موٹا اُونٹ۔ ج عَرَاعِر۔ العَرَاعِر : کوہان کے کنارے۔

العَازُوْرَة۔ منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اُونٹ۔

عَرَفَ (ض) عِرْفَةً و عِرْفَانًا و عِرِفَانًا ومَعْرِفَةً الشَّیَٔ : پہچاننا۔ جاننا ــــ بِذَنْبِهٖ : اقرار کرنا ــــ ہ :بدلہ دینا ــــ لِلْاَمْرِ :صبر کرنا۔

عَرَفَ (ن) عَرَافَةً۔ عَلَى الْقَوْمِ : چودہری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (ــــ عَرْفًا) الفَرَسَ : گھوڑے کے ایال کاٹنا۔

عَرُفَ (ک) عَرَافَةً۔ چودھری ہونا (ــــ عَرْفًا و عَرَافَةً)بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا۔

عَرِفَ (س) عَرْفًا۔ خوشبو ترک کر دینا۔

عُرِفَ الرَّجُلُ : ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔

عَرَّفَ۔ الشَّیَٔ : خوشبو دار کرنا۔ عَرَّفَه الاَمْرَ۔ واقف کرا دینا۔ عَرَّفَه بِفُلَانٍ :نام بتا دینا۔ عَرَّفَ الضَّالَّةَ : گمشدہ کو ڈھونڈنا ــــ الطَّعَامَ : سالن زیادہ کرنا ــــ الاِسْمَ : اِسم نکرہ کو معرفہ بنانا ــــ الحُجَّاجُ :حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (ــــ واَعْرَفَ) فُلَانًا : خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا و اَعْرَفَ الفَرَسُ : گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔

تَعَرَّفَ الاِسْم :اِسم نکرہ کا معرفہ ہونا ــــ الشَّیَٔ : طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا ــــ الضَّالَّةَ : گمشدہ کو تلاش کرنا ــــ بِفُلَانٍ :آشنا ہونا ــــ اِلَيْهِ :واقف کرنا۔

تَعَارَفَ۔ القَوْمُ :ایک دوسرے کو پہچاننا۔

اِعْتَرَفَ۔ بِالشَّیِٔ : اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا ــــ الشَّیَٔ : پہچاننا ــــ بِهٖ : رہنمائی کرنا ــــ الرَّجُلُ : دریافت کرنا ــــ اِلَيْهِ : نام اور حال کی اطلاع دینا ــــ لِلْاَمْرِ : صبر کرنا ــــ الضَّالَّةَ :گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لیے اوصاف بتانا۔

اِسْتَعْرَفَ۔ الشَّیَٔ :پہچاننا ــــ اِلٰى فُلَانٍ : واقفیت کے لیے نسبت بیان کرنا۔

اِعْرَوْرَفَ۔ لِلشَّرِّ :بُرائی کیلئے آمادہ ہونا۔ ــــ الفَرَسُ :گھوڑے کا ایال والا ہونا ــــ البَحْرُ : سمندر کی موجوں کا بلند ہونا ــــ النَّخْلُ درخت خرما کا گنجان ہونا ــــ الدَّمُ : خون کا جھاگ والا ہونا ــــ الرَّاكِبُ الفَرسَ : سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا ــــ الرَّجُلُ درخت خرما پر چڑھنا۔

العَرْف۔ بُو۔ اکثر خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْيَبَ عَرْفَه" اِس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔ العُرْف۔ جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے لَهٗ عَلَيَّ اَلْفٌ عُرْفًا۔ اُس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔

العُرْف۔ موج۔ اُونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عُرْفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرْف و اَعْرَاف۔ العُرْف :اصطلاح۔ تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ : اصطلاحِ لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْع :اصطلاحِ شرعی۔

العُرْف والعِرْف۔ صبر۔

العُرُف۔ ایال۔ ریت کی اُونچی جگہ۔

العَرْفَة۔ ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (ــــ وَالعِرْفَة) دریافت۔ سوال۔

العُرْفَة۔ دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اُونچی جگہ۔ ج عُرَف۔

عَرَفَة۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔

عَرَفَات۔ مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لیے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لیے عَرَفِیّ۔

العِرَافَة۔ نجومی کا پیشہ۔

العَرَّاف۔ نجومی۔ طبیب۔

العِرْفَان۔ مص۔ معروف۔

العِرِفَّان و العُرُفَّان۔ اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔

الاِعْتِرَاف۔ مص۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔

العَارِف۔ فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے۔

العَارِفَة۔ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج عَوَارِف۔

العَرُوْف۔ بمعنی عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف۔

العَرُوْفَة۔ جاننے والا۔ عالم۔

العَرِيْف۔ جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِيْفُ المَكَاتِب" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء۔ اَمْرٌ عَرِيْفٌ :امر معروف۔

الاَعْرَف۔ اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔ حَزْنٌ اَعْرَف۔ بلند جگہ۔

العَرْفَاء۔ مؤنث الاَعْرَف۔ بجو۔ قُلَّة عَرْفَاء۔ بلند چوٹی ج عُرْف۔

الاَعْرَاف۔ دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔ اَعْرَافُ الرِّيَاحِ والسَّحاب : ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل۔ اَعْرَافُ الحِجَابِ او الرَّمل : حجاب اور ریت کی بلندیاں۔ ﴿الاَعْرَاف﴾ قرآن پاک کی ایک سورت کا نام۔

المَعْرِفَة۔ حقیقت کو پالینا۔

المَعْرَف والمَعْرِف۔ چہرہ۔ چہرے کے محاسن ج مَعَارِف۔ کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ المَعَارِفِ شُمُّ المَرَاعِف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المَعَارِف :علوم۔ مَعَارِفُ الرَّجُلُ :شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ المَعَارِفِ" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔

المَعْرَفَة۔ ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ج مَعَارِف۔

المَعْرُوْف۔ مفع۔ مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَةٌ :اچھی بُو والی زمین۔

العَرْفَج۔ ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے۔ ج عَرَافِج۔ العَرَافِج : ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عَرَقَ (ن) عَرْقًا و مَعْرَقًا۔ العَظْمَ : ہڈی پر سے سارا گوشت کھا لینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْه الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے

گھیر لیا ___ الطَّرِیْقَ : قطع مسافت کرنا (___ عَرْقًا و عُرُوْقًا فِی الْاَرْضِ : سفر کرنا۔

عُرِقَ عَرْقًا۔ دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔

عَرِقَ (س) عَرَقًا۔ پسینہ آنا۔ صفت عَرْقَان ___ الحَائِطُ : دیوار کا تر ہونا ___ الرَّجُلُ : کاہل ہونا۔

عَرَّقَ۔ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ و اَعْرَقَ الشَّجَرُ۔ لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ و اَعْرَقَ الْخَمْرَ : شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ و اَعْرَقَ الْاِنَاءَ : برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرَّجُلُ : عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔

اِعْتَرَقَ۔ الشَّجَرُ : لمبی جڑ والا ہونا ___ العَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا ___ القَوْمُ : عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔

اِسْتَعْرَقَ۔ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا ___ الشَّجَرَ : لمبی جڑ والا ہونا۔

العَرْق۔ ہڈی جس پر سے گوشت اُتار لیا گیا ہو ج عِرَاق و عُرَاق۔

العِرْق۔ ہر چیز کا اصل ___ مِنَ الْبَدَنِ۔ رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوْق و اَعْرَاق و عِرَاق۔ دَاءُ عِرْقِ النِّسَاءِ۔ وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔

العَرَق۔ مہ۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدْمَاک" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اُونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَی الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَیْنِ : گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا ___ مِنَ التَّمْرِ : کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَالِ : دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَةِ" و "تَجَشَّمْتُ اِلَیْکَ عَرَقَ القِرْبَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اُٹھائی جیسے کہ مشک کا اُٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔

العَرَقِیَّة۔ عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔

العَرِق و العَرِقَة۔ بہت پسینہ والا۔

العَرْقَة۔ اسم مرة۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔

العِرْقَة۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق و عَرَقَات۔

العُرْقَاة و العِرْقَاة۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔

العَرْقَاة و العَرْقُوَة۔ ڈول کے منہ کی لکڑی ج العَرَاقِی۔

العَرَقَة۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے اردگرد کا پھندنا ج عَرَق و عَرَقَات۔

العَرِیْق و المُعْرِق۔ خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلَامٌ عَرِیْقٌ : دبلا لڑکا (___ و الاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَقُ مِنْکَ فِیْ کَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔

العِرَاق۔ طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف ___ مِنَ الدَّارِ : گھر کا صحن ___ مِنَ الظُّفُرِ : ناخن کے گرد اگرد گوشت ___ من الاذن : کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهْرِ : ندی کا کنارہ ج اَعْرِقَة و عُرُق و عُرُق و العِرَاق : ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔

العِرَاقَان : کوفہ و بصرہ۔

العُرَاق۔ ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُرَاقُ الغَیْثِ : بارش کے بعد روئیدگی۔

العُرَاقَة۔ کثیر بارش۔

العَوَارِق۔ داڑھیں۔

المِعْرَق۔ چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اُتارا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مُعَرَّقٌ و مَعْرُوْقُ العِظَامِ : دبلا۔

عَرْقَبَ۔ الرَّجُلُ : حیلہ کرنا ___ الدَّابَّةَ : کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اُٹھانا۔

تَعَرْقَبَ۔ حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوْب) ___ عَنِ الْاَمْرِ : باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا ___ لِخَصْمِهِ : دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوْب۔ کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ ج عَرَاقِیْب عَرَاقِیْبُ الْاُمُوْرِ : مشکل کام۔ عُرْقُوْب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔

عَرْقَصَ الغُلَامُ : لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحَیَّةُ : سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ۔ توسط سے ہٹ جانا ___ الاَمْرَ : دشوار کردینا ___ عَلَیْهِ الکَلَامَ : ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرْقَلَ الاَمْرُ : پیچیدہ ہونا ___ الکَلَامُ : ٹیڑھا ہونا۔

العِرْقَال۔ گمراہ۔ کج رو۔

العِرْقِیْل۔ انڈے کی زردی۔

العَرَاقِیْل۔ مصیبتیں۔ عَرَاقِیْلُ الاُمُوْرِ : دشوار اُمور۔

العَرْقَلِی۔ ناز و تبختر کی چال۔

عَرَکَ (ن) عَرْکًا۔ الاَدِیْمَ : چمڑے کو ملنا۔ ___ هُ الدَّهْرُ : زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا ___ الشَّیْءَ : رگڑتے رگڑتے مٹا دینا ___ المَاشِیَةُ النَّبَاتَ جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا ___ المَاشِیَةُ الاَرْضَ : چارے سے خالی کر دینا (___ عَرْکًا و عَرَاکًا و عُرُوْکًا) المَرْاَةُ : عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَکَ الاَذَی بِجَنْبِهِ" یعنی اس نے مشقت اُٹھائی۔

عَرِکَ (س) عَرَکًا۔ سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِک۔

عَارَکَهُ مُعَارَکَةً و عِرَاکًا۔ مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهُ عِرَاکًا" یعنی وہ سارے اُونٹوں کو پانی پر لایا۔

تَعَرَّکَ الشَّیْءَ : ملا جانا۔

تَعَارَکَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔

اِعْتَرَکُوْا۔ آپس میں جنگ کرنا۔ "اِعْتَرَکَ النَّاسُ فِی المَعْرَکَةِ او الخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدان جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا ___

الإبلُ فِی الوِرْدِ: اُونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں
بھیڑ کرنا ___ الرِّجالُ فِی الحَرْبِ: انبوہ کرنا
اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔
العَرْکُ و العَرَک۔ آواز۔
العَرَکِیُّ۔ مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَک۔ ج
عُرُوْک۔
العَرْکَۃ۔ بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِیْتُہ عَرْکَۃً و
عَرَکَاتٍ۔
العَرُکَۃ۔ مشقت برداشت کرنے والا۔
العَرِیْکَۃ۔ کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا
جاتا ہے "فُلانٌ لَیِّنُ العَرِیْکَۃِ" یعنی نرم خو ہے۔
"ھُوَ شَدِیْدُ العَرِیْکَۃِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔
ج عَرَائِک۔
المَعْرَک و المَعْرَکَۃ و المَعْرُکَۃ۔ میدانِ
جنگ۔ ج مَعَارِک۔
المُعْتَرَک۔ میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَکُ المَنَایَا
انسان کی عمر ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔
المِعْرَاک۔ فا۔ جنگجو۔ سخت حملہ آور۔
المَعْرُوْک۔ مذ۔ ماءٌ مَعْرُوْک: جس پانی پر
بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض معروکۃ جس زمین کو
جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو "رَمْلٌ مَعْرُوْکٌ
و عَرِیْکٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں
داخل۔
عَرْکَسَ۔ الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا ___ الشَّیْءَ:
تہ بتہ کرنا۔
اِعْرَنْکَسَ۔ جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا ___
الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔
عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا۔ العَظْمَ: ہڈی سے
گوشت اُتار لینا ___ الصَّبِیُّ اُمَّہُ: بچے کا
اپنی ماں کا دودھ پینا ___ الإبِلُ الشَّجَرَ:
اُونٹ کا درخت سے سچے کھانا ___ فُلانًا:
تکلیف پہنچانا۔
عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا و عَرِمَ (س) و عَرُمَ (ک)
عَرَامَۃً۔ شدید و سخت ہونا۔ شرخ ہونا۔ بہت خوش
ہونا۔ بد خلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِمٌ
و عَرِمٌ۔
عَرَّمَ الشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔
اَعْرَمَ۔ ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ۔ العَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا۔
___ عَلَیْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔
اِعْتَرَمَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دُور دُور قدم
رکھنا۔ منہ زور ہونا ___ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ: بچے
کا ماں کے پستان کو چوسنا۔
العَارِم۔ فا۔ بد خلق۔ موذی ج عَرَمَۃ مؤنث
عَارِمَۃٌ ج عَوَارِم و عَارِمَات۔ یَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت
ٹھنڈا دن۔
العَرَم۔ چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔
العَرَم و العُرْمَۃ۔ سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔
چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ
کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم
کہتے ہیں (___ و العَرَمَۃ) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں
کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا
جائے۔ العَرَمَۃ: کھانے کی بُو۔ العَرَم: ہانڈی کا
میل۔
العَرِمَۃ۔ پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج
عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے العَرِم
نر چوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔
المُعْرِم۔ قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔
العُرَام۔ مِنَ الجَیْشِ: فوج کی تیزی و کثرت
___ مِنَ الرَّجُلِ: بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ شِدَّۃٌ
و عُرَامٌ": اس میں تیزی و بد خلقی ہے۔ ہانڈی کا
میل۔
العُرَیْم۔ مصیبت ج عُرْمَان۔
الاَعْرَم۔ رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑیا بکری کا
ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرْمَان جج عَرَامِین۔
العَرْمَاء۔ مؤنث۔ اَعْرَم: چتی دار سانپ۔
العَرَمْرَم۔ سخت۔ بے شمار لشکر۔
العِرْمِس۔ چٹان۔ مضبوط اُونٹنی۔
العِرْمَض و العِرْمَاض۔ کائی۔
عرن (ن ض) عَرْنًا السَّھْمَ: تیروں کو ترتیب
سے رکھنا ___ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کا عادی
ہونا ___ البَعِیْرَ: اُونٹ کی ناک میں لکڑی
ڈالنا۔
عَرِنَتْ (س) عَرَنًا۔ الدَّابَّۃُ: عُرْنَہ کی بیماری
لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَۃ) صفت مذکر عَرِن اور
صفت مؤنث عَرُوْن و عَرِنَۃ (___ عِرَانًا)

الدَّارُ۔ گھر کا دور رہنا۔
عَرَّنَ الرُّمْحَ: نیزے میں میخ لگانا۔
اَعْرَنَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔
العَرْن۔ مص۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔
العَرَن و العِرَان و العُرْنَۃ۔ ایک بیماری ہے
جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں
یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔
العِرَان۔ لکڑی جو اُونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی
ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔
جنگ۔
العَرِیْن۔ گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔
شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن (___
و العَرِیْنَۃ) شیر، بجو، بھیڑیئے کی جھاڑی۔ سانپ
کی ممی۔
العِرْنِیْن۔ ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار
___ مِن کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج
عَرَانِیْن۔
العِرْنَاس۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند
ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی روئی
کے گالے کو لپیٹ کر کاتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام
(عَرْنُوْس) کہتے ہیں ج عَرَانِیْس۔
عَرَا یَعْرُوْ عَرْوًا۔ فُلانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔ فُلانًا:
عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عارٍ اور
صفت مفعولی مَعْرُوٌّ ___ القَمِیْصَ کرتے میں
کاج بنانا (___ و عُرِیَ) بخار کی سردی لاحق
ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاۃٌ۔ اور مَعْرُوٌّ۔ و عُرِیَ
الرَّجُلُ۔ خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔
اَعْرَی و عَرَّی القَمِیْصَ: کرتے میں کاج
بنانا۔ اَعْرَی صَاحِبَہٗ: چھوڑ دینا۔
اِعْتَرَی اِعْتِرَاءً۔ فُلانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔
اِعْتَرَاہُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔
العِرْو۔ گوشہ۔ وہ جو اُمور کا اہتمام نہ کرے۔
لوگوں کی جماعت ج اَعْرَاء۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عِرْوٌ
مِنْ کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وِبِھَا
اَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔
العُرَوَاء۔ بخار کی سردی۔
العُرْوَۃ مِنَ الإبْرِیْقِ و نَحْوِہٖ: چھاگل لوٹے کا
دستہ۔

الْعُرْوَةُ و الْعُرَى و الْعِرَى : کاج-
الْعُرْوَةُ- گنجان درخت- وہ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں- نفیس مال- قابل اعتماد چیز- کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوَةٌ مِنْه" میں اس سے خالی ہوں- "اَلْقَى اِلَيْهِ الْعُرَى" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا-

عَرِیَ يَعْرَى عُرْيَةً و عُرْيًا مِنْ ثِيَابِهِ : ننگا ہونا- صفت مذکر عَارٍ و عُرْيان ج عُرَاة- صفت مؤنث عَارِيَةٌ و عُرْيَانَةٌ ج عَوَارٍ و عَارِيَات- عَرِيَ مِنَ الْعَيْبِ و غَيْرِهٖ : عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا- صفت عَرٍ (ـــــ عُرِيَ) اللَّيْلَةُ : رات ٹھنڈی ہونا-

عَرَاهُ يَعْرِيهِ عَرْيًا- الْاَمْرُ : پیش آنا-

عَرَّى تَعْرِيَةً الرَّجُلُ الثَّوْبَ و مِنَ الثَّوْبِ : ننگا کرنا ـــــ هُ مِنَ الْاَمْرِ : علیحدہ کرنا- چھڑا لینا ـــــ الرَّجُلُ : بیکار کر دینا- چھوڑ دینا ـــــ الشَّيءَ : دستہ لگانا- کہا جاتا ہے "عَرَّاهُ بِعُرَى وَثِيقَةٍ" مضبوط دستہ لگانا-

اَعْرَى اِعْرَاءً الرَّجُلَ الثَّوْبَ و مِنَ الثَّوْبِ- ننگا کرنا- کپڑے اُتار لینا ـــــ فُلَانًا النَّخْلَةَ : کسی کو ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا ـــــ فُلَانًا صَدِيقَهٗ : دُور ہونا اور مدد نہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ : رات کی ٹھنڈک لگنا- کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا-

تَعَرَّى تَعَرِّيًا مِنْ ثِيَابِهٖ : کپڑے اُتار لینا- ننگا ہونا-

اِعْرَوْرَى اِعْرِيرَاءً- تنہا سفر کرنا ـــــ الْفَرَسَ : ننگی پیٹھ پر سوار ہونا ـــــ اَمْرًا قَبِيحًا : قبیح کام کرنا-

الْعَرَى- گوشہ- میدان- سردی-
الْعَرَاء- کھلا میدان- ج اَعْرَاء-
الْعَرَاة- میدان- مکان کا صحن- سردی کی شدت-
فَرَسٌ عُرْيٌ- ننگی پیٹھ کا گھوڑا- بلا زین کے گھوڑا- ج اَعْرَاء-
الْاَعْرَاء- آزاد و لاپروا لوگ- واحد عُرْيٌ-
الْعُرْيَةُ و الْعِرْيَةُ- ننگا پن-
الْعَارِيَةُ- اُدھار لی ہوئی چیز-

الْعُرْيَان- ننگا- عُرْيَانُ النَّجِيِّ : جو اپنے بھید کو نہ چھپائے-

الْعَرِيُّ- ٹھنڈی ہوا-
الْعَرِيَّةُ- ٹھنڈی ہوا- کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو- کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دے دیا ہو- ج عَرَايَا- کہا جاتا ہے "نَخْلُهُمْ عَرَايَا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دے دیتے ہیں-

الْمَعْرَى و الْمَعْرَاة- ننگا پن- بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ- الْمَعَارِي : بنجر مقامات- بچھونے-

عَزَّ (ض) عِزًّا و عِزَّةً و عَزَازَةً- عزیز ہونا- قوی ہونا- ضعیف ہونا ـــــ الشَّيْءُ : قلیل ہونا- کمیاب ہونا- دشوار ہونا ـــــ الْمَاءُ : بہنا- عَزَّ عَلَيْهِ عِزًّا- کریم ہونا- کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَيَّ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" میرے اُوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو-

عَزَّهٗ (ن) عَزًّا- قوی کرنا- عزت کی کوشش میں غالب کرانا-

عَزَّزَهٗ- مدد کرنا- تعظیم کرنا- معزز بنانا-
عَازَّهٗ مُعَازَّةً- حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا- گفتگو میں غالب ہونا-

اَعَزَّهٗ اِعْزَازًا- عزیز بنانا- محبت کرنا- اَعَزَّتِ الْبَقَرَةُ : گائے کا وضع حمل دشوار ہونا- کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَكَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی-

اِعْتَزَّ- قوی ہونا ـــــ بِهٖ : اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا- فخر کرنا ـــــ عَلٰى فُلَانٍ : بزرگی جتانا- غالب آنا-

تَعَزَّزَ- قوی ہونا ـــــ بِهٖ : فخر کرنا ـــــ لَحْمُهٗ : سخت اور ٹھوس ہونا-

اِسْتَعَزَّ- عَلَيْهِ : سختی کرنا- غالب ہونا- ـــــ اللّٰهُ بِفُلَانٍ : وفات دینا- کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِّي" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "و اُسْتُعِزَّ بِعَلِيلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آ گئی-

الْعِزُّ- عزت- سخت بارش-

رَجُلٌ عَزٌّ- قوی- کہا جاتا ہے "جِئْ بِهٖ عَزًّا بَزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ-

الْعَزَّة- ہرن کا مادہ بچہ-

الْعِزَّة- حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا- حمیت-

الْعَزِيزُ- شریف- قوی- نادر- معزز- بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو- اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزَاز و اَعِزَّاء و اَعِزَّة- حاکم مصر کا لقب-

الْاَعَزُّ- اسم تفضیل- عزیز-
الْعُزّٰى- عزیزہ- شریفہ- (اَعَزّ) کا مؤنث- قریش کے ایک بت کا نام-
الْعَزَّاء- شدت- سخت سال- بڑی بوند کی بارش-
الْمِعْزَاز- سخت مرض والا-
الْمَعْزُوْزَة- سختی- زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو-

عَزَبَ (ن) عُزْبَةً و عُزُوْبَةً- بے زوج کے ہونا- مجرد رہنا-

عَزَبَ (ن ض) عُزُوْبًا- دُور ہونا- غائب ہونا- پوشیدہ ہونا- صفت عَازِب عَزَبَتِ الْاَرْضُ : زمین کا ویران ہونا-

عَزَّبَ- دیر تک غائب رہنا- شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا-

اَعْزَبَ- دُور ہونا ـــــ ہ : دُور کرنا- بے زوج کر دینا-

تَعَزَّبَ- مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا-

الْعَازِب- فا- دُور کی چراگاہ-
الْعَازِبَة- مؤنث عَازِب- مرد کی بیوی ج عَوَازِب-
الْعَزَب- وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو- اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کیلئے اور عَزَبَةٌ مؤنث کیلئے- ج عُزَّاب و اَعْزَاب-
الْاَعْزَب- جس کے اہل و عیال نہ ہوں- وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دُور ہو گیا ہو- مؤنث عَزْبَاء ج عُزْب-

المِعْزَبَة۔ باندی۔ لونڈی (___ و المُعَزَّبَة) بیوی۔

المِعْزَاب و المِعْزَابَة۔ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لیے لے جائے المِعْزَابَة جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔

عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلُ: دفع کرنا ___ الأَرْضَ بِالمِسْحَاةِ: بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔ جماع کرنا۔

عَزَدَ (ف) عَزْدًا۔ جماع کرنا۔

عَزَرَهُ (ض) عَزْرًا۔ ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ___ ہ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ واپس کر دینا ___ ہ عَلَى الأَمْرِ: خبر دینا ___ ہ عَلَى الفَرَائِضِ وَالأَحْكَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔

عَزَّرَهُ۔ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔

العَزْوَرُ و العَزَوَّرُ۔ بد خلق۔

العَزْوَرَة۔ مؤنث۔ عَزَاوِر۔ ٹیلہ۔

العَزَائِر: لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)

العَزِيرُ و العَزَائِر۔ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔

عِزْرَائِيل۔ فرشتہ ملک الموت کا نام۔

عَزْعَزَهُ۔ عزت میں غالب آنا۔

عَزَطَ (ن) عَزْطًا۔ جماع کرنا۔

عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا و عُزُوفًا۔ نَفْسُهُ وعَنِ الشَّيْءِ: بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (___ عَزْفًا) نَفْسَهُ عَنْ كَذَا: منع کرنا (___ عَزْفًا و عَزِيفًا) آواز دینا۔ گانا۔

عَزَّفَ۔ آواز دینا۔

أَعْزَفَ۔ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔

تَعَازَفُوا۔ ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

إِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔

العَازِف۔ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔

العَزْف۔ دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔

العَزْف۔ جنگلی کبوتر۔

العَزُوف و العَزُوفَة۔ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَزُوفٌ عَنِ اللَّهْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عِزَاف عَزُوفَة میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔

التَّعْزَاف۔ بمعنی عَزْف۔ مصدر۔

العَزَّاف۔ بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ: بہت گرجنے والا بادل۔

المِعْزَف و المِعْزَفَة۔ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِف۔

عَزَقَ (ن) عَزْقًا۔ تیز دوڑنا ___ الخَبَرَ عَنِّي: روک لینا ___ ہ ضَرْبًا: مارنے میں مبالغہ کرنا۔

عَزَقَ (ض) عَزْقًا الأَرْضَ: زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔

عَزِقَ (س) عَزَقًا بِهِ: چپکنا۔

العَزِق۔ بد خلق۔ ج عُزُق۔

العَزُوق و العَزَوِق۔ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ عَزَوِقٌ: سخت مزاج بخیل و بد خو مرد۔

العَزِيق۔ مِنَ الأَرْضِ: پست زمین۔

المِعْزَق و المِعْزَقَة۔ ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعَازِق۔

المُتَعَزِّق۔ بد خلق۔

عَزَلَهُ (ض) عَزْلًا۔ عَنْ كَذَا: جدا کر دینا ___ فُلَانًا عَنْ مَنْصِبِهِ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ___ ہ عَنْ عَمَلِهِ: باز رکھنا۔

عَزَّلَهُ۔ ایک جانب کر دینا۔

تَعَزَّلَ و اِعْتَزَلَ۔ الشَّيْءَ و عَنْهُ: جدا ہو جانا۔

تَعَازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

العَزَل۔ بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَة: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے ٹکے۔

العُزْل و العِزَال۔ کمزوری۔

العُزْلَة۔ جدائی۔ گوشہ نشینی۔

العُزُل۔ بے ہتھیار مرد ج أَعْزَال۔

الأَعْزَل۔ علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل و أَعْزَال و عُزَّل و عُزْلَان۔ مؤنث عَزْلَاء۔ الأَعْزَل مِنَ الدَّوَابِّ دم کو جھکا ہوا رکھنے والا ___ مِنَ الطَّيْرِ: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو۔ الأَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِح" ہے۔

العَزْلَاء۔ الأَعْزَل کا مؤنث۔ دبر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِي و العَزَالَى۔ کہا جاتا ہے "أَنْزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدت بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعْزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید و جدا گانہ ہے۔

المُعْتَزِلَة و العُزَّال۔ قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔

المِعْزَال۔ علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِيل۔

عَزْلَبَ عَزْلَبَةً۔ جماع کرنا۔

عَزَمَ (ض) عَزْمًا و عُزْمًا و مَعْزَمًا و مَعْزِمًا و عَزِيمًا و عَزْمَةً و عَزِيمَةً و عُزْمَانًا الأَمْرَ و عَلَيْهِ پختہ ارادہ کرنا ___ الرَّجُلُ: کوشش کرنا ___ الأَمْرُ: واجب ہونا ___ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَيْكَ لَتَفْعَلَنَّ إِلَّا فَعَلْتَ أَوْ لَمَّا فَعَلْتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (___ و عَزَّمَ) الرَّاقِي: منتر پڑھنا۔

اِعْتَزَمَهُ الأَمْرَ و عَلَيْهِ: ارادہ کرنا ___ الطَّرِيقَ بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا ___ الفَرَسُ فِي عِنَانِهِ: سرکشی کرنا۔

تَعَزَّمَ۔ الأَمْرَ و عَلَى الأَمْرِ: ارادہ کرنا۔

العَزْم۔ پختہ ارادہ۔

العُزْمَة۔ خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم۔

العَزْمَة۔ حق۔ واجب ج عَزَمَات۔ عَزَمَاتُ اللهِ و عَزَائِمُ اللهِ: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ عَزْمَةٌ" اس کیلئے ثابت و صبر نہیں۔

العَزْمِي۔ کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔

أُمُّ العِزْمِ و العِزْمَة و أُمُّ عِزْمَةَ۔ دبر۔

العَزِيم۔ تیز دوڑ۔

العَزِيمَة۔ مؤکد ارادہ۔ ج عَزَائِم۔

العَازِم۔ فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُوْن۔ اَمْرٌ عَازِمٌ: کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوْم۔ ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ ذبر۔ ج عُزُم۔
العَزَّام۔ صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعَزِّم۔ فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا يَعْزُو عَزْوًا۔ الشَّيْءَ او فُلَانًا اِلٰى فُلَانٍ: نسبت کرنا ۔۔۔ عَزَاءً الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا يَعْزُو عَزْوًا وتَعَزّٰى تَعَزِّيًا اِعْتَزٰى اِعْتِزَاءً لِفُلَانٍ وَاِلٰى فُلَانٍ: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عَزَاء) ہے۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَزٰى بِعَزَاءِ الجَاهِلِيَّةِ۔"
العِزَة۔ لوگوں کی جماعت ج عِزًى وعِزُوْن۔
العِزْوَة۔ انتساب۔ صبر۔
عَزٰى يَعْزِى عَزْيًا الشَّيْءَ او فُلَانًا اِلٰى فُلَانٍ نسبت کرنا۔
عَزِىَ يَعْزٰى عَزَاءً۔ مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزٍ۔ صفت مؤنث عَزِيَة۔
عَزّٰى تَعْزِيَةً۔ الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزّٰى تَعَزِّيًا۔ اِلَيْهِ: منسوب ہونا ۔۔۔ عَنْهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازٰى تَعَازِيًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِيّ۔ صابر۔
اَلْعِزْيَة۔ انتساب۔
الاِعْتِزَاء۔ دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا ۔۔۔ الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔
عَسَّ۔ القَوْمَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِعْتَسَّ۔ رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشَّيْءَ۔ رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا ۔۔۔ البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس۔ رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٌ کی۔
العُسّ۔ بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس و عِسَسَة واَعْسَاس وعُسُس۔
العَاسّ۔ رات کا چوکیدار ج عَسَس وعَسِيْس۔
العَسَّاس۔ رات کا چوکیدار۔
العَسُوْس۔ دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔
المَعَسّ۔ مطلب۔
اَعْسَبَ۔ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔ اَعْسَبَهُ جَمَلَهُ: اونٹ عاریت پر دینا۔
اِسْتَعْسَبَ مِنْهُ: ناپسند کرنا ۔۔۔ فُلَانًا جَمَلَهُ: اونٹ عاریت پر لینا۔
العَسْب۔ نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ اللّٰهُ عَسْبَهُ اللہ اس کی نسل کو منقطع کر دے۔
العُسْبَة۔ اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔
العُسْبُوْب۔ رئیس اعظم۔
العَسِيْب۔ دُم کی ہڈی یا اس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دور کر دیئے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف ج عُسْب وعُسُب وعُسْبَان۔
اليَعْسُوْب۔ شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ اليَعْسُوْب: رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْسُوْبُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج یَعَاسِیْب۔
العُسْبُر۔ چیتا ج عَسَابِر۔
العُسْبُرَة۔ مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اونٹنی۔
العِسْبَار۔ بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیے کا بچہ۔
العُسْبُوْر والعُسْبُوْرَة۔ کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے۔
عَسَجَ (ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا و عَسِيْجًا چلنے میں گردن اُٹھانا۔
اِعْسَجَّ الشَّيْخُ: بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا۔
العَوْسَج۔ ایک کانٹے دار درخت۔ واحد عَوْسَجَة۔
العَسْجَد۔ سونا۔ جوہر مانند موتی یا یاقوت وغیرہ۔ مضبوط موٹا اونٹ۔
العَسْجَدِيَّة۔ شاہی سواریاں۔ اور یہ اصل میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے۔
عَسْجَرَ الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔ الرَّجُلُ: بہت تیز نظر سے دیکھنا۔
العَسْجَر۔ نمک۔
عَسَدَ (ض) عَسْدًا۔ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا ۔۔۔ جَارِيَتَهُ: جماع کرنا۔
العِسْوَدّ۔ بہت مضبوط۔ سانپ۔
عَسَرَ (ن ض) عِسْرًا وعُسْرًا۔ الغَرِيْمَ: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا ۔۔۔ الزَّمَانُ سخت ہونا ۔۔۔ عَلٰى فُلَانٍ: مخالف ہونا ۔۔۔ عَلَيْهِ مَا فِي بَطْنِهِ: پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا۔
عَسَرَهُ (ض) عَسْرًا۔ بائیں جانب سے آنا۔
عَسَرَت وعَسَرَانًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا دوڑنے میں دُم اُٹھانا ۔۔۔ المَرْأَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَسِرَ (س) عَسَرًا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْرَاءُ ج عُسْر۔
عَسِرَ (س) عُسْرًا وعَسْرًا وعَسَرًا ومَعْسُوْرًا وعَسُرَ (ک) عُسْرًا وعَسَارَة دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسِرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہوگیا ۔۔۔ الرَّجُلُ: بد خلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِيْر۔
عَسَّرَ الاَمْرَ: دشوار کرنا ۔۔۔ عَلَيْهِ: تنگ کرنا۔ مخالفت کرنا ۔۔۔ ہ: بائیں جانب سے آنا۔
اَعْسَرَ۔ تنگ دست ہونا ۔۔۔ الغَرِيْمَ: قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔
اَعْسَرَتِ المَرْأَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً۔ تنگی کا معاملہ کرنا۔
تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا ۔۔۔ عَلَيْهِ القَوْلُ: ملتبس ہونا۔
تَعَاسَرَ البَيِّعَانِ: بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔
اِعْتَسَرَهُ۔ مجبور کرنا ۔۔۔ الكَلَامَ: قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا۔

اِسْتَعْسَرَ-الْأَمْرَ :دشواری پانا ـــــ الْأَمْرُ عَلَيْهِ : سخت اور پیچیدہ ہونا۔

الْعُسْرو الْعُسُر۔ تنگ دستی۔ سختی۔ تنگی۔

الْعُسْرَة والْعُسْرىٰ والْمَعْسَرة والْمَعْسُرة تنگی اور سختی۔

الْأَعْسَر۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَعْسَرُ يَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔ "يَوْمٌ اَعْسَر" یعنی سخت اور منحوس دن۔

الْعُسْرىٰ۔ مؤنث الاعسر : تنگی۔ دشواری۔

الْمِعْسَر۔ اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔

الْمَعْسُوْر۔ تنگ حال۔

عَسْعَسَ۔ اللَّيْلُ : رات کا گزرنا۔ رات کا تاریک ہونا ـــــ السَّحَابُ : بادل کا زمین سے قریب ہونا ـــــ الْأَمْرَ : مشتبہ کر دینا۔ معمہ بنا دینا ـــــ الشَّئَ : حرکت دینا (ـــــ وتَعَسْعَسَ الذِّئْبُ) : بھیڑیے کا رات میں پھرنا۔ تَعَسْعَسَ الشَّئَ : سونگھنا۔

الْعَسْعَس۔ رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔

الْعَسْعَاس۔ رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔

سراب۔ ہر چیز میں سے ہلکا۔

عَسَفَ (ض) عَسْفًا السُّلْطَانُ : ظلم کرنا۔ جور کرنا ـــــ ہ : ظلم کرنا۔ خدمت لینا ـــــ الدَّمْعُ الْجُفُوْنَ : آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا ـــــ الشَّئَ : زبردستی لے لینا۔ فِي الْأَمْرِ : بغیر سوچے سمجھے کرنا ـــــ لِفُلَانٍ : کسی کے لیے کام کرنا۔ الطَّرِيْقَ و عَنِ الطَّرِيْقِ : راستے سے ہٹ جانا۔

الْمَفَازَةَ : بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يَعْسِفُ اللَّيْلَ و بِاللَّيْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔

اَعْسَفَ۔ رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے سخت کام لینا۔

عَسَّفَ۔ بغیر علامت نشان کے چلنا ـــــ الْبَعِيْر : چلنے سے تھکا دینا۔

تَعَسَّفَ۔ فِي الْقَوْلِ : بے راہ روی کرنا۔ ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو ـــــ عَنِ الطَّرِيْقِ : ہٹ جانا ـــــ الْأَمْرَ : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا ـــــ فُلَانًا۔ ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

اِعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِيْقِ : راستے سے ہٹ جانا ـــــ الطَّرِيْقَ : راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا ـــــ الْأَمْرَ : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا۔ فُلَانًا : ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

اِنْعَسَفَ الشَّئَ : مڑنا۔

الْعَسْف۔ ظلم۔ موت۔

الْعَاسِف۔ فا۔ مِنَ الابل : عساف کی بیماری والا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِفٌ" ج عَوَاسِف۔

الْعُسَاف۔ اُونٹوں میں ایک بیماری۔ جس میں سانس زیادہ لیتا ہے۔

الْعَسُوْف والْعَسَّاف والْمِعْسَف۔ بہت ظالم۔

الْعَسِيْف۔ مزدور ج عُسَفَاء وعِسَفَة۔

الْعِسِّيْف۔ بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا فِيْ مَعَاسِيْفِ الْبِيْد و مَعَامِيْهَا" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔

عَسِقَ (س) عَسَقًا و تَعَسَّقَ بِهٖ : چمٹنا۔ عَلَيْهِ : طلب کرنے میں اصرار کرنا۔

الْعَسَق۔ تنگ خوئی۔ اوّل رات کی تاریکی۔

الْعَسِيْقَة۔ ردی شراب۔

عَسْقَلَ۔ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا۔

عَسْقَلَان۔ شام کے ساحل پر ایک شہر۔ الرَّاس : سر کا اوپر کا حصہ۔

الْعَسْقَل۔ سانپ کی چھتری۔ ج عَسَاقِل۔

الْعَسَاقِل و الْعَسَاقِيْل۔ سراب۔ متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔

عَسِكَ (س) عَسَكًا بِهٖ : لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَعَسَّكَ۔ الرَّجُلُ فِيْ مَشْيِهٖ : مٹک کر چلنا۔

عَسْكَرَ الْقَوْمُ : جمع ہونا۔ اللَّيْلُ : تاریکی زیادہ ہونا۔ الشَّئَ : جمع کرنا۔ جمع کردہ کو مُعَسْكَر کہتے ہیں۔

الْعَسْكَر۔ جمع۔ لشکر ج عَسَاكِر۔ ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْهُ عَسَاكِرُ الْهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دُور ہو گئی۔

الْعَسْكَرَة۔ سختی و خشک سالی۔

عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا و عَسَّلَ الطَّعَام کھانے میں شہد ملانا۔ عَسَلَ و عَسَّلَ الْقَوْمَ : شہد کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔ عَسَّلَتِ النَّحْلُ : مکھیوں کا شہد بنانا۔ عَسَّلَ الشَّئُ : شہد جیسا ہونا۔ عَسَّلَ النَّائِمُ : اونگھنا۔

عَسَلَ (ض) عَسَلًا و عُسُوْلًا و عَسَلَانًا الرُّمْحُ : زیادہ حرکت کرنا۔ الْمَرْاَةَ : جماع کرنا۔

عَسَلَ (ن) عَسْلًا و عَسَلَانًا الْمَاءُ : ہوا کی وجہ سے لہرانا۔

اِسْتَعْسَلَ۔ شہد طلب کرنا۔ اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ : مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے عَسَلًا لَهٗ بمعنی تَعْسًا لَهٗ یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو۔

الْعَسَل۔ شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال وعُسْل وعُسُل وعُسُوْل وعُسْلَان۔ تھوڑے سے کو عَسَلَة کہتے ہیں۔ الْعَسَل : کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَةٍ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں۔ "مَاتَرَكَ لَهٗ مَضْرَبَ عَسَلَةٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔

اَبُوْ عِسْلَة۔ بھیڑیا۔

الْعَسَلِيُّ۔ شہد کے رنگ کا۔

الْعَاسِل۔ فا (ـــــ والْعَسُوْل) نیکو کار جس کی ثناو صفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسُل۔

الْعَاسِل۔ شہد نکالنے والا ج عُسَّل وعَوَاسِل۔ بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُوْلٌ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔

الْعَسَّال بمعنی الْعَاسِل۔

خَلِيَّةٌ عَاسِلَةٌ۔ چھتہ مع شہد کے۔

الْعَسَّالَة۔ چھتہ۔

الْعَسَّالَة۔ شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔

الْعَسِيْل۔ عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ ہاتھی اور اُونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل۔

الْمَعْسَلَة و الْمَعْسُلَة۔ شہد کا چھتہ۔

الْمَعْسُوْل۔ مفع۔ رَجُلٌ مَعْسُوْل : شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُوْلُ الْمَوَاعِيْد : سچے

وعدے۔

عَسْلَجَ۔الشجر :نرم ٹہنیاں نکالنا۔

العُسْلَجُ۔نرم ٹہنیاں۔ج عَسَالِجُ۔

العُسْلُوجُ۔نرم ٹہنیاں۔ج عَسَالِيجُ۔

عَسْلَطَ۔غیر مربوط کلام بولنا۔

كَلَامٌ مُعَسْلَطٌ۔غیر مربوط گفتگو۔

العَسْلَقُ۔سراب۔بھیڑیا۔شیر۔نر شتر مرغ۔ہر شکاری درندہ۔بد خصلت۔چست چالاک۔دراز گردن۔لومڑی۔ج عَسَالِقُ۔

عَسَمَ(ض) عَسْمًا و عُسُومًا فِي الْأَمْرِ: لالچ کرنا۔کوشش کرنا۔عَسَمَتْ عَيْنُهُ : آنکھ کا بہہ پڑنا۔آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔

عَسِمَ(س)عَسَمًا القَدَمُ او الكَفُّ :قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔صفت مذکر أَعْسَمُ۔صفت مؤنث عَسْمَاء۔

أَعْسَمَ يده : خشک کر دینا۔أَعْسَمَتْ عَيْنُهُ آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔

إِعْتَسَمَ۔کمائی کرنا فُلَانًا : کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔

العَسُومُ۔بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ج عُسُمٌ۔

العَاسِمُ۔بمعنی العَسُومِ۔

العَسَمَةُ و العَسُومُ۔خشک روٹی کے ٹکڑے

العُسُومُ : قلت۔

المَعْسَمُ۔جائے طمع۔کہا جاتا ہے "مَالَكَ فِي بَنِي فُلَانٍ مَعْسَمٌ۔"

عَسِنَ(س)عَسَنًا الكَلَأُ فِي الدَّابَّةِ :گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔عَسِنَتِ الدَّابَّةُ۔چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔

تَعَسَّنَ۔الشَّيْءَ : پتہ نشان تلاش کرنا۔أَبَاهُ : مشابہ ہونا (___ و أَعْسَنَ) المَكَانُ : کچھ سبزی اُگانا۔

العَسَنُ۔چربی۔بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔

العِسْنُ۔مثل ونظیر(___ و العُسُنُ)چربی۔

العَسْنُ والأَعْسَنُ۔موٹا۔ج عُسْنٌ۔

أَعْسَانُ۔الشَّيْءِ :نشان۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى أَعْسَانٍ مِنْ أَبِيهِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

العَسَنْجُ۔نر شتر مرغ۔

عَسَا يَعْسُو عَسَاءً وعُسُوًّا النَّبَاتُ :نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔عَسَتْ يَدُهُ : ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا ___ اللَّيْلُ : رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔عَسَا يَعْسُو عَسْوًا و عُسُوًّا و عُسِيًّا و عَسَاءً و عَسْوَةً الشَّيْخُ :بوڑھا ہونا۔

العَسْوُ۔مص۔موم۔

العَاسِي۔فا۔سخت مزاج۔

العِسْوَةُ۔بڑھاپا۔

عَسِيَ يَعْسَى عَسًى۔النَّبَاتُ :نباتات کا سخت ہونا۔

عَسَى۔افعال مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔محبوب میں اُمید کے لیے اور مکروہ میں خوف کے لیے مستعمل ہے۔

العَسِي و العَسِيُّ و المَعْسَاةُ بِالْأَمْرِ :لائق۔مناسب۔

أَعْسِ بِهِ : فعل تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهِ :یعنی کسی قدر لائق ہے۔

العَاسِي۔فا۔درخت خرما۔بقول ابو عبید درخت خرما کا گچھا۔

المِعْسَاء۔قریب البلوغ لڑکی۔

عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّيْءَ : طلب کرنا۔جمع کرنا ___ القَمِيصَ : کرتے میں پیوند لگانا ___ المَعْرُوفَ : تھوڑا سا دینا۔عَشَّتِ النَّخْلَةُ : درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔عَشَّ الطَّائِرُ۔پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔

عَشَّ (ن) عُشُوشَةً و عَشَاشَةً و عَشَشًا البَدَنُ۔لاغر ہونا۔صفت عَشٌّ

عَشَّشَ الطَّائِرُ پرندے کا گھونسلہ بنانا۔

عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ۔درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔عَشَّشَ الكَلَأُ :گھاس کا خشک ہونا۔

عَشَّشَ الخُبْزُ : روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔

أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الْأَمْرِ : روکنا۔باز رکھنا ___ الظَّبْيَ : ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا ___ البَدَنَ : بدن کو لاغر کرنا ___ الرَّجُلَ : کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔

إِعْتَشَّ۔گھونسلہ بنانا ___ البَدَنَ : بدن کو لاغر کرنا۔

إِنْعَشَّ الثَّوْبُ :کپڑے کا پیوند والا ہونا۔

العَشُّ۔مص۔عطاء قليل۔رَجُلٌ عَشٌّ :لاغر مرد۔

العَشُّ و العُشُّ۔گھونسلہ ج عشاش و عِشَشَةٌ و أَعْشَاشٌ و عُشُوشٌ۔

العَشَّةُ۔کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔کم درخت والی سرزمین۔

المَعَشُّ۔مطلب۔

المُعَشِّشُ۔مفع۔وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔

عَشِبَ(س)عَشَبًا۔خشک ہونا۔

عَشِبَ(س)عَشَبًا و عَشُبَ(ک)عَشَابَةً۔المَكَانُ : سبز گھاس والا ہونا۔صفت عَاشِبٌ۔

عَشُبَ (ک) عَشَابَةً و عُشُوبَةً الرَّجُلُ : پست قد بدصورت ہونا۔صفت مذکر عَشَبٌ۔صفت مؤنث عَشَبَةٌ۔

أَعْشَبَ۔القَوْمُ :سبز گھاس پر پہنچنا۔کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اتر پڑو۔

أَعْشَبَ و عَشَّبَ المَكَانُ :سبز گھاس اُگانا۔

إِعْتَشَبَ و تَعَشَّبَ۔سبز گھاس چرنا۔موٹا ہونا۔

إِعْشَوْشَبَ۔ سبز گھاس پر پہنچنا ___ المَكَانُ :بہت سبز گھاس والا ہونا۔

العُشْبُ۔ سبز گھاس ج أَعْشَاب و واحد عُشْبَةٌ۔

العَشَبَةُ۔بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔

العَشَابَةُ۔سبز گھاس کی کثرت۔

العَشِبُ و العَشِيبُ و المُعْشِبُ و المِعْشَابُ : سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ و عَشِبَةٌ و عَشِيبَةٌ و مُعْشِبَةٌ و مِعْشَابٌ۔بہت سبز گھاس والی زمین۔

التَّعَاشِيبُ۔سبز گھاس کے متفرق قطعے۔

العَشَّابُ۔سبز گھاس والا۔سبزی والا۔

عَشَرَ(ض)عَشْرًا۔دس میں سے ایک لینا۔نو

پر ایک زائد کرنا ___ القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا ___ النَاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

عَشَرَ (ن) عَشْرًا و عُشُوْرًا و عَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا ___ القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔ عَشَّرَتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

اَعْشَرَ العَدَدُ: دس کر دینا ___ القَوْمُ: دس ہونا۔ اَعْشَرَتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔

عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً۔ باہم مل جل کے رہنا۔

اِعْتَشَر و تَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔

العِشْر دسواں حصہ۔ اُونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج اَعْشَار۔

العُشْر۔ دسواں حصہ ج عُشُوْر و اَعْشَار

الاَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پَر۔

العُشَر۔ ہر مہینے کی دسویں، گیارہویں، بارہویں رات۔

العَشَرَة۔ دس اور یہ مذکر کے لیے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لیے دونوں جزء مذکر جیسے "اَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً" اور مؤنث کے لیے دونوں جزء مؤنث۔ جیسے اِحْدٰی عَشْرَةَ اِمْرَاَةً ___ اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلاً اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جز مؤنث جیسے خَمْسَ عَشْرَةَ اِمْرَاَةً ج عَشَرَات۔

العِشْرُوْنَ۔ بیس (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔)

العِشْرَة۔ صحبت۔ مخالطت۔

العَاشِر۔ فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اُونٹ ج عُشَّر مؤنث عَاشِرَة۔ ج عَوَاشِر۔ العَوَاشِر: پرندے کے اگلے بڑے پَر۔

العَشُوْرٰی والعَاشُوْر والعَاشُوْرَاء والعَاشُوْرٰی۔ محرم کی دسویں تاریخ۔

العَشَّار۔ دسواں حصہ وصول کرنے والا۔

العُشَرَاء۔ مِنَ النُوقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اُونٹنی ج عِشَار و عُشَرَاوَات یا وہ اُونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔

العُشَرَاءُ و العُوَيْشَرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا عُشَارَ او مَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)

ثَوْبٌ عُشَارِيّ۔ دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِيّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة۔

عُشَارَة۔ دسواں حصہ۔

الاَعْشَارِي۔ اَعْشَار جمع عشر کی طرف منسوب۔

العَشِيْر۔ قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء۔

العَشِيْر۔ دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء۔

العَشِيْرَة۔ قبیلہ۔ عَشِيْرَةُ الرَجُلِ: برادرانِ باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر۔ و عَشِيْرَات۔

الاَعْشَر۔ بیوقوف۔

المَعْشَر۔ جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر۔

المِعْشَار۔ دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار: بہت دودھ والی اُونٹنی۔

العَشَارِب و العَشَرَّب۔ شیر رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔

عَشَزَ (ض) عَشَزَانًا۔ کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا ___ عَلٰی عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

العَشُوْز۔ دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (___ والعَشَوَّز) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔

عَشِقَهُ (س) عِشْقًا و عَشَقًا و مَعْشَقًا بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُوْن۔ صفت مؤنث عَاشِقَةٌ و عَاشِقٌ ج عَوَاشِق عَشِقَ بِالشَّئِ: چمٹنا۔

تَعَشَّقَ۔ بتکلف عاشق بننا ___ ہ: بہت محبت کرنا۔

العِشْق۔ محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

العَشَقَة۔ عشق پیچاں۔ پیلو۔ ج عَشَق۔

العَشِيْق۔ عاشق۔ معشوق۔ العَشِيْق والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق۔

العَشَّاق والعِشِّيْق۔ بہت زیادہ عشق والا۔

عَشِمَ (س) عَشَمًا و عُشُوْمًا و تَعَشَّمَ الشَّئُ: خشک ہونا۔

العَشَم۔ لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔

العَشَمَة۔ لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "شَيْخٌ عَشَمَةٌ و عَجُوْزٌ عَشَمَةٌ"

خُبْزٌ عَيْشُمٌ خشک یا خراب شدہ روٹی۔

الاَعْشَم۔ دو مخلوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء۔

عَشَنَ (ن) عَشْنًا و اَعْشَنَ و عَشَّنَ و اِعْتَشَنَ۔ رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔

العُشَان و العُشَانَة۔ گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔

عَشَا يَعْشُوْ عَشْوًا۔ رتوندوالے کی طرح کام کرنا ___ الاِبِلَ: اُونٹوں کو رات میں چرانا۔ ___ الرَجُلَ: رات میں قصد کرنا ___ ہ و اِلَيْهِ۔ قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا ___ عَنْهُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (___ عَشْوًا و عَشْيًا) الرَجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (___ عَشْوًا و عُشُوًّا) النَارَ و اِلَى النَارِ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی اُمید میں جانا (___ عَشُوًا و عَشِيَ يَعْشٰى عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ و اَعْشٰى۔ عَشِيَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْيَان۔ عَشِيَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔ عَشِيَتِ الاِبِلُ: اُونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِيَةٌ ج عَوَاشٍ۔

عَشّٰى تَعْشِيَةً- الرَّجُلَ : شام کا کھانا کھلانا ___ الطَّيْرَ : آگ روشن کر کے اندھا بنا کر شکار کرنا ___ عَنِ الشَّيْءِ : نرمی برتنا- ملاطفت کرنا ___ الإِبِلَ : اُونٹ کو رات میں چرانا-
اَعْشٰى إِعْشَاءً الرَّجُلَ : دینا- رات کا کھانا کھلانا ___ اللّٰهُ الرَّجُلَ : رتوند میں مبتلا کر دینا-
تَعَشّٰى- رات کا کھانا کھانا-
تَعَاشٰى- رتوندی والا ظاہر کرنا-
عَنْهُ : جاہل بننا-
اِعْتَشٰى اِعْتِشَاءً ا- عشا کے وقت چلنا ___ النَّارَ : رات میں دیکھنا اور قصد کرنا-
اِسْتَعْشٰى اِسْتِعْشَاءً نَارًا : آگ کی روشنی میں راستہ پانا ___ الرَّجُلَ : متحیر پانا-
العَشَاء- شام کا کھانا- ج اَعْشِيَةٌ-
العَشَا و العَشَاوَة- نگاہ کی کمزوری- رتوندی-
العَشِيُّ- شام کا کھانا-
العِشَاء و العَشِيّ- رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی- یا دن کا آخری حصہ-
العِشَاءَانِ- مغرب اور عشا- بَعِيرٌ عَشِيٌّ رات کو دیر تک چرنے والا-
العَشِيَّة- شام ج عَشِيٌّ و عَشَايَا و عَشِيَّات اور نسبت کے لیے عَشَوِيّ- العَشِيَّة : بادل-
العَشْوَة- تاریکی- رات کے اول ربع کی تاریکی-
العُشْوَة و العِشْوَة- آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے-
العُشْوَة و العِشْوَة و العَشْوَة- اَمر مشتبہ کو کرنا- کہا جاتا ہے "اَوْطَأَهُ عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے اَمر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے-
العَشْوَاء- مؤنث الاَعْشٰى- اُونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے- کہا جاتا ہے "هُوَ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے- "هُوَ اَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاء" و "اِنَّهُمْ لَفِي عَشْوَاءَ مِنْ اَمْرِهِمْ" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں- و "رَكِبَ العَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا- العَشْوَاء : تاریکی کھجور- کھجور کا درخت-

عَصَّ (س) عَصًّا و عَصَصًا- سخت ہونا-
عَصَّصَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ : قرض دار سے اصرار کرنا-
العُصّ- اصل- کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ العُصّ-"
العُصْص و العُصُص- دُم کی ہڈی-
عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّيْءَ : لپیٹنا- موڑنا- بٹنا- باندھنا ___ القُطْنَ : روئی کاتنا- الرِّيْقُ بِالْفَمِ : تھوک کا منہ پر خشک ہونا ___ النَّاقَةَ : دوہنے کے لیے اُونٹنی کی رانیں باندھنا ___ الرَّجُلُ بَيْتَهُ : اقامت کرنا ___ الغُبَارُ رَاْسَهُ : سر پر غبار لگ جانا ___ القَوْمُ بِهٖ : اجتماع کرنا- احاطہ کرنا ___ عَصْبًا و عُصُوْبًا الاَسْنَانُ : دانتوں کا میلا ہونا ___ الاُفُقُ : کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا ___ عَصْبًا و عِصَابًا الشَّيْءَ : قبضہ کرنا-
عَصِبَ (س) عَصَبًا اللَّحْمُ : گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا- صفت- عَصِبٌ ___ القَوْمُ بِهٖ : اجتماع کرنا- احاطہ کرنا-
عَصَّبَهُ- بھوکا رکھنا- ہلاک کرنا- پٹی باندھنا-
عَصَّبَ فُلَانًا : سردار بنانا-
اَعْصَبَتِ الإِبِلُ : اُونٹوں کا تیز چلنا-
تَعَصَّبَ- پٹی باندھنا- عصبیت سے کام لینا- سردار ہونا ___ لَهُ و مَعَهُ : مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا ___ عَلَيْهِ : مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھانا ___ فِي دِيْنِهٖ و مَذْهَبِهٖ : دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا ___ بِالشَّيْءِ : راضی ہونا-
اِعْتَصَبَ القَوْمُ : گروہ بننا ___ المَلِكُ : بادشاہ کا تاج پہننا ___ التَّاجُ عَلٰى رَاْسِهٖ : تاج کا سر پر فٹ ہونا ___ بِالشَّيْءِ قناعت کرنا اور راضی ہونا-
اِنْعَصَبَ الشَّيْءُ : سخت ہونا-
اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ : سخت ہونا ___ القَوْمُ : مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا-
العَصْب- عمامہ- پگڑی- ایک قسم کی چادر (و العُصْب) عشق پیچاں-
العَصَب- مع- پٹھا- قوم کے چیدہ لوگ- عشق پیچاں ج اَعْصَاب-
العَصَبَة- عصب کا واحد- باپ کی جانب سے رشتہ دار- ج عَصَبَات-
العِصْبَة- پٹی باندھنے کی ہیئت-
العُصْبَة- مِنَ الرِّجَالِ و الخَيْلِ و الطَّيْرِ : مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت- ج عُصَب-
العِصَاب- جس سے باندھا جائے-
العِصَابَة- جماعت مردوں، گھوڑوں، پرندوں کی پگڑی- عمامہ- پٹی- ج عَصَائِب-
العَاصِب- فا- رَجُلٌ عَاصِبٌ : وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے-
العَصِيْب- پھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب و اَعْصِبَة- يَوْمٌ عَصِيْبٌ : سخت گرم-
التَّعَصُّب- مص دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا- ج تَعَصُّبَات-
العَصَبِيّ- قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا-
العَصَبِيَّة- دھڑا بندی-
المُعَصَّب- مفو- سردار- تاج پہننے والا- فقیر- بھوکا-
المَعْصُوْب- مفو- باریک تلوار- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْبُ الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پر گوشت-
العَصَبْصَب- سخت گرم دن یا مطلقاً سخت-
عَصَدَ (ض) عَصْدًا و اَعْصَدَ- الشَّيْءَ : موڑنا- گرہ دینا- کہا جاتا ہے "عَصَدَهُ عَلَى الاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (___ عُصُوْدًا) الرَّجُلُ : مرنا-
العَصِيْد- گرہ لگایا ہوا- موڑا ہوا-
العَصِيْدَة- ایک قسم کا کھانا جو گھی، آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے-
عَصَرَ (ض) عَصْرًا ا- العِنَبَ او الثَّوْبَ : انگور یا کپڑے کو نچوڑنا ___ الدُّمَّلَ : پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا ___ الرَّكْضُ الفَرَسَ :

پسینہ لانا ___ الشَّیْئَ عَنْهُ: منع کرنا ___ فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔

عَصَّرَ الشَّیْئَ: بار بار نچوڑنا ___ الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔

اَعْصَرَ۔ عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

اَعْصَرَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر۔ ج مَعَاصِر و مَعَاصِیْر۔ الرِّیْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔

اُعْصِرَ الْقَوْمُ: بارش کیا جانا۔

عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً۔ ایک زمانہ میں ہونا۔

تَعَصَّرَ۔ نچوڑا جانا ___ بِهٖ: پناہ لینا۔

اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ اَوِ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا ___ الْعَصِیْرَ: شراب بنانا ___ الْعَطِیَّةَ: عطیہ واپس لینا ___ مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا ___ مِنَ الشَّیْئِ: لینا ___ بِفُلَانٍ: پناہ لینا ___ عَلَیْهِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَا غَصَّ بِهٖ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔

اِنْعَصَرَ۔ نچڑنا ___ الْعِنَبُ وَنَحْوُهُ: شیرہ نکل جانا۔

الْعَاصِرُ فا۔ ج عَصَرَة و عَاصِرُوْن مؤنث عَاصِرَة ج عَوَاصِر و عَاصِرَات۔ رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔

الْعَصْرُ۔ دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ۔ عطیہ ج اَعْصُر و عُصُوْر۔ الْعَصْرَان۔ صبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔

الْعَصْرُ و الْعِصْرُ و الْعُصُرُ۔ زمانہ ج عُصُوْر و اَعْصُر و عُصُر و اَعْصَار۔ اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِیْر۔

الْعُصْرُ و الْعَصَرُ و الْعُصْرَة و الْمُعْتَصَرُ: جائے پناہ۔

الْعَصَرُ۔ عصر۔ سکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک۔

الْعَصَرَة۔ خوشبو کی بھڑک عَاصِر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔

الْعَصِیْرُ و الْعَصِیْرَة و الْعُصَار۔ رس۔ نچوڑ۔

الْعَصِیْرُ: نچوڑا ہوا۔

الْعِصَار۔ سخت غبار۔ وقت۔

الْعُصَارَة۔ رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوکس۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرِیْمُ الْعُصَارَةِ" یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔

الْاِعْصَار۔ بگولہ ج اَعَاصِر و اَعَاصِیْر۔ کہتے ہیں "وَعْدُهٗ اِعْصَارٌ لَیْسَ بَعْدَهٗ اِعْصَارٌ" یعنی اس کے وعدہ کے لیے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔

اَعْصِرَ الْقَوْمُ کا بمعنی بارش ہونا۔

الْمَعْصَرَة و الْمَعْصَر۔ نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ الْمَعْصَرِ" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔

الْمِعْصَرُ و الْمِعْصَرَة۔ انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔

الْمِعْصَار۔ وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔

الْمُعْصِرَات۔ بادل۔

الْعُصْعُصُ و الْعُصْعَص۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص۔ الْعُصْعُصُ: مرد کم خیر دشوار خو۔ مضبوط توانا۔

الْعُصْعُوْص۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِیْص۔

عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا و عُصُوْفًا الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَةٌ و عَاصِفٌ النَّاقَةُ: بِرَاکِبِهَا: اونٹنی کا تیز لے جانا ___ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّیْئُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الْحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّهْرُ بِهِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا (___ و اِعْتَصَفَ) عِیَالَهٗ: بال بچوں کے لیے کمانا۔

عَصَفَ (ن) عَصْفًا۔ الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔

اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔

اَعْصَفَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَةٌ و مُعْصِفٌ ج مَعَاصِف و مَعَاصِیْف ___ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔

اَعْصَفَتِ الْحَرْبُ بِهِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔

اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔

الْعَصْف۔ مہ۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْنِ: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الْاَثْمَدِ وغیرہ اثمد وغیرہ کا غبار۔

الْعَصْفَة۔ عَصْف۔ کا اسم مرۃ۔ شراب کی بُو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔

الْعَاصِف۔ فا۔ سَهْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔ یَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔

الْعَاصِفَة۔ مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ و عَوَاصِف۔

الْعَصُوْف۔ تیز ہوا۔ ج عُصُف۔

الْعَصِیْف۔ تیز ہوا۔

الْعَصِیْفَة۔ پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔

الْعُصَافَة۔ تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اُڑا کر لائے۔

عَصْفَرَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔

تَعَصْفَرَ۔ الثوب: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔ تَعَصْفَرَتِ الْعُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہونا۔

الْعُصْفُر۔ زرد رنگ۔

الْعُصْفُوْر۔ چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِیْر مؤنث عُصْفُوْرَة۔ الْعُصْفُوْرُ: پیشانی۔ پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اُٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "نَقَّتْ اَوْ صَاحَتْ عَصَافِیْرُ بَطْنِهٖ" یعنی بھوکا ہوا۔

الْعُصَیْفِرَة۔ گل خیری کا زرد پھول۔

الْعُصْقُوْل۔ نر ٹڈی۔ ج عَصَاقِیْل۔

الْعَصَاقِیْل: بگولہ۔

عَصِلَ (س) عَصَلًا۔ الشَّیْئُ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلٌ و اَعْصَلُ مؤنث عَصِلَةٌ و عَصْلَاءُ ج عِصَال و عُصْل (___ و اَعْصَلَ) سخت ہونا۔

عَصَلَ (ن) عَصْلًا الْعُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا

کرنا۔

عَصَّلَ السَّهْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔

العِصْلُ والعَصَلُ۔ آنت ج اَعْصَال۔

المِعْصَل۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔

المِعْصَال والمِعْصِيَل۔ ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقِيلَة" یا "باکور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِيل۔

عَصْلَبَ۔ سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔

العَصْلَب والعُصْلُب والعُصْلُبِيّ والعُصْلُوب۔ بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔

عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلَ: کمائی کرنا۔ الشَّيْءَ: روک لینا ــــ اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَكْرُوهِ محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَةَ: مشک کو رسّی سے باندھنا ــــ اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا۔

عَصِمَ (س) عَصَمًا۔ الظَّبْيُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔

اَعْصَمَ بِهٖ: پکڑنا اور لازم ہونا۔ بِالْفَرَسِ: ایال پکڑنا ــــ مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا ــــ القِرْبَةَ: رسّی سے باندھنا۔

اِعْتَصَمَ۔ بِهٖ: ہاتھ سے پکڑنا ــــ بِصَاحِبِهٖ: لازم ہونا ــــ بِاللّٰهِ: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا ــــ مِنَ الشَّرِّ والمَكْرُوهِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔

اِنْعَصَمَ۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔

اِسْتَعْصَمَ بِهٖ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔

العُصْم والعُصُم۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔

العِصَام۔ سرمہ۔ دُم کا باریک حصہ۔ مِنَ القِرْبَةِ: مشک باندھنے کی رسّی۔ مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد۔ اور یہ باب مجاز سے ہے ج اَعْصِمَة و عُصُم و عِصَام۔

العِصَامِيّ۔ نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "كُنْ عِصَامِيًّا لَا عِظَامِيًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آباؤ اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔

العِصْمَة۔ بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔

العِصْمَة۔ گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واَعْصَم و عِصَمَة ج اَعْصَام۔

العَصَمَة۔ گلوبند۔ پٹہ۔

الاَعْصَم۔ اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم۔

العَصِيم۔ پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔

العَصُوم والعَيْصُوم۔ بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)

العَاصِمَة۔ مدینہ منورہ کا لقب۔ دار السلطنت۔ ج عَوَاصِم۔

المِعْصَم۔ کلائی ج مَعَاصِم۔

المُعْتَصَم۔ پناہ لینے کی جگہ۔

عَصَا يَعْصُو عَصْوًا۔ الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا ــــ الجُرْحَ: زخم کو باندھنا ــــ القَوْمَ نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔

عَصِيَ يَعْصَى عَصًا۔ لاٹھی لینا (ــــ واعْتَصَى) بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔ واِعْتَصَى الشَّيْءَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔ اِعْتَصَى عَلَيْهِ: ٹیک لگانا۔

عَصَّى تَعْصِيَةً فُلَانًا العَصَا: لاٹھی دینا۔

اَعْصَى اِعْصَاءً۔ الكَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔

عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ۔ لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔

العَصَا۔ لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِيّ وعِصِيّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور تثنیٰ عَصَوَان العَصَاء: اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَهُ العَصَا" متنبہ کیا "قَشَرَ لَهُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا "قَرَعَهٗ بِعَصَا المَلَامَةِ" حد سے زیادہ ملامت کی "اَلْقَى المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَى عَصَا التَّرْحَالِ یعنی اس نے اقامت کی "النَّاسُ عَبِيْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔

العُصَيَّة۔ عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔

عَصَى يَعْصِي عَصْيًا ومَعْصِيَةً سَيِّدَه: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة وعَاصُوْن ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنا ــــ العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔

عَاصَاهُ مُعَاصَاة وتَعَصَّى عَلَيْهِ تَعَصِّيًا۔ نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّى الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً۔ النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔

اِسْتَعْصَى۔ سَيِّدَه: مالک کی نافرمانی کرنا ــــ الشَّيْءُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔

العَصِيّ۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصِيُّوْن واَعْصِيَاء۔

العَصَّاء۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْن۔

المَعْصِيَة۔ گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِي۔

عَضَّهٗ (س) عَضًّا وعَضِيْضًا دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ با اور علٰی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِهٖ اور عَضَّ عَلَيْهِ بھی بولا جاتا ہے ــــ ہ الزَّمَانُ: سخت ہونا الشَّيْءَ: لازم ہونا اور پکڑنا۔

عَضَّضَ۔ بہت کاٹنا۔

عَاضَّتْ مُعَاضَّةً وعِضَاضًا الدَّوَابُّ: جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔

اَعَضَّهُ۔ الشَّيْءَ: دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔

تَعَاضًّا۔ ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔

العِضّ۔ بد خلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ مصیبت۔ ہسرٌ مال کا منتظم ج اَعْضَاض وعُضُوض۔ العِضّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض۔

العُضّ۔ جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔ چھوٹا کانٹے دار درخت۔

العَضَاض۔ جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔

العِضَاض۔ دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِضَاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِيْض۔ مع۔ سخت کاٹ۔ ہمسر۔
العَضُوْض و العَضَّاض۔ بہت کاٹنے والا۔ بِئْرٌ عَضُوْض: بہت پانی والا کنواں۔
العُضَاض و العُضَّاض۔ ناک کا اوپر کا سخت حصہ۔
عَضَبَ (ض) عَضْبًا قطع کرنا ___ ہ المَرَضُ: حرکت سے روکنا ___ ہ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ___ ہ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا ___ ہ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا ___ ہ بِلِسَانِهٖ: گالی دینا عَضَبَ عَنْهُ: رجوع کرنا (___ و اَعْضَبَ)
النَّاقَةَ و نَحْوَهَا: اُونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضَبًا الكَبْشُ: مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوْبًا و عُضُوْبَةً۔ چرب زبان ہونا۔
عَاضَبَهٗ مُعَاضَبَةً۔ القَرْنُ: سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب۔ تیز تلوار۔ چرب زبان۔
الاَعْضَب۔ پھٹے کان والا۔ ٹوٹے سینگ والا۔ جس کا بھائی نہ ہو۔ بے مددگار۔ مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب۔
العَضَّاب۔ بہت کاٹنے والا۔ بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوْب۔ کمزور۔ لنجا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمَعْضُوْبُ اللِّسَانِ" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضْبَرَ عَضْبَرَةً الكَلْبُ: شیر کی مانند ہونا۔
العِضْبَارَة۔ جنگلی کلیاٹ۔ دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَهٗ (ن) عَضْدًا۔ مدد کرنا۔ بازو پر مارنا۔
عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشَّجَرَةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔ اُونٹوں کیلئے پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س) عَضَدًا و عُضِدَ عَضْدًا۔ بازو میں درد ہونا۔ صفت عَضِد مؤنث عَضِدَة۔
عَضَّدَ و اَعْضَدَ السَّهْمُ۔ تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عَاضَدَهٗ مُعَاضَدَةً۔ مدد کرنا۔
تَعَاضَدُوْا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَهٗ و تَعَضَّدَهٗ۔ بغل میں لینا۔
اِعْتَضَدَ بِهٖ: مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
اِسْتَعْضَدَ۔ الشَّجَرَةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا ___ الثَّمَرَةَ: پھل چننا۔
العَضُد۔ مع۔ مددگار۔ گوشہ۔ ج اَعْضَاد۔
العَضْد و العُضْد و العَضِد۔ بازو ج اَعْضَاد و اَعْضُد۔
عَضُدُ كُلِّ شَيْءٍ و عَضُدُهٗ و اَعْضَادُهٗ وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔ جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔
عَضُدُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ عَضُدِهٖ" یعنی اپنے اعوان و انصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد۔ کٹا ہوا درخت۔ قوۃ۔ اُونٹ کے بازو میں ایک مرض۔ جھاڑے ہوئے پتے۔
العَضَاد۔ پستہ قد مرد یا عورت۔ موٹے بازو والا۔
العِضَاد۔ بازو بند۔ تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔ درانتی۔ ہنسیا۔ اُونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضَادَة مِنَ الطَّرِيْقِ: راستہ کا پہلو۔ عِضَادَتَا البَابِ: چوکھٹ کے دونوں بازو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِضَادَةُ فُلَانٍ" فلاں فلاں کا معاون و مددگار ہے۔
العِضَادِيُّ و العَضَادِيُّ و العُضَادِيُّ: موٹے بازو والا۔
العَضِيْد۔ کھجور کے درختوں کی قطار۔ درخت سے کٹا ہوا۔ ج عِضْدَان۔
الاَعْضَد۔ دُبلے بازو والا۔ جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَوَاضِد۔ درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد۔ درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد۔
المِعْضَاد۔ بازو بند۔ ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ ہنسیا۔ درانتی۔
المِعْضَدَة۔ تھیلی۔ بٹوہ۔
العَضْرَس و العُضَارِس۔ سردی، اولے، برف، ٹھنڈا اٹھلا پانی۔ گورخر۔ ج عَضَارِس۔
العُضْرُط۔ کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ ج عَضَارِط و عَضَارِطَة۔
العُضْرُط و العِضْرِط۔ کمینہ۔
قَوْمٌ عَضَارِيْط۔ فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا۔ عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ منع کرنا۔ بِهِ الاَمْرُ: سخت ہونا ___ الرَّجُلَ: عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) و عَضِلَ (س) عَضْلًا و عِضْلًا و عِضَلَانًا المَرْاَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا۔ منع کرنا ___ الرَّجُلَ: رائد کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا۔ بہت سخت گوشت والا ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل و عَضْل۔
عَضَّلَ۔ عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ کسی کے حصولِ مقصد میں حائل ہو جانا۔ عَضَّلَ المَرْاَةَ عَنِ الزَّوَاجِ۔ نکاح کرنے سے روکنا ___ المَكَانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الاَرْضُ بِاَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہو گئی۔ عَضَّلَتِ المَرْاَةُ او الدَّجَاجَةُ و غَيْرُهُمَا مِنَ الحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا بچہ جننا دشوار ہو گیا۔ صفت مُعَضِّل۔
اَعْضَلَ الاَمْرُ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ اَعْضَلَتِ المَرْاَةُ و نَحْوُهَا مِنَ الحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِل و مُعْضِلَة ج مَعَاضِيْل۔ اَعْضَلَ بِهِ الاَمْرُ: مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا ___ الاَمْرُ فُلَانًا: غالب آنا اور عاجز کر دینا۔ اَعْضَلَنِي فُلَانٌ: فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کر دیا (___ و تَعَضَّلَ) الدَّاءُ الاَطِبَّاءَ: بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا۔
العِضْل۔ بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔
العَضَل۔ بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان۔
العَضَلَة۔ سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل و عَضَلَاتٌ۔ العَضَلَة: کنیر کے مشابہ ایک درخت۔
العَضِيْلَة۔ بمعنی عَضَلَةٌ ج عَضَائِل۔

العُضْلَة۔ مصیبت۔ ج عُضل و عُضَل۔

العُضَال۔ سخت۔ دَاءٌ عُضَال: عاجز کردینے والا مرض۔

المُعْضِل۔ فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لاعلاج مرض۔

المُعْضِلَة۔ مؤنث مُعْضِل۔ پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَات۔ المُعْضِلَات۔ سختیاں۔

المُعْضِلَة و المُعَضِّلَة۔ پیچیدہ مشکل معاملہ۔

العَضْم۔ کمان کا قبضہ ج عِضَام۔ گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضم و اَعْضِمَة۔

عَضَهَ (ف) عَضْهًا و عَضَهًا و عِضَهَةً و عَضِيهَةً۔ جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (___ عَضْهًا) البَعِيرُ: ببول کا درخت کھانا ___ الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔

عَضِهَ (س) عَضْهًا و اَعْضَهَ۔ بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔

العَاضِه۔ فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهٌ و عَاضِهَةٌ۔ سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مرجائے ج عَوَاضِه۔

العِضَة۔ جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُوْن۔

العِضَاه۔ ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَة و عِضَة: کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهِ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔

العِضَاهِيّ و العِضَهِيّ و العَضَوِيّ مِنَ الإِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا۔ اُونٹ۔

مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔

العَاضِهَة۔ مؤنث عاضِه۔ جھوٹ۔ بہتان ج عَوَاضِه۔

عَضَا يَعْضُو عَضْوًا و عَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا ___ الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔

عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔

العُضْو و العِضْو۔ بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج اَعْضَاء۔

العِضَة۔ فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُوْن۔

رَجُلٌ عَاضٍ۔ مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔

عَطَّ (ن) عَطًّا و عَطَّطَ و اِعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيط۔ عَطَّ الرَّجُلَ إِلَى الاَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔

اِنْعَطَّ العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا (___ و تَعَطَّطَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

العَطَاط۔ بڑا بہادر۔ شیر۔

الاَعَطّ۔ لمبا۔

عَطِبَ (س) عَطَبًا و اِعْتَطَبَ۔ ہلاک ہونا ___ الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔

عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔

اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔

عَطَبَ (ن) عَطْبًا و عُطُوْبًا۔ القُطْنُ رُوئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔

عَطَّبَ۔ الشَّرَابَ: خوشبو دار کرنے کی تدبیر کرنا ___ الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔

اَعْطَبَهُ۔ ہلاک کرنا۔

العُطْب و العُطُب۔ رُوئی۔

العُطْبَة۔ رُوئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ رِيحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی رُوئی یا چیتھڑے کی بُو محسوس کرتا ہوں۔

المُعْطِب۔ فقیر۔

المَعْطَب۔ ہلاکت کی جگہ ج مَعَاطِب۔

العُطْبُل و العُطْبُول و العُطْبُوْلَة۔

العَيْطَبُوْل۔ جوان، خوبصورت، دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل و عَطَابِيل۔ العُطْبُل والعُطْبُوْل۔ دراز گردن ہرنی۔

عَطِرَ (س) عَطَرًا۔ خوشبو دار ہونا۔ صفت عَطِرٌ۔

عَطَّرَهُ۔ خوشبو دار کرنا۔

تَعَطَّرَ و اِسْتَعْطَرَ۔ خوشبو دار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔

العِطْر۔ خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُوْر۔

العَاطِر۔ عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر۔

العَطَّار۔ بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (العِطَارَة) کہتے ہیں۔

المِعْطَار و المِعْطِير۔ بہت خوشبو والا۔ (مذکر و مؤنث)

عُطَارِد۔ بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ (منصرف و غیر منصرف)

عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا و عُطَاسًا چھینکنا ___ الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے عَطَسَ فُلَانٌ و عَطَسَتْ بِهِ اللُّجُمُ: یعنی مر گیا۔

عَطَّسَ۔ چھینکوانا۔

العَاطِس۔ فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صبح۔

العَاطُوْس۔ ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔

المَعْطَس و المَعْطِس۔ ناک۔ ج مَعَاطِس۔ کہا جاتا ہے "اُرْغِمَتِ المَعَاطِسُ" یعنی دشمن مغلوب ہوگئے۔

عَطِشَ (س) عَطَشًا۔ پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش و عَطْشَى و عَطَاشَى۔ مؤنث عَطْشَى و عَطْشَانَة ج عِطَاش۔

اَعْطَشَهُ و عَطَّشَهُ۔ پیاسا کرنا۔ اَعْطَشَ الرَّجُلُ: پیاسے جانور والا ہونا۔

عَاطَشَهُ فَعَطَشَهُ۔ پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعولی مَعْطُوْش۔

تَعَطَّشَ۔ پیاسا بننا۔

العَطِش و العَطُش۔ پیاسا۔ مؤنث عَطِشَة عَطُشَة۔

العُطَاش۔ بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔

المَعْطَش۔ پیاس کا وقت ج مَعَاطِش۔

المَعْطَشَة۔ زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش۔

المِعْطَاش۔ بہت پیاسا (مذکر و مؤنث)

عَطْعَطَ۔ القَوْمُ عَطْعَطَةً۔ لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ: کلام میں خلط ملط کرنا۔

عَطَفَ (ض) عَطْفًا و عُطُوْفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا ___ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا ___ عَنْهُ: پھر جانا ___ ہ عَنِ الاَمْرِ: ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ: لگام پھیرنا ___ كَلِمَةً عَلَى اُخْرَى: حرف عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا ___ الوِسَادَةَ: تکیہ کو دوہرا کرنا ___ الشَّيْءَ: جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا:

اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللّٰهُ قَلْبَهُ و بِقَلْبِهِ : دل کو مہربان کر دینا۔

عَطِفَ (س) عَطَفًا۔ لمبی پلکوں والا ہونا۔

عَطَّفَ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلَى وَلَدِهَا : مہربان کرانا۔ الشَّيءَ : جھکانا۔

تَعَطَّفَ۔ جھکنا اور مائل ہونا ـــــ عَلَيْهِ : رحم دل ہونا اور احسان کرنا ـــــ الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔

اِعْتَطَفَ۔ الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔

اِنْعَطَفَ۔ مڑنا۔

تَعَاطَفَ۔ القَوْمُ : بعض کا بعض پر مہربانی کرنا ـــــ فِي مِشْيَتِهِ : ناز سے سرہلاتے ہوئے چلنا۔

اِسْتَعْطَفَهُ۔ مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔

العَطْفُ۔ کجی۔ جھکاؤ۔

العِطْفُ۔ بغل ـــــ مِنْ كُلِّ شَيءٍ : ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ : کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ : مرد کے دونوں پہلو ج أَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوف۔ کہا جاتا ہے "ثَنَى عَنِّي عِطْفَهُ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "هُوَ يَنْظُرُ فِي عِطْفَيْهِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِيَ عِطْفِهِ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔

العِطْفَةُ۔ انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔

العَطَفُ۔ پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچان۔ واحد عَطَفَةٌ۔

العِطَافُ۔ چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف وأَعْطِفَةٌ۔

العَاطِفُ۔ فا۔ ازار۔ گھوڑدوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة۔ والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ : حرف عطف جیسے واو۔ فا۔ ثمّ۔ حتّی وغیرہ۔

العَاطِفَةُ۔ مؤنث عَاطِف۔ شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف۔

العَطِيفُ۔ مِنَ النِّسَاءِ : نازک فرمانبردار عورت۔

العَطِيفَةُ۔ کمان۔ ج عَطَائِف۔

العَطُوفُ۔ مہربان محسن۔ اِمْرَأَةٌ عَطُوفٌ شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف (ـــــ والعَاطُوفُ) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِيف۔

قَوْسٌ عَطْفَى۔ ٹیڑھی کمان۔

المِعْطَفُ۔ چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف۔

مُنْعَطِفُ الوَادِي و مُنْعَطَفُهُ۔ وادی کا موڑ۔

المَعْطِفُ۔ گلا ج مَعَاطِف

عَطِلَ (س) عَطَلاً الرَّجُلُ مِنَ المَالِ او الأَدَبِ وكَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ : خالی ہونا۔ صفت عَاطِلٌ وعُطُلٌ وعُطْلٌ۔ ج أَعْطَال۔

عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلاً وعُطُولاً۔ المَرْأَةُ : عورت کا بے زیور ہونا۔ صفت عَاطِل و عَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلات وعَوَاطِل وعُطَّل وأَعْطَال۔

عَطَلَ (ن) عَطَالَةً۔ الأَجِيرُ : مزدور کا بیکار ہونا۔

عَطَّلَ۔ الشَّيءَ : بے کار چھوڑ دینا ـــــ المَرْأَةَ : زیور اُتار لینا ـــــ القَوْسَ : کمان سے تانت نکال لینا۔ عُطِّلَتِ الإِبِلُ : بغیر چرواہے کے ہونا۔ عَطَّلَ الإِبِلَ : بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا البِئْرَ : کوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع ذائع کرکے چھوڑ دیا جائے اس پر تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُودُ او الثُّغُورُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جوتی بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِيَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہی ایسی قوم کو "مُعَطَّلُون" کہیں گے۔

تَعَطَّلَ۔ بیکار ہونا۔ تَعَطَّلَتْ واِسْتَعْطَلَتِ المَرْأَةُ : عورت کا بے زیور ہونا۔

العَطَلُ۔ گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا أَحْسَنَ عَطَلَهُ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔

العُطْلَةُ۔ بیکاری۔

العَطِيلُ والعَيْطَلُ : نر کھجور کے خوشے کا تنہ۔

العَيْطَلُ : خوبصورت دراز گردن۔

العَطْلَاءُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور عورت۔

المِعْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور رہنے کی عادی۔

التَّعْطِيلُ : بیکار رہنا۔ مَذْهَبُ التَّعْطِيلِ۔ صفات باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔

المُعَطِّلَةُ۔ مذہب تعطیل والے۔

اِعْتَطَمَ۔ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا۔ صفت عَاطِمٌ و عَطِيمٌ ج عُطُم۔

العُطْمُ۔ دھنکی ہوئی اُون۔

عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا۔ الجِلْدَ : کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔ صفت مفعول عَطِينٌ و مَعْطُونٌ (ـــــ عُطُونًا) البَعِيرُ : اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔ صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ و عُطُونٌ و عَطَنَةٌ مؤنث عَاطِنَةٌ ج عَاطِنَاتٌ و عَوَاطِنُ و عُطُونٌ۔

عَطِنَ (س) عَطَنًا۔ الجِلْدُ : کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔ صفت عَطِنٌ۔

عَطَّنَ الجِلْدَ : کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (ـــــ وأَعْطَنَ) الإِبِلَ : دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔ عَطَّنَ لِلْإِبِلِ : اُونٹ کے لیے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔ عَطَّنَتِ الإِبِلُ : اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔

اِنْعَطَنَ الجِلْدُ : کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔

العَطَنُ والمَعْطِنُ والمَعْطَنُ۔ اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَعَاطِن۔

العِطَانُ۔ گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہو جائیں۔

رَجُلٌ عَطِينٌ و عَطِينَةٌ۔ بدبودار مرد۔

عَطَا يَعْطُو عَطْوًا۔ الشَّيءَ و إِلَيْهِ : لینا۔ إِلَيْهِ يَدَهُ : بلند کرنا۔

عَطَّى تَعْطِيَةً الرَّجُلَ : جلدی کرانا۔ خدمت کرنا۔

أَعْطَى إِعْطَاءً ه الشَّيءَ : دینا۔ أَعْطَى البَعِيرُ او أَعْطَى البَعِيرُ بِيَدِهِ : مطیع ہونا۔

عَاطَى مُعَاطَاةً و عِطَاءً الرَّجُلَ الشَّيءَ : دینا ـــــ ہ : خدمت کرنا۔

تَعَاطَى تَعَاطِيًا۔ الشَّيءَ : لینا۔ الأَمْرَ : مشغول ہو جانا ـــــ الرَّجُلُ : کسی چیز کو پکڑنے کے لیے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاطَيْنَا فَعَطَوْتُهُ" داد و دہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہو گیا۔

تَعَطّی تَعَطِّیًا- جلدی کرنا ___ الْاَمْرَ: مشغول ہو جانا-
تَعَطّی و اِسْتَعْطی اِسْتِعْطَاءً- عطیہ مانگنا-
الْعَطَا و الْعَطَاء- جو چیز دی جائے- ج اَعْطِيَة جج اَعْطِيَات-
الْعَطِيَّة- بمعنی عطا ج عَطَايَا و عَطِيَّات-
الْعَطَاءَة و الْعَطَاوَة- بمعنی عطا-
الْمِعْطَاء- بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث) ج مَعَاطِيُ و مَعَاطِيّ-
عَظَّهُ (ن) عَظًّا بِالْاَرْضِ: چپکا دینا- عَظَّتْهُ الْحَرْبُ: تکلیف پہنچانا-
عَاظَّهُ مُعَاظَّةً و عِظَاظًا- سختی کرنا- تکلیف پہنچانا- عَاظَّ الْقَوْمُ: جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا-
الْعَظَّة- جنگ میں سختی-
عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطَّائِرُ: پرندے کا دُم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا-
عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا و عُظُوْبًا جِلْدُهُ- کھال خشک ہونا ___ يَدُهُ: کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا-
عَظِبَ (س) عَظَبًا عَلَی الْعَمَلِ: صبر سے برداشت کرنا- موٹا ہونا- صفت عَظُوْب-
عَظَّبَهُ عَنْ بُغْيَتِهِ: ٹالنا- تاخیر کرنا ___ ہ عَلَی الشَّیْءِ: عادی اور رسا بنانا-
الْعَاظِب و الْعَظِب: جنگل اور خشک مقامات میں اُترنے والا-
عَظِيْب- الْخُلُق: بدخلق-
عَظَرَ (س) عَظْرًا- الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا-
اَعْظَرَهُ الشَّرَابُ: معدہ میں ثقیل ہونا اور اسم اس سے (الْعِظَارَة) ہے-
الْعَظُوْر- شراب سے شکم سیر ج عُظُر-
الْعِظَار- شراب کی وجہ سے امتلاء-
عَظْعَظَ السَّهْمُ: تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا ___ الْجَبَانُ: بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا ___ فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا-
عَظَلَ (ن) و عَظِلَ (س) عَظْلًا و تَعَاظَلَ و عَظَّلَ و اِعْتَظَلَ الْكِلَابُ اَوِ الْجَرَادُ: کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا-

عَاظَلَ الشَّیْءَ: سوار ہونا ___ الْكَلَامَ: کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا ___ الشَّاعِرُ فِی الْقَافِيَةِ: تضمین کرنا بالکلام: اپنے ہی اُوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا-
عَظَّلَ و تَعَظَّلَ- الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مارنے کے لیے ہجوم کرنا- تَعَظَّلَ فِی اَثَرِهِ: تلاش کرنا-
الْعَاظِلُ و الْعَاظِلَةُ و الْعَظْلٰی مِنَ الْجَرَادِ: ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی-
تَعَظْلَمَ اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا-
الْعَظْلَمَة- تاریکی-
عَظُمَ (ک) عِظَمًا و عَظَامَةً- بڑا ہونا- صفت عَظِيْم ج عُظَمَاءُ و عِظَامٌ و عُظُمٌ ___ الْاَمْرُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا-
عَظَمَ (ن) عَظْمًا- الْكَلْبَ: کتے کو ہڈی کھلانا ___ عَظْمَةً الرَّجُلَ: ہڈی پر مارنا-
اَعْظَمَ الْاَمْرُ: بڑا ہونا ___ الشَّیْءَ: بڑا کرنا- بڑا سمجھنا- اعظم الْكَلْبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا- کہا جاتا ہے "مَا يُعْظِمُنِیْ اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں-
عَظَّمَهُ: تعظیم کرنا- توقیر کرنا- عَظَّمَ الشَّاةَ: ہڈی ہڈی کاٹنا-
تَعَظَّمَ- تکبر کرنا-
تَعَاظَمَ- تکبر کرنا- تَعَاظَمَهُ الْاَمْرُ: بڑا ہونا- کہا جاتا ہے "اَمْرٌ لَا يَتَعَاظَمُهُ شَیْءٌ" وہ ایسا امر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں-
اِسْتَعْظَمَ- تکبر کرنا ___ الْاَمْرَ: بڑا سمجھنا- انکار کرنا ___ الشَّیْءَ: بڑا حصہ لے لینا-
الْعَظْم- ہڈی ج اَعْظُمٌ و عِظَامٌ و عِظَامَة-
عَظْمُ الشَّیْءِ و عُظْمُهُ چیز کا بڑا حصہ- ج اَعْظَام-
الْعِظَمُ و الْعِظَمُ و الْعُظْمُ- بڑائی-
عَظْمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا درمیان-
الْعُظَام و الْعُظَّام- بڑا- مؤنث عُظَامَة و عُظَّامَة-
الْعَظْمَة- ہڈی کا ٹکڑا-
الْعَظَمَةُ مِنَ السَّاعِدِ اَوِ اللِّسَانِ: کلائی یا زُبان کا موٹا حصہ ج عَظَمَات- عَظَمَاتُ الْقَوْمِ سرداران قوم (___ والْعَظَمُوْت والْعُظَّامَة) تکبر- نخوت- فخر-
الْعِظَامَةُ و الْعُظَّامَةُ و الْعُظْمَةُ و الْاِعْظَامَة- گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کیلئے باندھتی ہیں-
الْعَظِيْمَة- مؤنث عَظِيْم- سخت مصیبت- ج عَظَائِم- عَظَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے بڑے بڑے اُمور-
الْعَظْمِیُّ- سفیدی مائل کبوتر-
مُعْظَمُ الشَّیْءِ: چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم- کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَةَ الْمُرَاعَاةِ" فلاں کے لیے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے-
الْمُعْظَمَة- سخت مصیبت-
عَظَا يَعْظُوْ عَظْوًا- فُلَانًا: غمگین کرنا- غیبت کرنا- بھلائی سے روکنا- زہر پلانا-
عَظِیَ يَعْظٰی عَظًی فُلَانًا: غمگین کرنا-
الْعَظَايَة و الْعِظَايَة و الْعِظَاءَة و الْعَظَاءَة- چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ و عِظَاءٌ و عَظَايَات و عَظَايَا-
عَفَّ (ض) عَفًّا و عِفَّةً و عَفَافًا و عَفَافَةً و تَعَفُّفًا- حرام یا غیر مستحسن سے رکنا- پاک دامن ہونا- صفت مذکر عفیف و عِفٌّ ج اَعِفَّةٌ و اَعِفَّاءُ و عِفُّوْنَ- صفت مؤنث عَفِيْفَةٌ و عِفَّةٌ ج عَفِيْفَات و عَفَائِف و عِفَّات عَفَّ عَنْ كَذَا: باز رہنا- تَعَفَّفَ: بتکلف پاک دامن بننا- تھن کے بقیہ دودھ کو پینا-
اَعَفَّ اللّٰهُ فُلَانًا: پاکدامن کرنا-
تَعَافَّ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا ___ الْمَرِيْضَ: علاج کرنا-
اِعْتَفَّ و اِسْتَعَفَّ عَنِ الْخَبِيْثِ: رُکنا ___ الْبَعِيْرُ الْيَبِيْسَ: اُونٹ کا مٹی کے اُوپر اُوپر خشک گھاس چرنا-
الْعِفَّة- مص- پارسائی- پاکدامنی- طہارت بدن-
الْعُفَّة و الْعُفَافَة- تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَاَلْتُهُ فَمَا اَعْطَانِیْ اِلَّا عُفَافَةً یعنی تھوڑا سا دیا- الْعِفَاف: دوا- کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی عِفَّانِ ذٰلِكَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا-

عَفَتَ (ض) عَفْتًا الشَّیَٔ : موڑنا اور توڑنا ـــــ کَلَامَہٗ وَفِیْ کَلَامِہٖ : لکنت کی وجہ سے بولنے میں مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات۔
العَفَت۔ لکنت۔
الاَعْفَت۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بیوقوف۔
عَفَجَہ (ض) عَفْجًا بِالعَصَا : لاٹھی مارنا۔
العَفْج و العِفْج و العَفَج و العَفِج آنت ج اعفاج و عِفَجَۃٌ۔
المِعْفَج۔ بیوقوف۔
المِعْفَجَۃ والمِعْفَاج۔ لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری۔ اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔
عَفَدَ (ض) عَفْدًا و عَفَدَانًا۔ دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔
اِعْتَفَدَ۔ بھوک کی وجہ سے مرنے کے لیے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔
عَفَرَہٗ (ض) عَفْرًا فِی التُّرَابِ : مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا ـــــ الشَّیَٔ : زمین پر پٹک دینا۔
عَفِرَ (س) عَفَرًا و اِسْتَعْفَرَ۔ خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت اَعْفَر۔
عَفَّرَہٗ فِی التُّرَاب : مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کیلئے "قَدْ عُفِّرَ وَاُرْغِم" بولا جاتا ہے "عَفِّرِ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا ـــــ الشَّیَٔ : سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرْاَۃُ فِی العِظَامِ : عورت کا دودھ چھڑانے کے لیے پستان پر مٹی لگانا۔
اِعْتَفَرَ۔ الشَّیُٔ : خاک آلود ہونا ـــــ الثَّوبُ فِی التُّرَابِ : کپڑے کو مٹی میں لتھیڑنا ـــــ فُلَانٌ : قادر ہونا۔ قوی ہونا ـــــ الرَّجُلَ : زمین پر پٹک دینا۔ کودانا ـــــ ہٗ الاَسَدُ : شیر کا پچھاڑنا۔
تَعَافَرَ۔ الثَّرِیدُ : ثرید کا سفید ہونا۔
تَعَفَّرَ و اِنْعَفَرَ فِی التُّرَابِ : مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا ـــــ الشَّیُٔ : خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ الوَحْشُ : وحشی جانور کا موٹا ہونا۔
العَفْر و العَفَر۔ مٹی۔ خاک۔ ج اَعْفَار۔

العِفْر و العُفْر۔ نر سور یا مطلقاً سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفْر : بُعد۔ بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں، آٹھویں، نویں رات۔ مرد دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج اَعْفَار و عِفَار۔
رَجُلٌ عِفْرٌ و عِفِرٌّ و عِفِرَّی و عُفَارِیَۃٌ۔ خبیث مرد۔
الاَعْفَر۔ ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔
العُفْرَۃ۔ خاکستری رنگ۔
العُفْرَۃ و العَفَرَۃ۔ مِنَ الدِّیْكِ : مرغ کے گردن کے بال ـــــ مِنَ الاِنْسَانِ : وسط سر کے بال ـــــ مِنَ الاَسَدِ : شیر کے بال۔ عُفْرَۃُ الحَرِّ : گرمی کی شدت۔
العُفُر۔ زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔
العُفُرَّۃُ۔ مخلوط لوگ۔ عُفْرَۃ و عُفُرَّۃ الحَرِّ او البَرْدِ : گرمی یا سردی کی شدت۔
العَفَار۔ بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفَارَۃٌ۔
العَفَارَۃ۔ خباثت۔ برائی۔
العِفْرِیَۃ۔ بڑا سخت مکار۔ خبیث۔
العِفْرِیَۃُ و العِفْرَاۃ مِنَ الدِّیْكِ و الاِنْسَانِ : بمعنی عُفْرَۃ۔ جب کوئی غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَنَا فِشًا عِفْرِیَتَہٗ۔"
العَفِیْر۔ گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِیْرٌ : بلا سالن کے روٹی (ـــــ والمَعْفُور) مٹی میں لتھیڑا ہوا۔ العَفِیْر : وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔
العُفَیْرَۃ۔ کہربا کی گولی۔
العَفَّار۔ مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا پھول ڈالنے والا۔
العَفْرَاء۔ الاَعْفَر کا مؤنث ج عُفْر۔ سفید زمین ـــــ مِنْ لَیَالِی القَمَرِ : تیرھویں رات۔
العِفِرِّیْن۔ مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَیْثُ عِفِرِّیْنَ : شیر۔ عِفِرِّیْن : نام شیر کی جھاڑی کا۔
المُعَافِر۔ ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔
تَعَفْرَتَ۔ دیو ہونا۔ شریر ہونا۔
العِفْرِیْت۔ سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ اور یہ اِنسان، جِنّات، شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِیْت مؤنث عِفْرِیْتَۃ۔
عَفْرَسَہٗ۔ پچھاڑنا اور غالب ہونا۔
العِفْرِس و العِفْرِیْس و العِفْرَاس و العُفْرُوس و العَفَرْنَس : شیر۔
العَفَارِیْس۔ شتر مرغ۔
عَفَزَ (ض) عَفْزًا اَہْلَہٗ : اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا ـــــ الجَمَّالُ بَعِیْرَہٗ : ساربان کا اونٹ کو بٹھانا۔
العَفْز۔ مص ـــــ و العَفَاز : کھایا ہوا اخروٹ۔
العَفَازَۃ۔ ٹیلہ۔
عَفَسَہٗ (ض) عَفْسًا۔ پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا ـــــ عَنْ حَاجَتِہٖ : حاجت سے باز رکھنا، روکنا ـــــ المَاشِیَۃَ : جانور کو بغیر چارے کے رکھنا ـــــ ہٗ : زمین پر چمٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا ـــــ ہٗ بِرِجْلِہٖ : چوتڑ پر لات مارنا۔
عَافَسَہٗ۔ کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یُعَافِسُ الاُمُوْر۔"
تَعَافَسَ و اِعْتَفَسَ القَوْمُ : آپس میں کشتی کرنا۔
اِنْعَفَسَ فِی التُّرَابِ : خاک آلود ہونا۔ فِی المَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔
العِفَاس۔ فساد۔
المَعْفُوْس۔ قیدی۔
عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّیَٔ : جمع کرنا۔
العُفَاشَۃ۔ بے خیر و برکت آدمی۔
الاَعْفَش۔ کمزور نگاہ والا۔
عَفَصَہٗ (ض) عَفْصًا۔ اکھیڑنا۔ موڑنا۔ ـــــ الرَّجُلَ : کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّہٗ مِنْہُ : حق لینا۔
عَفَصَ و اَعْفَصَ القَارُوْرَۃَ : شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الْحِبْرَ : روشنائی میں مازو ڈالنا۔
عَفَّصَ الثَّوْبَ : کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
عَافَصَہٗ مُعَافَصَۃً۔ کشتی لڑنا۔
العَفْص۔ مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔

العَفص۔ناک کی کجی۔

العَفِص۔کسیلا۔

العُفُوصَة۔کسیلا پن۔

العِفَاص۔کاگ۔ڈاٹ۔شیشی کا سربند۔

عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا و عَفِیْطًا و عَفَطَانًا۔ العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا ___ الضَّانُ: بھیڑ کا چھینکنا ___ (عَفْطًا) الرَّاعِي: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔ بِغَنَمِهٖ: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا ___ فُلَانٌ فِيْ كَلَامِهٖ: لکنت کرنا۔

العَافِط فا (___ و العَفِط) بہت گوز کرنے والا۔

العَافِطَة۔مؤنث عافط۔بھیڑ۔اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَه عَافِطَةٌ و لا نَافِطَه" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔مراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔

الأَعْفَط۔بیوقوف۔

العَفَّاط العِفَاطِيّ و العِفْطِيّ۔ ہکلا۔ لکنت والا۔

عَفَقَ (ض) عَفْقًا۔الرَّجُلُ: غائب ہونا۔بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔تیز جانا۔تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔عُفَقَهٗ بِالسَّوطِ: کوڑے سے بہت مارنا ___ ہ عَنِ الأَمْرِ: منع کرنا ___ العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا ___ الشَّیَٔ: جمع کرنا ___ عَلَيْهِ الصَّيْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا ___ الرِّيحُ الشَّیَٔ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

عَفَقَ الغنم بعضها علی بعض: بکریوں کو اکٹھا کرنا۔

عَافَقَه مُعَافَقَةً و عِفَاقًا۔ فریب دینا۔ عَافَقَ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیئے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔

أَعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔

تَعَفَّقَ بِهٖ: پناہ لینا۔

إِعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُّیُوفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا ___ الأَسَدُ فَرِيْسَةً: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔

إِنْعَفَقَ۔فِيْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرنا۔

العَفَاقَة۔دبر۔

رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّيَارَةِ: بہت ملاقات کرنے والا۔

المُنْعَفِق۔پانی پر سے واپس ہونے والا۔

عَفَكَ (ض) عَفْكًا الكَلَامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔بیہودہ کلام کرنا۔

عَفِكَ (س) عَفَكًا و عَفْكًا۔ سخت بیوقوف ہونا۔ صفت أَعْفَک و عَفِک و عَفِیْک مؤنث عَفْكَاء ج عُفْك۔ الأَعْفَكُ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

عَفَنَ (ض) عَفْنًا و عَفَّنَ اللَّحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

الفِہْرِس و الفِہْرِست کتاب جس میں کتابوں کے نام جمع کئے جائیں۔ کتاب کے اول یا آخر میں چند اوراق جس میں کتاب کے ابواب و فصول بیان کر دیئے جائیں۔ ج فَہَارِس۔
فَہَضَہٗ (ف) فَہْضًا۔ توڑنا۔ کچلنا۔
فَہَقَ (ف) فَہْقًا۔ الرَّجُلَ: چنبر گردن پر مارنا۔
فَہِقَ (س) فَہَقًا و فُہُقًا۔ الاِنَاءُ: برتن کا لبریز ہو کر چھلکنا۔
اَفْہَقَ۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا ___ البَرْقُ و غَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
تَفَہَّقَ و اِنْفَہَقَ الحَوْضُ بِالمَاءِ: حوض کا پانی سے چھلکنا ___ البَرْقُ و غَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
الفَہْقَۃُ۔ گردن کے جز کی ہڈی۔ ج فِہَاق۔
الفَاہِقَۃُ۔ زخم جس سے خون جاری ہو۔ بِئْرٌ مِفْہَاقٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔
المُنْفَہِقُ۔ کشادہ۔
الفَیْہَقُ۔ کشادہ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
فَہِمَ (س) فَہْمًا و فَہَمًا و فَہَامَۃً و فِہَامَۃً و فَہَامِیَۃً۔ سمجھنا۔
فَہَّمَہٗ و اَفْہَمَہٗ۔ سمجھانا۔
تَفَہَّمَ۔ الکَلَامَ: تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
تَفَاہَمَ۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے سمجھنا۔
اِسْتَفْہَمَہُ الاَمْرَ: دریافت کرنا۔ سمجھانے کے لئے کہنا۔
الفَہْمُ۔ مص۔ سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔
الفَہِمُ۔ تیز سمجھ دار۔
الفَہَّامَۃُ۔ بہت سمجھنے والا۔ تا مبالغہ کیلئے ہے۔
الفَہِیْمُ۔ سمجھ دار۔ ج فُہَمَاءُ۔ فَہَا (ن) فَہْوًا۔ عَنِ الاَمْرِ: بھولنا۔
الاَفْہَاءُ۔ بیوقوف لوگ۔
فُو۔ ف و ہ کا مادہ دیکھئے۔
فَاتَ یَفُوْتُ فَوْتًا و فَوَاتًا الاَمْرُ: گزرنا۔ وقت جاتا رہنا ___ ہُ الاَمْرُ۔ حاصل کرنے میں ناکام رہنا ___ ہُ فُلَانٌ فِیْ کَذَا۔ آگے بڑھ جانا ___ الشَّیْئَ: تجاوز کرنا۔
اَفَاتَہٗ اِفَاتَۃً الاَمْرَ: گزرنے دینا ___
تَفَوَّتَ عَلَیْہِ فِیْ مَالِہٖ: غلبہ کرنا۔
تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا و تَفَاوِتًا و تَفَاوَتًا الشَّیْئَانِ: مختلف ہونا۔ دور دور ہونا۔
تَفَاوُتًا فِی الفَضْلِ: فضل و کمال میں مختلف ہونا۔
اِفْتَاتَ الکَلَامَ: نئی گفتگو کرنا ___ بِرَأْیِہٖ: خود رائی کرنا ___ بِاَمْرِہٖ: کر گزرنا اور مشورہ نہ کرنا۔
___ عَلٰی فُلَانٍ فِی الاَمْرِ: حکم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
___ ہُ الاَمْرُ: فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُفْتَاتُ عَلَیْہِ" فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کیا جاتا۔
الفَوْتُ۔ مص۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی ج اَفْوَات۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللّٰہُ رِزْقَہٗ فَوْتَ فَمِہٖ" یعنی اللہ نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دیکھتا ہے اور اس تک پہنچتا نہیں۔
الفَوَاتُ۔ مص مَوْتُ الفَوَاتِ: اچانک موت۔
الفُوَیْتُ۔ خود رائے جو کسی سے مشورہ نہ کرے۔ (مذکر و مؤنث)
فَاجَ یَفُوْجُ فَوْجًا۔ المِسْکُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا ___ النَّہَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔
فَوَّجَ۔ عَنْ نَفْسِہٖ: ٹھنڈا کرنا۔
اَفَاجَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا۔
اُسْتُفِیْجَ۔ ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔
الفَوْجُ۔ جماعت۔ گروہ۔ ج اَفْوَاج و فُوُوْج و جج اَفَاوِج و اَفَائِجُ و اَفَاوِیْجُ۔
الفَائِجَۃُ۔ جماعت۔ ریت یا سخت زمین کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادگی۔
فَاحَتْ تَفُوْحُ فَوْحًا و فُوُوْحًا و فَوَحَانًا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا ___ الشَّجَۃُ: زخم کا خون پھینکنا۔ فَاحَ و تَفَاوَحَ الزَّہْرُ: پھول کا مہکنا۔ خوشبو بھڑکنا۔ فَاحَ المِسْکُ او الطِّیْبُ: مشک یا خوشبو کا بھڑکنا۔
اَفَاحَ۔ الدَّمَ: خون گرانا ___ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
فَاخَتْ تَفُوْخُ فَوْخًا و فَوَخَانًا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا اور آواز نکلنا۔
فَاخَ و اَفَاخَ۔ الرَّجُلُ: گوز کرنا۔ اَفَاخَ الزِّقَ: مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا۔
فَادَ یَفُوْدُ فَوْدًا۔ مرنا ___ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا ___ المَالُ لِفُلَانٍ: ثابت ہونا۔ اور اسم اس سے الفَائِدَۃُ ہے۔
اَفَادَ اِفَادَۃً الرَّجُلَ: مارنا۔ ہلاک کرنا۔ اَفَادَ و فُلَانٌ المَالَ جمع کرنا۔ کمائی کرنا ___ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: دینا یا نفع پہنچانا۔

تَفَوَّدَ الوَعِلُ فَوْقَ الجَبَلِ : پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا۔

اِسْتَفَادَہٗ۔ حاصل کرنا۔

الفَوْدُ۔ مص۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ کہا جاتا ہے "بَدَا الشَّيْبُ بِفَوْدَيْهِ" یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہوگئیں۔ الفَوْد : بڑا تھیلا۔ بوری۔ فوج۔ کنارہ۔ فود الخِبَاء او الوَادِي : خیمہ یا وادی کا کنارہ ج اَفْوَاد۔

المِفْوَاد۔ تکلف کرنے والا۔

الفَوْدَج۔ ہودج۔ دُلہن کی پالکی۔

فَارَتْ تَفُوْرُ فَوْرًا و فَوَرَانًا و فُؤُوْرًا۔ القِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ فَارَ المَاءُ : پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا ـــــ العِرْقُ : رگ کا مضطرب ہونا (ـــــ فَوْرًا و فَوَرَانًا المِسْكُ) : خوشبو کا بھڑکنا۔

فَوَّرَ او اَفَارَ۔ القِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا۔

ـــــ فار المیزان : ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے بنانا۔

الفَار۔ چوہا۔ واحد فَارَةٌ۔ فَارَةُ الاِبِلِ : کھال کے تر ہو جانے کے بعد کی بو۔

الفَوْر۔ مص۔ جلدی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مِنْ فَوْرِهِ" جلدی واپس ہوا۔ فَوْرُ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا اول۔

الفَوْر۔ ہرنیاں۔ واحد فَائِر۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ مَالَالَاتِ الفَوْرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

الفَوْرَةُ مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ : گرمی یا غُصہ کی تیزی۔ فَوْرَةُ النَّهَارِ : دن کی ابتدا۔ فَوْرَةُ النَّاسِ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

فَوْرَةُ العِشَاءِ : عشاء کی نماز کے بعد کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ الشَّيْءَ بِفَوْرَتِهِ" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔

الفِيَازَان۔ ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے وہے۔

الفَائِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فَارَ فَائِرُهٗ" اس کا غُصہ بھڑکا۔

الفُوَارَة۔ ہانڈی کا اُبال۔

الفَوَّار۔ اسم مبالغہ۔

الفَيُّور۔ بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔

الفَوَّارَة۔ مؤنث فَوَّار۔ پانی کا چشمہ۔ فوارہ۔

فَازَ يَفُوْزُ فَوْزًا۔ بِالاَمْرِ : کامیاب ہونا ـــــ مِنَ المَكْرُوْهِ : نجات پانا ـــــ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا۔ مرنا۔

فَوَّزَ تَفْوِيزًا الرَّجُلُ : گزرنا۔ مرنا ـــــ الطَّرِيْقُ : ظاہر ہونا ـــــ الرَّاعِي بِاِبِلِهِ : چرواہے کا اُونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا۔

ـــــ و تَفَوَّزَ ایک مُلک سے دوسرے مُلک میں جانا۔

اَفَازَ فُلَانًا بِكَذَا : کامیاب کرانا۔

الفَازَة دو کھمبوں والا خیمہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بِالمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔

المَفَازَة۔ نجات۔ کامیابی۔ ہلاکت۔ بیابان جس میں پانی نہ ہو ج مَفَازَات و مَفَاوِز۔

فَوَّضَ تَفْوِيْضًا۔ اِلَيْهِ الاَمْرَ : سپرد کر دینا۔

ـــــ المَرْاَةَ : بغیر مہر کے نکاح کر دینا۔

فَاوَضَهٗ مُفَاوَضَةً فِي الاَمْرِ : برابر ہونا۔ شریک ہونا۔ اہم بات چیت کرنا۔

تَفَاوَضَ القَوْمُ فِي كَذَا : بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا ـــــ الشَّرِيْكَانِ فِي المَالِ شریک ہونا اور برابر ہونا تَفَاوَضُوْا فِي الحَدِيْثِ : بات چیت میں مشغول ہونا۔ کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضَى ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "وَاَمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ و فَوْضُوْضَى و فَوْضُوْضَاءُ" ان کا معاملہ مختلط ہے۔ ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے "اَمْوَالُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُم و فَوْضُوْضَى و فَوْضُوْضَاءُ" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔ کہا جاتا ہے شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ و شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے و مُفَاوَضَةُ العُلَمَاءِ : علمی مسائل کا مذاکرہ۔

فَوَّطَهٗ۔ ازار پہنانا۔

الفُوْطَة۔ ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔

فَاظَ يَفُوْظُ فَوْظًا و فَوَاظًا مرنا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْظُهٗ" یعنی اس کی موت کا وقت آگیا۔

الفَوْعَة۔ مِنَ الطِّيْبِ : خوشبو ـــــ مِنَ السُّمِّ : زہر کی تیزی ـــــ مِنَ الشَّبَابِ جوانی کی ابتداء۔

فَاغَ يَفُوْغُ فَوْغًا الطِّيْبُ : خوشبو بھڑکنا۔ مہکنا۔

الفَوْغَة مِنَ الطِّيْبِ : خوشبو کی بھڑک۔

الفَائِغَةُ۔ تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔

الفَوَغ۔ منہ کی موٹائی۔

الاَفْوَغ۔ موٹے منہ والا۔ کہا جاتا ہے فَمٌ اَفْوَغ : موٹا منہ "و رَجُلٌ اَفْوَغُ" موٹے منہ والا مرد۔

فَافَ يَفُوْفُ فَوْفًا۔ انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا۔

الفُوْف و الفُوْف۔ گائے بیل کا مثانہ۔ جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔ واحد فُوْفَةٌ و فُوْفَةٌ ج اَفْوَافٌ۔

الفُوْف و الفُوْفَة۔ دانہ کا چھلکا۔

ثَوْبُ اَفْوَافٍ و ثَوْبٌ مُفَوَّفٌ باریک کپڑا۔ سفید دھاری دار کپڑا۔

فَاقَ يَفُوْقُ فَوْقًا و فَوَاقًا الشَّيْءُ : بلند ہونا۔

ـــــ اَصْحَابَهٗ بِالفَضْلِ او العِلْمِ : بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔

فُوَاقًا ہچکی آنا (ـــــ فُوَاقًا و فُؤُوْقًا) الرَّجُلُ : قریب المرگ ہونا یا مرنا (ـــــ فَوْقًا : السَّهْمُ : سوفار تیر کو توڑنا الشَّيْءَ : توڑنا۔

فَاقَ يَفَاقُ و فَوِقَ يَفْوَقُ فَاقًا و فَوَقًا و فَوَقًا السَّهْمُ : سوفار میں کجی ہونا۔

فَوَّقَهٗ عَلَى قَوْمِهٖ : فضیلت دینا۔ فَوَّقَ السَّهْمَ : سوفار لگانا ـــــ الفَصِيْلَ : مہلت

دے دے کے دودھ پلانا۔

اَفَاقَ اِفَاقَۃً مِنْ مرضہ: صحت یاب ہونا۔

___ الحَالِبُ: دو دفعہ کے دوہنے کے بیچ میں آرام لینا۔ اَفَاقَتِ النَّاقَۃُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔ صفت مُفِیْقٌ و مُفِیْقَۃٌ ج مَفَاوِیْق و فُیُق

___ السَّکْرَانِ مِنْ سُکْرِہٖ: ہوش میں آنا۔ مِنَ النَّوْمِ: بیدار ہونا ___ المَجْنُوْنُ مِنْ جُنُوْنِہٖ: ہوشیار ہونا ___ الزَّمَان: تنگی کے بعد فراخی آنا ___ عَنْہُ النُّعَاسُ: نیند کا اُچٹ جانا مِنْ غَفْلَتِہٖ: چوکنا ہونا ___ و اَفْوَقَ اِفْوَاقًا و اَوْفَقَ اِیْفَاقًا السَّھْمَ: تانت پر سوفار رکھنا۔

تَفَوَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔ عَلٰی قَوْمِہٖ: بلند ہونا ___ النَّاقَۃَ: دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا ___ الفَصِیْلُ: مہلت دے کر دودھ پینا ___ مَالَہٗ: ٹھہر ٹھہر کے خرچ کرنا۔

اِنْفَاقَ اِنْفِیَاقًا۔ السَّھْمُ: سوفار ٹوٹنا۔

___ الجَمَلُ: اُونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک ہونا۔

اِفْتَاقَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔

اِسْتَفَاقَ الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِہٖ او مَرَضِہٖ او غَفْلَتِہٖ: بمعنی افاق ___ النَّاقَۃَ: اُونٹنی کو دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔

الفَاقُ۔ کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنگھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔

الفَاقَۃُ۔ حاجت۔ فقر۔ محتاجی۔

فَوْقَ مص۔ اوپر۔ اور یہ ظرفِ مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اَقَمْتُ فَوْقَ شَھْرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشَرَۃُ فَوْقَ التِّسْعَۃِ و "ھٰذَا فَوْقَ ذَاکَ" اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ کَقَوْلِہٖ۔ و اِذَا ذُکِرَتْ فَکُلٌّ فَوْقٍ دُوْنٌ۔

الفَوْقَانِی۔ اُوپر والا۔ اعلیٰ۔ نقیض تحتانی۔

الفُوْقُ۔ سوفار۔ ج فُوَق و اَفْوَاق۔ زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَّ عَلٰی فُوْقِہٖ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں ولَہٗ مِنْ کَذَا سَھْمٌ ذُوْ فُوْقٍ یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔

الفُوَق۔ سوفار میں کجی۔

الفُوْقَۃُ۔ سوفار ج فُوَق و فُقًا۔

الفِیْقَۃُ۔ دودھ جو دو دفعہ دوہنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الفِیْقَۃُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا اکثر حصہ۔ فِیْقَۃُ الضُّحٰی: چاشت کی ابتداء ج فِیَق و فِیَق و فِیْقَات و اَفْوَاق و اَفَاوِیْق۔ تم کہتے ہو "اَرْضَعَنِیْ اَفَاوِیْقَ بِرِّہٖ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کئے الاَفَاوِیْق: پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔

الفَوَاق و الفُوَاق۔ مص۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت۔ اور اسی سے ان کا قول ہے۔ "اَمْھِلْنِی قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "وَلَہٗ مِنْ کَذَا سَھْمٌ ذُوْ فَوَاقٍ" اس کیلئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔ الفُوَاق: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَفْوِقَۃٌ و آفِقَۃٌ و جج اَفْوِقَات۔ الفُوَاق: اسم ہے اَفَاقَ و اِسْتَفَاقَ العَلِیْلُ سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔

الفَائِقُ۔ فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فائقون و فوقۃ۔ الفائق: سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔

السَّھْمُ الاَفْوَقُ۔ وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔

شَاعِرٌ مُفِیْقٌ۔ شاعر بلیغ۔

طَعَامٌ مُفَوَّقٌ۔ کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔

الفُوْلُ۔ لوبیا۔

الفَوَّالُ لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا پکانے والا۔

فَوَّمَ۔ روٹی پکانا۔

الفُوْمُ۔ لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فومان۔

الفُوْمَۃُ۔ فوم کا واحد۔ خوشہ ' چٹکی جو دو اُنگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوَم۔

الفَامِیُّ۔ سبزی فروش۔

فَاہَ یَفُوْہُ فَوْھًا و تَفَوَّہَ۔ بِکَذَا: بولنا۔ و تَفَوَّہَ المَکَانَ: دہانہ میں داخل ہونا۔

فَوِہَ (س) فَوَھًا۔ فراخ دہن ہونا۔

فَوَّھَہٗ۔ فراخ دہن بنانا۔

فَاوَہَ مُفَاوَھَۃً و فَاھٰی مُفَاھَاۃً فُلَانًا: گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔

تَفَاوَہَ القَوْمُ بِکَذَا: آپس میں گفتگو کرنا۔

اِسْتَفَاہَ اِسْتِفَاھًا و اِسْتِفَاھَۃً کمی کے بعد بہت کھانا پینا۔

الفُوْہُ و الفَاہُ و الفِیْہُ۔ منہ ج افواہ

فو اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِیْہِ یعنی وہ اپنے منہ کے بل گرا۔ و "کَلَّمْتُہٗ فَاہُ اِلٰی فِیَّ" یعنی میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہوگا۔ جیسے کَلَّمْتُہٗ فُوْہُ اِلٰی فِیَّ۔

الفُوَیْہُ۔ فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔

الفَوَہُ۔ منہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے نکلنا۔

الفُوَّۃُ و الفُوَّۃُ۔ ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔

الفَوْھَۃُ۔ فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔

الفُوْھَۃُ۔ مِنَ الوَادِی و الطَّرِیْقِ و جَبَلِ النَّارِ: وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْھَات۔

الفَیِّہُ۔ بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَیِّھَۃٌ۔

الفُوْھَۃُ۔ اول شئی ___ مِنَ الطَّرِیْقِ و الوَادِی و جَبَلِ النَّارِ۔ راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوَّھَات و اَفْوَاہ و فَوَائِہ۔

الفُوَّهَه: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلَانٌ يَخَافُ فُوَّهَةَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّهُ لَذُوْ فُوَّهَةٍ وہ بڑا تیز زبان، زبان زور ہے "وَاِنَّ رَدَّ الْفُوَّهَةِ لَشَدِيْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔

الاَفْوَه۔ چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاء ج فُوْهٌ۔ طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔

الاَفْوَاه۔ مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِيه واحد فُوْه۔

المُفَوَّه۔ بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مُفَوَّهٌ۔ شراب مفوّہ: خوشبو ملی ہوئی شراب (___ والمَفْوِيّ) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّة۔

الفُوْ۔ ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مفواة) زمین جس میں فوۃ بہت ہو۔ (دیکھئے الفُوَّة)

فِيْ۔ حرفِ جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے (۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِي الزِّقِّ (۲) مصاحبت جیسے جَاءَ فِي الْقَوْمِ۔ قُمْتُ فِيْ شُرُوْقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِيْ ذَنْبِهٖ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِيْ فِيْ بَحْرِهٖ اِلَّا قَطْرَةٌ (۵) استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے اَنْتَ بَصِيْرٌ فِيْ عَمَلِكَ بمعنی اِلٰی جیسے رَدَّهٗ فِيْ جَيْبِهٖ بمعنی مِنْ جیسے مَضَتْ عَلٰی ثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ فِيْ ثَلَاثِ سِنِيْنَ۔

فَاءَ يَفِيْءُ فَيْئًا۔ لوٹنا ___ الظِّلُّ: سایہ کا ہٹ جانا ___ الغَنِيْمَةَ: غنیمت حاصل کرنا ___ (___ فَيْئًا و فُيُوْءًا) الاَمْرَ: لوٹ آنا۔

فَيَّأَ تَفْيِئَةً الشَّجَرُ: درخت کا سایہ دار ہونا۔

فَيَّأَتِ الرِّيَاحُ الغُصُوْنَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔

اَفَاءَ اِفَاءَةً۔ الظِّلُّ: سایہ کا لوٹنا ___ واِلٰی كَذَا: لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَالَ الْقَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا ___ عَلَى الْقَوْمِ فَيْئًا: دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا۔

تَفَيَّأَ تَفَيُّؤًا۔ الظِّلُّ: سایہ کا پلٹنا ___ الشَّجَرَةَ و فِي الشَّجَرَةِ: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا ___ الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَيَّأَ بِفَيْئِهٖ: سایہ میں پناہ لینا۔

اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَةً۔ لوٹنا ___ المَالَ: مالِ غنیمت لینا ___ الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔

الفَيْءُ۔ مص۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج اَفْيَاء و فُيُوْء۔ اَلفَيْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔

الفَيْئَةُ۔ فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔

الفِيْئَةُ۔ فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ حَسَنُ الفِيْئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰی (تَفِيْئَةِ) فُلَانٍ یعنی فلان کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔

المُفَاء۔ افاء کا اسم مفعول۔

المَفْيَاءَة و المَفْيُوْءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔

اَفَاجَ۔ فِيْ عدوه: دوڑنے میں دیر کرنا ___ القَوْمُ فِي الاَرْضِ: ملک میں پھیل جانا۔

الفَيْج۔ پیک۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ خادم۔ لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُيُوْج۔

الفَائِجَة۔ دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَائِج۔

فَاحَ يَفِيْحُ فَيْحًا و فَيَحَانًا۔ الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (___ فَيْحًا و فُيُوْحًا) الرَّبِيْعُ: سرسبز ہونا ___ الدَّمُ: خون گرنا ___ الشَّجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا۔

فَاحَ يَفِيْحُ و فَاحَ يَفَاحُ فَيْحًا۔ کشادہ ہونا۔

فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

فَيَّحَ۔ الشَّيْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَكْتُ الدُّنْيَا يَفِحْتُهَا فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔

اَفَاحَ۔ القِدْرَ: جوش دینا ___ الدِّمَاءَ: خون بہانا۔

الفَيْح و الفَيَح۔ کشادگی۔

فَيَاحِ۔ اسم ہے غارت کا۔ کہا جاتا ہے "فيحى فياح" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑوں کو کہتے ہیں۔

الفَيَّاح۔ اسم مبالغہ۔ فیاض۔ بَحْرٌ فَيَّاحٌ بہت وسیع سمندر۔ رَجُلٌ فَيَّاحٌ۔ فیاض۔ بڑا دیالو مرد۔ مؤنث فَيَّاحَةٌ۔

الاَفْيَح۔ کشادہ۔ مؤنث فَيْحَاء۔ ج فِيْح۔

الفَيْحَاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔

فَاخَ يَفِيْخُ فَيْخًا و فَيَخَانًا۔ بمعنی فَاخَ يَفُوْخُ وادی۔

فَادَ يَفِيْدُ فَيْدًا۔ مرنا ___ المَالُ لَهٗ: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جاتا رہنا۔ فادت لَهُ فائدة: حاصل ہونا (___ و فَيَدَ) الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔ فَيَّدَ: اُلو کی آواز سے بدفالی لینا۔

اَفَادَ اِفَادَةً۔ الرَّجُلَ عِلْمًا او مَالًا: فائدہ پہنچانا۔
___ الرَّجُلَ: مار ڈالنا ___ الجَزُوْرَ: ذبح کرنا۔ (___ و اِسْتَفَادَ) مِنْهُ عِلْمًا او مَالًا: حاصل کرنا۔

تَفَايَدَ۔ القَوْمُ بِالمَالِ: ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔

تَفَيَّدَ الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔

الفَيْد۔ مص۔ زعفران کی پتی۔

الفَائِدَة۔ زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔

الفَيَاد۔ نر اُلو (___ و الفَيَّادَة) ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِيْ عَلَى الاَرْضِ فَيَّادًا مَيَّادًا" وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

الفَيْرُوْز و الفِيْرُوز و الفَيْرُوْزَج و الفِيْرُوْزَج۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

فَاشَ يَفِيْشُ فَيْشًا۔ فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت فَائِش۔

فَيَّشَ۔ عَنِ الاَمْرِ: بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔

فَايَشَهٗ فِيَاشًا و مُفَايَشَةً۔ مفاخرت کرنا۔

فَايَشَ الرَّجُلُ: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول

دھمکی دینا۔
تَفَیَّش۔ الاَمْرَ : لغو دعویٰ کرنا ـــــ عَنْهُ : عاجزی سے پلٹ جانا۔
تَفَایَش۔القَوْمُ :ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
الفَیَّاش۔ بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔
الفَیُوْش۔ فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔
فَاصَ یَفِیْصُ فَیْصًا۔فِیْ الاَرْض :جانا ـــــ مِنْهُ : ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا فِصْتُ اَفْعَلُ" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔فَاصَهُ جدا ہونا۔
اَفَاصَ۔ الکَلاَمَ : ظاہر کرنا۔ اَفَاصَتْ یَدُه : انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے مَالَكَ عَنْهُ (مَفِیْصٌ) تمہارے لئے کوئی ہٹنے کی جگہ نہیں۔
فَاضَ یَفِیْضُ فَیْضًا و فَیَضَانًا و فِیُوْضًا و فُیُوْضًا و فُیُوْضَةً و فَیْضُوْضَةً۔السَیْلُ : کثرت سے ہونا اور روادی کے کنارہ سے بہنا۔
ـــــ کُلَّ سَائِل : جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ عَیْنُه" یعنی آنسو بہ پڑے فَاضَ الجُرْحُ پھیل جانا ـــــ الشَئُ : بہت ہونا (ـــــ فَیْضًا و فُیُوْضًا) مرنا۔ فَاضَتْ نَفْسُهُ : رُوح نکلنا (فَیْضًا) الاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا ـــــ صَدْرُه بِالسِّر :بھید کو چھپا نہ سکنا۔
اَفَاضَ اِفَاضَةً۔ الدَمْعَ : آنسو بہانا ـــــ المَاءُ : پانی گرانا ـــــ الاِنَاءَ : برتن کو لبریز کر دینا۔
ـــــ القَوْمَ مِنَ المَکَانِ :متفرق و منتشر ہو جانا۔
ـــــ القَوْمُ فِیْ الحَدِیْثِ : گفتگو میں مشغول ہونا۔
القَوْمُ عَلَی الرَجُلِ :غالب ہونا ـــــ بِالشَئِ : ـــــ پھینکنا' دفع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَفَاضَ بِکَلْمَةٍ" یعنی کچھ نہیں بولا۔
تَفَیَّضَ۔الجَفْنُ : آنسو بہانا۔

اِسْتَفَاضَ اِسْتِفَاضَةً الخَبْرُ : پھیلنا۔ المَکَانُ : کشادہ ہونا ـــــ الوَادِی شَجْرًا : وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا ـــــ القَوْمُ فِی الحَدِیْثِ : مشغول ہونا ـــــ الرَجُلُ : پانی بہانے کو کہنا۔ القِدَاحَ وبِالقِدَاحِ : تیر سے جوا کھیلنا۔
الفَیْضَ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبْنَا فِیْ فَیْضِ فُلاَنٍ" فلاں کے جنازہ میں گئے۔ الفَیْضُ مِنَ الخَیْل : بہت تیز رو گھوڑا۔ ج فُیُوْض و اَفْیَاض۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فَیْضٌ" بہت پانی "و اَعْطَاهُ غَیْضًا مِنْ فَیْضٍ" اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ رَجُلٌ فَیْضٌ :فیاض و سخی آدمی۔
الفَیَّاض۔ بہت پانی والا۔ رَجُلٌ فَیَّاضٌ : بہت جود و بخشش کرنے والا۔
حَدِیْثٌ (مُفَاضٌ و مُسْتَفِیْضٌ و مُسْتَفَاضٌ) فِیْهِ :پھیلی ہوئی بات۔
دِرْعٌ (مُفَاضَةٌ) کشادہ زرہ۔
فَاظَ یَفِیْظُ فَیْظًا و فَیَظَانًا و فُیُوْظًا و فَیْظُوْظَةً۔ مرنا۔
اَفَاظَ اللّٰهُ : موت دینا۔ کہا جاتا ہے ضَرَبْتُهُ حَتّٰی اَفَظْتُ نَفْسَهُ میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الفَیْظ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَیْظُهُ" اس کی موت آگئی۔
الفَیْف۔ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ ج اَفْیَاف و فُیُوْف۔ الفَیْف مِنَ الاَرْضِ : مختلف ہواؤں والی زمین۔
الفَیْفی و الفَیْفَاء و الفَیْفَاة۔ بمعنی الفَیْف ج فَیَافٍ۔الفَیْفَاء۔ چکنا پتھر۔
فَاقَ یَفِیْقُ فَیْقًا۔ جان دینا۔ مرنا۔
اَفْیَقَ اِفْیَاقًا۔الشَاعِرُ :بمعنی اَفْلَقَ۔
الفَیْقِ۔ مرغی کی آواز۔
فَالَ یَفِیْلُ فَیْلَةً و فُیُوْلَةً و فَیْلُوْلَةً رَایُهُ : کمزور اور غلط ہونا۔ صفت فَائِلُ الرَاٰی و فَالَهُ و فِیْلُهُ و فَیِّلُهُ۔و فَالَ الرَجُلُ :ہاتھی جیسا ہونا۔
فَیَّلَ رَایَه : غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا ـــــ الرَجُلُ فِیْ رَاْیِه۔ صواب کو نہ پہنچنا۔
تَفَیَّلَ۔ رَایُهُ : کمزور ہونا ـــــ النَبَاتُ : نباتات کا بڑھنا ـــــ الشَبَابُ :جوانی ڈھلنا۔
ـــــ الرَجُلُ :موٹا ہونا۔
الفَال۔ شگون۔ فال کا مخفف۔
الفِیْل۔ ہاتھی۔ ج اَفْیَال و فِیْلَةٌ و فُیُوْل مؤنث فِیْلَة۔ الفِیْل : مرد فرومایہ۔ دَاءُ الفِیْلُ : ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
الفَیَّال۔ مہاوت' ہاتھی بان۔ ج فَیَّالَةٌ۔
فَائِلُ الرَاٰی و فَالُهُ و فِیْلُهُ۔ کمزور رائے والا۔
فَیِّلُ۔ اللَحْمِ :بہت گوشت والا۔ فَیِّلُ الرَاٰیِ : کمزور رائے والا۔
الفَیَالَة۔ رائے کی کمزوری۔
المَفْیُوْلاَء۔ ہاتھی کے بچے۔
الفِیْلَجَة۔ ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَیَالِج۔
الفَیْلَق۔ بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَیَالِق۔
الفَیْلَم۔ بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دستر خوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج۔ فَیَالِم (ـــــ و الفَیْلَمَانِیّ) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
فَانَ یَفِیْنُ فَیْنًا۔ آنا۔
الفَیْنَة۔ وقت۔
الفَیْنَان۔ خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَیْنَانَةٌ۔
تَفَیْهَق۔فِیْ الکَلاَمِ :بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔
ـــــ فِیْ مَشْیَتِه : ناز سے چلنا ـــــ عَلَیْهِ کَذَا :بڑا بننا۔
الفَیْهَق۔ ہر کشادہ جز ء ج فَیَاهِق۔
الفَیْهَک۔ بیوقوف عورت۔

قَأَبَ (ف) قَأْبًا الطَّعَامَ: کھانا ــــ المَاءَ: پانی پینا۔
قَئِبَ (س) قَأْبًا قَأَبًا مِنَ الشَّرَابِ: زیادہ پینا۔
القَوْأَب والقَوَائِبِي۔ مِنَ الآنِيَةِ: بہت پانی کا برتن۔
القَؤُوب والمِقْأَب۔ بہت پینے والا۔
القَاقَاء۔ کوّے کی کائیں کائیں۔
القِئْقِئُ۔ انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔
قَأَى (ف) قَأْيًا۔ الرَّجُلُ: حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا ــــ الشَّيْئَ: اطراف کو جمع کرنا۔
ــــ القُبَّةَ: گنبد بنانا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا۔ يَدَ فُلَانٍ: ہاتھ کاٹنا۔
قَبَّ (ض) قُبُوبًا۔ اللَّحْمُ ونَحْوُهُ: گوشت وغیرہ خشک ہونا ــــ القَوْمُ: جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔
قَبَّ (ض) قَبًّا وقَبِيبًا۔ الأَسَدُ او الفَحْل: دانت پیسنا۔ قَبَّ طَيَّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔
قَبَّ وقَبِبَ (س) قَبَبًا۔ الخَصْرُ او البَطْنُ: کمر کا باریک یا پیٹ کا دُبلا ہونا۔
قَبَّبَ۔ الرَّجُلُ: گنبد بنانا ــــ البَيْتَ: گھر کو گنبددار بنانا ــــ التَّمْرُ: کھجور کا خشک ہونا۔
الشَّيْئَ: اطراف کو جمع کرنا۔
تَقَبَّبَ۔ القُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا۔
اِقْتَبَّ۔ يَدَهُ: ہاتھ کاٹنا۔
القَبُّ۔ مص جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔
القَبُّ والقِبُّ۔ سردار قوم۔ القِبُّ: دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَبَّان۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔
القَبَب مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔
القُبَّةَ۔ گنبد۔ ج قِبَاب وقُبَب۔ قُبَّةُ الاسلام، بصرہ۔ قبة الشهادة عند اليهود: ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبة الزمان بھی کہتے تھے۔ القُبَّةُ الخَضْرَاء او الزَّرْقَاء: گنبد آسمان۔
القِبَّة۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔
القَابُّ۔ فا۔ آئندہ تیسرا سال، کہا جاتا ہے انک لا تنجح العامَ الحاضرَ ولا القابلَ ولا القابَّ تو نہ تو امسال کامیاب ہوگا، نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
القَابَّة۔ قَابٌّ کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔
القَبَّاب۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔
القُبَاب۔ مِنَ السُّيُوْفِ ونَحوِهَا: شمشیر براں۔
ــــ مِنَ الأُنُوْفِ: موٹی ناک۔
الأَقَبُّ۔ مِنَ الخَيْلِ: باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاء ج قُبٌّ۔
القُبِّي۔ لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دُبلے پیٹ والا۔
القَبِيب۔ خشک نباتات۔
الأَقَبُّ والمُقَبَّب والمَقْبُوْب۔ دُبلا۔
القَبْج۔ چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قبجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔
قَبُحَ (ک) قَبْحًا وقُبْحًا وقَبَاحَةً وقُبَاحًا وقُبُوْحًا وقُبُوْحَةً۔ بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔
قَبَحَهُ (ف) قَبْحًا وقُبُوْحًا وقَبَّحَهُ۔ اللّٰهُ عَنِ الخَيْرِ: افعالِ خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَقْبُوْحٌ اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَهُ وَجْهَه" یعنی میں نے اس کے لئے قَبَحَه اللّٰه کہا۔ قَبَحَ البَيْضَةَ: انڈا توڑنا۔ قَبَّحَ عَلَيْهِ فِعْلَه: برائی ظاہر کرنا۔ قَبَّحَ لَهُ وَجْهَهَ: کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔
قَابَحَهُ مُقَابَحَةً۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
أَقْبَحَ۔ الرَّجُلُ: برا فعل کرنا۔
إِسْتَقْبَحَ۔ الشَّيْئَ: برا سمجھنا۔
القُبْح۔ مص۔ قول، فعل یا صورت کی برائی۔
القَبِيْح۔ برا۔ ج قِبَاح وقَبْحَى وقَبَاحَى۔
(ــــ والقَبَاح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔
القُبَّاح۔ بوڑھا بچھو۔
القَبِيْحَة۔ قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قِبَاح وقَبَائح۔
قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا۔ المَيِّتَ: میت کو دفن کرنا۔
أَقْبَرَهُ۔ قبر بنانا۔ دفن کرنا ــــ القَوْمَ: مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔
القَبْر۔ مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر۔

القُبَرَة والقُنْبَرَة والقُنْبُرَة والقُنْبَرَاء والقُنْبُرَاء۔ ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ ج قُبَر وقُبَرو قَنَابِر۔

القُبَّار۔ شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔

القُبُور۔ پست زمین۔

المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبُرَة والمَقْبِرَة والمِقْبَرَة۔ قبرستان۔ ج مَقَابِر۔

المَقْبَرِيّ والمَقْبُرِي۔ مقبرہ کی طرف نسبت۔

القُبْرُس۔ عمدہ تانبا۔ قُبْرُوس: بحر روم کا ایک بڑا جزیرہ۔ اور نسبت کے لئے قُبْرُوسِيّ ج قبارسة۔

القِبْز۔ ایک قسم کا باجا۔

القِبْز۔ پست قد۔ بخیل۔

قَبَسَ (ض) قَبْسًا۔ مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا۔ ___ النَّارَ: آگ جلانا ___ العِلْمَ: علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَه النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا۔ (___ وأَقْبَسَ) فُلَانًا العِلْمَ: سکھلانا۔ وأَقْبَسَ فُلَانًا: کسی کو آگ دینا۔

اِقْتَبَسَ مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَس۔ ___ مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا۔ واقْتَبَسَهُ نَارًا: کسی سے آگ لینا۔

القَابِس۔ ___ آگ طلب کرنے والا۔ ج اَقْبَاس۔

القِبْس۔ اصل۔

القَبَس والمِقْبَاس: آگ کا شعلہ۔

القَبْسَة۔ قَبَسَ کا اسم مرة۔ قَبْسَةُ العَجْلَان: جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔

القَابُوس۔ خوب صورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔

القَوَابِس۔ اچھی بات سکھانے والے لوگ۔

المَقْبِس۔ لکڑی کا وہ حصّہ جو جل رہا ہو ج مَقَابِس۔

المُقْتَبِس۔ آگ کا شعلہ۔

المِقْبَاس والمِقْبَس۔ وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ المِقْبَاس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔

القُبْشُور۔ وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔

قَبَصَ (ض) قَبْصًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفت (قَبُوص) الرَّجُلُ: سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَصَ) الشَّيْءَ: چٹکی سے لینا۔

قَبِصَ قَبَصًا۔ بڑے سر والا ہونا۔ درد جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔

(___ وتَقَبَّصَ) الجَرَادُ عَلَى الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔

اِقْتَبَصَ۔ قَبْصَةً مِنْ كَذَا: چٹکی سے لینا۔

القِبْص والقُبْص۔ بہت ریت کا ڈھیر۔

القِبْصُ: بہت سے آدمی۔

القَبْص والقَبَص۔ جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔

القَبْصَة والقُبْصَة۔ چٹکی ___ مِنَ الطَّعَامِ: لپ بھر خوراک۔ ج قُبَص۔

القَبِيصَة۔ بمعنی قَبْصَة ___ القَبِيصَة: مٹی کا ڈھیر۔ کنکری۔

القَبُوص۔ ہلکا پھلکا۔ چست۔

حَبْلٌ قَبِصٌ: چھوٹی رسّی۔ القَبِص۔ ہلکا پھلکا چست۔

القِبِصَّى۔ تیز دوڑ۔

الأَقْبَص۔ بڑی کھوپڑی والا ___ مِنَ الخَيْلِ: چست تیز رفتار گھوڑا۔ الأَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصّے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصَاء ج قُبْص۔

القَبْصَاء۔ بڑی کھوپڑی۔

القَبِيص۔ مٹی کا ڈھیر۔

القَوَابِص۔ جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قَابِصَة۔

المِقْبَص۔ رسّی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقَابِص۔

حَبْلٌ مُتَقَبِّص۔ چھوٹی رسّی۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا۔ بِيَدِهِ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجہ سے پکڑنا ___ يَدَهُ عَنِ الشَّيْءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ: ہٹانا۔ دُور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّيْءَ: سمیٹنا ___ الحَادِي الإِبِلَ: اُونٹ کو تیز ہانکنا ___ الطَّائِرُ جَنَاحَهُ: پرندہ کا بازو سمیٹنا ___ الدَّارَ ونَحْوَهَا: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ يَقْبِضُنِي مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی و "فُلَانٌ الخَيْرُ يَبْسُطُهُ والشَّرُّ يَقْبِضُهُ" فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ يَقْبِضُ ويَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا ___ قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا وانْقَبَضَ۔ فِي حَاجَتِهِ: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا ___ القَوْمُ: چھوڑ دینا ___ بَطْنُهُ: قبض ہونا۔ اِنْقَبَضَ الشَّيْءُ: ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔

قُبِضَ۔ المَرِيضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔

قَبَّضَ۔ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّضَ وَجْهَهُ فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔ "وقَبَّضَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ قَبَّضَ المَالَ فُلَانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔

قَابَضَهُ مُقَابَضَةً۔ ہاتھ میں ہاتھ دینا۔

اَقْبَضَ۔ السَّيْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا ___ فُلَانًا المَتَاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

تَقَبَّضَ۔ جمع ہونا ___ الجِلْدُ فِي النَّارِ: کھال سکڑ جانا ___ الرَّجُلُ عَنِ الأَمْرِ: نفرت کرنا۔
اِلَيْهِ: کودنا ___ عَلَى الأَمْرِ: توقف کرنا۔

تَقَابَضَ۔ المُتَبَايِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔

القَبْض۔ مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِي قَبْضِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔

القَبَض۔ قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔

القَبْضَة۔ قَبْض کا اسم مرۃ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِيْ قَبضته" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السَّيْفِ : تلوار کا قبضہ۔

القَبْضَة والقُبْضَة۔ مقبوضہ شئی مِنَ الشَّيَ : مٹھی بھر کر۔

القُبَضَة۔ منتظم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَة رُفَضَة" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

القَبَاض والقَبَاضَة۔ سکڑ جانا۔ جلدی۔

القَبَّاض والقَبَّاضَة۔ بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

القَابِض۔ فا ــــ مِنَ الطَعَامِ : زبان پکڑنے والی خوراک ــــ مِنَ الأَدْوِيَةِ : قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الاَرْوَاحِ حضرت عزرائیل علیہ السلام۔

القَبِيْض۔ سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متوجہ رہے۔

المِقْبَض والمُقْبَض والمَقْبِض والمِقْبَضَة والمَقْبَضَة والمَقْبِضَة تلوار کا قبضہ ج مَقَابِض۔

قَبَطَ (ن) قَبْطًا۔ الشَيَ : ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔

قَبَّطَ وَجْهَهُ : ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔

القِبْط۔ مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِيّ ج اَقْبَاط۔

القُبْطِيَّة والقِبْطِيَّة۔ کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَبَاطِيّ والقُبَاطِي۔

القُبَّا والقُبَّيط والقُبَّيْطى والقُبَّيْطَاء ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔

قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا۔ القُنْفُذ : سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا ــــ الرَجُلُ فِيْ قَمِيْصِه : گریبان میں سر ڈالنا ــــ رَاسَهُ : سر کو کپڑے میں داخل کرنا ــــ فِي الأَرْضِ : جانا (ــــ قَبْعًا) الجَوَالِقَ۔ گون کے کنارے موڑنا۔ (ــــ قَبْعًا وقُبُوْعًا) عَنْ اَصْحَابِهِ : تخلف کرنا ــــ النَجْم : ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا ــــ الرَجُلُ : عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ــــ المَرْأَةُ : عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا وقِبَاعًا وقُبَاعًا) الخِنْزِيْر : سور کا غرانا۔ الفِيْلُ : ہاتھی کا چنگھاڑنا (ــــ واقْتَبع) المَزَادَةَ : مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔

القُبَع۔ بگل۔

القُبَع والقُبَاع۔ سیہی۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔

القُبَاع۔ بیوقوف مرد' ایک بڑا پیمانہ۔

القُبَعَة۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ قُبَعَة ويَا ابْنَ قَابِعَاء" یعنی اے بیوقوف۔ ــــ "اِمْرَأَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔

القُبَّعَة۔ بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔

القَبَّاع۔ بزدل سور۔

القُبَاعِيّ۔ بڑے سر کا مرد۔

القَبِيْعَة۔ مِنَ السَّيْفِ : تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

القَبِيْعَةُ والقِنْبِيْعَة۔ سور کی ناک کا سوراخ۔

القَوَابِع۔ گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

القَبَعْثَرى والقَبَعْثَر۔ بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِث۔

القَبَعْثَى۔ بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة۔

قَبْقَبَ قَبْقَبَةً۔ الفحلُ : بڑبڑانا ــــ الرَجُلُ : بیوقوف ہونا۔

القَبْقَب۔ پیٹ۔

القَبْقَبَة۔ مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔

القِبْقِب۔ دریائی سیپی۔

القَبْقَاب۔ کھڑاؤں۔ ج قَبَاقِيْب۔

القَبْقَاب والقُبَاقِب۔ بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی القَبَاقِب : آئندہ تیسرا سال۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لاَ تُفْلِحُ العَامَ ولاَ القَابِلَ ولاَ القَبَاقِبَ" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

قَبِلَ (س) قَبُوْلاً وقُبُوْلاً۔ الشَيَ : لینا۔ قبول کرنا ــــ الكَلاَمَ : تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلاً وقُبُوْلاً۔ رِيْحُ القَبُوْل : پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً۔ عَلَى الشَيْئ : مشغول ہونا اور لازم ہونا ــــ المَكَانَ : متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِيَةُ الوَادِيَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبِلَ (ف) قَبْلاً۔ اليَوْمُ : دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبَالَةً المَرْأَةُ : عورت کا دائی جنائی ہونا ــــ القَابِلَةُ الوَلَدَ : دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) وقَبَل (ن ض) قَبَالَةً بِهِ کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً وقَبِل (س) قَبَلاً آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ : پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهُ۔ بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلُ العَمَلَ : ضامن لینا۔ اور ضمان کو (القَبَالة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمّٰى : بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

قَابَلَهُ۔ سامنے ہونا ــــ قَابَلَ الشَيَ بِالشَيْئ : مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

اَقْبَلَ۔ اليَوْمُ : دن کا قریب ہونا۔ اَقْبَلَتِ الأَرْضُ بِالنَبَاتِ : زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ اَقْبَلَ عَلَيْهِ : متوجہ ہونا ــــ اِلَيْهِ : آنا ــــ عَلَى الشَيْئ : شروع کرنا اور لازم ہونا ــــ القَوْمُ : پروائی ہوا لگنا ــــ فُلاَنًا الشَيَ : آگے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَيْدًا مَرَّةً واَدْبَرْتُهُ اُخْرَى" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذْهَبْ فَا قْبِلْهُ الطَرِيْقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کر لو۔

تَقَبَّلَهُ۔ لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ : کام کو لازم کرنا۔ ــــ اللّٰهُ دُعَاءَهُ : دعا قبول کرنا ــــ اَبَاهُ : باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَعَادَةُ : نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ۔ الرَجُلاَن : ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِقْتَبَلَ الكَلاَمَ : فی البدیہہ کہنا ــــ الاَمْرَ : کام از سر نو کرنا ــــ الرَجُلُ : بیوقوفی کے بعد

عقل مند ہونا۔

اِقْبَلَّتْ واِقْبَالَّتْ عَيْنُهُ اِقْبِلَالاً و اِقْبِيْلَالاً۔ نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ۔ الشَّيْئَ : سامنے ہونا ــــ الرَّجُلَ :توجہ کرنا۔سامنا کرنا۔مقابلہ کرنا۔

قَبْلُ۔ پہلے۔ آگے۔ اور یہ ظرفِ زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ و مَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلَه و مِنْ قَبْلِه۔ کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ و مَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلُ و مِنْ قَبْلُ۔ اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ و مَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلاً و مِنْ قَبْلٍ۔

قُبَيْلَ۔ قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ قُبَيْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

القُبْل و القُبُل۔ اگلا حصہ ــــ مِنَ الزَّمَانِ : ابتدائی زمانہ ــــ مِنَ الجَبَل : دامن کوہ ج اَقْبَال کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبُلَهُ یعنی اس نے اُس کا قصد کیا "رَاَيْتُهُ (قُبْلاً و قَبَلاً و قُبُلاً و قِبَلاً و قَبِيْلاً و قَبَلِيًّا)" میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

القَبَل۔ مص۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهُ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ القَبَل : دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبَل فِي العَيْنِ : آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا ــــ فِي العَيْنَيْنِ : ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔

القِبَل۔ طاقت۔ قدرت جیسے "مَالِي بِهِ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِي قِبَلَ فُلَانٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "واَتَانِيْ مِنْ قِبَلِهِ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

القِبْلَة۔ قَبِلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّي اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهُ فِيْ هٰذَا الاَمْرِ قِبْلَةٌ ولا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "واَجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

القُبْلَة۔ بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔

القَبَلَة۔ ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل۔ القَبْلَة۔ بسکون الباء اور القُبْلَه بضم القاف و سکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

القِبَال۔ مِنَ النَّعْلِ : تسمہ : کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَال مردید رائے۔

القَبَالَة۔ مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهُ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

القَبُوْل۔ مص۔ اچھی ہیئت۔ باد صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

القَبِيْل۔ ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل و قُبَلَاء۔ القَبِيْل : خدا کی اطاعت (دَبِيْر : خدا کی نافرمانی) القَبِيْل مِنَ النِّسَاء : دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَايَعْرِفُ قَبِيْلاً مِنْ دَبِيْرٍ" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "و مِنْ قَبِيْلِ ذٰلِكَ" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ قَبِيْلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

القَبِيْلَة۔ ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قَبَائِل۔ قَبَائِلُ الرَّاسِ : سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قبائل الطير : پرندوں کی قسمیں۔ قبائل الثوب : کپڑے کے ٹکڑے۔

الاِسْتِقْبَال۔ مص مِنَ الزَّمَانِ : حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الاَقْبَل۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اَقْبَل" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قَبْلَاء۔ ج قُبْل۔

القَابِل۔ فا۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ متاثر۔ ج قَبَلَة۔

القَابِلِيَّة۔ قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

القَابِلَة۔ قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِل و قَابِلَاتٌ۔ قَوَابِلُ الاَمْرِ : اوائل امر۔

المُقَابَل۔ مفع۔ الرَّجُلُ المُقَابَل : ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَرٌ" نجیب الطرفین مرد۔

المُقَبَّل۔ مفع۔ مقبول ــــ مِنَ الثِّيَاب پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقْتَبَلُ) الشَّبَاب : مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

المُسْتَقْبِل۔ فا۔ (المُسْتَقْبِل و المُسْتَقْبَل) مِنَ الزَّمَان : آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا۔ الرَّجُلُ : ملک میں جانا۔

قَبَّنَ۔ الشَّيْئَ : قبان سے تولنا (دیکھئے قَبَّان)

اَقْبَنَ۔ دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

القُبْنَة۔ ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

القَبَّان۔ بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

القَبِيْن۔ اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا يَقْبُوْ قَبْوًا۔ البِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا ــــ الزَّعْفَرَانَ : زعفران توڑنا اور جمع کرنا ــــ الشَّيْئَ : کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا (ــــ قَبًا) الشَّيْئَ : کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الحَرْفَ : ملانا۔

قَبَّى تَقْبِيَةً۔ المَتَاعَ : سامان مہیا کرنا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو قبا بنانا ــــ عَلٰى فُلَانٍ : ظلم کرنا۔

تَقَبَّى۔ الشَّيْئَ : گنبد جیسا ہونا ــــ القَبَاءَ : قبا پہننا ــــ الرَّجُلَ : پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبَى۔ عَنْهُ : پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبَى۔ المَتَاعَ : سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

القَبْوُ۔ کچھی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبد دار کمرہ۔

القَبْوَة۔ قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

القَابِيَاء۔ لئیم۔ بَنُوْ قَابِيَا : شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے۔

القَبَاء۔ ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِيَةٌ۔

القِبَاء- مقدار- کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِبَاء قَوْسَيْنِ وقَابَ قَوْسَيْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار- کنایہ قریب سے-

القِبَةُ- اوجھ کا وہ حصّہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے- تا واو محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقْبُوّ- مفع- جمع کیا ہوا- ملا ہوا-

المَقْبِيُّ- بہت چربی والا-

القِّبي- مقدار-

القَبَايَة- بیابان-

قَتَّ (ن) قَتًّا- جھوٹ بولنا ___ الثَوْبَ: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا ___ الشَيْءَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا- کم کرنا- مہیا کرنا- قَتَّ اِلَى فُلَانٍ وقَتَّ اَثَرَ فُلَانٍ: ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا-

قَتَّ وقَتَّتَ- الاحادیثَ: سخن چینی کرنا- وقَتَّتَ الاَفَادِيَةَ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَقُتُّ الحَدِيْثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے-

تَقَتَّتَ- الحَدِيْثَ: بات کے پیچھے پڑنا- کان لگانا-

اِقْتَتَّ- الشَيْءَ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا-

القَتُّ- مص- جھوٹ- اسپست یا اسپست خشک- ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں- واحد (قَتَّةٌ)

القَتَات- ایک قسم کی نباتات-

القَتَّات والقَتُوْت- چغل خور- اِمْرَاَةٌ قَتَّاتَةٌ و قَتُوْت: چغل خورن-

القِتِّيْتَى- چغلی- رَجُلٌ قِتِّيْتَى: چغل خور مرد- قول (مَقْتُوْت و مُقَتَّت) جھوٹا قول-

قَتَبَهُ (ن) قَتْبًا- بھنی ہوئی آنت کھلانا-

اَقْتَبَ- البَعِيْرَ: اونٹ پر پالان باندھنا-

___ ه يَمِيْنًا: سخت قسم دینا ___ ه الدَيْنُ: گرانبار و بوجھل کر دینا-

القِتْبُ- آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو- پالان- ج اَقْتَاب-

القِتْبَة- آنتیں- ج اَقْتَاب-

القَتَبُ- کجاوہ- آنتیں- ج اَقْتَاب- کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ يَعَضُّ بِالغَارِبِ" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے-

القَتِبُ- تنگ خو- جلدی غضبناک ہونے والا-

القَتُوبَة- وہ اونٹ جس پر پالان ہو-

رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الكَاهِلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد-

قَتَدَ- القَتَادَ: قتاد کے کانٹے دور کر کے اونٹوں کو چارہ دینا-

قَتَّدَ- القَتَادَ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا-

القَتَاد- ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں- کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الاَمْرِ خَرْطُ القَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دور کرنا ہے-

القَتَدُ والقِتْد کجاوہ کی لکڑی- ج اَقْتَاد و اَقْتُد و قُتُوْد-

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا- عَلَى عَيَالِهِ: بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا- صفت (قَاتِر و قَتُوْر و اَقْتَر) ___ الشَيْءَ: بعض کو بعض سے ملانا- ___ الدِرْعَ: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا- ___ الاَمْرُ: لازم ہونا ___ قَتْرًا و قَتَرًا و قُتُوْرًا) مَابَيْنَ الاَمْرَيْنِ- تخمینہ کرنا- اندازہ کرنا-

قَتِرَ الرَجُلُ: روزی کا تنگ ہونا-

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا و قَتِرَ (س) قَتَرًا- البُخُوْرُ و اللَحْمُ: بدبودار ہونا ___ النَارُ: دھوئیں والی ہونا-

قَتَّرَ- عَلَى عَيَالِهِ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا- اللَحْمُ: گوشت کا بودار ہونا ___ الصَيَّادُ لِلاَسَدِ: شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ___ ه: خاک پر پچھاڑنا ___ الشَيْءَ: ایک دوسرے کے قریب کرنا ___ الرَجُلُ: پکی ہوئی چیز کی بو تیز کرنا ___ الوَحْشَ: اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ___ مَا بَيْنَ الاَمْرَيْنِ: اندازہ کرنا-

اَقْتَرَ- مال کم ہونا ___ عَلَى عَيَالِهِ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا ___ الشَيْءَ: لازم ہونا ___ اللّٰه رزقه: روزی تنگ کرنا ___ النَارَ: دھوئیں والی کرنا- اَقْتَرَتِ المَرْاَةُ: عود کی دھونی دینا-

تَقَتَّرَ- غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا-

___ لِلصَيْدِ: شکار کے لئے قترہ میں چھپنا- (دیکھئے قُتْرَةٌ) ___ فُلَانًا: فریب دینے کا ارادہ کرنا ___ عَنْهُ: جدا ہونا ___ الاَمْرَ: آمادہ ہونا ___ لِلاَمْرِ كَذَا: نرمی برتنا-

تَقَاتَرَ- القَوْمُ: ایک دوسرے کو فریب دینا-

اَقْتَرَ- الصَائِدُ: شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَة)

القَتْرُ- مص- زندگی بسر کرنے کے قابل- اندازہ-

القِتْرُ- تیر کا پھل- چھوٹا تیر- تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے-

القَتَرُ- گرد و غبار- اندازہ-

القُتْرُ والقُتُرُ- گوشہ و جانب ج اَقْتَار- قطر میں ایک لغت ہے-

القَتِرُ- متکبر- مغرور-

القَتَرَةُ- قَتَر کا اسم مرة- گرد و غبار-

القِتْرَةُ- قَتَر کا اسم نوع- القِتْر کا واحد- اَبُوْ قِتْرَةَ: ابلیس کی کنیت- اِبْنُ قِتْرَةَ: ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں- ج بَنَاتُ قِتْرَةَ- قِتْرَةَ ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے-

القُتْرَةُ- شکاری کا مچان- زرہ کا حلقہ- تنگی عیش- روشن دان- قُتْرَةُ البُسْتَانِ: باغ کی نالی- قُتْرَةُ البَابِ: دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج قُتَر-

القُتَار- پختہ چیز کی بھاپ- بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بو-

القَتِيْرُ- زرہ کی میخوں کے سرے- زرہ- بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء-

القَاتِرُ والقَتُوْرُ والاَقْتَرُ- بخیل- جو بال بچوں پر نان و نفقہ میں تنگی کرے- کہا جاتا ہے "سرجٌ (قَاتِرٌ و مُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے- "ولَحْمٌ قَاتِرٌ" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بو ہو-

الاَقْتَرُ- خاکستری رنگ والا-

التَقْتِيْرُ- مص- قوت لایموت-

قَتَعَ (ف) قُتُوْعًا۔ ذلیل ہونا۔
قَاتَعَهٗ مُقَاتَعَةً۔ مقاتلہ کرنا۔
القِتْع۔ شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرانہ ہو۔
القَتَع۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (قَتَعَة) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع بمعنی دیمک۔
القَتَعَة۔ ذلیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ (اَقْتَعُ مِنْهُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث قَتْعَاءُ۔ ج قُتْع۔
قَتَلَهٗ (ن) قَتْلاً و تَقْتَالاً۔ مار ڈالنا۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن و قَتَلَة و قُتَّال۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ بِاَخِيْهِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمْرَة : شراب میں پانی ملانا۔ الجُوْعَ او البَرْدَ : بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَه اللّٰهُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقامِ مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَئَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کرلیا" و قَتَل غَلِيْلَه" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہوگئی۔
قَتَّلَ۔ القَوْمَ : بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَهٗ قِتَالاً وقِيْتَالاً و مُقَاتَلَةً۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ــــ هُ اللّٰهُ : لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشْعَرَهٗ" مُراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَهٗ۔ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ۔ چلنے میں لچکنا ــــ لِلْاَمْرِ : مہلت دینا ــــ لِفُلَانٍ : جھکنا۔ فرمانبردار ہونا (تَقْتَّلَ و تَقَاتَلَ و اِقْتَتَل) القَوْمُ : باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ۔ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِیْ الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل۔ مص القَتْلُ العَمَد : قتل جو مقصود ہو القَتْلُ الخَطَا : قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْل۔ دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو۔ بہادر ج اَقْتَال۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّه لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتْلَة۔ قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ قِتْلَةَ سَوْءٍ" اس نے اس کو بُرے طریقہ سے قتل کیا۔
القَتَال۔ نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ ذَات قَتَال" مضبوط اونٹنی۔
القَتُوْل۔ بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قُتْل۔
القَتِيْل۔ مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلٰی و قُتَلَاء و قَتَالٰی۔
المَقْتَل۔ جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ قتل ج مَقَاتِل۔
المُقَاتِلَة۔ لڑنے والی جماعت۔ تا تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَتَل۔ میدانِ جنگ۔
المُقَتَّل۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ دِل جس کو عشق نے ہلاک کردیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُوْمًا و قَتِمَ (س) قَتَمًا۔ الغُبَارُ : غبار کا بلند ہونا۔
قَتُمَ (ض) قَتَامَةً و قُتُوْمًا۔ سیاہی مائل ہونا (ــــ قُتُوْمًا) وَجْهُهٗ : چہرے کا متغیر ہونا۔
اَقْتَمَ۔ اليَوْمُ : بہت غبار والا دن۔
اِقْتَمَّ اِقْتِمامًا۔ الشَيْءُ : کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔
القَتْم۔ مص۔ غبار۔
القَتَام و القَتَمَة۔ کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِم۔ فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِم" بہت کالا۔ ج قَوَاتِمُ۔
الاَقْتَم۔ سیاہی مائل۔ بھورا۔
حِيَاضُ قُتَيْم۔ موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُوْنًا۔ السَمَكُ : مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً و اَقْتَنَ۔ کم خوراک ہونا۔ دُبلا ہونا۔
القَتَان و القُتَان۔ گرد و غبار۔
القَاتِن۔ فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اَسْوَد قَاتِن بہت سیاہ۔
القَتِيْن۔ کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دُبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چھچڑی۔
القَتَن۔ ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔
قَتَا يَقْتُوْ قَتْوًا وقُتًا وقُتِّي وقِتِّي ومَقْتًى المُلُوْكَ : اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قَاتٍ)
اِقْتَوٰى۔ الرَجُلُ : خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ اِفْعِلَال لازم ہے)
القَتْوَةُ۔ قتا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔
المَقْتَى۔ جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مَقْتَوُوْن و مَقَاتِوَة و مَقَاتِيَة۔
المَقْتَوِیّ۔ بمعنی مَقْتِی۔
قَثَّ (ن) قَثًّا۔ الشَئَ : کھینچنا ــــ الاِبِلَ : اُونٹ کو پانی پلانا (ــــ و اِقْتَثَّ) الشَجَر : درخت کو جڑ سے اُکھیڑنا۔ قَثَّ (ن) قَثًّا و قِثِّيْثَى۔ المَالَ : بکثرت جمع کرنا۔
القُثَّاث۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ بِقُثَاثِهِم وقُثَاثَتِهِم) قوم مع اپنے ساز و سامان کے آگئی۔
القَثَّاث۔ چغل خور۔
القَثَاثَة و القَثِيْثَة و المَقَثَّة۔ لوگوں کی جماعت۔
اَقْثَأَ۔ المَكَانُ اَو القَوْمُ : بہت ککڑی والی ہونا۔
القُثَّاء و القِثَّاء۔ ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَاءَ الحِمَار) : کریلا۔
المَقْثَأَة و المَقْثُوْءَة۔ ککڑی کی جگہ۔ ج مقاثئ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَاة و مَقْثُوْءَةٌ" ککڑی والی سرزمین۔
قَثَدَ (ن) قَثْدًا۔ ککڑی یا کھیرا کھانا۔
اِقْتَثَدَ۔ کھیرا یا ککڑی کاٹنا۔
القَثَد۔ کھیرا یا ککڑی۔
اِقْتَثَرَ۔ الشَئَ : گھر کے لیے سامان بنانا۔
تَقَثَّرَ۔ بددل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القَثْرَة۔ گھر کا سامان۔
القُثْرُد و القِثِر د و القَثَرَد۔ گھر کا سامان۔
القَثْرَد و القُثَرَد و القُثَار۔ گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔

القِثْرِد۔ انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔

القَثَارِد۔ قمیص کے دامن۔

قَثْقَثَ قَثْقَثَةً۔ الوَتِد: کھونٹی کو اکھیڑنے کے لئے حرکت دینا ـــــ المِکْیَالَ: ناپ پورا کرنا۔

قَثَمَ (ض) قَثْمًا۔ الشَّیْ: شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا (ـــــ واقْتَثَم) المَالَ: بہت لینا۔ اِقْتَثَم الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ـــــ الشَّیْ: جڑ سے اکھیڑنا۔

قَثَمَ (ن) قَثْمًا۔ لَهٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی دینا ـــــ فِی مَشْیِهٖ: سست چلنا۔

قَثِمَ (س) وقَثُمَ (ک) قُثْمَةً و قَثَمًا شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔

قَثِمَ (س) قَثَمًا و قَثَامَةً۔ گرد آلود ہونا۔

القُثَم والقَثُوم۔ خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔

القُثَم: بہت دینے والا (قاثِم سے معدول ہے)

القَاثِم۔ فا۔ دینے والا۔

القُثَم۔ سخی لوگ۔

القُثْمَة۔ خاکستری رنگ۔

قَثَام۔ مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت قَثَا يَقْثُوْ قَثْوًا و قَثَى يَقْثِي قَثْيًا واقْتَثَى المَالَ: جمع کرنا۔

القَثَا۔ ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔

قَحَّ (ن) قُحُوحَةً و قَحَاحَةً۔ خالص ہونا۔

القُحّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمٌ قُحٌّ و اَعْرَابِيٌّ قُحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج اَقْحَاح۔ القُحّ: سخت اور بدخو۔ مؤنث قُحَّة۔ کہا جاتا ہے اَعْرَابِيَّةٌ قُحَّةٌ۔

القُحَاح۔ خالص۔

قَحَبَ (ن) قَحْبًا و قُحَابًا و قَحَبَ۔ کھانسنا۔

قَحَبَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بدکار ہونا۔

القَحْب۔ سن رسیدہ کھانسی والا۔

القَحْبَةُ۔ قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔ بڑھیا۔ ج قِحَاب۔

سُعَالٌ قَاحِبٌ۔ سخت کھانسی۔

قَحَثَ (ف) قَحْثًا۔ الشَّیْ: کل لے لینا۔

قَحَدَ (ف) قَحْدًا و اَقْحَدَ۔ البَعِيْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔

اِسْتَقْحَدَتِ۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔

نَاقَةٌ قَحِدَةٌ و مِقْحَادٌ۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔ ج مَقَاحِيْد۔

القَحَدَة۔ کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قِحَادٌ و اَقْحُد۔

القَحَّاد۔ وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔

المَقْحَدَة۔ کوہان کی جڑ۔

قَحَزَ (ف) قَحْزًا۔ کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا (ـــــ قُحُوْزًا) مردہ کی طرح گرنا (ـــــ قَحْزًا و قُحُوْزًا و قَحَّزَ) بِهٖ: پچھاڑنا۔ قَحَزَهٗ قَحْزًا و قَحَّزَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا (قَحَزَ قَحْزًا و قُحُوْزًا و قَحَزَانًا) الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔

قَحَّزَ و تَقَحَّزَ۔ لَهُ الكَلَامَ: سخت کلامی کرنا۔

القَاحِزَات۔ سختیاں۔

القُحَّازَة۔ پرندوں کے پھنسانے کا جال۔

التَّقْحِيْز۔ مص۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔

جُوْعٌ مُقْحِزٌ۔ سخت بھوک۔

قَحْزَلَ قَحْزَلَةً۔ ڈالنا۔ مارنا۔

القَحْزَلَة۔ لاٹھی۔

قَحْزَمَ قَحْزَمَةً۔ لوٹانا۔

تَقَحْزَمَ۔ فِی اَمْرِهٖ: مشغول ہونا۔

قَحْزَنَ قَحْزَنَةً۔ پچھاڑنا۔

القَحْزَنَة۔ لاٹھی۔ ج قَحَازِن و قَحْزَنَات۔

قَحَصَ (ن) قَحْصًا بِرِجْلِهٖ: لات مارنا۔

قَحَصَ: تیز دوڑنا۔ جھاڑ دینا۔

اَقْحَصَ۔ دور کرنا۔

قَحَّصَ۔ دور کرنا۔

قَحَطَ (ف) قَحْطًا۔ سخت مارنا۔

قَحَطَ (ف) قَحْطًا و قَحِطَ (س) قَحَطًا المَطَرُ: بارش رکنا۔

قَحَطَ (ف) و قَحِطَ (س) قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوْطًا و قُحِطَ و اَقْحَطَ العَامُ: بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط و اَقْحَطَ اللّٰهُ الاَرْضَ: قحط ڈالنا۔ اَقْحَطَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ قَحِطَ و قُحِطَ واَقْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔

قَحَّطَ۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔

عَامٌ قَحِطٌ و قَحِيْطٌ و مَقْحُوْطٌ: خشک سال۔

سَنَةٌ قَحِيْطٌ۔ خشک سال۔

المِقْحَط۔ نہ تھکنے والا گھوڑا۔

قَحَفَهٗ (ف) قَحْفًا۔ کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ ـــــ الشَّیْءَ: بہا لے جانا ـــــ مَا فِی الاِنَاءِ: ڈونگا کے سب پی جانا ـــــ الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔ ـــــ الرُّمَّانَةَ: انار چھیلنا: چھلکا اتارنا ـــــ قَحَافًا کھانسنا۔

اِقْتَحَفَ۔ مَا فِی الاِنَاءِ: ڈونگا کے سب پی جانا ـــــ السَّیْلُ كُلَّ شَیْءٍ: بہالے جانا۔

القَرِیْض۔ کاٹا ہوا۔ شعر۔ جگال۔

القَرَّاضَة۔ لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ کیڑا جو اون کو چاٹ جاتا ہے۔

اِبْنُ مِقْرَض۔ نیولے کے مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔

المِقْرَاض۔ قینچی۔ ایک پھل ہو جب تو "قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضِ" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاض" نہیں کہتے بلکہ قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضَیْن کہتے ہیں۔ ج مَقَارِیْض۔

المَقَارِض۔ تھوڑی کھیتی۔ بڑے مٹکے۔ شراب کے برتن۔

قَرْضَبَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا ـــــ الرَّجُلُ: خشک چیز کھانا ـــــ اللَحْمَ فِی البُرْمَةِ: گوشت کو ہانڈی میں جمع کرنا ـــــ فُلَانٌ: دوڑنا ـــــ اللَحْمَ: کل کھا جانا۔ کہا جاتا ہے "قَرْضَبَ الذِئْبُ الشَاةَ" بھیڑیا سالم بکری کھا گیا۔

القِرْضِب۔ بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے اور پھینک دی جائے۔

الْقِرْضَابُ والقُرْضُوْبُ۔ تلوار قاطع۔ چور۔ خشک چیز کو کھانے والا۔ فقیر۔ ج قَرَاضِبَة۔
القُرَاضِبُ۔ جو کچھ ملے اس کو کھا جانے والا۔ ج قَرَاضِبُ۔
القُرْضُوْفُ۔ چرواہے کا ڈنڈا۔ بہت کھانے والا مرد۔
قَرْضَمَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ لے کر چل دینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَرْضِمُ كُلَّ شَیْءٍ" وہ ہر چیز کو لے کے چل دیتا ہے۔
قَرَطَ (ن) قَرْطًا۔ الكُرَّاثَ وَنَحْوَهُ۔ باریک باریک کاٹنا۔
قَرِطَ (س) قَرَطًا۔ التَّيْسُ: کٹے ہوئے کانوں والا ہونا۔ صفت اَقْرَطُ۔
قَرَّطَ۔ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ الجَارِيَةَ: لڑکی کو بالی پہنانا ـــــ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام لگانا ـــــ السِّرَاجَ: چراغ سے گل گرانا ـــــ عَلَى الرَّجُلِ: تھوڑا تھوڑا دینا ـــــ اِلَيْهِ رَسُوْلًا: جلدی بھیجنا۔
تَقَرَّطَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔
القِرْطُ۔ گندنا کی ایک قسم۔
القُرْطُ۔ بالی۔ ایئر رنگ۔ کان کا زیور۔ ج اَقْرَاطٌ وقِرَاطٌ وقُرُوْطٌ وقِرَطَةٌ۔ القُرْطُ: آگ کا شعلہ۔ تھن۔ ایک گھاس ہے جو اسپست کے مشابہ ہے ثریا (بنابر تشبیہہ) والقُرْطُ مِنَ المَوزِ او البَلَحِ عِنْدَ العَامَّةِ: کیلے وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا۔
القَرَطَةُ والقِرْطَةُ۔ مینڈھے کے کان کاٹ کر لٹکتا ہوا حصہ۔
القِرَاطُ۔ چراغ۔ چراغ کا شعلہ (ـــــ والقُرَاطَةُ) بتی کا گل۔
القِرَاطُ والقِيْرَاطُ۔ نصف دانق اور بقول بعض دینار کا ۴/۶ اور بقول بعض دینار کے دسویں حصہ کا آدھا۔ کسی چیز کا چوبیسواں حصہ ـــــ فِي المَسَاحَةِ: انگلی کی چوڑائی کے برابر۔ (دخیل) القِيْرَاطُ عِنْدَ اليُوْنَانِ: دانہ خرنوب۔ نصف دانق ج قَرَارِيْطُ۔ القَرَارِيْطُ: دانہ تمرہندی۔
القَيْرُوْطِيُّ۔ ایک مرہم جس کا ضماد کیا جاتا ہے (دخیل)
قَرْطَبَهُ قَرْطَبَةً۔ گدی کے بل پچھاڑنا۔
قَرْطَبَ الجَزُوْرَ: ہڈیوں کا کاٹنا ـــــ الرَّجُلُ غضبناک ہونا۔ تیز دوڑنا۔ بھاگنا۔
تَقَرْطَبَ۔ گدی کے بل گرنا۔
القُرَاطِبُ۔ بہت کاٹنے والا۔
القُرْطُبِيُّ۔ تلوار۔
قُرْطُبَةُ۔ اندلس کا شہر جس کو انگریزی میں کارڈوا کہتے ہیں۔
قَرْطَسَ۔ نشانہ لگانا۔
تَقَرْطَسَ۔ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔
القِرْطِسُ والقَرْطَسُ والقِرْطَاسُ والقُرْطَاسُ والقَرْطَاسُ۔ کاغذ۔ القِرْطَاسُ۔ نشانہ۔ ایک قسم کی مصری چادر۔ تحریر جو کچھ بھی ہو۔ سفید کشیدہ قامت لڑکی۔ جوان اونٹنی۔ ج قَرَاطِيْسُ۔
القِرْطِيْطُ والقِرْطِيْطَةُ۔ تھوڑی چیز۔
القِرْطِيْطَةُ: بلا و سختی۔
القِرْطِعُ۔ جوں جو اونٹ کے بدن میں پیدا ہو جائے۔
القَرْطَفُ والقَرْطَفَةُ۔ مخملی چادر۔
قَرْطَقَهُ قَرْطَقَةً۔ کرتا پہنانا۔
تَقَرْطَقَ۔ کرتا پہننا۔
القُرْطَقُ۔ کرتا۔
قَرْطَلَهُ۔ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔
القَرْطَلُ۔ ٹوکری۔ کنڈیا ج قَرَاطِلُ۔
القِرْطَالَّةُ۔ گدھے کا ایک جانب کا بوجھ۔
القَرْطَالَةُ۔ پالان کے نیچے کا خوگیر۔ ج قَرْطَالُ۔
قَرْطَمَ قَرْطَمَةً۔ الشَّیْءَ: کاٹنا ـــــ الطَّائِرُ: قرطم کے دانے ڈالنا۔
القِرْطِمُ والقُرْطُمُ والقِرْطِمُّ والقُرْطُمُّ عصفر کا دانہ۔
القُرْطُمَانُ۔ ایک قسم کا غلّہ جو ماش کے مشابہ ہوتا ہے۔
خِفَافٌ مُقَرْطَمَةٌ۔ کناروں پر مضبوط سلا ہوا چرمی موزہ جو پتھر کو توڑ دے۔
قَرَظَ (ض) قَرْظًا۔ القَرَظَ: درخت سلم (جو کیکر کے درخت کی مانند ہوتا ہے) کے پتے چننا۔
ـــــ الاَدِيْمَ: درخت سلم کے پتوں سے دباغت دینا۔
قَرِظَ (س) قَرَظًا۔ ذلت کے بعد سردار ہونا۔
قَرَّظَهُ تَقْرِيْظًا۔ زندہ کی جھوٹی یا سچی مدح کرنا۔
القَرَظُ۔ درخت سلم کے پتے۔ واحد قَرَظَةٌ۔
القَرَّاظُ۔ درخت سلم کی پتیوں کا بیچنے والا۔
قَرَعَ (ف) قَرْعًا۔ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ قَرَعَ بَابًا ولَجَّ وَلَجَ" جو شخص دروازہ کھٹکھٹائے اور اصرار کرے وہ داخل ہوتا ہے ـــــ الرَّجُلَ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ رَأْسَهُ بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔ و "قَرَعَ صَفَاتَهُ" اس نے اس کی منقصت کی اور عیب بیان کیا "قَرَعَ سَاقَهُ لِلْاَمْرِ" وہ کام کیلئے فارغ ہوا ـــــ الشَّیْءَ: پسند کرنا ـــــ السَّهْمُ الغَايَةَ: تیر کا نشانہ پر لگنا ـــــ هُ اَمْرٌ: اچانک پیش آنا ـــــ سِنَّهُ: ندامت سے دانت پیسنا۔
قَرَعَ (ن) قَرْعًا فُلَانًا: قرعہ میں غالب آنا۔
قُرِعَ عَلَيْهِ: تیراندازی میں مغلوب ہونا۔
قَرِعَ (س) قَرَعًا وقَرْعًا المَكَانُ: خالی ہونا ـــــ مَاءُ البِئْرِ: پانی کا ختم ہونا ـــــ الرَّجُلُ: تیر اندازی میں مغلوب ہونا۔ مشورہ قبول کرنا ـــــ (قَرْعًا) الرَّجُلُ: گنجا ہونا۔
قَرَّعَ فُلَانًا: جھڑکی دینا ـــــ القَوْمَ: رنجیدہ کرنا ـــــ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کی پھنسی کا علاج کرنا ـــــ الشَّعْرَ: بال کاٹنا۔
قَارَعَهُ مُقَارَعَةً وقِرَاعًا۔ باہم قرعہ اندازی کرنا۔ قَارَعَهُ فَقَرَعَهُ: اس نے اس سے قرعہ اندازی کی اور غالب آیا۔
قَارَعَ و تَقَارَعَ القَوْمُ: قرعہ ڈالنا، بعض کا بعض کو تلوار مارنا ـــــ بِالرِّمَاحِ: آپس میں نیزہ بازی کرنا۔
اَقْرَعَ۔ باز رہنا۔ مشورہ قبول نہ کرنا ـــــ عَنْهُ: رکنا ـــــ المُسَافِرُ: منزل سے قریب ہونا ـــــ الغَائِصُ والمَائِحُ: غوطہ خور کا زمین کی تہ تک پہنچنا ـــــ الشَّرُّ: ہمیشہ رہنا ـــــ نَعْلَهُ: جوتے میں موٹا پیوند لگانا ـــــ الحَمِيْرُ: گدھوں کا ایک دوسرے کو دولتی مارنا

ـــــ الشَیْئَ : طاقت رکھنا ـــــ دَارَہ آجُرًّا :اینٹوں کا فرش لگانا۔ ـــــ فُلَانًا : روکنا ـــــ اِلَی الحَقِّ : لوٹنا ـــــ الرَّجُلَ : عمدہ مال دینا ـــــ الدَّابَّۃَ بِلُجَامِھَا : جانور کو لگام سے کھینچ کر روکنا ـــــ بَیْنَ القَوْمِ : قرعہ ڈالنا۔

تَقَرَّعَ وانْقَرَعَ۔ اُلٹنا پلٹنا۔ اِنْقَرَعَ عَنِ الاَمْرِ : رکنا ـــــ عَنِ الحَقِّ : باز رہنا۔ تَقَرَّعَ الجِلْدُ : گنجے پن کی وجہ سے کھال کا چھل جانا۔

اِقْتَرَعَ الشَیْئَ : اختیار کرنا۔ پسند کرنا ـــــ النَّارَ : آگ روشن کرنا ـــــ القَوْمُ عَلٰی کَذَا : قرعہ ڈالنا۔

اِسْتَقْرَعَ الحَافِرُ : کھر کا سخت ہونا ـــــ الکَرْشُ :اوجھ کا سخت ہونا۔

القَرْعُ۔ مص۔ کدو۔ واحد قَرْعَۃ۔

القَرْعَۃ۔ قَرَعَ کا اسم مرۃ۔

القَرَعُ۔ مص۔ سفید پھنسی جو اونٹ کے بچوں کو ہوتی ہے۔ گنجاپن۔ سبقت۔ اونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔ وہ جگہیں جن میں صرف گھاس ہو اور دوسری نباتات نہ ہو۔ کھلی۔

القَرَعَۃ۔ ڈھال۔ سر میں گنج کی جگہ۔ پھیلی ہوئی تلی کا توشہ دان۔ اونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔

القُرْعَۃ۔ حصہ۔ توشہ دان۔ اِلقَاءُ القُرْعَۃِ : قرعہ اندازی (ـــــ والقَرِیْعَۃُ) عمدہ مال۔ القَرِیْعَۃُ :گھر میں سب سے عمدہ جگہ۔

اَلقَرِعُ۔ نہ سونے والا۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ تباہ شدہ ناخن۔ اَرْضٌ۔ قَرِعَۃٌ :بنجر زمین۔

القَارِعَۃ :قارع کا مؤنث۔ قیامت۔ قَارِعَۃُ الطَّرِیْقِ : راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ مصیبت۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔ ج قَوَارِع۔ قَوَارِعُ القُرْآن وہ آیتیں جن کے پڑھنے سے شیاطین وجنات سے انسان محفوظ رہے۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَتْھُمْ قَوَارِعُ الدَّھْرِ" ان پر زمانہ کی سخت مصیبتیں نازل ہوئیں و "نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ قَوَارِعِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی زبان کی تیزی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

القَرَّاعُ۔ اسم مبالغہ۔ ڈھال۔ بہت سخت۔ مؤنث۔ قَرَّاعَۃ۔

القَرِیْعُ۔ قرعہ اندازی کرنے والا۔ قرعہ اندازی میں غالب۔ قرعہ اندازی میں مغلوب۔ سردار جوان اونٹ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِیْعُ دَھْرِہٖ" فلاں انتخاب زمانہ ہے "ھُوَ قَرِیْعُ الکَتِیْبَۃِ" وہ فوج کا سردار و کمانڈر ہے "فَصِیْلٌ قَرِیْعٌ" پھنسی والا اونٹ کا بچہ۔ ج قَرْعٰی۔

القَرُوْعُ۔ کم پانی والا کنواں۔ بکری جس پر قرعہ اندازی کریں۔

القِرِّیْعُ۔ مبالغہ۔ سردار۔

الاَقْرَعُ۔ گنجا۔ جَبَلٌ اَقْرَعُ :بے نباتات کا پہاڑ۔ عُوْدٌ اَقْرَعُ : چھال اتری ہوئی لکڑی۔ تُرْسٌ اَقْرَعُ : سخت ڈھال۔ قِدْحٌ اَقْرَعُ : کنکری سے مانجھا ہوا تیر کہ جس میں نقوش وغیرہ ظاہر ہو جائیں۔ الاَقْرَعُ :عمدہ لوہے کی تلوار ـــــ مِنَ الحَیَّاتِ : زہریلا سانپ کہ زہر کی وجہ سے اس کے سر کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث۔ قَرْعَاء ج قُرْعٌ و قُرْعَان۔

القَرْعَاء۔ اَقْرَعُ کا مؤنث۔ مصیبت۔ گھر کا صحن۔ راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ اَرْضٌ قَرْعَاء : چری ہوئی زمین۔

القُرَیْعَا۔ زمین جس کے کناروں پر پیداوار ہو اور درمیان میں خالی ہو۔

المِقْرَعُ۔ گھی یا کھجور کھانے کا برتن۔

المِقْرَعَۃ۔ کوڑا۔ ہر وہ چیز جس سے کھٹکھٹایا جائے۔ ج مَقَارِع۔

المُقْرَعُ۔ مِنَ الخَیْلِ :وہ گھوڑا جس کو لگام کھینچ کر روکا جائے اور وہ اپنے سر کو بلند کرے۔

المِقْرَاعُ۔ پتھر توڑنے کی کدال۔

المَقْرُوْعُ۔ مفع۔ سردار۔

اِقْرَعَبَّ۔ سردی وغیرہ سے سمٹنا۔

المُقْرَعِبُّ۔ غصہ کی وجہ سے سر جھکانے والا۔

تَقَرْعَثَ۔ جمع ہونا۔

القَرْعَثُ۔ فراہم آمدگی۔

مُقْرَعِجٌ۔ بلند قامت۔

القِرْعَوس و القُرْعُوْس۔ دو کوہان کا اونٹ۔

القِرْعَوْش و القُرْعُوْش۔ دو کوہان کا اونٹ۔ شیر کا بچہ۔

القَرَاغُوْل۔ راستہ کا محافظ۔ تاتاری لفظ ہے اور اس کے لیے عربی لفظ خَفِیْر ہے۔

قَرَفَ (ض) قَرْفًا لِعِیَالِہٖ : کمائی کرنا ـــــ عَلَی القَوْمِ : ظلم کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے گزرنا ـــــ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا۔ جھوٹ سچ ملانا ـــــ الشَّیْئَ چھیلنا۔ ملانا (ـــــ و قَرَّفَ) فُلَانًا بِکَذَا : عیب لگانا۔ تہمت رکھنا ـــــ القَرْحَۃَ : زخم کو چھیلنا۔

قَرِفَ (س) قَرَفًا فُلَانٌ المَرَضَ : مرض کے قریب ہونا۔

قَارَفَہٗ مُقَارَفَۃً و قِرَافًا۔ قریب ہونا۔ جماع کرنا۔ قَارَفَ الذَّنْبَ :گناہ میں ملوث ہونا۔

اَقْرَفَ۔ لَہٗ : قریب ہونا۔ اختلاط کرنا۔ اَقْرَفَہٗ : برائی سے یاد کرنا۔ اَقْرَفَ بِہٖ : تہمت لگوانا ـــــ الجَرِبُ الصِّحَاحَ :بیماری کا چھوت لگنا۔

تَقَرَّفَ۔ الجُرْحُ :زخم کا چھل جانا۔

اِقْتَرَفَ۔ کمائی کرنا ـــــ الذَّنْبَ :گناہ کر لینا ـــــ المَالَ : جمع کرنا اور کہا جاتا ہے "قَرَفْتُہٗ بِالاَمْرِ فَاقْتَرَفَ بِہٖ" میں نے اسے عیب لگایا اور اسے عیب لگ گیا۔

القِرْف۔ ایک قسم کے چمڑے کا برتن جس کو انار کے چھلکوں سے دباغت دیتے ہیں۔ گہرا سرخ۔ ج قِرَاف و قُرُوْف۔

القِرْف۔ درخت کی چھال۔ ہر چھال کو قرف کہتے ہیں اور اسی سے ہے "قِرْفُ الرُّمَّانِ" روٹی کا چھلکا جو تنور میں رہ جائے۔ زمین سے اکھڑی ہوئی چیز۔ ناک پر خشک رینٹ ج قُرُوْف واحد قِرْفَۃٌ۔ القِرْف : لائق۔ مناسب کہا جاتا ہے "ھُوَ قِرْفٌ بِکَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔

القَرَف۔ مرض کا دوبارہ ہونا۔ میل جول۔ تہمت۔ بیماری کی چھوت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قَرَفٌ او قَرِفٌ بِکَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ القَرِف : گہرا سرخ والا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاکَ اَحْمَرَ قَرِفًا" میں تم کو بہت سرخ دیکھ رہا ہوں۔

القِرْفَۃ۔ کمائی۔ چھال۔ انار کے چھلکے۔ دار چینی کی ایک قسم جس کو تج کہتے ہیں۔ تہمت۔ جس کے اوپر تہمت لگاؤ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قِرْفَتِی" فلاں وہ شخص ہے جس پر میں نے تہمت لگائی ہے و "بَنُوْ فُلَانٍ قِرْفَتِی" بنو فلاں وہ لوگ ہیں جن

کے متعلق میرا گمان ہے کہ میرا مطلوب ان کے پاس ہے۔
القَرُوْف۔ بہت ظلم کرنے والا۔ بڑا بے انصاف۔توشہ دان۔ج قُرُف و قُرُف۔
القَرِفِيّ و المُقْرِف۔ وہ شخص جس کے اندر سرخی جھلکتی ہو۔ المُقْرِف : خسیس۔ حقیر۔ جس کی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔ وَجْهٌ مُقْرِف :بدصورت چہرہ۔
الاَقْرَف۔بہت سرخی والا۔
القَرَافَة۔درخت کی چھال۔
المَقْرِف۔وہ جگہ جہاں سے چھال اُتار دی گئی ہو۔
المِقْرَاف۔ بہت گناہوں کا ارتکاب کرنے والا۔ رَجُلٌ مَقْرُوْفٌ۔ پتلی کمر والا۔سبک مرد۔
قَرْفَصَهٗ قَرْفَصَةً۔ پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔
تَقَرْفَصَتِ۔ العَجُوْزُ : بڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا۔
القَرْفَصى۔ مثلثة الفاء و القُرْفُصَاء و القُرْفُصَاء۔ اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔کہا جاتا ہے "قَعَدَ القَرْفَصى او القَرْفَصَاء" وہ اکڑوں بیٹھا۔
القُرَافِص۔ مضبوط۔
القَرَافِصَة۔ڈاکو۔
قَرْفَطَ الرجُلُ :چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
اِقْرَنْفَطَ۔سمٹنا۔
المُقَرْفَل۔ مِنَ الاَطْعِمَةِ :لونگ سے خوشبودار کیا ہوا۔
قَرَقَ (ن) قَرْقًا بِفُلاَنٍ : دھوکا دینا۔ قَرْقَتِ الدَّجَاجَةُ : کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔
قَرِقَ (س) قَرَقًا۔ہموار جگہ میں چلنا۔
القِرْق۔ بڑی جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ قِرْقٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ج اَقْرَاق۔القِرْق :ایک کھیل ہے۔خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔خط کی صورت یہ ہے :

(ـــ و القَرَق و القَرِق) ہموار جگہ۔
القُرْقُب و القُرْقُبّ۔پیٹ۔
القَرْقَذَان و القَرْقَذُوْن۔سنجاب۔
قَرْقَرَ قَرْقَرَةً۔البَعِيْرُ :اُونٹ کا بڑبڑانا۔قَرْقَرَتِ الحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ : کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مرغی کا کڑکڑانا ـــ البَطْنُ : پیٹ گڑگڑانا۔ الرجُلُ فِيْ ضِحْكِهٖ :بہت زور سے ٹھٹھا مارنا۔ الشَّرَابُ فِيْ حَلْقِهٖ :آواز کرنا۔
القَرْقَرَة۔مص۔کبوتر کی آواز۔بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (ـــ و القَرْقَر) پست نرم زمین۔ج قَرَاقِر۔
القَرْقَار۔اُونٹ کی بڑبڑاہٹ۔
القُرَاقِرُ و القُرَاقِرِي۔ اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔
القُرَاقِرَة۔ بہت بک بک کرنے والی عورت (ـــ و القَرْقَارَة) اُونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔
القَرْقَارَة۔لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔
القُرْقُوْر۔بڑی کشتی۔ج قَرَاقِيْر۔
قَرْقَسَ۔الكَلْبَ و بِهٖ :کتے کو قُرْقُوْس کہہ کے بلانا۔
القِرْقِس۔مچھر کے بچے۔
القَرْقُوْس۔کشادہ میدان۔
قَرْقَصَ۔بالجرو :کتے کے پلے کو بلانا۔
القُرْقُوْص۔ کتے کا پلا۔ج قَرَاقِيْص۔
قَرْقَعَ قَرْقَعَةً۔کھٹکھٹانا۔
قَرْقَفَ قَرْقَفَةً مِنَ البَرْدِ : کپکپی زدہ ہونا ـــ قَرْقَفَهُ البَرْدُ : کپکپی ڈالنا۔
الرجُلُ فِيْ الضِحْكِ و الحَمام فِيْ الهَدِيْرِ : آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹرغوں کرنے میں زیادتی کرنا۔
القَرْقَف۔ شراب۔ٹھنڈا پانی (ـــ و القُرْقُف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

القَرْقُوْف۔درہم۔شراب۔
دِيْكٌ قُرَاقِف۔بلند آواز مرغ۔
القَرْقَل و القَرْقَلّ۔ بے آستین کا کرتہ ج قَرَاقِل۔
قَرْقَمَ۔الصَّبِيَّ :بچے کو بُری خوراک دینا۔
المُقَرْقَم۔ وہ جو جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔
قِرِلّى۔ایک چوکنا آبی پرندہ۔
قَرَمَ (ض) قَرْمًا و قُرُوْمًا و مَقْرَمًا و قَرَمَانًا و تَقَرَّمَ۔ الصَّبِيُّ و البَهْمُ : تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔
قَرَمَ(ن) قَرْمًا۔الشَّيْءَ :چھیلنا ـــ الطَّعَامَ : کھانا ـــ الرجُلَ :گالی دینا۔قید کرنا۔
قَرِمَ (س) قَرَمًا۔ اِلَى اللَّحْمِ : گوشت کا خواہش مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِمْتُ اِلَى لِقَائِهٖ" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔
قَرَّمَهٗ۔کھانا سکھانا۔قَرَّمَ و اَقْرَمَ الفَحْل :سانڈ بننے کیلئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔
اِسْتَقْرَمَ۔البَكْرُ قَبل اَوَانِهٖ :وقت سے پہلے سانڈ بننا۔
القَرْم۔مص۔اُونٹ کی ناک پر داغ جوئے کے تیر کی علامت۔سانڈ جو سواری اور کام سے فارغ رکھا جائے۔سردار عظیم۔ج قُرُوْم۔
القَرْمَة و القُرْمَة۔ اُونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال۔
القُرْمَة و القِرَام۔اُونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع
القِرَام :سرخ پردہ یا باریک کپڑا۔
القُرَامَة۔اُونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے۔ عیب۔ اُونٹ کا سینہ۔
الاَقْرَمُ مِنَ الجَمَال : اُونٹ جو باندھا نہ جائے۔ ناک پر داغ لگا ہوا۔ مؤنث قَرْمَاء۔ ج قُرْم۔
القُرْم۔ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے۔
قَرْمَدَ قَرْمَدَةً الكِتَابَ :باریک لکھنا۔قریب قریب لکھنا۔قَرْمَدَ فِيْ المشى : قریب قریب قدم رکھنا ـــ الشَّيْءَ : قرمد کا طلا کرنا (دیکھئے

قَرْمَد)

الْقَرْمَد- ہروہ چیز جس کو زینت کے لیے کسی پر لگائیں- جیسے زعفران اور گچ وغیرہ- پختہ ٹھیکری- اینٹ (دخیل)

الْقُرْمُوْد- پہاڑی بکرا- پہاڑی بکری کا بچہّ ج قَرَامِیْد-

الْقِرْمِیْد- اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قِرْمِیْدَة (دخیل)

الْقِرْمِیْدَة: پہاڑی بکری ج قَرَامِیْد-

الْقِرْمِز- سرخ رنگ ___ عِنْدَ الأَسَاكِفَة: وہ کھال جو سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو-

الْقِرْمِزِیُّ- جو سرخ رنگ کا ہو-

قَرْمَشَةٌ- بگاڑنا- فاسد کرنا- قَرْمَشَ الشَّیْئَ: جمع کرنا-

الْقَرْمَش والْقِرْمِش والْقِرْمِیْش مِنَ النَّاسِ: طرح طرح کے لوگ-

قَرْمَصَ و تَقَرْمَصَ- سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کیلئے گڑھے میں داخل ہونا-

___ الْقَرَامِیْصَ: گرمی حاصل کرنے کے لیے گڑھے بنانا-

الْقِرْمَاص والْقُرْمُوْص- اندر سے چوڑا اور تنگ منہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے- بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ- کبوتر کا گھونسلہ- ج قَرَامِیْص- الْقُرْمُوْص: شکاری کا گڑھا- زمین میں پرندہ کا گھونسلہ-

قَرْمَطَ قَرْمَطَةً الْكِتَابَ: باریک اور قریب قریب لکھنا ___ فِیْ خَطْوِهٖ: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا-

الْقُرْمُوْط- ایک قسم کی مچھلی- گبریلا کی گولی- ج قَرَامِیْط-

الْقَرَامِطَة- شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قَرْمَطِیّ-

قَرْمَلَةٌ- پھاڑنا-

الْقَرْمَل- بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قَرْمَلَة-

الْقِرْمِل- دو کوہان والا اُونٹ- بہت اُون والا اُونٹ کا بچہ- ج قَرَامِل-

الْقَرَامِل والْقَرَامِیْل مِنَ الشَّعْرِ والصُّوَف: بالوں یا اُون کا بنا ہوا عورت کا موباف-

قَرَنَ (ض) قَرْنًا الشَّیْئَ و بِالشَّیْئِ: باندھنا- ملانا ___ الثَّوْرَیْنِ: دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا ___ الْبَعِیْرَیْنِ: دو اُونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا-

قَرَنَ (ن) قِرَانًا الفَرسُ: دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا ___ بَیْنَ الشَّیْئَ والشَّیْئِ: جمع کرنا-

قَرِنَ (س) قَرَنًا- ملی ہوئی بھنوؤں والا ہونا- صفت اَقْرَن- قَرِنَ ذُوالقَرْنِ: بڑے سینگ والا ہونا-

قَرَّنَهٗ- جمع کرنا- باندھنا- کہا جاتا ہے "قُرِّنَتِ الأُسَارٰی فِی الحِبَال" قیدی رسیوں میں باندھے گئے-

قَارَنَهٗ قِرَانًا و مُقَارَنَةً- ساتھی ہونا- ملنا-

اَقْرَنَ- بَیْنَ الاَمْرَیْنِ- جمع کرنا- (قَرَنَ افصح ہے)

___ الرَّجُلُ: دو تیر چلانا- دو قیدیوں کو ایک رسّی میں لانا- سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا- ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا ___ الدَّمُ فِی العِرقِ: خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا ___ اَفَاطِیْرُ وَجْهِ الغُلاَمِ: لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا ___ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا ___ هٗ: ہمسر ہونا- ایک رسّی میں بندھے ہوئے دو اُونٹ دینا عَنِ الطَّرِیْقِ: راستے سے ہٹ جانا- پھر جانا- عَلٰی غَرِیْمِهٖ: قرضدار پر تنگی کرنا- اَقْرَنَتِ الثُّرَیَّا بلند ہونا ___ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا ___ لِلْاَمْرِ: توانا ہونا ___ عَنْه: عاجز ہونا-

تَقَارَنَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا-

اِقْتَرَنَ الشَّیْئُ بِغَیْرِهٖ: متصل ہونا- ملنا-

اِسْتَقْرَنَ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا ___ الدَّمُ فِی العِرْق: خون کا رگ میں زیادہ ہونا ___ الرَّجُلُ لِلْاَمْرِ: توانا ہونا ___ لِفُلاَنٍ: ہمسر ہونا-

الْقَرْن- مص- سینگ- والقَرْن فِی الْاِنْسَانِ: انسان کے سر کا وہ حصہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے- قَرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کی پہلی شعاع الْقَرْنُ مِنَ الْمَطَرِ: بارش کا جھلا- کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی قَرْنِی" وہ میری عمر کا ہے- الْقَرْن: سو سال ایک زمانے کے لوگ- ایک گروہ کے بعد ایک گروہ- زمانہ کا ایک وقت- ج قُرُوْن- الْقَرْن: چھوٹی پہاڑی- پہاڑ کی چوٹی- قلعہ- عورت کے گیسو- الْقَرْن مِنَ الجَرَادِ: ٹڈی کے سر کے دو بال- درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسّی- مال یا اُون کا ایک گچھا- ج قُرُوْن و قِرَان- و القَرْن مِنَ القَوْمِ سردار و مِنَ السَّیْفِ: تلوار کی دھار- قَرْنُ الشَّیْطَانِ و قَرْنَاهُ: شیطان کی رائے کے پابند وَحِیْدُ القَرْنِ: گینڈا- ذُوالْقَرْنَیْنِ: بادشاہ اسکندر مکدونی کا لقب- منذر بن ماءِ السماء کا لقب-

الْقِرْن- کفو- ہمسر- مقابل- شجاعت یا علم میں نظیر- ج اَقْرَان-

الْقَرَن- مص- دُوسرے سے ملا ہوا- رسّی جس میں دو اُونٹ بندھے ہوئے ہوں- ترکش ج اَقْرَان ___ تلوار- تیر- ج قِران-

الْقِرَان- قیدی کے باندھنے کی رسّی ہل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسّی- رسّی جس کو باندھ کر اُونٹ کو کھینچیں- ج قُرُن- حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں- ج قِرَانَات-

الْقُرْنَة- ہر چیز کا اُٹھا ہوا کنارہ- تلوار یا نیزہ کی دھار- ج قُرَن-

اَلْقَارِن- فا- رَجُلٌ قَارِنٌ: تیر و تلوار سے مسلح- الْقَارِن: حج قران کرنے والا-

الْقَرِیْن- دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا- ساتھی- مصاحب- شوہر- نفس- ج قُرَنَاء الْقَرِیْنُ العَیْن: سرگیں آنکھ-

الْقُرَانٰی- نزدیک- تانت- جو اُونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو- کہا جاتا ہے "جَاءُوْ قُرَانٰی" ملے ہوئے آئے-

الْقَرِیْنَة- قرین کا مؤنث' بیوی- نفس- قَرِیْنَةُ الكَلاَمِ: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قَرَائِن- دُوْرٌ قرائن: آمنے سامنے کے مکانات-

الْقَرَّان- شیشی-

القَرُون۔ ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانے والا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں۔ وہ اُونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں (ـــ والقَرُونَة) نفس۔

الاَقْرَن۔ سینگوں والا۔ ملی ہوئی بھنوؤں والا۔ مؤنث قَرناء۔ حَيَّةٌ قَرْنَاءُ: سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے اُبھرے ہوئے ہوں۔

القُرَيْنَاءُ۔ لوبیا۔

المِقْرَن۔ جوا ہل کا۔

المُقَرَّن۔ بلند کنارے والا جس کے لیے سینگ کے مشابہ بنایا جائے۔

المُقَرَّنَة۔ مُقَرَّن کا مؤنث۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں۔

القَرْنَان۔ مرد دیوث۔

القَرْنَاء۔ سورۃ جو ہر رکعت میں پڑھی جائے۔

القَيْرَوَان۔ گھوڑوں کا گلہ۔ قافلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔

القَرْنَبیٰ۔ لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے "القَرْنَبیٰ فِی عَیْنِ اُمِّهَا حَسَنَةٌ" قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے۔

القَرْنَب۔ جنگلی چوہا۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔

القُرْنُب۔ کمر۔

قَرْنَس وقُرْنِس البَازِی: باز کی آنکھوں کو سینا۔ قَرْنَسَ الدِیْكُ: مرغ کی لڑائی سے بھاگ جانا۔

القُرْنَاس والقِرْنَاس۔ پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ چرخے کا تکلا۔ القُرْنُوس: موزے کی نوک۔ ج قَرَانِیص۔

سَقْفٌ مُقَرْنَس۔ سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی چھت۔

القَرَنْفُل والقَرَنْفُول۔ لونگ۔ واحد قَرَنْفُلَةٌ و قَرَنْفُوْلَةٌ۔

المُقَرْفَل۔ مِنَ الاَطْعِمَةِ: لونگ ڈالا ہوا کھانا۔

قَرِه (س) قَرَهاً و تَقَرَّہ جِلْدُهٗ: کھال کا چھلنا یا بہت مار سے سیاہ ہونا۔ داد کی کثرت سے داغ داغ ہونا۔ صفت اَقْرَه۔ مؤنث قَرْهَاء ج قُرْهٌ۔

القَارِه فا ـــ مِنَ الجِلْدِ: خشک کھال۔

القَرْهَب۔ بوڑھا بیل ـــ مِنَ المَعْزِ: بہت اُون والی بکری۔ القَرْهَب۔ سردارِ قوم۔ بوڑھا۔

القَرْهَد۔ نازپروردہ۔ نازک پرگوشت۔

القَرَاهِيْد۔ پہاڑی بکری کے بچے۔

قَرَا يَقْرُو قَرْوًا اِلَيْهِ: قصد کرنا ـــ بِالرُمْحِ فُلَانًا۔ نیزہ مارنا۔ صفت مذکر قَارٍ ج قُرَاةٌ و قَارُوْن صفت مؤنث قَارِيَة ج قَوَارٍ و قَارِيَات قَرَا واسْتَقْرَى واقْتَرَى الاَمْرَ: تتبع کرنا۔ تلاش کرنا۔

اِسْتَقْرَى الدُمَّلُ: پھوڑے کا پیپ والا ہونا۔

اَقْرَى اِقْرَاءً۔ پیٹھ میں درد ہونا۔

القَرَاء۔ پیٹھ۔ ج اَقْرَاء و قِرْوَان۔ کدو۔

القَرْو۔ مص۔ نہر کی مانند لمبا حوض۔ زمین جس کو طے نہ کیا جا سکے۔ کولھو کی نالی۔ چھوٹا برتن۔ کھجور کے درخت کا نچلا حصہ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بنایا جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ کھوکھلا بانس۔ ایک ہی طریقے کی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ قَرْوًا وَاحِدًا" میں نے ان کو ایک طریقہ پر چھوڑا۔ و "قَصِيْدَتَانِ عَلٰى قَرْوٍ وَاحِدٍ" دو قصیدے ایک ردی پر "وتَرَكَتِ الاَرْضُ قَرْوًا" تمام زمین پر بارش چھا گئی اَصْبَحَتِ الاَرْضُ قَرْوًا وَاحِدًا زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی۔ ج قُرُوٌّ و اَقْرَاء و اَقْرٍو قُرِيٌّ۔

القَرْو والقَرْوَة۔ خُصْيَتَيْنِ کی کھال کی کھچاوٹ

قَرْوَةُ الرَّاسِ: سر کا کنارہ۔

القَرْو القَرْوَة و القِرْوَة والقُرْوَة۔ کتے کا ٹھیکرا۔

القَرْوَاء۔ عادت۔ دُبر۔ نَاقَةٌ قَرْوَاء: لمبے کوہان والی اُونٹنی (جمل اقری نہیں کہا جاتا)

القَرْوَان۔ پیٹھ یا پیٹھ کا درمیانی حصہ ج قِرْوَانَات۔

القَرْوَانِي۔ خُصْيَتَيْن۔ کی کھال کی کھچاوٹ والا۔

القَرْوِي۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی قَرْوَاهُ" اپنی عادت پر لوٹ گیا۔

القَرِيّ۔ ایک ہی طریقہ کی چیزیں۔ قَرِيُّ القَصِيْدَةِ: قصیدہ کا ردی۔

المَقْرَی۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ ج مَقَارٍ ـــ

المُقْرَوْرِي۔ لمبی پیٹھ والا۔

شَاةٌ مَقْرُوَّةٌ۔ بکری کہ اس کے سر میں ایک لکڑی لگا دیتے ہیں تا کہ وہ اپنے دودھ کو نہ پی سکے۔

قَرَى يَقْرِي قِرًى و قَرَاءً الضَيْفَ: مہمان کی میزبانی کرنا (ـــ قَرْى و قَرْيًا) المَاءَ فِي الحَوْضِ: پانی حوض میں جمع کرنا ـــ البَعِيْرُ وكُلُ مَا اجْتَرَّ: جگالی کو جبڑے میں جمع کرنا ـــ الجُرْحُ: زخم کا بہنا ـــ المِدَّةُ فِی الجُرْحِ: زخم میں پیپ کا جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَيْتُ فِیْ شِدْقِی جَوْزَةً" میں نے اپنے جبڑے میں اخروٹ کو چھپایا۔ قَرَى يَقْرِي قَرْى و قَرْيًا و تَقَرَّى و اسْتَقْرَى البِلَادَ: تلاش کرنا۔ چکر لگانا۔

اَقْرَى اِقْرَاءً گاؤں میں رہنا ـــ کسی شئے کو لازم رہنا اور اصرار کرنا (ـــ و اسْتَقْرَى) مہمانی طلب کرنا۔

اِقْتَرَى۔ مہمانی طلب کرنا ـــ الضَيْفَ: مہمان کی میزبانی کرنا ـــ البِلَادَ: تلاش کرنا اور چکر لگانا و اقْتَرَى فُلَانًا بِقَوْلِهٖ: تلاش کرنا۔

القِرَى۔ مہمانی کا کھانا۔ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے۔

القَرْيَة و القِرْيَة۔ جائیداد۔ گاؤں۔ لوگوں کی جماعت۔ ج قُرًى و قِرًى اور نسبت کے لیے قَرَوِيّ و قَرْيِيّ۔ قَرْيَةُ النَمْلِ: چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ قَرْيَةُ الاَنْصَارِ: مدینہ طیبہ والقَرْيَتَانِ: مکہ معظمہ اور طائف۔

القَرِيُّ۔ جما ہوا دودھ۔ ٹیلہ سے باغ کی طرف بہنے والی نالی۔ نالی۔ ج اَقْرِيَةٌ و اَقْرَاءٌ و قُرْيَان۔

القَرِيَّة۔ لاٹھی۔ چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ بادبان کے اوپر کے حصہ کی لکڑی جو عرض میں لگائی جاتی ہے ج قَرَايَا۔

القَارِي۔ فا۔ دیہاتی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ کُلُّ قَارٍ وبَادٍ" میرے پاس ہر ایک دیہاتی اور شہری آیا۔

القَارِيَة۔ قاری کا مؤنث۔ مکان لوگوں سے بھرا ہوا۔ تلوار کی دھار۔ نیزہ کا نچلا حصہ یا اوپر کا حصہ۔ ج قَوَارٍ کہا جاتا ہے "هُمْ قَوَارِیُّ اللهِ" وہ اللہ کے شہدا ہیں (ـــ والقَارِيَة) ایک پرندہ چھوٹی

ٹانگوں اور لمبی چونچ کا جس کی پیٹھ سبز ہوتی ہے۔ ج قَوَازٍ و قَوَارِیّ۔

الْقَارَاۃ۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ ج قَارِیَات۔

الْمِقْرَی والْمِقْرَاۃ۔ ہر وہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

الْمِقْرَیٰ والْمِقْرَاء۔ میزبان۔ بہت مہمانی کرنے والا۔ مؤنث مِقْرَاۃ ومِقْرَاءٌ۔ الْمِقْرَی والْمِقْرَاۃ : بڑا پیالہ جس میں مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا جائے۔ ج مَقَار۔ الْمَقَارِی : ہانڈیاں۔

قَزَّ (ن ض) قَزًّا۔ کودنے کے لیے سمٹنا۔ کودنا۔

قَزَّتْهُ نَفْسِیْ وقَزَّتْ عَنْهُ نَفْسِیْ : نفرت کرنا۔ انکار کرنا۔ (___ قَزًّا و تَقَزَّزَ) مِنَ الدَّنَسِ وکُلُّ مَا یُسْتَقْذَرُ و یُسْتَخْبَثُ : مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔

الْقَزُّ۔ مع۔ ریشم جس سے نکالا جائے۔ دُوْدُ الْقَزِّ : ریشم کا کیڑا۔ ج قُزُوْز (دخیل)

الْقَزُّ والقِزُّ والقُزُّ والقَزَزُ والقُزَّاز۔ گندگی سے بچنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی طَعَامِهٖ قَزٌّ وَلَا قُزٌّ وَلَا قَزَازَۃٌ" اس کے کھانے میں ایسی کوئی چیز نہیں جس سے پرہیز کیا جائے اور اسے مکروہ سمجھا جائے۔

الْقَزَّاز۔ بڑا سانپ۔ اژدھا۔

الْقَازُّ۔ فا۔ شیطان۔

الْقَازُوْزَۃ۔ چھوٹی شیشی۔ طشت۔

الْقَزَّاز۔ ریشم بیچنے والا ___ عِنْدَ الْعَامَّةِ : ریشم کے کیڑے کی تربیت کا ماہر۔

قَزَبَ (ن) قَزْبًا۔ بہت جماع کرنا۔

قَزِبَ (س) قَزَبًا۔ سخت ہونا۔

الْقَازِب۔ سوداگر۔

الْقِزْب۔ لقب۔

قَزْبَرَ قَزْبَرَۃً۔ جماع کرنا۔

قَزَحَ (ف) قَزْحًا الْقِدْرَ : ہنڈی میں مسالہ ڈالنا۔ الشَّیْءَ۔ بلند ہونا۔

قَزَحَتْ قَزْحًا و قَزَحَانًا الْقِدْرُ۔ اُبلنا۔ قَزَّحَ الْقِدْرَ : ہانڈی میں مسالہ ڈالنا۔ قَزَّحَ الْحَدِیْثَ : مزین کرنا۔ بغیر جھوٹ بولے ہوئے پورا کرنا۔ قَزَّحَ الشَّجَرَ : بڑھنے کیلئے جڑ میں پیشاب ڈالنا۔

تَقَزَّحَ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ : زیادہ شاخ دار ہونا۔

الْقَزْحُ مع۔ کتے کا پیشاب۔ مسالہ۔

قَوْسُ قُزَحٍ و قَوْسُ قُزَحَ۔ دھنک۔ وہ شکل جو بادل میں مختلف رنگوں کی کمان کے مانند دکھائی دیتی ہے۔ قُزَح منصرف ہے اس لیے کہ قُزْحَۃ کی جمع ہے اور علم معدول کی تقدیر پر غیر منصرف ہے اور قزح کو قوس سے جدا استعمال نہیں کرتے پس "تَأَمَّلْ قُزَحَ مَا اَبْیَنَ قَوْسَهٗ" نہیں کہا جائے گا۔

الْقِزْحُ۔ مسالہ۔ پیاز کے بیج۔ سانپ کی بیٹ۔ ج اَقْزَاح۔

الْقُزْحَۃ۔ قوس قزح کے رنگ کی ایک دھاری ج قُزَح۔

الْقَزَّاحُ۔ مسالہ بیچنے والا۔

الْقَازِحُ فا۔ سِعْرٌ قَازِحٌ : مہنگا بھاؤ۔ مؤنث قَازِحَۃ ج قَوَازِحُ الْمَاءِ : پانی کے بلبلے۔

التَّقَازِیْح۔ مسالے۔

الْمِقْزَحَۃ۔ مسالہ کا برتن۔

الْقَزْحَلَۃ۔ کمان۔

قَزَدَ (ض) قَزْدًا۔ ارادہ کرنا۔

الْقَزْد۔ مع۔ ارادہ۔

قَزَعَ (ف) قُزُوْعًا۔ دیر کرنا ___ الظَّبْیُ : ہرن کا دوڑنا۔ بھاگنے میں چست ہونا۔

قَزَّعَ الرَّسُوْلَ اِلَیْهِ : قاصد بھیجنا ___ الْفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑانے کیلئے آمادہ کرنا ___ الشَّارِبَ : مونچھ کاٹنا ___ الْفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑنا ___ رَاْسَهٗ : سر مونڈنا اور کچھ اِدھر اُدھر چھوڑ دینا۔

قَزَّعَهٗ و اَقْزَعَهٗ لِلْاَمْرِ : فارغ کر دینا اور دوسرے کام میں مشغول نہ کرنا۔ و اَقْزَعَ لَهٗ فِی الْقَوْلِ : سخت سست کہنا۔

تَقَزَّعَ الرَّاْسُ : سر متفرق جگہ سے مونڈا جانا۔ ___ الْفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے کے لیے آمادہ ہونا ___ الْقَوْمُ : قوم کا متفرق ہونا ___ السَّحَابُ : بادل کھل جانا۔

الْقَزَعَ۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چھوٹے اُونٹ۔ بالوں کو کچھ مونڈنا کچھ چھوڑ دینا۔ وادی کا کوڑا کرکٹ۔ قَزَعُ السَّهْمِ : تیر کے پر کا پتلا حصہ۔ ہر چیز جس کے متفرق ٹکڑے ہوں واحد قَزَعَۃٌ۔

الْقَزَعَۃ۔ حرامی۔ ولد الزنا۔ بادل کا ٹکڑا۔ سر میں متفرق بال کٹے ہوئے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے مَا عِنْدَهٗ قَزَعَۃ یعنی اس کے پاس کچھ کپڑا نہیں۔

الْقُزَّعَۃ و الْقَزِیْعَۃ۔ بالوں کا گچھا جو بچے کے سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے درمیان میں تھوڑے سے بال۔

قَوْسُ قَزِیْع۔ بمعنی قوس قزح۔

الْقِزَاع۔ چیتھڑے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی السَّمَاءِ قِزَاعٌ" یعنی آسمان میں تھوڑا سا بھی بادل نہیں۔

الْاَقْزَعُ۔ مِنَ الْکِبَاشِ : مینڈھا جس کے بال موسم بہار میں کہیں سے گر گئے ہوں کہیں سے باقی رہ گئے ہوں۔

الْمُقَزَّعُ۔ تیز ہلکا پھلکا۔ وہ شخص جس کے سر پر کچھ تھوڑے سے بال ہوں۔ بشارت کے لیے مخصوص کیا ہوا ___ مِنَ الْخَیْلِ : پیشانی پر کم بال والا گھوڑا۔ رَجُلٌ مُقَزَّعٌ : وہ شخص جس کا مال برباد ہو جائے اور صرف چھوٹے اُونٹ رہ جائیں۔

الْمُقْزَعِلُّ۔ تیز رو۔

قَزَلَ (ض) قَزْلًا و قَزَلَانًا۔ کودنا۔ لنگڑے کی چال چلنا۔

قَزِلَ (س) قَزَلًا۔ لنگڑا ہونا۔ صفت اَقْزَل (قزل بدترین لنگڑاہٹ ہے)

الْاَقْزَل۔ بھیڑیا۔ باریک پنڈلی والا۔ ایک قسم کا سانپ۔

قَزَمَهٗ (ض) قَزْمًا۔ عیب لگانا۔

قَزِمَ (س) قَزَمًا۔ کمینہ ہونا۔ لئیم ہونا۔

تَقَزَّمَ۔ کاموں میں زبردستی داخل ہونا۔

الْقَزَم۔ مع۔ کمینگی۔ لیمی۔ کوتاہی۔ ردی مال۔ حقیر لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث) کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ قَزَمٌ مَا فِیْهِمْ کَرَمٌ" یہ لوگ کمینہ ہیں ان میں کرم نہیں اور کبھی تثنیہ اور جمع اور

مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَزَمٌ و رَجُلَان قَزَمَان وامْرَأَةٌ قَزَمَةٌ و رِجَالٌ قُزْمٌ واَقْزَامٌ وقَزَا مے ونِسَاءٌ قَزَماتٌ"
الْقَزْم والقَزَم والقَزِم والقُزْم لئیم اور دنی مرد۔ مؤنث قَزْمَةٌ وقَزَمَةٌ وقَزِمَةٌ وقُزْمَةٌ۔
الْقَزِم والقَزَم۔ چھوٹے جسم والا بے خیر۔ ج قُزْم واَقْزَام اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَزَمَةٌ وامْرَأَةٌ قَزَمَةٌ چھوٹے جسم کا مرد۔ چھوٹے جسم کی عورت۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔
الْقِزَام۔ لئیم لوگ۔
الْقُزَام۔ جس پر کوئی غالب نہ آئے۔ جلدی کی موت۔
سُؤْدَدٌ اَقْزَم۔ سرداری جو خاندانی نہ ہو۔
الْقَزْمَل۔ کوتاہ قامت بدصورت۔
قَزَا يَقْزُو قَزْوًا۔ الاَرضَ بِعَصَاهُ : زمین کو لاٹھی سے کریدنا ___ الرَجُلُ : عیب سے دور رہنا۔ قُزَہ (ایک کھیل ہے) کھیلنا۔
اَقْزَیٰ۔ بے عیبی کے بعد عیب دار ہونا۔
الْقُزَة۔ سانپ۔ عربوں کا ایک کھیل ج قُزَات۔
قَزَّیٰ الرَجُلَ : پھاڑنا اور قتل کرنا (یائی ہے)
الْقِزْیُ۔ لقب۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ القِزْیُ هٰذَا" یہ برا لقب ہے۔
قَسَّ (ن) قَسًّا وقِسًّا وقُسًّا۔ چغل خوری کرنا ___ القَوْمَ : برے کلام سے تکلیف پہنچانا (___ قَسًّا) السَیْرَ : دوڑنا ___ مَا عَلَى العَظْمِ : ہڈی پر کا گوشت کھانا اور گودا نکالنا (وقَسَّ الاِبِلَ) اُونٹوں کو اچھی طرح سے چرانا۔
قَسَّ و تَقَسَّسَ الشَیْءَ : طلب کرنا اور ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّسَ اَصْوَاتَهُمْ بِاللَّيْلِ" اس نے رات میں ان کی آواز پر کان لگایا۔
قَسَّ قُسُوْسَةً وقِسِّيْسَةً پادری ہونا۔
اِقْتَسَّ الاَسَدُ : شیر کا خوراک تلاش کرنا۔
___ النَاقَةُ : اُونٹنی کا تنہا چرنا۔
الْقَسّ۔ پادری، کاہن ج قُسُوْس۔ اُونٹوں کا مالک جو اُن سے جدا نہ ہو۔ پالا۔
الْقُسْقُس۔ عقلاء۔ ماہر۔
الْقُسَاس۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ آرمینیا میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے اور اسی سے ہے السُیُوْفُ القُسَاسِیَّة۔
الْقَسَّاس۔ چغل خور۔
الْقَسِّيْس۔ پادری ج قِسِّيْسُوْن و قُسَّان واَقِسَّة وقَسَاوِسَة۔
الْقَسِّيُّ۔ مِنَ الدَرَاهِم : ردی دراہم۔
الْقَسَّة۔ چھوٹا گاؤں۔
الْقُسُوْسَة والقِسِّيْسَة۔ قسیس کا درجہ۔
قَسَبَ (ض) قَسْبًا الْمَاءُ : پانی جاری ہونا
___ الشَمْسُ : آفتاب غروب ہونے لگنا۔
قَسُبَ (ک) قُسُوْبًا وقُسُوْبَةً الشَیْءُ : سخت ہونا۔
الْقَسْبُ۔ مص۔ بہت سخت۔ خشک کھجور جو منہ میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ واحد قَسْبَة۔
الْقُسَابَة۔ ردی قسم کی کھجور۔
الْقَسْوْب۔ چمڑے کا موزہ۔ الْقَسُّوْب۔ چمڑے کے موزے (اس کا واحد نہیں)
الْقَسْبُ والقِسْيَبُ۔ ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز۔
قَسِيْبُ الْمَاءِ : پانی کا بہاؤ آواز کے ساتھ۔
قَسْبَرَ قَسْبَرَةً۔ جماع کرنا۔
قَسَحَ (ف) قَسَاحَةً وقُسُوْحَةً۔ سخت ہونا ___ الحَبلَ : رسی بٹنا۔
قَاسَحَهٗ۔ سختی کے ساتھ معاملہ کرنا۔
الْقَاسِح والقُسَاح والمَقْسُوْح سخت اور موٹا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قَاسِحٌ" موٹا کپڑا "رُمْحٌ قَاسِحٌ" ٹھوس مضبوط نیزہ۔
الْقُسْحُب۔ موٹا اور بڑا۔
الْقِسْوَدّ۔ موٹی گردن کا قوی مرد۔
قَسَرَهٗ (ض) قَسْرًا واِقْتَسَرَهٗ عَلَى الاَمْرِ : مجبور کرنا۔
قَسْوَرَ الرَجُلُ : عمر رسیدہ ہونا ___ النَبتُ : بکثرت ہونا۔
الْقَسْوَر والقَسْوَرَة۔ غالب۔ شیر۔ بہادر۔ قوی لڑکا ج قَسَاوِر وقَسَاوِرَة۔ الْقَسْوَرَةُ : رات کا بڑا حصہ۔ ایک میدانی نباتات ج قَسْوَر۔
الْقَسْوَرَة : تیر چلانے والا۔ شکاریوں کی جماعت۔
قَسَطَ (ض) قَسْطًا وقُسُوْطًا۔ ظلم کرنا۔ حق سے ہٹ جانا۔ صفت قَاسِطٌ ج قُسَّاط وقَاسِطُوْن۔
قَسَطَ (ن ض) قِسْطًا واَقْسَطَ الوَالِی : منصف ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَقْسَطَ فِیْ حُکْمِهٖ واَقْسَطَ بَيْنَهُمْ والَيْهِم" فیصلہ میں انصاف کیا۔ ان کے درمیان انصاف کیا۔ اَقْسَطَتِ الرِیْحُ العِيْدَان : ہوا کا لکڑیوں کو خشک کر دینا۔
قَسِطَت (س) قَسَطًا العُنُقُ : گردن خشک ہونا ___ الدَابَةُ : سیدھی ٹانگوں والا ہونا (___ قُسُوْطًا) العِظَامُ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا خشک ہونا۔
قَسَّطَ الشَیْءَ : جدا جدا کرنا ___ الاَغْرَاسَ : پودوں کے درمیان برابر فاصلہ کرنا ___ الدَيْنَ : قرض کی قسط مقرر کر دینا۔ کہا جاتا ہے قَسَّطَ الخِرَاجَ عَلَيْهِم والمَالَ بَيْنَهُمْ" یعنی خراج کا ان کے اوپر قسط مقرر کر دیا۔ اور مال ان کے درمیان تقسیم کر دیا۔
قَسَّطَ عَلَى عِيَالِهٖ : اہل و عیال پر تنگی کرنا۔
اِقْتَسَطُوْا المَالَ بَيْنَهُمْ : تقسیم کرنا۔
تَقَسَّطَ القَوْمُ الشَیْءَ بَيْنَهُمْ : برابر برابر تقسیم کرنا۔
الْقِسْط۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قِسْطٌ" وہ عادل ہے "هُمْ قِسْطٌ" وہ لوگ عادل ہیں۔ حصہ۔ مقدار۔ میزان۔ ترازو۔ پیانہ نصف صاع کا۔ روزی۔ قسط مقرر کیے ہوئے قرض کا ایک حصہ ج اَقْسَاط۔
الْقُسْط۔ عود ہندی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُسْطُ الرِجْلِ وقَسِيْطُهَا" جبکہ پاؤں سخت اور سیدھے ہوں کہ چلنے میں مڑتے نہ ہوں۔
الْقَسَط مص۔ اعضاء کی سختی یا خشکی۔
الاَقْسَط۔ خشک شدہ گردن والا۔ مؤنث قَسْطَاء ج قُسْط۔ رَجُلٌ قَسْطَاء : ٹیڑھا پیر۔ عُنُقٌ قَسْطَاء : خشک گردن۔ رُكْبَةٌ قَسْطَاء : خشک شدہ زانو جو مڑ نہ سکے۔ ج قِسَاط۔
الْقَسْطَان۔ غبار۔
الْقُسْطَان والقُسْطَانَة والقُسْطَانِیّ والقُسْطَانِيَّة۔ قوسِ قزح۔ دھنک۔
الْمُقْسِط۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے

ہے اور معنی اس کے عادل کے ہیں۔
قَسْطَرَ الدَّرَاهِمَ: دراہم کو پرکھنا۔
القَسْطَرُ و القَسْطَار۔ مرد دانا و دوربین۔
القَسْطَرِيُّ۔ دراہم کو پرکھنے والا۔ مرد دانا۔ دُوربین۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ج قَسَاطِرَة۔
القُسْطَاس و القِسْطَاس۔ ترازو (جدید)
القَسْطَل و القَسْطَال و القُسْطُول و القَسْطَلَان۔ میدانِ جنگ کا گردوغبار۔ ج قَسَاطِل۔ أُمُّ قَسْطَل: مصیبت۔ موت۔ نَهْرٌ قِسْطَالٌ: بہنے میں شور کرنے والا دریا۔
القَسْطَلَة۔ اُونٹ کی بڑبڑاہٹ۔
قَسْطَلَةُ المَاءِ: پانی بہنے کی آواز قَسَاطِلُ الخَيْلِ گھوڑوں کی آوازیں۔
القَسْطَلَانِيَّة۔ شفق کی سرخی۔ غبار کی کثرت (___ و القَسْطَلَانِي) قوس قزح۔ دھنک۔
القُسْقُبّ۔ موٹا اور بڑا۔
قَسْقَسَ قَسْقَسَةً۔ چرواہا ہونا۔ قَسْقَسَ الشَّيْءَ: ہلانا۔ قَسْقَسَ بِالْكَلْبِ: کتے کو قوس قوس کہہ کے بلانا۔
القَسْقَس و القُسَاقِس۔ شیر۔
القَسْقَاس۔ تیز رفتار۔ رہبر۔ رہنما۔ بھوک کی شدت۔ جاڑے کی شدت۔ عمدہ رسّی۔ کند تلوار۔ اندھیری رات۔ شیر۔
قَسَمَ (ض) قَسْمًا الشَّيْءَ: بانٹنا۔ تجزیہ کرنا۔ ___ الدَّهْرُ القَوْمَ: متفرق کرنا ___ فُلَانٌ أَمْرَهُ: اندازہ کرنا ___ بَيْنَ النِّسَاءِ: بیویوں کی باری کی حفاظت کرنا۔
قَسُمَ (ک) قَسَامَةً۔ الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔
قَسِيمٌ۔ فا۔ خوبصورت۔
قَسَّمَ الشَّيْءَ: جزء جزء کرنا۔ تفریق کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَسَّمَ الدَّهْرُ القَوْمَ" زمانے نے قوم کو متفرق کردیا ___ الشَّيْءَ: حسین بنانا۔
قَاسَمَهُ۔ المَالَ: اپنے اپنے حصّہ کو لینا۔
قَاسَمَهُ عَلَى كَذَا: قسم کھلانا۔
أَقْسَمَ بِاللّٰهِ: حلف اُٹھانا۔ قسم کھانا۔
تَقَسَّمَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا ___ الشَّيْءُ: جدا جدا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّمَتْهُ الهُمُومُ" یعنی

غموں نے اس کو پریشان خاطر کردیا۔ و تَقَسَّمَ فُلَانٌ: فکر کرنا۔ سوچنا۔
تَقَاسَمَ القَوْمُ: آپس میں قسم کھانا (___ و اِقْتَسَمَ) القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا۔
اِنْقَسَمَ۔ تقسیم ہونا۔
اِسْتَقْسَمَ۔ تقسیم کرنے کو کہنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔
اِسْتَقْسَمَهُ بِاللّٰهِ: قسم کھانے کو کہنا۔
القَسْم۔ مص۔ عطیہ۔ رائے۔ شک۔ عادت۔ بارش۔ پانی۔ ہانڈی۔ گمان پیدا ہونا اور پھر قوت پاکر یقین ہونا۔ حَصَاةُ القَسْمِ: پانی تقسیم کرنے کی کنکری۔ اور یہ اس طرح پر کہ سفر کی حالت میں جب پانی کی کمی ہوتی تھی تو ایک برتن میں کنکری ڈالتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اتنا کہ کنکری چھپ جائے پھر ایک آدمی کو پینے کیلئے دیتے تھے اور پھر اسی طرح کرتے تھے اور یہ اس لیے تاکہ سب کو پانی برابر پہنچ جائے اور کسی کو شکایت نہ رہے۔
القِسْم۔ تقسیم شدہ چیز کا ایک حصّہ۔ خیر کا حصّہ۔ ج أَقْسَام جج أَقَاسِيم۔
القَسَم۔ اللہ تعالیٰ یا غیر اللہ کی قسم ج أَقْسَام۔
القِسْمَة۔ اِقْتِسَام کا اسم۔ حصّہ۔ ج قِسَم۔
القَسَمَة و القَسِمَة۔ خوبصورتی۔ چہرہ (___ و القَسِم) عطر فروش کا ڈبہ۔ ج قَسِمَات و قَسَمَات۔
القَسَام۔ خوبصورتی۔ گرمی کی شدت۔
القَسَامَة۔ خوبصورتی۔ صلح۔ جماعت جو کسی چیز کیلئے قسم کھائے اور لے لے۔ قسم جو اولیاءِ مقتول کو دی جائے۔ کہا جاتا ہے "حَكَمَ القَاضِي بِالقَسَامَةِ" قاضی نے قسامت کا فیصلہ کیا اور قسامت اقسم کا اسم ہے جو مصدر کی جگہ پر استعمال ہوا ہے۔
القُسَامَة۔ صدقہ کا مال۔ تقسیم کرنے والا جس کو اپنے لیے خاص کرلے۔
القَسَامِي۔ پہلی تہ پر کپڑے کو لپیٹنے والا۔ دو چیزوں کے درمیان کی چیز۔
القَسَّام۔ قَاسِم کا مبالغہ۔
القَسِيم۔ حصّہ۔ تقسیم شدہ شئے کا ایک حصّہ ج أَقْسِمَاء۔ تقسیم کرنے والا ج أَقْسِمَاء و

قُسَمَاء: خوبصورت ج قُسُم۔
القَسِيمَة۔ قسیم کا مؤنث۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ بازار۔ خوبصورت چہرہ ج قَسَائِم۔
الأُقْسُومَة۔ حصّہ۔ ج أَقَاسِيم۔
المَقْسَم و المُقْسَم۔ حصّہ۔ ج مَقَاسِم۔
المَقْسِم۔ تقسیم۔ تقسیم کرنے کی جگہ ج مَقَاسِم۔
صَاحِبُ المَقَاسِم: نائب امیر اور وہ اموالِ غنیمت کا تقسیم کرنے والا ہوتا ہے۔
المُقْسَم۔ قسم۔
المُقَسَّم۔ مفع غمگین۔ خوبصورت۔ شَيْءٌ مُقَسَّم: خوبصورت بنائی ہوئی چیز۔
القِسْمِل۔ شیر کا بچہ۔
أَقْسَنَ الرَّجُلُ: سخت ہاتھوں والا ہونا۔
اِقْسَأَنَّ اِقْسِئْنَانًا و قُسَأْنِينَةً العُودُ: لکڑی کا خشک اور سخت ہونا ___ الرَّجُلُ: مرد کا بوڑھا ہونا اور خشک ہونا ___ فِي العَمَلِ: کر گزرنا ___ اللَّيْلُ: رات سخت تاریک ہونا۔
المُقْسَئِنّ۔ جوانی کی انتہا اور بڑھاپے کی ابتدا میں ہونے والا۔
قَسَا يَقْسُو قَسْوًا و قَسْوَةً و قَسَاوًا و قَسَاوَةً و قَسَاءَةً۔ سخت و درشت ہونا۔ صفت قَاسٍ ج قُسَاةٌ ___ اللَّيْلُ: رات تاریک ہونا ___ الدِّرْهَمُ: درہم کھوٹا ہونا۔ صفت قَسِيّ۔
قَسَّى تَقْسِيَةً و أَقْسَى إِقْسَاءً الشَّيْءَ: سخت و درشت کرنا۔
قَاسَى مُقَاسَاةً الأَلَمَ: تکلیف برداشت کرنا۔
القَسِيّ۔ سخت ___ مِنَ الدَّرَاهِمِ: کھوٹے درہم ج قِسْيَان۔ کہا جاتا ہے "عَشِيَّةٌ قَسِيَّةٌ" ٹھنڈی شام "يَوْمٌ او عَامٌ قَسِيٌّ" سخت دن یا سخت سال۔ گرمی یا سردی یا قحط کی وجہ سے سِرْنَا سَيْرًا قَسِيًّا" ہم تیز چال چلے۔
أَرْضٌ قَاسِيَةٌ۔ بنجر زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
لَيْلَةٌ قَاسِيَةٌ: بہت تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَقْسَى مِنَ الصَّخْرِ" وہ پتھر سے زیادہ سخت ہے۔
المَقْسَاة۔ جو سخت بنا دے۔ کہا جاتا ہے "الذَّنْبُ مُقْسَاةٌ لِلْقَلْبِ" گناہ دل کو سخت

کرنے کا سبب ہے۔
قَشَّ (ن) قُشُوْشًا۔ لاغری کے بعد تومند ہونا ___ فُلَانٌ: لاغری کی چال چلنا ___ مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے صحت یاب ہونا۔
قَشَّ (ن ض) قَشًّا النَبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا ___ الشَیْئَ: جمع کرنا۔ ہاتھ سے رگڑنا ___ فُلَانٌ: صدقہ کے ٹکڑے کھانا۔
قَشَّ (ن ض) قَشًّا و قَشَّش۔ اِدھر اُدھر سے کھانا۔ قَشَّشَهٗ بِكَلَامِهٖ: بدکلامی سے تکلیف پہنچانا۔
قَشَّ و اَقَشَّ و اِنْقَشَّ الْقَوْمُ: چلا جانا۔ اَقَشَّ مِنَ الْمَرَضِ: مرض سے صحت یاب ہونا و اَقَشَّتِ الارضُ: زمین میں زیادہ خشکی ہونا۔
اِنْقَشَّ الْقَوْمُ قوم کا متفرق ہونا۔
تَقَشَّشَ و اِقْتَشَّ مَا وَجَد: سب کچھ کھا لینا۔
الْقَشُّ۔ مص۔ بڑا ڈول۔ ردی قسم کی کھجور۔ گھر وغیرہ کا کوڑا کرکٹ۔
الْقَشَّة۔ بندریا۔ بندریا کا مادہ بچہ۔ چھوٹے جسم کی بچی۔ گبریلا کی مانند ایک کیڑا۔ کولتار استعمال کرنے میں جو چیتھڑا استعمال کیا جائے اور اس کو بعد میں پھینک دیا جائے۔
الْقَشِيْش۔ سانپ کی کھال کی آواز۔
الْقَشِيْش و الْقُشَاش و الْقُشَاشَی پڑی ہوئی جو چیز اُٹھائی جائے۔
الْقَشَّاش۔ پڑی ہوئی چیزوں کو اُٹھانے والا (___ و الْقَشَّان و الْقَشُوْش) جو معمولی چیز کو اُٹھا کر کھا لے۔
الْمِقَشَّة۔ جھاڑو۔
قَشَبَ (ض) قَشْبًا فُلَانًا السَمَّ: زہر پلانا۔ قَشَبَ عَلَيْهِ: بہتان لگانا ___ الرَّجُلُ: عار دلانا۔ عیب لگانا۔ بُری بات کہنا ___ السَيْفَ: تلوار پر صیقل کرنا ___ هُ الدُخَانُ: دھوئیں کا نتھنوں کو بھر دینا۔ کہا جاتا ہے قَشَبَنِی رِیْحُه "اس کی بُو نے مجھ کو تکلیف دی ___ هُ الدَالُ: عقل زائل کرنا۔
___ الشَیْئَ: فاسد کرنا، بگاڑ دینا و قَشَبَ لَهٗ: زہر پلانا۔ قَشَبَه بَشَرٍّ: بُرائی سے یاد کرنا قَشَبَ الرجُلُ: نیک نامی یا بدنامی اختیار کرنا۔ قَشَّبَ و قَشَّبَ الطَعَامَ بِالسَمِّ: کھانے میں زہر ملانا ___ فُلَانًا بِسُوْءٍ: ملوث کرنا قَشَّبَتِ الرِیْحُ فُلَانًا: ہوا کا تکلیف دینا۔ قَشَّبَ الشَیْئَ: میلا کچیلا کرنا۔
قَشُبَ قَشَابَةً الشَیْئُ: پاکیزہ ہونا۔ صاف ہونا۔
اِقْتَشَبَ۔ نیک نامی یا بدنامی حاصل کرنا۔
تَقَشَّبَ السَيْفُ: تلوار کا زنگ خوردہ ہونا۔
اِسْتَقْشَبَه۔ گندہ سمجھنا۔
الْقَاشِب۔ فا۔ درزی۔ کمزور نفس والا۔ واقعی عیوب بیان کرنے والا۔
الْقَشْب۔ گندہ۔
الْقِشْب۔ نفس۔ زنگ۔ سخت خشک۔ زہر ___ مِنَ الطَعَام: کھانے کا ردی حصہ ج اَقْشَاب کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قِشْبٌ خِشْبٌ" بے خیر آدمی۔ (خِشْب تابع مہمل ہے)
الْقِشْبَة۔ بے خیر۔ مرد خسیس۔
الْقَشْبُ۔ زہر ج اَقْشَاب۔
الْقَشِب۔ نیا پرانا۔ سَيْفٌ قَشِبٌ: صیقل شدہ یا زنگ خوردہ تلوار۔
الْقَشِيْب۔ نیا۔ ستھرا۔ سفید ج قُشُب و قُشُب۔ سَيْفٌ قَشِيْبٌ: صیقل شدہ تلوار۔ زنگ خوردہ تلوار۔
الْقُشْبَانِيَّة۔ پُرانی چادر۔
الْمُقَشَّب۔ غیر خالص۔ حَسَبٌ مُقَشَّبٌ و رَجُلٌ مُقَشَّبُ الحَسَبِ: مرد جس کا حسب خالص نہ ہو۔
اَلْقِشْبِرُ۔ ردی قسم کا اُون۔ اُون کا وہ حصہ جو صاف کرتے وقت گر جائے اور پھینک دیا جائے۔
الْقِشْبَار۔ سخت چھڑی۔ رَجُلٌ قِشْبَارُ اللِّحْيَةِ و قُشَابِرُها: لمبی داڑھی والا۔
قَشَاج۔ بروزن قُطَامِ: بجو۔
الْقُشَاح۔ خشک۔
ثَوْبٌ قَاشِحٌ۔ سخت کپڑا۔
قَشَدَهٗ (ن) قَشْدًا۔ برہنہ کرنا۔ کھولنا۔
الْقِشْدَة۔ پتلا مکھن۔ بالائی۔ ایک بہت دودھ والا پودہ (___ و الْقُشَادَة) گھی کی تلچھٹ۔
قَشَرَهٗ (ن ض) قَشْرًا و قَشَّرَهٗ۔ کھال یا چھال اُتارنا ___ الْقَوْمَ: بدشگونی لانا۔
قَشِر (س) قَشَرًا۔ موٹی کھال والا ہونا۔
تَقَشَّرَ و اِنْقَشَرَ۔ چھل جانا۔
اِقْتَشَرَ الرَّجُلُ: ننگا ہونا۔ صفت مُقْتَشِر۔
الْقِشْر۔ چھلکا۔ لباس ج قُشُوْر (___ و الْقُشْر) بالشت کے برابر ایک مچھلی۔
الْقُشْرَان: نڈی کے دونوں پر۔
الْقَشِر و الْقَشِيْر۔ بہت چھلکے والا۔ کہا جاتا ہے "تَمْرٌ قَشِرٌ و قَشِيْر" یعنی چھلکے والی کھجور۔
الْقَشَر۔ سخت سرخی۔
الْقُشْرَة و الْقُشَرَةُ و الْقُشَرَة۔ بارش جو سطح زمین کو صاف کر دے۔ الْقَشَرَة: منحوس۔
الْقِشْرَة۔ چھال۔
الْقَاشِر: فا ___ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑ دوڑ میں آخری گھوڑا۔
الْقَاشِرَة۔ قَاشِر کا مؤنث۔ پہلا زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔ عورت جو اپنے چہرہ کو مل دل کر صاف کرے۔
الْقَاشُوْر و الْقَاشُوْرة مِنَ الاَعْوَام: سخت قحط کا سال۔ سَنَةٌ قَاشُوْرَة و قَاشُوْرٌ: قحط کا سال
الْقَاشُوْر: منحوس ___ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑ دوڑ کا آخری گھوڑا۔
الْقُشَار۔ سانپ کی کھال۔
الْقُشَارَة۔ اُتارا ہوا چمڑا یا چھال۔
الاَقْشَر۔ چھلکا اُتارا ہوا۔ گرمی کی وجہ سے چھلی ہوئی ناک والا۔ سخت سرخی والا۔ ابرص۔ بہت سوال کرنے والا ___ مِنَ الاَرْضِ: سرخ سفید زمین۔ مؤنث قَشْراء ج قُشْر۔ شجرة قَشْراء: کہیں کہیں سے چھلا ہوا درخت۔ حَيَّة قَشْرَاء کینچلی سے علیحدہ سانپ۔
الْقَشُوْر۔ چہرہ کو صاف کرنے والی دوا۔
الْمُقَشَّر۔ مفع کہا جاتا ہے "جَاء بِالجَوَابِ الْمُقَشَّرِ" واضح جواب دیا "رَجُلٌ مُقَشَّر" ننگا مرد۔
الْمِقْشَر۔ سوال میں اصرار کرنے والا۔
قَشَطَهٗ (ض ن) قَشْطًا۔ لاٹھی سے مارنا۔
قَشَطَ عَنْه كَذَا: ننگا کرنا۔
قَشَّطَ۔ الرَّجُلُ: لوٹنا۔ صفت مُقَشِّط۔
تَقَشَّطَ و اِنْقَشَطَ۔ ننگا ہونا۔ تَقَشَّطَتْ

وانقشطت السّماءُ :صاف بے ابر ہونا۔

القشطة۔ بالائی۔

القِشاط۔ بدبختی۔

القشّاط۔ بہت لوٹنے والا۔

المِقسط۔ چھال یا کھال اُتارنے کا آلہ۔

المِقشطة۔ عند العقّادِين : ریشم کے دھاگوں کو صاف کرنے کا آلہ۔

قشع (ف) قشعًا القومُ : متفرق کرنا۔ قشعت واقشعت الرّیحُ السّحابَ : ہوا کا بادلوں کو پراگندہ کرنا۔ اقشع القومُ :متفرق ہونا۔ اقشعُوا عنِ الماءِ او المکانِ :ہٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ اقشع السّحابُ :بادل کھل جانا۔

قشِع (س) قشعًا۔ الشّئُ :خشک ہونا۔

اِنقشع اللّیلُ :رات ختم ہونا۔

اِنقشع و تقشّع السّحابُ :بادل کھل جانا۔ تقشّع القومُ :متفرق ہونا۔ انقشع القومُ عن اَماکِنِهم :دُور ہونا۔ علیحدہ ہونا ___ الهمُّ عنِ القلبِ :دل سے غم کا زائل ہونا۔

القشع۔ مص۔ پُرانی پوستین۔ بیوقوف شترمرغ کا پَر۔ چمڑے کا خیمہ۔ ج قشُوع۔ پرانی مشک۔ بڑھاپے کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ازنبیل۔ نر بجو۔ خشک شدہ مٹی کا ٹکڑا۔ خشک کھال ج قِشَع۔

القشع والقِشع کھل جانے والا بادل۔

القشعُ والقِشعُ والقُشع۔ حمام کا کوڑا کرکٹ۔

القَشْعة۔ ج قِشاع۔ القِشعة ج قِشَع : خشک کھال کا ٹکڑا۔ بادل کا ٹکڑا جو کھلنے کے بعد باقی رہ جائے۔ القشعة : قشع کا اسم مرة۔ پُرانی پوستین کا ٹکڑا۔ خشک شدہ مٹی کا ایک ٹکڑا۔ بڑھیا۔ باد شمالی۔

القشِع۔ خشک۔ غیر مستقل مزاج۔ شاةٌ قشِعةٌ : دُبلی پتلی بکری۔ اَراکةٌ قشِعةٌ : گنجان بہت پتوں والا پیلو کا درخت۔

القِشاع۔ بوسیدہ ٹکڑا۔ دھجی۔

القشاع۔ مادہ بجو کی آواز۔

القشاعة۔ رینٹ۔

القشِیعُ مِنَ الکلاءِ :متفرق گھاس۔ کہا جاتا ہے "هو اَقشعُ مِنهُ" یعنی وہ اس سے اشرف ہے۔

اِقشعرّ جِلدُهُ : کانپنا۔ سمٹنا۔ کھردرا ہونا۔ متغیر اللون ہونا۔ صفت مُقشعِرّ ج مُقشعِرُّون و قشاعِر۔ واقشعرّت السّنةُ : قحط ہونا۔ خشک سالی ہونا ___ الارضُ :زمین کا بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے اِقشعرّ الشّعرُ :خوف یا سردی کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہونا۔

المُتقشعِرُ۔ بمعنی مُقشعِرّ۔

القُشعرِیرة۔ کپکپی۔

القُشاعِر۔ سخت کھال والا عمر رسیدہ۔

القُشعُر۔ ککڑی۔

القِشعم۔ عمر رسیدہ (مرد یا عورت یا گدھ) موٹا عمر رسیدہ شیر۔ ج قشاعِم و قشاعِیم۔

اُمُّ قشعم۔ لڑائی۔ مصیبت۔ بجو۔ موت۔

القِشعام والقشعمانُ و القُشعُمان بڑا نر گدھ۔ عمر رسیدہ مرد یا گدھ۔

القِشعامة۔ جال۔

القُشعُوم۔ چھوٹے جسم والا۔ چیچڑی۔

قشِف (س) قشفًا و قشُف (ک) قشافةً۔ و تقشّف۔ بدحال ہونا۔ پھٹے پرانے حال والا ہونا۔ تنگ گزران ہونا۔ گندہ جسم ہونا۔ صفت قشِفٌ و قشْفٌ و قشِفٌ و تقشّفٌ : تنگ زندگی گزارنا۔ تقشّف فِی لِباسِهِ : پیوند لگے ہوئے اور میلے کچیلے کپڑے پہننا۔

قشّف اللهُ عَیشَهُ : تنگ زندگی کر دینا۔

عامٌ اَقشف۔ سخت سال۔

قشقشهُ مِنَ الجرَبِ اور الجُدَرِی۔ کھجلی یا چیچک سے صحت یاب کرنا۔

تقشقش۔ صحت یاب ہونا۔

القشقشة۔ مص۔ گوشت بھوننے کی آواز۔

قشم (ن) قشمًا الطّعامَ : زیادہ کھانا۔ مزیدار خوراک کھانا۔

قشم (ض) قشمًا۔ الرّجلُ فِی بیتِهِ : داخل ہونا۔

اِقتشمهُ۔ اِدھر اُدھر سے کھانا۔

القشم والقِشم۔ زمین میں پانی بہنے کی نالی۔ گوشت جبکہ پک کر سرخ ہو جائے۔ القِشم : طبیعت۔ جسم۔ حال۔ ہیئت۔ چربی۔ جڑ۔ ج قُشُوم۔

القُشام والقُشامة : دسترخوان پر بچا ہوا بیکار حصہ۔

القشِیم۔ خشک سبزی۔ ج قُشُم۔ موت۔

المقشم۔ قشم کا اسم ظرف۔ اور کہا جاتا ہے مَا اصابتِ الاِبِلُ مقشمًا اونٹ نے چراگاہ کو نہیں پایا۔

القشمر۔ پستہ قد۔ موٹا گٹھے ہوئے بدن والا۔

قشا یقشُو قشوًا و قشیًا۔ العُودَ۔ لکڑی چھیلنا ___ الوجهَ : چہرہ پونچھنا۔ اور کہا جاتا ہے قشّاهُ عن حاجتِهِ یعنی اس کو اس کی حاجت سے باز رکھنا۔

اَقشی اِقشاءً۔ تونگری کے بعد محتاج ہونا۔

تقشّی ۔الشّئُ : چھل جانا۔

القاشِی ۔فا۔ کھوٹا پیسہ۔

القُشاء۔ تھوک۔

القشوة۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری جس میں عورتیں روئی یا عطر وغیرہ رکھتی ہیں ج قِشاء و قشوات۔

القشوان۔ کمزور۔ مؤنث قشوانة۔

القشِیُ مِنَ الدّراهِمِ : کھوٹے دراہم۔

المقشُوُّ والمُقشّی۔ چھیلا ہوا۔

قصّ (ن) قصًّا۔ الشّعرَ ونحوَه : قینچی سے بال وغیرہ کاٹنا ___ النّسّاجُ الثّوبَ : جھور کاٹنا ___ هُ : کان کے اطراف کو کاٹنا اور کہا جاتا ہے "مَا یقصُّ فِی یدِهِ شئٌ" کوئی چیز اس کے ہاتھ میں باقی نہیں رہتی (___ و اَقصَّ) الموتُ فُلانًا : قریب الموت ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضربهُ حتّٰی قصّهُ علی الموتِ او اَقصّهُ مِنَ الموتِ" اس کو مارا یہاں تک کہ موت کے قریب پہنچا دیا۔ قصّت و اَقصّتِ الشّاةُ حمل ظاہر ہونا۔ صفت مُقِصٌّ ج مقاصّ اَقصّ الامِیرُ فُلانًا مِن فُلانٍ :بدلہ لے لینا۔ و اَقصّ الرّجلُ مِن نفسِهِ : اپنے آپ سے بدلہ لینے دینا۔

قصّ (ن) قصصًا علیهِ الخبرَ : بیان کرنا (___ قصًّا و قصصًا) اَثرهُ : آہستہ آہستہ پیروی کرنا۔

قصّص الشّئَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قاصّ قِصاصًا و مُقاصّةً الرّجلُ بِما کان

لَهُ قَبْلَهُ: بدلہ میں روک لینا- قَاصَّه: بدلہ لینا- قصاص لینا-

تَقَصَّصَ اَثَرَهُ: پیروی کرنا ـــ الکَلَامَ: یاد کرنا-

تَقَاصَّ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بدلہ لینا-

اِنْقَصَّ- کٹ جانا-

اِقْتَصَّ- اَثَرَهُ: تابعداری کرنا ـــ مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا ـــ الحَدِیْثَ: روایت کرنا- نقل کرنا-

اِسْتَقَصَّهُ- قصاص یا بدلہ لینے کو کہنا-

القَصُّ- مص- (ـــ والقَصَصُ) سینہ یا اس کی ہڈی- ج قِصَاص- قَصَصُ الشَّاةِ: بھیڑ کا کاٹا ہوا اُون-

القَصَّة- قَصَّ کا اسم مرۃ- چونا ج قِصَاص-

القِصَّة- قَصَّ کا اسم نوع- بات- واقعہ- حالت- ج قِصَص و اَقَاصِیْص-

القُصَّة- پیشانی کے بال- بالوں کا گچھا- ج قُصَص و قِصَاص-

القَصَاص- ایک قسم کا درخت ہے جس کو شہد کی مکھی چاٹتی ہے- واحد قَصَاصَة-

القِصَاص- گناہ کی سزا- بدلہ-

القُصَاص- سر پر قینچی چلنے کی جگہ و قُصَاصُ الشَّعْرِ: بِتَثْلِیْثِ القَافِ: بال نکلنے کی منتہا- آگے یا پیچھے کی جگہ-

القُصَاصَة- بال یا ناخن کا تراشہ-

القَصِیْص- سینہ کے بال نکلنے کی جگہ- ایک قسم کی نباتات جو سانپ کی چھتری کی جڑوں میں ہوتی ہے اور اس سے سر دھوتے ہیں- واحد قَصِیْصَة- ج قَصَائِص-

القَصِیْصَة- اُونٹ کہ جس سے قافلہ کی پیروی کی جائے- قِصَّة- چھوٹا اُونٹ کہ جس پر کھانا اور اثاثہ لادیں- جماعت جو ایک جگہ میں جمع ہو- کہا جاتا ہے کہ "تَرَکْتُهُم قَصِیْصَةً وَاحِدَةً" یعنی میں نے ان کو ایک جگہ میں مجتمع حالت میں چھوڑا-

القَاصُّ- فا- قِصّہ گو- خطیب- واعظ-

القَصَّاص- اُجرت لے کر مجمع میں قِصّہ بیان کرنے والا- وہ شخص جو اُونٹ وغیرہ کے بال اُتارنے کا پیشہ کرتا ہو-

المُقَصَّص- مفع- پیشانی کے بالوں والا- رَجُلٌ مُقَصَّصٌ: بڑے سینہ والا-

المَقَصّ- اثر- نشان-

المِقَصّ- قینچی- ج مَقَاصّ-

قَصَبَ (ض) قَصْبًا- کاٹنا- قَصَبَ الشَّاةَ: بکری کے عضو کاٹنا (ـــ قَصْبًا و قُصُوْبًا) البَعِیْرُ: اونٹ کا پانی پینے سے باز رہنا ـــ الاِنْسَانَ و غَیْرَهُ: پانی پینے سے باز رکھنا اور سیرابی سے پہلے روک دینا ـــ الرَّجُلَ: کسی کو گالی دینا-

قَصَّبَهُ- گالی دینا- قَصَّبَ الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگھریالے بنانا ـــ الزَّرْعُ: ڈنٹھل والی ہونا ـــ فُلَانًا: ہاتھوں کو گردن سے ملا کر باندھنا-

اَقْصَبَ- المَکَانُ: نرکل والی ہونا- الرَّاعِی: چرواہے کے اُونٹوں کا پانی پینے سے باز رہنا-

اِقْتَصَبَ الشَّیْئَ: اپنے لیے کاٹنا-

القُصْب- پیٹھ- آنت- ج اقصاب-

القَصَب- ہر وہ جس میں پورے اور گرہیں ہوں جیسے بانس اور نرکل- قَصَبُ السُّکَّرِ: گنا-

القَصَبُ: ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں- گول اور لمبی جوف دار ہڈی- گودے والی ہڈی- حلق کی نالی- مستطیل- جوہڑ- چشمے سے پانی بہنے کی جگہ- آنسو بہنے کی جگہ- مروارید آبدار تازہ- زبرجد آبدار تازہ- جو یاقوت سے مرصّع ہو- کہا جاتا ہے "اَحْرَزَ قَصَبَ السَّبَقِ" یعنی غالب رہا- اور اس کی اصل یوں ہے کہ میدانِ مسابقت میں ایک بانس گاڑ دیا کرتے تھے جو شخص آگے بڑھ جاتا تھا وہ اسے اُکھاڑ لیتا تھا تاکہ غالب رہنے کی علامت ہو-

القَصَبَة- واحد ہے قصب کا- شہر کا یا ملک کے شہروں میں بڑا شہر- گاؤں یا گاؤں کے درمیان نیا کھدا ہوا کنواں- بالوں کا لپٹا ہوا گچھا- قَصَبَةُ الاِصْبَعِ: اُنگلی کا سرا- قَصَبَةُ المَرِیْءِ: نرخرہ قَصَبَةُ الاَنْفِ: ناک کا بانسہ- قَصَبَةُ الرِّئَةِ: پھیپھڑے کی نالی-

القَصَبِی- السی کا باریک کپڑا- ج قَصَب-

القَاصِب- فا- بانسری بجانے والا- قصائی- بادل بہت گرجنے والا- ج قُصَّاب (ـــ والقَصِیْب) مِنَ الاِبِلِ: پانی سے رُکنے والا اُونٹ- کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ قَصِیْبٌ وَنَاقَةٌ قَصِیْبٌ-

القَصْبَاء- بہت سے بانس- نرکل یا بانس اُگنے کی جگہ- واحد قَصْبَاءَة- اَجَمَةٌ قَصْبَاءُ: بہت نرکل یا بانسوں والی جھاڑی- نرکل یا بانس کا جنگل-

القَصَّاب- بانسری بجانے والا- قصائی-

القَصَّابَة- قصاب کا مؤنث- لوگوں کے عیوب بیان کرنے والا- ج قَصَّاب-

القُصَّابَة: ج قُصَّاب (ـــ والتَّقْصِیْبَة و التَّقْصِبَة) ج تَقَاصِب و تَقَاصِیْب: بالوں کا پیچیدہ گچھا- القُصَّابَة: بانسری-

القَصِیْبَة- نرکل کی پوری- بانس کی پوری- بالوں کا گچھا- ج قَصَائِب-

القِصَابَة- قصائی کا پیشہ' بالوں کا پیچیدہ گچھا-

القَصُوْب مِنَ الغَنَمِ: بھیڑ کہ جس کا اُون اُتار دیا جائے-

المَقْصَبَة- بانس یا نرکل نکلنے کی جگہ- کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَصِبَةٌ و مِقْصَابٌ و مَقْصُبَةٌ" بہت نرکل یا بانس والی سرزمین-

المُقَصِّب- فا- سبقت لے جانے والا- دودھ کہ جس پر گاڑھا جھاگ ہو-

المُقَصَّب- مفع ـــ مِنَ الثِّیَابِ: تہ شدہ کپڑا- شَعْرٌ مُقَصَّبٌ: گھنگھریالے بال-

قَصْبَل قَصْبَلَةَ الطَّعَامَ: سب کھا لینا-

قَصَدَ (ض) قَصْدًا الرَّجُلَ و لَهُ و اِلَیْهِ: توجہ کرنا ـــ اِلَیْهِ: اعتماد کرنا- قَصَدَ قَصْدَهُ: اس کی طرف جانا ـــ فِی مَشْیِهِ: سیدھی چال چلنا-

ـــ فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا- کہا جاتا ہے "اِقْصِدْ بِذَرْعِكَ" یعنی ٹھہرو' توقف کرو (ـــ و قَصَّدَ الشَّیْئَ) توڑنا- قَصَدَ و قَصَّدَ الشَّاعِرُ: قصائد بنانا- قَصَّدَ القَصَائِدَ: مہذب کرنا- درست کرنا-

قَصَدَ (ض) قَصْدًا و اِقْتَصَدَ فِی الاَمْرِ: درمیانہ روی کرنا ـــ فِی النَّفَقَةِ: متوسط خرچ کرنا- اِقْتَصَدَ فِی اَمْرِهِ: مستقیم ہونا-

قَصُدَ (ک) قَصَادَةً البَعِیْرُ: اُونٹ کا موٹا

ہونا۔

اَقْصَدَہٗ۔ ٹھیک نشانہ پر نیزہ مارنا ـــــ الحَیَّۃُ فُلَانًا : سانپ کا کسی کو ڈس کر مار ڈالنا۔ اِقْصَدَہُ السَّھْمُ : تیر مارنا اور اسی جگہ قتل کر دینا۔ اَقْصَدَ الشَّاعِرُ : قصائد بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَقْصَدَنِیْ اِلَیْكَ الاَمْرُ" یعنی مجھے تیرے پاس آنے پر برانگیختہ کیا۔

تَقَصَّدَ الکَلْبُ وغَیرُہٗ : مرنا۔ تَقَصَّدَہٗ : ارادہ کرنا۔ کسی کو اس کی جگہ پر مار ڈالنا (ـــــ واِنْقَصَدَ)الرُّمْحُ : نیزہ کا ٹوٹنا۔

القَصْد۔ مص - راستہ کی استقامت۔ میانہ روی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَصْدٌ" یعنی نہ تو بڑے ڈیل ڈول کا ہے اور نہ دُبلا "طَرِیْقٌ قَصْدٌ" سیدھا راستہ واِنَّہٗ عَلٰی قَصْدٍ یعنی وہ ہدایت پر ہے "و عَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْل" اللہ کے اوپر ایسے راستہ کا بیان کرنا ہے جو سیدھا ہو اور حق تک پہنچانے والا ہو و "ھُوَ قَصْدُكَ او قَصْدَک" وہ تمہارے مقابل ہے۔

القَصَد مِنَ العَوْسَج ونَحْوِہٖ : نرم و نازک ٹہنیاں۔ ہر خار دار درخت اُگتے وقت۔ واحد قَصَدَۃ القَصَد : بھوک۔ رُمْحٌ قَصِد و قَصِیْد و اَقْصَادٌ : ٹوٹا ہوا نیزہ۔

القَصِیْد مِنَ الشِّعْر : تین سے لے کر زائد شعروں کی نظم اور بعض نے کہا ہے کہ سولہ سے لے کر زائد شعروں کی نظم۔ درست اور مہذب کی ہوئی نظم۔ القَصِیْد : موٹا گودا۔ خشک گوشت۔ لاٹھی۔ موٹی جوان اُونٹنی۔ موٹا کوہان۔

القِصْدَۃ۔ توڑی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج قِصَد۔

القَصُوْد۔ موٹا گودا۔

القَصِیْدَۃ۔ مِنَ الشِّعْرِ : سات یا دس اشعار سے زائد نظم۔ لاٹھی۔ قصید کا واحد۔ ج قَصِیْد و قَصَائِد۔

القَاصِد۔ فا۔ مِنَ السَّفَر : آسان اور قریب کا سفر۔ طَرِیْقٌ قَاصِدٌ : سیدھا راستہ۔ ج قَوَاصِد۔

اِقْمَطَرَّ۔ منتشر ہونا۔ سکڑنا ___ لِلشَّرِّ: آمادہ ہونا ___ الیَوْمُ: دن کا سخت ہونا ___ عَلَیْهِ الشَّیْءُ: بھیڑ ہونا۔

القِمَطْر و القِمَطْرُ۔ بستہ۔ جزدوان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و مؤنث اور کبھی اِمْرَاَةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ ج قَمَاطِر القِمَطْر: شکروانی۔

القُمَاطِر و القَمْطَرِیْر۔ سخت دن یا سخت بُرائی۔

القِمَطْرِیُّ۔ پستہ قد موٹا مرد۔ اکٹھی چال۔

قَمَعَهٗ (ف) قَمْعًا۔ آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمَعَ القِرْبَةَ: باہر کی طرف مشک کے منہ کو موڑنا قَمَعَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔ ___ الکُتُبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمَعَتِ المَرْاَةُ بَنَانَهَا بِالحِنَّاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا ___ هٗ: سر کے بالائی حصہ پر مارنا ___ البَرْدُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا ___ مَافِی السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا ___ الشَّرَابُ: آسانی سے حلق سے اُترنا ___ سَمْعَهٗ لِفُلَانٍ: خاموش ہونا ___ الوَطْبَ: قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَیْنُهٗ: گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة ___ الفَرَسُ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا ___ عُرْقُوْبُ الفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا ___ الظَّبْیَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا ___ فُلَانٌ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

قَمَّعَ البُسْرَةَ و نَحْوَهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کو دُور کرنا۔ قَمَّعَتِ البُسْرَةُ و نَحْوُهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دُور ہونا۔

اَقْمَعَهٗ۔ ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقْمَعْتُهٗ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ۔ متحیر ہونا۔ مدہوش ہونا۔ تنہا بیٹھنا۔ ذلیل ہونا ___ الذُّبَابَ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَكْتُهٗ یَتَقَمَّعُ میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (___ و اقْتَمَعَ) الشَّیْءَ: چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِی الاِنَاءِ": یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنْقَمَعَ۔ خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا ___ الرَّجُلُ: تنہا بیٹھنا۔

القَمْع و القِمْع و القِمَع۔ قیف۔ ج اَقْمَاع۔ کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی۔ اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قِمَع کہتے ہیں۔ ج قُمُوْع۔

القَمَع۔ آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

القَمْعَة و القُمْعَة و القُمَعَة: مِنَ المَالِ: چنا ہوا عمدہ مال۔

الاَقْمَع۔ مؤنث قَمْعَاء ج قُمْعٌ و القُمُوْع: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الاَقْمَعُ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

القَمِعَة۔ کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا

کنارہ۔ قَمَعَة الذَّنَبِ : دُم کا کنارہ۔ قَمَعة الشَّئِ : عمدہ چیز۔ ج قَمَعَ۔ القَمَعَة : مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج مَقَامِع۔
القَمِع۔مِنَ الخَيْلِ : گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِع : بڑا کوہان۔ طَرْفٌ قَمِع : پھنسیوں والی آنکھ۔
القِمْعَة۔ توشہ دان وغیرہ کا سربند۔ بہترین مال ج قِمَعٌ۔
القَمِيْعَة۔ مِنَ الدَّوَابِّ : دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصہ۔ دُم کا سرا ج قَمَائِع۔
المِقْمَعَة۔ آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع۔
المَقْمُوْع۔ منع۔ مغلوب۔ تخمہ زدہ ـــــ مِنَ المَالِ : چناہوا مال۔
القُمْعُوْث۔ مردیوث و بے غیرت۔
المُقْمَعِدِ۔ وہ شخص کہ جس کے ساتھ تم نرمی برتو اور وہ تمہارے ساتھ سختی سے پیش آئے۔
القُمْعُوْظَة۔ گبریلا کی گولی۔
قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَّبتُ : نباتات کا غلاف نکلنا یا شگوفہ نکلنا ـــــ الرَّجُلُ : سردار قوم ہونا۔
القِمْعَال۔ سردار قوم : چرواہوں کا سردار۔
القَمْعُل۔ تنگ مُنہ کی ہانڈی (ـــــ والقُمْعُوْل) بڑا پیالہ ج قَمَاعِل وقَمَاعِيْل۔
القُمْعُوْلَة۔ نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔ کونپل۔ سر کے اندر گھسنا۔ ج قَمَاعِيْل۔
قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى المَائِدَةِ : دسترخوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔
تَقَمْقَمَ۔ بہت پانی میں گھسنا یہاں تک کہ ڈوب جانا ـــــ الشَّئَ : چڑھنا۔
القُمْقُم۔ حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لیے تانبے کا برتن۔ عطر فروش کا برتن۔ گلاب پاش۔
القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقُمان : بڑی تعداد۔ سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں۔ ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَة۔ القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم : بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم و قَمَاقِمَة۔ القَمْقَام : امرِ عظیم۔ بڑا معاملہ۔ رَجُلٌ قَمْقَام : کینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِم : ماہ ستمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔
القِمْقِم۔ تر۔ خشک کچی کھجور۔
القُمْقُمَة۔ لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔
قَمِلَ (س) قَمَلاً القَوْمُ : زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا ـــــ فُلَانٌ : لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ رَاسُهُ : سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِل بَطْنُه : توند نکلنا۔
قَمِل و اَقْمَلَ المَرْعٰى : چراگاہ کا اُگنا اور سیاہ ہونا۔
تَقَمَّلَ الرَّجُلُ : کچھ موٹائی شروع ہونا۔
القَمْلُ۔ جو واحد قَمْلَة۔ کہا جاتا ہے "ذَبَّ قَمْلُهُ" یعنی موٹا ہوا۔ قمل قریش : دانہ صنوبر۔
القَمَّال۔ جوں۔
القُمَّل۔ چچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَة۔
المِقْمَل۔ فقیری کے بعد تونگر۔
تَقَمَّنَ الاَمْرَ : قصد کرنا ـــــ الشَّئَ : پکڑنے کے قریب ہونا۔
القَمَن۔ لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا المَنْزِلُ لَكَ مَوْطَنٌ قَمَنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وَجِئتُ بِالحَدِيْثِ عَلٰى قَمَنِهٖ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔
القَمِن۔ لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِيْن کے ساتھ با یا من یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "هُوَ قَمِنٌ و قَمِيْنٌ بِكَذَا۔ وقَمِنٌ وقَمِيْنٌ مِنْ كَذَا ولِكَذَا" ج قُمَنَاء و قَمِيْنُوْن۔ مؤنث قَمِيْنَةٌ ج قَمِيْنَاتٌ و قَمَائِن۔ کہا جاتا ہے : اَقْمَنُ بِهٰذَا الاَمْرِ یعنی وہ اس کے لیے سزاوار تر ہے۔ وهٰذَا الاَمْرُ مَقْمَنَةٌ لِذَالِكَ یعنی زیادہ مناسب ہے۔
المُقْمَئِنُّ۔ سکڑا ہوا۔
القَمْنَانَة۔ نوزائیدہ چچڑی۔ ابتداء پیدائش میں قَمْنَانَة پھر کچھ بڑی ہو تو حَمْنَانَة پھر قُراد پھر حَلَمَة۔
قَمِهَ (س) قُمُوْهًا البَعِيْرُ : حوض سے سر اُٹھا لینا اور پانی نہ پینا ـــــ الشَّئُ فِي المَاءِ : ڈوبنا اور اُچھلنا۔
تَقَمَّهَ فِي الاَرْضِ : آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فُلَانٌ يتقمه" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔
القَمَهُ۔ کھانے کی کم خواہش۔
القَامِه۔ فا۔ ج قُمَّه۔
اِقْمَهَدَّ۔ مرنا ـــــ الرَّجُلُ او البَعِيْرُ : سر اُٹھانا ـــــ بِالمَكَانِ : ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔
القَمْهَد۔ کینہ۔ بد اصل۔ بدصورت۔
قَامَاه مُقَامَاةً (یائی) موافقت کرنا۔ تم کہو گے مَا يُقَامِيْنِي هٰذَا الشَّئَ : یعنی یہ چیز مجھے موافق نہیں۔
قَنَّ (ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبروں کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِي الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
اِقْتَنَّ۔ غلام بنانا۔ خاموش ہونا (ـــــ واقْتَانَّ اِقْتِنَانًا) کھڑا ہونا۔
اِسْتَقَنَّ بِالاَمْرِ : مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا۔
القُنّ۔ چھوٹی پہاڑی (ـــــ والقُنَان) کرتے کی آستین۔
القِنّ۔ غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ۔ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لیے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان و اَقِنَّة آتی ہے۔
القَنَانَة و القُنُوْنَة۔ غلامی۔ بندگی۔
القُنَّة۔ چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّة كُلِّ شَئٍ : ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَن و قِنَان و قُنُوْن و قُنَّات۔
القِنَّة۔ رسّی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَن۔
القَنَن۔ طریقہ۔ روش۔
القَنِيْنَة۔ شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِي و قِنَان۔
القَانُوْن۔ قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِيْن (دخیل)

قَنَأَ(ف)قُنُوْءًا-الشَّئُ : گہرا سرخ رنگ والا ہونا ـــــ اللِّحْيَةُ مِنَ الخِضَابِ : داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا(قَنَأَ)اللَّبَن : دودھ میں پانی ملانا۔

قَنَأَ (ف) قَنأً و قَنَأَ و تَقْنِئَةً و تَقْنِيأً لِحْيَتَهُ۔ داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔قَنَأَ الشَّيَ : گہرا سرخ رنگنا۔

(قَنَأَ (ف) قَنْأً و اَقْنَأَ) الرَّجُلَ : قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الأَدِيْمَ : چمڑے کو خراب کرنا ـــــ الشَّئُ فُلاَنًا : ممکن ہونا اور قریب ہونا۔

قَنِيَ(س)قُنُوًا۔ مرنا ـــــ الأَدِيْمُ : چمڑے کا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانِي : بہت گہرا سرخ۔

المَقْنَأَة و المَقْنُوَة۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

القِنْبِل۔ہاتھی کی گردن۔پستہ قد عورت۔

قَنَبَ(ن ض)قُنُوْبًا فِيْ الشَّئِ : داخل ہونا۔ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا ـــــ الكَرْمَ : انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔

قَنَبَ الزَّرْعُ : خوشہ کے پتے ظاہر ہونا ـــــ الزَّهْرُ : کلی سے نکلنا ـــــ الكَرْمَ : انگور کی شاخ تراشی کرنا ـــــ الأَسَدُ بِمَخْلَبِه : شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔ قَنَبَتْ و اِقْتَنَبَتْ و تَقَنَّبَتِ الخَيْلُ : چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنَبُوْا و تَقَنَّبُوْا نحو العَدُوّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ و تَقَنَّبَ الرَّجُلُ فِي بَيْتِهِ : داخل ہونا۔

اَقْنَبَ۔ سفر میں دور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قَنَبُ الزَّهْرِ : پھول کا غلاف ج قُنُوب۔

القَانِب۔ فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ وادٍ قَانِبٌ : وادی جس کا سیلاب دور سے جاری ہو۔

القُنْب۔ بڑا بادبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ كَفِّ الأَسَدِ : شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔

القُنَاب و القِنَاب و القُنَّابَة۔ پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِنَاب : شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔

القِنَّبُ و القُنَّب۔ جوٹ۔ سن جس سے رسی بناتے ہیں۔

القَنِيْب۔لوگوں کا گروہ۔گھنا بادل۔

القَيْنَاب۔ تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چٹھی رساں۔

المِقْنَب۔ تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کیلئے جمع ہوں ج مَقَانِب (ـــــ و المِقْنَاب) شیر کا چنگل۔ المِقْنَب : شیر کی ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "مِخْلَبُ الأَسَدِ فِيْ مِقْنَبِهِ" شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے۔شکاری کا تھیلہ۔

القُنْبَرَة و القُنْبُرة۔چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنَابر۔ القُنْبرة : سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔

دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِيَّةٌ۔ چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔

القُنْبُض۔ سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضَةٌ۔

القُنْبُضَة :بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔

القُنَّبِيْط۔ گوبھی۔ اور عوام قَرَنْبِيْط بھی کہتے ہیں۔

قَنْبَعَ فِيْ بَيْتِهِ : چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَت الشَّجرةُ : غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔ ـــــ الرَّجُلُ : غصہ کی وجہ سے پھولنا۔

القُنْبُع۔ درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔پستہ قد خسیس مرد۔

القُنْبُعَة۔ بمعنی القُنْبُع۔ ایک قسم کا بچوں کیلئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعَةُ الخِنْزِيْر : سور کی خرخراہٹ۔

القَنْبَل و القَنْبَلَة۔ لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل۔

القُنَابِل۔ بڑے سر والا (ـــــ و القُنْبُل) موٹا قوی مرد۔

قَنَتَ (ن) قُنُوْتًا۔ اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللهَ و قَنَتَ لِلهِ"۔ ـــــ لَهُ : ذلیل ہونا۔

قَنُتَ(ک)قَنَاتَةً۔کم خوراک ہونا۔

اَقْنَتَ۔ نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔

اِقْتَنَتَ۔ فرمانبردار ہونا۔

القَانِت۔ فا۔ ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت۔

القَنِيْت۔ کم خوراک۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ قَنِيْت" :پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔

اِمْرَأَةٌ قَنُوْتٌ :شوہر کی تابعدار عورت۔

القَنْتَر۔پستہ قد۔

القَنْثَر۔پستہ قد۔

رَجُلٌ مُقْنَثِعُ اللِّحْيَةِ : پراگندہ داڑھی والا مرد۔

قَنْثَلَ الرَّجُلُ :چلنے میں غبار اڑانا۔

القَنْجُوْر۔چھوٹے سر والا۔کم عقل۔

القُنْجُل۔غلام۔

قَنَحَ (ف) قَنْحًا العُوْدَ : لکڑی کا سرا موڑنا ـــــ الشَّارِبُ :پینے والے کا سیراب ہو کر سر اٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (ـــــ و اَقْنَحَ)البَابَ :دروازہ کو لکڑی سے اٹھانا۔

قَنَّحَ البَابَ : دروازے کے لیے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔

تَقَنَّحَ۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

القُنَاح۔دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔

القُنَّاح۔ لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔

القُنْحَل۔غلام یا شریر غلام۔

القُنَاخِر۔ج قَنَاخِر و القِنَّخِر۔ بڑے جسم والا اَنْفٌ قُنَاخِر : موٹی ناک۔ القِنَّخِر : کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔

القُنْخُوْرَة و القِنْخِيْرة و القِنَّخْرَة و القُنْخُوْر۔ بڑی چٹان۔

القَنْد۔ ج قُنُوْد و القِنْدِيْد ج قَنَادِيْد شکر۔ القِنْدِيْد : کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالأَمْرِ عَلٰى قَنَادِيْدِهِ" وہ معاملہ کو اپنی

روش پر لایا ـــ سَوِيْقٌ مُقَنَّدٌ و مَقْنُوْدٌ۔ شکر ملا ہوا ستو۔ كَلَامٌ مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔
رَجُلٌ مَقْنُوْدُ الْكَلَامِ: شیریں کلام مرد۔
الْقُنْدُرُ و الْقُنْدُس۔ ایک آبی جانور جس کی دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔
قَنْدَسَ۔ گناہ کے بعد توبہ کرنا ـــ فِي الْأَرْضِ: سیرو سفر کرنا۔
الْقُنْذُعُ۔ مردودیوث۔
الْقِنْدَعْل۔ بیوقوف۔
قَنْدَلَ۔ بڑے سر والا ہونا۔ صفت قَنْدَل و قُنَادِل و قِنْدِيْل۔
رَأْسٌ قُنَادِلٌ۔ بڑا اور مضبوط سر۔
الْقِنْدِيْلُ۔ چراغ: فانوس۔ ج قَنَادِيْل (دخیل)
الْقُنْدُوْلُ۔ ایک خار دار درخت۔ واحد قُنْدُوْلَة۔
الْقُنْذُعُ۔ مردودیوث۔
الْقُنْذُعَةُ۔ سر کے گرد اگرد بال ج قَنَاذِعُ
الْقَنَاذِعُ: بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔
اَقْنَزَ۔ چھوٹے مٹکے سے پینا۔
الْقِنْزُ و الْاِقْنِيْز۔ چھوٹا مٹکا۔
الْقَانِزُ و الْقَنَّاز۔ شکاری۔
الْقَنَزُ۔ قنص میں ایک لغت ہے۔
الْقُنْزُعَةُ و الْقَنْزَعَةُ و الْقِنْزِعَةُ و الْقُنْزَعَةُ و الْقُنْزُعُ۔ بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرد اگرد بال۔ پروں کا بقیہ۔ مرغ کی کلغی۔
الْقُنْزُعَةُ: بہت پست قد عورت۔ ج قُنْزُعَات و قَنَازِع۔ الْقَنَازِعُ: بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔
اَقْنَسَ الرَّجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔
الْقِنْسُ و الْقَنْسُ۔ اصل۔
الْقِنْسُ ج قُنُوْس و الْقَوْنَس ج قَوَانِس و الْقَوْنُوْس۔ سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی۔
الْقَيْنَسُ۔ بیل۔ ج قَيَانِس۔
قَنْسَرَتْهُ الشَّدَائِدُ و السِّنُّ: بوڑھا کرنا۔

تَقَنْسَرَ۔ بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔
الْقِنْسْرُ و الْقِنَّسْرِيُّ و الْقِنَّسْر۔ بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔
الْقُنَاسِرُ۔ سخت۔
قَنْشَهُ تَقْنِيْشًا۔ کم کرنا۔ اہل و عیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِّشَ فِي الشَّيْءِ: کمی کیا جانا۔
الْقِنْشَوْزَةُ۔ عورت جس کو حیض نہ آئے۔
قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَّيْرَ: پرندہ کا شکار کرنا۔
تَقَنَّصَ و اقْتَنَصَ الطَّيْرَ او الظَّبْيَ: پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔
الْقِنْصُ۔ اصل۔
الْقَنَصُ۔ شکار۔
الْقَنَّاصُ۔ شکاری۔
الْقُنَّاصُ۔ شکاری لوگ۔
الْقَانِصُ و الْقَنِيْصُ۔ شکاری۔
الْقَنِيْصُ: شکار۔ مؤنث قَنِيْصَة۔
الْقَانِصَةُ۔ پرندے کا پوٹا ج قَوَانِص شکار کرنے والے۔
الْقُنَاصِرُ۔ سخت۔
الْقِنْصَعْرُ۔ چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا۔ گٹھے بدن کا۔
الْقُنْصُلُ۔ پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قَنَاصِل (دخیل)
الْقُنْصُلِيَّةُ۔ قُنْصُل کے رہنے کی جگہ۔
قَنِطَ (س) قَنَطًا و قَنَطَ (ض ن) قُنُوْطًا و قَنَطَ (ک) قَنَاطَةً۔ مایوس ہونا۔ صفت قَنِط و قَانِط و قَنُوْط۔
قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔
قَنَّطَهُ و اَقْنَطَهُ۔ مایوس کرنا۔
قَنْطَتْ قَنْطَنَةً۔ خوف سے دوڑنا۔
قَنْطَرَ قَنْطَرَةً۔ بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا ـــ عَلَيْنَا: دیر تک ٹھہرنا ـــ الشَّيْءَ: مضبوط باندھنا۔ الْمَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
الْقِنْطِرُ۔ ایک قسم کا پرندہ (ـــ و الْقِنْطِيْر) مصیبت۔
الْقَنْطَرَةُ۔ مص۔ پل۔ بلند عمارت ج قَنَاطِر۔

الْقِنْطَارُ۔ ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔ مال کثیر۔ ج قَنَاطِيْر۔
الْقِنْطَارِيُوْن۔ ایک کڑوی گھاس جو مقوی معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِيْرُ مُقَنْطَرَةٌ: بہت زیادہ۔
قَنَعَتْ و قَنِعَتْ (ف س) قُنُوْعًا۔ الْاِبِلُ: اُونٹوں کا تھان پر آنا۔
قَنَعَتْ (ف) قُنُوْعًا و اَقْنَعَتْ و اسْتَقْنَعَتْ الشَّاةُ: بلند تھان والی ہونا۔
قَنِعَهُ۔ راضی کرنا۔ قَنَّعَ الْمَرْأَةَ: عورت کو دوپٹہ اوڑھانا ـــ رَأْسَهُ بِالسَّيْفِ او بِالْعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا ـــ ہ خِزْيَةً و عَارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کر دینا۔
قَنَّعَ الدِّيْكُ: مرغ کا لڑنے کے وقت گردن کے پردوں کو کھڑا کرنا اور کہا جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَّيْبُ خِمَارَةً" یعنی اس پر بڑھاپا چھا گیا۔
اَقْنَعَ رَأْسَهُ او صَوْتَهُ: سر یا آواز بلند کرنا۔ ـــ بِيَدَيْهِ فِي الصَّلَاةِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنا ـــ الْاِنَاءَ: برتن سے اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لیے پانی کے بہاؤ کی طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الْاِنَاءَ فِي النَّهْرِ" یعنی بھر جانے کیلئے برتن کو نہر میں پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الْاِبِلَ: اُونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔
تَقَنَّعَ۔ بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔ ـــ فِي السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ الْمَرْأَةُ بِالْقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔
اِقْتَنَعَ بِالشَّيْءِ: راضی ہونا ـــ الْاِبِلُ: اُونٹوں کا تھان پر واپس آنا ـــ الرَّجُلُ الْاِبِلَ او الْغَنَمَ لِمَا وَاهَا: اُونٹوں کو تھان پر واپس لانا۔
الْقِنْعُ۔ ج اَقْنَاع و الْقِنَاعُ ج قُنُع۔ ہتھیار۔
الْقِنْعُ و الْقُنْعُ۔ کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ الْقِنْعُ: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی، ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَة و اَقْنَاع۔
الْقِنْعُ۔ بگل۔
الْقِنْعَةُ۔ دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و جج قِنْعَان۔

القُنعَة-سوال-دیوار میں روشن دان-
القُنْعَة-مِنَ الجَبَلِ و السنَام :پہاڑ یا کوہان کی چوٹی-انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ-باریک ریت-
القِنَاع-دوپٹہ- کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة- دِل کا غلاف- کَشْفُ القِنَاعِ عَنِ الشَّیئِ :کنایہ ہے تصریح کرنے سے-
القَنِع-جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا-
القُنُوع ج قُنُع و القَنِیع ج قُنَعَاءُ : بمعنی قَنِع-
القَانِع فا-بمعنی قَنِع-عاجزی سے سوال کرنے والا-ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا-قوم کا خادم-قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا-ج قَانِعُوْن وقُنَّع-
رَجُلٌ قُنْعَان تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد-
شَاہِدٌ قُنْعَان شاہد عادل کہ جس کی گواہی کافی سمجھی جائے(مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)
رَجُلٌ قُنْعَانِی جس کی رائے پسند ہو القُنْعَان بڑا پہاڑی بکرا-
القُنُوع- مص - لالچ- میلان- سوال- اظہار- عاجزی- تقسیم شدہ پر رضامندی-
شَاہِدٌ مَقْنَع-شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے-ج مَقَانِع اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَنَا مَقْنَع فلاں کے لیے رضامندی ہے جس پر ہم قانع ہیں-
المِقْنَع و المِقْنَعَة-سر پر ڈالنے کی اوڑھنی-
المُقْنَع-مفع-وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اُٹھائے ہوئے ہو-فَمٌ مُقْنَعٌ :ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں-
المُقْنِع-فا-ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اُٹھانے والا-
المُقَنَّع-مفع-سر پر خود رکھنے والا-کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا-
القَنْعَب-بڑا خواہش مند-
القِنْعَات و القِنْعَاب-چہرہ اور بدن پر بہت بال والا-
القَنْعَذَل-بیوقوف-

القِنْعَار-موٹی بڑی پہاڑی بکری-
القِنْعَاس-بڑا اونٹ-مرد قوی ج قَنَاعِیس-
القُنَاعِس-بڑے ڈیل ڈول کا مرد ج قَنَاعِس-
قَنْعَسَ قَنْعَسَةً-بہت کوتاہ گردن ہونا-
القَنْعَسَة-مص-گردن کی کوتاہی-
قَنِفَ(س)قَنَفًا المَکَانُ : جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا ــــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا-
قَنَّفَهُ بِالسَّیْفِ : تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا-
اَقْنَفَ-ڈھیلے کان والا ہونا-بہت لشکر والا ہونا(ــــــ و اِسْتَقْنَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا-اِسْتَقْنَفَ المَجْلِسُ :گول ہونا-
القَنَف-مص-کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا-
القِنَف-سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے-
القَنِیف-سر پر تھوڑے بال والا-
القِنَاف و القُنَاف- بڑی ناک' لمبی داڑھی' لمبے قد والا-
القَنِیف- لوگوں کی جماعتیں- بہت پانی والا بادل-کم خوراک مرد- سر پر کم بال والا امرد-رات کا ایک حصہ-ج قُنُف-
الاَقْنَف-چھوٹے کان والا ــــــ مِنَ الخَیْلِ : سفید گدی والا گھوڑا-موٹی ناک والا-مؤنث قَنْفَاءُ ج قُنْف- القَنْفَاء : انسان کا کان جس کے لیے دائرہ نہ ہو-
القِنْفَج-موٹی گدھی-
القُنْفُذ ج قنافذ و القُنْفُذ و القُنْفَذ : قَنَافِذ-ج-سیہی-مؤنث قُنْفُذَة-القُنْفُذ :چوہا-درخت جو ریت کے درمیان ہو- ریت کا بلند ڈھیر- کہا جاتا ہے "هُوَ قُنْفُذ لَیْل" یعنی وہ چغل خور ہے-
القَنَافِذ :چھوٹے پہاڑ-
قَنْفَشَ قَنْفَشَةً جلدی جمع کرنا-
تَقَنْفَشَ-سکڑنا-
القُنَافِش-چھلی ہوئی ناک' سخت داڑھی والا-
المُقَنْفِش-فا ــــــ فِی اللِبَاسِ :بُری ہیئت اور لباس والا- کہا جاتا ہے "جَاءَ مُقَنْفِشًا لِحْیَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا-
تَقَنْفَعَتِ-القُنْفُذَةُ :سیہی کا سمٹنا-

القُنْفُع- پست قد- کمینہ (ــــــ و القِنْفِع) چوہیا-
القُنْفُعَة-چوتڑ-مادہ سیہی-
القَنْقَن و القِنْقِن-ایک قسم کا چوہا-سمندری سیپی- واحد قِنْقِنَة-القِنْقِن : راہ نما- (ــــــ و القُنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن ــــــ(دخیل)
قَنِمَ (س) قَنَمًا الجَوْزُ : اخروٹ کا خراب ہونا- فاسد ہونا- صفت قَانِم ــــــ الفَرَسُ و نَحْوُهُ : نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا ــــــ الطَعَامُ و اللَحْمُ و السِقَاءِ و غَیْرُهَا : خراب ہونا اور بدبودار ہونا- صفت قَنِم و اَقْنَم اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "یَدِیْ قَنِمَةٌ مِنَ الزَیْتِ"-
القَنَمَة-تیل وغیرہ کی بدبو-
الاُقْنُوْم- شخص-اصل-ج اَقَانِیم(دخیل)
قَنَا یَقْنُوْ قَنْوًا و قُنْوًا و قُنْوَانًا و قُنُوًّا و اقْتَنَى المَالَ : جمع کرنا-اپنے لیے حاصل کرنا-
قَنَا یَقْنُوْ قَنْوًا اللّٰهُ الشَّیَّ :پیدا کرنا ــــــ لَوْنُ الشَّیِّ :گہرا سرخ رنگ ہونا-
قَنَا یَقْنِیْ و قَنِیَ یَقْنٰی قَنْوًا و قَنًی وَاَقْتَنٰی و اِسْتَقْنَی الحَیَاءَ :لازم پکڑنا-قَنَّی القَنَاة :نالی کھودنا- اَقْنَاهُ اللّٰهُ : غنی کرنا' مالدار بنانا اَقْنَتِ السَمَاءُ :بارش رُک جانا ــــــ
قَنِیَ یَقْنٰی قَنًا الاَنْفُ : نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اُونچا ہونا- صفت اَقْنٰی-
تَقَنَّی- نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا-
القِنَا و القِنَی و القُنُو و القِنْو- کھجور کا گچھا ج اَقْنَاء و قُنْیَان و قِنْیَان و قُنْوَان و قِنْوَان-القَنَا : نیزہ ج قِنَاء- حلقوم-
القُنْوَة و القِنْوَة- کمائی- کہا جاتا ہے "لَهُ غَنَمٌ قُنْوَةٌ و قِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں-
القِنَاوَة-بدلہ-
القَنَاة- نیزہ یا نیزہ کی لکڑی- ج قَنًا و قُنِیّ و قَنَوَات و قَنَیَات- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صُلْبُ القَنَاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ــــــ ڈنڈا-جنگلی گائے-مادہ نیل گائے-درخت خرما گانے کا تھالا-نالی-ج قُنِیّ و قِنَاء و قَنَوَات-

القانی۔فا۔کہاجاتا ہے "اَحْمَرُ قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔
القَنْوَان۔موٹا۔
القَنِي و القَنِيَّة۔بکری یا اونٹنی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔
القَنَّاء و المُقْنِي۔ نیزہ والا۔ القَنَّاء : نالی کھودنے والا۔
الأَقْنَی مِنَ الأُنُوف : نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْنَى الأَنْفِ" وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔مؤنث قَنْواء۔
القَنَاء و الأَقْنَاءَة۔مِنَ الحَائِطِ :دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔
القُنُو۔سیاہی۔
المَقْنَاة و المَقْنُوة۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
قَنَى يَقْنِيْ قَنْيًا و قِنْيَانًا و قُنْيَانًا المَالَ : حاصل کرنا۔کمائی کرنا ــــ الحَيَاءَ :حیاکولازم ہونا۔
قَنَّى اللّٰهُ فُلَانًا۔خوش کرنا۔راضی کردینا۔
قَانَى مُقَانَاةً الشَّيْءُ فُلَانًا :موافق ہونا۔
ــــ الشَّيْءَ :ملانا ــــ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ :خلط ملط کرنا۔
ــــ الشَّيْءَ :ہمیشہ رہنا۔
اَقْنَى اِقْنَاءً اللّٰهُ : غنی کرنا۔خوش کرنا۔راضی کردینا ــــ الصَّيْدُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ :شکار کا زد میں آجانا۔قریب آجانا۔
القُنْيَة و القِنْيَة۔کمائی۔ج قُنًى۔کہاجاتا ہے "لَهٗ غَنَمٌ قُنْيَةٌ و قِنْيَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔
اَرْضٌ مَقْنَاةٌ۔ ہر شخص کے موافق آب و ہوا والی زمین۔
قَهِبَ (س) قَهَبًا۔ بھورے رنگ کا ہونا۔ صفت قَهِبٌ و اَقْهَبُ۔
اَقْهَبَ عَنِ الطَّعَامِ :ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔
القَهْب۔بڑا اونٹ۔
القُهْبَة۔بھورا رنگ۔
القُهَاب و القُهَابِيّ۔سفید۔

الأَقْهَبَان۔ہاتھی اور بھینس۔
القَهْبَل۔چہرہ۔کہاجاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَهْبَلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے چہرہ اور تمہاری عزت کو باقی رکھے۔
القَهْبَلَة۔ مادہ گورخر۔ اور ایک قسم کی چال۔ چیچڑی۔
قَهَدَ (ف) قَهْدًا فِي مَشْيِهِ :چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
القَهْد۔سفید۔ تیرہ گون۔ صاف رنگ والا۔ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔ نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ج قِهَاد۔
قَهَرَهٗ (ف) قَهْرًا۔غالب ہونا۔
قُهِرَ اللَّحْمُ :گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔
قَاهَرَهٗ۔غالب آنا۔
اَقْهَرَهٗ۔مغلوب پانا۔اَقْهَرَ الرَّجُلُ :ذلت اور قہر کی طرف معاملہ والا ہونا۔ یاران مقہور کا ساتھی ہونا۔
القَهْرَة۔ مجبوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُهْرَة لِلنَّاسِ" وہ ہر ایک کا مقہور ہے۔
القَهْرَة۔ مِنَ النِّسَاءِ : بہت شریر عورت ج قُهْرَات۔
القَاهِر۔فا۔بلند۔ج قَوَاهِر۔
القَاهِرَة۔القاہر کا مؤنث۔ مملکت مصر کا پایہ تخت۔ ہر چیز کا سابق۔ سینہ۔ سرسینہ۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔
القَهَّار۔اسم مبالغہ۔اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔
القَهْرَمَان۔ وکیل۔ آمد و خرچ کا منتظم۔ ج قَهَارِمَة۔
القَهْرَمَة۔قہرمان کا فریضہ۔
القَهْزَم۔پستہ قد۔القَهْقَب۔عمر رسیدہ۔لمبے قد والا۔بیگن۔
قَهْقَرَ قَهْقَرَةً و تَقَهْقَرَ۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔کہاجاتا ہے "هُوَ يَتَقَهْقَرُ فِي مَشْيِهِ" جبکہ پچھلے پاؤں چلے۔
القُهْقُوْر۔عمارت جس کو بڑے پتھروں سے بناتے ہیں اور عوام اسے "قُمْقُوْر" کہتے ہیں۔

القَهْقَرَى۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَهْقَرَى" وہ پچھلے پاؤں لوٹا۔
القَهْقَرَة۔مص۔ بڑی چٹان۔گیہوں جو سبزی کے بعد سیاہ ہو جائے۔
قَهَزَ (ف) قَهْزًا۔کودنا۔
القَهْز۔ریشم۔
القَهْزَب۔پستہ قد۔
قَهْقَهَ قَهْقَهَةً۔زور سے ہنسنا۔ٹھٹھامار کر ہنسنا۔
قَهَلَ (ف) قَهْلًا و قُهُوْلًا و قَهِلَ (س) قَهَلًا و تَقَهَّلَ۔ جِلْدُهٗ : کھال خشک ہونا۔ قَهَلَ الرَّجُلُ : ناشکری کرنا۔کفران نعمت کرنا ــــ فُلَانًا : بری تعریف کرنا۔ قَهِلَ (س) قَهَلًا و تَقَهَّلَ الرَّجُلُ : جسم کو آلودہ رکھنا۔پاک صاف نہ رکھنا۔ تَقَهَّلَ : آہستہ چال چلنا۔ اپنی حاجت کا گلہ کرنا۔بدحال ہونا۔تَقَهَّلَ صَوْتُهٗ :آواز کا نرم و ضعیف ہونا۔
اَقْهَلَ الرَّجُلُ۔ اپنے آپ کو میلا کچیلا رکھنا لایعنی امور میں مشغول ہونا۔
اِنْقَهَلَ۔کمزور ہونا اور گر پڑنا۔
القَيْهَل و القَيْهَلَة۔ چہرہ۔ پیکر۔کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ هٰذِهِ القَيْهَلَةَ" اللہ تعالیٰ اس چہرہ کو باقی رکھے۔
قَهِمَ (س) قَهَمًا الرَّجُلُ : قلیل الاشتہاء ہونا۔ صفت قَهِمٌ۔
اَقْهَمَ عَنِ الطَّعَامِ :کھانے کی خواہش نہ رکھنا۔
ــــ عَنِ الشَّيْءِ : ناپسند کرنا۔ عَنِ الشَّرَابِ و المَاءِ : چھوڑنا ــــ الإِبِلُ عَنِ المَاءِ : اونٹوں کا پانی پر نہ جانا ــــ اِلَيْهِ :خواہش کرنا۔
اَقْهَمَتِ السَّمَاءُ : آسمان کا بادل سے صاف ہونا۔
القَهْمَد۔بد اصل۔کمینہ۔بدصورت۔
قَهْمَزَ قَهْمَزَةً۔کودنا۔
القِهْمَزَى۔گھوڑے کا پویہ دوڑنا۔جلد بازی۔ نشاط۔
القَهْمَز۔پستہ قد۔
القَهْمَزَة۔مص ــــ مِنَ النِّسَاءِ :بہت پستہ قد عورت۔
اَقْهَى۔قہوہ پینے کی مداومت کرنا۔

القَهْوَةُ- خالص دودھ- پوری شکم سیری- شراب- بیان کیا جاتا ہے کہ شراب کو قہوہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پینے والے کی اشتہا کم ہو جاتی ہے- بو- کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانًا طَيِّبُ قَهْوَةِ الْفَمِ" یعنی فلاں کے منہ کی بُو اچھی ہے- اور مولدین درخت بن کو بھی کہتے ہیں اور اس درخت سے پینے کی جو چیز بنائی جاتی ہے اس کو بھی قہوہ کہتے ہیں- نیز جس جگہ کثرت سے پی جائے اس کو بھی مجازاً قہوہ کہتے ہیں-

القَهْوَانُ- عمر رسیدہ موٹے سینگوں والا بکرا-

قَهْوَسَ وتَقَهْوَسَ- دوڑنا قَهْوَسَ الرَّجُلُ: خوف سے دوڑنا- وتَقَهْوَسَ: جھک کر مضطربانہ چلنا- کبڑا ہونا-

قَهِيَ (س) قَهِيَ وأَقْهَى إِقْهَاءً عَنِ الطَّعَامِ: اشتہا کم ہونا- قَهِيَ عَنِ الشَّرَابِ: چھوڑنا-

اِقْتَهَى عَنِ الطَّعَامِ: بغیر مرض کے کھانے کی خواہش نہ ہونا-

القَاهِي- تیز خاطر- عَيْشٌ قَاهٍ: خوش عیشی-

قَابَ يَقُوبُ قَوْبًا الأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا ___ الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا ___ الرَّجُلُ: قریب ہونا- بھاگنا-

قَوَّبَ الأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا- روند کر نشان چھوڑنا ___ الشَّيْءَ: اُکھیڑنا-

تَقَوَّبَ- جڑ سے اُکھڑنا- کہا جاتا ہے "تَقَوَّبَ مِنْ رَأْسِهِ مَوَاضِعُ" یعنی اس کے سر میں چند جگہ چھل گئیں (___ وانْقَابَ) المَكَانُ: درخت اور گھاس سے صاف کیا جانا- تَقَوَّبَتْ وانْقَابَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا پھٹنا- وانْقَابَتِ الأَرْضُ: زمین کا کھدنا-

اِقْتَابَ الشَّيْءَ: پسند کرنا- اختیار کرنا-

القَابُ- مقدار- کمان کے قبضہ اور گوشہ کمان کے درمیان کا فاصلہ- کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَابِ قَوْسَيْنِ" کنایہ ہے بہت قریب ہونے سے-

القُوبُ- چوزہ- ج أَقْوَابٌ- أُمُّ قُوبٍ: مصیبت-

القِيبُ- مقدار- کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِيبُ قَوْسٍ"-

القَابَةُ والقَائِبَةُ- چوزہ- انڈا اور مثال میں ہے "تَخَلَّصَتْ قَائِبَةٌ أَوْ قَابَةٌ مِنْ قُوبٍ" یعنی انڈا چوزے سے جدا ہو گیا- اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جدا ہو جائے-

القُوبُ- انڈے کے چھلکے-

القُوبَاءُ والقُوَبَاءُ- ج قُوَبٌ والقُوبَةُ والقُوَبَةُ: داد کی بیماری- عوام اسے حَزَاز کہتے ہیں- القُوبَةُ: گھر پر مقیم- خانہ نشین-

القُوبِيُّ- چوزے کھانے کا حریص-

المُتَقَوِّبُ- چھلا ہوا- داد کھجلی کی وجہ سے کھال چھلا ہوا شخص ___ مِنَ الحَيَّاتِ: کینچلی اُترا ہوا سانپ-

قَاتَ يَقُوتُ قَوْتًا وقِيَاتَةً الرَّجُلَ: روزی دینا- گزارہ دینا- خوراک دینا-

أَقَاتَ إِقَاتَةً فُلَانًا وعَلَى فُلَانٍ: گزارہ دینا- حفاظت کرنا- قابو پانا- قدرت رکھنا-

اِقْتَاتَ اِقْتِيَاتًا وتَقَوَّتَ بِالشَّيْءِ: کھانا- اِقْتَاتَ الشَّيْءَ: خوراک بنانا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ الكَلَامَ" فلاں کم گفتگو کرتا ہے-

اِسْتَقَاتَ اِسْتِقَاتَةً فُلَانًا: گزارہ طلب کرنا-

القَاتُ- ایک درخت کا نام-

القُوتُ- خوراک- گزارہ کے لائق کھانا- ج أَقْوَاتٌ-

القَائِتُ والقِيتُ والقِيتَةُ والقُوَاتُ خوراک گزارہ کے لائق- القَائِتُ مِنَ العَيْشِ: کفایت- کہا جاتا ہے "هُوَ فِي قَائِتٍ مِنَ العَيْشِ": القَائِتُ شیر-

المُقِيتُ- فا- قدرت رکھنے والا- نگہبان- گواہ-

قَاحَ يَقُوحُ قَوْحًا وتَقَوَّحَ تَقَوُّحًا- الجُرْحُ: زخم سوجنا- پیپ والا ہونا- قَاحَ وقَوَّحَ البَيْتَ: جھاڑو دینا-

أَقَاحَ القَاحَةَ الرَّجُلُ: سوال [illegible] کا ارادہ-

القَاحَةُ- صحن- کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ قَاحَةَ الدَّارِ" گھر کے صحن میں داخل ہوا- ج قُوحٌ-

قَاخَ يَقُوخُ قَوْخًا جَوْفُهُ: بیماری کی وجہ سے خراب ہونا-

لَيْلَةٌ قَاخٌ- کالی رات-

قَادَ يَقُودُ قَوْدًا وقِيَادَةً وقِيَادًا ومَقَادَةً وقَيْدُودَةً وقَوَّدَ- تَقْوِيدًا واقْتَادَ اقْتِيَادًا الدَّابَّةَ: چوپائے کو آگے سے کھینچنا-

قَادَ يَقُودُ قِيَادَةً الجَيْشَ: سالارِ جیش ہونا-

___ القَاتِلَ إِلَى مَوْضِعِ القَتْلِ: قاتل کو قصاص کے لیے لے جانا-

قِيدَ الدَّقِيقُ: آٹے کا پیڑا بننا اور پکایا جانا-

قَوِدَ يَقْوَدُ قَوَدًا- الفَرَسُ وغَيْرُهُ: لمبی پیٹھ اور گردن والا ہونا- صفت أَقْوَدُ مؤنث قَوْدَاءُ ج قُودٌ-

أَقَادَ- آگے بڑھنا ___ الغَيْثُ: بارش کا پھیلنا ___ هُ خَيْلًا: آگے سے کھینچنے کے لیے دینا-

___ القَاتِلَ بِالقَتِيلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا-

قَاوَدَهُ مُقَاوَدَةً- ساتھ ساتھ چلنا-

اِنْقَادَ اِنْقِيَادًا- لِفُلَانٍ: تابعدار ہونا- فروتنی کرنا ___ الطَّرِيقُ إِلَى كَذَا: واضح ہونا- نمایاں ہونا (___ واقْتَادَ اقْتِيَادًا) کھنچنا- اِقْتَادَ الدَّابَّةَ: کھینچنا- کہا جاتا ہے "اِقْتَادَ الدَّابَّةَ فَاقْتَادَتْ" اس نے جانور کو کھینچا پس وہ کھنچ گیا (لازم ومتعدی)

تَقَاوَدَ المَكَانُ: جگہ کا ہموار ہونا ___ الرَّجُلَانِ: دو مردوں کا ایک ساتھ بھاگنا گویا کہ دونوں ایک دوسرے کو کھینچ رہے ہیں-

اِسْتَقَادَ- ذلیل ہونا- فروتنی کرنا ___ لَهُ: فرماں بردار ہونا- تابعدار ہونا ___ الأَمِيرَ: مقتول کا قصاص لینے کی درخواست کرنا- کہا جاتا ہے اِسْتَقَادَ الأَمِيرَ مِنَ القَاتِلِ فَأَقَادَهُ مِنْهُ اس نے امیر سے قصاص لینے کی استدعا کی اور امیر نے قصاص لیا-

القَادُ والقِيدُ- اندازہ و مسافت- کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قَادُ قَوْسٍ او قِيدُ قَوْسٍ" ان دونوں کے درمیان ایک کمان کی مقدار فاصلہ ہے-

القَوْدُ- معہ- کوتل گھوڑا- کہا جاتا ہے "مَرَّ بِنَا قَوْدٌ"-

القَوَدُ- قود کا مصدر- قصاص- مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا-

القِيَادُ- معہ- جانور کو کھینچنے کی رسی- کہا جاتا ہے

"فُلَانٌ سَلِسُ القِيَاد" فلاں تمہاری خواہشات کا فرمانبردار ہے "واَعْطٰی فُلَانٌ القِيَادَ" فلاں خوشی سے فرمانبردار ہوگیا۔ اور بعضوں نے کہا کہ مجبوراً۔

فَرَسٌ قَيْد و قَيِّدٌ و قُوُوْدٌ و قَوُوْدٌ۔ سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔

القَوَّاد۔ اسم مبالغہ۔

الاَقْوَد۔ سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔ مضبوط گردن والا۔ بخیل۔ کسی چیز کی طرف متوجہ ہونے والا اور باز نہ رہنے والا (ــــ والمُقَوَّد) لمبا پہاڑ۔

القَائِد۔ ف ج قَوَّاد و قُوَّد و قَادَة جج قَادَات۔ مستطیل زمین یا پہاڑ۔ پہاڑ کی چوٹی۔

القَائِدَة۔ قائد کا مؤنث۔ زمین پر پھیلا ہوا ٹیلہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاه مَقَادَتَهٗ" یعنی وہ اس کا فرمانبردار ہوگیا۔

المِقْوَد۔ جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ ج مَقَاوِد۔

المَقُوْد۔ مفع اور مَقْوُوْد بھی اصل کے لحاظ سے کہا جاتا ہے۔

طَرِيْقٌ مُنْقَادٌ۔ سیدھا راستہ۔

قَارَ يَقُوْرُ قَوْرًا۔ پنجوں کے بل چلنا ــــ الصَّيْدَ: فریب دے کر شکار کرنا ــــ فُلَانًا: آنکھ پھوڑنا (ــــ وقَوَّر تَقْوِيْرًا واِقْتَارَ اِقْتِيَارًا واِقْتَوَرَ اِقْتِوَارًا) الشَّئَ: گول کاٹنا۔ اِقْتَارَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ اِقْتَارَ حَدِيْثَهُم: کھود کرید کرنا۔

قَوِرَ يَقْوَرُ قَوَرًا۔ الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

تَقَوَّرَ السَّحَابُ: بادلوں کا علیحدہ علیحدہ گول ٹکڑے ہونا ــــ اللَّيْلُ: اکثر رات گزر جانا ــــ الحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْقَارَ اِنْقِيَارًا۔ واقع ہونا ــــ اِنْقَارَتِ البِئْرِ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔ ویران ہونا۔ اِنْقَارَ بِهٖ: مائل ہونا۔

اِقْوَرَّ اِقْوِرَارًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دُبلا ہونا ــــ الجِلْدُ: دُبلے پن کی وجہ سے جھری پڑنا۔

اِقْوَرَّتِ الاَرْضُ: روئیدگی کا جاتا رہنا ــــ فُلَانٌ: موٹا ہونا۔

القَار۔ تارکول۔ سیاہ رنگ کا ایک روغن جس کو کشتی وغیرہ پر ملتے ہیں۔ ایک کڑوا درخت۔ واحد قَارَة۔ اونٹوں کا بڑا گلہ۔

القَوْر۔ مص۔ نئی رُوئی۔ رُوئی کی رسّی۔

القَارَة۔ پہاڑوں سے علیحدہ چھوٹا پہاڑ۔ مادہ ریچھ۔ ج قَارٌ و قَارَاتٌ و قُوْرٌ و قِيرَان۔

الاَقْوَرُ۔ کشادہ۔ مؤنث قَوْرَاءُ۔

الاَقْوَرِيَّاتُ و الاَقْوَرُوْن۔ بڑی بڑی مصیبتیں۔

المُقَوَّر۔ مفع۔ قار ملا ہوا۔ دُبلا گھوڑا۔

قَوَّرَ تَقْوِيْرًا النَّبْتُ: نباتات کا بکثرت ہونا۔

تَقَوَّرَ البَيْتُ: گھر کا منہدم ہونا ــــ الوَعْلُ: پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔

اِقْتَارَهُ النَّمِرُ: چیتے کا پھاڑ کھانا۔

قَاسَ يَقُوْسُ قَوْسًا القَوْمَ: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا ــــ الشَّئَ عَلٰی غَيْرِهٖ و بِهٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

قَوِسَ (س) قَوَسًا و تَقَوَّسَ واِسْتَقْوَسَ الرَّجُلُ: خمیدہ پشت ہونا۔ و قَوَّسَتِ السَّحَابَةُ: بارش ہونا۔

قَاوَسَنِي فَقُسْتُهٗ اَقُوْسُهٗ اس نے کمان کے عمدہ ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

تَقَوَّسَ۔ مڑا ہوا ہونا۔ کمان کی مانند ہونا۔ ــــ قَوْسَهٗ: کمان اُٹھانا ــــ ه الشَّيْبُ: بڑھاپے کا بالوں کا کھچڑی کرنا۔

اِقْتَاسَ الشَّئَ: اندازہ کرنا ــــ بِفُلَانٍ: اقتداء کرنا۔

القَوْس۔ مص۔ کمان۔ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کی تصغیر قُوَيْسَةٌ و قُوَيْس اور ج قِسِيّ و قُسِيّ و اَقْوَاس و قِيَاس و اَقْوُسٌ و اَقْيَاس اور نسبت کیلئے قُسَوِيّ۔ اور قوس کی اضافت مخصص کی طرف ہوا کرتی ہے۔ جیسے قَوْسُ نَدَفٍ و قَوْسُ نَبْلٍ وَغَيْرِه۔ القَوْس: ہر منحنی چیز جو کمان کی طرح ہو۔ قَوْسُ قُزَح: دھنک۔ ذراع۔ قَوْسُ الرَّجُلُ: جھکی ہوئی پیٹھ۔

القُوْس۔ راہب کا صومعہ۔ شکاری کا جھونپڑا۔

الاَقْوَس۔ خمیدہ پشت۔ بلند ریت کا ڈھیر۔ لَيْلٌ اَقْوَسٌ: بہت تاریک رات۔ بَلَدٌ اَقْوَس: دور کا شہر (ــــ والقَوِس والقُوَّسِي) مِنَ الاَيَّام: سخت اور لمبا دن۔

القَوَّاس۔ کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلانے والا۔ و القَوَّاس: پادری یا سفیر کا خادم۔ جن کی خاص وردی ہوتی ہے۔

القَيَّاس۔ کمان کا درست کرنے والا۔ (ــــ والمَقَاوِس) گھوڑوں کو چلانے والا۔

القُوَيْس و القُوَيْسَة۔ قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِقْوَس۔ کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسّی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صف بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِس۔

تَقَوْصَرَ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

القَوْصَرة۔ کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔

قَاضَ يَقُوْضُ قَوْضًا و قَوَّضَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا۔ قَوَّضَ الصُّفُوْفَ و المَجَالِسَ: تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بَنٰی فُلَانٌ ثُمَّ قَوَّضَ" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد بُرائی کرے۔

تَقَوَّضَ۔ آنا جانا ــــ الحَلَقُ او الصُّفُوْفُ: حلقہ یا صفت کا پراگندہ ہونا (ــــ واِنْقَاضَ) البِنَاءُ: عمارت کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔

القَوْط۔ بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقْوَاط۔

القَوْطَة۔ بڑا ٹوکرا۔

القَوَّاط۔ بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔

القَوْط۔ گری۔

قَاعَ يَقُوْعُ قَوْعًا۔ پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (ــــ وتَقَوَّعَ) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے کی طرح بچا بچا کر چلنا۔

القَاع۔ پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقْوَاع و اَقْوُع و قِيْع و قِيْعَان و قِيْعَة۔

القَوْع۔ مص۔ گیہوں، کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقْوَاع۔

القَاعَة۔ مکان کا صحن ج قَاعَات۔

القَوَّاع۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔

القُوَاع۔ خرگوش۔ مؤنث قُوَاعَة۔

قَافَ يَقُوْفُ قَوْفًا و اِقْتَافَ اَثَرَ فُلَانٍ: پیروی

کرنا۔ پیچھے جانا۔
تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلَانٍ : کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔
___ ہ فِی المَجْلِسِ : بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَقَوَّفُ عَلٰى مَالِیْ" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔
القَائِف۔ فا۔ قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ یہ فلاں نسب سے ہے۔ ج قَافَة (___ و القَوَاف و القُوَّاف) کھوج لگانے والا۔
الاَقْوَف۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْوَفُ النَّاسِ لِلاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔
القُوْف۔ کان کا بالائی حصہ۔
القُوْفِی۔ ہر خوشبودار دھونی۔
القَاف و القُوْف و القُوْفَة مِنَ الرَّقَبَةِ : نقرہ گردن کے بال۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهٗ بِقُوْفِ رَقَبَتِهٖ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑلی۔
قَاقَتْ تَقُوْقُ قَوْقًا۔ الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔
القَاق۔ بیوقوف (___ و القُوْق و القِيْق) مِنَ الرِّجَالِ : بہت زیادہ لمبا۔ القَاق و القُوْق : ایک آبی پرندہ۔
القَائِق۔ لمبی کشتی۔
القَاوُوْق۔ ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِيْق (دخیل)
قَوْقَاتْ قَوْقَاةً الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔
القُوْقَة۔ ایک قسم کا پرندہ جو اُجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔
قَوْقَلَ۔ قَوْقَلَةً الرَّجُلُ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔
قَوْقَی قَوْقَاةً و قِيْقَاءً۔ چیخنا۔ چلانا۔
قَالَ يَقُوْلُ قَوْلًا و قَالًا و قِيْلًا و قَوْلَةً و مَقَالًا و مَقَالَةً۔ کہنا۔ بولنا ___ بِكَذَا : حکم کرنا، اعتقاد رکھنا ___ بِيَدِهٖ : ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ بِرَاسِهٖ : اشارہ کرنا ___ بِرِجْلِهٖ : چلنا ___ عَنْهُ : روایت کرنا ___ عَلَيْهِ : افترا کرنا۔ تہمت لگانا ___ الحَائِطُ : دیوار کا گرنا ___ لَهٗ : خطاب کرنا ___ فِيْهِ و عَنْهُ : اجتہاد کرنا ___ بِثَوْبِهٖ : کپڑے کو بلند کرنا ___ بِهٖ : محبت کرنا اور اپنے لیے خاص کرنا۔
القَوْمَ بِفُلَانٍ : قتل کرنا اور مَاتَ و غَلَبَ و مَالَ و اَقْبَلَ و اِسْتَرَاحَ" کے معانی میں بھی مستعمل ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قول سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَالَ فَاَكَلَ قَالَ فَضَرَبَ" وغیرہ۔ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَتَقُوْلُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا" بمعنی "اَتَظُنُّهُ مُنْطَلِقًا" اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو۔ صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُلْتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا بمعنی ظَنَنْتُ۔
قَوَّلَ و اَقَالَ اِقَالَةً و اَقْوَلَ اِقْوَالًا۔ فُلَانًا مَا لَمْ يَقُلْ : غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ و قَوَّلَهٗ : بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔
قَاوَلَهٗ مُقَاوَلَةً فِی الاَمْرِ : مباحثہ کرنا۔
تَقَوَّلَ عَلَيْهِ القَوْلَ : جھوٹ گھڑنا۔
تَقَاوَلُوْا فِی الاَمْرِ : گفت و شنید کرنا۔
اِقْتَالَ الشَّیْءَ : پسند کرنا ___ عَلَيْهِمْ : حکم لگانا۔
بِالثَّوْبِ ثَوْبًا : کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔
القَال و القِيْل۔ مص۔ گفتگو۔ القَال : ابتدا یا سوال۔ کہنے والا۔ جیسے "رَجُلٌ قَالٌ" بمعنی قَائِل۔
القِيْل : جواب۔
القَيْل۔ رئیس۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب۔ ج اَقْوَال و اَقْيَال و قُيُوْل۔
القَوْل۔ کلام یا ہر ایک لفظ۔ ج اَقْوَال جج اَقَاوِيْل۔
القَائِل۔ فا۔ ج قُوَّل و قُيَّل و قَالَة و قُوُوْل۔
القَالَة و القَوْلَة و المَقَال و المَقَالَة۔ گفتگو۔
المَقَالَة : کتاب کا ایک ٹکڑا۔ و القَالَة : لوگوں کے اندر بُری یا بھلی پھیلی ہوئی بات۔ دوپہر کا قَيْلُوْلَه۔
القُوْلَة و القُوَّال و القَوَّالَة و القَوُوْل و القُؤُوْل ج قُوُل و قُوْل و التِّقْوَلَة و التِّقْوَالَة : خوش بیان۔ بہت بولنے والا۔ القَوَّال : گویا۔ ج قَوَّالُوْن۔
المِقْوَل و المِقْوَال۔ اچھی گفتگو کرنے والا۔ تیز زبان۔ المِقْوَل : زبان ج مَقَاوِل و مَقَاوِلَة
اِمْرَأَةٌ مِقْوَل و مِقْوَال : اچھی گفتگو کرنے والی تیز زبان عورت۔
المَقُوْل و المَقْوُوْل۔ مفع۔
كَلِمَةٌ مَقُوْلَة۔ بار بار کہا ہوا کلمہ۔
قُوْلُوْن۔ ایک آنت کا نام۔
قَامَ يَقُوْمُ قَوْمًا و قَوْمَةً و قِيَامًا و قَامَةً : کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ چلنے والے سے تم کہتے ہو "قُمْ لِیْ" یعنی میری وجہ سے ٹھہرو۔
المَاءُ : پانی کا منفذ نہ پانے سے ٹھہر جانا۔ قَامَتْ بِهٖ دَابَّتُهٗ : تھک جانا۔ قَامَ مِيْزَانُ النَّهَارِ : دوپہر ہونا ___ الاَمْرُ : اعتدال پر ہونا ___ المَاءُ : پانی کا جم جانا ___ قَامَتِ السُّوْقُ : بازار کا رائج ہونا۔ قَامَ الكَلَا : گھاس کا ظاہر ہونا ___ المَتَاعُ بِهٖ : قیمت برابر ہونا ___ عَلَى الاَمْرِ : مداومت کرنا ___ بِهٖ ظُهْرُه : دردمند کرنا ___ بِالاَمْرِ : انتظام کرنا ___ عَلَى الاَمْرِ : نگہبانی کرنا ___ عَلٰى غَرِيْمِهٖ : قرض دار سے مطالبہ کرنا ___ فِی الصَّلٰوةِ : شروع کرنا ___ اَهْلَهٗ : اہل و عیال کی ضروریات کو پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَامَ يَفْعَلُ كَذَا" یعنی ایسا کرنے لگا۔ قَامَتِ الصَّلٰوةُ : نماز شروع ہو گئی۔ اور کہا جاتا ہے "قَامَ بِیْ وَقَعَدَ" یعنی میرے متعلق بری خبریں پھیلائیں۔
قَوَّمَ الشَّیْءَ : سیدھا کرنا اور اسی سے تَقْوِيْمُ البُلْدَانِ ہے جس کے معنی ہیں شہروں کا طول و عرض بیان کرنا۔ قَوَّمَ دَرْاَهٗ : کجی کو دور کرنا۔ المَتَاعَ : قیمت لگانا۔
قَاوَمَهٗ قِوَامًا و مُقَاوَمَةً : ساتھ کھڑا ہونا۔ مخالفت کرنا۔ قائم مقام ہونا۔
اَقَامَهٗ اِقَامَةً و قَامَةً۔ کھڑا کرنا۔ اَقَامَ المَائِلَ او المُعْوَجَّ : سیدھا کرنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَقْوَمَه" اور یہ مزید سے آنے کی وجہ سے شاذ ہے۔ اَقَامَ الشَّیْءَ : ہمیشہ رکھنا ___ بِالمَكَانِ : وطن بنا لینا۔ اقامت کرنا ___

الحَقَّ : حق ظاہر کرنا ___ الصَّلَاةَ : کامل
طریقہ سے ادا کرنا ___ لِلصَّلَاةِ : اقامت کہنا
___ السُّوْقَ : رائج رکھنا۔ بازار لگانا۔
تَقَاوَمَ۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُهُ
فَتَقَوَّمَ" میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔
تَقَاوَمَ الْقَوْمُ الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ : قیمت کا اندازہ
لگانا۔ تَقَاوَمُوْا فِي الحَرْبِ : بعض کا بعض کیلئے
کھڑا ہونا۔
اِقْتَامَ اِقْتِيَامًا اَنْفَهُ : ناک کاٹنا۔
اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے
"اِسْتَقَامَ لَهُ الْاَمْرُ" معاملہ اس کیلئے ٹھیک و
درست ہو گیا ___ الْمَتَاعَ : سامان کی قیمت
لگانا ___ الشِّعْرُ : شعر موزوں ہونا۔
الْقَوْمُ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج اَقْوَام و اَقَاوِم
و اَقَائِم و اَقَاوِيْم قَوْمُ الرَّجُلِ : قریبی رشتہ دار
جو ایک دادا میں شریک ہوں۔ الْقَوْمَ۔ دشمن ج
قِيْمَان (___ و الْقَوْم) کسی جگہ میں اقامت
کرنا۔ الْقَوْمَ : ارادہ۔
الْقَوْمَةُ۔ مص۔ قَامَ کا اسم مرۃ۔ قامت انسان۔
رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام۔
الْقَوَامُ۔ اعتدال۔ قَوَامُ الْاِنْسَانِ :
قد و قامت۔
الْقَوَامُ و الْقِوَامُ۔ گزارہ۔ زندگی۔
قِوَامُ الْاَمْرِ و قِيَامُهُ۔ مایۂ درستگی۔ جس سے
کسی چیز کا قیام ہو اور کہا جاتا ہے "هُوَ قِيَامُ اَهْلِهِ
و قِوَامُهُمْ" وہ اپنے اہل و عیال کیلئے سہارا ہے۔
الْقِوَامُ : سیدھا۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ قِوَامٌ" :
سیدھا نیزہ۔
الْقُوَامُ۔ ایک بیماری جو جانوروں کی ٹانگ میں
ہوتی ہے۔
الْقَامَةُ۔ مص۔ لوگوں کی جماعت ___ مِنَ
الْاِنْسَانِ : قد۔ ج قَامَات و قِيَم۔ چرخی مع سامان
کہا جاتا ہے "اِسْتَقَوْا عَلَى الْقَامَةِ" انہوں نے
چرخی پر پانی کھینچا۔ ج قِيَم۔
الْقِيَامَةُ۔ موت کے بعد اٹھنا۔ یوم قیامت۔
قبروں سے اٹھنے کا دن۔
الْقِيْمَةُ۔ قام کا اسم نوع۔ قیمت۔ ج قِيَم قِيْمَةُ
الْاِنْسَانِ : انسانی قد۔

الْقِيَمِيُّ۔ قیمت کی طرف منسوب۔
الْاِقَامَةُ۔ مص۔ اِقَامَةُ الْجُنْدِيِّ : فوجی کی ڈیوٹی۔
ج اِقَامَات۔ اور کہا جاتا ہے "طَوَى بِسَاطَ
الْاِقَامَةِ" یعنی کوچ کیا۔
التَّقْوِيْمُ۔ مص تَقْوِيْمُ الْبُلْدَانِ : ممالک کے
طول و عرض اور زمین کے خراج کا بیان۔
التَّقْوِيْمُ : جنتری۔ ج تَقَاوِيْم۔
الْقَيِّمُ عَلَى الْاَمْرِ : متولی۔ منتظم۔ مؤنث قَيِّمَة
قَيِّمُ الْمَرْاَةِ : شوہر۔ اَمْرٌ قَيِّمٌ : سیدھا معاملہ
الدِّيَانَةُ الْقَيِّمَةُ : راست بازی۔ کہا جاتا ہے
"ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ" صفت مؤنث اس وجہ سے
ہے کہ دین سے مراد ملت حنیفی ہے۔
الْقَائِمُ فا ج قُوَّم و قُيَّم و قُوَّام و قُيَّام و قِيَمٌ
و قِيَّام۔ قَائِمُ السَّيْفِ : تلوار کا قبضہ۔ قَائِمُ
الْمَاءِ : پانی کے لیے بلند عمارت جہاں سے پانی
تقسیم ہو۔ واٹرورکس۔
الْقَائِمُ مَقَامٍ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَةِ : نائب۔
ج قُوَّامُ الْمَقَامَات۔
الْقَائِمَةُ۔ قائم کا مؤنث ج قَائِمَات و قَوَائِم
قَائِمَةُ السَّيْفِ : تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَةُ الدَّابَّةِ :
جانور کی ٹانگ اور اسی سے ہے قَائِمَةُ الْخِوَانِ او
السَّرِيْرِ : دسترخوان یا تخت کا پایہ۔ ج قَوَائِم
الْقَائِمَةِ : کتاب کا ورق۔ الْعَيْنُ الْقَائِمَةُ : ایسی
آنکھ جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا
اپنی جگہ پر قائم ہو۔
قَوْمِيَّةُ الْاَمْرِ : معاملہ کی درستگی۔ قَوْمِيَّةُ
الْاِنْسَانِ و قُوْمِيَّتُهُ : قامت انسان۔
الْقَوَّامُ۔ اچھے قد و قامت والا۔ امور کا منتظم۔
اچھی نگرانی کرنے والا۔ امیر۔ ج قَوَّامُوْنَ۔
الْقَوِيْمُ۔ معتدل۔ اچھے قد و قامت والا۔ ج قِيَام۔
الْقَيَّامُ و الْقَيُّوْمُ۔ ہر چیز کا نگہبان۔ بے شکل و بے
ہمتا۔ وہ ذات جو ابدی ہو اور قائم بذاتہ ہو۔ الْقَيُّوْمُ :
اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الْاَقْوَمُ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَقْوَمُ
كَلَامًا مِنْ فُلَانٍ" فلاں بہ نسبت فلاں کے زیادہ
سیدھی سادی گفتگو کرنے والا ہے۔
الْمَقَامُ۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ مرتبہ ج
مَقَامَات (___ و الْمُقَام) کھڑا ہونا۔ کھڑے

ہونے کی جگہ۔ کھڑے ہونے کا زمانہ۔
الْمَقَامَةُ۔ مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی
جماعت۔ خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع
میں بیان کی جائے۔ ج مَقَامَات۔ اور اسی سے
ہے۔ مقامات بدیعی، مقامات حریری وغیرہ۔
الْمِقْوَمُ۔ ہل کا دستہ۔
الْمُقَامَةُ۔ کھڑا ہونا۔ لوگوں کی جماعت۔ وطن
اقامت۔
الْمُقِيْمُ۔ فا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مُقِيْمٌ
و مُقْعِدٌ" یہ معاملہ اضطراب انگیز ہے۔
تَقَوَّنَ الرَّجُلُ : ظلم کرنا۔ زبان درازی کرنا۔
حد سے گزرنا ___ تَقَوَّنَ الرَّجُلُ : اچھی
تعریف کرنا۔
الْقَوْنَةُ۔ لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو
جوڑتے ہیں۔ ج قُوَن۔
الْقَانُ۔ ایک درخت ہے جس سے کمانیں
بناتے ہیں۔
الْقَاوُوْنُ۔ ککڑی کی ایک قسم۔
قَوَّهَ تَقْوِيْهًا۔ الرَّجُلُ : چلّانا ___ الصَّيْدَ :
گھیر اڑانا۔
تَقَاوَهَ : الرَّجُلَانِ۔ صرخا فتعارفا : نشان
مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہچاننا۔
اِسْتَقْوَهَهُ۔ شکار کا گھیر اڑانے کیلئے کہنا۔
اَيْقَهَ۔ اطاعت کرنا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اَيْقِهْ
لِهٰذَا" یعنی اس کو سمجھو۔ اَيْقَهَ و اِسْتَيْقَهَ :
اطاعت کرنا۔ اور یہ دونوں اَوْقَهَ و اِسْتَوْقَهَ کے
مقلوب صیغے ہیں۔
الْقَاهُ۔ طاعت۔ عزت۔ مرتبہ۔ خوش حال
زندگی۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَكَ عَلَيَّ قَاهٌ" تم کو
میرے اوپر کوئی قدرت نہیں۔
الْقَاهِي۔ خوش حال زندگی والا۔
قَوِيَ يَقْوَى قُوَّةً۔ توانا ہونا۔ مضبوط ہونا۔
___ عَلَى الْاَمْرِ : طاقت رکھنا (___ قَوًى)
بہت بھوکا ہونا ___ الْمَطَرُ : بارش بند ہونا۔
قَوِيَتْ قِيًا و قَوَايَةً۔ الدَّارُ : گھر کا خالی ہونا۔
قَوَّى الرَّجُلَ اَوِ الشَّيْءَ : مضبوط کرنا۔
قَاوَى مُقَاوَاةً الرَّجُلَ : طاقت میں غالب
ہونا۔ تم کہتے ہو "قَاوَانِي فَقَوَيْتُهُ" اس نے مجھ

سے قوت میں مقابلہ کیا میں غالب ہو گیا و قاواہ : دینا۔

اَقْوَی اِقْوَاءً۔ محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اُترنا۔ مالدار ہونا۔ مضبوط و جانور والا ہونا۔ اَقْوَتِ الدَّارُ : رہنے والوں سے خالی ہونا۔ اَقْوَی الْقَوْمُ : قوم کا توشہ ختم ہونا ___ الرَّجُلُ : بھوکا ہونا اور کھانے کو کچھ نہ ہونا۔ اَقْوَی الْبُقْعَۃَ : خالی کرنا۔ اَقْوَی الشِّعْرَ : اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا ___ الْحَبْلَ : رسّی کو جا بجا موٹا بٹنا۔

تَقَوَّیٰ : قوی ہونا۔ مضبوط ہونا۔

تَقَاوَیٰ تَقَاوِیًا۔ بھوکے رات بسر کرنا۔ الْقَوْمُ الْمَتَاعَ بَیْنَھُمْ : قیمت بڑھانا یہاں تک کہ انتہائی قیمت پر پہنچنا ___ الْقَوْمُ الدَّلْوَ : سب کا ڈول کے منہ پر منہ لگا کر پینا۔

اِقْتَوَیٰ اِقْتِوَاءً۔ الْمَتَاعَ : قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا ___ شَیْئًا بِشَیْءٍ : تبدیل کرنا ___ عَلَیٰ فُلَانٍ : عتاب کرنا ___ الرَّجُلُ : مضبوط اور قوی ہونا ___ الشَّیْءَ : اپنے لیے خاص کرنا۔

اِسْتَقْوَیٰ اِسْتِقْوَاءً : قوی ہونا۔

الْقَوَاءُ والْقِوَاءُ ج اَقْوَاء۔ الْقِيّ والْقَوَایَۃ والْقَوِیُّ : خالی اور چٹیل میدان۔ الْقَوَاء والْقَوَایَۃ بے بارش کی زمین۔ مَنْزِلٌ قَوَاءٌ : منزل جس میں کوئی انیس نہ ہو۔

الْقَوَاءُ والْقَوَیٰ۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ الْقَوَاءَ او الْقَوَیٰ" بھوکے رات بسر کی۔

الْقُوَّۃُ۔ زور۔ طاقت۔ توانائی۔ ج قُوَّات و قُوًی و قِوًی۔ رسّی کی لڑی۔ ج قُوَیً۔ الْقُوَیٰ : عقل۔

الْقَاوِیْ۔ فا۔ پکڑنے والا۔ لینے والا۔ بَلَدٌ قَاوٍ۔ خالی شہر۔

الْقَاوِیَۃُ۔ مؤنث قاوی۔ انڈا۔ کم بارش کا سال۔ اِبِلٌ قَاوِیَاتٌ : بھوکے اونٹ۔

التَّقَاوِیْ۔ مص۔ تَقَاوِی الْاَمْطَارِ : بارش کی قلت۔

الْقَوِیُّ۔ مضبوط۔ زوردار ج اَقْوِیَاءُ :

الْمُقْوِیْ۔ فا۔ الْفَرَسُ الْمُقْوِیْ : مضبوط گھوڑا بَلَدٌ مُقْوٍ : شہر جو بارش سے خالی ہو۔

قَاءَ یَقِیْءُ قَیْئًا۔ مَا اَکَلَہٗ : قے کرنا۔ صفت قَائِیٌٔ

قَاءَتِ الطَّعْنَۃُ الدَّمَ : نیزہ کا خون بہانا۔ کہا جاتا ہے قَاءَتِ الْاَرْضُ الْکَمْأَۃَ : سانپ کی چھتری کو اُگانا۔ وقَاءَ الرَّجُلُ نَفْسَہٗ : مرنا۔

قَیَّاَ تَقْیِئَۃً و اَقَاءَ اِقَاءَۃً فُلَانًا مَا اَکَلَہٗ : قے کرانا۔

تَقَیَّاَ تَقَیُّؤًا و اِسْتَقَاءَ اِسْتِقَاءَۃً بتکلف قے کرنا۔

الْقُیَاء۔ قے۔ قے آور دواء۔

الْقَیُوْءُ والْقَیُّوْ۔ بہت قے کرنے والا۔

الْمُقْیِیْ۔ قے آور دوا۔

الْقِیْثَار والْقِیْثَارَۃ۔ ج قَیَاثِیْر والْقِیْثَار والْقِیْثَارَۃ ج قَیَاثِیْر : سارنگی۔

قَاحَ یَقِیْحُ قَیْحًا وقَیَّحَ واَقَاحَ وتَقَیَّحَ الْجُرْحُ : زخم کا پیپ والا ہونا یا پیپ بہنا۔

الْقَیْح۔ پیپ۔ پیپ جس میں خون کی آمیزش نہ ہو۔

قَیِدَ الرَّجُلُ : بیڑی ڈالا جانا۔

قَیَّدَہٗ تَقْیِیْدًا۔ بیڑی ڈالنا۔ روکنا ___ ہٗ : بِالْاِحْسَانِ : احسان مند بنانا۔ قَیَّدَ الْکِتَابَ : اعراب لگانا ___ الْکَاتِبُ والمتکلمُ : کلام کو کسی قید سے مقید کرنا ___ الْحِسَابَ : حساب لکھنا ___ الْخَطَّ : نقطے اور اعراب لگانا۔

تَقَیَّدَ۔ بیڑی میں ہونا۔ رُکنا۔

الْقَیْد۔ جانور کے پاؤں باندھنے کی رسی وغیرہ۔ ج قُیُوْد و اَقْیَاد۔ وقَیْدُ الْاَسْنَانِ : مسوڑھا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ قَیْدُ الْاَوَابِدِ" تیز رفتار گھوڑا۔ یعنی اپنی تیز رفتاری کی وجہ سے وحشی جانوروں کے لیے قید کی مانند ہے کہ وہ ان کو بھاگنے سے روک دیتا ہے۔

الْقَیْد والْقِیْد والْقَاد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا قَیْدُ رُمْحٍ او قَادُ رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

الْقِیَاد۔ رسّی۔ جس سے جانور کو کھینچا جائے۔

الْقَیِّدُ مِنَ الْخَیْلِ او الْاِبِلِ : سدھا ہوا۔ تابعدار گھوڑا یا اونٹ۔

الْمُقَیَّد۔ مفع جانور کے پاؤں میں رسّی باندھنے کی جگہ۔ ج مَقَایِیْد : پازیب پہننے کی جگہ۔ کِتَابٌ مُقَیَّدٌ : اعراب لگی ہوئی کتاب اور کہا جاتا ہے "اِمْرَاَۃٌ مُقَیَّدَۃُ الْخِمَارِ" یعنی آزاد عورت۔ وبِئْرٌ مُقَیَّدٌ بہت سے بچھو۔ واَرْضٌ مُقَیَّدَۃُ الْحِمَارِ : زمین سنگلاخ۔

قَیَّرَ۔ الشَّیْءَ : کسی چیز پر قار ملنا۔

اِقْتَارَ الْحَدِیْثَ : بحث کرنا۔ کھود کرید کرنا۔

الْقِیْرُ والْقَارُ۔ سیاہ رنگ کی ایک چیز جس کو کشتی پر ملتے ہیں تاکہ پانی اندر نہ آئے۔

الْقَیُّوْر۔ گمنام۔ غیر معروف النسب۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَقْیَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے زیادہ کڑوا ہے۔

الْقِیْرَاط۔ دیکھو مادہ ق ر ط۔

قَیْرَوَان۔ مغرب میں ایک شہر کا نام۔

الْقَیْرَوَان۔ گھوڑوں کا گلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔ قافلہ۔ ج قَیْرَوَانَات (دخیل)

قَاسَ یَقِیْسُ قَیْسًا و قِیَاسًا۔ ناز سے چلنا۔ بھوکا ہونا ___ ہٗ : سابق ہونا (___ قَیْسًا) الطَّبِیْبُ قَعْرَ الْجِرَاحَۃِ : زخم کی گہرائی ناپنا۔ صفت قَائِس ___ الشَّیْءَ بِغَیْرِہٖ او عَلَیٰ غَیْرِہٖ : نمونہ پر اندازہ کرنا۔

اَقَاسَ الشَّیْءَ بِغَیْرِہٖ و عَلَیْہِ و اِلَیْہِ۔ نمونہ پر اندازہ کرنا۔

قَایَسَ قِیَاسًا و مُقَایَسَۃً بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ : اندازہ کرنا ___ الشَّیْءَ بِکَذَا و اِلَیٰ کَذَا : اندازہ کرنا ___ الرَّجُلَ : اندازہ کرنے میں مقابلہ کرنا ___ و اِلَیٰ کَذَا : سابق ہونا۔

تَقَیَّسَ۔ قبیلہ قیس عیلان سے مشابہ ہونا۔ قبیلہ قیس کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا۔ یا قبیلہ قیس کے حلیف ہونے یا پڑوسی ہونے یا ان سے ولاء کا تعلق ظاہر کرنا۔

اِنْقَاسَ۔ اندازہ ہونا۔

اِقْتَاسَ۔ الشَّیْءَ : اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقْتَاسُ بِاَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کی پیروی کرتا ہے۔

الْقَاس والْقِیْس۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا قَاسُ رُمْحٍ او قِیْسُ رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار فاصلہ ہے۔

الْقِیَاس۔ مص۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْقِیَاسُ ذَاکَ" یہ اس کے مشابہ ہے الْقِیَاسُ فِی الْمَنْطِقِ :

وہ قول ہے جو کم از کم دو قضایا سے مرکب ہو کہ جن کے تسلیم کر لینے سے ایک دوسرا قول لازم ہو۔

القِیَاسِی۔ مطابق قیاس۔

القَیَّاس۔ بہت قیاس کرنے والا۔

المِقْیَاس۔ مقدار جس سے اندازہ کیا جا سکے۔ ج مَقَایِیس۔

القَیْسَرِیّ۔ بڑا۔ ج قَیَاسِر و قَیَاسِرَة۔

قَیْسَارِیَة۔ قیصریہ کی تحریف ہے۔ اور یہ چند شہروں کا نام ہے۔ جو قیاصرہ روم کے ناموں پر رکھے گئے تھے۔ جیسے قیساریہ فلسطین قیساریہ فیلبس قیساریہ کبادوکیا۔

قَاصَتْ تَقِیصُ قَیْصًا۔ السِّنُّ: دانت کا جڑ سے گرنا۔ قَاصَ البَطْنُ: پیٹ کا حرکت کرنا۔

اِنْقَاصَ و تَقَیَّصَ الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا اور گرنا ـــــ الفِرْسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں پھٹ جانا۔ تَقَیَّصَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا اِنْقَاصَتِ البِئْرُ: پانی بہت ہونا۔ یہاں تک کہ گرنے کے قریب ہونا۔

قَاضَ یَقِیضُ قَیْضًا الشَّیَٔ: پھاڑنا۔ ـــــ الشَّیَٔ: پھٹنا ـــــ السِّنُّ: دانت ہلنا ـــــ الشَّیَٔ بِالشَّیٔ: مانند بنانا ـــــ الشَّیَٔ مِنَ الشَّیٔ: بدلہ میں لینا۔

قِیضَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔

قَیَّضَ اللّٰہُ لَہٗ کَذَا: مقدر کرنا ـــــ اللّٰہُ فُلَانًا لِفُلَانٍ: لانا۔

قَایَضَ قِیَاضًا و مُقَایَضَۃً فُلَانًا بِکَذَا: مبادلہ کرنا۔

تَقَیَّضَتِ البَیْضَۃُ: انڈے کا ٹوٹنا۔ تَقَیَّضَ لَہٗ کَذَا: مقدر رہونا ـــــ سبب ہونا ـــــ اَبَاہُ: باپ کے مشابہ ہونا (ـــــ اِنْقَاضَ) الحَائِطُ: دیوار گرنا۔ اِنْقَاضَتِ الرَّکِیَّۃُ او السِّنُّ: گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔

تَقَایَضَ تَقَایُضًا۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔

اِقْتَاضَ الشَّیَٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔

القَیْضُ۔ مص۔ انڈے کا خشک چھلکا (ـــــ و القِیَاضُ) برابر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا قَیْضٌ او قِیَاضٌ لِکَذَا" یہ اس کے برابر ہے و "ھُمَا قَیْضَانِ" وہ دونوں ہم مثل ہیں۔

القَیْضَۃ۔ ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا۔ ج قِیَضٌ۔

القَیْضُ و القَیْضَۃ۔ پتھر کہ جس کو گرم کر کے بکری وغیرہ کے نقرۂ گردن پر داغ لگائیں۔

المَقِیضُ۔ انڈے کی جگہ۔ بِئْرٌ مَقِیضَۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔ بَیْضَۃٌ مَقِیضَۃٌ: ٹوٹا ہوا انڈا۔

قَاظَ یَقِیظُ قَیْظًا۔ الیَوْمُ: سخت گرم ہونا (ـــــ و قَیَّظَ و تَقَیَّظَ و اِقْتَاظَ) القَوْمُ بِالمَکَانِ: گرمی کا زمانہ گزارنا۔ قِیْظُوْا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔ قَیَّظَہُ الشَّیُٔ: گرمی کے زمانہ کے لیے کافی ہونا۔

قَایَظَہٗ قِیَاظًا و مُقَایَظَۃً۔ گرمی کا زمانہ ساتھ گزارنا۔ موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔

القَیْظُ۔ گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ ج اَقْیَاظٌ و قُیُوْظٌ۔

القَائِظُ و القَیِّظُ۔ سخت گرمی والا۔ یَوْمٌ قَائِظٌ: سخت گرمی کا دن۔ قَیْظٌ قَائِظٌ: سخت گرمی۔

القَیْظِیّ۔ جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔

المَقَاظُ و المَقِیظُ و المَقْیَظُ۔ گرمی کا زمانہ بسر کرنے کی جگہ۔

المَقِیظَۃ۔ گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔

کَرَبَ (ن) کَرْبًا الحَبْلَ: رسی بٹنا ___ القَیْدَ عَلَی المُقَیَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔ ___ ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا ___ ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ کَرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا ___ فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (___ کُرُوْبًا) قریب ہونا۔ النَّارُ: آگ بجھنے لگنا۔ کَرَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا ___ فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ کَرَبَ النَّاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "کَرَبَ یَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے (___ کَرْبًا و کِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَّرْعِ: کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔

کَرِبَ (س) کَرَبًا الرَّجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا۔

کُرِبَ۔ غم لاحق ہونا۔

کَرَّبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسی

باندھنا ___ الرَّجُلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَکْرَبَ قریب ہونا ___ الْاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا ___ الْاِنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔
___ فِی السَّیْرِ: دوڑنا ___ الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
کَارَبَهٗ مُکَارَبَةً وکِرَابًا۔ قریب ہونا۔
تَکَرَّبَ۔ تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا واِکْرَابَّ اِکْرِبْبَابًا سخت غمگین ہونا۔
الْکَرْبُ۔ ج کُرُوْب والْکَرْبَة ج کُرَب: غم اور مشقت۔
الْکَرَبُ۔ ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسی' کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَةٌ۔
الْکَرَبَةُ۔ گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب۔
الْکَرَائِبَةُ۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب۔
الْکَرَابَةُ والْکُرَابَةُ۔ کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَة۔
الْکِرَابُ۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد کَرَبَةٌ۔
الْکَرُوْبِیُّوْن والْکَرُوْبِیَّة۔ اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُوبیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوْب۔ اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوْب۔
الْکَرِیْبُ۔ نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الْکَرِیْبُ مِنَ الْاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (___ والْمَکْرُوْب) غمگین۔
الْکَرِیْبَةُ۔ کَرِیب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الْاِکْرَابُ۔ مع جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْ رِجْلَیْكَ بِاِکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔

الْمُکْرَبُ مِنَ الْمَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔
الْکُرْبَجُ۔ دکان یا دکان کا سامان۔ ج کَرَابِج (دخیل)
کَرْبَدَ فِی عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔
الْکِرْبِزُ۔ بڑا کھیرا۔
کَرْبَسَ۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔
تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
الْکِرْبَاس۔ کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیس (دخیل)
رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔
کَرْبَشَ۔ چھلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ___ الشَّیْءَ: لپیٹنا اور باندھنا۔
تَکَرْبَشَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔
کَرْبَعَهٗ۔ پچھاڑنا ___ الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا ___ قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔
تَکَرْبَعَ۔ چوتڑوں کے بل گرنا۔
کَرْبَلَ۔ کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا ___ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا ___ الْحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا' صاف کرنا۔
الْکِرْبَالُ۔ گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ روئی دھنے کی کمان۔ ج کَرَابِیل۔
الْکَرْبَلَةُ۔ مع۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِی مُکَرْبِلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
کَرْتَحَهٗ۔ پچھاڑنا۔
تَکَرْتَحَ فِی مَشْیِهٖ: تیز گزر جانا۔
کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا و اَکْرَثَ الْغَمُّ فُلَانًا: سخت غمگین کرنا۔
اِنْکَرَثَ الْحَبْلُ: رسی کا ٹوٹنا۔
اِکْتَرَثَ لِلْاَمْرِ: پروا کرنا ___ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَکْتَرِثُ لِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔
الْکَرَّاثُ والْکُرَّاث۔ گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَةٌ۔
الْکَارِثُ۔ غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث۔
الْکَرِیْثُ۔ غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الْاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔
کَرْثَأَ وتَکَرْثَأَ الشَّعْرُ ونَحْوُهٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
الْکِرْثِئُ۔ تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
الْکِرْثِئَةُ والْکِرْثَاۃُ۔ گنجان سبزی۔
الْکَرِیْثَاء۔ کچی کھجور۔
کَرِجَ (س) کَرَجًا وکَرَّجَ واَکْرَجَ وتَکَرَّجَ الْخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَّنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔
الْکُرْجُ۔ ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیّ (___ والْکُرَّجُ) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔
الْکُرَّجِیُّ۔ مخنث
الْکَرَارِجَةُ والْکُرَیْرِجُ: ایک چھوٹی سبز رنگ کی مچھلی۔
الْکِرْحُ۔ راہب کی کوٹھری۔ ج اَکْرَاح۔
کَرَخَ (ف) کَرْخًا الْمَاءَ اِلٰی مَوَاضِعِهٖ: چلانا۔
کَرَدَ (ن) کَرْدًا۔ ہانکنا ___ الْعَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا ___ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
کَارَدَهٗ مُکَارَدَةً۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الْکَرْدُ۔ گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِکَرْدِهٖ او بِکَرْدَنِهٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔
الْکُرْدُ والْاَکْرَاد۔ ایشیا کی ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْدِیٌّ۔
الْکِرْدِیْدَةُ۔ کھجور کی بڑی ڈھیری۔
کَرْدَحَ۔ پست قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فِی عَدْوِهٖ: پست قد کی طرح دوڑنا۔
الْکِرْدَحُ۔ بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
الْکُرَادِحُ۔ پست قد۔
الْکِرْدَاحُ۔ دوڑنے میں قریب قریب قدم

رکھنے والا۔

الکَرْدَحَۃ۔ مص۔ تیز دوڑ۔

المُکَرْدَح۔ فا۔ ذلیل وخوار۔

کَرْدَسَ الخَیْلَ : گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا ــــ الشَّیْءَ : باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ــــ الحِمارَ : گدھے کو تیز ہانکنا ــــ ہٗ : پچھاڑنا۔

کُرْدِسَ الرَّجُلُ : ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔

تَکَرْدَس۔ سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔

الکُرْدُوس۔ کندھے کی ہڈی۔

الکُرْدُوسَۃ۔ گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس و کَرَادِیس۔ کَرَادِیْسُ الفَرَسِ : گھوڑے کے جوڑ۔

المُکَرْدَس۔ گٹھے بدن کا۔

کَرْدَمَ۔ موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ ــــ القَوْمَ : جمع کرنا۔

تَکَرْدَمَ۔ گھبرا کر دوڑنا۔

الکَرْدَم و الکُرْدُوْم مِنَ الرِجالِ : موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِم و کَرَادِیم۔ الکَرْدم : بہادر۔

کَرَزَ (ض) کُرُوْزًا۔ داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ ــــ اِلٰی فُلَانٍ : پناہ لینا (ــــ کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔

کَرَّزَ البَازِیَ : باز کو سدھانے کے لیے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔

کُرِّزَ۔ البَازِیُ : باز کے پروں کا گرنا۔

کَارَزَ مُکَارَزَۃً اِلَی المَکانِ : دوڑ کر چھپنا۔ ــــ عَنْہُ : بھاگنا ــــ ہٗ : بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا ــــ القَوْمُ : ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔

الکُرْز۔ چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْزُ الجُعَل : گبریلا کی گولی۔ ج اَکْرَاز و کِرَزَۃ۔

الکَرَز۔ ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد۔ کَرَزَۃ۔

الکُرَّز۔ حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَازِزَۃ۔ (ــــ والمُکَرَز و الکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔

الکَارِز و الکَارُوْز۔ انجیل کا واعظ۔

الکُرَاز۔ ج کِرْزَان و الکُرَّاز : شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔

الکَرَّاز۔ چرواہے کا تھیلا اُٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا ــــ مِنَ المَعْزِ : گھنگی دار بکری۔ ج کَرَارِیز۔

الکِرِّیز۔ پنیر۔

الکِرَازَۃ۔ انجیل کا وعظ۔

کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرَّجُلُ : دوپہر میں کھانا۔

الکُرْزُم۔ بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔

الکِرْزِم و الکِرْزِیم۔ کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم و کَرَازِیم۔

الکُرْزُن۔ بڑا کلہاڑا۔

الکِرْزِیْن۔ بڑا کلہاڑا۔ ج کَرَازِیْن۔

کَرَّسَ البِنَاءَ : عمارت کی بنیاد رکھنا۔ الأُسْقُفُ البِیعَۃَ او الاَوَانِی الکَنِیْسَۃَ وغَیْرَھَا : وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص کرنا۔

اَکْرَسَ : المَکَانُ : بول و براز سے لتھڑنا۔ ہٗ : بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔

تَکَرَّسَ۔ بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص ہونا ــــ الشَّیْءُ : تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا ــــ اُسُّ البِنَاءِ : عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا ــــ الحَبَّ ونَحْوَہٗ : دانہ وغیرہ جمع کرنا۔

اِنْکَرَسَ عَلَیْہِ : اوندھا ہونا ــــ فِی الشَّیْءِ : اوندھا ہو کر داخل ہونا۔

الکِرْس۔ ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جز۔ ج اَکْرَاس و جج اَکَارِیس۔ کِرْسُ الحَوْضِ : حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔

الکُرَّاسَۃ و الکُرَّاس۔ کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیس۔

الکُرْسِیّ۔ تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ و کَرَاسٍ کُرْسِیُّ الأُسْقُف۔ پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِک : تخت شاہی۔ والکُرْسِیّ : علم : کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اَھْلِ الکُرْسِیّ" : یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِھٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لیے پشتہ بنادو۔ کُرْسِیُّ الجَوْزَا : چند ستاروں کا مجموعہ۔ الکَرَاسِیّ : علماء۔

الکِرْیَاس۔ چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَایِیس۔

الکَرَوَّس۔ بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔

المُکْرَس و المُکَرَّس۔ مفع ــــ مِنَ القَلَائِدِ : دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المَکَرَّس جوان پستہ قد پُرگوشت۔

کَرْسَعَ کَرْسَعَۃً الرَّجُلُ : دوڑنا ــــ فُلَانًا : گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔

الکُرْسُوْع۔ گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج کَرَاسِیع۔ کُرْسُوْعُ القَدَمِ : ٹخنے کا جوڑ۔

الکَرْسَعَۃ و الکُرْسُوْعَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔

المُکَرْسَع۔ گٹے کے چھنگلیا کی طرف ابھرا ہوا حصہ والا۔ مؤنث مُکَرْسَعَۃ۔

کَرْسَفَ الدَّابَۃَ : چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔ ــــ البَعِیْرَ : اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔ ــــ الدَّوَاۃَ : دوات میں صوف ڈالنا۔

تَکَرْسَفَ۔ کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا ــــ الشَّیْءُ : بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکِرْسَافَۃ۔ آنکھ کی کدورت۔

الکُرْسُف و الکُرْسُوْف۔ روئی۔

الکُرْسُفَۃ و الکُرْسُوْفَۃ۔ روئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔

الکِرْسِنَّۃ و الکِرْسَنَّۃ۔ ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤ دانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔

کَرِشَ (س) کَرَشًا الجِلْدُ : کھال سکڑنا۔ ــــ الرَّجُلُ : تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔

کَرَّشَ۔ ترش روئی کرنا۔ مُکَرَّشَۃ (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔

تَکَرَّشَ وَجْھُہٗ : ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھنا

ـــــ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔

اِسْتَکْرَشَ الجَدْیُ: بکری کے بچّے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَکْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدیِ: بکری کے بچّہ کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کا بچّہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کِرْش کہتے ہیں) ـــــ الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔

الکِرْش و الکَرِش۔ جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوْش۔ الکَرِش والکِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَکْرَاش وکُرُوْش۔ کَرِش القَوْمُ: قوم کا بڑا حصّہ۔ کَرِشُ کُلِّ شَیٔ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔

التَکْرِیْشَة۔ اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔

الاَکْرَشُ مِنَ الرِجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاء ج کُرْشٌ۔ قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پُرگوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔

المُکَرَّشَة۔ کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔

کَرَصَ (ض) کَرْصًا الشَیٔ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

کَرَّصَ۔ پنیر کھانا۔

اِکْتَرَصَ۔ الشَیٔ: جمع کرنا۔

الکَرِیْص۔ پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔

المِکْرَص۔ دودھ دوھنے کا برتن۔

کَرَضَ (ن) کَرْضًا الشَیٔ: تہ بتہ رکھنا۔

کَرَظَ (ن) کَرْظًا فِیْ عِرضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔

کَرَعَ (ف) و کَرِعَ (س) کَرْعًا و کُرُوْعًا فِیْ المَاءِ او الاِنَاءِ: پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔

کَرَعَهُ (ف) کَرْعًا۔ پنڈلی پر تمہارنا۔

کَرِعَ (س) کَرَعًا۔ دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا ـــــ السَاقُ: پنڈلی کے اگلے حصّہ کا باریک ہونا۔ کَرِعَتِ السَمَاءُ: برسانا۔

اَکْرَعَهُ الصَیْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَکْرَعَ القَوْمُ: منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔

تَکَرَّعَ ـــــ الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔

الکَرَع۔ مص۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ و رِجَالٌ کَرَعٌ" الکُرَاع مِنَ البَقَرِ و الغَنَم: گائے بکری کے پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ و الکُرَاع مِنَ الاِنْسَان: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اَکْرُع و اَکَارِع۔

الکُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔

کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِیْ کُرَاعِ الطَرِیْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اکارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔

الکُرَاعِی۔ پائے کا بیچنے والا۔

الکَارِع۔ فا۔ پانی میں گھسنے والا پیے یا نہ پیے۔

الکَارِعَة۔ کارع کا مؤنث۔ ج کَارِعَات۔

الکَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔

الکَرِیْع۔ برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔

الاَکْرَع۔ پتلی پنڈلیوں والا۔

الکَرَّاع۔ اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔

المَکْرَع۔ جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَکَارِع۔

فَرَسٌ مُکْرَعُ القَوَائِم: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔

المُکْرَعَةُ مِنَ النَخِیْلِ و غَیْرِہٖ: پانی لگائی ہوئی کھجور۔

کَرَفَ (ن ض) کَرْفًا و کِرَافًا و اَکْرَفَ الحِمَارُ و غَیْرہ: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ کَرَفُ الشَیٔ: سونگھنا۔ اَکْرَفَتِ البَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔

الکِرْف۔ ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

کَرْفَاَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ کَرْفَاَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

تَکَرْفَاَ السَحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الکِرْفِئُ۔ بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَة کہتے ہیں۔ الکِرْفِئُ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُکَرْفَح۔ بدصورت چہرہ والا۔

کَرْفَسَ کَرْفَسَةً۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ـــــ البَعِیْرَ: تنگ باندھنا۔

تَکَرْفَسَ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکُرْفُس۔ رُوئی۔

الکَرَفْس۔ اجوائن۔

الکُرْکِیّ۔ سارس۔ ج کَرَاکِیّ۔

الکَرْکَدَّن۔ گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کَرکَدَنّ کہتے ہیں۔

کَرْکَرَ کَرْکَرَةً الشَیٔ: بار بار اعادہ کرنا ـــــ الرحٰی: چکی گھمانا ـــــ الحَبَّ: دانہ پیسنا۔

الشَیٔ: جمع کرنا ـــــ الرَّجُلَ: قید کرنا ـــــ فِی الضِحْک: بہت ہنسنا ـــــ الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا ـــــ الرِیَاحُ السَحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا ـــــ الاَمْرَ عَنْه: دفع کرنا، ہٹانا۔ رد کرنا ـــــ بِالدَجَاجَة: مرغی کو بلانا۔

تَکَرْکَرَ فِیْ الاَمْرِ: مضطرب ہونا ـــــ المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا ـــــ الطَائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الکَرْکَر۔ ایک آبی پرندہ۔

الکَرْکَرَة۔ مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

الکِرْکِرَة۔ سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج کَرَاکِر۔ الکَرَاکِر: گھوڑے کے

جوڑ۔

الکَرْکُوْرَة۔ گہری وادی۔

کَرْکَسَ الشَیْئَ :رَد کرنا۔ ہٹانا ــــ الدَابَة چوپائے کو باندھنا (ــــ و تَکَرْکَسَ) الإِنْسَانُ :اوپر سے نیچے لڑھکنا۔

الکُرْکُمْ۔ زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔

الکَرْکَند۔ سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔

کَرُمَ (ک) کَرَمًا و کَرَمَةً و کَرَامَةً۔ عزیز و نفیس ہونا' آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا ــــ السَحَابُ :بارش لانا۔

کَرَمَهٗ (ن) کَرْمًا۔ کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَهٗ فَکَرَمَهٗ" اِس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہوگیا۔

کَرَّمَهٗ تَکْرِیْمًا و تَکْرِمَةً۔ تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ :اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (ــــ و کُرِّمَ) السَحَابُ :بادل کا بہت پانی والا ہونا۔

کَارَمَهٗ۔ کرم میں مفاخرت کرنا۔ و کَارَمْتُ فُلَانًا : میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔

اَکْرَمَ۔ کریم اولاد والا ہونا ــــ فُلَانًا : تعظیم کرنا ــــ نَفْسَهٗ عَنِ المَعَاصِی :بچانا' محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَهٗ لِی" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔

تَکَرَّمَ۔ بتکلف کرم کرنا (ــــ و تَکَارَمَ) عَنْ کَذَا :بچنا۔ دُور رہنا۔

اِسْتَکْرَمَ۔ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا ــــ الشَیْئَ :اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔

الکَرَمُ۔ مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الکَرَم۔ صفت بمعنی کریم و طیب۔ اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ و نِسَاءٌ کَرَمٌ و اَرْضٌ کَرَمٌ۔

الکَرْم۔ انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوْم۔ بِنْتُ الکَرْمِ او الکَرْمَةِ او الکُرُوْمِ شراب۔ الکَرْم :ہار۔

الکَرْمَة۔ انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے الکَرْمَة : سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَة" مرد کریم۔

الکَرَامَة۔ مص کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِكَ حُبًّا و کَرَامَةً لَكَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "و لَهٗ عَلَیَّ کَرَامَة" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَة :امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا وکُرْمَةً و کَرْمَةً و کُرْمٰی و کُرْمَانًا و کُرْمَةَ عَیْنٍ لک۔ یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔

الاُکْرُوْمَة۔ کرم کا فعل۔

التَکْرِمَة۔ مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔

الکَرِیْم۔ صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ کَرِیْمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام و کُرَمَاء۔ اور لفظ "کَرِیْم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ : بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْم :نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ : معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْهٌ کَرِیْمٌ :جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَان :حج اور جہاد۔

الکَرِیْمَة۔ کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات و کَرَائِم و کِرَام۔ الکَرِیْمة : ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الکَرِیْمَتَان : دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَةُ الرَجُل :بِنْیُ الکَرِیْمَةِ : صاحب کریم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَ کَرِیْمَةُ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہو۔ کریمۃ میں تا مبالغہ کے لیے ہے۔ کَرَائِمَ المَال :عمدہ اور بہترین مال۔

الکُرَام۔ کریم۔ ج کُرَامُوْن۔

الکَرَّام۔ انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔

الکُرَّام و الکُرَّامة۔ بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن۔

المَکْرَمَانُ۔ کریم بہت وسیع اخلاق والا۔ اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرَمَانُ۔

المَکْرَم و المَکْرُمَة۔ شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم۔ اَرْضٌ مَکْرَمَةٌ لِلْنَبَاتِ :عمدہ زرخیز زمین۔

المَکْرُم و المَکْرُمَة۔ کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیْرِ مَکْرُمَةٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔

المِکْرَام۔ لوگوں کا اِکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔

المُکَرَّم۔ مفعو۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔

کَرْنَبَ الرَجُلُ :چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا ــــ ضَیْفَهٗ :مہمان کو کرم کلا کھلانا۔

الکُرْنُب و الکَرَنْب کرم کلا۔

الکُرْنُبِیَّة۔ ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔

کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ : کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَهٗ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔ کَرْنَفَ الشَیْئَ بِالسَیْفِ : تلوار سے کاٹنا ــــ النَخْلَةَ : تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔

الکِرْنَاف و الکُرْنَاف۔ کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ واحد کُرْنَافَةٌ ج کَرَانِیْف۔

اَنْفٌ مُکَرْنَف۔ موٹی ناک۔

کَرِهَ (س) کَرْهًا و کُرْهًا و کَرَاهَةً و کَرَاهِیَةً و مَکْرَهَةً و مَکْرُهَةً الشَیْئَ :ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِهٌ۔ صفت مفعولی مَکْرُوْهٌ۔

کَرُهَ (ک) کَرَاهَةً و کَرَاهِیَةً الاَمْر او المَنْظَر : قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْهٌ۔

کَرَّهَ الشَیْئَ فُلَانًا و کَرَّهَ الشَیْئَ اِلٰی فُلَانٍ : ناپسند کرانا۔

اَکْرَهَ۔ فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ :مجبور کرنا۔ الرَجُلَ :ناپسندیدہ امر پر اُکسانا۔

تَکَرَّهَهٗ و تَکَارَهَ الشَیْئَ :ناپسند کرنا۔ تَکَرَّهَ و تَکَارَهَهٗ۔ غضبناک ہونا۔

اِسْتَکْرَهَ الشَیْئَ : قبیح پانا قبیح سمجھنا۔

الکَرْه و الکُرْه۔ مص۔ الکار۔ مشقت جس پر

کسی کو مجبور کیا جائے۔ اور بقول بعض کُرْہ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہٌ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ کَرِہٌ" مکروہ چیز۔ "وَ رَجُلٌ کَرِہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرِہٌ" قبیح چہرہ "وَ فَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اس کو مجبوراً کیا۔

الکَرِہ۔ قبیح۔

الکَرَاھَۃ۔ مص۔ سخت زمین۔

الکَرَاھِیَن۔ کراہت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُکَ کَرَاھِیَنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔

الکَرِیْھَۃ۔ مؤنث کَرِیہ۔ لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِہ۔ ذُوالکَرِیْھَۃِ : شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَہٗ کَرَائِہَ وَ مَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔

المَکْرَہ۔ مکروہ۔ ج مَکَارِہ۔

المَکْرَھَۃ و المَکْرُوْھَۃ۔ ناپسندیدہ و دشوار چیز۔ ج مَکَارِہ۔

المَکْرُوْہ۔ مف۔ شر۔ ناپسندیدہ۔

المَکْرُوْھَۃ۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْمَکْرُوْھَۃٍ" وہ سختی میں ہے۔

کَرَا یَکْرُو کَرْوًا۔ الاَرْضَ : کھودنا ___ الاَمْرَ : بار بار اعادہ کرنا ___ البِئْرَ : کنوئیں کا منہ درخت کے تنوں سے بنانا ___ بِالکُرَۃِ : گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَّابَّۃُ : تیز دوڑنا۔

کَرِیَتْ تَکْرٰی کَرًا۔ السَّاقُ : پنڈلی کا باریک ہونا ___ المَرْأَۃُ : موٹے بازوؤں والی ہونا۔

الکَرَا۔ بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کرَوان کا مذکر۔

الکَرَوَان۔ ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام الیسار رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کرٰی کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃ۔ ج کِرْوَان و کَرَاوِیْن۔

الکُرَۃ۔ ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز۔ اور نسبت کے لیے کُرَوِی و کُرِی ج کُرِیٌ و کُرِیْن و کِرِیْن و کُرَاتٌ و اُکَر۔

الکَرَوْیَا و الکَرَوْیَاء۔ زیرہ۔

کَرٰی یَکْرِیْ کَرْیًا الرَّجُلُ : تیز دوڑنا ___ النَّھْرَ : نہر کو کھودنا ___ بِالکُرَۃِ : گیند کھیلنا۔

کَرِیَ یَکْرٰی کَرًی الرَّجُلُ : اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان و کَرِیّ۔

کَارَاہٗ مُکَارَاۃً و کِرَاءً الدَّابَّۃَ او الدَّارَ : چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ۔

اَکْرٰی اِکْرَاءً الشَّیْءُ : زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد) ___ فُلَانٌ۔ اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ : مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا ___ الحَدِیْثَ بات طویل کرنا ___ فُلَانٌ دَابَّتَہٗ او دَارَہٗ : چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔

الکِرْوُ و الکُرْوُ و الکِرْوَۃ۔

تَکَرّٰی تَکَرِّیًا۔ سونا۔

اِکْتَرٰی مِنْہُ الدَّارَ و غَیْرَھَا : مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

تَکَارٰی و اِسْتَکْرَی الدَّارَ و غَیْرَھَا : مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

الکِرَاء و الکِرْوَۃ۔ کرایہ۔

الکَرِیّ۔ اونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَکْرِیَاء۔ بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کَرِیَّۃ۔

الکَرْیَان۔ اونگھنے والا۔

المُکَارِی۔ جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْن۔ اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔

المُکْرِی مِنَ الاِبِلِ : آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔

کَزَّ (ن) کَزًّا الشَّیْءَ : تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاہُ : قدم قریب قریب ہونا ___ المَرْأَۃُ دُمْلُجَھَا : عورت کا بازوبند کو بازو سے بھر دینا ___ کَزَازَۃً و کُزُوْزَۃً سکڑنا۔ خشک ہونا۔

کُزَّ۔ سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔

اَکَزَّ۔ اللّٰہُ فُلَانًا : کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَکْزُوْز۔

اِکْتَزَّ۔ سکڑنا۔

الکَزّ۔ مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "وَ ذَھَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "وَ فُلَانٌ کَزُّ الیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزّ۔

الکَزَّۃ۔ کَزٌّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّۃٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں۔ "و بَکْرَۃٌ کَزَّۃٌ" یعنی تنگ چرخی۔

الکَزَّان۔ کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔

الکَزَز۔ بخل۔

الکُزَاز و الکُزَّاز۔ سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

کَزِبَ (س) کَزَبًا۔ مُشْطُ الرِّجْلِ : پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا، سکڑنا۔

الکُزْبَرَۃ و الکُزْبُرَۃ و الکَزْبَرَۃ۔ دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔

کَزَمَ (ن) کَزْمًا۔ منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ ___ الجَوْزَۃَ و نَحْوَھَا : اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا ___ ہٗ : سخت دانت کاٹنا۔

کَزِمَ (س) کَزَمًا۔ بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَم پیش قدمی سے ڈرنا۔

کَزَمَ البَرْدُ اَصَابِعَہٗ : سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَمَ۔ سکڑنا ___ عَنِ الطَّعَامِ : بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔

تَکَزَّمَ الفَاکِھَۃَ : میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔

الکَزَم۔ تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔

الکَزَم۔ بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِی یَدِہٖ کَزَمٌ" جبکہ افعال خیر کے لیے ہاتھ نہ کھلے۔

الکَزْمُ مِنَ الرِّجَالِ : بزدل خائف مرد۔

الکَزْمَانُ مِنَ الرِّجَالِ : اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔

المُتَکَزِّم۔ چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔

کَزٰی یَکْزِیْ کَزْیًا۔ اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔

کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیْءَ : باریک کوٹنا۔

کَسَّ (س) کَسَسًا۔ چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسّ مؤنث کَسَّاء ج کُسّ۔

الکُسّ۔ اندام نہانی۔

الکَسِیس۔ ٹوٹی ہوئی روٹی، شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔

المَکْسُوس۔ مفعہ۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔

کَسَأَهُ (ف) کَسْأً۔ پیچھا کرنا۔ کَسَأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا ___ القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا ___هُ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

الکُسْءُ۔ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔

الکُسْءُ و الکُسُوءُ مِن کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسْأَهُ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "وَ اَتَیْنَا فِیْ اَکْسَاءِ الشَّهْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔ "وَمَرُّوْا فِیْ اَکْسَاءِ المُنْهَزِمِیْنَ او عَلٰی اَکْسَائِهِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔

کَسَبَ (ض) کَسْبًا و کِسْبًا و تَکَسَّبَ و اِکْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا ___ لِاَهْلِهِ: کمائی کرنا۔

کَسَّبَ و اَکْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا مال یا علم حاصل کرانا۔

اِسْتَکْسَبَ و تَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔

تَکَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔

الکَسْب۔ مص۔ کمائی۔

الکِسْبَة و الکَسِیْبَة۔ کمائی۔

الکَاسِب۔ فا۔ ابو کاسب: بھیڑیا۔

الکَاسِبَة۔ کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب

الکَوَاسِب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔

الکَسُوب و الکَسَّاب۔ بہت کمائی کرنے والا۔

المَکْسَب و المَکْسِب و المَکْسِبَة۔ کمائی۔

الکَسَّاب۔ بھیڑیا۔

الکُسْب۔ کھلی۔

الکُسْبَج۔ کھلی۔

الکُسْبُر۔ ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر۔

الکُسْبُرَة۔ دھنیا۔

الکُسْتِیج۔ زنار کے علاوہ ایک دھاگا جس کو ذمی اپنے لباس پر باندھتے تھے۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اُڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِیْ فُلَانٍ فَکَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا۔ ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَهُ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَهُ مُکَاسَحَةً۔ بہت سخت جھگڑا کرنا۔

اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْهِمْ فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔

الکَسْح۔ مص۔ عاجزی۔

الکُسَاحَة۔ کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِح۔ وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَح۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان۔

الکَسِیح و الکُسَیْح و الکُسْحَان ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاح۔ اُونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَة۔ جھاڑو۔

المُکَسَّح۔ چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّحٌ۔

المَکْسُوح۔ مفع جَمَلٌ مَکْسُوحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَةً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ و کَسُدَ (ن) کَسَادًا و کُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کَاسِدٌ و کَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ و کَاسِدَةٌ و اَکْسَدُ۔

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔ اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

الکُسْد۔ قسط (ایک دوا کا نام)

الکَسِیْد۔ مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ و کُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔

العَسْکَرَ: لشکر کو شکست دینا ___ الوَصِیَّةَ: وصیت منسوخ کرنا ___ الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا ___ الطَّائِرُ جَنَاحَیْهِ: پرندہ کا اُترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا ___ الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا ___ الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا ___ المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِهِ و عَلٰی طَرْفِهِ: نگاہ پست کرنا ___ فُلَانًا عَنْ مُرَادِهِ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اُترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا۔ کاہل ہونا۔

کَسَّرَ بمعنی کَسَرَ۔ تشدید مبالغہ اور تکثیر کیلئے ہے و کَسَّرَتِ المِرْآةُ و نَحْوُهَا النُّوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّةِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔

تَکَسَّرَ۔ ٹوٹنا ___ الشَّیْءُ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ۔ ٹوٹنا ___ العَسْکَرُ: لشکر کا

شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا ـــــ الحَرُّ: گرمی کم ہونا ـــــ العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا ـــــ عَنِ الشَّیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَّیْءَ: توڑنا۔

الکَسْر۔ مص زیر کی حرکت۔ بہت کم ـــــ فِی الْحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی، چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْر و ج کُسُوْرَات۔

الکَسْر و الکِسْر۔ عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ وَهُوَ یُطْعِمُ النَّاسَ مِنْ کُسُوْرِ الْاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اُونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار و کُسُوْر۔ کُسُوْر الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِهٖ اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اُونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَة۔ کَسْر کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الکَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے۔ "و بِعَیْنِهٖ کَسْرَةٌ مِنَ السَّهَرِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج کَسَرَات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ وَهَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَة۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَر و کِسِرات و کِسْرات۔

کَسْرٰی و کِسْرٰی۔ شاہانِ فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَة و اَکَاسِر و کَسَاسِرَة و کُسُوْر اور نسبت کے لیے کَسْرَوِیّ اگر کَسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف ہو۔ کِسْرَوِیّ اِکْسَرِیّ۔

الکُسَار والکُسَارَة مِنَ الحَطَبِ ونَحْوِہ: کھورا۔ چھپٹی۔

الکَسِیْر۔ ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْرٰی و کَسَارٰی۔

الاِکْسِیْر۔ وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَکْسِیْر۔ مص ۔ والتَکْسِیْر عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ: پیمائش۔

الکَاسِر۔ فا۔ ج کُسَّر۔ عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کیے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

الکَاسِرَة۔ کاسر کا مؤنث ج کَاسِرَات و کُسَّر و کَوَاسِر۔ الکَوَاسِر: شکاری پرندے۔

الکَسَّار۔ اسم مبالغہ۔

المَکْسِر۔ توڑنے کی جگہ۔ مَکْسِرُ الشَّجَرَةِ: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ المَکْسِرِ" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُکَاسِر مِنَ الجِیْرَان: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِیْ مُکَاسِرِیْ" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُکَسَّر۔ مفع ۔ المُکَسَّر مِنَ الاَوْدِیَة: وادی جس کے موڑ بہہ رہے ہوں۔ الجمع المُکَسَّر: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔ مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد۔

المَکْسُوْر۔ مفع ۔ صَوْتٌ مَکْسُوْرٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَکَسِّر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ مُتَکَسِّرًا" میں نے اس کو سُست دیکھا۔

کَسَعَهٗ (ف) کَسْعًا۔ دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ کَسَعَ السَّفِیْنَةَ فِی البَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اُتارنا اور چلانا۔ کَسَعَهٗ بِکَذَا: تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَیْلُ یَکْسَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے۔ "واتَّبَعَ فُلَانٌ اَدْبَارَهُمْ یَکْسَعُهُمْ بِالسَّیْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا۔ "کَسَعْتُ الرَّجُلَ بِمَا سَاءَهٗ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

کَسَعَتْ واکْتَسَعَتْ الخَیْلُ بِاَذْنَابِهَا گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔

تَکَسَّعَ فِیْ ضَلَالِهٖ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔

الکَسَع فِی الخَیْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی۔

الکُسَع۔ روٹی کے ٹکڑے۔

الکُسْعَة۔ پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج کُسَع۔ کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔

الاَکْسَع۔ مِنَ الخَیْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی والا گھوڑا ـــــ مِنَ الطَّیْرِ: دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔

رَجُلٌ مُکَسَّعٌ۔ بے بیاہا مرد۔

الکُسْعُوْم۔ گدھا۔

کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا ـــــ اللّٰهُ الشَّمْسَ او القَمَرَ: گہن لگانا ـــــ بَصَرَهٗ: نگاہ پست کرنا ـــــ الشَّمْسُ النُّجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔ ـــــ الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔ کَسَفَهُ الحُزْنُ وغَیْرُهٗ: غمگین کر دینا۔

کَسَفَت (ض) کُسُوْفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا ـــــ وَجْهُهٗ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا ـــــ حَالُهٗ: بُرا ہونا۔ کَسَفَ اَمَلُهٗ: اُمید منقطع ہونا ـــــ کَسَفَ بَالُهٗ: جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔

تَکَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔

اِنْکَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔

کَسَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الکَسْف۔ مص عرب کے امثال سے ہے "اَکَسْفًا وَاِمْسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)

الکَاسِف۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "وکَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "ویَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "ورَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم

کی وجہ سے نڈھال ہوگیا ہو۔

الکِسْفَة۔ ٹکڑا ج کِسْف وکِسَف واَکْسَاف وکُسُوْف۔

الکَسِیْفَة۔ ٹکڑا۔

کَسْکَسَ کَسْکَسَةً الشَیءَ : سخت کوٹنا۔

الکَسْکَاس۔ پستہ قد موٹا مرد۔

الکَسْکَسَة۔ مص وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واَکرَمْتُکِس بک واکرمتکِ میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)

الکُسْکُس۔ ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔

کَسِلَ (س) کَسَلاً وتَکَاسَلَ کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِلٌ وکَسْلاَن ج کَسَالٰی و کُسَالٰی مؤنث کَسِلَةٌ وکَسْلاَنَةٌ وکَسْلٰی۔

کَسِلَ(س) کَسَلاً واَکْسَلَ۔ بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔

اَکْسَلَ الاَمْرُ فُلاَنًا : کاہلی میں ڈالنا۔

الکَسَالَة۔ بیکاری۔

الکَسُوْل۔ کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لیے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔

الکِسْل والمِکْسَل۔ دُھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ : وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔

المِکْسَال۔ کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لیے باعث مدح ہے۔

المَکْسَلَة۔ سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشَبْعُ مَکْسَلَة" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلاَنٌ لاَ تَکْسِلَهُ المَکَاسِل" اسبابِ کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔

کَسَم (ض) کَسْمًا الیَابِسَ : خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا ـــــ عَلٰی عِیَالِهٖ : کمائی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا ـــــ نَارَ الحَرْبِ : لڑائی بھڑکانا۔

الکَسْم۔ مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔

الکَسُوْم۔ کرگزرنے والا۔

الکَیْسُوْم۔ بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٌ واَکْسُوْم ویَکْسُوْم" یہ سرسبز وشاداب اور گنجان باغ ہے۔

خَیْلٌ اَکَامِس۔ بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔

کَسْمَلَ کَسْمَلَةً۔ قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔

کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَوْبَ فُلاَنًا : کپڑے پہنانا۔ کَسَاهُ شِعْرًا : اشعار سے مدح کرنا۔

کَسِیَ یَکْسَی وکُسِیَ کَسًا الثَوْبَ : کپڑا پہننا کَسِیَ یَکْسَی کَسَاءً : بزرگ ہونا۔

تَکَسَّی تَکَسِّیًا بالکِسَاء : اوڑھنا۔ پہننا۔

کَاسٰی مُکَاسَاةً فُلاَنًا : فخر کرنا۔

اِکْتَسٰی۔ لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بِالنَبَاتِ : نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُه ثَوْبًا : کپڑے پہنانا۔

اِسْتَکْسٰی فُلاَنًا : کسی سے لباس مانگنا۔

الکَاسِی۔ فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاة۔

الکَسَاء۔ بزرگی و شرف۔

الکِسَاء۔ کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَة۔

الکُسْوَة والکِسْوَة۔ لباس۔ ج کُسًی وکِسًی۔

الاَکْسٰی۔ بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔

الکَسْءُ چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَهُ" وہ گدی کے بل گرا۔

کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَنْدُ : آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا ـــــ الجَرَّةُ : شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔

کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّةُ : سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ : اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا ـــــ البَقَرَةُ : گائے کا آواز نکالنا ـــــ کَشًّا) الرَجُلَ وغَیْرَهُ : دھتکارنا۔ ڈانٹنا ـــــ

تَکَاشَّتِ الاَفَاعِی : سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔

الکَشُّ۔ وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔

الکُشَّة۔ پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔

الکَشِیْش۔ مص۔ شراب کے جوش کی آواز۔

کَشَاَ (ف) کَشْأً الشَیءَ : چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا ـــــ فُلاَنًا بِالسَیْفِ تلوار سے مارنا (ـــــ واَکْشَا) اللَحْمَ : گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْءٌ وکَشَاَ الرَجُلُ : بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَاَ المَرْاَةَ : جماع کرنا۔

کَشِئَتْ (س) کَشَاً وکَشَاءً ا یَدُهُ : ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔

کَشَاَ وکَشِیءَ کَشَاً وکَشَاء وتَکَشَّاَ ـــــ الرَجُلُ مِنَ الطَعَام : شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْءٌ وکَشِیءٌ۔ تَکَشَّاَ الشَیءَ : چھل جانا ـــــ اللَحْمَ : خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

کَشَّاَ تَکْشِئَةً اللَحْمَ : خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

الکُشْاَة۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی جَسَدِهٖ کُشْاَة" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔

کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَحْمَ : گوشت بہت کھانا۔

الکُشْتُبَان انگشتانہ ج کَشَاتِبِیْن۔ وزَهْرُ الکُشْتُبَانِ : ایک قسم کی نباتات۔

الکَشُوْث والکُشُوْثٰی والکَشُوْثَی والکَشُوْثَاء۔ ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔

کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ : گھر میں جھاڑو دینا ـــــ القَوْمَ : پراگندہ کرنا، دھتکارنا ـــــ عَنِ المَاءِ : پانی پر سے واپس ہونا ـــــ لَهُ بِالعَدَاوَة : دشمنی کرنا ـــــ الدَابَةُ : چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا ـــــ الطَائِرُ : پرندہ کا تیز واپس آنا ـــــ الظَلاَمُ اوالضَوْءُ

تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا (____ وکَشَّحَ) العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا ____ البَعِیْرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ____ هُ: پہلو پر داغ دینا۔

کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح۔ کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

کَشِحَ (س) کَشَحًا۔ درد پہلو والا ہونا۔

کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَةً فُلَانًا بِالعَدَاوَة: دشمنی رکھنا۔

اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

تَکَشَّحَ الجَارِیَة: جماع کرنا۔

الکَشْح۔ مص۔ پہلو۔ ج کُشُوْح۔ کہا جاتا ہے "طَوَیٰ کَشْحَهُ عن فُلَانَ او طَوَیٰ کَشْحًا عَنْهُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ "وطَوَیٰ کَشْحَه عَلَی الاَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔

الکَشَح۔ پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔

الکَاشِح۔ فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

الکِشَاح۔ پہلو کا داغ۔

الکُشَاحَة۔ باطنی عداوت۔

المِکْشَح والمِکْشَاح۔ تلوار کی دھار۔

المِکْشَاخ: کلہاڑا۔

کَشْخَنَ کَشْخَنَةً الرَّجُلَ: عورت کے حق میں بے غیرت کہنا۔

الکَشْخَان۔ بیوی کے حق میں بے غیرت۔

کَشَدَ (ض) کَشْدًا الشَّیَٔ: دانتوں سے کاٹنا ____ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

اَکْشَدَ۔ خالص مکھن بنانا۔

الکِشْدَة۔ مکھن۔

الکَاشِد والکَشُود والکَشَد اہل و عیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد۔

کَشَرَ (ض) کَشْرًا۔ عَنْ اَسْنَانِهٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَة ____ السبعُ عَنْ نَابِهٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَهٗ: چیتے جیسا بننا۔

کَشِرَ (س) کَشْرًا۔ بھاگنا۔

کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِهٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

کَاشَرَهٗ مُکَاشَرَةً۔ باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔

اَکْشَرَ لَهٗ عَنْ اَنْیَابِهٖ: دھمکی دینا۔

تَکَشَّرَ۔ دانت نکالنا۔

الکَشْر۔ مص۔ سوکھی روٹی۔

الکَشَر۔ انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔

المُکَاشِر۔ فا۔ الجَارُ المُکَاشِر: قریبی پڑوسی۔

کَشَطَ (ض) کَشْطًا واِسْتَکْشَطَ الشَّیَٔ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَّیْٔ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا ____ الحَرْفَ: موقع سے ہٹا دینا۔ وکَشَطَ البَعِیْرَ: اُونٹ کی کھال اُتارنا واِسْتَکْشَطَ البَعِیْرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔

تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

اِنْکَشَطَ۔ اُتارا جانا۔ ننگا ہونا ____ الرَّوْعُ: خوف زائل ہونا۔

الکَشَّاط۔ قصائی۔

الکِشَاط۔ انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔

الکَشَطَة۔ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔

کَشَعَ (ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْل: قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہونا۔

کَشِعَ (س) کَشْعًا۔ بددل ہونا۔ زچ ہونا۔

کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکَاشِفَةً الشَّیَٔ وعَنِ الشَّیَٔ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰهُ غَمَّهٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ "وکَشَفَتْهُ الکَوَاشِف" یعنی رسوا کر دیا۔

کَشِفَ (س) کَشَفًا۔ شکست کھانا ____ الرَّجُلُ او الفَرَسُ: کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔

کَشَّفَ الشَّیَٔ: کھولنا۔ ظاہر کرنا ____ فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ: ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔

کَاشَفَهٗ بِکَذَا: خبردار کرنا ____ هٗ بِالعَدَاوَةِ کھلی کھلی دشمنی کرنا۔

اَکْشَفَ۔ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔

اِنْکَشَفَ الشَّیْٔ: ظاہر ہونا۔

تَکَشَّفَ الشَّیْٔ: ظاہر ہونا ____ البَرْقُ: بجلی کا آسمان پر پھیلنا ____ الرَّجُلُ: رُسوا ہونا۔

تَکَاشَفَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔

اِکْتَشَفَ الشَّیَٔ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاِکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو اُمورِ طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔

اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَّیْٔ: ظاہر کرنے کو کہنا۔

الکَشْف۔ مص ____ عند العروضیین: ساتویں متحرک کا گرا دینا۔

الکَشَف۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔ والکَشَفُ فِی الخَیْلِ: دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔

الکَشَفَة۔ سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔

الکَاشِف۔ فا۔ ج کَشَفَة۔

الکَاشِفَة۔ مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی ج کَوَاشِف۔

الکَشَّاف۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَشَّافُ الغُمَم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الاَکْشَف۔ جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔

الکَشْفَاء۔ اکشف کا مؤنث۔

الکَشِیْف۔ بمعنی مَکْشُوْفٌ۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔

الکَشْک۔ جو کلیانی۔ آش جو۔

الکِشْک۔ عِنْدَ عَامتنا: ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد

پکایا جاتا ہے۔ الکِشک: گنبددار محل (دخیل)

کَشْکَشَ کَشْکَشَۃً۔ بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔

الکَشْکَشَۃ۔ مع ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اکْرَمْتُشِ وعَلَیْشِ اکْرَمْتُکِ وعَلَیْکِ میں۔

الکَشْکُوْل والکَشْکُوْلَۃ۔ بھکاریوں کا چھبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔

کَشَمَ (ن) کَشْمًا وکَشَّمَ واکْتَشَمَ۔ الاَنْفَ: ناک جڑ سے کاٹنا۔

کَشِمَ (س) کَشَمًا۔ پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اکشم۔

کَشَمَ (ض) کَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔

اَنْفٌ کَشِیْمٌ واکْشَمُ۔ جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔

الکِشْمُ والاَکْشَمُ۔ تیندوا۔

کَشْمَرَ۔ رونے کے لیے آمادہ ہونا ____ اَنْفَہٗ: ناک توڑ دینا۔

الکِشْمِش۔ کشمش واحد کِشْمِشَۃ۔

کَشَاہٗ یَکْشُوْہٗ کَشْوًا۔ دانتوں سے کاٹ کھانا۔

الکُشْیَۃ۔ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دم کی جڑ۔ ج کُشًی۔

کَصَّ (ض) کَصًّا القَوْمُ: اکٹھا ہونا (____ کَصِیْصًا) المَاءُ بالنَّاسِ: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (____ کُصًّا وکَصِیْصًا) الصَّوْتُ: آواز باریک ہونا۔

اکَصَّ۔ بھاگنا اور شکست کھانا۔

تَکَاصَّ واکْتَصَّ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

الکَصِیْص۔ مع شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ و تاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔

الکَصِیْصَۃ۔ جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج کَصَائِص۔

کَصْکَصَ۔ تیز چلنا۔

کَصَمَ (ض) کُصُوْمًا۔ پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (____ کَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ ____ الرَّجُلَ: سختی سے ہٹانا۔

کَصَی یَکْصِی کَصْیًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

کَضْکَضَ۔ تیز چلنا۔

کَضَلَ (ن) کَضْلاً: ہٹانا، دور پھینکنا۔

کَظَّ (ن) کَظًّا الطَّعَامُ فُلاَنًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا ____ الغَیْظُ صَدْرَہٗ: سخت غضبناک ہونا ____ الحَبْلَ: رسّی باندھنا۔

خَصْمَہٗ: چاروں طرف سے گھیر دینا (____ کَظَاظًا وکَظَاظَۃً الاَمْرُ فُلاَنًا): غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا ____ المَسِیْلُ بالمَاءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔

کَاظَّہٗ کِظَاظًا ومُکَاظَّۃً۔ جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔

تَکَاظَّ القَوْمُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔

اِکْتَظَّ مِنَ الطَّعَامِ: سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا ____ المَسِیْلُ بالمَاءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا ____ المَحلُّ: لوگوں سے بھر جانا ____ اِکْتَظَّہٗ الغَیْظُ: سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔

الکِظَّۃ۔ بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی تکلیف۔

الکِظَاظ۔ مع۔ تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔

الکَظُّ۔ مع کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَظٌّ" سخت گیر مرد (____ والکَظِیْظ والمُکَظَّظ والمَکْظُوْظ) وہ شخص جس کو امور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔

الکَظِیْظ والمَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔

الکَظِیْظ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلَی بَابِ فُلاَنٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔

طَعَامٌ مُکِظَّۃٌ۔ بدہضمی والا کھانا۔

کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا۔ بہت موٹا ہونا۔

کَظَرَ (ن) کَظْرًا۔ القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا ____ الزَّنْدَۃَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔

الکُظْر۔ کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (____ والکُظْرَۃ) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔

الکِظْر۔ ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔

کَظَمَ (ض) کَظْمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا ____ النَّهْرَ: نہر کو روکنا ____ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا اور منہ باندھنا ____ البَعِیْرَ بالکِظَامَۃِ: اونٹ کو نکیل لگانا ____ الشَّیْءَ وعَلَی الشَّیْءِ: روکنا کُظُوْمًا البَعِیْرُ: اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلاَنٌ عَلَی جِرَّتِہٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (____ کَظْمًا وکُظُوْمًا) غَیْظَہٗ: غصہ نگل جانا۔

کُظِمَ کُظُوْمًا۔ خاموش رہنا۔

الکَظَم۔ سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام وکِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِہٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔

الکِظَام۔ بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔

الکِظَامَۃ۔ وادی کا دہانہ۔ اونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُیُوْطَ فِی کِظَامَتَیِ المِیْزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الکِظَامَۃ: زمین کے اندر پانی کی نالی۔ کِظَامَۃُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز (____ والکَظِیْمَۃُ) دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔

الکَظِیْمَۃ: توشہ دان۔ ج کَظَائِم۔

الکَاظِم۔ فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم۔ بَعِیْرٌ کَاظِمٌ پیاسا اونٹ۔

اِبِلٌ کُظُوْم۔ اونٹ جو جگالی نہ کرے۔

الکَظِیْم والمَکْظُوْم۔ مصیبت زدہ۔

الکَظِیْم: دروازہ بند کرنے کی چیز۔

کَظَا یَکْظُوْ کَظْوًا لَحْمَهٗ : گوشت سخت ہونا۔

تَکَظّٰی لَحْمَهٗ سِمَنًا : موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

اَرْضٌ کَاظِیَةٌ۔ خشک زمین۔

کَعَّ (ن ض) کَعًّا و کُعُوْعًا و کَعَاعَةً و کَیْعُوْعَةً۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

اَکَعَّ فُلَانًا : خوف دلانا۔ بزدل بنانا ــــــ فِیْ کَلَامِهٖ : کلام میں رکنا ــــــ الخَوْفُ فُلَانًا : ارادہ سے باز رکھنا۔

الکَعُّ و الکَاعُّ۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعُّ الوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

کَعَبَتْ (ن ض) کُعُوْبًا و کُعُوْبَةً و کِعَابَةً الجَارِیَةُ : لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت کِعَاب و کَاعِب۔

کَعَبَ (ف) کُعُوْبًا الثَّدْیُ : پستان اُبھرنا۔ (ــــ کَعْبًا) الْاِنَاءَ : برتن بھرنا ــــ فُلَانًا : خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔

کَعَّبَ الْاِنَاءَ : برتن بھرنا ــــ الشَّیْءَ : چوکور بنانا۔ کَعَّبَتِ الْجَارِیَةُ : لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔

اَکْعَبَ۔ دوڑنا۔

الکَعْبُ۔ دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج کُعُوب۔ کہا جاتا ہے "اَعْلَى اللّٰهُ کَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ کَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہو گئی و "رَجُلٌ عَالِی الْکَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔ الکَعْبُ : پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج کُعُبٌ و کِعَاب۔ والکَعْبُ فِیْ عِلْمِ الهِنْدَسَةِ : مربع جسم۔ الکَعْبُ : ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج کِعَاب و کُعُوْب و اَکْعُبٌ۔

الکِعَابُ۔ نرد کے مہرے۔ واحد کَعْبٌ و کَعْبَةٌ۔

الکُعْبُ۔ اُبھری ہوئی پستان۔

الکَعْبَةُ۔ نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ حجرہ کہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج کعاب و کعبات۔

الکَعْبَةُ۔ دوشیزگی۔

جَارِیَةٌ کَعَابٌ و مُکَعَّبٌ۔ اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ مُکَعَّبٌ"۔

الکَاعِبُ۔ مِنَ الْجَوَارِی و الثُّدِیِّ : اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج کَوَاعِب۔

المُکَعَّبُ۔ مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ و فِی الْحِسَابِ مُکَعَّبُ العَدَدِ : چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ ثَدْیٌ

مُکْعَبٌ : اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُکَعَّبَةٌ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔

کَعْبَرَهٗ کَعْبَرَةً بِالسَّیْفِ : تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الکَعْبَرَة مم ــــ مِنَ النِّسَاءِ : عجمی اکھڑ عورت۔

الکُعْبُرُ مِنَ العَسَلِ : شہد کے چھتہ میں جو جمع ہو۔

الکُعْبُرَةُ۔ سخت گرہ دار ہڈی۔ بند و ست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پائخانہ جو اُونٹ کی دم پر خشک ہو جائے۔ کُعْبُرَةُ الکَتِفِ : مونڈھے کا گول حصہ۔ کُعْبُرَةُ الوَظِیْفِ : پنڈلی کے نچلے حصہ کے ملنے کی جگہ۔ ج کَعَابِر۔ الکَعَابِرُ : ہڈیوں کے سرے۔

الکُعْبُوْرَةُ۔ گرہ۔ جمع شدہ۔ غلّہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج کَعَابِیْر۔

کَعْبَشَ کَعْبَشَةً کسی چیز کو لینا اور باندھنا۔ کودنے کے لیے پاؤں سمیٹنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

تَکَعْبَشَ۔ سکڑنا۔

اَکْعَتَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصہ سے پھولنا۔

الکُعْتُ۔ پستہ قد مرد۔ مؤنث کُعْتَةٌ۔

الکُعْتَةُ۔ شیشی کا سربند۔

الکُعَیْتُ۔ بلبل۔ ج کِعْتَان۔

کَعْتَرَ۔ تیز چلنا۔ تیز دوڑنا ــــ فِیْ مَشْیِهٖ : مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

الکُعْثُرُ۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔

تَکَعْثَبَتِ الغَرَارَةُ : بورے کا گول ہونا۔

الکَعْدُ۔ گون۔

الکَعْدَةُ۔ شیشی کا سربند۔

الکُعْدُبُ۔ فرومایہ۔ بے مروت مرد۔

الکُعْدُبَةُ۔ پانی کا بلبلہ۔

کَعِرَ (س) کَعَرًا الصَّبِیُّ : پر شکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت کَعِرٌ۔ کَعِرَ البَطْنُ : پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ (ــــ و کَعَّرَ و اَکْعَرَ) البَعِیْرُ : اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔

الکَعْرُ۔ کوہان۔

الکَعْرَةُ۔ غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔

الکُعْوَرَةُ۔ بڑی ناک والا۔

الکَیْعَرُ۔ شیر کا موٹا بچہ۔

المُکْعِرُ۔ تیز دوڑنے والا۔

کَعَزَ (ف) کَعْزًا۔ انگلیوں سے چننا۔

الکَعْسُ۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج کِعَاس۔

کَعْسَبَ کَعْسَبَةً الرَّجُلُ : دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

کَعْسَمَ کَعْسَمَةً۔ پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الکُعْسُمُ۔ گورخر۔ ج کَعَاسِم۔

کَعَصَ (ف) کَعْصًا۔ کھانا۔

کَعِیْصُ الفَارِ : چوہے کی آواز۔

کَعْطَلَ کَعْطَلَةً۔ تیز دوڑنا ــــ بِیَدِهٖ : انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الکَعِیْظُ و المُکَعَّظُ۔ پستہ قد۔ موٹا مرد۔

کَعْظَلَ کَعْظَلَةً۔ تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ ــــ بِیَدِهٖ : انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الکَعْکُ۔ کیک۔ واحد کَعْکَةٌ۔ ج کَعْکَات (دخیل)

کَعْکَعَ کَعْکَعَةً الرَّجُلَ : روکنا۔ کَعْکَعَهٗ عَنْ کَذَا : ہٹانا۔ کَعْکَعَ فِیْ کَلَامِهٖ : رکنا۔

تَکَعْکَعَ۔ رک جانا۔ بزدل ہونا۔

الکُعْکُعُ۔ بزدل کمزور۔

الکَعَنْکَعُ۔ بھوت۔

تَکَعَّلَ التَّمْرُ و نَحْوُهٗ۔ ایک دوسرے کے

ساتھ گتھا ہوا ہونا۔

الکُعَل۔ بخیل مالدار۔ پائخانہ گوبر (— و الکُعَل) کالا پستہ قد مرد۔

المُکَعَّل۔ غصّہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔

کَعَمَ (ف) کَعْمًا الوِعَاءَ: برتن کا منھ باندھنا۔ البَعِیْرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا — الخوفُ فُلانًا: ہٹانا — المَرْأَةَ: عورت کا بوسہ لینا۔

الکِعْم۔ ہتھیار کا کیس۔ نیام۔ ج کِعَام۔

الکِعَام ج کُعُم و الکِعَامَة۔ تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منھ کو باندھ دیتے ہیں تا کہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

کُعُوْمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کے دہانے۔

بَعِیْرٌ مَکْعُوْمٌ۔ تھوتھنی چڑھایا ہوا اُونٹ۔

اَکْعَنَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔

الکَعْنَب۔ پستہ قد۔ شیر۔

رَجُلٌ کَعْنَبٌ۔ سر میں گرہ رکھنے والا مرد۔

کَعَانِبُ الرَّاسِ: سر کی گرہیں۔

الکُعَانِبُ۔ شیر۔

تَیْسٌ مُکَعْنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔

تَکَعْنَشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔

— فُلَانٌ فِی الشَّیٔ: مستغرق ہونا۔

کَعَا یَکْعُوْ کَعْوًا۔ بزدل ہونا۔

الکَاعِی۔ فا۔ شکست خوردہ۔

الاَکْعَاء۔ بزدل لوگ۔

الکَاغِد و الکَاغَد۔ کاغذ۔

الکَاغِدِیّ۔ کاغذ بیچنے والا۔

کَفَّ (ن) کَفًّا و کَفَافَةً۔ الثَّوْبَ: لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (— کَفًّا) الاِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا — الشَّیٔ: جمع کرنا — رِجْلَهٗ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا — القَبِیْلَةَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا — مَاءَ وَجْهِهٖ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا — عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا — هٗ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا (— کُفُوْفًا) النَّاقَةُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔

کُفَّ و کَفَّ۔ بَصَرُهٗ: اندھا ہونا۔

تَکَفَّفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا — الرَّجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا عَنِ الاَمْرِ: چھوڑنا — دَمْعَهٗ: آنسو کا رکنا۔

تَکَافَّ عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا — القَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔

اِنْکَفَّ۔ باز رہنا — عَنِ المَکَانِ: چھوڑنا۔

رَجُلٌ کُنْفُلِیْلُ اللِّحْیَۃِ : بڑی داڑھی والا مرد۔
لِحْیَۃٌ کُنْفُلِیْلَۃٌ :بڑی داڑھی۔
کَنْکَنَ۔ گھر میں بیٹھنا۔ کاہلی کرنا۔ بھاگنا۔
الْکُنْمَۃُ۔ زخم۔
اَکْنَہَ و اِکْتَنَہَ الشَّیْئَ :حقیقت کو پہنچنا۔
الْکُنْہُ اَصْلُ شَیْئٍ۔ حقیقت شے۔ جو ہر شے
غایت۔ الْکُنْہُ :وقت۔
کَنَا یَکْنُوْ و کَنٰی یَکْنِیْ کِنَایَۃً بِالشَّیْئِ عَنْ
کَذَا :کنایہ کرنا۔ لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا
ارادہ کرنا۔ مثلاً تم کہو "زَیْدٌ کَثِیْرُ الرَّمَادِ" اور مراد
لو کہ زید کریم ہے۔ متکلم کو کان اور لفظ کو مَکْنِیْ
عَنْہُ کہتے ہیں۔
کَنٰی یَکْنِیْ کَنْیَۃً و کِنْیَۃً و کَنّٰی تَکْنِیَۃً و
اَکْنٰی اِکْنَاءً۔ زَیْدًا اَبَا فُلَانٍ و کَنَاہُ و کَنَّاہُ بِاَبِیْ
فُلَانٍ :کنیت رکھنا۔
تَکَنّٰی تَکَنِّیًا و اِکْتَنٰی اِکْتِنَاءً بِکَذَا : اپنی
کنیت رکھنا۔ و تَکَنّٰی الرَّجُلُ :مشہور ہونے کیلئے
اپنی کنیت بیان کرنا۔ چھپنا۔
الْکُنْیَۃُ والْکِنْیَۃُ والْکُنْوَۃُ والْکِنْوَۃُ۔ وہ نام جو
کسی کی تعظیم یا علامت کیلئے بولا جائے وہ نام جو۔
اب۔ ابن۔ ام یا بنت سے شروع کیا جائے۔ ج کُنًی
و کِنًی۔
الْکِنَایَۃُ۔ مصہ۔ اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے
ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے
جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض
کے لئے کرتے ہیں۔ مثلاً سامعین سے بات کو مبہم
رکھنا۔

الْکَانِیْ۔ فا۔ ج کُنَاۃٌ و کَانُوْنَ۔
الْکَنِیُّ۔ ہم کنیت۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ کَنِیُّہٗ"
یعنی دونوں کیلئے ایک کنیت ہے۔ جیسے تم کہتے ہو
"ہُوَ سَمِیُّہٗ" یعنی دونوں ہم نام ہیں۔
کَہِبَ (س) و کَہُبَ (ک) کَہَبًا و کُہُوْبًا۔
سیاہی مائل بھورا ہونا۔ صفت کَاہِبٌ
و اَکْہَبُ۔
اِکْہَابَّ اِکْہِیْبَابًا۔ لَوْنُہٗ :رنگ متغیر ہونا۔
اَلْکُہْبَۃُ۔ سیاہی مائل بھورا رنگ۔
رَجُلٌ اَکْہَبُ اللَّوْنِ :متغیر رنگ والا۔
الْکَہْبَلُ۔ پستہ قد۔
کَہَدَ (ف) کَہْدًا و کَہَدَانًا الْحِمَارُ :
گدھے کا دوڑنا —الْحِمَارَ :گدھے کو دوڑانا
— الرَّجُلُ :تھکنا — فِی الطَّلَبِ :اصرار
کرنا۔
اَکْہَدَ۔ تھکنا —فُلَانًا :تھکانا۔
الْکَہْدُ۔ مصہ۔ مشقت۔
الْکَہْدَاءُ۔ باندی۔ لونڈی۔ کہا جاتا ہے اَتَانٌ
کَہُوْدُ الْیَدَیْنِ :تیز رفتار گدھی۔
الْکَہْدَلُ۔ جوان موٹی عورت۔ بڑھیا۔ مکڑی۔
نوجوان لڑکی۔
کَہَرَ (ف) کَہْرًا فُلَانًا :حقارت سے ترش
روئی سے پیش آنا۔ جھڑکنا۔ قہر کرنا۔ سُسر داماد کا
تعلق کرنا — النَّہَارُ :دن کا بلند ہونا —
الرَّجُلُ :ہنسنا — الْحَرُّ :گرمی تیز ہونا۔
الْکُہْرُوْرُ و الْکُہْرُوْرَۃُ۔ ترش رو جو لوگوں کو
جھڑکے۔ ج کَہَارِیْرُ۔ الْکُہْرُوْرَۃُ :ترش روئی۔
کَہْرَبَ الشَّیْئَ :قوۃ کہربائیہ بھرنا۔
الْکَہْرَبَاءُ و الْکَہْرَبَا۔ ایک درخت کا گوند
ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا
ہے (دخیل) اصل میں کاہ ربا تھا۔ یعنی گھاس کو لے
جانے والا۔ الْکَہْرَبَاءُ :بجلی۔
الْکَہْرَبَائِیَہ و الْکَہْرَبِیَّۃُ۔ بجلی کی قوت۔
تَکَہَّفَ الْجَبَلُ :غاروں والا ہونا۔
اِکْتَہَفَ۔ غار میں داخل ہونا۔
اَلْکَہْفُ۔ کھوہ۔ غار (غار اور کہف میں فرق یہ
ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے
پناہ۔ ج کُہُوْفٌ۔

الکَھْکَب۔ بیگن۔
الکَھْکَمُ والکَھْکَامَۃ۔ بیگن۔ عمر رسیدہ بڑھا۔ خوفناک مرد۔
کَھْکَہَ۔المَقْرُوْرُ : سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا — الْاَسَدُ والبَعِیْرُ : کَھْکَہَ کی آواز نکالنا — الشَّیئَ : گرم ہونا۔
تَکَھْکَہَ۔عَنْہُ : ضعیف و کمزور ہونا۔
الکَھْکَھَۃ۔ مص۔ گرمی۔ شیر یا اُونٹ کی آواز کی نقل۔
الکَھْکَاہو الکَھْکَاھَہ۔ کمزور۔ خوفناک۔
کَھَلَ(ف) کَھْوْلاً و کَھُلَ(ک) کُھُوْلَۃً ادھیڑ عمر کا ہونا۔
کَاھَلَ مُکَاھَلَۃً الرَّجُلُ : شادی کرنا۔ ادھیڑ عمر کا ہونا۔
اِکْتَھَلَ۔ ادھیڑ عمر کا ہونا (— و تَکَھَّلَ) النَّبَاتُ : پوری لمبائی کا ہونا۔
الکُھُوْلَۃ و الکُھُوْلِیَّۃ۔ ادھیڑپن۔
الکَھْل۔ ادھیڑ عمر کا۔ تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا۔ ج کَھْلُوْن و کُھُوْل و کِھَال و کُھْلان و کُھَّل۔
الکَھْلَۃ۔ کَھْل کا مؤنث ج کَھْلَات و کَھَلات۔
الکَاھِل۔ فا۔ گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاھِل۔ کَاھِلُ القَوْم : قوم کا معتمد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَدِیْدُ الْکَاھِلِ" فلاں صاحب شوکت و قوت ہے۔
الکَھُوْل و الکَھْوَل۔ مکڑی۔
الکُھْلُوْل۔ بہت ہنسنے والا۔ مرد فیاض۔
کَھَمَتْ (ف) کَھْمًا۔ الشَّدَائِدَ فُلَانًا : خوف دلانا۔ آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔
کَھِمَ (س) و کَھُمَ (ک) کَھَامَۃً و کُھُوْمًا کمزور ہونا — السَّیْفُ : کند ہونا۔
کَھُمَ (ک) و کَھَمَ (ف) کَھَامَۃً و تَکَھَّمَ الرَّجُلُ : لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔
اَکْھَمَ بَصَرُہٗ : نگاہ کمزور ہونا۔
الکَھَام و الکَھِیْم۔ سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَھَام" کہا جاتا ہے۔
کَھْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔
الکَھْمَس۔ شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔

الکَھْمَل۔ ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
کَھَنَ (ف۔ن) کَھَانَۃً و تَکَھَّنَ تَکَھُّنًا و تَکْھِیْنًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا۔
کَھُنَ (ک) کَھَانَۃً کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
کَاھَنَ مُکَاھَنَۃً۔ عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الکِھَانَۃ۔ کاہن کا پیشہ۔
الکَھْنُوْت۔ کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔
الکَاھِن۔ فا۔ غیب دانی کا مدعی — عِنْدَ الیَھُوْدِ و عَبَدَۃِ الْاَوْثَان : پروہت — عِنْدَ النَّصَارٰی : جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج کَھَنَۃٌ و کُھَّانٌ الکَاھِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔
کَھِیَ یَکْھٰی کَھًی۔ چہرے پر چھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل و کمزور ہونا۔
کَاھٰی مُکَاھَاۃً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا۔
اَکْھٰی۔ انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا — عَنِ الطَّعَامِ : باز رہنا۔
اِکْتَھَاہ اِکْتِھَاءً۔ تعظیم و اجلال کرنا۔
اَلْاَکْھٰی۔ چہرے میں چھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل و کمزور۔ اَلْاَکْھٰی : بے شگاف کا پتھر۔
الاَکْھَاء۔ شرفاء۔
کَاءَ یَکُوْءُ کَوْءًا و کَأْوًا عَنْہُ : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔
اَکَاءَہ اِکَاءً و اِکَاءَۃً۔ کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔
الکَاءُ و الکَاءَۃ و الکَیِّئُ و الکَیِّئَۃ۔ کمزور دل والا۔ بزدل۔
کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا و اِکْتَابَ۔ بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔
کَوَّبَ الشَّیئَ : بجے سے کوٹنا۔
الکُوْب۔ بے دستے کا کوزہ۔ ج اَکْوَاب۔
الکَوْبَۃ۔ فوت شدہ پر حسرت و افسوس۔
الکُوْبَۃ۔ شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پینے کا پیالا۔
کَوَّثَ۔الزَّرْعُ : چار یا پانچ پتوں والی ہونا۔
الکَوْث۔ جوتا۔
الکُوْثَۃ۔ فراخ سال۔

تَکَوْثَرَ۔الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔
الکَوْثَر۔ بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔
الکَوْثَلُ والکَوْثَلُ۔ جہاز کا پچھلا حصہ۔
کَاحَہٗ یَکُوْحُہٗ کَوْحًا و کَوَّحَہٗ و کَاوَحَہٗ مُکَاوَحَۃً و اَکَاحَہٗ اِکَاحَۃً۔ لڑائی میں غالب آنا۔
کَاحَ الشَّیئَ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ کَوَّحَہٗ : غالب بنانا۔ کَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ کَوَّحَ الزِّمَامُ البَعِیْرَ : مغلوب کرنا۔ کَاوَحَہٗ : گالی گلوچ کرنا۔ اَکَاحَہٗ : ہلاک کرنا۔
تَکَاوَحَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ و جدال کرنا۔
الکَاحُ و الکِیْح دامن کوہ۔ ج کُیُوْح و اَکْیَاح۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوْحِہٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔
الکُوْخ و الکَاخ۔ جھونپڑی۔ اور اسی سے ہے کُوخ الصَّائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کیلئے بنالیا کرتے ہیں۔ ج اَکْوَاخ و کُوْخَان و کِیْخَان و کِوَخَۃ۔
لَیْلَۃٌ کَاخ : تاریک رات۔
الکَاخِیَۃُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّیَاسَۃِ : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج کَوَاخ (دخیل)۔
کَادَہٗ یَکُوْدُہٗ کَوْدًا۔ روکنا۔ کَادَ بِنَفْسِہٖ جان دینا۔
کَادَ یَکَادُ کَوْدًا و مَکَادًا و مَکَادَۃً۔ فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِیْھَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اور "عَرَفَ مَا یَکَادُ مِنْہُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے۔ اور کاد کے عوض میں "کِیْدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاھَا" معنی میں لَمْ یَرَھَا کے۔
کَوَّدَ الشَّیئَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔
اِکْوَأَدَّ اِکْوِئْدَادًا۔ بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔
الکُوْدَۃ۔ مٹی وغیرہ کا تودہ۔
المَکَادَۃ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "لَا مَھَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَۃَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس

کے قریب ہوں۔

الکَوْدَن والکَوْدَنِیّ۔ غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر۔ ٹٹو۔ کَوْدَن کی جمع کَوَادِن۔

کَوَّذَ الاِزَارُ: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصّہ تک آجانا۔

الکَاذَۃ۔ ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔

الکَاذِیّ۔ کیوڑہ۔

کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا۔ العِمَامَۃ و نَحْوُھَا عَلٰی رَاسِہٖ: سر پر پگڑی باندھنا — الاَرْضَ: زمین کھودنا۔ — فِیْ مِشْیَتِہٖ: تیز چلنا — الحمَّالُ الکَارَۃَ: گٹھری اُٹھانا (— کِیَارًا) الفَرَسُ ذَنَبہ: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔

کَوَّرَ العِمَامَۃَ: سر پر پگڑی باندھنا —ہٗ پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا — المَتَاعَ: تہ بتہ رکھنا — اللّٰہُ اللَّیْلَ عَلَی النَّھَارِ: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔

کُوِّرَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔

اَکَارَ اِکَارَۃً عَلَیْہِ: ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔

تَکَوَّرَ۔ گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔

اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا۔ عمامہ باندھنا — الفَرَسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا — الشَّیءَ: بعض کو بعض پر ٹپکنا — الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "کَوَّرَہٗ فَاکْتَار" یعنی اِس نے پچھاڑا وہ گر گیا — الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: گالی دینے کیلئے آمادہ ہونا۔

اِسْتَکَارَ اِسْتِکَارَۃً۔ تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔

الکَارُ۔ ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج کَارَات۔

الکَوْر۔ مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اُونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَکْوَار۔ الکَوْر۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ کَوْرٌ کَرِیْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔

الکُوْر۔ مٹی کی انگیٹھی۔ ج اَکْوَار و اَکْوُر و کِیْرَان و کُوْرَان۔ الکُوْر: بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (— و المَکْوَر) اُونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔

الکَارَۃ مِنَ الثِّیَاب: دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج کَارَات۔

الکُوْرَۃ۔ ضلع۔ ج کُوَر۔

الکُوَارَۃ والکِوَارَۃ الکَوَّارَہ۔ شہد کی مکھیوں کیلئے شنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھرونده۔ شہد مع موم کے۔

الکِوَارَۃُ: عمامہ۔ پگڑی۔ و الکُوَارَۃ: تیز دوڑ۔

المِکْوَر و المِکْوَرَۃ۔ عمامہ۔

المَکْوَرِیّ والمِکْوَرِیّ۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔

کَازَ یَکُوْزُ کَوْزًا۔ کوزے سے پینا — الشَّیءَ: جمع کرنا۔

تَکَوَّزَ۔ القَوْمُ: قوم کا اکٹھا ہونا۔

اِکْتَازَ۔ کوزے سے پینا — المَاءَ: کوزے سے لینا۔

الکُوْز۔ کوزہ۔ ج اَکْوَاز و کِیْزَان و کِوَزَۃ۔ (دخیل)

مُکَوَّزُ الرَّاس: لمبے سر والا۔

کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا البَعِیْرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا فِی السَّیْرِ: آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکُوْسُ فِی السَّیْرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے — عَلٰی رَاسِہٖ: سر کے بل اُلٹ پڑنا — فِی البَیْعِ: قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَکُسْنِیْ یَا فُلَانُ فِی البَیْعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا — الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔

کَاسَہٗ و اَکَاسَہٗ اِکَاسَۃً۔ پچھاڑنا۔

کَوَّسَ الشَّیءَ عَلٰی رَاسِہٖ: سرنگوں کرنا۔

تَکَوَّسَ الرَّجُلُ: سرنگوں ہونا۔

تَکَاوَسَ لَحْمُہٗ: گوشت کا تہ بتہ ہونا — العُشْبُ: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔

اِکْتَاسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: روکنا۔

الکَاس۔ کَأس کا مخفف۔ بمعنی پیالہ۔

الکَوْس۔ مص۔ دریا کا تلاطم۔ ڈوبنے کے قریب ہونا۔

الکُوْس۔ ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج کُوْسَات (دخیل) لُمْعَۃٌ کَوْسَاء۔ خشک گھاس کا مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج کُوْس۔ رِمَالٌ کُوْسٌ: ریت تہ بتہ جما ہوا۔

الکُوْسِیّ مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث کُوْسِیَّۃ۔

المَکَاس۔ سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔

المِکْوَس۔ چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مَکَاوِس۔

کَوْسَجَ و تَکَوْسَجَ الرَّجُلُ: کوسج ہونا۔

الکَوْسَج۔ صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج کَوَاسِج۔

الکَوْسَج: ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔

کَاشَ یَکُوْشُ کَوْشًا عَنَہٗ: بہت گھبرانا۔ الجَارِیَۃ: جماع کرنا۔

کَوِعَ (س) کَوَعًا۔ بڑے بند دست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بند دست والا ہونا۔ صفت اَکْوَع مؤنث کَوْعَاء ج کُوْع۔

کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعًا الکَلْبُ: گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔

کَوَّعَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا۔

تَکَوَّعَتْ یَدُہٗ: بند دست کا ٹیڑھا ہونا۔

الکَاعُ و الکُوْعُ۔ انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ۔ ج اَکْوَاع۔

الکَوَع۔ مص۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔

کَافَ یَکُوْفُ کَوْفًا الاَدِیْمَ: چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔

کَوَّفَ الاَدِیْمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الشَّیءَ: علیحدہ کرنا — الکَافَ: حرف کاف لکھنا۔ الرَّجُلُ: کوفہ میں آنا۔

تَکَوَّفَ القَوْمُ تَکَوُّفًا و کَوْفَانًا عَلٰی غَیْرِ القِیَاسِ جمع ہونا — الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔

الکُوْفَۃ۔ عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔

الکُوْفِیّ۔ کوفہ کی جانب منسوب۔ اور اسی سے ہے خط کوفی۔

الکُوْفِیُّوْن۔ کوفہ کے نحوی حضرات۔

الکُوْفِیَّۃ۔ کُوْفِی کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکَفِّیَہ کہتے ہیں۔

الکُوْفَان والکَوْفان والکَوَفَان والکُوَّفَان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت و شوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈ۔ اور کہا جاتا ہے "ظَلُّوْا فِی کُوْفَانٍ مِنْ

اَمْرِهِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا "وَهُمْ فِيْ كُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِكَ" وہ لوگ اس سے عزت و شوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "اَلنَّاسُ فِيْ كَوْفَى مِنْ اَمْرِهِمْ" :

كَوْكَبَ الْحَدِيْدُ : چمک اُٹھنا۔ چم چم کرنا۔

الكَوْكَب۔ ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ میخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولہ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ كَوْكَبُ الْبِئْرِ : کوئیں کا سوت۔ ج كَوَاكِب۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَبٍ" یعنی متفرق ہوگئے "وَيَوْمٌ ذُوْ كَوَاكِبَ" سختیوں والا دن۔

الكَوْكَبَة۔ ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

المُكَوْكَب۔ آنکھ کے پھولے والا۔

كَوْكَى كَوْكَوَةً۔ الرَّجُلُ : تیز چلنے میں جھومنا۔ پستہ قد کا دوڑنا۔

الكَوْكَاة والكَوَاكِيَة۔ پستہ قد۔

المُكَوْكَى۔ بے برکت۔ کیکڑا۔

تَكَوَّلَ الْقَوْمُ : اکٹھا ہونا (— وانْكَالَ اِنْكِيَالاً) الْقَوْمُ عَلَيْهِ : مار پیٹ گالی گلوچ کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

تَكَاوَلَ الرَّجُلُ : کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔

الكَوْلَان والكُوْلَان۔ بردی نام کی ایک گھاس واحد كَوْلَانَة۔

الاَكْوَل۔ پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اَكَاوِل۔

الكَوَالِل۔ پستہ قد۔

كَامَ (ن) كَوْمًا و كَوْمَةَ الْجَارِيَة : جماع کرنا — الفَرَسَ وَغَيْرَهٗ : جفتی کرنا۔

كَوِمَتْ (س) كَوَمًا النَّاقَةُ : اُونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔

كَوَّمَ تَكْوِيْمًا التُّرَابَ : مٹی کو تودہ تودہ کرنا — المَتَاعَ : سامان کا ڈھیر لگانا — ثِيَابَهٗ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ : کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔

اِكْتَامَ اِكْتِيَامًا الرَّجُلُ : پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔

الكُوْم۔ اُونٹوں کا گلہ۔ ج اَكْوَام : بلند جگہ۔ ٹیلہ ج کیمان۔

الكُوْمَة والكَوْمَة۔ مٹی کا ڈھیر۔ ج كُوَم واَكْوَام۔

الاَكْوَم۔ بلند۔ بڑے کوہان والا اُونٹ۔ مؤنث كَوْمَاء ج كُوْم۔

كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا و كِيَانًا و كَيْنُوْنَةً الشَّيْءُ : نوپید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ كَانَ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لیے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "فَقَالَ اللّٰهُ لِيَكُنْ نُوْرٌ فَكَانَ نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ وَلَا شَيْءَ مَعَهٗ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ" اور يَنْبَغِيْ کے معنی میں جیسے "مَاكَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا" اور استقال کے معنی کے لیے جیسے "يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا" اور زمانہ ماضی کے لیے جیسے "كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ" اور زمانہ حال کیلئے جیسے "كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا" اور کہا جاتا ہے "صَارَ اِلٰى كَانَ" یعنی مرگیا اور تثنی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صَارَ اِلٰى كَانَا"۔ "صَارُوْا اِلٰى كَانُوْا" اور "كُنْتُ الْكُوْفَةَ" یعنی میں کوفہ میں تھا "و مَنَازِلُ اَقْفَرَتْ كَانَ لَمْ يَكُنْهَا اَحَدٌ" یعنی منازل خالی ہوگئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ "وكُنَّاهُمْ" بمعنی كُنَّا لَهُمْ۔

كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا وكِيَانًا عَلٰى فُلَانٍ : ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

كَوَّنَ تَكْوِيْنًا الشَّيْءَ : پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔

تَكَوَّنَ۔ پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔

اِكْتَانَ اِكْتِيَانًا بِفُلَانٍ و عَلَيْهِ : ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

اِسْتَكَانَ اِسْتِكَانَةً لِفُلَانٍ : فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

الكَوْن۔ مص۔ عالم وجود۔

الكَوْنِيّ۔ کون کی جانب منسوب۔

الكُوْنِيّ۔ عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔

الكِيَان۔ مص۔ طبیعت۔ فطرت۔

الكِيَانه۔ ضمانت۔ کفالت۔

التَكْوِيْن۔ مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سَفَرُ التَكْوِيْن : بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔

الكَائِن۔ فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔

الكَائِنَة۔ مؤنث كَائِن۔ حادثہ ج كَائِنَات و كَوَائِن۔ الكَائِنَات : موجودات۔

الكُنْتِيّ و الكُنْتُنِيّ۔ بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ فِي شَبَابِي كَذَا و كَذَا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ كُنْتِيًّا" یعنی میں بڑی عمر والا ہوگیا ج كُنْتِيُّوْنَ و كُنْتَنِيُّوْن اور كُنْتُنِي میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضَرَبَنِي میں فتحہ ظاہر ہونے کیلئے نون لاتے ہیں۔

المَكَان۔ کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اَمَاكِن و اَمْكِنَة و اَمْكُن (اخیر نادر ہے)

المَكَانَة۔ موضع۔ جگہ۔ مرتبہ ج مَكَانَات۔

المَكِيْنُ۔ مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَكِيْنٌ عِنْدَ فُلَانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَكُوْنٌ فِيْهِ : یعنی موجود۔

كَوِهَ (س) كَوَهًا۔ متحیر ہونا۔

كَاهَ يَكُوْهُ كَوْهًا الشَّيْءَ : منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔

كَوَّهَ النَّارَ : آگ بھڑکانا۔

تَكَوَّهَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ : پراگندہ و پریشان ہونا۔

كَوَّى فِي دَارِهٖ كُوًّى : روشندان بنانا۔

تَكَوَّى تَكَوِّيًا الرَّجُلُ : تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔

الكَوُّ والكَوَّة والكُوَّة۔ روشن دان۔ ج كِوَاء و كُوًى و كَوَّات و كُوَّات۔ كُوَى النَّهْرِ : دریا کے نالے۔

کَوَیٰ یَکْوِیْ کَیًّا فُلَانًا : لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ کَوَتِ الْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "کَوَانِیْ بِعَیْنِہٖ" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔

اَکْوَیٰ اِکْوَاءً۔ زبان سے تکلیف پہنچانا۔

کَاوَیٰ مُکَاوَاۃً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

اِکْتَوَیٰ۔ داغ لگنا — الرَّجُلُ : اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔

اِسْتَکْوَیٰ فُلَانًا : داغ لگانے کو کہنا — الرَّجُلُ : داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔

الْکَیَّۃُ۔ کَوَیٰ کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔

الْکَوَّاءُ۔ اسم مبالغہ۔ بدزبان۔ بہت گالی بکنے والا۔

الْمِکْوَاۃُ۔ داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ ج مَکَاوٍ۔

الْمِکْوَاۃُ و الْکَاوِیَاءُ۔ بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔

کَیْ۔ حرفِ تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ کَیْ یَسْئَلَ" یعنی آیا تاکہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "کَیْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔

وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیْمَہْ جیسا کہ لِمَہْ کہا جاتا ہے اور مَاءِ مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "یُرَجِّی الْفَتٰی کَیْمَا یَضُرُّ وَیَنْفَعُ"۔

اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبًا داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُکَ کَیْ تُکْرِمَنِیْ" میں تمہارے پاس اس لیے آیا کہ تم میرا اکرام کرو۔ اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِکَیْ تُکْرِمَنِیْ۔

کَاءَ یَکِیْءُ کَیْئًا عَنِ الْاَمْرِ : اعراض کرنا۔

الْکَاءُ و الْکَیْءُ و الْکَاءَۃُ و الْکَیَاءَۃُ بزدل۔

کَیَّتُ الْوِعَاءَ : برتن بھرنا — الْجَهَازَ : سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔

کَیْتَ و کَیْتَ۔ اور کبھی کَیْتِ و کَیْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قَالَ فُلَانٌ کَیْتَ و کَیْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا۔ اور کَیْتَ کَیْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

کَاحَ یَکِیْحُ کَیْحًا السَّیْفُ فِیْهِ : تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَاحَ فِیْهِ السَّیْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔

اَکَاحَہٗ اِکَاحَۃً۔ ہلاک کرنا۔

الْکَیِّحُ۔ موٹا (مذکر و مؤنث) کَیِّحٌ اَکْیَحُ : کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے یَوْمٌ اَیْوَمُ۔

الْکَیَحُ۔ سختی۔ موٹاپا۔

کَادَہٗ یَکِیْدُہٗ کَیْدًا۔ مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ برا ارادہ کرنا — الزَّنْدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ کَادَ لِفُلَانٍ : حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکِیْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِیْ مَا هُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے و "بَلَغُوا الْاَمْرَ الَّذِیْ کَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا — بِنَفْسِہٖ : جان دینا — الشَّیْءَ : تیار کرنا — الرَّجُلُ : قے کرنا۔

کَایَدَہٗ مُکَایَدَۃً۔ مکر و فریب کرنا۔

تَکَایَدَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔

اِکْتَادَ اِکْتِیَادًا۔ حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔

الْکَیْدُ۔ مص۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ج کِیَادٌ۔ کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا "وَلَا کَیْدًا وَلَا هَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔

الْکَیَّادُ۔ بہت مکر کرنے والا۔

الْمَکِیْدَۃُ۔ اسم ہے کَادَ کا۔ مکر۔ دھوکا۔ خباثت ج مَکَایِدُ۔ کید کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے تو اس سے مراد مہلت دینی یا مکاروں کو ان کے فعل پر سزا دینی ہوتی ہے۔

کَارَ یَکِیْرُ کِیَارًا۔ الْفَرَسُ : دوڑتے میں دم اٹھانا۔

اَکَارَ عَلَیْہِ یَضْرِبُہٗ : متوجہ ہونا۔

تَکَایَرَا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔

الْکِیْرُ۔ لوہار کی بھٹی۔ ج اَکْیَارٌ و کِیَرَۃٌ۔

الْکَیِّرُ۔ دوڑنے میں دم اٹھانے والا۔

کَاسَ یَکِیْسُ کَیْسًا و کِیَاسَۃً الْغُلَامُ : زیرک ہونا۔ ذہین ہونا — فُلَانًا : دانائی میں غالب آنا — الْجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔

کَیَّسَہٗ تَکْیِیْسًا۔ زیرک و ذہین بنانا۔

کَایَسَہٗ مُکَایَسَۃً۔ دانائی میں مقابلہ کرنا — ہٗ فِی الْبَیْعِ : بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَکَاسَ اِکَاسَۃً و اَکْیَسَ اِکْیَاسًا ذہین اولاد والا ہونا۔

تَکَیَّسَ۔ دانائی ظاہر کرنا۔ بتکلف دانا بننا۔

الْکَیْسُ : مص۔ عقل، سمجھ، دانائی، زیرکی۔ بخشش۔ جماعت۔ کاموں میں سنجیدگی۔

الْکِیَاسَۃُ : مص۔ جو چیز نافع ہو اس کے استخراج کی قدرت۔

الْکِیْسُ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج اَکْیَاسٌ و کِیَسَۃٌ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے۔

الْکَیِّسُ۔ دانا۔ سمجھ دار۔ اچھی سمجھ بوجھ والا۔ ج اَکْیَاسٌ و کَیْسٰی مؤنث کَیِّسَۃٌ ج کَیَاسٌ۔

الْمُکَیِّسُ۔ سمجھ دار۔

کَیْسَانُ۔ بغیر الف لام کے اسم ہے غدر کے لئے۔ جب کوئی بے وفائی کرے تو کہا جاتا ہے رَکِبَ فُلَانٌ کَیْسَانَ۔

الْاَکْیَسُ۔ اسم تفضیل۔ مؤنث کَیْسٰی و کُوْسٰی ج کِیْسٌ۔

الْمِکْیَاسُ مِنَ النِّسَاءِ : وہ عورت جو عقلمند بچوں کو جنے۔ ج مَکَایِیْسُ۔

کَاصَ یَکِیْصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیَصَانًا کسی چیز سے عاجز ہونا — الطَّعَامَ : تنہا کھانا — مِنَ الطَّعَامِ و الشَّرَابِ : بہت کھانا پینا۔ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ یَکِیْصُ" جلدی کرتا ہوا گزرا و "کِصْنَا عِنْدَہٗ مَا شِئْنَا" ہم نے اس کے پاس جو کچھ جی میں آیا کھایا۔

کَایَصَ مُکَایَصَۃً الْاَمْرَ او الْعَمَلَ : مشق کرنا۔

الْکَیِّصُ۔ مص۔ سخت بخیل۔ درشت خو۔ گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد۔

کِیْصٌ و کِیْصِی و کِیْصَی و کَیْصَی۔ تنہا اترنے والا۔ تنہا کھانے والا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا۔

الکِیْصُ و الکَیْصُ مِنَ الرِجَالِ: مضبوط پٹھے والا۔

کَاعَ یَکِیْعُ کَیْعًا و کَیْعُوْعَةً عَنْهُ: بزدل ہونا۔ خائف ہونا۔ صفت کَاعٍ و کَائِعٌ: ج کَاعَةٌ۔

کَافَ یَکِیْفُ کَیْفًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔

کَیَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کیفیت معلوم بنانا۔

تَکَیَّفَ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ کسی کیفیت پر ہونا۔

اِنْکَافَ اِنْکِیَافًا الشَّیْءُ: کٹنا۔

کَیْفَ اسم مبہم مبنی علی الفتحہ ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لیے ہوتا ہے جیسے "کَیْفَ زَیْدٌ" اور کبھی شرط کے لیے آتا ہے کبھی "مَا" لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے کَیْفَمَا تَصْنَعَ اَصْنَعُ و کَیْفَ تَصْنَعَ اَصْنَعُ اور کہا جاتا ہے "کَیْفَ لِیْ بِفُلَانٍ" اس کے جواب میں تم کہتے ہو کُلُّ الْکَیْفِ جر کے ساتھ۔ مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے۔

کَیْفِیَّةُ الشَّیْءِ: صفت۔ حالت ج کَیْفِیَّات۔

الکِیْفَة۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں۔ ج کِیَف۔

الکَیْکَة۔ انڈا۔ ج الکَیَاکِی اور تصغیر کُیَیْکَة و کُیَیْکِیَة۔

کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا و مَکِیْلًا و مَکَالًا و کَیَّلَ القَمْحَ وَغَیْرَهُ: ناپنا اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے "کِلْتُ زَیْدًا الطَّعَامَ" اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے۔ جیسے کِلْتُ لِزَیْدٍ الطَّعَامَ۔ کَالَ الدَّرَاهِمَ: تولنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ لَا یَکِیْلُنِیْ" یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لیے کافی نہیں۔

کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔

کَیَّلَ القَمْحَ: گیہوں ناپنا — الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔

کَایَلَهُ مُکَایَلَةً۔ دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا۔ گالی دینا اور بڑھ جانا اور کہا جاتا ہے "کَایَلْتُ فُلَانًا" یعنی اس نے میرے لیے اور میں نے اس کے لئے ناپا۔ دونوں مُکَایَلَانِ کہے جائیں گے "وَکَایَلَ الفَرَسَ الفَرَسُ فِی الْجَرْیِ" یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے "کَایَلْنَاهُمْ صَاعًا بِصَاعٍ" یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا۔

تَکَیَّلَ الرَّجُلُ: میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا۔

تَکَایَلَ الرَّجُلَانِ: گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ ایک کا دوسرے کیلئے ناپنا۔

اِکْتَالَ اِکْتِیَالًا مِنْهُ وَعَلَیْهِ: اپنے لیے ناپنا۔

الکَالُ۔ ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے۔

الکَیْلُ۔ مص۔ ناپنے کا آلہ۔ چنگاری جو چقماق سے گرے۔ ج اَکْیَال۔

الکَیْلَة۔ کال کا اسم مرة۔ ناپنے کا برتن فِی بَرِّ الشَّامِ: دومد کا پیمانہ۔ ج کَیْلَات۔ اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَحَشَفًا وَسُوْءَ کَیْلَةٍ" اس وقت بولا کرتے ہیں جب کہ دو بری باتوں کو کوئی جمع کرے۔ مراد یہ کہ بری کھجور بھی اور پھر اس پر بری تول بھی۔

الکِیْلَة۔ کال کا اسم۔ اور اسم نوع۔

الکِیَالَة۔ ناپنے کا پیشہ۔ ناپنے کی اجرت۔

الکَیَّال۔ وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے۔

الکَیُّوْل۔ میدان جنگ کی آخرت صف۔ اونچی زمین۔ بزدل (— والکَیِّل) چنگاری جو چقماق سے جھڑے۔

المِکْیَلُ والمِکْیَلَة ج مَکَایِل والمِکْیَال۔ ج مَکَایِیْل: جس سے ناپا جائے۔

المَکِیْلُ والمَکْیُوْلُ۔ ناپا ہوا۔

الکِیْمِیَاءُ والکِیْمِیَا۔ اکسیر۔ جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے

عِلْمُ الْکِیْمِیَاءِ او الکِیْمِیَا عِنْدَ القُدَمَاءِ: وہ علم ہے جس میں اس سے بحث کی جائے کہ کس طرح ایک معدنی چیز کو دوسرے کی طرف خصوصاً سونے کی طرف تبدیل کر سکتے ہیں اور یا تمام امراض کیلئے دوا کا استنباط — عِنْدَ الْمُتَاَخِّرِیْنَ: وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع و خواص سے بواسطہ حل و ترکیب کے بحث ہو۔ اور نسبت کے وقت کِیْمِیٌّ و کِیْمَوِیٌّ کہتے ہیں۔ ج کِیْمِیُّوْنَ و کِیْمَوِیُّوْنَ۔

کَانَ یَکِیْنُ کَیْنًا لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

اَکَانَهُ اِکَانَةً اللّٰهُ: عاجز کر دینا۔ مطیع کرنا۔ فرمانبردار بنانا۔

اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا۔ غمگین ہونا اور غم کو چھپانا۔

اِسْتَکَانَ۔ کون کے مادہ میں مذکور ہے۔

الکَیْنَة۔ بیری۔ ضمانت۔

الکِیْنَة۔ سختی۔ ذلت، حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ بِکِیْنَةِ سُوْءٍ" یعنی اس نے بری حالت میں رات گزاری۔

الکِیْنَا۔ کُوْنَیْن۔ (دخیل)

کَاهَ یَکِیْهُ کَیْهًا فُلَانًا: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔

الکَیِّهُ۔ وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز آ چکا ہو۔

اللام۔ تین قسمیں ہیں۔
(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔
(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزَیْدٍ وَلِیْ اور مستغاث یَا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یَالَلّٰهِ وَلَكَ وَلَنَا وَلَهٗ۔
یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والا کئی معنوں میں آتا ہے۔
(۱) اختصاص جیسے "اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِ" جنت مؤمن کے لیے خاص ہے۔
(۲) استحقاق جیسے "اَلْعِزَّةُ لِلّٰهِ" عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔
(۳) ملکیت جیسے ﴿ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان وزمین میں ہیں۔
(۴) تبلیغ جیسے "قُلْتُ لَهٗ و فَسَّرْتُ لَهٗ" میں نے اس سے کہہ دیا میں نے اس سے بیان کردیا۔
(۵) تعدیہ جیسے "مَا اَشَدَّ حُبَّ زَیْدٍ لِعَمْرٍو" زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے۔
(۶) قسم جیسے "لِلّٰهِ لَا فْعَلَنَّ هٰذَا" قسم اللہ کی میں اس کو ضرور کروں گا۔
(۷) صیرورت جیسے "وُلِدَ الْاِنْسَانُ لِحَیٰوةٍ اَبَدِیَّةٍ" انسان ہمیشہ کی زندگی کیلئے پیدا کیا گیا ہے اور اس کو لام عاقبت اور لام المال بھی کہتے ہیں۔
(۸) تعلیل جیسے "وَیَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَطِیَّتِیْ" اور اس دن کہ باکرہ چھوکریوں کیلئے میں نے اپنی اُونٹنی کو ذبح کیا۔
(۹) موافقت الٰی جیسے "بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰی لَهَا"
(۱۰) موافقت علیٰ جیسے "یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ"
(۱۱) موافقت فی جیسے "وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ"
(۱۲) بمعنی عِنْدَ جیسے "کَتَبْتُهٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ" پانچویں تاریخ کے گزرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔
(۱۳) موافقت بعد جیسے "اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ"
(۱۴) موافقت مَعْ جیسے فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّیْ وَمَالِکًا۔ لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ مَعًا۔
(۱۵) موافقت مِنْ جیسے "سَمِعْتُ لَهٗ صُرَاخًا" میں نے اس سے چیخ سنی۔
(۱۶) موافقت عَنْ جیسے "قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ کَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَیْهِ۔"
(۱۷) زائدہ جیسے "ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ" میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر اَنْ سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اَن مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللام کی تاویل میں ہوتا ہے اور یہ یا تو تعلیل کے لیے ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ لِتُعَلِّمَنِیْ" میں تیرے پاس اس لیے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے۔ اور یا تاکید نفی کے لئے۔ اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لام جحود کہتے ہیں جیسے "مَا کَانَ زَیْدٌ لِیُکْرِمَكَ" زید ہرگز تیری تعظیم کے لیے نہ تھا۔
(۲) لازم جازمہ۔ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے "لِیَحْکُمَ اللّٰهُ" اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واؤ اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے "فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ" اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے "ثُمَّ لْیَقْضُوْا"
(۳) غیر عاملہ۔ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتدا ہے جیسے "لَزَیْدٌ قَائِمٌ و اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ۔"
اور لام جواب بعد لَوْ ولَوْ لَاو قسم جیسے "لَوْ عُدْتُمْ لَعُدْنَا و لَوْ لَا زَیْدٌ لَهَلَکْنَا" و "وَاللّٰهِ لَزَیْدٌ کَرِیْمٌ" اور لام زائدہ جیسے "اَرَاكَ لَشَاتِمِیْ"
اور منجملہ انہیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کیلئے اسمائے اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے جیسے تِلْكَ میں مگر ذلک میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔
لا۔ تین طرح پر ہے۔
(۱) نافیہ۔ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔
(الف) نفی جنس کے لئے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی برفتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے "لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ" گھر میں کوئی مرد نہیں۔ "وَلَا غُلَامَ رَجُلٍ حَاضِرٌ" مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔
(ب) بمعنی لَیْسَ۔ اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لیے ہے جیسے "لَا رَجُلٌ قَائِمًا" مرد قائم نہیں۔ اور لا نفی جنس اور لا بمعنی لَیْسَ میں فرق یہ ہے کہ جب تم لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ کہو گے تو اب اس کے بعد بَلْ رَجُلَیْنِ اَوْ رِجَالٌ کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کردی گئی ہے۔ بخلاف لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ کے کہ وہاں بَلْ رَجُلَیْنِ او رِجَالٌ کہنا صحیح ہوگا اس لیے کہ لا بمعنی لَیْسَ صرف واحد کی نفی کرتا ہے ماسوا کی نہیں۔

(ج) لَا نافیہ عطف کے لیے جیسے "جَاءَ زَیْدٌ لَا عَمْرٌو" زید آیا نہ کہ عمرو۔
(د) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے "اَقَامَ زَیْدٌ" تو تم اس کے جواب میں کہو "لَا"
(۲) طلب ترک فعل کے لیے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے "لَا تَخَفْ" مت ڈر۔
(۳) زائدہ۔ اور یہ تقویت معنی کیلئے ہوتا ہے حذف کردینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے "مَا مَنَعَكَ اَنْ لَا تَقُوْمَ" بمعنی "مَا مَنَعَكَ اَنْ تَقُوْمَ"
لَاتَ۔ حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے نَدِمَ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ بمعنی لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔
المُلْتَبِب۔ سیدھا۔
اللَازَوَرْد۔ لاجورد۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔
اللَازَوَرْدِی۔ جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔
لَاطَهُ (ف) لَاطًا۔ اصرار سے کسی کام کے لیے کہنا۔ لَاطَ عَلٰی فُلَانٍ: سختی کرنا۔ لَاطَهُ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَاطَ فُلَانٌ فِی مُزْوَرِهٖ: بغیر ادھر ادھر التفات کے تیز بھاگنا — فُلَانًا: دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے — ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
لَاظَهُ (ف) لَاظًا۔ غمگین کرنا۔ دھتکارنا۔ مقابلہ کرنا — فُلَانًا فِی التَّقَاضِی: تقاضا کرنے میں سختی و اصرار کرنا۔
لَافَ (ف) لَافًا الطَّعَامَ: اچھی طرح سے کھانا۔
اَلْاَكَهُ اِلَاكَةً اِلٰی فُلَانٍ: پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْكِنِیْ اِلٰی فُلَانٍ" یعنی میرا پیغام اس کو پہنچادو (اصل اَلْاَلِكْ ہے)

اِسْتَلْاَكَ لَهٗ: پیغام لے جانا۔
المَلْاَك و المَلْاَكَة۔ پیغام۔ پیغامبری۔
المَلْاَك و المَلَك۔ فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں۔ ج مَلَائِكَة و مَلَائِك و اَمْلَاك۔ اور مفرد مَلَاك اور جمع مَلْئِكَةٌ بنائی جاتی ہے۔
لَالَاَ لَالَاَةً النَّجْمُ او الْبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ لَالَاَتِ النَّارُ: آگ کا روشن ہونا۔ بھڑکنا۔
لَالَاَ الثَّوْرُ بِذَنَبِهٖ: بیل کا دم ہلانا۔
لَا لَاتِ النَّوَائِحُ: بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو الٹنا پلٹنا۔ لَالَاَ الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔
تَلَالَاَ النَّجْمُ او الْبَرْقُ او النَّارُ: بمعنی لَا لَاَ — وَجْهُهٗ: چہرہ کا دمک اٹھنا۔
اللُّؤْلُؤ۔ موتی۔ واحد لُؤْلُؤَة ج لَآلِی۔
اللُّؤْلُئِی و اللُّؤْلُوَانُ۔ موتی کے رنگ کا۔
اللَّئَّالَة۔ موتی فروشی کا پیشہ۔
اللَالَاء۔ بہت زیادہ خوشی۔ لَالَاءُ السِّرَاجِ: چراغ کی روشنی (— و اللَأّال و اللَأّاء) موتی فروش۔
لَامَ (ف) لَامًا و لَامَ تَلْئِيْمًا الرَّجُلَ: کمینگی کی طرف نسبت کرنا — السَّهْمَ: تیر پر لگانا۔ الجُرْحَ: زخم باندھنا (— لَأَمَ (ف) لَامًا و لَأَمَ تَلْئِيْمًا و اَلْاَمَ اِلْآمًا) الشَّیْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا اور باندھنا۔ اَلْاَمَ الرَّجُلُ: کمینے بچوں کا باپ ہونا۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں۔
لَؤُمَ (ک) لُؤْمًا و مَلْاَمَةً و لَآمَةً۔ دَنِی الاصل ہونا۔ بخیل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت لَئِیْم ج لِئَام و لُؤَمَاء۔
لَاءَمَ مُلَاءَمَةً الشَّیْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا۔
لَاءَمَهُ الشَّیْءُ: موافقت کرنا۔ لَاءَمَ بَیْنَ الْقَوْمِ: صلح کرانا۔
تَلَامَ و تَلَاءَمَ۔ الشَّیْءُ الْفَاسِدُ: درست ہونا۔
تَلَامَ لَامَتَهٗ اَیْ دِرْعَهٗ: زرہ پہننا۔
اِلْتَامَ الفَاسِدُ: درست ہونا — الشَّیْءُ: ملنا اور چمٹ جانا — الجُرْحُ: انگور بننا اور اچھا ہونا — القَوْمُ: اکٹھا ہونا — الشَّیْئَانِ: متفق ہونا — الفَرِیْقَانِ: مصالحت کرنا۔
اِسْتَلْاَمَ اِسْتِلْاَمًا۔ زرہ پہننا۔ کمینوں میں شادی کرنا — اَصْهَارًا: کمینوں کو داماد بنانا — الحَجَرَ الاَسْوَدَ: چومنا — الاَبَ: کمینہ باپ والا ہونا۔

اللام۔ مص۔ جمع لَامَة بمعنی زرہ۔ شخص۔ ہر سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ لَامٌ" مجتمع چیز۔ "سَهْمٌ لَامٌ" پر لگا ہوا تیر۔
اللِئْم۔ ج اَلْآم و لِئَام۔ و اللُّمَة۔ مثل۔ مانند۔ اللِئْم: لوگوں کے درمیان اتفاق۔ تلوار۔ شَهِدَ
اللُّمَةُ: تین سے لے کر دس تک مردوں کی جماعت۔ ج لُمَات۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِئَامُهٗ" وہ اس کی مانند ہے۔
اللُّوَام۔ حاجت۔
اللَامَة۔ زرہ۔ ج لَامٌ و لُؤَم۔
اللُّؤْمَة۔ اوزار کاشت کاری۔ ہر نفیس چیز جس پر عمل کیا جائے۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا۔
اللَئِیْم۔ کمینہ۔ بخیل۔ دَنِیُّ الاصل۔ بہت زیادہ حریص۔ ذلیل۔ ج لِئَام و لُؤَمَاء۔
المَلْاَم و المِلْاَم و المِلْآم۔ کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا۔ ندا کے موقع پر یَا مَلْاَمُ بمعنی یا لئیم کہا جاتا ہے۔
اللَامَان و اللُّؤْمَان و المَلْاَمَان۔ دَنِیُّ الطبع: اور یہ ندا کے لیے مخصوص ہے۔
المُلَام۔ زرہ پہنے والا۔ "رَجُلٌ مُلَامٌ" کمینگی کی طرف منسوب مرد۔
المُلْئِم۔ کمینہ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا۔
لَایَ یَلَایُ لَایًا۔ دیر کرنا۔ رکنا۔
اَلْاَیَ اِلْآءً۔ سختی میں پڑنا۔
اِلْتَاَی اِلْتِئَاءً۔ دیر کرنا۔ تنگ گزران والا ہونا۔ مفلس ہونا۔
اللای و اللَای و اللَاوَاء۔ سختی۔ رنج و تکلیف۔ اللَای: ڈھال۔ جنگلی بیل۔ مؤنث لَاۃ۔ ج اَلْآء۔
لَبَّ (ن) لَبًّا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — الدَّابَّةَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا — اللَّوْزَةَ: بادام توڑ کر گری نکالنا — الرَّجُلَ: سینہ پر مارنا۔

لَبِبَ(س) لَبَبًا وَلَبًّا وَلُبًّا ولَبَابَةً عقلمند ہونا۔ لَبَّ يَلُبُّ بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے۔

لَبَّ (ض س) لَبًّا و لَبَابَةً۔ عقلمند ہونا۔ اور لَبِبْتَ و لَبُبْتَ تَلَبُّ بھی آیا ہے مگر باب فَعُلَ يَفْعَلُ سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے۔

لَبَّبَ تَلْبِيْبًا الحَبُّ : دانہ کا گودے دار ہونا — فُلَانًا : گریبان پکڑ کر کھینچنا — فِي الْاَمْرِ : تردد کرنا۔

اَلَبَّ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا — عَلَى الْاَمْرِ : لازم ہونا — الدَّابَّةَ : جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا — السَّرْجَ : زین کا تنگ بنانا — لَهُ الشَّيْءُ : پیش آنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُ فُلَانٍ تُلِبُّ دَارِي" فلاں کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔

تَلَبَّبَ لِلْقِتَالِ : مستعد ہونا۔ کمر کسنا — الرَّجُلَانِ : ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا۔

اِسْتَلَبَّ۔ زَيْدًا : عقل کی آزمائش کرنا۔

اللَّبُّ۔ قریبی مہربان۔ مؤنث لَبَّةٌ۔ ج لِبَابٌ رَجُلٌ لَبٌّ عَلَى الْاَمْرِ : کام سے لازم رہنے والا مرد۔ اُمٌّ لَبَّةٌ : مہربان ماں۔

اللُّبُّ۔ ہر چیز کا خالص۔ خالص عقل۔ جو وہم وغیرہ کی آمیزش سے پاک ہو یا تیز فہمی۔ اسلئے لُبّ پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں۔ اللُّبُّ : دل۔ زہر۔ ج اَلْبَابٌ واَلُبٌّ واَلْبُبٌ (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے) اللُّبُّ مِنَ الْجَوْزِ وَاللَّوْزِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ : بادام اخروٹ وغیرہ کی گری۔ ج لُبُوْبٌ۔

اللَّبَّةُ۔ لَبَّ کا اسم مرۃ۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ شوہر کے ساتھ اچھی طرح گزر بسر کرنے والی عورت۔ ج لَبَّاتٌ۔

اللَّبَبُ۔ مص۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔ باریک ریت۔ گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ۔ ج اَلْبَابٌ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي لَبَبٍ رَخِيٍّ" فلاں آسودہ حال ہے۔ اللَّبَبُ : دل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَخِيُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے۔

اللَّبَابُ۔ تھوڑی گھاس۔ کہا جاتا ہے "لَبَابٍ لَبَابٍ" کوئی حرج نہیں۔

اللُّبَابُ۔ ہر چیز کا خالص۔ برگزیدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُبَابُ قَوْمِهٖ وَهُمْ لُبَابُ قَوْمِهِمْ وَهِيَ لُبَابُ قَوْمِهَا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے "حَسَبٌ لُبَابٌ وَعَيْشٌ لُبَابٌ" خالص حسب۔ خالص زندگی۔ لُبَابُ الْجَوْزِ وَنَحْوِهٖ : اخروٹ وغیرہ کی گری۔

اللَّبَابَةُ۔ لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے۔

اللَّبِيْبُ۔ عقلمند۔ ج اَلِبَّاءُ مؤنث لَبِيْبَةٌ ج لَبِيْبَاتٌ و لَبَائِبُ۔ رَجُلٌ لَبِيْبٌ : کام سے چمٹے رہنے والا۔ سستی نہ کرنے والا۔ بَنَاتُ اَلْبُبٍ۔ دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی میں کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّكَ مِنْ بَنَاتِ اَلْبُبِي" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں۔ اور اَلْبُبٌ کی جمع اَلَابِبُ اور تصغیر لُبَيْبٌ۔

التَّلْبِيْبُ۔ مص۔ گریبان ج تَلَابِيْبُ۔ التَّلْبِيْبُ : بتکلف عقل کا اظہار۔

الْاُلْبُوْبُ۔ بیر کی گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ" میں حاضر ہوں۔ میں موجود ہوں میں تمہاری طاعت پر قائم ہوں۔ تثنیہ تاکید کے لیے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے۔ اور اس کی اصل اُلِبُّ لَكَ اِلْبَابًا بَعْدَ اِلْبَابٍ ہے۔

الْمَلْبُوْبُ۔ جودت عقل سے متصف۔

الْمُتَلَبَّبُ۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔

لَبِيْبَةٌ۔ بغیر آستینوں کی قمیص۔

لَبَاَ (ف) لَبْاً الشَّاةَ : بکری کی پیوسی دوہنا۔ لَبَاَتِ الْاُمُّ وَلَدَهَا : ماں کا بچے کو پیوسی پلانا۔ لَبَاَ الزَّرْعَ : پہلی بار پانی دینا — وَاَلْبَاَ الْقَوْمَ : پیوسی کھلانا — اللِّبَاَ : پیوسی تیار کرنا۔ اَلْبَاَتِ الشَّاةُ : پیوسی اتارنا — الْجَدْيُ : بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا۔ اَلْبَاَ الْقَوْمُ : بہت پیوسی والا ہونا — الْفَصِيْلَ : پیوسی پینے کے لیے تھن سے لگا دینا۔

لَبَّاَتْ تَلْبِئَةً۔ الشَّاةُ : بکری کے تھن میں پیوسی اترنا۔ صفت مُلَبِّئٌ۔ لَبَّاَ۔ الْحَجُّ : لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کہنا (مانند لَبَّى يُلَبِّي ناقص یائی کے۔ اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

اِلْتَبَاَ۔ الشَّاةَ : بکری سے پیوسی دوہنا — اللِّبَاَ : پیوسی پینا (— وَاسْتَلْبَاَ) الجدی الشَّاةَ : پیوسی پینا۔

اللِّبَأُ۔ پیوسی۔ کھیس۔

اللَّبْاَةُ واللَّبَاءَةُ واللَّبُؤَةُ واللَّبْوَةُ واللَّبُوَةُ واللِّبْوَةُ واللَّبَةُ واللَّبَاةُ واللَّبُ شیرنی۔ ج لَبَآتٌ ولِبَاءٌ ولَبُوءٌ ولَبُوَّاتٌ۔

لَبَتَ (ن) لَبْتًا يَدَهٗ : ہاتھ اینٹھنا۔ مروڑنا — فُلَانًا : کسی کے سینہ، پیٹ، کمر پر لاٹھی سے مارنا۔

لَبِثَ (س) لَبْثًا ولُبْثًا ولَبَثًا ولَبَاثًا ولُبَاثًا ولَبَاثَةً و لَبِيْثًا و لَبِيْثَةً۔ بِالْمَكَانِ : ٹھہرنا۔ اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا لَبِثَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی۔

لَبَّثَ و اَلْبَثَ فُلَانًا فِي الْمَكَانِ : ٹھہرانا۔ مقیم کرانا۔

تَلَبَّثَ بِالْمَكَانِ : ٹھہرنا۔

اِسْتَلْبَثَ۔ سست پانا۔ سست سمجھنا۔

اللَّابِثُ واللَّبِثُ بِالْمَكَانِ : اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔

اللُّبْثَةُ۔ تھوڑی دیر۔

اللَّبِيْثَةُ۔ مص۔ مختلف قبائل کی جماعت۔ ج لَبَائِثُ۔

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بِهِ الْاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "لُبِجَ بِالرَّجُلِ او البَعِيرِ" یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا۔ صفت لَبِيْجٌ — هُ بِالْعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔

اللُّبْجَةُ واللُّبَجَةُ۔ شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیئے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لُبَجٌ ولُبَجٌ۔

اللِّبَاجُ۔ بیوقوف۔ کمزور عقل والا۔

لَبِحَ (س) لَبَحًا ولَبَّحَ واَلْبَحَ الرَّجُلُ : بڈھا ہونا۔

اللَّبِحُ۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فُلَانًا : مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا — الرَّجُلُ : پکڑنے کے لیے حیلہ کرنا — الشَّيْءَ : لینا (— لُبُوْخًا) جَسَدُهٗ : بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِيْخٌ۔

لَابَخَهٗ لِبَاخًا و مُلَابَخَةً۔ باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مارپیٹ کرنا۔
تَلَبَّخَ۔ مشک لگانا۔
اللَّبَخ۔ ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَة۔
اللَّبِيْخ۔ زیادہ گوشت والا۔
اللَّبِيْخَة۔ مشک کا نافہ۔
لَبَدَ(ن)لُبُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
القَوْمُ بالرَّجُلِ: لازم ہونا —بِالشَّئِ: چمٹنا — الشَئَ بِالشَّئِ: گتھ جانا — الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
لَبِدَ(س)لَبَدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
لَبَدَ(ض)لَبْدًا الصَّوْفَ: اون دھنک کر پانی میں تر کرکے نمدہ بنانا —لَبَّدَ۔ الصُّوْفَ بمعنی لَبَدَهٗ — الكِسَاءَ: پیوند لگانا —الشَّئُ: نمدہ جیسا ہونا — المَطَرُ الْاَرْضَ: تر کرنا — شَعْرَه: لیس دار چیز یا گوند سے چپکانا۔
اَلْبَدَ بِالْاَرْضِ: چمٹ جانا —بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — السَّرْجَ: زین کے لیے نمدہ بنانا — الفَرَسَ: گھوڑے پر نمدہ باندھنا۔ الشَئَ بِالشَّئِ: چپکانا — الرَّجُلُ رَاسَهٗ: دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا — الخَرْقَ: پیوند لگانا — بَصَرُ الْمُصَلِّي: سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔
تَلَبَّدَ الصُّوْفُ و نَحْوُه: نمدہ بننا —الطَّائِرُ بِالْاَرْضِ: پرندہ کا زمین پر بیٹھنا۔ الرَّجُلُ: دیکھ کر معلوم کرنا۔ تَلَبَّدَتِ الْاَرْض بِالْمَطَرِ: بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔
اِلْتَبَدَ الوَرَقُ و نَحْوُهٗ: آپس میں چمٹنا۔ —الشَّجَرَةُ: بہت پتوں والا ہونا۔
اللَّبَد۔ مص۔ نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
اللَّبِد۔ تہ بتہ شدہ بال۔
اللَّبِد و اللُّبَد۔ جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے۔ اَبُوْ لُبَدٍ: شیر۔

اللِبْد۔ بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا۔ نمدہ ج لُبُوْد و اَلْبَاد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَجِفُّ لِبْدُه" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔
اللُّبَّادَة۔ اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔
اللِبْدَة۔ تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے۔ ران کا اندرونی حصہ۔ ٹڈی۔
اللُّبْدَة۔ تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔
اللِبْدَة و اللُّبْدَة: شیر کے ایال۔ ج لِبَد و لُبَد و اَلْبَاد و لُبُوْد۔
اللَابِد۔ فا۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال۔
اللَّبَّاد۔ نمدے بنانے والا۔
اللَّبُوْد۔ چیچڑی۔
اللَّبِيْد۔ توبرہ۔ چھوٹا بورا (— واللُّبَادَیٰ واللُّبَّادَیٰ واللُّبَّدَیٰ) ایک قسم کا پرندہ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی سے چمٹا رہتا ہے۔ اللُّبَّدَیٰ: جمع شدہ لوگ۔
المُلْبِد۔ فا۔ زمین پر پٹک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْبِد" ای فَقِيْرٌ مُدْقِعٌ یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔
المَلْبُوْد و المُلْبَد و المُلَبَّد۔ پیوند لگا ہوا تَيْسٌ مَلْبُوْد: ٹھوس گوشت والا بکرا۔
لَبَزَهٗ(ض)لَبْزًا۔ بہت سخت مارنا۔ لَبَزَ الشَّئَ: بہت تیز کھانا۔ توڑنا — فُلَانًا: عیب لگانا۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔
لَبَسَ (ض) لَبْسًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ گڑبڑ کر دینا۔
لَبَسَه(ن)لَبْسًا۔ شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسَنِي" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔
لَبِسَ (س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔ فُلَانًا: مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اٹھانا — فُلَانًا عَلٰی مَافِيْهِ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ عَلٰی ذٰلِكَ اُذُنِيَ" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "و لَبِسْتُ لِفُلَانٍ اُذُنِي" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔
لَبَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: خلط ملط کرنا — الشَّئَ: عیب چھپانا۔
اَلْبَسَهٗ۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا —هُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔
لَابَسَهٗ۔ ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا لَابَسَ الْاَمْرَ: ہمیشہ کرنا۔
تَلَبَّسَ بِالْاَمْرِ و بِالثَّوْبِ: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا — الطَّعَامُ بِالْيَدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بِيَ الْاَمْرُ: تعلق ہونا —عَلَى الْاَمْرِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّهٗ بِدَمِيْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی" و تَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا" عمدہ لباس پہننا۔
اِلْتَبَسَ عَلَيَّ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ و اِلْتَبَسَ بِعَمَلِ كَذَا: ملانا۔ اِلْتَبَسَتْ بِهِ الْخَيْلُ: لاحق ہونا۔
اللَّبْس و اللُّبْس و اللُّبْسَة و الاِلْتِبَاس و اللَّبُوْسَة و اللُّبُوْسَة۔ شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْس و اللُّبْس: تاریکی کا ملنا۔ اللُّبْس: ایک قسم کا کپڑا۔
اللِبْس۔ لباس۔ ج لُبُوْس۔ لِبْسُ الْهَوْدَجِ و نَحْوِهٖ: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبْس کا اطلاق ہوتا ہے۔
اللِبَاس۔ جو کپڑا پہنا جائے ج لُبُس و اَلْبِسَة شوہر و بیوی۔ مختلط ہونا۔ اجتماع۔ لِبَاسُ الزَّهْرِ: کلی کا غلاف۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی: حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔
اللِبْسَة۔ ایک قسم کا کپڑا۔ لَبِسَ کا اسم نوع۔
اللَّبُوْس۔ لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔
اللَّبِيْس۔ کپڑا۔ قَمِيْصٌ لَبِيْسٌ: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔
التَّلْبِيْس۔ مص۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء حقیقت۔
اللَّبَّاس۔ بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔
المَلْبَس و المِلْبَس۔ لباس۔ ج مَلَابِس

المِلْبَس: رات۔
المُلَبَّس مع — عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ: بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔
لَبَطَ (ض ن) لَبْطًا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ لُبِطَ بِه: گرایا جانا۔ کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آجانے کی وجہ سے گر پڑنا۔ زکام والا ہونا۔
لَبَطَ (ض) لَبْطًا و تَلَبَّطَ و اِلْتَبَطَ۔ البَعِيْرُ او البغلُ: اُونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا' دوڑنے میں لات پٹکنا۔ اِلْتَبَطَ و تَلَبَّطَ الرَّجُل: زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا — فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔ حیلہ کرنا۔
اللَبْطَه۔ لَبَطَ کا اسم مرۃ۔ زکام۔
اللَبَطَة۔ اِلْتِبَاط کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔
الاَلْبَاط۔ کھالیں۔ واحد لَبْط۔
المَلْبُوْط۔ مفع۔ رَجُلٌ مَلْبُوْطٌ بِه: اپنے کام میں متحیر مرد۔
اللَبْع۔ رائیگاں۔
لَبَقَ (ن) لَبْقًا و لَبَّقَ الشَّئَ: نرم کرنا۔
لَبِقَ (س) لَبَقًا و لَبُقَ (ک) لَبَاقَةً۔ حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبِقَ و لَبُقَ الثَّوْبُ و نَحْوُهٗ بِفُلَانٍ: چپکنا۔
اللَبِق و اللَبِيْق۔ نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مؤنث لَبِقَةٌ و لَبِيْقَةٌ۔
لَبَكَ (ن) لَبْكًا و لَبَّكَ الْاَمْرَ او الشَّئَ ملانا — الثَّرِيْدَ: کھانے کیلئے جمع کرنا — القَوْمُ بَيْنَ الشَّاءِ: بکریوں کو ملا دینا۔
لَبِكَ (س) لَبَكًا و اِلْتَبَكَ و تَلَبَّكَ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
اَلْبَكَ۔ فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔
اللَبْک و اللَبْكَة۔ مخلوط چیز۔ اَمْرٌ لَبِكٌ و لَبِيْكٌ۔ گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ۔
اللَبْكَة۔ ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ۔
اللُبَاكَة و اللَبِيْكَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي لَبْكَةٍ و لَبِيْكَةٍ" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔
لَبْلَبَتِ الْمَرْاَةُ بِوَلَدِهَا: عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا — الشَّاةُ بِوَلَدِهَا بَعْدَ الْوَضْعِ: بکری کا بچے کو جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔ لَبْلَبَ الْقَوْمُ: قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔
اللَبْلَب و اللُبْلُب۔ اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔
لَبَالِبُ الْغَنَمِ: بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔
اللَبْلَاب۔ عشق پیچہ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑیوں پر پھیلتی ہے' اس کا پتہ لوبیا کے پتہ کے مشابہ ہوتا ہے)
لَبِمَ (س) لَبَمًا۔ کندھوں کا مختلف ہونا۔
لَبَنَ (ن ض) لَبْنًا الرَّجُلَ: دودھ پلانا۔ فُلَانًا بِالْعَصَاءِ: سخت لاٹھی مارنا (لَبَن (ض) لَبْنًا) الرَّجُلُ: بہت کھانا۔
لَبِنَ (س) لَبَنًا الرَّجُلُ: تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا — الشَّاةُ: بکری کا دودھ والی ہونا۔
اَلْبَنَ الْقَوْمُ: بہت دودھ والی ہونا۔ صفت لَابِنُوْنَ و مُلْبِنُوْنَ — النَاقَةُ: تھن میں دودھ اُترنا — الرَّجُلُ: تَلْبِيْنَه بنانا (دیکھئے تَلْبِيْنَه)
لَبَّنَ۔ اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے/لیے مجلس بنانا — الشَّئَ: چوکور بنانا۔
تَلَبَّنَ الرَّجُلُ: دیر کرنا۔
اِلْتَبَنَ۔ اپنا دودھ چوسنا۔
اِسْتَلْبَنَ۔ دودھ طلب کرنا۔
اللَبَن۔ مص۔ دودھ ج اَلْبَان۔ تھوڑے سے کو لَبَنَة کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشَّجَرَةِ: درخت کا دودھ۔
اللَبِن و اللِبِن و اللِبْن۔ کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَة۔
اللَبِن و اللَبُوْن۔ دودھ کا خواہش مند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ الْقَمِيْصِ: کرتے کی کلی۔ مَجْلِسٌ لَبِنٌ: فیصلے کی مجلس۔ اللَبِنَةُ و اللَبِيْنَةُ: دودھ والی۔
اللَبَان۔ سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کیلئے ہوتا ہے۔
اللِبَان۔ دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَخُوْهُ بِلِبَانِ اُمِّهٖ اور بِلَبَنِ اُمِّهٖ نہیں کہا جاتا۔
اللُبَان۔ صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام میں آتا ہے۔
اللُبَانَة۔ حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبَانَات و لُبَان۔
لُبْنَان۔ ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔
اللَابِن۔ فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا' دودھ پلانے والا۔ مؤنث لَابِنَة ج لَابِنَات لَوَابِن۔
اللَوَابِن: تھن۔
اللَبُوْن و اللَبُوْنَة۔ دودھ والی۔ ج لِبَان و لِبْن و لُبْن و لُبُن و لَبَائِن۔ کہا جاتا ہے "كَمْ لُبْنُ غَنَمِكَ" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔
اللَبِيْن۔ دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِيْنَة کرتے کی کلی۔
اللُبْنٰى۔ ایک درخت ہے جس سے شہد کی مانند دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے عَسَل اللُبْنٰى: لُبْنٰى درخت کا دودھ۔
اللَبَّان و المُلَبِّن۔ اینٹیں بنانے والا۔
التَلْبِيْن و التَلْبِيْنَة۔ بھوسی دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔
المِلْبَن۔ دودھ صاف کرنے کا چھنا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔
المَلْبُوْن۔ دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔
المِلْبَنَة۔ چمچہ۔
عُشْبٌ مَلْبَنَةٌ۔ زیادہ دودھ والی گھاس۔
اللَبْوَة و اللَبُوَة۔ شیرنی' اس کو لَبُؤَة اور لَبَاءَةٌ اور لَبَاَةٌ بھی کہا جاتا ہے (لَبَاَ کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)
لَبِيَ يَلْبٰى لَبْيًا مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا۔
لَبّٰى تَلْبِيَةً الرَّجُلَ: جواب دینا۔ لَبَّيْكَ کہنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمُ الْمُلْتَبِيَةُ" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔
لَتَّ (ن) لَتًّا۔ الشَّئَ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا — السَّوِيْقَ: ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا — المَاءُ الثِّيَابَ و غَيْرَهَا: تر کرنا۔ صفت لَاتٌّ۔
لُتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا۔

اَلَتَّ - الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللَاتُ و اللَاتُّ - زمانۂ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اَللَتُّ - مص - کلہاڑی - بڑا کلہاڑا۔

اللُتَات - درخت کی چھال جو باریک کی جائے - کہا جاتا ہے "مَا اَبْقٰی مِنِّی الْمَرَضُ اِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَاَ (ف) لَتْأً - فُلَانًا فِیْ صَدْرِہٖ: دھکا دینا - کہا جاتا ہے "لَتَاَتْ بِہٖ اُمُّہٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا --- ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا - لَتَاَ اِلَیْہِ بِعَیْنِہٖ: گھورنا - تیز نظر سے دیکھنا --- الشَّیْئَ: کم کرنا --- اَلْجَارِیَۃَ: جماع کرنا - لَتَاَ: گوز کرنا۔

اللَّتِیْءُ - ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْبًا و لُتُوْبًا بِہٖ: چپکنا --- فِیْہِ: ثابت رہنا --- فِیْ مَنْحَرِ النَّاقَۃِ: بھالا مارنا (--- و لَتَّبَ) السَّرْجَ عَلَی الْفَرَسِ: زین کسنا - اور کہا جاتا ہے "لَتَّبَ عَلَیْہِ ثَوْبَہٗ" جب کہ کپڑا پہنے اور اُتارنا نہ چاہے۔

اَلْتَبَ عَلَیْہِ الْاَمْرَ: واجب کرنا۔

تَلَاتَبَ الْقَوْمُ: قوم کا باہم ملنا --- بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اِلْتَتَبَ - الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔

اللَّاتِبُ - چپکنے والا - ثابت رہنے والا۔

المِلْتَب - ہمیشہ گھر میں رہنے والا - گوشہ نشین۔

المَلَاتِب - پرانے کپڑے۔

لَتَحَہٗ (ف) لَتْحًا - کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا --- ہٗ بِبَصَرِہٖ: نگاہ ڈالنا --- فُلَانًا: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا --- اَلْجَارِیَۃَ جماع کرنا - لَتَحَہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتْحًا - بھوکا ہونا - صفت لَتْحَان مؤنث لَتْحٰی۔

رَجُلٌ لَتِحٌ و لَاتِحٌ و لُتَاحٌ و لُتَحَۃٌ - چالاک عقل مند ج لِتَاح - کہا جاتا ہے "ھُوَ اَلْتَحُ شِعْرًا مِنْہُ" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَہٗ (ف) لَتْخًا - آلودہ کرنا --- الشَّیْئَ: پھاڑنا۔

تَلَتَّخَ بِالشَّیْئِ: آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِیَدِہٖ: مکا مارنا۔

لَتَزَہٗ (ض ن) لَتْزًا مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا: ڈسنا --- ہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے مارنا۔

اللَتْلَتَۃ - جھوٹی قسم۔

لَتَمَہٗ (ن ض) لَتْمًا - مارنا - نتھنے پر نیزہ مارنا - لَتَمَ السَّھْمَ: تیر پھینکنا --- ہٗ بِسَھْمٍ: تیر مارنا --- فُلَانٌ بِشَفْرَتِہٖ فِیْ لَبَّۃِ بَعِیْرِہٖ: اونٹ کے لبے پر چھری چلانا - لَتَمَتِ الْحِجَارَۃُ رِجْلَ الْمَاشِیْ: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَتَم - زخم۔

اللَتِن - میٹھا۔

اللَتْنَۃ - سیپی۔

مَشَی (ض) مَشْیًا و تَمْشَاءً۔ چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا — زَیْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْیَة (— مَشَاءً) الْمَرْأَةُ او المَاشِیَةُ: بہت بچوں والی ہونا — بِالنَّمِیْمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔
مَشَّی تَمْشِیَةً۔ چلنا — الرَّجُلَ: چلانا۔
اَمْشَی الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (— وامْتَشَی) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔
مَاشَاهُ مُمَاشَاةً۔ ساتھ چلنا۔
تَمَشَّی۔ چلنا۔
تَمَاشَیَا۔ باہم مل کے چلنا۔
المِشْیَة۔ چال۔
المَشِیَّة۔ ارادہ۔ خواہش۔
المَاشِی: فا۔ ج مُشَاة و مَاشُوْن۔ چوپایے والا۔
المُشَاة: چغلی کھانے والے — مِنَ الْعَسْکَرِ: پیدل دستہ۔
المَاشِیَةُ۔ مَاشِی کا مؤنث۔ مویشی۔ ج مَوَاشِی۔
المَشَّاء۔ بہت چلنے والا۔ چغل خور۔
المَمْشَی۔ چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ۔
مَصَّ۔ (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا۔
اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔
المَصّ۔ مع۔ قَصَبُ المَصِّ: گنا۔
المُصَّة والمُصَاص مِنَ الشَّیْءِ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمُ الْمُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
المُصَاصَة۔ جو چیز چوسی جائے۔
المَصَّاص۔ بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔
المَصَّان۔ کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔ المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔
المُصَّان۔ گنا۔
المَصُوْص۔ پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔
المَصِیْصَة۔ پیالہ۔
مَصِیْصُ الثَّرَی: نمناک مٹی یا ریت۔
المِمَصّ۔ چوسنے کا آلہ۔
مَصَتَ (ن) مَصْتًا الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔ النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔
مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوْحًا الشَّیْءُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا — بِالشَّیْءِ: لے جانا۔ مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔ مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا — النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا — الْکِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا — لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ (ف) و مَصِحَ (س) مَصْحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح۔
مَصَّحَ و مَصَّحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔
المُصَاحَات۔ اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔
مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّیْءَ: کھینچنا۔
تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّیْءَ: کھینچ کر نکالنا۔
وامْتَصَخَ الشَّیْءُ عَنِ الشَّیْءِ: جدا ہونا۔
اِمَّصَخَ الْوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔
الاُمْصُوْخَة بُردی کا سفید گودا۔ ثُمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوْخ و اَمَاصِیْخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)
المَصُوْخَة۔ بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔
المُصَاخ۔ ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔
مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهِ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا — الشَّیْءَ: چوسنا۔ الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔
المَصَاد بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان۔
المَصْدُ والمَصَد۔ گرمی کی شدت۔ سردی کی

زیادتی-بادل کی گرج-بارش-بلند پشتہ-
المَصْدَة-بارش-

مَصَرَ (ن) مَصْرًا- النَّاقَةَ : اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا-
• مَصَّرَ الْعَطِيَّةَ : بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا
مَصَّرُوا المَكَانَ : شہر بنانا — الثَّوْبَ : گیرو سے رنگنا-

تَمَصَّرَ المَكَانُ : شہر ہونا — الشَّيْءُ او العَطَاءُ : کم ہونا — القَوْمُ : پراگندہ ہونا — الشَّيْءَ : پیچھا کرنا- تلاش کرنا (— وامْتَصَرَ) النَّاقَةَ : اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا-

المَاصِر- فا- دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ : کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے-

المِصْر- دو چیزوں کے درمیان روک- دو ملکوں کے درمیان کی سرحد- شہر- گوشہ- ج اَمْصَار و مُصُوْر و مِصْر : ملک مصر-
المِصْرَان : کوفہ و بصرہ-

المِصْرِيّ- منسوب اِلٰی مِصْر- مصر کا رہنے والا- مؤنث مِصْرِيَّةٌ ج مَصَارٍ و مَصَارِيّ- کہا جاتا ہے حُمُرٌ مَصَارٍ و مَصَارِيّ-

المَصُوْر مِنَ الْاِبِلِ او الشَّاءِ : وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے- ج مِصَار و مَصَائِر و عَطَاءٌ مَصُوْرٌ : تھوڑا عطیہ-

المَصِيْر- آنت- ج اَمْصِرَةٌ و مُصْران- جج مَصَارِيْن-

المُمَصَّر- گیرو سے رنگا ہوا-

المُمَصَّرَة- المُمَصَّر کا مؤنث- کتے ہوئے سوت کا گولا-

مَصْطَكَ الدَّوَاءَ : دوا میں مصطگی ملانا-

المَصْطَكٰی و المُصْطَكٰی و المُصْطَكَاء مصطگی- ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)

مَصَعَ (ف) مَصْعًا الْبَرْقُ : بجلی کا چمکنا — الدَّابَّةُ بِذَنَبِهَا : چوپایہ کا دم ہلانا — فُلَانًا : کوڑا وغیرہ مارنا — الفَرَسُ : آہستہ سے گزرنا — الطَّائِرُ بذرقِهِ : پرندہ کا بیٹ کرنا — الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ : بچہ گرا دینا — فُؤَادُ فُلَانٍ : جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا — ہٗ : ملنا (— مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ : اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا- ناقہ کی صفت مَاصِعٌ و مَاصِعَةٌ — مَاءُ الْحَوْضِ : حوض کا پانی کم ہونا — الرَّجُلُ فِي الْاَرْضِ : جانا- سفر کرنا-

اَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ : پرندہ کا بیٹ کرنا- — العَوْسَجُ : درخت عوسج کا پھل نکلنا — الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا : تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِهِ : بچہ گرا دینا — القَوْمُ : بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا — لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ : اقرار کرنا-

مَصَّعَ القَضِيْبَ : چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دینا-

مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَة- جنگ کرنا- مقاتلہ کرنا — قِرْنَهٗ : تلوار وغیرہ سے مارنا — بِلِسَانِهِ : تہمت لگانا-

تَمَاصَعَ القَوْمُ فِي الْحَرْبِ : باہم جنگ کرنا-
اِنْمَصَعَ و اِمْتَصَعَ فِي الْاَرْضِ : جانا- سفر کرنا-
اِنْمَصَعَ الْحِمَارُ : گدھے کا کان کھڑے کرنا-

المَصْع- مص- ہانکنا- پھینکا جانا-

المُصْعَة و المُصَعَة- ایک چھوٹا پرندہ- عوسج درخت کا پھل- ج مُصْعٌ و مُصَعٌ-

المَاصِع- فا- کھاری پانی- کم- گدلا- چمکیلا- پشت پھیرنے والا- مؤنث مَاصِعَةٌ-

المَصِع- تلوار باز- لڑکا جو بٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو-

المَصُوْع- خوفزدہ مرد-

مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللَّبَنَ : پانی ٹپکنے کے لیے کپڑے میں لٹکانا — مَالَهٗ : مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُوْلًا) الْجُبْنَ و نَحْوَهٗ ٹپکنا — الجُرْحُ : زخم کا رسنا-

اَمْصَلَ مَالَهٗ : مال تباہ کرنا- لغویات میں خرچ کرنا — الغَنَم : سارا دودھ دوہ لینا-

اَمْصَلَتِ الْمَرْأَةُ : ناتمام بچہ گرا دینا- صف مُمْصِلٌ-

المَصْل- مص- (— و المَصَالَة و المُصَالَة) مِنَ اللَّبَنِ و نَحْوِهِ : دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی
المُصَالَة : تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے-

المَاصِل- فا- تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ-

المَصْلَاء- باریک بازوؤں والی عورت-

المِمْصَل- دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن- لغویات میں مال تباہ کرنے والا-

مَضْمَضَ المَاءَ : زبان کے کنارے سے حرکت دینا — الثَّوْبَ : کپڑا دھونا- صاف کرنا-

المُصَامِص- ہر چیز کا خالص- کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمُصَامِصٌ فِيْ قَوْمِهٖ" : وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے-

مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِيْضًا الْجُرْحُ فُلَانًا : دردمند کرنا- تکلیف پہنچانا — الْكُحْلُ الْعَيْنَ بِحِدَّتِهِ : سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا — الخَلُّ فَاهُ : سرکہ کا منھ کو جلا دینا — الشَّيْءُ فُلَانًا : تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (— مَضًّا) الشَّيْءَ : چوسنا-

مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّيْءِ : دردمند ہونا- (— مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِيْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا-

اَمَضَّهُ الْاَمْرُ : دردمند کرنا- جلن پیدا کر دینا-
اَمَضَّهُ الْجُرْحُ و نَحْوُهٗ : دردمند کرنا- کہا جاتا ہے "اَمَضَّنِيْ كَلَامُ فُلَانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "اَمَضَّهٗ جِلْدُهٗ" اس کی کھال کھجلائی-

مَاضَّهٗ مِضَاضًا- لعنت ملامت کرنا-

مَضْمَضَ تَمْضِيْضًا- بہت کھاری پانی پینا- کھٹا دودھ پینا-

تَمَاضَّ القَوْمُ : باہم جھگڑا کرنا-

المَضّ- مص- كُحْلٌ مَضٌّ : تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ- رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ : تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد-

المِض- ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا-

مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ مبنی و مِضٌّ مع التنوین : کلمہ ہے جو لا نفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو-

المَضَّة اسم مرة- مؤنث المَضّ- اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ : عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کر سکے اَلْبَانٌ مَضَّةٌ : کھٹے دودھ-

المَضَض- مص- مصیبت کی تکلیف- کھٹا دودھ-

المَضَاض- جلن-

المُضَاض- خالص- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ القَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے- بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے- آنکھ کی جلن-

المَضَّاض- جلانے والا-

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَهٗ: عیب لگانا- مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا — الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا — الْإِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا — المزادَةُ: رسنا-

مَضِدَ (س) مَضَدًا- کینہ رکھنا-

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س) مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَبِیْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا-

مَضَّرَهٗ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا- اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی- مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا-

تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا- قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا-

تَمَضَّرَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا-

لَبَنٌ مَضِرٌ و مَاضِرٌ و مَضِيْرٌ- کھٹا دودھ- و عَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ خَضِرًا مَضِرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا- "اَخَذَهٗ خِضْرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلا قیمت لیا-

المَضِيْرَة- ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے-

المُضَارَة مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی-

مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا-

مَاضَغَهٗ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا-

اَمْضَغَه و مَضَّغَهٗ- چبوانا- اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا- اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا-

المَضَاغ- چبانا (— و المُضَاغَة) جو چیز چبائی جائے- کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں- المُضَاغَة: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے-

المَاضِغ- فا- ج مُضَّغ-

المُضْغَة- گوشت وغیرہ کا ٹکڑا- ج مُضَغ و مُضَغُ الْاُمُوْرِ والجَرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام-

المَضِيْغَةُ- ہڈی سے لگا ہوا گوشت- جبڑا- عضلہ- ج مَضِيْغ و مَضَائِغ-

المَضَّاغَه- بیوقوف- بہت چبانے والا-

المَاضِغَان و المَاضِغَتَان- دونوں جبڑے-

المَوَاضِغ- ڈاڑھیں-

مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مَضْمَاضًا و مِضْمَاضًا المَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا — الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: دھونا (— و تَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا- تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِهٖ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا-

المِضْمَاض- جلن- ہلکا پھلکا مرد- نیند-

المَضْمَضَة- مص- سانپ وغیرہ کی آواز- کلی-

مَضٰى يَمْضِيْ و مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا و مُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (— مُضُوًّا) سَبِيْلَهٗ و لِسَبِيْلِهٖ: مرنا-

مَضٰى يَمْضِيْ و يَمْضُوْ مَضَاءً و مُضُوًّا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا- جاری کرنا اور پورا کرنا- جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں- عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا- مَضٰى مَضَاءً السَّيْفُ: کاٹنا-

اَمْضٰى اِمْضَاءً الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا- کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا — الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا- اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ و الرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا- اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا-

مَضّٰى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا-

تَمَضّٰى الْاَمْرُ: نافذ ہونا- پورا ہونا — الرَّجُلُ: آگے بڑھنا-

المُضَوَاء- آگے بڑھنا- کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلٰى مُضَوَائِهٖ" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا-

المَاضِي- فا: گزشتہ زمانہ — عِنْدَ النُّحَاةِ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر وضعاً دلالت کرے

المَاضِي: تلوار- ج مَوَاضٍ-

المَضَّاء- پختہ ارادہ والا- کہا جاتا ہے "اَنْتَ مَضَّاءٌ عَلٰى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو-

مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا — الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا — خَدَّهٗ: تکبر کرنا- کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَه" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی- الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا — خَطَّهٗ او خُطُوَهٗ: دراز کرنا-

مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا — الرَّجُلَ: گالی دینا-

تَمَطَّطَ- کھینچنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا دِبْسٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِهٖ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے — فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا-

المَطَاط- اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ-

المَطَّاط- ربڑ-

المُطَيْطٰى و المُطَيْطَاء و المَطِيْطَاء- مغرورانہ چال- چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا-

المَطِيْطَة- گدلا- گاڑھا پانی- ج مَطَائِط-

مَطَاَ (ف) مَطْأً الجَارِيَةَ: جماع کرنا-

مَطَحَهٗ (ف) مَطْحًا بِيَدِهٖ: مارنا-

تَمَطَّحَ و امْتَطَحَ الْوَادِي: بہت اور بلند پانی والی ہونا-

مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا — الرَّجُلَ بِيَدِهٖ: مارنا — عِرْضَهٗ: آبرو کو داغدار کرنا-

المَاطِخ- فا- سست رفتار گھوڑا-

المَطَّاخ- بیوقوف- مغرور- فحش گو- جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطْخ مَطْخ او رمَطِخ مَطِخ" یعنی تیرا قول باطل ہے-

مَطَرَتْ (ن) مَطْرًا و مَطَرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا — السَّمَاءُ القَوْمَ: پانی برسانا و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا- بارش میں ہونا- کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُ فُلَانًا فَامْطَرَ و اسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی

تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آ گیا۔ اَمْطَرَ الْمَكَانَ بارش شدہ پانا۔

مَطَرَ (ن) مُطُوْرًا و مَطْرًا۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑنا — القِرْبَةَ : مشک کو بھرنا — الطَّيْرُ : پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ وَلَا أَدْرِيْ مَنْ مَطَرَبِهٖ" : وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (— مُطُوْرًا) فِي الْأَرْضِ : جانا — العَبْدُ : بھاگنا — الشَّيْئَ : بلند ہونا۔

تَمَطَّرَ۔ بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا — الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ : جانا — الطَّيْرُ : پرندہ کا تیزی سے اُترنا — بِهٖ فَرَسُهٗ : لے کے تیز دوڑنا۔ تَمَطَّرَتِ الْخَيْلُ : گھوڑوں کا تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔

اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ : بارش طلب کرنا — الْمَكَانُ او الزَّرْعُ : بارش کے قابل ہونا — الرَّجُلُ : بارش سے چھپنا۔ خاموش رہنا — لَوْبَةً : برساتی پہننا۔ اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ : عنایت و کرم کی التجا کرنا — لِلسِّيَاطِ : کوڑوں کے در پے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَيْلَ" گھوڑوں کے در پے مت ہو۔

المَطَر۔ بارش ج اَمْطَار۔

المُطْر۔ چینا کا خوشہ۔ عادت۔

المَطْرَة۔ بارش کی ایک بوچھاڑ (— والمِطْرَة والمَطْرَة) عادت۔ المَطْرَة : مشک۔ حوض کا وسط۔

المَطَار والمَطَارَة مِنَ الْآبَارِ : چوڑے منہ کا کنواں۔

المِطَّارُ مِنَ الْخَيْلِ : بہت تیز رفتار گھوڑا۔

الْمَطِر والمَاطِر والمَطِيْر۔ بارش والا۔

المَطِيْر : جس پر بارش ہو۔

سَحَابٌ مِمْطَارٌ۔ موسلا دھار برسنے والا بادل۔

المِمْطَر والمِمْطَرة۔ برساتی۔ عوام مَشَمَّع کہتے ہیں۔

المُتَمَاطِر۔ بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

المُتَمَطِّر۔ تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔

المُسْتَمْطِر۔ فا۔ بارش کا منتظر۔

المُسْتَمْطَر۔ مفہ۔ بارش کیلئے کھلا میدان۔

المَطْرَان والمِطْرَان۔ پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَة و مَطَارِيْن۔

مَطَزَ (ن) مَطْزًا الجَارِيَةَ : جماع کرنا۔

مَطَسَ (ض) مَطْسًا القَذِرَةَ : یکبارگی پائخانہ کرنا — وَجْهَهٗ : چہرہ پر طمانچہ مارنا۔

مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِي الْأَرْضِ : جانا اور گم ہونا — الشَّيْئَ : اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِع۔ فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "بَيَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔

تَمَطَّقَ الطَّعَامَ : چکھنا — الرَّجُلُ : چٹخارہ لینا۔

تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ : کمان کا بجنا۔

المَطْقَةُ۔ مٹھاس۔ کہا جاتا ہے "تَمْرُهُمْ لَهٗ مَطْقَةٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔

مَطَلَ (ن) مَطْلًا الحَبْلَ : رسی تاننا الحَدِيْدَ : لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرنا — هٗ حَقَّهٗ و بِحَقِّهٖ : ٹال مٹول کرنا — الدَّيْنَ : قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

اِمْتَطَلَهٗ حَقَّهٗ : ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ : لمبا اور گنجان ہونا۔

اِمْطَلَّ الشَّيْئُ : دراز ہونا۔

المَطْلَةُ و المَطَلَةُ۔ حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

المُطْلَة۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔

المِطَالَة۔ لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔

المَطَّال۔ لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا (— والمَطُوْل) بہت ٹالنے والا۔

المَطِيْلَة۔ کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔

المِمْطَل۔ چور۔ لوہار کا گھن۔

المَمْطُوْل۔ مفہ۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

مَطْمَطَ۔ گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ المَاءُ : گاڑھا ہونا۔

مَطَا يَمْطُوْ مَطْوًا۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالْقَوْمِ : دیر تک چلانا۔

مَطِيَ يَمْطَى مَطًى۔ پھیلنا اور لمبا ہونا۔

اَمْطَى الدَّابَّةَ : جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا۔

اَمْطَاهُ الدَّابَّةَ : سوار کرانا۔

اِمْتَطَى الدَّابَّةَ : سوار ہونا۔

تَمَطَّى۔ پھیلنا اور لمبا ہونا — الرَّجُلُ : چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

المَطَا۔ مذ۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج اَمْطَاء۔

المِطْو و المَطْو۔ شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء و اَمْطَاء و مَطِيّ۔ المِطْو : ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء۔

المُطَوَاء۔ بروزن غُلَوَاء۔ انگڑائی۔ لمبائی۔

المَطْوَة۔ مطا کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطْوَةٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

المَطِيَّة۔ سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لیے ہے بعیر اور ناقة دونوں کو مَطِيَّة کہتے ہیں۔ ج مَطَايَا و مَطِيّ۔

الأَمْطِيّ۔ سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّهٗ (ن) مَظًّا۔ ملامت کرنا۔

مَاظَّهٗ مِظَاظًا و مُمَاظَّةً۔ جھگڑا کرنا۔ گالی دینا۔

مَاظَّ الْخَصْمَ : چمٹے رہنا۔

اَمَظَّهٗ۔ گالی دینا۔

تَمَاظُّوا۔ باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

المَظّ۔ مفہ۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔

المَظَاظَة۔ سختی و بد مزاجی۔

مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مَظَّعَ الْوَتَرَ : تانت کو خشک اور چمکیلا کرنا۔

تَمَظَّعَ الْمَاْكُوْلَ : سب کا سب چاٹ جانا۔ — الظِّلَّ : سایہ ڈھونڈتے پھرنا — فِي الرَّعْيِ : چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔

المُظْعَة۔ گھاس کا بقیہ۔

المَظْعَة۔ باقی ماندہ گفتگو۔

مَعَ و مَعْ۔ اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین معانی ہوتے ہیں۔

(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللّٰهُ مَعَكُمْ" اور

اَفْعَلْ هٰذَا مَعَ هٰذَا۔
(۲)وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ۔
(۳)بمعنی عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ۔ اور بلا مضاف ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو مَعًا وَ جِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لیے مَعِی اور اسی سے واو معیت ہے۔
مَعَّ(ن)مَعًّا الشَّحْمُ :چربی کا پگھلنا۔
مَعَتَ(ف)مَعْتًا الشَّیْءَ :ملنا دلنا۔
مَعَجَ(ف)مَعْجًا الفَرَسُ :نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج۔ مَعَجَ الْبَحْرُ :سمندر کا موج مارنا — السَّیْلُ :سیلاب کا تیز بہنا — بِالْقَلَمِ فِی الدَّوَاةِ :قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا — الفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ :اونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لیے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "الرِّیْحُ تَمْعَجُ فِی النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو ادھر ادھر کر رہی ہے — الْجَارِیَةَ :جماع کرنا — الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔
مُعِجَتِ النَّبَاتُ :لہلہانا۔
تَمَعَّجَ السَّیْلُ او الْحَیَّةُ :سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
المَعْجُ۔ مص۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔
المَعْجَة۔ مَعَج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِیْ مَعْجَةِ شَبَابِهِ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔
المَعَّاج اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ :دوڑنے میں ادھر ادھر ہونے والا گدھا۔
رِیْحٌ مَعُوْجٌ۔ تیز چلنے والی ہوا۔
فَرَسٌ مِمْعَجٌ۔ نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ(ف)مَعْدًا الشَّیْءَ :چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا — الشَّیْءَ :جلدی سے کھینچنا — الرُّمْحَ :مرکز سے کھینچنا — فِی الْاَرْضِ :دور تک جانا — الشَّیْءُ :تباہ ہونا — لَحْمَهُ :گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا — السَّیْفَ :تلوار سونتنا — الرَّجُلَ :معدہ پر مارنا — مَعْدًا و مُعُوْدًا بِالشَّیْءِ :لے جانا — الدَّلْوَ و بِهَا :
ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔
مُعِدَ۔ درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْد۔
اِمْتَعَدَ الشَّیْءَ :چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔
المَعْد۔ مص۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تروتازہ پھل۔ تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ ثُعْدٌ وَلَا مَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
المَعَدّ۔ پیٹ۔ پہلو۔
المَعِدَة و المِعْدَة۔ آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِدٌ و مِعَدٌ۔
المُتَمَعِّدَة مِنَ الرُّطَبِ :تروتازہ۔
تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ :لڑکے کا جوان ہونا — الْمَرِیْضُ :بیمار کا صحت یاب ہونا — الْمَهْزُوْلُ :موٹا ہونے لگنا۔
مَعِرَ(س)مَعَرًا الرِّیْشُ او الشَّعْرُ :بال کم ہونا — النَّاصِیَةُ :پیشانی کے سب بال گر جانا — الظُّفُرُ :ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔
مَعَّرَ۔ مفلس ہونا — وَجْهَهُ :چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔
اَمْعَرَ الرِّیْشُ او الشَّعْرُ :بال کم ہونا — الرَّجُلُ :محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْاَرْضُ :کم نباتات والی ہونا — الرَّجُلَ :مال چھین کر فقیر بنا دینا۔
القَوْمُ :قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا — الْمَوَاشِیُ الْاَرْضَ :چر کر صاف کر دینا۔
تَمَعَّرَ وَجْهُهُ :چہرے کا رنگ بدل جانا — رَاْسُهُ :سر کے بال گر جانا۔
المَعَارَة۔ بد خلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔
المَعِر۔ کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ :کم نباتات والی زمین۔
الاَمْعَر۔ کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاء۔ ج مُعْر۔ نَاصِیَةٌ مَعْرَاءُ :بے بال کی پیشانی۔
المَمْعُوْر۔ مفعو۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔
مَعِزَ(س)مَعَزًا الشَّیْءُ :سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ و مَاعِزٌ — الرَّجُلُ :اپنے کام میں کوشش کرنا — و اَمْعَزَ الرَّجُلُ :بہت بکریوں والا ہونا۔
مَعَزَ(ف) مَعْزًا۔ الرَّاعِی المعزیٰ عَنِ الضَّانِ :بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔
تَمَعَّزَ وَجْهُهُ :چہرہ کا سکڑنا — البَعِیْرُ :تیز دوڑنا۔
اِسْتَمْعَزَ۔ کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْعَزَهُ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا اَمْعَزَ رَایَه" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔
المَعْز و المَعَز۔ بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِز ج اَمْعُز و مَعِیْزٌ۔ المَعَز :زمین کی سختی۔
الاُمْعُوْز ج اَمَاعِز و اَمَاعِیْز و المَعِیْز و المِعْزیٰ و المِعَاز۔ بکری۔ الاُمْعوز :تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔
المَاعِز۔ فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب و صحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِز۔ المَاعِز و المَعِز و المُسْتَمْعِز :اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ و المَاعِز :بکری۔ بکری کی کھال، مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔
المِعْزَاة۔ بکری۔
الاَمْعَز۔ بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاء ج مُعْز و مَعْزَاوَات و اَمَاعِز۔
المَعَّاز۔ بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔
المَعْزِیّ۔ بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔
رَجُلٌ مُمَعَّزٌ۔ خلقتاً سخت کھال والا مرد۔
مَعَسَ(ف) مَعْسًا الشَّیْءَ :سخت ملنا — الرَّجُلَ :بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس۔ دودھ۔ حرکت۔
المَعَّاس و المُتَمَعِّس۔ لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔
مَعِصَ(س) مَعَصًا الرَّجُلُ :موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ و مَعِیْصٌ۔
تَمَعَّصَ بَطْنُهُ :پیٹ کا دردمند ہونا — الرَّجُلُ :شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ(س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ مِنَ الْاَمْرِ :غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ و مَاعِضٌ۔

مَعَضَہٗ و اَمْعَضَہٗ۔ غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا۔
اَمْعَض الشَّیَٔ :جلانا۔
مَعَط (ف) مَعْطًا الشَّیَٔ : کھینچنا — الرِّیْشَ : پر اکھیڑنا — بِحَقِّ فُلَانٍ : ٹالنا (— وامْتَعَطَ) السَّیْفَ : تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِیَۃَ :جماع کرنا — الجَسَدُ : جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س) مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِّئْبُ :بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ و اَمْعَط۔
تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و اِنْمَعَطَ و اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ : بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمَّعَطَ و اِمْتَعَطَ النَّهَارُ : دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَہٗ : نیزہ کھینچنا۔
المَعِطُ والاَمْعَط۔ جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْطٌ۔ ولِصٌّ اَمْعَطُ : بھیڑیے کے مشابہ چور۔ رَمْلٌ اَمْعَطُ : بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطَاءُ :بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَہٗ (ف) مَعْقًا۔ ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّیْلُ الْاَرْضَ : سیلاب کا زمین کو بہالے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا۔ الرَّجُلُ :فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک) مَعْقًا و مَعَاقَۃً النَّهْرُ : گہرا ہونا۔ صفت مَعِیْقٌ مؤنث مَعِیْقَۃٌ۔
اَمْعَقَ الْبِئْرَ :کنواں گہرا کھودنا۔
تَمَعَّقَ۔ گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا" یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی۔
المَعْق و المَعَق و المُعْق۔ گہرائی۔ ج اَمْعَاق و اَمَاعِق و اَمَاعِیْق۔ المَعْق : بدخلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَکَ (ف) مَعْکًا الشَّیَٔ :ملنا — الرَّجُلَ : ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا — فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ : غالب آنا۔ مَعَکَہٗ دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ : قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُكَ (ک) مَعَاکَۃً۔ بیوقوف ہونا۔
مَعَّکَہٗ۔ زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّکَ۔ زمین میں لوٹنا۔
مَاعَکَہٗ مُمَاعَکَۃً بِدَیْنِہٖ : قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المَعِک۔ بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (— والمِمْعَک) قرض کو ٹالنے والا۔
اِبِلٌ مَعْکٰی۔ بہت اونٹ۔
المَعْکُوْکَاء گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف) مَعْلًا الشَّیَٔ۔ چھین لینا۔ اُچک لینا — الخَشَبَۃَ : لکڑی چیرنا — اَمْرَہٗ : کام کو ساتھیوں سے پہلے کرلینا — الرَّجُلُ : تیز چلنا — الحِمَارَ : گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَہٗ و اَمْعَلَہٗ عَنِ الشَّیْءِ :جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلُ :پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِلُ مِنَ النَّاسِ :پھرتیلا' جلد باز۔
المَعْل۔ مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَکَ مِنْہُ مَعْلٌ" تیرے لیے ضروری ہے۔
المَعَالَۃ۔ بدی۔
حِمَارٌ مَمْعُوْل۔ خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ۔ جلدی کام کرنا — الشَّیْءُ المُحْتَرِقُ : جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا — القَوْمُ : سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا — الرَّجُلُ : گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا — السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَی الْاَرْضِ سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔
المَعْمَع۔ تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْمَعْمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَۃ۔ مص۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ
الْمَعَامِعُ :لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِیّ۔ جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان و المَعْمَعَانِی مِنَ الْاَیَّامِ : سخت گرم۔ المَعْمَعَانِ : سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی مَعْمَعَانِ الصَّیْفِ" :یعنی وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِی مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن) مَعْنًا النِّعْمَۃَ : نعمت کی ناشکری کرنا — بِالْحَقِّ : حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)
مَعَنَ (ف) مَعْنًا و مَعُنَ (ک) مُعُوْنًا المَاءُ : آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِیْن۔ مَعَنَ الفَرَسُ : گھوڑے کا دور تک دوڑنا — المَطَرُ الْاَرْضَ :پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔
مَعِنَ (س) مَعَنًا المَکَانُ او النَّبْتُ :پانی سے سیراب ہونا۔
اَمْعَنَ فِی الطَّلَبِ :ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا — فِی الْاَمْرِ :معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔ الضَّبُّ فِیْ جُحْرِہٖ :گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا — الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا — النَّظَرَ فِی الْاَمْرِ : نہایت غور کے ساتھ سوچنا — الوَادِیُ : زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا — مَالُہٗ :بہت ہونا' کم ہونا — بِالْحَقِّ :حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا — المَاءُ : پانی کا آہستہ آہستہ بہنا — فُلَانٌ المَاءَ : پانی بہانا۔
اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ :زمین کا سیراب ہونا۔
تَمَعَّنَ۔ ذلیل و حقیر ہونا۔
المَعْن۔ مص۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔
المَعْنَۃ۔ مَعْن کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ سَعْنَۃٌ ولَا مَعْنَۃٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المَعْنِیّ۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔
المَعَان۔ منزل۔
المَاعُوْن۔ بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی' چمچہ' ڈول' رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ — عِنْدَ العَامَّۃِ :کاغذ کا دستہ یا رِم۔
المَعِیْن۔ بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَعِیْنٌ" جاری پانی "سِقَاءٌ مَعِیْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات و مُعُن۔
المُعُنَات و المُعْنَان۔ پانی بہنے کی جگہ' وادی میں پانی کے نالے۔
کَلَأٌ مَمْعُوْن۔ گھاس جس میں پانی جاری ہو
رَوْضٌ مَمْعُوْن : جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔

تَمَغْنَى يَتَمَغْنَى۔ معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔
مَغَا يَمْغُوْ مُغَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمْغَى النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا — البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَغَّى السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا — الشَّرُّ بَيْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔
المَغْو۔ تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
المَغْيُ والمِغَى ج اَمْعَاء۔ والمِعَاءُ ج اَمْعِيَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مَغَثَ(ف)مَغْثًا الدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا — الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الحُمَّى" ان کو بخار آگیا۔ مَغَثَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَهُ مِغَاثًا و مُمَاغَثَةً۔ جھگڑا کرنا۔
المَغْث۔ مص - انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث۔
المِغَث۔ سخت قسم کا پہلوان۔
المَغِيث۔ گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔
المُغَاث۔ چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
المَمْغُوْث۔ بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔
مَغَجَ(ن)مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ چلنا۔
مَغَدَ(ف)مَغْدًا الشَّيْءَ: چوسنا۔
الفَصِيْلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا — النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا — الرَّجُلُ فِيْ عَيْشِهٖ: آسودہ زندگی گزارنا — شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا — العَيْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا — فُلَانٌ: کامل جوان ہونا — الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ(ف) و مَغِدَ(س) مَغَدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
اَمْغَد۔ دیر تک پینا — الصَّبِيَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
المَغْد۔ مص - عَيْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔
المَغْدُ: ببول کا گوند، بیری کا گوند — یبروج الصنم: (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک، نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِي الْبِلَادِ: تیز جانا — بِهٖ بَعِيْرُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔
اَمْغَرَهُ بِالسَّهْمِ: آرپار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَةُ اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر۔
المَغْرَة والمَغَرَة۔ گیرو۔
المَغَر و المُغْرَة۔ غیر خالص سرخی کا رنگ۔
المَغَارَة۔ دیکھئے مادہ غور۔
الاَمْغَر۔ غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔
لَبَنٌ مَغِيْرٌ۔ سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
المَمْغَرَة۔ وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِيَدِهٖ: چھونا — هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا — الْمَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِسَ۔ آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغِصَ(س)مَغْصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوْص۔
اَمْغَصَهُ۔ مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔
المَغْص۔ مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔
المَغَص۔ عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص۔ واحد مَغَصَةٌ۔
مَغَطَ (ف) مَغْطًا و مَغَّطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لیے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ و اِمَّغَطَ الشَّيْءُ: کھنچنا و طویل ہونا۔
تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔ — الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
اِمْتَغَطَ۔ کھنچنا اور طویل ہونا — السَّيْفَ۔ تلوار سونتنا۔
المُمَّغِط۔ انتہائی لمبا۔
مَغَلَ (ف) مَغْلًا و مَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔
مَغِلَتْ(س)مَغَلًا عَيْنُهُ: خراب ہونا۔
الْحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔
مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلًا الدَّابَّةُ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ و مَمْغُوْلَةٌ اور اسم المَغْلَة۔
اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا — الْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانہ حمل کا دودھ پلانا — بِهٖ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔
المَغْل و المُغَل۔ زمانہ حمل میں عورت کا دودھ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال۔
المُغْل۔ ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل۔
المَغْلَة۔ مغل کا اسم مرۃ: فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال۔
المَغَالَة۔ مص خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔ الْكَلَامَ: مبہم کہنا — الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا — فِيْ عَمَلِهٖ: ناقص و ردی طریقے سے کرنا — الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا — الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔
المَغْنَطِيْس و المَغْنَاطِيْس۔ چمک پتھر۔
مَغَا يَمْغُوْ مَغْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
المُغَاء و المُغُوّ۔ بلی کی آواز۔
مَغَى يَمْغِي مَغْيًا۔ غیر مفہوم گفتگو کرنا۔
تَمَغَّى الْاَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغْثُ مص ——— فِي الْأَدِيْمِ : چمڑے کا ڈھیلا پن۔
فِي الْإِنْسَانِ : مذاقاً یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔
مَفَجَ(ف) مفَجَا الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا۔
رَجُلٌ مَفَاجَةٌ۔ بیوقوف مرد۔
مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ : چیز کو کھولنا ——— اللّٰهُ عَيْنَه : اکھیڑنا۔
مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرخَهُ : پرندہ کا بچّہ کو چوگا دینا۔
عَلٰى عِيَالِهِ : فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔
تَمَقَّقَ الشَّرَابَ : تھوڑا تھوڑا پینا ——— مَا فِي الْعَظْمِ : ہڈی سے سارا گودا نکال لینا ——— و اِمْتَقَّ الْفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ : تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
المَقَقُ۔ پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔
المَقَقَةُ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔
الأَمَقُّ۔ پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقّ۔ بَلَدٌ أَمَقُّ : وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء : گوشت سے خالی ران۔ ج مُقّ۔
مَقَتَ(ن) مَقْتًا و مَاقَتَ الرَّجُلُ : بہت بغض رکھنا۔
مَقُتَ(ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ اِلَيَّ : ناپسند ہونا۔
مَقَّتَهُ۔ بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهُ اِلٰى قُبْحِ فِعْلِهِ : مبغوض کر دینا۔
تَمَقَّتَ اِلَيَّ : ناپسند ہونا۔
تَمَاقَتُوْا۔ بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔
المَقْتُ۔ مص زَوَاجُ الْمَقْتِ : باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔
المَقْتِيُّ۔ باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔
المَقِيْتُ و المَمْقُوْتُ۔ ناپسند۔
مَقَرَ(ن) مَقْرًا عُنُقَه : لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا ——— السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ : نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
مَقِرَ(س) مَقَرًا الشَّيْءُ : کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر۔

أَمْقَرَ السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ : نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا ——— الشَّيْءُ : کڑوا ہونا ——— اللَّبَنُ : دودھ کا بے مزہ ہونا۔
اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ : پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔
اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا۔ الرَّجُلُ : اُبھری ہوئی رگ والا ہونا۔
المَقْرُ و المَقِرُ۔ ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
المَمْقُوْرُ۔ سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔
المُمْقِرُ۔ کم پانی والا کنواں۔
مَقَسَ(ن) مَقْسًا الْقِرْبَةَ : مشک بھرنا۔
الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ : پانی میں ڈبونا ——— المَاءُ : پانی کا جاری ہونا ——— فُلَانٌ فِي الْأَرْضِ : جانا۔
مَقِسَتْ (س) مَقَسًا و تَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ : جی متلانا۔
مَاقَسَه مُمَاقَسَةً۔ باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔
مَقَطَهُ (ن ض) مَقْطًا : غصہ میں ڈالنا مَقَطَهُ بِالْعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّيْءَ : باندھنا۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا ——— عُنُقَهُ : توڑ دینا ——— الْكُرَةَ : زمین پر مارنا پھر اٹھانا ——— هُ بِالْأَيْمَانِ : قسم دلانا ——— الْحَبْلَ : رسّی بٹنا ——— الشَّيْءُ گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالْقِرْنِ و مَقَطَهُ و مَقَّطَهُ : پچھاڑنا ——— مَقَطَ بِالْإِبِلِ : مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا۔
المَاقِطُ۔ فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسّی۔
المِقَاطُ۔ مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ ج مُقُط۔
المَقِطُ۔ چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچّہ۔
المُقْطُ۔ پرندہ پھنسانے کا دھاگہ ج أَمْقَاط۔
مَقَعَ(ف) مَقْعًا الشَّرَابَ : ڈگڈگا کے پینا۔
——— هُ بِشَرٍّ : تہمت لگانا ——— الْفَصِيْلُ أُمَّهُ : اونٹ کے بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اِمْتَقَعَ الْفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ : تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
أُمْتُقِعَ۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔
المَقْعُ۔ مص۔ ٹھہرا ہوا پانی۔ ج أَمْقُع۔
مَقَلَهُ (ن) مَقْلًا۔ دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا" وَ مَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهُ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔
——— هُ : پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِي الْمَاءِ : غوطہ لگانا۔
——— المَقْلَةَ : برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آجائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔
مَاقَلَهُ۔ ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
تَمَاقَلَا۔ باہم غوطہ زنی کرنا۔
اِمْتَقَلَ۔ بار بار غوطہ لگانا۔
المَقْلُ۔ مص۔ کنوئیں کی تہ۔ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
المُقْلُ۔ گوگل کا پھل۔ گوگل۔
المَقْلَةُ۔ مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آجاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔
المُقْلَةُ۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَل۔
مَقْمَقَ الشَّيْءُ : نرم اور آسان ہونا ——— الشَّيْءَ : ذلیل کرنا ——— الْوَلَدُ أُمَّهُ : زور سے چوسنا۔
المُقَامِقُ۔ حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔
مَقِهَ(س) مَقَهًا۔ سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت أَمْقَهُ۔
المَقَهُ۔ سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔
الأَمْقَهُ۔ دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔ خود سر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْهَاء ج مُقْه۔
مَقَا يَمْقُوْ مَقْوًا و مَقٰى يَمْقِيْ مَقْيًا السَّيْفَ : تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الْفَصِيْلُ أُمَّهُ : زور سے

دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَكَّ (ن) مَكًّا و تَمَكَّكَ و امْتَكَّ العَظْمَ: ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَكَّ الشَّيْءَ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا ——— غَرِيْمَهٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اِمْتَكَّ و تَمَكَّكَ الْفَصِيْلُ مَافِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَكَّكَ عَلٰى غَرِيْمِه: قرض دار سے اصرار کرنا۔

المُكَاكُ و المُكَاكَة۔ ہڈی کا گودا۔

المَكُّوْك۔ پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَكَاكِيْك۔

مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْكَتَ۔ پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَكَثَ (ن) مَكْثًا و مُكْثًا و مُكُوْثًا و مُكْثَانًا و مِكِّيْثٰى و مِكِّيْثَاء بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاكِثٌ اور اسم المُكْثُ والمِكْثُ۔

مَكُثَ (ک) مَكَاثَةً۔ ٹھہرنا۔

اَمْكَثَهٗ۔ ٹھہرانا۔

تَمَكَّثَ۔ انتظار کرنا اور ٹھہرنا ——— بِالْمَكَانِ ٹھہرنا ——— فِي الْاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔

المَكِيْثُ۔ ٹھہرنے والا۔ رنجیدہ۔ ج مُكَثَاء و مَكِيْثُوْن۔

مَكَدَ (ن) مَكْدًا و مُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاكِدٌ۔ مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاء و مَكُوْدٌ۔ ج مُكْدٌ و مَكَائِد۔

المِكْدُ۔ کنگھا۔

مَكَرَ (ن) مَكْرًا۔ الرَّجُلُ و بِهٖ: دھوکہ دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَكَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ——— هٗ: رنگنا ——— الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَكِرَ (س) مَكَرًا۔ سرخ ہونا۔

مَاكَرَهٗ۔ فریب دینا۔

مَكَّرَ۔ گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْكَرَهٗ۔ دھوکا دینا ——— هُ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاكَرُوْا۔ بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔

اِمْتَكَرَ و امْتُكِرَ۔ گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔

المَكْرُ۔ مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔

المَكْرَة۔ مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْرٌ و مُكُوْرٌ۔

المَاكِرُ۔ فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْن۔

المَكَّارُ و المَكُوْرُ۔ بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔

مَكَسَ (ض) مَكْسًا۔ ٹیکس جمع کرنا ——— فِي الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا ——— هٗ: ظلم کرنا۔

مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔

مَاكَسَه مِكَاسًا و مُمَاكَسَةً۔ قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔

تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِي الْبَيْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔

المَكْسُ۔ مص محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْس۔

المَاكِسُ و المَكَّاسُ۔ ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔

مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا ——— المُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔

مَكُنَ (ک) مَكَانَةً عِنْدَ الْاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔

مَكِنَتْ (س) مَكَنًا الْجَرَادَةُ و نَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَكُوْنٌ۔ ج مِكَانٌ۔

مَكَّنَهٗ و اَمْكَنَهٗ مِنَ الشَّيْءِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔

اَمْكَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمْكِنُهُ النُّهُوْضُ" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ و اَمْكَنَنِي الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آگیا۔ اَمْكَنَتِ الْجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔

تَمَكَّنَ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔

الْمَكَانَ و بِهٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (——— و اسْتَمْكَنَ) مِنَ الْاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔

المَكْنُ و المَكِنُ۔ ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَكْنَةٌ و مَكِنَةٌ ج مَكْنَات و مَكِنَات۔

المُكْنَة۔ قوت۔ طاقت۔

المَكِنَة۔ قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَكِنَات۔

الْمَكَان۔ موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْكِنَة و اَمْكُن۔ و جج اَمَاكِنُ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَكَانٍ" اس کے لیے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "و هٰذَا مَكَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

الْمَكَانَة۔ مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَكَانَات۔

المَكِيْنُ۔ صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكِيْنٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْكَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُكَنَاءُ۔

المَكِيْنَة۔ آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكِيْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔

المُتَمَكِّنُ فِيْ عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔

و المُتَمَكِّنُ الْاَمْكَنُ۔ اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔

و المُتَمَكِّنُ غَيْرُ الْاَمْكَنِ۔ اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔

غَيْرُ الْمُتَمَكِّنِ۔ وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے كَيْفَ و اَيْنَ۔

مَكَا يَمْكُوْ مُكَاءً و مَكْوًا۔ منہ سے سیٹی بجانا۔

مَكِيَتْ تَمْكٰى مَكًا يَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔

تَمَكّٰى تَمَكِّيًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔

المَكْيُ و المَكْوُ۔ خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج

اَمْكَاء۔
المُكَّاء۔ سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَكَاكِيّ۔
المَكْوَةُ۔ دبر۔
مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ : کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا —— الشَّيْءَ فِي الْجَمْرِ : انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعلی مَلَّال صفت مفعولی مَمْلُوْلٌ و مَلِيْلٌ۔
—— السَّهْمَ بِالنَّارِ : تیر کو آگ سے سیدھا کرنا —— اللَّحْمَ اوِ الْخُبْزَ : گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِي الْمَشْيِ : تیز دوڑنا —— عَلَيْهِ السَّفَرُ : سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلًّا۔ ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا —— الشَّيْءَ : الٹ پلٹ کرنا۔
المَحْمُوْمُ : بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلًا و مَلَالًا و مَلَّةً و مَلَالَةً الشَّيْءَ و مِنَ الشَّيْءِ : تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيْلًا الشَّيْءَ : الٹ پلٹ کرنا۔
اَمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرُ : طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الْاَمْرُ وَ اَمَلَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ : دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔
اَمَلَّهُ الشَّيْءَ : بھوبھل میں ڈالنا۔
اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا و اَمْلَيْتُ اِمْلَاءً الْكِتَابَ عَلَى الْكَاتِبِ : املا کرانا۔
تَمَلَّلَ۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا —— فِي الْمَشْيِ : تیز دوڑنا —— مِلَّةً كَذَا : مذہب اختیار کرنا —— الْخُبْزَةَ : روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔
اِنْمَلَّ۔ کھنچا جانا۔ نکل آنا۔
اِسْتَمَلَّ الشَّيْءَ : زچ ہونا۔
الْمَلُّ۔ مص۔ رَجُلٌ مَلٌّ : اکتایا ہوا مرد۔
المَلَّةُ۔ اسم مرۃ۔ چنگاری، بھوبھل، بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ و خُبْزُ الْمَلَّةِ : بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَلَّةٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔
المِلَّةُ۔ مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَلٌ۔
المُلَّةُ۔ کچی سلائی۔ ج مُلَلٌ۔
المُلِّي۔ بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔
المَلَلُ و المَلَالُ۔ تنگ دلی۔

المُلَالُ۔ مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔
المَلُوْلُ و المَلُوْلَةُ و المَلَّالَةُ و المَالُوْلَةُ تنگ دل۔ مذکر و مؤنث تامبالغہ کے لیے ہے۔
المَلِيْلُ و المَمْلُوْلُ۔ بھوبھل میں بھنا ہوا۔ الشَّيْءُ الْمَمْلُوْلُ : باعث ملال۔ المَلِيْلُ : کریلی۔ رَجُلٌ مَلِيْلٌ : آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔
المَلِيْلُ و المُمَلُّ مِنَ الطُّرُقِ : بہت چلتا ہوا راستہ۔
—— المَلِيْلَةُ : اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔
مَلَأَهُ (ف) مَلْأً و مَلْأَةً و مِلْأَةً۔ بھرنا۔
—— الْاِنَاءَ مَاءً و بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ : برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعولی مَمْلُوْءٌ۔ اور کہا جاتا ہے مَلَأَهُ عَلَى الْاَمْرِ : اس کی اس نے مدد کی "و نَظَرْتُ اِلَيْهِ فَمَلَأْتُ مِنْهُ عَيْنِيْ" میں نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا و مَلَأَ عَلَيْهِ الْاَرْضَ : اس نے اس پر زمین تنگ کر دی۔
مَلُؤَ (ک) مَلَاءً و مَلَاءَةً۔ تونگر ہونا۔ مَلُؤَ (ک) و مُلِئَ مَلْاءَةً : زکام والا ہونا۔
مَلِئَ (س) مَلْأً و تَمَلَّأَ۔ پر ہونا۔ صفت مَلْآن۔
مَلَّأَهُ تَمْلِئَةً۔ خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) مَلَّأَ فِيْ قَوْسِهِ : کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔
اَمْلَأَهُ۔ باعث زکام ہونا۔ صفت مَلْآن۔ اَمْلَأَ فِي الْقَوْسِ : خوب زور سے کھینچنا۔
تَمَلَّأَ۔ پر ہونا۔ تَمَلَّأَتِ الْمَرْأَةُ : عورت کا چادر اوڑھنا۔
مَالَأَهُ مُمَالَأَةً و مِلَاءً عَلَى الْاَمْرِ : موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔
تَمَالَأَ الْقَوْمُ عَلَى الْاَمْرِ : اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔
اِسْتَمْلَأَ فِيْ دَيْنِهِ : قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔
المِلْءُ۔ برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَمْلَاءٌ۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ يَنَامُ مِلْءَ جَفْنِهِ" وہ بے غم سوتا ہے و "فُلَانٌ مِلْءُ كِسَائِهِ" فلاں موٹا ہے۔
الْمَلَأُ۔ قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ الْمَلَأُ الْاَعْلٰى : ملائکہ

مقربین۔ الْمَلَأُ : مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا كَانَ هٰذَا الْاَمْرُ عَنْ مَلَاءٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَمْلَاءٌ اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَلَأَ بَنِيْ فُلَانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔
الْمَالِي۔ فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِئٌ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ و شَابٌّ مَالِئُ الْعَيْنِ : آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔
الْمُلَاءُ و الْمُلَاءَةُ و المُلَاءَةُ۔ زکام۔ الْمُلَاءَةُ تہ بند۔ دہری چادر۔ ج مُلَاءٌ۔
المِلْأَةُ۔ مص۔ بھرنے کی ہیئت۔ بدہضمی۔
المَلْآنُ۔ بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلْاٰى و مَلْآنَةٌ ج مِلَاءٌ۔
المَلِيْءُ و المَلِيُّ۔ تونگر۔ ج مِلَاءٌ و اَمْلِيَاءُ و مُلَاءُ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْلَأُ الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلَانٌ اَمْلَأُ لِعَيْنِيْ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔
مَلَتَهُ (ض) مَلْتًا۔ حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔
مَلَثَهُ (ن) مَلْثًا۔ بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔ مَلَثَهُ بِالشَّرِّ : آلودہ کرنا۔ مَلَثَ الظَّلَامُ : گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
مَالَثَهُ مِلَاثًا و مُمَالَثَةً۔ کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔
مَلْثُ اللَّيْلِ و مَلَثَهُ : رات کی ابتدائی تاریکی۔
المَلْثَةُ۔ مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔
المِلْثُ۔ وہ شخص جو جماع کرنے سے سیر نہ ہو۔
مَلَجَ (ن) و مَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِيُّ اُمَّهُ : بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ پینا۔
اَمْلَجَهُ۔ دودھ پلانا۔
اِمْتَلَجَ۔ مَا فِي الثَّدْيِ : چوسنا۔
المُلْجُ۔ گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَمْلَاجٌ۔
المُلْجُ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔
المَلِيْجُ۔ دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الْاَمْلَج۔ چٹیل میدان۔ آملہ۔
الْاُمْلُوج۔ ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی۔ اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبادی جائے۔ ج امالیج۔
المَالَج۔ کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَالِج۔ (دخیل)
ملَحَ (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ : کھانے میں نمک ڈالنا —— الرَّجُلَ : غیبت کرنا —— الطَّائِرُ : پرندہ کا بہت پھڑپھڑانا —— الْمَاشِيَةَ : نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيْهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔
مَلَحَ (ف) و مَلُحَ (ک) مُلُوْحَةً و مَلَاحَةً و مُلُوْحًا الْمَاءُ : پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيْح اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔
مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً و مُلُوْحَةً۔ خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْح و مُلَاح و مُلَّاحٌ۔
مَلِحَ (س) مَلْحًا نیلگوں رنگ کا ہونا۔
ملّح الشي : نمکین کرنا —— الطَّعَامَ : کھانے میں بہت نمک ڈالنا —— السَّمكَ و نَحْوَهُ : مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا —— الدَّابَّةَ : چوپائے کے جبڑے پر نمک ملنا۔ المَاشِيَةَ : جانور کو نونی کھلانا۔ المُتَكَلِّمُ : عمدہ بات کہنا۔
اَمْلَحَ الْمَاءُ : پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا —— الطَّعَامَ : کھانے میں بہت نمک ڈالنا —— الْاِبِلُ : کھاری پانی پر جانا —— الرَّجُلُ کھاری پانی پر پہنچنا —— الرَّاعِيَ الْاِبِلَ : کھاری پانی پلانا —— الشَّئُ : نیلگوں رنگ کا ہونا۔
الْمُتَكَلِّمُ : عمدہ بات کہنا۔ اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَهُ و ما اُمَيْلَحه" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔
مَالَحَهُ مِلَاحًا و مُمَالَحَةً۔ ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظ حُرْمَةَ الْممالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا : ایک بچّے کا دوسرے بچّے کے ساتھ دودھ پینا۔
تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ : اونٹ کا موٹا ہونا —— الرَّجُلُ : نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّف و يَتَمَلَّح" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔
اِمْلَحَ الْكَبْشُ : مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔
اِمْلَاحَّ النَّخْلُ ۔ سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔
اِسْتَمْلَحَ الشَّئَ : ملیح سمجھنا۔
المَلْح۔ عمدہ عمدہ باتیں۔
المِلْح۔ نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَيْحَة۔ ج مِلاح۔ المِلْح : چربی' موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم۔ علماء۔ مَاءٌ مِلْحٌ : کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ مَالِح بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَلِحَ و مِلْحَة و مِلَاح و اِمْلَاح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِلْحُهُ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔
المَلْح و المِلْحَة۔ حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ و المِلْحَة : کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئْر مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔
المَلَح۔ سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔
المَلْحَة۔ اسم مرۃ۔ موج دریا۔
المُلْحَة۔ سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔ برکت۔
المُلْحَة : مزید اربات۔ ج مُلَح۔
المُلْحَة۔ کلمہ ملیحہ۔
المِلَاح۔ کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔
المُلَاح۔ خوبصورت۔ ج مُلَاحُوْن۔
المَلَاحَة۔ خوبصورت ہونا۔
المِلَاحَة۔ جہاز رانی۔
المَمْلَحَة و المَلَّاحَة۔ نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ المَلَّاحَة : نمک بکنے کی جگہ۔
الاُمْلُوْحَة مِنَ الْكَلَامِ : عمدہ مستحسن کلام ج اَمَالِيح۔
المَلَّاح۔ نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔
المُلَّاح۔ ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَة
رَجُلٌ مُلَّاح : خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُوْن۔
المُلَاحِيَة۔ جہاز راں کا پیشہ۔
المُلُوْحَة۔ مص۔ نمکینی۔
المَلِيْح۔ خوبصورت۔ مؤنث مَلِيْحَةٌ ج مِلَاح و اَمْلَاح —— مِنَ الْمَاءِ : کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِيْحٌ : نمک لگی ہوئی مچھلی۔
الاَمْلَح۔ اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْحٌ۔ الاَمْلَح : شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔
المَلْحَاء۔ تانیث اَمْلَح۔ سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحَاوات۔
المُلَاحِي و المُلَّاحِي۔ سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔
المِمْلَحَة۔ نمک دان۔ ج مَمَالِح۔
المُتَمَلِّح۔ نمک والا یا سوداگر نمک۔
مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّئَ : ہاتھ یا دانت سے کھینچنا —— الطَّعَامُ : کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الْفَرسُ : گھوڑے کا کلیلیں کرنا —— الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ بھاگنا —— فِي الْبَاطِلِ : لغو و باطل میں بہت مشغول ہونا —— الْجَارِيَة : جماع کرنا۔
مَلَخَ (ک) مَلَاخَةً الطَّعَامُ : کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔
مَالَخَهُ مِلَاخًا و مُمَالَخَةً۔ باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تَمَلَّخَ الشَّئُ : خراب و فاسد ہونا —— الشَّئَ : کھینچنا۔
اِمْتَلَخَ الشَّئَ : اکھیڑنا۔ کھینچنا —— يَدَهُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَيْهِ : کھینچ لینا —— السَّيْفَ : تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْكُوْزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔
المَلَّاخ۔ بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عَبْدٌ مَلَّاخٌ : بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوْخِيَة۔ ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِيْخ۔ بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلَخُ الْعَقْل : محروم العقل۔

مَلَذَ(ن)مَلَذًاالشَّیْءَ : کھینچنا۔
مَلِذَ(س) مَلَذًا الْغُصْنُ : شہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّذَالْاَدِیْمَ :چمڑے کو نرم کرنا ـــــ الرِیْحُ الْغُصْنَ :شہنی کو نرم ونازک کرنا۔
المَلَذ۔ جوانی۔نزاکت۔ج اَمْلَاذ۔
المَلَذَان۔ شہنی کی نزاکت۔
المَلْذ والاَمْلَذ والاُمْلُد والاُمْلُوْد والاِمْلِیْد والاُمْلُدَان والاُمْلُدَانِیُّ۔ نرم و نازک شہنی یا آدمی۔کہاجاتا ہے"شَابٌ اُمْلُوْدٌ و شُبَّانٌ اَمَالِیْد"اَلْمَلْد :بھوت۔
المَلْدَاء۔ تانیث اَمْلَد۔ ج مُلْد۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ مَلْدَاءُ و اُمْلُوْد و اُمْلُوْدَةٌ و اُمْلُدَانِیَّةٌ یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ(ن)مَلْذًاالرَّجُلُ :جھوٹ بولنا ـــــ فُلَانًا : نیزہ مارنا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (ـــــ مَلْذًا و مَلَاذَةً) الرَّجُلَ : محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ(س)مَلَذًاالظَّلَامُ :گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا ـــــ الرَّجُلُ :خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الاَمْلَذ والمَلَذَان والمَلَذَانِیُّ و المَلَاذَانِیُّ والمَلَّاذ والمِلْوَذ۔ خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ(ن) مَلْزًا۔ پیچھے رہنا ـــــ بِالشَّیْءِ : لے جانا۔
مَلَزَهُ مِنْهُ : چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیْءُ عَنِّیْ : جاتا رہنا۔
اَمْلَزَهُ و تَمَلَّزَهُ و اِمْتَلَزَهُ۔نکال لینا۔اچک لینا۔لے جانا۔و تَمَلَّزَ مِنْهُ :چھٹکارا پانا۔
اِنْمَلَزَ و اِمَّلَزَمِنْهُ :بچ کر نکل جانا و اَمَّلَزَعَنْهُ پیچھے رہنا۔
المَلِزُمِنَ الرِّجَال :مضبوط پٹھوں والا۔
المِلَّاز۔بہت اچکنے والا۔بھیڑیا۔
مَلَسَ(ن)مَلْسًاالشَّیْءَ :جڑ سے اکھیڑنا۔ الْاِبِلَ :زور سے ہانکنا ـــــ الظَّلَامُ :گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا ـــــ الرَّجُلُ بِلِسَانِهٖ : مداہنت کرنا۔چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ(س) و مَلُسَ(ک)مُلُوْسَةً و مَلَاسَةً۔ نرم اور چمکدار ہونا۔صفت اَمْلَس۔
مَلَّسَ الشَّیْءَ : نرم و چمکدار کرنا ـــــ الْاَرْضَ :زمین کو ہموار کرنا ـــــ ہُ مِنَ الْاَمْرِ : چھڑانا۔
اَمْلَسَ الظَّلَامُ :گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا۔
اَمْلَسَتِ الشَّاةُ :گرے ہوئے اون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ۔ چکنا ہونا ـــــ مِنْ بَیْنِ الْقَوْمِ : خارج ہونا ـــــ مِنَ الشَّرَابِ : نشہ سے ہوش میں آنا(ـــــ واِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ)مِنَ الْاَمْرِ : بچ نکلنا' رہائی پانا۔
اِمْتَلَسَ الشَّیْءَ : اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُهٗ : اس کی نگاہ جاتی رہی۔
اِمْلَاسَّ۔ چکنا ہونا ـــــ مِنَ الْاَمْرِ :بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
اِسْتَنْجٰی مِنْ کَذَا: رہائی پانا — الشَّجَرَۃَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا — الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ چھڑوانا — الرَّجُلُ: پائخانہ کرنے کے بعد دھونا یا ڈھیلے سے پونچھنا — الثَّمَرَ: پھل چننا — الْقَوْمُ: تر کھجوریں حاصل کرنا یا کھانا — الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ شکست کھانا۔
النَّاجِی۔ فا۔ مؤنث۔ نَاجِیَۃٌ ج نَوَاجٍ و نَاجِیَاتٌ۔ النَّاجِیَۃ: تیز رفتار اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ الْمَکَانَ بِنَوَاجٍ سَرِیْعَۃِ الْاِیْغَالِ" اس نے جگہ کو تیز رفتار اُونٹنیوں سے طے کیا۔
النَّجَا لاٹھی۔ لکڑی۔ ہودج کی لکڑی۔ کھال۔
النَّجْوُ و النَّجَا و النَّجَاۃُ و النَّجَاءُ۔ رہائی۔ کہا جاتا ہے "النَّجَاءَ لَکَ النَّجَاءَ لَکَ و النَّجَاکَ و النَّجَاکَ" یعنی جلدی کر۔ جلدی کر۔ اور یہ باب اغراء سے ہے اور فعل محذوف سے منصوب ہے اور اس کی تقدیر "اِلْزَمِ النَّجَاءَ" ہے اور کاف حرف خطاب ہے۔
النَّجْوُ۔ مص۔ پائخانہ یا گوز۔ دو آدمیوں کے درمیان بھید۔ ج نِجَاءٌ۔ بادل جو پانی برسا چکا ہو ج نُجُوٌّ۔
النَّجْوٰی۔ اسم ہے مناجات کا۔ بھید۔ سرگوشی کرنے والے اور یہ وصف بالمصدر ہے اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نَجْوٰی" النَّجْوٰی": خراج۔ محصول۔ ج نَجَاوٰی۔
النَّجَاۃُ۔ مص۔ رہائی۔ بلند زمین۔ حسد۔ لالچ۔ سانپ کی چھتری۔ کشتی۔ ج نَجًا۔
اَلنَّجْوَۃُ۔ اسم مرۃ۔ بلند زمین۔ ج نِجَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ مِنَ الْاَمْرِ بِنَجْوَۃٍ" وہ اس کام سے پاک صاف ہے۔
النَّجَاوَۃُ۔ زمین کی گنجائش۔
النَّجِیُّ۔ بھید۔ جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ بات کرنے والا۔ حدی پڑھنے والے کی آواز۔ بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا۔ تیز۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ نَجِیٌّ" تیز رفتار اُونٹ۔ اور کہا جاتا ہے "بَاتَتْ فِیْ صَدْرِهٖ نَجِیَّۃٌ قَدْ اَسْهَرَتْهُ" اس کے سینے میں غم رہا جس نے اسے بیدار رکھا۔
الْمَنْجٰی۔ نجات کی جگہ۔ بلند زمین۔ ج مَنَاجٍ۔
الْمَنْجَاۃُ باعث نجات۔ ج مَنَاجٍ۔ کہا جاتا ہے "الصِّدْقُ مَنْجَاۃٌ" سچائی باعث نجات ہے۔
نَحَّ (ض) نَحِیْحًا الرَّجُلُ: سینہ میں آواز گڑگڑانا۔
نَحَّ (ن) نَحًّا الْجَمَلَ: تیز چلنے پر اکسانا۔
النَّحَاحَۃُ۔ سخاوت۔ بخل (ضد)
النَّحِیْحُ۔ مص بخیل۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ شَحِیْحٌ نَحِیْحٌ فلاں حریص و بخیل ہے۔
نَحَبَ (ف ض) نَحْبًا و نَحِیْبًا الرَّجُلُ: رونے میں آواز بلند کرنا (— نَحْبًا) بِکَذَا: شرط لگانا۔
نَحَبَ (ض) نَحْبًا و نُحَابًا الْبَعِیْرُ: کھانسنا۔
نَحَبَ (ن) نَحْبًا و نَحَّبَ الرَّجُلُ: نذر ماننا۔
نَحَبَ و نَحَّبَ الْقَوْمُ فِیْ سَیْرِهِمْ: جلدی سے چلنا۔ نَحَّبَ عَلَی الشَّیْءِ: مشغول ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔
نَاحَبَهٗ مُنَاحَبَۃً۔ مفاخرت کرنا — هٗ عَلٰی کَذَا: شرط لگانا — هٗ اِلٰی فُلَانٍ: فیصلہ کے لیے جانا۔
تَنَاحَبَ الْقَوْمُ: جنگ وغیرہ کیلئے وقت معین کرنا۔
اِنْتَحَبَ۔ بہت رونا۔ زور سے لمبے لمبے سانس لینا۔ پھوٹ کر رونا۔
النَّحْبُ۔ مص۔ سخت گریہ۔ کھانسی۔ سختی۔ موت۔ مدت۔ وقت۔ بڑا خطرہ۔ ہمت۔ نفس۔ نیند۔ موٹاپا۔ بڑے جسم کا اُونٹ۔ حاجت۔ دلیل۔ جوا۔ تیز چال۔ یا آہستہ چال۔ نذر۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی فُلَانٌ نَحْبَهٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کردی۔ یعنی مرگیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی۔
النُّحْبَۃُ۔ قرعہ۔
الْمُنْتَحِبُ۔ فا۔ سَیْرٌ مُنْتَحِبٌ: تیز چال۔
نَحَتَ (ض ن) و نَحِتَ (س) نَحْتًا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا — الْحَجَرَ: پتھر کو ہموار کرنا — الْخَشَبَۃَ: لکڑی چھیل کر ہموار کرنا — هٗ: پچھاڑنا — السَّفَرُ الْبَعِیْرَ: دُبلا کرنا — الْجَبَلَ: پہاڑ کھودنا — الْکَلِمَۃَ: دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنانا جیسے صَهْصَلَقَ۔ صهل و صلق سے بَسْمَلَۃٌ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے۔ حَوْقَلَۃٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ سے۔ فَذْلَکَۃٌ فَذٰلِکَ کَذَا و کَذَا سے نَحَتَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا — هٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا۔ ملامت کرنا۔ گالی دینا — عِرْضَهٗ: طعن کرنا۔ بے آبروئی کرنا — اَثْلَتَهٗ و فِی اَثْلَتِهٖ: مذمت کرنا۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فُلَانٌ عَلَی الْکَرَمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے۔
نَحَتَ (ف) نَحِیْتًا۔ پیچش ہونا۔
اِنْتَحَتَ مِنَ الْخَشَبَۃِ مَا یَجْعَلُهٗ فِی النَّارِ: آگ میں ڈالنے کیلئے کھپچیاں کاٹنا و اِنْتَحَتَ الْخَشَبَۃُ: لکڑی کا کھپچیاں ہونا۔
النَّحْتُ مص۔ (— و النُّحَاتُ و النَّحِیْتَۃُ) طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَّحِیْتَۃِ" وہ کریم الطبع ہے۔ النَّحِیْتَۃُ: پیچش۔
النُّحَاتَۃُ۔ تراشہ۔ چھیلن۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں۔
النَّحَّاتُ۔ سنگ تراش۔ بہت چھیلنے والا۔
النَّحِیْتُ۔ مص۔ چھیلا ہوا۔ گریہ و زاری۔ پیچش۔ دُبلا اُونٹ۔ ردی چیز۔ کنگھی، قوم میں اجنبی — مِنَ الْحَوَافِرِ: کنارے گھسا ہوا کھر۔
الْمِنْحَتُ ج مَنَاحِتُ و الْمِنْحَاتُ ج مَنَاحِیْتُ لکڑی تراشنے کا آلہ۔ بسولہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَهُمْ کِرَامُ الْمَنَابِتِ وَ الْمَنَاحِتِ" وہ لوگ فیاض و اصل خاندان سے ہیں۔
نَحَرَ (ف) نَحْرًا و تَنْحَارًا۔ الْبَهِیْمَۃَ: سینہ پر مارنا۔ ذبح کرنا — فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَیْتِیْ بَیْتَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے و "نَحَرَ الْاُمُوْرَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا۔ الصَّلَاۃَ: اول وقت میں نماز پڑھنا — الْمُصَلِّیْ فِی

الصَّلَاۃِ: سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔
نَاحَرَہٗ مُنَاحَرَۃً۔ جھگڑا کرنا۔
تَنَاحَرَ الْقَوْمُ عَلٰی کَذَا: جھگڑا کرنا۔
تَنَاحَرَتِ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا — الْقَوْمُ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا — عَلَی الطَّرِیْقِ وِغَیْرِہٖ: پے درپے آنا۔
اِنْتَحَرَ الرَّجُلُ: خودکشی کرنا — الْقَوْمُ عَلَی الْاَمْرِ: جھگڑا کرنا۔ اِنْتَحَرَ السَّحَابُ: بہت پانی لے کر اٹھنا — ہٗ بِالْعَصَا: مارنا۔
النَّحْرُ۔ مص۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج نُحُوْرٌ۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ فِیْ نَحْرِ فُلَانٍ" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا۔ "نَحْرُ النَّهَارِ او الشَّهْرِ" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ۔ یَوْمُ النَّحْرِ: ماہِ ذی الحجہ کا دسواں دن۔
النِّحْرُ۔ حاذق۔ ماہر۔ سمجھ دار۔ دانا بینا۔
النَّاحِرُ۔ فا۔ النَّاحِرَانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام۔
النَّاحِرَۃُ۔ النَّاحِر کا مؤنث۔ مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَوَاحِر و نَاحِرَات۔ النَّاحِرَتَانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام۔
النَّحُوْرُ: ذبح کرنے والا۔
النِّحْرِیْرُ۔ حاذق۔ سمجھ دار۔ عقلمند۔ ج نَحَارِیْر۔
النَّحِیْرُ۔ ذبح کیا ہوا۔ ج نَحْرٰی و نُحَرَاء و نَحَائِر۔
النَّحِیْرَۃُ۔ نَحِیْر کا مؤنث۔ طبیعت — مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَحَائِر۔
الْمَنْحَرُ۔ حلق میں ذبح کرنے کی جگہ۔ مقامِ ذبح۔
الْمُنْتَحَرُ۔ کشادہ راستہ۔
الْمِنْحَارُ۔ کریم۔ فیاض۔ بہت ذبح کرنے والا۔ مہمان نواز۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمِنْحَارٌ بَوَائِکَهَا" وہ موٹے اونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے۔
الْمَنْحُوْرُ۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج مَنَاحِیْر۔
نَحَزَہٗ (ف) نَحْزًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ چبھونا۔

ہاون میں کوٹنا — بِرِجْلِهٖ: ٹھوکر مارنا — فِیْ صَدْرِہٖ:
نُحِزَ و نَحُزَ (ک) و نَحِزَ (س) نَحْزًا و نُحَازً البَعِیْرُ: پھیپھڑے کی بیماری والا ہونا۔ صفت نَحِزٌ و نَاحِزٌ و نَحِیْزٌ و مَنْحُوْزٌ۔
نَحِزَ (س) نَحْزًا۔ الرَّجُلُ: کھانسنا۔
اَنْحَزَ الْقَوْمُ: پھیپھڑے کی بیماری والے اونٹوں کا مالک ہونا۔
النُّحَازُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں (— والنِّحَازُ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النِّحَازِ" وہ کریم الاصل ہے۔
النَّحِیْزَۃُ۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النَّحِیْزَۃِ" وہ کریم الطبع ہے۔ سخت راستہ۔ بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ۔ ج نَحَائِز۔
الْمِنْحَازُ۔ ہاون۔ اوکھلی۔
نَحَسَ (ف) نَحْسًا و نَحُسَ (ک) نَحَاسَۃً و نُحُوْسَۃً طَالِعُ الْاِنْسَانِ: بدقسمت ہونا۔ منحوس ہونا۔ صفت نَحْسٌ و نَحِسٌ و مَنْحُوْسٌ اور کہا جاتا ہے "یَوْمٌ نَحْسٌ و نَحِسٌ و نَاحِسٌ و نَحِیْسٌ و اَیَّامٌ نَوَاحِس و نَحْسَات و نَحِسَات" نامبارک دن۔
نَحَسَہٗ (ف) نَحْسًا ظلم کرنا۔
اَنْحَسَتِ النَّارُ: آگ کا زیادہ دھوئیں والی ہونا۔
نَحَّسَ الْاَخْبَارَ: تجسس کرنا۔ سن گن لینا۔
تَنَحَّسَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا — لِشُرْبِ الدَّوَاءِ: دوا پینے کے لیے بھوکا رہنا (واسْتَنْحَسَ) الْاَخْبَارَ وَعَنْهَا: تجسس کرنا اور حقیقت دریافت کرنا۔
تَنَاحَسَ و اِنْتَحَسَ فُلَانٌ: اوندھا گرنا۔
عَامٌ نَاحِسٌ۔ خشک سال ج نَوَاحِس۔
النَّحْسُ۔ مص نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے یَوْمٌ نَحْسٌ و اَیَّامٌ نَحْسٌ: نامبارک دن ج نُحُوس و اَنْحُس۔ النَّحْس: مشقت و تکلیف۔ ایسا معاملہ جس کا کوئی حل نظر نہ آئے۔ ٹھنڈی پچھوائی ہوا۔ اطرافِ آسمان میں غبار۔ النَّحْسَانِ: زحل اور مریخ السَّعْدَانِ: مشتری اور زہرہ۔
النُّحَسُ۔ مہینہ کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں رات جن کو ظلم بھی کہتے ہیں۔
النُّحَاسُ۔ بتثلیث النون: تانبا۔ آگ۔ دھواں بغیر شعلہ کے۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النُّحَاسِ" وہ فیاض طبیعت کا ہے۔ ہر چیز کا اصل۔ چنگاری جو لوہے وغیرہ کو کوٹتے وقت جھڑے۔
النَّحَّاسُ۔ ٹھٹھیرا۔ تانبے کا کام کرنے والا۔
الْمَنَاحِسُ۔ نامبارک و منحوس چیزیں۔ باعث نحوست امور۔
النِّحَاشَۃُ۔ جلی ہوئی روئی۔
نَحَصَتْ (ف) نُحُوْصًا النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بہت موٹا ہونا۔ یا موٹائی کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا۔ صفت نَحُوْص و نَحِیْص۔ ج نحص و نَحَائِص۔
النُّحْصُ۔ دامن کوہ۔ الْمِنْحَاص: دبلی پتلی لمبی عورت۔
نَحَضَ (ف ض) نَحْضًا اللَّحْمَ: گوشت اتارنا — فُلَانًا: اصرار سے سوال کرنا — الْعَظْمَ: ہڈی سے سب گوشت اتار لینا — السِّنَانَ: بھالا تیز کرنا — ہٗ الدَّهْرُ: نقصان پہنچانا۔
نَحَضَ (ف) نُحُوْضًا و نُحِضَ و اُنْتُحِضَ دبلا ہونا۔ کم گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِیْض و مَنْحُوْض۔
نَحُضَ (ک) نحاضۃً۔ موٹا ہونا۔ زیادہ گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِیْضٌ و مَنْحُوْضٌ۔
اِنْتَحَضَ الشَّیْءَ: بمعنی نَحَضَ الشَّیْءَ۔
النَّحْضُ۔ مص۔ موٹا گوشت۔ ج نِحَاض و نُحُوْض۔
النَّحْضَۃُ۔ گوشت یا موٹے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔
نَحَطَ (ض) نَحْطًا و نَحِیْطًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا تھکن سے ہنہنانا (— نَحِیْطًا) لمبے لمبے سانس لینا (— نَحْطًا) السَّائِلَ: مانگنے والے کو سوال کے وقت جھڑک دینا۔
النَّاحِطُ۔ فا۔ سخت کھانسی والا۔

النَّحْط والنُّحَاط والنَّحِيْط۔ سینے میں رونے کی دبی ہوئی آواز۔

النَّحْطَة۔ اسم مرۃ۔ اونٹ اور گھوڑوں کی ایک بیماری جو سینے میں ہوتی ہے اور جس سے بہت کم بچتے ہیں۔

المُنْحَطَة والمَنْحُوْطَة۔ سینہ کی بیماری والا اونٹ یا گھوڑا۔

النَّحَّاط۔ متکبر۔ مغرور۔

نَحِفَ (س) و نَحُفَ (ک) نَحَافَةً لاغر ہونا یا خِلْقَةً دُبلا ہونا۔ صفت نَحِفٌ ج نَحِفُوْن وَ نَحِيْفٌ ج نُحَفَاء و نِحَاف۔ و مَنْحُوْف۔

أَنْحَفَهُ۔ لاغر کرنا۔ دُبلا کرنا۔

نَحَلَ (ف ن) و نَحِلَ (س) و نَحُلَ (ک) و نُحُوْلاً۔ بیماری یا تھکن سے دُبلا ہونا۔

نَحَلَ (ف) نَحْلاً الرَّجُلَ: دینا ——— المَرْأَةَ: مہر دینا۔ اسم النِحْلَة (——— نَحْلاً) القَوْلَ: غلط بات منسوب کرنا ——— زَيْدًا: گالی دینا ——— هُ الْمَرَضُ: لاغر کرنا۔

نُحِلَ الشَّاعِرُ قَصِيْدَةً: دوسرے کا قصیدہ منسوب کیا جانا۔

أَنْحَلَ و نَحَّلَ فُلاَنًا مَاءً: دینا ——— هُ مَالاً: دینے کے لیے خاص کرنا۔ أَنْحَلَه الهَمُّ او الْمَرَضُ: غم یا بیماری کا کسی کو لاغر کرنا۔

اِنْتَحَلَ و تَنَحَّلَ مَذْهَبَ كَذَا او قَبِيْلَةَ كَذَا: منسوب ہونا۔ اِنْتَحَلَ و تَنَحَّلَ الشِّعْرَ او القَوْلَ: دوسرے کے شعر یا قول کو اپنی طرف منسوب کرنا۔

النَّحْل۔ شہد کی مکھیاں۔ واحد نَحْلَة۔ النَّحْل: لاغر و دبلا۔ عطیہ۔ بخشش۔ نیا چاند۔ کہا جاتا ہے "أَهِلَّةٌ نَحْلٌ"

اَلنُّحْل و النُّحْلى و النُّحْلاَن۔ عطیہ۔ ہبہ۔

النِحْلَة و النُّحْلَة۔ عطیہ۔ ہبہ۔ عورت کو مہر دینا۔ دعوی۔ مذہب۔ دین۔ ج نِحَل۔ و نُحَل۔ کہا جاتا ہے "مَا نِحْلَتُكَ" یعنی تمہارا دین کیا ہے۔

النُّحْل۔ النُّحْلَة۔ لاغری۔

النَّاحِل۔ فا۔ باریک۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ نَاحِلٌ" یعنی باریک تلوار۔ "وَجَمَلٌ نَاحِلٌ" یعنی لاغر اونٹ۔ ج نُحُوْل (جیسے شاہد و مشہود)

النَّاحِلَة۔ النَّاحِل کا مؤنث۔ ج نَوَاحِل۔ النَّوَاحِل: وہ تلواریں جن کی دھاریں کثرتِ استعمال سے پتلی ہو گئی ہوں۔

النَّحِيْل۔ دبلا۔ ج نَحْلى۔

نَحَمَ (ض) نَحْمًا و نَحِيْمًا و نَحَمَانًا الرَّجُلُ: کھنکھارنا۔ الأَسَدُ: شیر کا گونجنا۔

اِنْتَحَمَ عَلى كَذَا و كَذَا: پختہ ارادہ کرنا۔

النُّحَام۔ سرخ رنگ اور لمبی گردن اور ٹیڑھی چونچ والی مرغابی۔ واحد نُحَامَةٌ۔

النَّحْمَةُ۔ کھانسی۔

النَّحِيْم۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

رَجُلٌ نَحِمٌ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد۔

النَّحَّام۔ بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا۔ شیر۔ بخیل۔

نَحْنُ۔ ہم۔ جمع متکلم کی ضمیر۔

نَحْنَحَ و تَنَحْنَحَ الرَّجُلُ: گلا صاف کرنا۔ کھنکھارنا۔ سینے سے آواز نکالنا۔ نَحْنَحَ فُلاَنًا: بری طرح سے ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنَا بِنَحْنَحِ النَّفْسِ عَنْ كَذَا" میرا جی اس سے خوش نہیں۔

النَّحَانِحَة۔ بخیل و کمینے۔

نَحَا يَنْحُو نَحْوًا الشَّيْءَ: قصد کرنا۔ نَحَا نَحْوَ فُلاَنٍ پیروی کرنا۔ نَحَا بَصَرَهُ إِلَيْهِ: کسی کی طرف نگاہ پھیرنا ——— الرَّجُلُ: اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا ——— فُلاَنًا عَنْهُ: پھیرنا۔ ہٹانا ——— الشَّيْءَ: جھکانا۔

نَحَّى تَنْحِيَةً الرَّجُلَ عَنْ مَوْضِعِهِ: ہٹانا۔ معزول کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

نَاحَاهُ مُنَاحَاةً۔ باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا۔

أَنْحى إِنْحَاءً۔ اعتماد کرنا۔ کسی جانب جھکنا ——— عَلى فُلاَنٍ ضَرْبًا: متوجہ ہونا ——— بَصَرَهُ عَنْهُ: نگاہ پھیر لینا ——— عَلَيْهِ: اعتماد کرنا۔

اِنْتَحى اِنْتِحَاءً الشَّيْءَ او الرَّجُلَ: قصد کرنا ——— لَهُ: اعتماد کرنا اور جھکنا ——— البَعِيْرُ عَلى شِقِّهِ الأَيْسَرِ: اونٹ کا بائیں جانب جھکنا۔

تَنَحَّى عَنْ مَوْضِعِهِ: جدا ہونا ——— لِلشَّيْءِ: اعتماد کرنا ——— الرَّجُلُ: کلام میں اعراب استعمال کرنا۔

النَّحْو۔ جانب۔ جہت۔ راستہ۔ مثل۔ مقدار۔ قصد و ارادہ۔ اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج أَنْحَاء۔ و عِلْمُ النَّحْو: وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب و بناء و ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو اس وجہ سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے۔ ج أَنْحَاء و نُحُوٌّ اور تصغیر نُحَيَّةٌ جیسے دَلْوٌ و دُلَيَّةٌ۔

النَّحْوِيّ۔ علم نحو کا جاننے والا۔ ج نَحْوِيُّوْنَ۔

النَّاحِي۔ فا۔ نحو کا جاننے والا۔ ج نُحَاة۔

النَّاحِيَة۔ جانب و جہت۔ ج نَاحِيَات و نَوَاحٍ و أَنْحِيَة۔

نَحى يَنْحى و يَنْحِيْ نَحْيًا۔ اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔ متھنا۔ مسکہ نکالنا ——— الشَّيْءَ: زائل کرنا ——— بَصَرَهُ إِلَيْهِ: نگاہ پھیرنا۔

نَحَاهُ يَنْحِيْهِ نَحْيًا۔ ایک گوشہ میں کرنا۔

أَنْحى لَهُ السِّلاَحَ: ہتھیار سے مارنا ——— عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے أَنْحى عَلَيْهِ بِاللَّوَائِمِ وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا۔

نَحَّاهُ تَنْحِيَةً۔ زائل کرنا۔ جھکانا۔

تَنَحَّى تَنَحِّيًا۔ زائل ہونا۔ جھکنا۔

اِنْتَحى فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا ——— فِي الشَّيْءِ: اعتماد کرنا۔

النَّحْي و النِحْي و النُّحْي۔ گھی کی مشک۔ دودھ بلونے کا برتن۔ چوڑے پھل کا تیر۔ ج أَنْحَاء و نِحَاء و نُحِيّ۔

النَّحِيَّة۔ ارادہ۔ نشانہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ نَحِيَّةُ الشَّدَائِدِ" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے۔

المَنْحَاة۔ پانی بہنے کی پیچ دار جگہ۔ پانی لانے والے اونٹ کا راستہ۔ ج مَنَاحٍ۔ أَهْلُ الْمَنْحَاةِ: بیگانے لوگ۔

نَخَّ (ن) نَخًّا۔ تیز چلنا ——— الإِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ——— الإِبِلَ و بِالإِبِلِ: اونٹ بٹھانے کے لیے اِخْ اِخْ یا نِخْ نِخْ کہنا۔

النَّخّ۔ مص۔ لمبا فرش۔ ج أَنْخَاخ۔

النَّخَّة۔ اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔ کام کرنے والے

بیل - باندی غلام - خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو۔
النَّجِعَۃ - کام کرنے والے بیل -
النُّخُّ و النُّخَاخَۃ - گودا - مغز -
نَخَبَ (ن) نَخْبًا الشَّیْئَ : کھینچنا - عمدہ حصہ لینا - نَخَبَتِ النَّمْلَۃُ : چیونٹی کا کاٹنا —— الصَّقْرُ الصَّیْدَ : باز کا شکار کے دل کو نکال لینا۔
نَخِبَ (س) نَخَبًا - بزدل ہونا - صفت نَخِبٌ و نَخِبٌ و نُخُبٌ و نَخِبٌ و اَنْخَبُ۔
اَنْخَبَ الرَّجُلُ : بزدل بچہ پیدا کرنا - بہادر بچہ پیدا کرنا۔
اِنْتَخَبَ الشَّیْئَ : کھینچ کر نکالنا - چننا۔
اَلنَّخْبُ - مص - بزدلی - دل کی کمزوری - بزدل - جام صحت - اور عوام کہتے ہیں "شَرِبَ نَخْبَہُ او عَلٰی صِحَّتِہٖ" (—— والنَّخْبَۃُ) دُبر -
النَّخْبَۃُ : بزدل -
النُّخْبَۃُ والنُّخَبَۃُ - چنا ہوا - ج نُخَبٌ -
النُّخْبَۃُ - منتخب لوگ - دوست کے جام صحت کا پینا - پلانا - ج نُخَبَات - النُّخَبَات : بزدل لوگ -
النَّخِیْبُ ج نُخُبٌ والمَنْخُوْبُ والمِنْخُوْبُ بزدل - بے دل - المَنْخُوْبُ : دُبلا کم گوشت والا و المِنْخُوْبُ : لمبا -
النِّخَابُ - دل کی جھلی -
المَنْخَبَۃُ - حلقۂ دبر -
المِنْخَابُ - کمزور - ناکارہ - ج مَنَاخِیْبُ -
نَخَتَ (ن) نَخْتًا الطَّائِرُ الشَّیْئَ : پرندہ کا چونچ مارنا —— القَوْلَ : انتہا تک پہنچانا —— الشَّجَرَ : درخت کو جڑ سے اکھیڑنا -
نَخَجَ (ض) نَخْجًا السَّیْلُ فِیْ سَنَدِ الوَادِیْ : سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا - الدَّلْوَ و بِالدَّلْوِ فِی الْبِئْرِ : ڈول کو بھر جانے کیلئے کنوئیں میں ہلانا —— الجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔
اِسْتَنْخَجَ الرَّجُلُ : سختی کے بعد نرم ہونا۔
اَلنَّخِیْخَۃُ - باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے۔
تَنَخَّذَ - ناخدا ہونا - جہاز کا کپتان ہونا -
نَاخُذَاۃٌ - جہاز کا کپتان - ج نَوَاخِذَۃ -

نَخَرَ (ض ن) نَخْرًا و نَخِیْرًا الاِنْسَانُ او الدَّابَّۃُ خراٹے لینا -
نَخَرَ (ف) نَخْرًا الحَالِبُ النَّاقَۃَ : دوہنے کے لیے نتھنوں میں انگلی ڈال کر کھجلانا -
نَخِرَ (س) نَخَرًا العُوْدُ او العَظْمُ و نَخُوْرُہُ : لکڑی یا ہڈی کا بوسیدہ ہونا - ریزہ ریزہ ہونا - صفت نَاخِرَۃٌ و نَخِرٌ -
نَخَّرَہُ - بوسیدہ کرنا - گفتگو کرنا -
النَّخْرَۃُ مِنَ الرِّیْحِ : ہوا کا تیز بہاؤ (—— والنُّخْرَۃُ) ناک کا اگلا حصہ - ج نُخَرٌ -
النَّاخِرُ - فا - بوسیدہ - ریزہ ریزہ - حملہ کرنے والا سور - گدھا - اور بقول بعض گھوڑا - ج نُخُرٌ - کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَاخِرٌ" گھر میں کوئی نہیں -
النَّاخِرَۃُ - النَّاخِر کا مؤنث - بوسیدہ ہڈیاں گھوڑے یا گدھے -
النَّخَّارُ - بہت خراٹے لینے والا -
النِّخْوَارُ - بزدل - کمزور - شریف - مغرور ج نَخَاوِرَۃٌ -
المَنْخَرُ والمِنْخَرُ والمَنْخِرُ والمِنْخِرُ والمُنْخُرُ والمَنْخُوْرُ - ناک - نتھنا - ج مَنَاخِرُ و مَنَاخِیْرُ -
النَّخُوْرُ - اونٹنی کہ جب تک نتھنوں میں انگلی ڈال کر نہ کھجلائیں دودھ نہ دے -
النَّخْوَرِیُّ - چوڑے منہ والا - بڑے پیٹ والا -
اِمْرَأَۃٌ مِنْخَارٌ - وہ عورت جو جماع کے وقت بہت خراٹے لے گویا دیوانی ہے -
نَخْرَبَ الشَّجَرَۃَ : درخت میں سوراخ کرنا -
النُّخْرُوْبُ - سوراخ - پتھر کا شگاف - ج نَخَارِیْبُ - نَخَارِیْبُ النَّحْلِ : شہد کے چھتے کے خانے -
نَخَزَہُ (ف) نَخْزًا - بِالْحَدِیْدَۃِ : مارنا —— ہُ بِکَلِمَۃٍ : تکلیف پہنچانا -
نَخَسَ (ف ن) نَخْسًا الدَّابَّۃَ : جانور کے پہلو یا پچھلے حصہ پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا —— بِفُلَانٍ : بھڑکانا - برانگیختہ کرنا —— البَکْرَۃَ : چرخی میں پچر لگانا -
نُخِسَ لَحْمُہُ : کم ہونا —— البَعِیْرُ : اونٹ کی دم کے قریب خارش ہونا - صفت مَنْخُوْسٌ -

تَنَاخَسَتِ الغَنَمُ : بھیڑ بکری کا سردی کی وجہ سے ایک دوسرے سے گرمی حاصل کرنا -
الغُدْرَانُ : تالابوں کا ایک دوسرے میں پانی پہنچانا -
النَّاخِسُ - فا - اونٹ کی دم کے قریب خارش (—— والنَّخُوْسُ) جوان پہاڑی بکرا -
النَّخِیْسُ - چرخی کہ اس کا سوراخ چوڑا ہو گیا ہو تو پچر لگا کر تنگ کر دیا جائے -
النَّخِیْسَۃُ - بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ - مکھن -
النِّخَاسُ - چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کا پچر - نِخَاسَا البَیْتِ : گھر یا خیمہ کے ستون -
النِّخَاسَۃُ - بمعنی نِخَاس (—— والنَّخَاسَۃُ) غلاموں یا جانوروں کی بیع -
النَّخَّاسُ - بہت چبھونے والا - غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنے والا -
المِنْخَسُ - آنکس - مہمیز - ج مَنَاخِسُ - کہا جاتا ہے "ھُوَ ابْنُ نَخْسَۃٍ" وہ حرامی بچہ ہے -
نَخَشَہُ (ن) نَخْشًا - برانگیختہ کرنا - تکلیف دینا —— الشَّیْئَ : حرکت دینا —— الدَّابَّۃَ : جانور کو تیز ہانکنا —— العُوْدَ : لکڑی چھیلنا -
نَخَشَ (ف) نَخْشًا و نُخْشًا - دبلا ہونا -
نَخِشَ (س) نَخَشًا الشَّیْئُ : کسی چیز کا نچلا حصہ بوسیدہ ہونا -
النَّخْشُ اِلٰی کَذَا : حرکت کرنا -
تَنَخَّشَ - مص - مال کا ایک ٹکڑا -
نَخَصَ (ف ن) نَخْصًا الرَّجُلُ : لاغر ہونا - جھریوں والا ہونا -
نَخَصَہُ و اَنْخَصَہُ الْکِبَرُ او الْمَرَضُ : لاغر کرنا - جھریوں والا ہونا -
نَخِصَ (س) نَخَصًا و اِنْتَخَصَ لَحْمُہُ : کم گوشت ہونا -
عَجُوْزٌ نَاخِصٌ - جھریوں والی بڑھیا -
نَخَطَ (ن) نَخْطًا اِلَیْھِمْ : اچانک آنا -
المُخَاطُ مِنَ الْفِیْہِ : ناک سے رینٹ صاف کرنا -
نَخَطَ (ن) نَخِیْطًا لِفُلَانٍ : گالی دینا - عیب ظاہر کرنا —— عَلَیْہِ : تکبر کرنا -
اِنْتَخَطَہُ - مشابہ ہونا - اِنْتَخَطَ الْمُخَاطَ مِنَ

اَنْفِهٖ :ناک صاف کرنا-

النَخط و النُخط- لوگ- کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ النَّخطِ ھُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے-

النُخط :حرام مغز- بچہ دانی کی جھلی کا پانی-

النُخط- بہادری کی وجہ سے نیزہ سے کھیلنے والے لوگ-

نَخَعَ (ف) نَخْعًا الذَّبِیْحَۃَ :ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا —— الْاَمْرَ عِلْمًا : اچھی طرح سے آگاہ ہونا —— ہٗ الطَّاعَۃَ او النَصِیْحَۃَ : فرمانبرداری یا نصیحت یا خالص طریقے سے کرنا —— الرَّجُلُ :سینے یا ناک سے کسی چیز کو گرانا (—— نُخُوْعًا) لَہٗ بِحَقِّہٖ :اقرار کرنا-

نَخِعَ (س) نَخَعًا العُوْدُ او النَّبَاتُ :لکڑی یا نباتات سے پانی نکلنا —— فُلَانٌ بِحَقِّیْ :اقرار کرنا-

تَنَخَّعَ الرَّجُلُ :کھنکھارنا (—— اِنْتَخَعَ) السَّحَابُ : سارا پانی برسا دینا- وانْتَخَعَ الرَّجُلُ عَنْ اَرْضِہٖ :دور ہونا-

النَخاع- بتثلیث النون : حرام مغز- ج نُخُعٌ-

النُخَاعَۃ- کھنکھار- بلغم-

النُخُوْع- مص- حق کا اقرار-

الاَنْخَع- اسم تفضیل- بمعنی اذل و اقہر- بہت زیادہ ہلاک کرنے والا-

المَنْخَع- گردن اور سر کا اندرونی جوڑ- حرام مغز کٹنے کی جگہ-

نَخَفَ (ف ن) نَخْفًا و نَخِیْفًا- چھینکتے ہوئے آواز نکالنا (اور یہ بکری کے لیے خاص ہے)

اَنْخَفَ- چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا-

النَخْفَۃ- پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین-

النِخَاف- چرمی موزہ- ج اَنْخِفَۃ-

نَخَلَ (ن) نَخْلاً الدَّقِیْقَ : آٹا چھاننا- بھوسی دور کرنا —— الشَّیَٔ : چننا- صاف کرنا- النَّصِیْحَۃَ اَوِ الْوُدَّ لِفُلَانٍ :سچی خیرخواہی یا خالص دوستی کرنا- (—— و نَخَّلَ) السَّحَابُ الثَّلْجَ : بادل کا پھر برسانا- برف گرانا-

تَنَخَّلَ و اِنْتَخَلَ الشَّیَٔ :چننا- عمدہ لینا-

النَخْل و النَخِیْل- کھجور کا درخت- واحد نَخْلَۃٌ و نَخِیْلَۃٌ-

النُخَالَۃ- بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے- غلہ جو چھانا جائے-

النَخِیْلَۃ- طبیعت- خالص خیر خواہی- ج نَخَائل- کہا جاتا ہے "لَا یَقْبَلُ اللّٰہُ اِلَّا نَخَائِلَ الْقُلُوْبِ" اللہ تعالیٰ صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں-

النَاخِل- فا- کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ نَاخِلُ الصَّدْرِ" وہ خیرخواہ ہے و "نَصِیْحَۃٌ نَاخِلَۃ" سچی خیرخواہی-

النَخَّال- بہت کھجور کے درختوں والا- آٹا چھاننے والا-

المُنْخُل و المُنْخَل- چھلنی- ج مَنَاخِل-

نَخَمَ (ن) نَخْمًا- کھیلنا- عمدہ گانا- صفت نَاخِم-

نَخِمَ (س) نَخْمًا و نَخَمًا و تَنَخَّمَ- کھنکھارنا- ناک صاف کرنا-

نَخِمَ (س) نَخَمًا الرَّجُلُ : تھکنا-

النُخَامَۃ- کھنکار- رینٹ- بلغم-

النَخْمَۃ- اسم مرۃ- کھنکھار- رینٹ- خوبصورتی و زیبائی- بہادری- طمانچہ-

نَخْنَخَ البَعِیْرَ :اونٹ کو بٹھانا —— نَخْنَخَ فُلَانًا : ڈانٹنا- ہٹانا- نَخْنَخَ الرَّجُلُ : تیز چلنا- نَخْنَخَ بِالاِبِلِ اِخْ اِخْ کہہ کر ڈانٹنا تاکہ بیٹھ جائے-

تَنَخْنَخَ البَعِیْرُ :اونٹ کا بیٹھنا-

نَخَا یَنْخُوْ نَخْوَۃً الرَّجُلُ :تعریف کرنا-

نُخِیَ نَخْوَۃً الرَّجُلُ :فخر کرنا- بڑا بننا-

اَنْخَی اِنْخَاءً- کبر و غرور زیادہ ہونا-

اِنْتَخَی اِنْتِخَاءً عَلَیْنَا :بڑا بننا- تکبر کرنا —— مِنْ کَذَا :تنگ جانا-

النَخْوَۃ- مص- دلیری- مروت- بڑائی- کبر و غرور- فخر-

نَدَّ (ض) نَدًّا و نَدِیْدًا و نُدُوْدًا و نِدَادًا البَعِیْرُ : اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا- کہا جاتا ہے نَدَّتِ الْکَلِمَۃُ :شاذ ہونا- کم مستعمل ہونا-

نَدَّدَ الاِبِلَ : اونٹوں کو متفرق کرنا —— بِالشَّیِٔ :بدنام کرنا —— بِفُلَانٍ : عیوب ظاہر کرنا- قبیح بات سنانا —— صَوْتَہٗ :آواز بلند کرنا-

اَنَدَّ الاِبِلَ :اونٹوں کو متفرق کرنا-

نَادَّہٗ مُنَادَّۃً- مخالفت کرنا-

تَنَادَّ القَوْمُ :باہم مخالفت کرنا- ایک دوسرے سے بدکنا- متفرق ہونا- تَنَادَّتِ الاِبِلُ :اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا-

النَادُّ- فا- اور کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَھُمْ نَادٌّ" ان کیلئے رزق نہیں- ج نُدَّاد-

النَدّ- ٹیلہ- بلند پشتہ-

النِدّ- مثل- کہا جاتا ہے "مَالَہٗ نِدٌّ" اس کی کوئی نظیر نہیں- ج اَنْدَادٌ-

النَدِیْد- مثل و نظیر- ج نُدَدَاءُ- مؤنث نَدِیْدَۃٌ- ج نَدَائِدُ- کہا جاتا ہے مَالَہٗ نَدِیْدٌ اس کی کوئی نظیر نہیں-

التَنَادِّ- مص "یَوْمُ التَّنَادِّ و یَوْمُ التَّنَادِ" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت- کہا جاتا ہے "ذَھَبُوْا اَنَادِیْدَ و تَنَادِیْدَ" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہوگئے-

نَدَأَہٗ (ف) نَدْأً- خوف دلانا- نَدَأَ اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں دبانا —— المَلَّۃَ :بھوبھل بنانا —— عَلَیْھِمْ :ظاہر ہونا- سامنے آنا-

النَدِیْ- آگ میں دبایا ہوا گوشت-

النَدِیُٔ و النَدْأَۃُ و النُدْأَۃ- آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت بادلوں کی سرخی- قوس قزح-

النَدْأَۃ و النُدْأَۃ : آفتاب کا دائرہ- چاند کا ہالہ- مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات-

النُدْأَۃُ و النُدَأَۃ- متفرق گھاس کا ایک حصہ- ج نُدَاءٌ-

نَدَبَ (ن) نَدْبًا الْمَیِّتَ :میت پر رونا- میت کی خوبیاں شمار کرنا —— فُلَانًا اِلَی الْاَمْرِ او لِلْاَمْرِ : بلانا- برانگیختہ کرنا —— ہٗ اِلَی الْحَرْبِ :لڑائی کی جانب متوجہ کرنا- صفت فاعلی نَادِبٌ- صفت مفعولی مَنْدُوْب اور امر کو مَنْدُوْبٌ اِلَیْہِ کہتے ہیں اور اسم النُدْبَۃ-

نَدِبَ (س) نَدَبًا و نُدُوْبًا و نُدُوْبَۃً الظَّھْرُ :پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا- صفت ندیب (—— نَدَبًا و اَنْدَبَ) الْجُرْحُ :نشان زخم سخت ہونا- اَنْدَبَ فُلَانٌ نَفْسَہٗ و بِنَفْسِہٖ : خطرے میں ڈالنا- اَنْدَبَ الْجُرْحُ فُلَانًا : نشان ڈالنا ——

بِظَهْرِهٖ وفِیْ ظَهْرِهٖ : نشان چھوڑنا۔

نَدُبَ (ک) نَدَابَةً الرَّجُلُ : زیرک ہونا۔ ہوشیار و چست ہونا۔

اِنْتَدَبَ لِفُلَانٍ : تردید کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْتَدَبَ لَهٗ فُلَانٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔ اِنْتَدَبَهٗ لِاَمْرٍ : بلاوے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "خُذْ مَا انْتَدَبَ" یعنی لو جو آسان ہو۔

النَّدْب۔ مص۔ فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔ شریف دانا۔ مرد کم حاجت۔ ج نُدُوْب و نُدَبَاء۔ فَرَسٌ نَدْبٌ : تیز گھوڑا۔

النَّدَب۔ مص۔ نشان زخم۔ ج نُدُوب۔ گھوڑ دوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو لے لے۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْنَا نَدَبًا" یعنی تیز تیز پھینکنے والی کمان چلائی۔ ج اَنْدَاب۔

النَّدْبَة۔ اسم مرة۔ مؤنث النَّدْب (—— و النَّدَبَة) نشان زخم جو جسم پر باقی رہ جائے۔ ج نَدْبٌ جج نُدُوب و اَنْدَاب۔

النُّدْبَة۔ میت کے محاسن و فضائل بیان کرنا اور کہا جاتا ہے کہ "عَرَبِيٌّ نُدْبَةٌ" یعنی فصیح عربی

المَنْدَب۔ میت پر رونا۔ ج مَنَادِب۔

المِنْدَبِی۔ مرد کم حاجت۔

نَدَحَ (ف) نَدْحًا الشَّیْءَ : کشادہ کرنا۔

نَادَحَهٗ۔ کسی سے کسی چیز کے زیادہ ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَنَدَّحَت و اِنْتَدَحَتِ الْغَنَمُ فِیْ مَرَابِضِهَا او مَسَارِحِهَا : بکریوں کا بیٹھنے کی جگہ یا چراگاہ میں منتشر ہونا۔ متفرق ہونا۔ و تَنَدَّحَت پری شکم سے پھولنا۔

النَّدْح و النُّدْح۔ کشادگی۔ کثرت۔ پہاڑ کا کنارہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَنْدَاح۔

النَّدْح و النُّدْح و النَّدْحَة و النُّدْحَة۔ کشادہ زمین۔

النِدْح۔ بوجھ۔ چیز جس کو تم دور سے دیکھو۔

المَنْدُوحَة و المُنْتَدَح۔ کشادگی۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْدُوحَةٌ او مُنْتَدَحٌ" تم کو اس کام میں آزادی ہے اور تم کو اس کا چھوڑنا ممکن ہے "وَلَكَ مُنْتَدَحٌ فِی الْبِلَادِ" تمہارے لیے ملکوں میں گنجائش ہے —— اَرْضٌ مَنْدُوحَةٌ : دور کی کشادہ زمین۔

المَنَادِح۔ دور کی کشادہ زمین۔

نَدَخَهٗ (ف) نَدْخًا۔ ٹکرا دینا۔ سمندر کا مسافر کہتا ہے "اَنْدَخْنَا الْمَرْكَبَ سَاحِلَ كَذَا" ہم نے جہاز کو فلاں ساحل سے ٹکرا دیا۔

تَنَدَّخَ الرَّجُلُ : بڑ ہانکنا۔

الْاَنْدَخ۔ بیوقوف غبی کم بولنے والا۔

المُتَنَدِّخ۔ بری بات کہنے اور سننے میں لاپرواہ۔

نَدَرَ (ن) نَدْرًا و نُدُوْرًا۔ الشَّیْءُ : نادر ہونا۔ کسی چیز میں سے گر کر نمایاں ہونا —— مِنْ مَوْضِعِهٖ : زائل ہونا —— فُلَانٌ مِنْ قَوْمِهٖ : نکل جانا —— الشَّجَرَةُ : پتیاں نکلنا یا سبز ہونا —— الشَّیْءَ : تجربہ کرنا —— النَّبَاتُ : پتوں والی ہونا —— الرَّجُلُ : مرنا —— الرَّجُلُ فِیْ فَضْلٍ اَوْ عِلْمٍ : فضیلت یا علم میں بڑھ جانا۔

نَدُرَ (ک) نَدَارَةً الكَلَامُ : فصیح ہونا۔ عمدہ ہونا۔ عجیب و غریب ہونا۔

اَنْدَرَ۔ نادر قول یا فعل کرنا —— الشَّیْءَ : گرانا —— العَظْمَ : جگہ سے ہٹانا۔

تَنَادَرَ عَلَيْنَا : نوادر بیان کرنا۔ و تَنَادَرُوا الشَّیْءَ : گرانا۔

اِسْتَنْدَرَهٗ۔ نادر سمجھنا —— القَوْمُ اَثَرَهٗ : پیچھے جانا۔

النَّدْر۔ نادر۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ نَدْرٌ" نادر چیز یہ وصف بالمصدر ہے۔

النَّدْرَة۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے (—— و النُّدْرَة) کمی۔ کمیابی۔ کہا جاتا ہے "لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَّا نَدْرَةً وفِی النَّدْرَةِ" یعنی یہ بہت کم ہے۔

النَّادِر۔ فا —— مِنَ الْكَلِمِ : کمیاب۔ شاذ و مخالف قیاس —— مِنَ الْجَبَلِ : پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔

النَّادِرَة۔ النَّادِر کا مؤنث۔ ج نَوَادِر۔ نَوَادِرُ الْكَلَامِ : عجیب کلام۔ شاذ۔ فصیح و عمدہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَادِرَةُ الزَّمَانِ" وہ یکتائے زمانہ ہے۔

النَّدَرٰی۔ نادر کمیاب اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ نَدَرٰی وَفِیْ نَدَرٰی و النَّدَرٰی وفِی النَّدَرٰی" یعنی میں نے اس سے گاہے ماہے ملاقات کی۔

الْاَنْدَر۔ گیہوں کا کھلیان۔ کھلیان۔ ج اَنَادِر۔

الاَنْدَرِیُّ۔ موٹی سی۔

نَدَسَهٗ (ن) نَدْسًا بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا۔ —— هٗ بِكَلِمَةٍ : کسی کے متعلق کوئی کلمہ کہہ دینا۔ نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا —— هٗ عَنِ الطَّرِيْقِ : راستہ سے ہٹانا —— عَلَيْهِ الظَّنَّ : بدگمانی کرنا —— الْاَرْضَ بِرِجْلِهٖ : زمین پر پاؤں پٹکنا۔

نَدِسَ (س) نَدَسًا الغُلَامُ : سمجھدار و زیرک ہونا۔ صفت نَدْسٌ و نَدِسٌ و نَدُسٌ۔

نَادَسَهٗ۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

تَنَدَّسَ۔ گر پڑنا۔ بچھڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ فَتَنَدَّسَ" اس نے اس کو زمین پر پٹک دیا اور وہ گر گیا —— مَاءُ الْبِئْرِ : کنوئیں کے پانی کا بہنا —— الرَّجُلُ الْاَخْبَارَ و عَنِ الْاَخْبَارِ : خبروں کی جستجو کرنا تاکہ دوسروں سے مخفی خبر معلوم ہو جائے۔

تَنَادَسَ القَوْمُ : ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔

النَّدْس۔ مص۔ پست آواز۔ پست آواز کو تیز سننے والا۔ سمجھ دار۔

النَّدَس۔ سمجھ و زیرکی۔

رِمَاحٌ نَوَادِس۔ لگنے والے نیزے۔ زخم کرنے والے نیزے۔

المِنْدَاس مِنَ النِّسَاءِ : ہلکی پھلکی سمجھ دار عورت۔

المَنْدُوسَة۔ گبریلا۔

نَدَشَ (ض) نَدْشًا و نَدَشًا عَنِ الشَّیْءِ : کھود کرید کرنا —— الْقُطْنَ : روئی دھنتا۔

نَدَصَ (ن) نَدْصًا و نُدُوْصًا الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ : نکل جانا —— الرَّجُلُ : جلدی سے نکلنا —— عَلَی الْقَوْمِ : مکروہ چیز کے ساتھ ظاہر ہونا —— الْقَوْمَ : لوگوں کے ساتھ شرارت کرنا (—— نُدُوْصًا) عَيْنُهٗ : گلا گھونٹے ہوئے کی مانند آنکھیں باہر کو نکل پڑنا۔

نَدِصَتْ (س) نَدَصًا الْبَثْرَةُ : پھنسی سے دبانے کی وجہ سے خون نکلنا۔

اَنْدَصَ واِسْتَنْدَصَ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ : حق وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔

المِنْدَاص۔ قوم کے ساتھ ہمیشہ بدی و شرارت کرنے والا۔ ج مَنَادِيْص۔

اِمْرَأَةٌ مِنْدَاصٌ و نُدَصَةٌ۔ بیوقوف بدزبان عورت۔ خفیف العقل عورت۔

نَدَغَهٗ (ف) نَدْغًا انگلی چبھونا ——— ہٗ بِالرُّمْحِ او الكَلَامِ : نیزہ مارنا۔ برا کہنا ——— الرَّجُلَ : غمگین کرنا۔ نَدَغَتْهُ الْعَقْرَبُ : بچھو کا ڈسنا۔

نُدِغَ الصَّبِيُّ : گدگدایا جانا۔

نَدَّغَ العَجِيْنَ : گوندھے ہوئے آٹے پر خشک آٹا ڈالنا۔

نَادَغَهٗ۔ باہم عشق بازی کرنا۔

اَنْدَغَ بِهٖ : برا سلوک کرنا۔

اِنْتَدَغَ۔ آہستہ ہنسنا۔

النَّدْغ والنِّدْغ۔ جنگلی صعتر۔ النَّدْغ شہد۔

النُّدْغَة والمِنْدَغَة۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْدَغ۔ نیزہ باز۔ کلام سے تکلیف پہنچانے والا۔

نَدَفَ (ض) نَدْفًا القُطْنَ : روئی دھننا۔ ——— بِالْعُوْدِ او المِزْهَرِ : بربط یا سارنگی بجانا ——— الطَّعَامَ : کھانا ——— الدَّابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ نَدَفَتِ السَّمَاءُ بِالثَّلْجِ : آسمان کا برف برسانا۔

نَدَفَتْ (ض) نَدْفًا و نَدِيْفًا و نَدَفَانًا الدَّابَّةُ : رفتار میں تیزی سے دونوں اگلی ٹانگوں کو پھرانا۔

اَنْدَفَ۔ بربط کی آواز کی طرف مائل ہونا۔ الدَّابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا ——— الكَلْبَ : کتے کو بلانا۔

نَدَّفَ تَنْدِيْفًا القُطْنَ : روئی دھننا۔

النُّدْفَة۔ تھوڑا سا دودھ۔

النَّدَّاف۔ دھنیا۔ بربط نواز۔ بہت کھانے والا۔

النِّدَافَة۔ روئی دھننے کا پیشہ۔

النَّدِيْف مِنَ القُطْنِ : دھنی ہوئی روئی۔

المِنْدَف والمِنْدَفَة۔ روئی دھننے کی کمان۔

نَدَلَ (ن) نَدْلًا الشَّيْءَ : جلدی سے اچک لینا۔ نقل کرنا ——— الدَّلْوَ مِنَ البِئْرِ : کنوئیں سے ڈول کھینچنا ——— بِسَلْحِهٖ : پاخانہ کرنا۔

نَدِلَتْ (س) نَدَلًا يَدُهٗ : ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔

تَنَدَّلَ و تَمَنْدَلَ۔ بالمِنْدِيْلِ : رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔

اِنْتَدَلَ المَالَ : برداشت کرنا۔

النَّدَل۔ مص۔ میل کچیل۔

النُّدُل۔ کھانا کھلانے والے خدام۔

المِنْدَل۔ چرمی موزہ۔ عود۔ ج مَنَادِل۔

المِنْدَل والمِنْدِيْل والمَنْدِيْل رومال۔ ج مَنَادِل و مَنَادِيْل۔ المِنْدَل : اُچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلولے۔

النَّوْدَل۔ پھتان۔

نَدِمَ (س) نَدَمًا و نَدَامَةً و تَنَدَّمَ عَلٰى مَا فَعَلَ : پشیمان کرنا۔

اَنْدَمَهٗ۔ پشیمان کرنا۔

نَادَمَهٗ نِدَامًا و مُنَادَمَةً عَلَى الشَّرَابِ ہم نشین ہونا۔

تَنَادَمَ القَوْمُ عَلَى الشَّرَابِ : ہم نشینی کرنا۔

اِنْتَدَمَ الأَمْرُ : آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ مَا اِنْتَدَمَ" لو جو آسان ہو۔

النَّادِم۔ پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نَادِمُوْن و نُدَّام۔

النَّدْمَان۔ پشیمان و شرمندہ۔ ج نَدَامٰى و نُدْمَان (مثل مفرد) مؤنث نَدْمَانَةٌ و نَدْمٰى۔ النَّدْمَان : مجلس شراب کا ہم نشین۔

النَّدْم۔ تیز طبیعت۔ زیرک۔

النَّدَم۔ مص۔ نشان۔

النَّدِيْم والنَّدِيْمَة۔ مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق و ساتھی۔ ج نِدَامٌ و نُدَمَاء و نُدْمَان۔

المَنْدَم۔ پشیمانی۔

المَنْدَمَة۔ باعث پشیمانی۔

نَدَهَ (ف) نَدْهًا الرَّجُلَ : آواز دینا ——— الرَّجُلَ : ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا ——— الإِبِلَ : اکٹھا ہانکنا۔

اِنْتَدَهَ و اِسْتَنْدَهَ الأَمْرُ : درست ہونا۔

النَّدْهَة والنُّدْهَة۔ بہت مویشی۔ النَّدْهَة : آواز۔

النَّوَادِه۔ دھمکیاں۔

نَدَا يَنْدُو نَدْوًا۔ القَوْمُ : جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا ——— القَوْمَ : مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْدُوْهُمُ النَّادِي" مجلس میں ان کیلئے گنجائش نہیں ——— الرَّجُلُ : بخشش کرنا۔ جدا ہونا ——— الشَّيْءُ : متفرق ہونا۔

نَدِيَ يَنْدٰى نَدًى و نَدَاوَةً و نُدُوًّا الشَّيْءُ : تر ہونا ——— الأَرْضُ : تری پہنچنا ——— الصَّوْتُ دور تک ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَدِيْتُ بِشَيْءٍ مِنْ فُلَانٍ" میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و "رَمَيْتُ بَصَرِي فَلَمْ يَنْدَلِي شَيْءٌ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لیے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وَمَا نَدِيَنِي مِنْ فُلَانٍ شَيْءٌ اَكْرَهُهٗ" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و "لَمْ يَنْدَ مِنْهُمْ نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا۔

نَدّٰى تَنْدِيَةً الشَّيْءَ : تر کرنا ——— الفَرَسَ : گھوڑے کو بلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔

نَادٰى مُنَادَاةً و نِدَاءً الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ پکارنا ——— فُلَانًا : مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مفاخرت کرنا۔ نَادٰى بِسِرِّهٖ : بھید ظاہر کرنا ——— الشَّيْءَ : دیکھنا اور جاننا ——— فُلَانًا : مشورہ کرنا ——— النَّبْتُ : نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادٰى الطَّرِيْقُ لِفُلَانٍ و نَادَاهُ" یعنی فلاں کیلئے راستہ ظاہر ہو گیا۔

اَنْدٰى اِنْدَاءً الرَّجُلُ : بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا ——— الشَّيْءَ : تر کرنا ——— الكَلَامُ : بدانجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔

تَنَدّٰى الرَّجُلُ : سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰى تَنَدّٰى" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا ——— المَكَانُ : گیلا ہونا۔

تَنَادَى القَوْمُ : ایک دوسرے کو پکارنا ——— و اِنْتَدَى القَوْمُ : مجلس میں جمع ہونا۔ و اِنْتَدَى الرَّجُلُ : مجلس میں حاضر ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِنْتَدَيْتُ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کوئی خیر حاصل نہیں کی۔

النَّدٰى۔ مص۔ بارش۔ سبز گھاس۔ شبنم۔ تری۔ بخور کے مانند ایک چیز جس سے خوشبودار کرتے ہیں۔ انتہا۔ بخشش۔ فضل و خیر۔ چربی۔ ج اَنْدَاء

وَأَنْدِيَةٌ۔

النِّدَاءُ والنُّدَاءُ۔ پکار۔ آواز۔

النَّدْوَةُ۔ اسم مرۃ۔ جماعت۔ مجلس۔

دَارُ النَّدْوَةِ : مجلس مشورہ۔ النَّدْوَةُ : بخشش۔ مشورہ۔

النُّدْوَةُ۔ اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ۔

النَّدِيُّ والنَّدِيّ۔ گیلا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَدِيُّ الْكَفِّ وَنَدِيُّ الْكَفِّ" فلاں فیاض و سخی ہے مؤنث نَدِيَةٌ و نَدِيَّةٌ۔ النَّدِي : مجلس۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَدِيُّ الصَّوْتِ" وہ بلند آواز ہے۔

النَّدْيَانُ۔ گیلا۔

النَّادِي۔ فا۔ مجلس جب تک کہ لوگ اس میں موجود رہیں۔ ج أَنْدِيَةٌ و نَوَادٍ و ج أَنْدِيَاتٌ۔

النَّادِيَةُ۔ النَّادِي کا مؤنث ج نَادِيَاتٌ و نَوَادٍ و نَادِيَاتُ الشَّيْءِ : چیز کے اوائل۔ و نَوَادِي الدَّهْرِ حوادث زمانہ۔ النَّوَادِي : گوشے۔ متفرق اونٹنیاں نَخْلٌ نَادِيَةٌ : پانی سے دور کھجور کے درخت۔

الأَنْدَى۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَنْدَى مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے زیادہ فیاض ہے "وَهُوَ أَنْدَى صَوْتًا مِنْهُ" وہ اس سے زیادہ بلند آواز ہے۔

التَّنَادِي۔ مص يَوْمُ التَّنَادِ : یوم قیامت۔

التَّنْدِيَةُ۔ مص تَنْدِيَةُ الْخَيْلِ : گھوڑوں کو چھریرا بنانا اور دوڑانا یہاں تک کہ پسینہ آجائے اور ڈھیلا پن جاتا رہے۔

المُنَدَّى۔ گھوڑوں کو چھریرا بنانے اور دوڑانے کی جگہ۔

المُنْدِيَةُ۔ ایسا کلمہ جو حیا کی وجہ سے پیشانی کو پسینہ آلود کردے۔ ج مُنْدِيَاتٌ۔

المُنْتَدَى۔ مجلس۔

نَذَّ (ن) نَذِيذًا۔ رینٹ یا کھنکھار نکلنا۔ پیشاب کرنا۔

النَّذِيذُ۔ مص۔ رینٹ۔ کھنکھار۔ تھوک۔

نَذَخَ (ف) نَذْخًا و أَنْذَخَ الْبَعِيرُ : اونٹ کا تیز دوڑنا۔

النَّوْذَخُ۔ بزدل۔

نَذَرَ (ن ض) نَذْرًا و نُذُورًا۔ نذر ماننا۔ غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا جیسے کہا جاتا ہے "نَذَرَ مَالَهُ" و "نَذَرَ عَلَى نَفْسِهِ لِلّٰهِ مِنَ الْمَالِ كَذَا۔" و نَذَرَ الْجَيْشُ فُلَانًا : فوج کا کسی کو دیدبان بنانا۔ الأَبُ الْوَلَدَ : خادم کلیسا بنانا۔

نَذِرَ (س) نَذَرًا بِهِ : جاننا اور چوکنا ہونا اور تیاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَذِرُوا بِالْعَدُوِّ" وہ دشمن سے واقف ہو کر چوکنا ہوگئے۔

أَنْذَرَهُ بِالأَمْرِ إِنْذَارًا و نَذِيرًا و نُذْرًا و نُذُرًا۔ جتلانا اور انجام سے ڈرانا۔ (چار آخر کے مصدر غیر قیاسی ہیں۔)

تَنَاذَرَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو ڈرانا۔ تَنَاذَرُوا الْعَدُوَّ : دشمن سے ایک دوسرے کو خوف دلانا۔

اِنْتَذَرَ عَلَى نَفْسِهِ كَذَا : واجب کرنا۔

النَّذْرُ۔ مص۔ تاوانِ زخم۔ کہا جاتا ہے "قُضِيَ بِالنَّذْرِ" اس نے تاوان زخم ادا کیا۔ ہر وہ چیز جو اللہ کے لیے مانی جائے۔ ج نُذُورٌ۔

النُّذْرَى والنُّذُرُ والنِّذَارَةُ۔ ڈرانا۔

النَّاذِرُ۔ فا۔ "فُلَانٌ نَاذِرٌ إِلَيَّ بِعَيْنِهِ و مُنْذِرٌ" فلاں میری طرف تیز نظر سے گھور رہا ہے۔

النَّذِيرُ۔ مص۔ اسم بمعنی انذار۔ ڈرانے والا قاصد۔ بڑھاپا۔ اس لیے کہ قرب موت سے ڈراتا ہے۔ ج نُذُرٌ۔

النَّذِيرَةُ۔ نذر میں جو دیا جائے۔ دیدبان۔ ڈرانا۔ ج نَذَائِرُ۔

المُنْذِرُ۔ فا۔ ڈرانے والا۔ أَبُو الْمُنْذِرِ : مرغ کی کنیت۔ ابْنُ الْمُنْذِرِ : حیرہ کے ایک بادشاہ کی کنیت جس کا نام نعمان تھا۔

المَنَاذِرَةُ۔ شاہان حیرہ۔

المُتَنَاذِرُ۔ فا۔ شیر۔

نَذَعَ (ف) نَذْعًا الْمَاءُ والْعَرَقُ : پانی ٹپکنا۔ پسینہ نکلنا۔

النِّذْعَةُ۔ پانی وغیرہ کا قطرہ۔

نَذُلَ (ک) نَذَالَةً و نُذُولَةً۔ خسیس و حقیر ہونا۔ دین یا حسب میں کمتر درجہ کا ہونا۔ صفت نَذْلٌ ج أَنْذَالٌ و نُذُولٌ و نَذِيلٌ۔ ج نُذَلَاءُ و نِذَالٌ۔

النَّرْجِسُ و النِّرْجِسُ۔ نرگس۔ واحد نَرْجِسَةٌ (دخیل)

النَّارَجِيلُ والنَّارْجِيلُ۔ ناریل۔ واحد نَارَجِيلَةٌ اور اسی سے ہے النَّارَجِيلَةُ بمعنی گڑگڑی حقہ۔ عوام أَرْكِيلَةٌ کہتے ہیں۔

النَّرْدُ۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا کھیل جس کو اردشیر بن بابک شاہ ایران نے ایجاد کیا تھا۔

النَّرْدِينُ و النَّارْدِينُ۔ ایک خوشبودار پودہ۔ سنبل رومی۔

النَّرَنْجُ والنَّارَنْجُ۔ لیموں۔

نَزَّ (ض) نَزًّا و نَزِيزًا و أَنَزَّ الْمَكَانُ : بہت چشموں والی جگہ ہونا۔ کثرت سے پانی رسنے والی جگہ ہونا۔ کثرت سے سوتا ہونا۔ نَزَّ الْوَتَرُ : تیر پھینکتے وقت تانت کا حرکت کرنا۔ نَزَّ فُلَانٌ عَنِّي : دور ہونا اور اکیلا ہونا (—— نَزِيزًا) الظَّبْيُ : ہرن کا دوڑنا۔ آواز نکالنا۔ أَنَزَّ الشَّيْءُ : سخت ہونا۔

نَزَّزَ فُلَانًا عَنْ كَذَا : پاک کرنا۔ دور کرنا۔

نَزَّزَتِ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا : پرورش کرنا۔

نَازَّهُ مُنَازَّةً۔ خطاب میں باہم مقابلہ کرنا۔

النِّزُّ و النَّزُّ۔ زمین سے رس کر بہنے والا پانی۔ سوتا۔ ج نُزُوزٌ۔ النَّزُّ والنِّزُّ : خوش طبع۔ تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے۔ اور کہا جاتا ہے مَكَانٌ نَزٌّ رس کر پانی بہنے کی جگہ و "رَجُلٌ نَزُّ شَرٍّ" برائی کے ساتھ لازم رہنے والا امرد۔

النَّزَّةُ۔ اسم مرۃ۔ زبردست خواہش۔

أَرْضٌ نَزَّةٌ رس کر پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَةٌ نَزَّةٌ سبک اونٹنی۔

النِّزَازُ۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نِزَازُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

النَّزَّازُ۔ اسم مبالغہ۔

النَّزِيزُ۔ مص۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع۔ خواہش مند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَزِيزُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

المِنَزُّ۔ بہت حرکت کرنے والا۔ گہوارہ۔ کہا جاتا ہے "الصَّبِيُّ فِي الْمِنَزِّ" بچہ گہوارے میں ہے۔

نَزَأَ (ف) نَزْءًا و نُزُوءًا بَيْنَ الْقَوْمِ : برانگیختہ کرنا اور فساد ڈالنا (—— نَزْءًا) عَلَى فُلَانٍ : حملہ کرنا —— فُلَانًا عَلَيْهِ : اکسانا۔ برانگیختہ کرنا —— ہ عَنْ كَذَا : روکنا۔ ہٹا دینا۔

نَزِیَ بِکَذَا : شیفتہ ہونا۔ صفت مفعولی مَنْزُوٌّ بِہٖ۔
رَجُلٌ نَزَّاءٌ۔ بہت شیفتہ و فریفتہ۔
النَزِیُّ۔ چھوٹی مشک۔
نَزَبَ (ض) نَزْبًا و نُزَابًا و نَزِیْبًا۔ الظَّبْیُ : ہرن کا آواز نکالنا۔
تَنَازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ : ایک دوسرے کو برُا لقب دینا۔
النَزْب۔ لقب۔ ج اَنْزَاب۔
النَیْزَب۔ نر ہرن۔ بیل۔
نَزَجَ (ن) نَزْجًا الْغُلَامُ : لڑکے کا ناچنا۔
نَزَحَ (ف) نَزْحًا و نُزُوْحًا۔ دور ہونا۔
نَزَحَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَازِح و نَزُوْحٌ و نُزُحٌ۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ لَا یَنْتَزِح" پانی جو ختم نہ ہو (—— و اَنْزَحَ) الْبِئْرَ : پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔
القَوْمُ : کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔
نُزِحَ بِفُلَانٍ : اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔
اِنْتَزَحَ عَنْ دِیَارِہٖ : اپنے وطن سے دور رہنا۔
تَنَازَحَ۔ دور رہنا۔
النَزَح۔ گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا تمام پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزَاح۔
النَازِح و النَزِیْح و النَزُوْح۔ دور۔
المُنْتَزَح۔ دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِمُنْتَزَحٍ مِنْ کَذَا" وہ اس سے دوری پر ہے۔
قَوْمٌ مَنَازِیْح۔ اپنے وطن سے دور لوگ۔
المِنْزَحَة۔ ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنَازِح۔
نَزَرَہٗ (ن) نَزْرًا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ جلدی کرنا۔ نَزَرَ الشَّیْءَ : کم سمجھنا —— فُلَانًا : حکم دینا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا —— الشَّرَابُ فُلَانًا : مست کر دینا۔
نَزُرَ (ک) نَزْرًا و نُزْرَةً و نَزَارًا و نَزَارَةً و نُزُوْرَةً۔ کم ہونا (—— نَزَارَةً) الرَّجُلُ : بے برکت ہونا —— النَّاقَةُ : کم دودھ والی ہونا۔

نَزَّرَ و اَنْزَرَ۔ العَطَاءَ : کم دینا۔
تَنَزَّرَ الشَّیْءُ : کم ہونا۔ تَنَزَّرَ مِنَ الشَّیْءِ : کم لینا۔
النَزْر و النَزِیْر۔ بہت کم۔ نَزِیْر کی جمع نُزَر۔ رَجُلٌ نَزْرٌ : بے برکت مرد۔ النَزْر : اونٹنی کے تھن کا ورم۔ اور کہا جاتا ہے "مَا جِئْتَ اِلَّا نَزْرًا" تم بہت تاخیر سے آئے۔
النَزْرَة و النَزُوْر۔ مِنَ النِّسَاءِ : کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَزُوْر : کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ ج نُزُر۔
المَنْزُوْر۔ بہت کم۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاہُ عَطَاءً مَنْزُوْرًا" اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا" وَعَطَاءٌ غَیْرُ مَنْزُوْرٍ" اور ایسا عطیہ جس میں اصرار کرنا نہ پڑے۔
نَزَعَ (ض) نَزْعًا الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِہٖ : اکھیڑنا —— الْاَمِیْرُ الْعَامِلَ : معزول کرنا —— بِالسَّهْمِ : تیر پھینکنا —— فِی الْقَوْسِ : کمان کھینچنا —— عَنِ الْقَوْسِ : کمان سے پھینکنا —— الدَّلْوَ و بِالدَّلْوِ : کھینچنا۔ ڈول نکالنا —— یَدَہٗ : گریبان سے نکالنا —— الشَّمْسُ : آفتاب کا مغرب کی طرف جانا —— الْمَرِیْضُ : بیمار کا قریب الموت ہونا۔
نَزَعَ (ض) نُزُوْعًا عَنْ کَذَا : رکنا۔ باز رہنا —— الوَلَدُ اَبَاہُ و اِلٰی اَبِیْهِ : مشابہ ہونا۔
نَزَعَ (ف) نَزْعًا مَعْنًی جَیِّدًا : عمدہ معنی نکالنا۔
نَزَعَ (ف) نِزَاعًا و نُزُوْعًا اِلٰی اَهْلِهٖ : مشتاق ہونا (—— نِزَاعًا) اِلَی الشَّیْءِ : جانا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ نَزْعَةٌ اِلٰی کَذَا" اس کو فلاں چیز کی طرف میلان ہے۔
بِفُلَانٍ اِلٰی کَذَا : بلانا : دعوت دینا۔
نَزِعَ (س) نَزَعًا۔ کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔ صفت اَنْزَع۔ مؤنث نَزْعَاءُ (مگر یہ مستعمل نہیں بلکہ اَنْزَع کی مؤنث زَعْرَاءُ ہے)
نَازَعَ نِزَاعًا الْمَرِیْضُ : بیمار کا قریب الموت ہونا۔ نَازَعَہٗ نِزَاعًا و مُنَازَعَةً جھگڑا کرنا۔ نَازَعَهٗ الثَّوْبَ : کپڑے سے کھینچنا۔ اور اسی سے ہے "اَرْضِیْ تَنَازِعُ اَرْضَکُمْ" یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔ نَازَعَ اِلٰی اَهْلِهٖ : مشتاق ہونا —— فُلَانًا : مصافحہ کرنا ——

الْکَاْسَ : پیالہ دینا۔
نَزَّعَ الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِہٖ : اکھیڑنا۔
اَنْزَعَ الرَّجُلُ : کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔
تَنَزَّعَ اِلَیْهِ : دوڑ کر جانا۔
تَنَازَعَ الْقَوْمُ : اختلاف کرنا۔ تَنَازَعُوْا الشَّیْءَ : باہم کھینچنا —— الْکَاْسَ : پیالہ دینا —— فِی الشَّیْءِ : جھگڑا کرنا۔
اِنْتَزَعَ الشَّیْءَ : اکھڑنا —— الشَّیْءَ : اکھیڑنا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ اِنْتَزَعَ بِالشِّعْرِ اَو الْاٰیَةِ : شعر یا آیت کو بطور شاہد و مثال کے پیش کرنا اور کوئی شخص عمدہ معنی پیش کرے تو کہا جاتا ہے "لَقَدِ انْتَزَعَ مَعْنًی جَیِّدًا۔"
اِسْتَنْزَعَهٗ عَنِ الشَّیْءِ : رُک جانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "رَآہُ مُکِبًّا عَلَی الشَّرِّ فَاسْتَنْزَعَهٗ" اس نے اس کو برُائی میں منہمک دیکھا تو اس سے باز رہنے کو کہا۔
النَزْع و النِزَاع و المُنَازَعَة و نَزْعُ الحَیٰوةِ : قرب موت کی حالت۔
النِزَاع النَزَاعَة و المُنَازَعَة۔ جھگڑا خصومت۔
النَزَعَة۔ نَازِع کی جمع۔ تیر پھینکنے والے اور عرب کے امثال میں سے ہے "عَادَ السَّهْمُ اِلَی النَزَعَةِ" یعنی حق ' حق دار کو مل گیا۔ النَزَعَة : کنپٹیوں پر بال جھڑ جانے کی جگہ۔ ج نَزَعَات۔
النُزْعَة : پہاڑی راستہ۔
النَازِع۔ فا۔ مسافر۔ ج نَزَعَةٌ و نُزَّاعٌ و نُزَّعٌ مؤنث نَازِعَةٌ۔ ج نَوَازِع و نَازِعَات۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ نَازِع" یعنی وہ بکری جو بکرے کی طالب ہو۔
النَزِیْع۔ مسافر۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ نَزِیْعٌ" دور کی جگہ۔ کم گہرا کنواں۔ وطن کا مشتاق۔ لونڈی بچہ۔ شریف۔ اور ایسا ہی "فَرَسٌ نَزِیْعٌ" اصیل گھوڑا۔ ج نُزَّاعٌ۔ نُزَّاعُ الْقَبَائِلِ : اجنبی لوگ جو دوسرے قبائل کے پڑوس میں رہیں۔
النَزِیْع : اکھیڑا ہوا۔ ثَمَرٌ نَزِیْعٌ : توڑا ہوا پھل۔ مؤنث نَزِیْعَةٌ۔ ج نَزَائِع۔
النَزِیْعَةُ مِنَ النِّسَاءِ : وہ عورت جس کی شادی دوسری قوم میں کی گئی ہو۔ وہ عورت جو اپنے

وطن کی مشتاق ہو —— مِنَ النَّجَائِب : وہ اصیل اونٹنیاں جو دوسرے ملک میں لے جائی گئی ہوں ج نَزَائِع۔ النَّزَائِع : چوبائی ہوا —— مِنَ الإبِلِ وَالخَيْلِ : مسافروں سے چھینے ہوئے اونٹ یا گھوڑے۔

النَّزُوْع۔ وطن کا مشتاق۔ بِئْر نَزُوْعٌ : کم گہرا کنواں۔ فَلَاةٌ نَزُوْعٌ : دور کا بیابان۔ ج نُزُع و نِزَاعٌ۔

النُّزَاعَة۔ ہاتھ سے اکھیڑ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الأَنْزَع۔ کنپٹیوں سے گنجا۔ مؤنث نَزْعَاء۔

المَنْزَع۔ کھینچنے کی جگہ۔ ج مَنَازِع۔

المِنْزَع۔ سخت کھینچنے والا۔ دور پھینکا ہوا تیر۔

المِنْزَعَة۔ جھگڑا۔ شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔

المَنْزَعَة والمَنْزِعَة۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بَعِيْدُ الْمَنْزَعَة فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ انجام کار و تدبیر کہ جس کی طرف آدمی رجوع کرے اور کہا جاتا ہے "شَرَابٌ طَيِّبُ الْمَنْزَعَةِ" لذیذ شراب۔

نَزَغَهُ (ف) نَزْغًا۔ انگلی چبھونا یا نیزہ مارنا۔ تھوڑی سی حرکت دینا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا —— بِكَلِمَةٍ : طعن و تشنیع کرنا۔

نَزَغَ (ف ض) نَزْغًا بَيْنَ الْقَوْمِ : فساد ڈالنا اور کہا جاتا ہے "نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُمْ" شیطان نے بعض پر بعض کو ورغلا دیا و "نَزَغَهُ الشَّيْطَانُ إِلَى الْمَعَاصِيْ" شیطان نے اس کو گناہوں پر اکسایا۔

النَّزْغ۔ مص —۔ اکسانے والا کلام۔ نَزْغُ الشَّيْطَانِ شیطانی وسوسے۔ وہ چیزیں جن سے انسان گناہوں میں آلودہ ہو جائے۔

النَّزْغَة۔ نَزَغَ کا اسم مرۃ۔ طعن و تشنیع۔ ج نَزَغَات۔

النَّزَّاغ و المِنْزَغ و المِنْزَغَة قوم کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَّازِغَة۔ نَازِغ کا مؤنث۔ ج نَوَازِغ

النَّوَازِغ : فساد ڈالنے والیاں۔

النَّزِيْغَة۔ برا کلمہ۔

نَزَفَ (ض) نَزْفًا۔ مَاءَ الْبِئْرِ : کنوئیں سے سارا پانی نکال ڈالنا —— الْبِئْرُ : کنوئیں کا پانی نکالا جانا —— دَمَ فُلَانٍ : پچھنا یا فصد سے خون نکالنا —— عَبْرَتَهُ : آنسو ختم کرنا —— الدَّمُ فُلَانًا : بہت خون نکل جانا۔

نُزِفَ مَاءُ الْبِئْرِ : کنوئیں سے سارا پانی نکالا جانا —— الرَّجُلُ : بے عقل ہونا یا بدمست ہونا —— فِي الْخُصُوْمَةِ : حجت و دلیل سے خاموش ہو جانا —— و نُزِفَ الرَّجُلُ دَمًا : نکسیر چل کے سارا خون نکل جانا۔

نَزِفَتْ (س) نَزَفًا عَبْرَتُهُ : آنسو خشک ہونا۔

أَنْزَفَ الْبِئْرَ : کنوئیں سے سارا پانی نکال لینا۔ العَبرات : آنسو ختم کر دینا۔ أَنْزَفَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں سے سارا پانی نکل جانا۔ أَنْزَفَ الرَّجُلُ : نادار ہونا۔ بدمست ہونا۔ بے عقل ہونا۔ جھگڑے میں حجت منقطع ہونا۔

إِسْتَنْزَفَ۔ الدَّمْعَ او الْمَاءَ : سب نکال لینا۔

النَّزْف۔ مص —۔ نَزْفُ الدَّم : خون کا بہنا۔

النُّزْف۔ کنوئیں کا پانی نکالنا۔ بہت خون نکل جانے سے کمزوری۔

النَّازِف۔ فا۔ عِرْقٌ نَازِفٌ : رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزَّف۔

النُّزْفَة۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزَف۔

النَّزُوْف۔ کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔

نَزَافِ۔ اسم فعل بمعنے امر۔ کہا جاتا ہے "نَزَافِ مَاءَ الْبِئْرِ" یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔

النَّزِيْف والنَّزُوْف۔ کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان والا۔ النَّزِيْف : بدمست۔ بخار زدہ۔ بِئْرٌ نَزِيْفٌ : کم پانی والا کنواں۔ المَنْزُوْف : بے عقل۔

المِنْزَفَة۔ جس سے پانی نکالا جائے۔ ڈھینکلی۔

نَزِقَ (س) نَزَقًا و نُزُوْقًا الرَّجُلُ : غصہ کی وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا۔ صفت نَزِقٌ۔ مؤنث نَزِقَةٌ (—— نَزَقًا) الإِنَاءُ : برتن کا لبالب ہونا۔

نَزِقَ (س) و نَزَقَ (ض ن) نَزْقًا و نُزُوْقًا الفَرَسُ : گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔

نَزَقَ (ض) نَزْقًا الإِنَاءَ : برتن کو لبالب کرنا۔

نَزَّقَ و أَنْزَقَ الفَرَسَ : گھوڑے کو کودانا۔ أَنْزَقَ الرَّجُلُ فِي الضِّحْكِ : بہت زیادہ ہنسنا۔ —— فُلَانٌ : عقل کے بعد خفیف العقل ہونا —— النَّعِيْمُ فُلَانًا : کسی پر برانگیختہ کرنا۔

نَازَقَهُ نِزَاقًا و مُنَازَقَةً۔ قریب ہونا۔ گالی دینا۔

تَنَازَقَا۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔

النَّزَق۔ مص۔ سبکی۔ جہالت و حماقت کی وجہ سے جلد بازی۔ مَكَانٌ نَزَقٌ : قریب جگہ۔

النَّزْقَة۔ اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اچھل کود۔

النَّيْزَق۔ نَيْزَك میں لغت ہے بمعنی چھوٹا نیزہ ج نَيَازِق۔

النِّزَاق والنَّزِقَة۔ مِنَ النُّوْقِ : سرکش اونٹنی۔

النِّزَاق : تیز رفتار اونٹنی۔

المُنَازِق۔ بہت باتیں کرنے والا۔

نَزَكَهُ (ن) نَزْكًا۔ نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ برا کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔

النَّزَّاك والنُّزَك۔ بہت عیب لگانے والا۔

النَّزِيْكَات۔ شریر لوگ۔

النَّيْزَك۔ چھوٹا نیزہ۔ ج نَيَازِك۔ النَّيَازِك ٹوٹے ہوئے ستارے۔

نَزَلَ (ض) نُزُوْلًا مِنْ عُلُوٍ إِلَى أَسْفَل : اترنا —— بِهِ : اتارنا —— بِهِ الْأَمْرُ : واقع ہونا —— فُلَانٌ عَنِ الْحَقِّ : چھوڑ دینا (—— نِزَالَةً) مسافرت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ أَنْزِلُ" میں ہمیشہ سفر کرتا رہا (—— نُزُوْلًا و مَنْزَلًا و مَنْزِلًا) الْقَوْمَ و بِالْقَوْمِ و عَلَى الْقَوْمِ : قوم کے پاس اترنا۔

نَزِلَ (س) نَزْلَةً الرَّجُلُ : زکام میں مبتلا ہونا (—— نَزْلًا) الزَّرْعُ : کھیتی کا بڑھنا —— الْمَكَانُ : سختی کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ ہونا۔

نَزَّلَهُ۔ اتارنا۔ نَزَّلَ الشَّيءَ : مرتب کرنا —— الشَّيءَ مَكَانَ الشَّيءِ : قائم مقام کرنا —— اللّٰهُ كَلَامَهُ عَلَى أَنْبِيَائِهِ : تدریجاً وحی نازل کرنا —— الْقَوْمَ : منازل میں اتارنا —— الْحَاسِبُ الرَّقَمَ : رقم لکھنا۔

أَنْزَلَ إِنْزَالًا و مُنْزَلًا الشَّيءَ : اتارنا۔ أَنْزَلَ الضَّيْفَ : مہمان اتارنا —— اللّٰهُ الْكَلَامَ : یکبارگی وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "أَنْزَلَ

خَاجَةً عَلٰی کَرِیْمٍ" اس نے اپنی حاجت کریم کے سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست کی۔

نَازَلَهٗ نِزَالًا و مُنَازَلَةً فِی الْحَرْبِ: مقابلہ میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے "حَارَبُوْا بِالنِّزَالِ" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔

تَنَازَلَ الْقَوْمُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اتر کر جنگ کرنا — الْقَوْمُ فِی السَّفَرِ: کبھی اس کے پاس کبھی اس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے استعمال میں تَنَازَلَ الرَّجُلُ کے معنی درجے سے اترنے کے ہیں۔

تَنَزَّلَ۔ آہستہ آہستہ اترنا — عَنِ الْحَقِّ: حق چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلَانًا: اُتارنا۔

اِسْتَنْزَلَهٗ۔ اُتارنا۔ اِسْتَنْزَلَهٗ عَنْ رَاْیِهٖ او حَقِّهٖ: رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے لیے کہنا۔ اُسْتُنْزِلَ فُلَانٌ: مرتبہ سے اتارا جانا۔

النُّزْل و النُّزُل۔ کھانا جو مہمان کے سامنے پیش کیا جائے۔ ج اَنْزَال۔ النُّزُل: بابرکت کھانا۔ المَنْزِلُ: اترنے والے لوگ۔

النَّزْل و النُّزُل و النَّزَال۔ کھیتی کی بالیدگی اور ستھرائی۔ داد و دہش و فضل۔ النَّزَل: بارش رَجُلٌ ذُوْ نُزْلٍ: بہت داد و دہش والا۔ بابرکت ج اَنْزَال۔ اَنْزَالُ الْقَوْمِ: قوم کی روزیاں۔

النِّزْل۔ جمع شدہ۔ ج نُزُوْل۔

النَّزِل۔ جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے مَکَانٌ نَزِلٌ

النَّزْلَة۔ نَزَلَ کا اسم مرۃ۔ اور کہا جاتا ہے "لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی" اس نے اس کو یقیناً دوسری مرتبہ دیکھا۔ زکام نزلہ۔ اَرْضٌ نَزِلَةٌ: عمدہ کھیتی والی زمین۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهُمْ عَلٰی نَزَلَاتِهِمْ و نَزِلَاتِهِمْ" میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔

النِّزَالَة۔ سخت زمین ہونے کی وجہ سے تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔

النَّزَالَة۔ سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے "کُنَّا فِیْ نِزَالَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ و "فُلَانٌ مِنْ نِزَالَةِ سُوْءٍ" فلاں لئیم باپ سے ہے۔

النَّازِلَة۔ النَّازِل کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج نَازِلَات و نَوَازِل۔

النَّزَّال۔ بہت اُترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے والا۔

النَّزِیْل۔ مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَزِیْلٌ" کامل کپڑا و "فُلَانٌ نَزِیْلِیْ" فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے۔ ج نُزَلَاء۔

التَّنْزِیْل۔ مص۔ ترتیب۔ اوپر سے نیچے اترنا۔

المَنْزِل۔ اترنے کی جگہ۔ مکان۔ چشمہ۔ ج مَنَازِل۔

المَنْزِلَة۔ اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے و "هُوَ رَفِیْعُ الْمَنْزِلَةِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے۔

نَزْنَزَ الرَّجُلُ: سر ہلانا — الْاُمُّ صَبِیَّهَا: ماں کا بچے کو اُچھالنا۔ نچانا۔

نَزَهَ (نَ) نَزْهًا الْاِبِلَ: اونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔

نَزِهَ (س) و نَزُهَ (ک) نَزَاهَةً و نَزَاهِیَةً برائی سے دور ہونا۔ پاک دامن ہونا — الْمَکَانُ: صحت افزا ہونا۔

نَزَّهَهٗ۔ بری بات سے دور کرنا۔ "نَزَّهَ نَفْسَهٗ عَنِ الْقَبِیْحِ": اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا۔ نَزَّهَ اللّٰهَ عَنِ السُّوْءِ: اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا۔

تَنَزَّهَ عَنْ کَذَا: دور رہنا۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "یَتَنَزَّهُ عَنِ الْمَطَامِعِ و عَنْ مَلَائِمِ الْاَخْلَاقِ" وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے۔ فُلَانٌ: سیر کو نکلنا۔

اِسْتَنْزَهَ عَنْ کَذَا: دور ہونا — فُلَانٌ: سیر و تفریح کو جانا۔

النَّزِه و النَّزْه و النَّزِیْه۔ پاک دامن۔ برائیوں سے دور۔ ج نُزَهَاء و اَنْزَاه و نِزَاه۔ مکان نَزِهٌ و نَزْهٌ و نَزِیْهٌ: لوگوں سے دور جگہ۔ صحت افزا مقام۔

النُّزْهَة۔ اسم ہے تَنَزَّهَ سے بمعنی سیر و تفریح ج نُزَه۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ بِنُزْهَةٍ مِنَ الْمَاءِ و عَنِ الْمَاءِ" وہ پانی سے دور ہے۔

النَّزْهُ و النَّزَاهَة۔ برائی سے دور۔

النَّازِه۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَازِهُ النَّفْسِ" وہ پاک دامن ہے۔

المُتَنَزَّه۔ سیر و تفریح کی جگہ۔

نَزَا یَنْزُو نَزْوًا و نُزُوًّا و نَزَوَانًا۔ کودنا۔ عَلَیْهِ: کسی پر گرنا اور روندنا — الذَّکَرُ عَلَی الْاُنْثٰی: جفتی کرنا۔ اور اسم النِّزَاء و النُّزَاء اور اس کا استعمال چوپایوں کے لئے ہے۔ نَزَا بِهٖ قَلْبُهٗ اِلٰی کَذَا: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ نَزَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا اچھلنا کودنا۔ نَزَا الطَّعَامُ: غلہ کا گراں ہونا — نَزَوَانًا) بچ کر نکل بھاگنا۔

نُزِیَ نَزْوًا الرَّجُلُ: سارا خون نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ جُرْحٌ فَنُزِیَ مِنْهُ فَمَاتَ" اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مر گیا۔

نَزَّاهُ تَنْزِیَةً و تَنْزِیًّا و اَنْزَاهُ اِنْزَاءً۔ کودانا جفتی کرانا۔

تَنَزَّیٰ تَنَزِّیًا اِلَی الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔

اِنْتَزَیٰ اِنْتِزَاءً۔ برائی کی طرف جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَزَیٰ عَلٰی اَرْضٍ کَذَا فَاَخَذَهَا" اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا۔

النَّزْوَة۔ کودائی۔ ہر چھوٹی چیز۔

النَّازِیَة۔ النَّازِی کا مؤنث۔ تیزی و تیز روی۔ کم گہرا پیالہ۔ اَکَمَةٌ نَازِیَةٌ۔ اردگرد سے بلند ٹیلہ۔

النَّزِیُّ و النَّزَّاء و المُنْتَزِی۔ بہت اچھل کود والا۔

النَّزِیَّة۔ النَّزِیُّ کا مؤنث۔ بادل۔ کم گہرا پیالہ

النَّزِیَّة: اچانک شوق۔ اچانک مصیبت۔ کلماڑی کی دھار۔

النَّزَوَان۔ تیزی و جوش۔

نَسَّ (ض ن) نَسًّا و نَسِیْسًا النَّاقَةَ: ہانکنا اور ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ یَنُسُّ اَصْحَابَهُمْ" یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا — نَسًّا و نَسَاسًا الْقَوْمُ: پانی پر پہنچنا۔

نَسِیْسًا و نُسُوْسًا الْخُبْزُ و اللَّحْمُ۔ روٹی یا گوشت کا خشک ہونا — فُلَانٌ: جلدی سے ہر کام پر گزرنے والا ہونا۔

نَسَّ (ض) نُسُوْسًا الْحَطَبُ: لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا — لِفُلَانٍ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔

نَسَّسَ الْمَاشِيَةَ: جانور کو چلانا — الصَّبِيَّ: بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرانے کے لیے اِس اِس کہنا۔

اَنَسَّ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔

تَنَسَّسَ مِنْهُ الْاَخْبَارَ: سُن گُن لینا۔ خبردار ہونے کی کوشش کرنا۔

النَّاسُّ۔ فا۔ خُبْزٌ نَاسٌّ: خشک روٹی۔

النَّسِيْسُ۔ مص۔ ہانکا ہوا۔ سخت بھوک۔ پوری کوشش۔ لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے۔ ج نُسُس (— و النَّسِيْسَةُ) طبیعت۔ النَّسِيْسُ: جسم میں بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنْهُ نَسِيْسَهٗ و نَسِيْسَتَهٗ" یعنی مرنے لگا النَّسِيْسَةُ: چغل خوری۔ تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو۔ ج نَسَائِس۔

النُّسُس۔ ردی جڑیں۔

النَّسْنَاس۔ مص۔ تیز چال۔

المِنَسَّة و المِنْسَاس۔ لاٹھی۔

نَسَاَ (ف) نَسْأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا — اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا — هٗ: لسی پلانا۔ نَسَاَتِ الْمَاشِيَةُ: موٹائی ظاہر ہونا (— نَسْأً و مَنْسَاَةً) الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَسَاَ اللّٰهُ اَجَلَه وفِي اَجَلِهٖ" مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا — فُلَانًا: نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا — هٗ الْبَيْعَ و فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا (— نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهٗ ادائیگی قرض کے لیے مہلت دینا۔

اَنْسَاَ اِنْسَاءً الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْسَاَ اللّٰهُ اَجَلَهٗ و فِيْ اَجَلِهٖ" عمر دراز کرنا — هٗ الْبَيْعَ و فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا — عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ دور ہونا۔

نَسَّاَ تَنْسِئَةً: ڈانٹ کر ہانکنا۔

اِنْتَسَاَ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ اِنْتَسَاَتِ الْاِبِلُ فِي الْمَرْعٰى: اونٹوں کا چراگاہ میں دور رہنا۔

اِسْتَنْسَاَ غَرِيْمَهٗ: قرض خواہ سے ادائیگی قرض کی مہلت مانگنا۔

النَّاسِي۔ فا۔ موٹا (حیوان یا انسان) ج نَسَاَة۔

النَّسَاء۔ درازی عمر۔

النَّسْءُ۔ مص۔ لسی۔ بہت پانی والا دودھ۔ عقل زائل کرنے والی شراب۔ موٹاپا یا موٹاپے کی ابتدا۔

النِّسْءُ۔ گھل مل کر رہنے والا آدمی۔

النُّسْاَة و النَّسِيْئَة۔ تاخیر۔ کہا جاتا ہے بَاعَهٗ بِنَسِيْئَةٍ اس نے ادھار بیچا۔

النَّسِيْءُ۔ تاخیر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

المِنْسَاَة و المَنْسَاَة و المِنْسَاة و المَنْسَاة چرواہے کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِيْ عَنْكَ لَمُنْتَسَاً" میرے لیے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔

نَسَبَ (ن ض) نَسَبًا و نِسْبَةً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا۔ دریافت کرنا۔ نَسَبَهٗ اِلٰى فُلَانٍ: نسبت کرنا (— نَسَبًا و نَسِيْبًا و نِسْبَةً) الشَّاعِرُ بِالْمَرْاَةِ: تشبیب کہنا۔ غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔

نَاسَبَهٗ مُنَاسَبَةً۔ مشابہ ہونا۔ مناسب ہونا۔ نسب میں شریک ہونا۔

تَنَسَّبَ الرَّجُلُ اِلَيْكَ: ہم نسب ہونے کا دعوی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْقَرِيْبُ مَنْ تَقَرَّبَ لَا مَنْ تَنَسَّبَ" قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعوی ہم نسبی کرے۔

تَنَاسَبَا۔ باہم مشابہ ہونا۔ تَنَاسَبَ الْقَوْمُ اِلٰى اَحْسَابِهِمْ: منسوب ہونا۔

اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا۔ نسب ذکر کرنا — اِلٰى اَبِيْهِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَنْسَبَ۔ نسب بیان کرنا — الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔

النَّسَب۔ مص۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ ج اَنْسَاب۔

النِّسْبَة و النُّسْبَة۔ قرابت۔ دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق۔ اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ۔ اور کہا جاتا ہے "بِالنِّسْبَةِ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں چیز کے لحاظ سے۔

النَّسِيْب۔ مص۔ مناسب۔ رشتہ دار۔ صاحب نسب۔ لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لیے "نَسِيْبٌ نَاسِبٌ" کہا جاتا ہے جیسا "شِعْرٌ شَاعِرٌ" (اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے) ج اَنْسِبَاء و نُسَبَاء (جیسے شریف و شرفاء)

النَّسَابَة۔ رشتہ داری۔

النَّسَّاب۔ ج نَسَّابُوْنَ و النَّسَّابَة ج نَسَّابَات۔ نسب کا علم رکھنے والا۔

الْاَنْسَب۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الشِّعْرُ اَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ" یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔

المُنَاسِب۔ فا۔ رشتہ دار۔ مشابہ۔

المَنْسُوْب۔ مفع۔ شعر منسوب: عشقیہ شعر خَطٌّ مَنْسُوْبٌ: مطابق قاعدہ۔ ج مَنَاسِيْب۔

نَيْسَبَ بَيْنَهُمَا: چغل خوری کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔

النَّيْسَب۔ چیونٹیوں کی قطار۔ چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (— و النَّيْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔

النَّاسُوْت۔ طبیعت انسانی۔ ناس میں واو تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔

نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بننا — الْكَلَامَ: خلاصہ کرنا۔ آراستہ کرنا — الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا۔

الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا۔ نَسَجَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ او الْمَاءَ: لہریں پیدا کرنا۔ نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔

اِنْتَسَجَ۔ بنا جانا۔

النَّسْج۔ مص۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَسْجُ الْيَمَنِ" کپڑا یمن کا بنا ہوا۔

النِّسَاجَة۔ بننے کا پیشہ۔

النَّسَّاج۔ بننے والا۔ کلام کو آراستہ کرنے والا۔ جھوٹا۔

النَّسِيْج۔ بنا ہوا۔ ج نُسُجٌ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَسِيْجٌ وَحْدَهٗ" وہ صفات محمودہ میں بے نظیر و لاثانی ہے۔ النُّسُج: جائے نمازیں۔

النَّسِيْخَة۔ نسیخ کا مؤنث۔ ج نَسَائِخ۔
المَنْسَج و المِنْسَج۔ بُننے کا کرگہ۔ المَنْسِج
و المَنْسَج مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی گردن کی جڑ
سے مونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔
المِنْسَج و المِنْسَاج۔ ج۔ کرگہ۔
نَسِخَ (س) نَسْخًا۔ لالچ کرنا۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا التُّرَابَ : مٹی کا بکھیرنا۔
النَّسْح و النُّسَاح۔ کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
المِنْسَاح۔ غبار اڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا الشَّيْءَ : زائل کرنا۔ باطل
کرنا۔ مٹانا — الْكِتَابَ : نقل کرنا۔
نَاسَخَهُ مُنَاسَخَةً۔ ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا۔ ایک دوسرے کو محو کرنا۔ تَنَاسَخُوا
الشَّيْءَ ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ایک دوسرے کے پیچھے
آنا۔ تَنَاسَخَتِ الْأَزْمِنَةُ" پے در پے آنا۔
تَنَاسَخَ الْوَرَثَةُ : تقسیم میراث سے پہلے بعض
وارثوں کا مرجانا۔
اِنْتَسَخَ الشَّيْءَ : زائل کرنا — الْكِتَابَ :
نقل کرنا — الشَّيْءُ الشَّيْءَ : کسی چیز کا کسی چیز
کے قائم مقام ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّيْءَ : بمعنی نسخ۔ لکھنے کو کہنا۔
بَلْدَةٌ نَسِيْخَة و نُسْخِيَّة۔ دور کا شہر۔
النُّسْخَة۔ کتاب نقل کی ہوئی۔ کتاب جس
سے نقل کی جائے۔ ج نُسَخ۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ
الْقَاضِي نُسْخَتَيْنِ بِحُكْمِهِ" قاضی نے اپنے
فیصلے کی دو کاپیاں کیں۔
النَّاسِخ۔ فا۔ کتابوں کا نقل کرنے والا۔
التَّنَاسُخ۔ مص۔ آواگون۔ روح کا ایک بدن
سے دوسرے بدن میں منتقل اور اس کو تقمُّص
ہونا بھی کہا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس کا اعتقاد
رکھتے ہیں وہ "تناسخیہ" کہلاتے ہیں۔ تَنَاسَخُ
الْأَزْمِنَةِ و الْقُرُوْنِ : زمانہ کا یکے بعد دیگرے آنا۔
نَسَرَهُ (ن) نَسْرًا۔ عَنْهُ : اُتارنا۔ اُدھیڑنا۔
الْجُرْحُ اللَّحْمَ : شگاف کر دینا — الرَّجُلَ :
تہمت لگانا۔ بدگوئی کرنا۔
نَسَرَهُ (ض ن) نَسْرًا۔ الْبَازِي : باز کا چونچ
سے نوچنا۔
نَسَّرَ الْحَبْلَ : رسّی کا بل کھول دینا۔ توڑ دینا۔

تَنَسَّرَ۔ گدھوں کا شکار کرنا — الْحَبْلُ : رسّی کا
ٹوٹنا — الْجُرْحُ : زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ
بہ جانا — الثَّوْبُ و نَحْوُهُ : کپڑے کا گھس گھس
کے پھٹنا۔ تَنَسَّرَتِ النِّعْمَةُ عَنْ فُلَانٍ : متفرق
ہونا۔
اِنْتَسَرَ طَرَفُ الْحَبْلِ : رسّی کے کنارے کا
ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِسْتَنْسَرَ الطَّائِرُ : قوت میں گدھ جیسا ہونا اور
اسی سے مثل ہے "اِنَّ الْبُغَاثَ بِأَرْضِنَا
يَسْتَنْسِرُ بغاث" (ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام)
ہماری زمین میں گدھ ہو جاتا ہے یعنی کمزور قوی ہو
جاتا ہے۔
النِّسْرُ۔ بتثلیث النون والفتح اشهر
وافصح گدھ۔ اس کی کنیت اَبُو الْأَبْرَدِ و اَبُو
الْإِصْبَعِ و اَبُوْ مَالِكٍ و اَبُو الْمِنْهَالِ و اَبُوْ يَحْيٰى
ہے۔ اور مادہ گدھ کی کنیت "اُمُّ قَشْعَم" ج نُسُوْرٌ
و اَنْسُرٌ و نِسَارٌ۔
النَّسْرُ۔ گھوڑے کے سم کے اندرونی حصہ میں
غدود ج نُسُوْر۔ النَّسْرَانِ : دو ستارے جن میں
سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے
ہیں۔
النَّاسُوْر۔ ناسور۔ زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا
رہے۔ ج نَوَاسِيْر۔
النَّسَارِيَّة۔ عقاب۔
الْمِنْسَر و الْمَنْسِر۔ شکاری پرندہ کی چونچ
الْمِنْسَر و الْمَنْسِر : لشکر کا ایک حصہ جو بڑے
لشکر کے آگے آگے چلے۔ تیس سے چالیس تک یا
چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو تک
گھوڑوں کا گلہ۔ ج مَنَاسِر۔
النِّسْرِيْن۔ گل سیوتی۔ واحد نِسْرِيْنَة۔
نَسَطَ (ن) نَسْطًا الثَّوْبَ : کپڑے کو تر کرکے
نچوڑنا۔
النُّسُط۔ وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار ہونے
کے وقت بچے کو باہر نکال لیں۔
نَسَعَت (ف) نَسْعًا و نُسُوْعًا و نَسَّعَتِ
الْأَسْنَانُ : ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔ نَسَعَ فُلَانٌ
فِي الْأَرْضِ : جانا — نُسُوْعًا الشَّيْءُ : لمبا ہونا۔
اَنْسَعَ الرَّجُلُ : پڑوسیوں کیلئے ایذا رساں ہونا۔

بادِ شمالی میں داخل ہونا۔
اِنْتَسَعَتِ الْإِبِلُ : اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق
ہونا۔
النَّاسِع۔ فا۔ لمبی گردن۔
النِّسْع۔ ہاتھ کا جوڑ۔ کجاوہ کسنے کی چوڑی رسّی یا
تسمہ۔ اس کے ایک ٹکڑے کو النِّسْعَة کہتے ہیں۔
ج نُسْعٌ و نِسَع و نُسُوْع و اَنْسَاع۔ و اَنْسَاعُ
الطَّرِيْقِ : راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں کی
ٹانگوں سے پڑ جائیں۔
النِّسْع و الرِّيْحُ النِّسْعِيَّة و الْمِنْسَع باد شمالی۔
النُّسُوْع۔ مص۔ لمبائی۔
الْمِنْسَعَة۔ زمین جس کی پیداوار لمبی لمبی ہو۔
نَسَغَ (ف) نَسْغًا اللَّبَنَ بِالْمَاءِ : دودھ میں
پانی ملانا۔ نَسَغَهُ بِالسَّوْطِ : چابک مارنا۔
هُ بِكَذَا : تہمت لگانا — هُ بِكَلِمَةٍ : طعن و تشنیع
کرنا۔
— الْخُبْزَةَ : روٹی پر لوہے سے یا کسی اور چیز
سے گودنا۔ نَسَغَتِ الْوَاشِمَةُ بِالْإِبْرَةِ : گودنے
والی عورت کا سوئی چبھونا — فِي الْأَرْضِ : جانا۔
نَسَغَتْ و نَسِغَتِ الْأَسْنَانُ : دانتوں کا ہلنا۔
دانتوں کی جڑوں کا ڈھیلا ہو جانا۔ نَسَغَتِ
الشَّجَرَةُ : درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔ و
نَسَغَهُ : نیزہ مارنا۔
اَنْسَغَتِ الشَّجَرَةُ : درخت کا کاٹنے کے بعد
پھر اُگنا — الْفَسِيْلَةُ : درخت کے پودے کا نرم
حصہ کو نکالنا — هُ : نیزہ مارنا — هُ بِالسَّوْطِ :
چابک مارنا۔
اِنْتَسَغَتِ الْإِبِلُ : اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق
ہونا — الرَّجُلُ : سوچ بچار کرنا۔
النَّاسِغ۔ فا۔ رَجُلٌ نَاسِغٌ : نیزہ بازی میں ماہر
ج نُسَّغ۔
النَّسْغ۔ درخت کٹنے کے بعد جو نمی نکلے۔
النَّسِيْغ۔ پسینہ۔
الْمِنْسَغَة۔ سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے
والی عورت گودتی ہے یا پرندہ کے پروں کا یا لوہے
کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی پر نشان
کرتا ہے۔
نَسَفَ (ض) نَسْفًا الْبِنَاءَ : عمارت کو بنیاد سے

ڈھانا — الْجِبَالَ: پہاڑوں کو گرا دینا — الشَّئَ: چھانٹا — الْحَبَّ بِالْمِنْسَف: غلّہ کو چھاج سے پھٹکنا (— وانْتَسَفَتِ) الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

نَسَفَهُ (ن) نَسْفًا و نُسُوْفًا۔ دانت سے کاٹنا۔

نَسَفَ الْإِنَاءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔

اِنْتَسَفَ الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا — الشَّئَ: اکھیڑنا۔ اِنْتَسَفُو الْكَلَامَ بَيْنَهُمْ: کم کرنا اور پوشیدہ کرنا — الْكَلَامَ: خوف کی وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا — الرِّيْحُ الشَّئَ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

اُنْتُسِفَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا —

تَنَسَّفَ فِي الصِّرَاع: کشتی میں پچھاڑ دینا۔

تَنَاسَفَا الْكَلَامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔

النُّسْفَه بتثلیث النون والنَّسَفَة: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔ ج نِسَف و نُسَف و نُسُف و نِسَاف۔

النَّسِيْفَة۔ پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔

النُّسَافَة۔ غلّہ کا پچھوڑن۔ دودھ کے جھاگ۔ زمین سے جو غبار اٹھے۔

النَّسِيْف۔ بعید۔ گدھے کے دانت کاٹنے کا نشان۔ كَلَامٌ نَسِيْفٌ: پوشیدہ گفتگو۔ شَئٌ نَسِيْفٌ: چھانی ہوئی چیز۔

النَّسُوْف۔ اُونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے۔ ج مَنَاسِيْف: عَقَبَةٌ نَسُوْفٌ: لمبی دشوار گزار گھاٹی۔

النَّسَّاف والنُّسَّاف۔ ایک پرندہ ہے جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سینگ کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ج نَسَاسِيْف۔

النَّسْفَان مِنَ الْآنِيَةِ: لبالب چھلکتا ہوا برتن۔

الْمِنْسَف والْمَنْسِف۔ گدھے کی تھوتھنی۔ ج مَنَاسِف۔ الْمِنْسَف: چھاج۔ سوپ۔

الْمِنْسَفَة۔ چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا ایک آلہ۔

نَسَقَ (ن) نَسْقًا الدُّرَّ و نَحْوَهُ: موتی پرونا —الْكَلَامَ: کلام کو ترتیب دینا۔

نَسَّقَ الشَّئَ: ترتیب وار رکھنا۔

نَاسَقَ بَيْنَهُمَا: دونوں کو ترتیب سے کرنا۔

اَنْسَقَ الرَّجُلُ: سجع کہنا۔

اِنْتَسَقَت و تَنَاسَقَت و تَنَسَّقَت الْاَشْيَاءُ: منظم ہونا۔ بالترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے تَنَاسَقَ كَلَامُهُ اس کا کلام بالترتیب ہے۔ صفت مُتَنَاسِق۔

النَّسَق۔ بالترتیب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ و جَاءَتِ الْخَيْلُ نَسَقًا" لوگ بالترتیب آئے۔ گھوڑے ترتیب کے ساتھ آئے۔ "وغَرَسْتُ النَّخْلَ نَسَقًا" میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں لگایا۔ "وهٰذَا دُرٌّ نَسَقٌ و كَلَامٌ نَسَقٌ و ثَغْر نَسَقٌ" حروف النَّسْق والنَّسَق: حروف عطف۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَسْقٌ عَلٰى هٰذَا" یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔

النَّسِيْق۔ بالترتیب۔ منظم۔

نَسَكَ (ن) نَسْكًا و نِسْكًا و نُسْكًا و نُسُوْكًا و نَسْكَةً و مَنْسَكًا الرَّجُلُ: زاہد و عابد ہونا — لِلّٰهِ: نفلی عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا — (— نَسْكًا) الثَّوْبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔ — الْبَيْتَ: گھر میں آنا — اِلٰى طَرِيْقَةٍ جَمِيْلَةٍ: مداومت کرنا۔

نَسُكَ (ک) نَسَاكَةً۔ زاہد و عابد ہونا۔

تَنَسَّكَ۔ زاہد و عابد بننا۔

النُّسْک بتثلیث النون والنُّسُک عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النَّسْک۔ مانوس جگہ۔

النُّسْک والنُّسُک۔ نذر جو اللہ کیلئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ والنُّسُک: چاندی سونے کا ٹکڑا۔ جرمانے کا ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے "مَنْ فَعَلَ كَذَا و كَذَا فَعَلَيْهِ نُسُک" جس شخص نے ایسا اور ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔

النَّسِيْک۔ سونا۔ چاندی۔

النَّسِيْكَة۔ ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج نَسَائِک۔

النَّاسِک۔ فا۔ عابد، زاہد۔ ج نُسَّاک۔ عُشْبٌ نَاسِكٌ: بہت سبز گھاس۔ اَرْضٌ نَاسِكَةٌ: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔

الْمَنْسَک۔ مانوس جگہ (— والْمَنْسِک) قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مَنَاسِک و مَنَاسِكُ الْحَجِّ: افعال و ارکان حج۔

الْمَنْسُوْک۔ مفر۔ ثَوْبٌ مَنْسُوْكٌ: پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فَرَسٌ مَنْسُوْكَةٌ: چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ اَرْضٌ مَنْسُوْكَةٌ: کھاد ڈالی ہوئی زمین۔

نَسَلَ (ن) نَسْلًا الصُّوْفَ او الرِّيْشَ: جھاڑنا اور گرانا — الْوَلَدَ و بِالْوَلَدِ: جننا — الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔

نَسَلَ (ن) نُسُوْلًا الرِّيْشُ او الصُّوْفُ: پَر یا اُون کا جھڑنا اور گرنا۔

نَسَلَ (ض ن) نَسْلًا و نَسَلًا و نَسَلَانًا فِي مَشْيِهٖ: تیز چلنا۔

اَنْسَلَ الصُّوْفَ او الرِّيْشَ: اُون یا پر گرانا۔ الصُّوْفُ: اون گرنا — الْوَالِدُ الْوَلَدَ: پیدا کرنا — فِيْ عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا — الْقَوْمَ: آگے بڑھ جانا — الدَّابَّةُ: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔

تَنَاسَلَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا — بَنُوْ فُلَانٍ: بہت اولاد والے ہونا۔

النَّسْل۔ مص۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج اَنْسَال۔

النَّسَل۔ مص۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ سبز انجیر کا دودھ۔

النُّسَال۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نُسَالَةٌ۔

النَّسِيْل۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسِيْلَة۔ نَسِيْل کا واحد۔ اولاد۔ عق۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسُوْلَة مِنَ الْمَوَاشِي: مویشی جو نسل بڑھانے کے لیے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔

النَّاسِل۔ فا۔ تیز رفتار۔ ج نُسَّل۔

النَّسُوْل والنَّسَّال۔ تیز دوڑنے والا۔

نَسَمَ (ض) نَسْمًا الْبَعِيْرُ الْاَرْضَ بِخُفِّهٖ: اُونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔

نَسَمَتْ (ض) نَسْمًا و نَسِيْمًا و نَسَمَانًا الرِّيْحُ: ہوا کا آہستہ چلنا (— نَسْمًا و نَسِمَ (س) نَسَمًا) الشَّئُ متغیر ہونا۔ نَسِمَ الْبَعِيْرُ: سوراخ دار کھر والا ہونا۔

نَسُمَ (ک) نَسَامَةً الْمَكَانُ: پانی کا رسنا۔

نَسَمَ فِي الْاَمْرِ : شروع کرنا — النَّسَمَةَ : زندہ کرنا' آزاد کرنا — الْاَسِيْرَ :قیدی کو رہا کرنا۔
نَاسَمَهٗ مُنَاسَمَةً و نِسَامًا۔ چپکے چپکے بات کہنا۔
تَنَسَّمَ الرَّجُلُ : سانس لینا۔ تَنَسَّمَتِ الرِّيْحُ :ہوا کا آہستہ چلنا — الْجَمْرُ : چنگاری کا بھڑکنا۔ تَنَسَّمَ الْمَكَانُ بِالطِّيْبِ : خوشبو سے مہک اٹھنا۔ فُلَانٌ الْخَبَرَ او الْعِلْمَ : آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَسَّمْتُ مِنْهُ عِلْمًا" میں نے اس سے علم حاصل کیا — الرِّيْحَ : بو سونگھنا۔ بو محسوس کرنا — الْوَلَدَ : جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔
النَّاسِمُ۔ فا۔ قریب الموت مریض۔
النَّسَمُ۔ مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ ج اَنْسَام۔ النَّسَمُ :ناک۔ نسمہ۔ بمعنی روح کی جمع۔ مٹا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّسَمَةُ۔ حمام وغیرہ کے راستے۔
النَّسَمَةُ۔ زندگی کا سانس۔ ہر جاندار انسان ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ ج نَسَمٌ و نَسَمَات
النَّسَمَةُ : سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ نَسَمَةٌ" یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔
النَّسِيْمُ۔ مص۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ ج نِسَام اور بھاری بھرکم آدمی کے لیے کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِيْلُ الظِّلِّ بَارِدُ النَّسِيْمِ۔"
النَّيْسَمُ۔ نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔
الْاَنَاسِمُ۔ لوگ (یہ نَسَم کی جمع الجمع ہے) کہا جاتا ہے "مَا فِي الْاَنَاسِمِ مِثْلُهٗ" یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔
الْمَنْسِمُ۔ لِلْاِبِلِ : اونٹ کے کھر کا کنارہ۔ ج مَنَاسِمُ۔ الْمَنْسِمُ : علامت۔ راستہ۔ مذہب۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِلَى اَيْنَ مَنْسِمُكَ" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔
نَسْنَسَ الطَّائِرُ : پرندہ کا تیز اڑنا۔ نَسْنَسَتِ الرِّيْحُ : ہوا کا چلنا۔ نَسْنَسَ الْبَعِيْرَ : اونٹ کو ڈانٹنا اور ہانکنا — الرَّجُلُ : کمزور ہونا۔
النَّسْنَاسُ۔ شکل انسانی پر ایک خیالی جانور — عِنْدَ الْعَامَّةِ : بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔ نَسْنَاسُ الْاِنْسَانِ وَغَيْرِهٖ : مشقت اور صبر۔
النُّسْنَاسُ۔ سخت بھوک۔

نَسَا يَنْسُوْ نَسْوَةَ الرَّجُلُ :کام چھوڑ دینا۔
اَنْسَاهٗ اِنْسَاءً الشَّيْءَ :چھوڑنے کا حکم دینا۔
النَّسَا۔ ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے۔ مثنی نَسَوَان و نَسَيَان ج اَنْسَاء۔
النَّسْوَةُ۔ مص۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔
النِّسْوَةُ والنُّسْوَةُ والنِّسَاءُ والنِّسْوَانُ والنُّسْوَانُ والنِّسْنِيْنَ۔ عورتیں (یہ سب الفاظ مَرْاَةٌ کی جمع ہیں) اور نِسْوَة اور نُسْوَة کی طرف نسبت کے لیے نِسْوِيٌّ و نُسْوِيٌّ اور تصغیر نُسَيَّةٌ اور نُسَيَّاتٌ بھی کہا جاتا ہے۔
الْمَنْسُوُّ۔ عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔
نَسِيَ يَنْسَى نَسًى۔ مبتلائے عرق النساء ہونا۔ صفت مذکر نَسٍ و اَنْسَى۔ صفت مؤنث نَسِيَةٌ و نَسْيَاء۔
نَسَى يَنْسِي نَسْيًا الرَّجُلَ : نسا نامی رگ پر مارنا۔
نَسِيَ يَنْسَى نَسْيًا و نِسْيَانًا و نِسَايَةً و نَسْوَةً الشَّيْءَ :بھولنا۔
نَسَّى و اَنْسَى الرَّجُلَ الشَّيْءَ : فراموش کرانا۔
تَنَاسٰى۔ اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔
النَّسْيُ و النِّسْيُ۔ بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔
النَّسْيَانُ و النَّسَّاءُ۔ بہت بھولنے والا۔
النَّسِيُّ۔ بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔
الْاَنْسَى۔ پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔
الْمَنْسِيُّ۔ مفع۔ بھولی ہوئی چیز۔ مبتلاء عرق النساء۔
الْمِنْسَاةُ۔ لاٹھی (اس کی اصل مِنْسَاَةٌ ہمزہ کے ساتھ ہے)
نَشَّ (ن) نَشًّا الدَّابَّةَ : چوپایہ کو ہانکنا — الْمِسْكَ و نَحْوَهٗ : مشک باریک کرنا۔ کوٹنا۔ الشَّيْءَ :ملانا۔
نَشَّ (ض) نَشًّا و نَشِيْشًا الْمَاءُ فِي الْكُوْزِ الْجَدِيْدِ : سکورے میں پانی کا آواز کرنا — اللَّحْمُ :ہانڈی میں یا سیخ پر آواز نکلنا — الْغَدِيْرُ : تالاب کا پانی اترنے لگنا — النَّبِيْذُ :جوش مارنا

— الرُّطَبُ : خشک ہونا۔ نَشَّتِ اللَّحْمَةُ : گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔
النَّشُّ۔ مص۔ ہر چیز کا نصف۔
النَّشَّاشُ۔ اسم مبالغہ۔ و اَرْضٌ نَشَّاشَةٌ : نمناک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔
النَّشِيْشُ۔ مص۔ پانی کے جوش کی آواز۔ اَرْضٌ نَشِيْشَةٌ :شور زمین جس میں کچھ نہ اگے۔
الْمِنَشَّةُ۔ مور چھل۔ چوری۔
نَشَاَ (ف) و نَشُؤَ (ک) نَشْأً او نُشُوْءً او نَشَاَةً و نَشَاءً و نَشَاءَةً الشَّيْءُ :نو پید ہونا۔ زندہ ہونا — الطِّفْلُ : جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَشَاْتُ فِي بَنِي فُلَانٍ : میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا۔ اور اسم النَّشْءُ۔ نَشَاَتِ السَّحَابَةُ :گھٹا اٹھنا۔
اَنْشَاَهٗ اِنْشَاءً۔ پرورش کرنا۔ اَنْشَاَ اللّٰهُ السَّحَابَةَ :گھٹا اٹھانا — الشَّيْءَ :نو پید کرنا — اَللّٰهُ الشَّيْءَ :پیدا کرنا — اَللّٰهُ الْخَلْقَ : شروع کرنا۔ اَنْشَاَ الْحَدِيْثَ او الْكَلَامَ : وضع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ اور اسی سے ہے "عِلْمُ الْاِنْشَاءِ" — "زَيْدٌ" : عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا — فُلَانٌ دَارًا : تعمیر شروع کرنا۔ اَنْشَاَ فُلَانٌ يَضْرِبُ :مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے)
مِنَ الْمَكَانِ :نکلنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ اَيْنَ اَنْشَاْتَ یعنی تم کہاں سے نکلے۔
نَشَّاَهٗ تَنْشِئَةً۔ پرورش کرنا۔ نَشَّاَ اللّٰهُ السَّحَابَةَ :گھٹا چڑھانا۔
تَنَشَّاَ تَنَشُّؤًا۔ اِلَى حَاجَتِهٖ :اپنی حاجت کے لیے جانا۔
اِسْتَنْشَاَ اِسْتِنْشَاءً الْاَخْبَارَ : خبروں کی حقیقت دریافت کرنا — الْعَلَمَ فِي الْمَفَازَةِ بلند کرنا — فُلَانًا قَصِيْدَةً او خُطْبَةً : قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔
النَّشْءُ۔ مص۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَشْءُ سُوْءٍ او مِنْ نَشْءِ سُوْءٍ" وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ نَاشِي اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ ج نَشَأٌ۔

النَّشِيُّ۔ بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔
النَّشَأَة والنَّشِيئَة۔ نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَّشِيئَة: بمعنی النَّاشِئَة۔
النَّاشِي۔ فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ج نَشْءٌ و نَشَأٌ و نَاشِئَةٌ (خلافِ قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج نَوَاشِي۔
النَّاشِئَة۔ نَاشِي کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے بعد اُٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نَوَاشِي۔
المَنْشَأُ۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَوْلِدِيْ وَمَنْشَأِيْ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ"۔
المُنْشَأُ و المُسْتَنْشَأُ۔ بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔
نَشِبَ (س) نَشَبًا و نُشُوْبًا و نُشْبَةً الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: چمٹنا — الْعَظْمُ فِيْ حَلْقِهِ: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہا جاتا ہے "نَشِبَ فُلَانٌ مَنْشَبَ سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبْتُ اَفْعَلُ كَذَا": یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ يَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً ہی مرگیا (— نُشُوْبًا) الْحَرْبُ بَيْنَ الْقَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا — الْاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا — فِيْهِ: خریدنا۔
نَشَّبَهُ و اَنْشَبَهُ فِيْ كَذَا: چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْشَبَ الْبَازِيْ مَخَالِبَهُ فِي الْاُخِيْذَةِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔ اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسا لیا۔
الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔
نَاشَبَهُ مُنَاشَبَةً الْحَرْبَ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔
تَنَشَّبَ فِيْهِ: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِيْ قَلْبِهِ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہو گئی۔
اِنْتَشَبَ فِيْهِ: چمٹنا — الْحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔
تَنَاشَبُوْا۔ بعض کا بعض کے ساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے ارد گرد بھیڑ لگائی۔
النَّشَبُ۔ مص۔ (— والنَّشَبَة) جائیداد غیر منقولہ۔ مال و مویشی۔ النَّشَبُ۔ ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
النُّشْبَة۔ مص۔ (— والنَّشَبَة) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔
نُشْبَة۔ بھیڑیا کا علمِ جنس۔
النُّشَّاب۔ تیر۔ واحد نُشَّابَةٌ۔ ج نَشَاشِيْب۔
النَّاشِب۔ فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز۔
النَّاشِبَة۔ نَاشِب کا مؤنث۔ تیرانداز لوگ۔
النَّشِب۔ چمٹنے والا۔
النَّشَّاب۔ بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز و تیر انداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیر انداز مرد۔ قَوْمٌ نَشَّابَةٌ: تیر انداز لوگ۔
المَنْشَب۔ چمٹنے کی جگہ۔
المَنْشَبَة۔ مال و مویشی۔ کہا جاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ۔ تیر کی مانند نقش و نگار والی چادر۔
نَشَجَ (ض) نَشْجًا و نَشِيْجًا الْبَاكِيْ: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا کھد کھدانا نَشَجَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا — الْمُطْرِبُ: گویے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔
النَّشَج۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَنْشَاج۔
النَّشِيْج۔ مص۔ آواز۔
عَبْرَةٌ نَشُوْجٌ۔ آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔
نَشَحَ (ف) نَشْحًا و نُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔
النَّشُوْح۔ تھوڑا پانی۔
النُّشُح۔ مست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ۔
النَّشَاح مِنَ الْاٰنِيَةِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا و نَشْدَانًا و نِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا — فُلَانًا: پہچاننا — هُ اللّٰهَ و بِاللّٰهِ: قسم دینا — نَشَدَ الرَّجُلَ: کسی سے اَنْشُدُكَ اللّٰهَ کہنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُكَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کرو و "نَشَدَهُ عَهْدَهُ او وَعْدَهُ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔
اَنْشَدَ الضَّالَّةَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالْقَوْمِ: ہجو کرنا — زَيْدًا و لِزَيْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُهُ فَاَنْشَدَنِيْ او اَنْشَدَنِيْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔
نَاشَدَهُ مُنَاشَدَةً و نِشَادًا۔ قسم کھلانا۔ نَاشَدَهُ الْاَمْرَ و فِي الْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
تَنَشَّدَ الْاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔
تَنَاشَدُوْا الْاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔
اِسْتَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے نَشْدَكَ و نِشْدَكَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔
النَّاشِد۔ فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔
النَّاشِدُوْن: گم شدہ کو تلاش کر کے مالک تک پہنچانے والے۔
النِّشْدَة۔ مص۔ آواز۔
النَّشِيْد۔ آواز کی بلندی (— والنَّشِيْدَة ج نَشَائِد و الْاُنْشُوْدَة۔ ج اَنَاشِيْد: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِيْدُ الْاَنْشَادِ بائبل کی ایک کتاب۔
النَّشَّاد۔ گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔
النُّشَادِر و النُّوْشَادِر۔ نوسادر (دخیل)
نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا — الْخَبَرَ: افشا کرنا — الشَّيْءَ: بکھیرنا — الْخَشَبَ: چیرنا — عَنِ الْمَجْنُوْنِ او الْمَرِيْضِ: منتر پھونکنا۔ نَشَرَتِ الرِّيْحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔
نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا۔ الشَّجَرُ: پتے نکالنا۔
نَشَرَتْ اَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا — الْاَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُوْرًا اللّٰهُ الْمَوْتٰى: زندہ کرنا۔ نَشَرَ و نُشِرَ الْمَوْتٰى: زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُوْن۔
نَشِرَتْ (س) نَشَرًا الْمَوَاشِي: رات میں

چرنے کیلئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔

نَشَّرَ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا — عَنِ الْمَرِيْضِ او الْمَجْنُوْنِ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔

اَنْشَرَ اللّٰهُ الْمَيِّتَ: مردہ کو زندہ کرنا — الْاَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابل زراعت بنانا — الرَّجُلُ: مذی نکالنا۔

تَنَشَّرَ الشَّيْئُ: پھیلنا۔

اِنْتَشَرَ الشَّيْئُ: پھیلنا — النَّهَارُ: دن چڑھنا — الخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا — الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا — الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔

تَنَاشَرُوا۔ الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔

اِسْتَنْشَرَ الْخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔

اَلنَّشْرُ: مص - عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لَهُ نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔

النَّشْرو النَّشَر۔ بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا نَشْرًا او نَشَرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشَر: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِضْمُمْ نَشَرِی" اے اللہ میرے متفرق امور کو جمع کر دے۔

النَّشْر و النُّشُوْر: مص يَوْمُ النَّشْرِ و يَوْمُ النُّشُوْرِ قیامت کا دن۔

النَّشْرَة۔ نَشَر کا اسم مرة۔ بادِ نسیم، اشتہار۔ (مولدة) ج نَشَرَات۔

النُّشْرَة۔ افسوں۔ منتر۔

النُّشَارَة۔ لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔

النَّاشِرَة۔ النَّاشِر کا مؤنث۔ نَوَاشِر کا واحد۔ نَوَاشِر ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔

النَّشُوْر مِنَ الرِّيَاحِ: بادل اٹھانے والی ہوائیں۔ ج نُشُر۔

النَّشِيْر۔ ازار۔ تہہ بند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔

التَّنَاشِيْر۔ بچوں کے سرمشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

المِنْشَار۔ آرہ۔ ج مَنَاشِيْر۔ المِنْشَار: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو اَبُوْ مِنْشَار بھی کہتے ہیں۔

المَنْشُوْر۔ مفع۔ کھلا ہوا شاہی فرمان۔

المَنْشَر۔ مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔

المَنْشُوْرَة۔ المَنْشُوْر کا مؤنث۔ سخی و شریف عورت۔

النِشْوَار۔ جانوروں کا اصطبل۔

نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِيْ او عَنْ مَكَانِهِ: بلند ہونا — الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا — الْقَوْمُ فِيْ مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لیے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔

نَشَزَت (ن ض) نُشُوْزًا المَرْأَةُ بِزَوْجِهَا و مِنْهُ و عَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِز و نَاشِزَة ج نَوَاشِز۔ نَشَز بَعْلُهَا عَلَيْهَا و مِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا — بِالْقَوْمِ فِي الْخُصُوْمَةِ: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کیلئے اُٹھ کھڑا ہونا۔

نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔

اَنْشَزَ الشَّيْئَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔ اللّٰهُ عِظَامَ الْمَيِّتِ: مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔

النَّشْز۔ مص — ج نُشُوْز و النَّشَز ج نِشَاز و اَنْشَاز: بلند جگہ — مِنَ الرِّجَالِ: قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔

النَّشَاز۔ بلند جگہ۔

النَّاشِز۔ فا۔ جگہ سے ابھرا ہوا۔ نمایاں۔ عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔

النَّشِيْزَة و النَّشْزَة مِنَ الدَّوَابِ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے۔

نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا — النَّفْسُ: دھڑکنا — الصُّوْفُ او الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّيْئَ: نکالنا — فُلَانًا: نیزہ مارنا — عَنْ بَلَدِهِ: شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ المَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِص۔

اَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ او بَيْتِهِ: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔

نَشَّصَهُ۔ بلند کرنا۔

تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔

اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔

اِسْتَنْشَصَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔

النِشَاص و النَشَاص۔ بلند تہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُص و نَشَائِص۔

النَّشُوْص و النَّشِيْص۔ کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔

نَشِطَ (س) نَشَاطًا۔ ہشاش بشاش ہونا — فِيْ عَمَلِهِ او اِلٰى عَمَلِهِ: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت نَاشِطٌ و نَشِيْطٌ۔ نَشِطَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہونا۔

نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِهِمُ الطَّرِيْقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔

نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — العُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا — الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا — زَيْدًا: نیزہ مارنا۔ نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — هُ اِلٰى او فِي الْعَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔

اَنْشَطَهُ۔ چست بنانا۔ اَنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔ اَنْشَطَتِ الْحَيَّة سانپ کا ڈسنا۔ اَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — العُقْدَةَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا — البَعِيْرَ مِنْ عِقَالِهِ: اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا — الْكَلَا الدَّابَّةَ: موٹا کرنا۔

تَنَشَّطَ۔ ہشاش بشاش ہونا — لِلْعَمَلِ تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ "تَنَشَّطَتِ

النَاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا": تیز دوڑنا۔ تَنَشَّطَ الْمَفَازَةَ :بیابان کو عبور کرنا۔

اِنْتَشَطَ الْحَبْلَ :رسّی کو کھلنے کیلئے کھینچنا — الحَبْلُ : رسّی کا کھلنا — النَشِيْطَةَ : بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا — السَمَكَةَ : مچھلی کے سفنے اُتارنا — الشَّئَ : چھینا، مضبوط کرنا — فُلَانًا اِلٰى كَذَا : کھینچنا یا بلند کرنا۔ اِنْتَشَطَتِ الْحَيَّةُ : فُلَانًا : سانپ کا ڈسنا۔

اِسْتَنْشَطَ الْجِلْدُ : کھال کا سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔

النَشْطَ۔ مع جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا۔

النَاشِط فا۔ چست۔ پھرتیلا۔ جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔ طَرِيْقٌ نَاشِطٌ : بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ۔

النَاشِطَة۔ النَاشِط کا مؤنث ج نَاشِطَاتٌ و نَوَاشِط۔ و النَوَاشِط مِنَ الْمَسَائِل : بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا نَاشِط ہے۔

النَشِيْط۔ چست پھرتیلا۔ چست اہل و عیال والا یا چست جانوروں والا۔ ج نِشَاط و نَشَاطٰی۔

النَشُوْط۔ ایک قسم کی مچھلی۔ بِئْرٌ نَشُوْطٌ : گہرا کنواں۔

بِئْرٌ اَنْشَاط و اِنْشَاط۔ کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔

النَشِيْطَةُ : النَشِيْط کا مؤنث۔ مال غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔ اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔

الأُنْشُوْطَة۔ گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے "مَاعِقَالُكَ بِاُنْشُوْطَةٍ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ ج اَنَاشِيْط۔

المِنْشَط۔ بہت چست۔

المَنْشَط۔ خوش دلی۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلُوْا ذٰلِكَ عَلَى الْمَنْشَطِ والمَكْرَهِ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔

نَشَظَ (ن) نُشُوْظًا النَبَاتُ :نباتات کا نمودار ہونا۔

نَشَعَ (ف) نَشْعًا الرَّجُلُ : سسکی لینا۔ الشَّئَ : سختی سے کھینچنا — الطِيْبَ : خوشبو سونگھنا — فُلَانًا الدَّوَاءَ : دوا منہ میں ٹپکانا — هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

نَشَعَ (ف) نُشُوْعًا : قریب الموت ہو کر صحت پانا۔

نُشِعَ نَشْعًا بِكَذَا : مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوْع بِہ۔

اَنْشَعَهُ الدَّوَاءَ : منہ میں دوا ٹپکانا — هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

اِنْتَشَعَ : ناک میں دوا ٹپکانا — الشَّئَ : سختی سے کھینچنا۔

النَشُوْع۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے۔ ہر وہ چیز جو سانس کو پھلا دے۔

النَاشِع۔ ابھرا ہوا۔

النَشَع۔ خراب مزے کا پانی۔

النُشَاعَة۔ ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔

المِنْشَعُ والمِنْشَعَة۔ منہ یا ناک میں ٹپکانے کی دوا کا برتن۔

نَشَغَ (ف) نَشْغًا المَاءَ : پانی بہنا — هُ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا — هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا۔ سمجھانا — الصَّبِيَّ : بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا — المَاءُ : اوک سے پانی پینا — الرَّجُلُ : سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے۔

نُشِغَ الصَّبِيُّ : بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا — بِالشَّئِ : مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوْغٌ بِہ۔

اَنْشَغَ عَنْهُ : علیحدہ ہونا — هُ الْكَلَامَ : تلقین کرنا۔ سمجھانا۔

تَنَشَّغَ۔ سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے (— و نَاشَغَ و اِنْتَشَغَ) الْكَلَامَ : سیکھنا اور حاصل کرنا۔

النَاشِغ۔ فا۔ ج نُشَّغ مؤنث نَاشِغَة۔ ج نَوَاشِغ و نَاشِغَات۔ النَوَاشِغ : وادی میں بہنے کی نالیاں۔

النَشْغَة۔ لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ موت کے وقت کی بہت ہلکی ہچکی۔ ج نَشَغَات۔

النَشُوْغ۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

المِنْشَغ والمِنْشَغَة۔ منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن۔

نَشِفَ (س) و نَشَفَ (ن) نَشْفًا الثَّوْبُ العَرَقَ او الْحَوْضُ المَاءَ : کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا — المَاءُ فِي الْاَرْضِ : جذب ہونا۔ نَشَفَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔

نَشَفَ (ض) نَشْفًا المَاءَ : پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔

نَشَّفَ المَاءَ : پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نَشَّفَتِ النَّاقَةُ : زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنَشِّف۔ جھاگ والے دودھ والی ہونا۔

اَنْشَفَهُ۔ جھاگ والا دودھ پلانا۔

تَنَشَّفَ الثَّوْبُ الْعَرَقَ : کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا — الرَّجُلُ : چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔

اِنْتَشَفَ۔ جھاگ والا دودھ پینا — الْوَسَخُ و نَحْوَهُ : میل وغیرہ صاف کرنا۔

النَشَف۔ پانی کا جذب ہونا۔

النِشْفَة و النُشْفَة۔ تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُشْفَة۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔

النَشْفَة۔ بتثلیث النون و النَشَفَة جھانواں۔ ج نَشْفٌ و نِشْفٌ و نَشَفٌ و نُشَفٌ و نِشَافٌ۔

النُشْفَة و النَشَّافَة۔ پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔

النُشْفَة و النُشَافَة۔ دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُشَافَة : جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔

اَرْضٌ نَشِفَة۔ پانی جذب کرنے والی زمین۔

المِنْشَفَة۔ رومال۔ تولیہ (مولدہ) ج مَنَاشِف۔

النَشَّاف۔ وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کر کے تنہا کھائے۔

نَشِقَ (س) نَشْقًا و نَشَقًا الرِّيْحَ : بو سونگھنا — فِي الْحِبَالَةِ : پھندے میں پھنسنا۔

اَنْشَقَهُ الْمِسْکَ وَنَحْوَهُ : مشک وغیرہ سونگھانا — الظَّبْیَ فِی الْحِبَالَةِ : ہرن کو جال میں پھنسانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْشَقَتْهُ الْحِبَالَةُ" اس کو جال نے پھنسالیا — هُ النَّشُوْقَ : نسوار سونگھانا۔

تَنَشَّقَ و اِنْتَشَقَ و اِسْتَنْشَقَ الْمَآءَ فِیْ اَنْفِهٖ : ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ و اِسْتَنْشَقَ الرِّیْحَ اَوِ النَّشُوْقَ : بو یا نسوار سونگھنا۔

اَلنُّشْقَةُ۔ بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَقٌ۔

اَلنَّشِقُ۔ وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پاسکے۔

اَلنَّشْقُ وَالنَّشَقُ۔ سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رَائِحَةٌ مَّکْرُوْهَةُ النَّشَقِ"

اَلنَّشُوْقُ۔ نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔

اَلْمَنْشَقُ۔ ناک۔ ج مَنَاشِقُ۔

اَلْمَنْشَقَةُ۔ وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نَشَلَ (ن) نُشُوْلًا الرَّجُلُ : دبلا ہونا۔ نَشَلَتِ الْفَخِذُ : کم گوشت والی ہونا۔ صفت نَاشِلَةٌ۔

نَشَلَ (ض ن) نَشْلًا الشَّیْءَ : جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا — الْخَاتَمَ : انگوٹھی اتارنا نَشَلَتِ الْحَیَّةُ الرَّجُلَ : سانپ کا ڈسنا — اللَّحْمَ : گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

اَنْشَلَ و اِنْتَشَلَ اللَّحْمَ مِنَ الْقِدْرِ : گوشت کو ہانڈی سے نکالنا — مَا عَلَی الْعَظْمِ بِفِیْهِ : دانت سے چھڑا کر کھانا۔

اَلنَّشِلُ۔ مص۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

اَلنَّشَّالُ۔ اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کرکے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

اَلنَّشِیْلُ۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

اَلْمَنْشَلَةُ۔ انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

اَلْمِنْشَلُ وَالْمِنْشَالُ۔ کنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مَنَاشِلُ۔

نَشِمَ (س) نَشَمًا الثَّوْرُ : بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِمٌ۔

نَشَّمَ اللَّحْمُ : گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا — الْاَرْضُ : زمین سے پانی کا رسنا — فِیْ فُلَانٍ : بدگوئی کرنا — فِی الشَّرِّ : برائی میں مشغول ہونا — اللّٰهُ ذِکْرَ فُلَانٍ : بلند کرنا۔ شہرت دینا — و تَنَشَّمَ فِی الْاَمْرِ : شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ مِنْهُ عِلْمًا : حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

اَلنَّشَمُ۔ مص۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "یَدِیْ نَشِمَةٌ مِنَ الْجُبْنِ وَنَحْوِهٖ" یعنی میرا ہاتھ بودار ہے۔

اَلْمَنْشَمُ وَالْمَنْشِمُ۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنْشِمُ : ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اَشْاَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمٍ" :

اَلْمَنْشِمُ : حَبُّ بَلَسَانٍ۔

نَشْنَشَ نَشْنَشَةً الْجِلْدَ : کھال اتارنا۔ — الشَّیْءَ : زور سے ہٹانا — الثَّوْرَ : بیل کو ہانکنا وحتکارنا — الثَّوْبَ : کپڑے اتارنا — الْوِعَاءَ : برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا — السَّلَبَ : لینا۔ نَشْنَشَتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کا ابال میں آواز نکالنا۔ نَشْنَشَ الرَّجُلُ : کام میں جلدی کرنا — اللَّحْمَ : گوشت کو جلدی کھانا — الْجَارِیَةَ : جماع کرنا۔

تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ — الشَّجَرَ : درخت سے چھال اتارنا۔

اَلنَّشْنَشَةُ۔ مص۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

اَلنَّشْنَاشُ وَالنَّشْنَشُ وَالنَّشْنَشِیُّ : عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ اَرْضٌ نَشْنَاشَةٌ : زمین شور۔

نَشِیَ یَنْشَی نَشْوَةً وَنِشْوَةً وَنُشْوَةً وَتَنَشَّی وَانْتَشَی وَاسْتَنْشَی الرِّیْحَ : سونگھنا نَشِیَ بِالشَّیْءِ : بار بار کرنا۔

نَشِیَ یَنْشَی نَشْوًا وَنَشْوَةً وَنِشْوَةً وَنُشْوَةً وَنَشِّیَ وَ تَنَشَّی وَ اِنْتَشَی۔ مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَشِیَ مِنَ الشَّرَابِ" : وہ شراب سے مست ہوا۔

نَشِیَ وَاسْتَنْشَی الْخَبَرَ : خبر دریافت کرنا۔

اَلنَّشَا۔ عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج اَنْشَاءٌ (— وَالنَّشَاءُ) نشاستہ۔

اَلنَّشَاةُ۔ خشک درخت۔ ج نَشًا۔

اَلنَّشْوَةُ۔ اسم مرۃ۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔

اَلنِّشْوَةُ۔ تازہ خبر۔

اَلنِّشْیَةُ۔ بو۔ ج نَشَایَا۔

اَلنَّشْوَانُ۔ مست۔ مؤنث۔ نَشْوَی۔ ج نَشَاوَی۔

اَلنَّشْیَانُ۔ پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَشْیَانٌ لِلْاَخْبَارِ او بِالْاَخْبَارِ۔"

نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّیْءَ : بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا — الْحَدِیْثَ : حدیث کی سند بیان کرنا — الرَّجُلَ : پوری طرح سے دریافت کرنا — النَّاقَةَ : اونٹنی کو تیز دوڑانا — الْمَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا — الْعَرُوْسَ : دلہن کو حجلہ عروسی میں بٹھانا — فُلَانٌ عُنُقَهٗ : گردن اٹھانا — الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔

نَصَّ (ض) نَصِیْصًا الشِّوَاءُ عَلَی النَّارِ : بھونتے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔

نَصَّصَ وَنَاصَّ مُنَاصَّةً غَرِیْمَهٗ : قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔ نَصَّصَ الْمَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلَانٌ : تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔

اِنْتَصَّ الشَّیْءُ : بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ اِنْتَصَّ الرُّمْحُ : کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ الْعَرُوْسُ : دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔

تَنَاصَّ الْقَوْمُ : ہجوم کرنا۔

اَلنَّصُّ۔ مص۔ مصرح کلام۔ ج نُصُوْصٌ۔ وَالنَّصُّ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : انجام۔ انتہا۔ النَّصُّ مِنَ الْکَلَامِ : ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔

اَلنَّصَّةُ۔ اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔

اَلنُّصَّةُ۔ ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَصٌ و

نِصَاص۔

النَصِيْص۔ مص۔ نَصِيْصُ الْقَوْمِ: لوگوں کی تعداد۔

المَنَصَّة۔ حجلہ عروسی۔ دلہن کیلئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔

المِنَصَّة۔ دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مِنَاصٌّ۔ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلَانٌ عَلَى الْمِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔

النَصَّاص۔ ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الْاَنْفِ"

المَنْصُوْص۔ مفع۔ تصریح شدہ۔ معین۔

نَصَاَهٗ (ف) نَصْأً۔ پیشانی کے بال پکڑنا۔ الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔

نَصَبَهٗ (ض ن) نَصْبًا الْمَرَضُ او الهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّیَٔ: بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا — الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا — لَهٗ الْحَرْبَ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا — لَهٗ الشَّرَّ: برائی ظاہر کرنا۔ لَهٗ رأيًا: رائے دینا — لِفُلَانٍ: دشمنی کرنا۔ — الْكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا — الْاَمِيْرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔

نَصِبَ (س) نَصَبًا تھکنا — فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔

نَصَّبَ الشَّیَٔ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَتِ الْخَيْلُ آذَانَهَا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کیے — اَلْاَمِيْرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔

اَنْصَبَهٗ۔ تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا — هٗ الْمَرَضُ: تکلیف دینا۔ اَنْصَبَ الْحَدِيْثَ: سند بیان کرنا — السِكِّيْنَ: چھری کا دستہ لگانا۔

نَاصَبَهٗ مُنَاصَبَةً۔ دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا — هٗ الْحَرْبَ او العَدَاوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا، دشمنی ظاہر کرنا۔

اِنْتَصَبَ۔ کھڑا ہونا۔ بلند ہونا — الحَرْفُ: حرف پر زبر ہونا — الطَاهِی: پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا۔

تَنَصَّبَ۔ کھڑا ہونا — الْغُبَارُ و نَحْوُهٗ: بلند ہونا۔

تَنَاصَبُوْا الشَّیَٔ: باہم تقسیم کرنا۔

النَصْب۔ مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ نتیجہ — عِنْدَ النُحَاةِ: ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْعَرَبِ: ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔

النِصْب۔ حصہ (نصیب میں ایک لغت)

النُصْب و النُصُب۔ کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُصْبُ عَيْنِيْ" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بت۔ ج اَنْصَاب۔ مرض۔ بلا و مصیبت۔ النُصُب: حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نِصَاب کی جمع۔

الاَنْصَاب۔ پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔

النَصَب۔ مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج اَنْصَاب۔

النَصِب۔ بیمار۔ مبتلاء درد۔

النَصْبَة۔ نَصَب کا اسم مرۃ۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لیے پودہ۔

النِصْبَة۔ گاڑنے کی نوعیت۔

النُصْبَة۔ ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب۔

النِصَاب۔ اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب۔

النَصِيْب۔ حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پھندا ج اَنْصِبَة و اَنْصِبَاء۔ و نُصُب۔

النَصِيْبَة۔ حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب۔

النَاصِب۔ فا۔ تیز رفتار۔ هَمٌّ نَاصِبٌ: تھکا دینے والا غم — عِنْدَ النُحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب۔

النَصَّاب۔ ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الاَنَاصِيْب و التَنَاصِيْب۔ راستہ پر کھڑے کیے ہوئے نشانات۔

الاَنْصَب۔ سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء۔ و نَاقَةٌ نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب۔ اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب بمعنے عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کے لیے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب۔ دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب۔

المَنْصَبَة۔ رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ ذُوْ مَنْصَبَةٍ" رنج و کلفت والی زندگی۔

المُنَصَّب۔ مفع۔ اَسْنَانٌ مُنَصَّبَةٌ: خوبصورت ترتیب وار دانت۔

المَنْصُوْب۔ مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔

المَنْصُوْبَة۔ المَنْصُوْب کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوّٰى لَهٗ مَنْصُوْبَةً" اس نے اس کے لیے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا و اَنْصَتَ و اِنْتَصَتَ لَهٗ: بات سننے کے لیے خاموش رہنا۔ اَنْصَتَهٗ: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ۔ خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ۔ خاموش کھڑا ہونا — هٗ خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

النُصْتَة۔ خاموشی۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصْحًا و نَصَاحَةً و نِصَاحَةً و نَصَاحِيَةً۔ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ و نُصَّحٌ۔ کہا جاتا ہے "لَا اُرِيْدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا اِنْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصُوْحًا الشَّیُٔ: خالص ہونا۔ صاف ہونا — تَوْبَتَهٗ: پختہ توبہ کرنا — الْعَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا — الْعَسَلَ: شہد صاف کرنا — الثَّوْبَ: کپڑا سینا — الْغَيْثُ الْبَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَهٗ مُنَاصَحَةً۔ ایک دوسرے کو نصیحت کرنا — نَفْسَهٗ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔

اَنْصَحَ الرَّاعِیُ الْاِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ۔ بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے

والوں کے مشابہ ہونا — الثَّوبَ: کپڑا سینا۔
اِنْتَصَحَ۔ نصیحت قبول کرنا — فُلَانًا خیر خواہ سمجھنا۔
اِسْتَنْصَحَہٗ۔ خیر خواہ سمجھنا۔
النِصَاح۔ دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ و نِصَاحَۃٌ۔
النِصَاحَات۔ چمڑے اسلئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَۃ۔
النَّاصِح۔ خالص شہد وغیرہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَیْبِ" یعنی صاف دل مرد۔
النَّاصِح و النَّصَّاح و النَّاصِحِیُّ۔ درزی۔
النَّصِیْح۔ خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء۔
النَّصُوْح۔ نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث)
تَوْبَۃٌ نَصُوْحٌ: خالص توبہ۔
النَّصِیْحَۃ۔ اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِحُ۔
غُیُوْثٌ نَوَاصِحُ۔ لگاتار بارشیں۔
اَلْمِنْصَحُ و المِنْصَحَۃُ۔ سوئی۔
الْمُتَنَصَّح۔ مفم۔ ثَوْبٌ مُتَنَصَّحٌ۔ پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِیْ ثَوْبِہٖ مُتَنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔
نَصَرَہٗ (ن) نَصْرًا۔ مدد کرنا — ہٗ مِنْ و عَلٰی عَدُوِّہٖ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الْغَیْثُ الْاَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔
فُلَانًا: دینا۔
نُصِرَتِ الْاَرْضُ بارش ہونا۔
نَصَّرَہٗ۔ نصرانی بنانا۔
نَاصَرَہٗ مُنَاصَرَۃً۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَنَصَّرَ۔ نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَہٗ: مدد کی کوشش کرنا۔
تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْاَخْبَار" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔
اِنْتَصَرَ۔ مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا — مِنْ عَدُوِّہٖ: دشمن سے بدلہ لینا — عَلٰی خَصْمِہٖ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَہٗ۔ مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِہٖ: فریاد کرنا — فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔
النَّصْر۔ مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ و قَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنے رَجُلٌ نَاصِرٌ و قَوْمٌ نَاصِرُوْنَ۔ جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَکْبٌ جمع رَاکِبٌ کی۔ النَّصْر: بارش۔
النَّصْرَۃ۔ نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔
النُّصْرَۃ۔ مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔
النَّصْرَانِیُّ۔ شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے تبع ہیں۔ ج نَصَارٰی مؤنث نَصْرَانِیَّۃ۔
النَّصْرَانِیَّۃ۔ نصاری کا دین۔
النَّصْرَان۔ نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَۃ۔
النَّاصِر۔ فا۔ ج نَاصِرُوْنَ و نُصَّار و نَصْر و اَنْصَار والاَنْصَار عَلَی الْاِطْلَاقِ: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لیے اَنْصَارِیٌّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر۔ کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِیَ النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔
النَّاصِرَۃ النَّاصِر کا مؤنث۔ و نَاصِرہ ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کیلئے نَاصِرِیٌّ۔
النُّصُوْر و النُّصُر۔ مددگار۔
النَّصِیْر۔ مددگار۔ ج نُصَرَاء و اَنْصَار۔
النَّصِیْرَۃ۔ النَّصِیْر کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر۔
النُّصَیْرِیَّۃ۔ غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَیْرِیٌّ۔
النَّاصُوْر۔ ناسور۔ ج نَوَاصِیْر۔
النَّصَّار۔ بہت مدد کرنے والا۔
الاَنْصَر۔ غیر مختون۔
المَنْصُوْر۔ مفع۔ اَرْضٌ مَنْصُوْرَۃٌ: بارش شدہ زمین۔
نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا و نَصَاعَۃً الشَّیْئُ: خالص ہونا (— نُصُوْعًا) الاَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہو گیا

— اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا — الشَّارِبُ: پیاسے کا پیاس بجھانا — الاُمُّ بِہٖ: جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰہُ اُمًّا نَصَعَتْ بِہٖ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے (— و اَنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔ اَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔
النَّصْع و النِّصْع و النَّصَع۔ بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔
النِّصَع۔ چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔
النَّاصِع و النَّصِیْع۔ خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَرُ نَاصِعٌ اَبْیَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَصَّاعٌ یعنی خالص سرخ۔ حُمْرَۃٌ نَصَّاعَۃٌ: خالص سرخی۔
المَنَاصِع۔ قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَع۔
نَصَفَہٗ (ن ض) نَصْفًا۔ آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمُرِیْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ و "نَصَفْتُ الْکِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَیْرُہٗ: دن کا آدھے تک پہنچنا (— نَصْفًا و نَصَافًا و نِصَافًا و نَصَافَۃً و نِصَافَۃً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔
نَصَفَ (ن) نَصْفًا و نَصَافَۃً و نِصَافَۃً الشَّیْئَ: آدھا لینا — الْقَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔
— الشَّیْئَ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔
— الْقَدَحَ: پیالہ سے آدھا پینا (نَصَفَ (ن) نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔
نَصَّفَ الشَّیْئَ: آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا — رَاْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا — الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا — الْجَارِیَۃَ: اوڑھنی اڑھانا — النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔
اَنْصَفَ الشَّیْئُ: آدھے تک پہنچنا — الشَّیْئَ: آدھا لینا — الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا — الْمُسَافِرُ: آدھے دن چلنا — الْخَصْمَیْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا — مِنْ

فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا — فُلَانًا: خدمت کرنا — الْمَاءُ الْإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْصَفْتُ الْمَاءُ الْإِنَاءَ": آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔

نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً۔ آدھا آدھا بانٹنا۔ نَاصَفَهُ الْمَالَ: آدھا مال دینا۔

تَنَصَّفَ الْأَمِيْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا — الرَّجُلَ: خدمت کرنا — فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا — الشَّيْءَ: آدھا لینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاكَ بَيْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا۔

اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا — سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا — الشَّيْءَ: آدھا لینا۔

تَنَصَّفَ وَ اِنْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتْ وَ اِنْتَصَفَتِ الْجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔

تَنَاصَفَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ۔ انصاف کرنا — مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔

النِّصْفُ۔ بتثلیث النون: کسی چیز کا آدھا ج اَنْصَاف۔

النَّصَفُ۔ درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْن و اَنْصَاف و اِمْرَأَةٌ نَصَفٌ ج نُصُفٌ و نُصْفٌ و اَنْصَاف۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانَةَ لَعَلٰى نَصَفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (— وَالنَّصَفَةُ) انصاف و عدل۔

النِّصْفُ وَقَدْ تَثَلَّثُ النُّوْنُ: انصاف رَجُلٌ نِصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا۔ اور اسی طرح کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ نِصْفٌ و رِجَالٌ او نِسَاءٌ نِصْفٌ" واحد ہی کا لفظ مذکر مؤنث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔

النَّصِيْفُ۔ آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ — مِنَ الْبُرُدِ: دو رنگوں والی چادر۔

النَّاصِفُ۔ فا۔ خادم ج نَصَفٌ و نَصَفَةٌ و نُصَّافٌ۔

النَّاصِفَةُ: النَّاصِف کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ الْمَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِف۔

النَّصْفَانُ مِنَ الْآنِيَةِ وَنَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفٰى۔

الْاَنْصَفُ۔ بہت انصاف کرنے والا اور یہ اَنْصَفَ سے اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔

الْمَنْصَفُ وَالْمَنْصِفُ مِنَ الطَّرِيْقِ: راستے کا آدھا۔

الْمِنْصَفُ وَالْمَنْصَفُ۔ خادم۔ مؤنث۔ مَنْصَفَةٌ ج مَنَاصِف۔

الْمُنَصَّفُ۔ مفعو۔ شراب جس کو پکا کر آدھا کر دیا گیا ہو۔

مُنْتَصَفُ الشَّيْءِ وَ مَنْصَفُهُ۔ ہر چیز کا درمیان۔

الْمُتَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔ مَكَانٌ مُتَنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا — السَّهْمُ: پیکان لگنا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا و نُصُوْلًا مِنْ كَذَا نکلنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنْ نَصْلِهِ" تیر پیکان سے نکل گیا۔ "و نَصَلَتِ الْخَيْلُ مِنَ الْغُبَارِ" گھوڑے غبار سے نکل گئے و "نَصَلَ الطَّرِيْقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا" راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا — اللَّسعَةُ او الحُمَةُ: ڈنک کا اثر اتر جانا۔ و نَصَلَ بِحَقِّي صَاغِرًا: نکالنا — مِنْ بَيْنِ الْجِبَالِ: ظاہر ہونا — النَّاقَةُ: اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَّلَ و اَنْصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا۔ وَ اَنْصَلَ السَّهْمَ: پیکان جدا کرنا۔ اَنْصَلَ الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔

تَنَصَّلَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ پسند کرنا — الرَّجُلَ: کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ اِلٰى فُلَانٍ مِنَ الْجِنَايَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا — مِنْ كَذَا: نکلنا — اللِّحْيَةِ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا — كَمَدُ فُلَانٍ: رنج و غم زائل ہونا۔

اِنْتَصَلَ السَّهْمُ: پیکان نکلنا۔

تَنَاصَلَ۔ نکلنا۔

اِسْتَنْصَلَهُ۔ نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّيْحُ الْيَبِيْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

النَّصْلُ۔ مع۔ پیکان۔ چاقو کا پھل۔ اور بسا اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ ج نِصَال و اَنْصُل و نُصُوْل و نَصْلُ الرَّاسِ: سر کا بالائی حصہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِغْوَلٌ نَصْلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔ النَّصْلَانِ: پیکان اور بھالا۔

النَّصْلَةُ۔ ایک پیکان۔

النَّصِيْلُ۔ کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔ ٹھوڑی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔ نَصِيْلُ الْحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج نُصُل۔ النَّصِيْلُ و الْمِنْصَل و الْمِنْصَال: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔

الْمُنْصُلُ و الْمُنْصَلُ تلوار۔ ج مَنَاصِل۔ مُنْصِلُ الْاَسِنَّةِ و مُنْصِلُ الْاِلِّ۔ نام ماہِ رجب کا۔

النَّصَمَةُ۔ تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔

نَصْنَصَ الْبَعِيْرُ: اٹھنے کے لیے دونوں زانو زمین میں لگانا — الشَّيْءُ: لانا — فِيْ مَشْيِهِ: چلنے میں جھومنا۔

حَيَّةٌ نَصْنَاص۔ بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

نَصَا يَنْصُوْ نَصْوًا و اَنْصَى الرَّجُلَ: پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ الْمَاشِطَةُ الْمَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ: اتارنا۔ دور کرنا۔

نَاصَى نِصَاءً و مُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَى الشَّيْءُ الشَّيْءَ: متصل ہونا۔

تَنَصَّى الرَّجُلُ الْقَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ الْمَرْأَةُ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّى الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: متصل ہونا۔

تَنَاصَى الْقَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے

پیشانی کے بالوں کو پکڑنا — الاَغْصَانُ و نَحْوُھَا : ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے الجھنا۔

النَّضْو۔ مص۔ پیٹ کا درد۔

النَّاصِیَة۔ پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ و نَاصِیَات۔ اور کہا جاتا ہے "اَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِیَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِی النَّاسِ : قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔

المُنْتَصَی۔ دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصّہ کے ملنے کی جگہ۔

اَنْصَی اِنْصَاءً المَکَانُ : (پانی) : بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِیٌّ)

اِنْتَصَی اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ : بال کا طویل ہونا۔ — الْجَبَلُ او الْاَرْضُ : پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا — الشَّیْءَ : چننا۔

النَّصِیُّ۔ ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِیَّةٌ ج اَنْصَاء جج اَنَاصٍ۔ النَّصِیُّ : گردن کی ہڈی ج اَنْصِیَة۔

النَّصِیَّة۔ بمعنے نَصِیٌّ — مِنَ الْقَوْمِ او الْاِبِلِ وَغَیْرِھَا : برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ نَصِیَّتِیْ" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ النَّصِیَّة : بقیہ۔ ج نَصِیٌّ و جج اَنْصَاء و اَنَاصٍ۔

نَضَّ (ض) نَضًّا و نَضِیْضًا الْمَاءُ تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَضَّ مَالُهٗ : سامان کے بعد نقدی ہونا — الشَّیْءَ : ظاہر کرنا — الطَّائِرُ جَنَاحَیْهِ : پرندہ کا بازوؤں کو ہلانا — العُوْدُ : لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا — القِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ الْمَلَا : مشک کا زیادہ بھر جانے سے چھلنا۔

نَضَّ (ض) نَضِیْضًا الْاَمْرُ : ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَضَّ بِیَدِیْ مِنْهُ شَیْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَیْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔

نَضَّضَ الرَّجُلُ : بہت درہم و دینار والا ہونا — الشَّیْءَ : ہلانا۔

اَنَضَّ و تَنَضَّضَ الْحَاجَةَ : پورا کرنا۔

تَنَضَّضَ و اِسْتَنَضَّ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ : تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا : برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ الْمَعْرُوْفَ اَوِ الْخَبَرَ : تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔

النَّضُّ۔ مص۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهٗ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ امرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نَضُّ اللَّحْمِ : کم گوشت والا آدمی۔

النَّاضُّ۔ فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "و مَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔

النِّضَاض۔ تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔

النُّضَاضَةُ مِنَ الْمَاءِ وَغَیْرِهٖ : بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ : مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُضَاضَةُ اَبَوَیْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔

النَّضَّاض۔ اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَة۔

بِئْرٌ نَضُوْضٌ۔ کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔

النَّضِیْض۔ مص۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِیْضُ اللَّحْمِ : کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ بِاَقْصٰی نَضِیْضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَّضِیْضَة۔ تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّة و نَضَائِض اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِاَقْصٰی نَضِیْضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَاِبِلٌ نَضِیْضَةٌ و نَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔

النَّضَائِض : گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِیْضَةٌ۔

نَضَبَ (ن) نَضْبًا الْمَاءُ : جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمْرُهٗ : ختم ہونا۔

نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا الْمَاءُ : پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا — عَنِ الشَّیْءِ : کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ الْبَحْرُ : یعنی پانی خشک ہو گیا — الْخَیْرُ : کم ہونا — عَیْنُهٗ : آنکھ کا دھنس جانا۔

نَضَبَتِ الْمَفَازَةُ : بیابان کا دور رہونا۔

نَضَبَ الْقَوْمُ : دور ہونا — فُلَانٌ : مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهٖ" یعنی وہ بے شرم ہوا — فُلَانٌ الثَّوْبَ : کپڑا اتارنا۔

نَضَّبَ الْمَاءُ : پانی کا زمین میں جذب ہونا۔

نَضَّبَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

اَنْضَبَ الْقَوْسَ : کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔

النَّاضِبُ۔ فا۔ غَدِیْرٌ نَاضِبٌ : خشک شدہ تالاب۔ مَکَانٌ نَاضِبٌ : دور کی جگہ ج نُضَّبٌ۔

التَّنْضُبُ۔ ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِب۔

نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ : پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِجٌ و نَضِیْجٌ (— و نضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا : اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ : پھل یا گوشت پکانا۔

اِسْتَنْضَجَ الْکُرَاعَ اَیْ یَدَ الشَّاةِ : بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْجُ و النَّضْجُ۔ پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِیْجُ الرَّاْیِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ مضبوط معاملہ۔

المِنْضَاجُ۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔

نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا الْبَیْتَ بِالْمَاءِ : پانی چھڑکنا — عَلَیْهِ الْمَاءَ چھڑکنا — الْجِلْدَ : کھال تر کرنا — عَطَشَهٗ : پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا — الْبَعِیْرُ الْمَاءَ : کھیت میں ڈالنے کے لیے نہر یا کنوئیں سے لانا — فُلَانًا بِالنَّبْلِ تیراندازی کرنا۔ نَضَحَ عَنْ نَفْسِهٖ : مدافعت کرنا۔

نَضَحَ الزَّرْعُ : کھیتی کا دانہ دار ہونا — الشَّجَرُ : پتے نکلنے کے لیے پھٹنا — النَّخْلَ : پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ف) نَضْحًا و تَنْضَاحًا الْاِنَاءُ : برتن کا ٹپکنا — الفَرَسُ : پسینہ والا ہونا۔ نَضَحَتِ الْعَیْنُ : آنسو بہانا — السَّمَاءُ الْقَوْمَ : برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ : بمعنی نضح — عِرْضَ فُلَانٍ : آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

نَاضَحَ مُنَاضَحَةً عَنْ كَذَا : مدافعت کرنا۔
اِنْتَضَحَ الْمَاءُ عَلَيْهِ : پانی چھڑکا جانا (— و اِسْتَنْضَحَ الْمُتَوَضِّئُ) وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔
تَنَضَّحَتْ و اِنْتَضَحَتِ الْعَيْنُ : آنسو بہانا۔
اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا : بیزار ہونا۔
النَّضْحُ۔ مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضْحُ : ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْحٌ و اَنْضِحَة۔
النَّضَحُ۔ حوض۔ ج نُضُوْحٌ و اَنْضَاحٌ۔
النَّضِيْحُ۔ حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُحٌ۔
النَّاضِحُ۔ فا۔ اُونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کیلئے لایا جائے۔ مؤنث۔ نَاضِحَة۔ ج نَوَاضِحُ بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔
النَّضَّاحُ۔ اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اُونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ : اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّضُوحُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوْحٌ مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوْحٌ و نُضَيْحَةٌ اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
التَّنْضَاحُ۔ پسینہ۔
الْمِنْضَحَة و الْمِنْضَاحَة۔ پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔
نَضَخَهُ (ف) نَضْخًا۔ چھڑکنا۔ تر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَخَ النَّبْلَ و بِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔
نَضَخَ (ف) نَضْخًا و نَضَخَانًا الْمَاءُ : پانی کا چشمہ سے ابلنا۔
نَاضَخَهُ مُنَاضَخَةً و نِضَاخًا۔ ایک دوسرے پر چھڑکنا۔
اِنْضَخَّ و اِنْضَاخَّ عَلَيْهِ الْمَاءُ پانی کا گرنا۔
اِنْتَضَخَ الْمَاءُ پانی چھڑکا جانا۔
النَّضْخُ۔ مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔
النَّضْخَة۔ بوچھار۔
النَّضَّاخُ۔ موسلادھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ : اُبلنے والا پانی۔

الْمِنْضَخَة۔ پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ج مَنَاضِخُ عوام اسے مَرَشَّةٌ یا رَشَّاشَة کہتے ہیں۔
نَضَدَ (ض) نَضْدًا و نَضَّدَ۔ الْمَتَاعَ سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعولی مَنْضُوْدٌ و نَضِيْدٌ و مُنَضَّدٌ اور کہا جاتا ہے رَأْيٌ مُنَضَّدٌ یعنی مضبوط رائے۔
تَنَضَّدَتِ الْاَسْنَانُ وَنَحْوُهَا : دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔
اِنْتَضَدَ الْقَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا : جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔
النَّضَد۔ ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لیے شرافت ہے۔ شریف ج اَنْضَاد۔ اَنْضَادُ الْقَوْمِ : لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔ اَنْضَادُ الرَّجُلِ : مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ اَنْضَادُ الْجِبَالِ او السَّحَابِ : تہ بتہ پہاڑ یا بادل (— و النَّضُوْد) موٹی اُونٹنی۔ ج اَنْضَاد و نُضُد۔
النَّضِيْدَة۔ بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد۔
الْمِنْضَدَة۔ گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔
نَضَرَ (ن) و نَضِرَ (س) و نَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً و نَضَرًا و نُضُوْرًا و نَضَارَةً الْوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا : شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت نَاضِرٌ و نَضِرٌ و نَضِيْرٌ۔
نَضَرَهُ (ن) نَضْرًا و نَضَّرَهُ۔ اللّٰهُ : ترو تازہ بنانا۔
اَنْضَرَ۔ تروتازہ ہونا — الشَّجَرُ : درخت کا سبز ہونا۔ اَنْضَرَهُ اللّٰهُ : تروتازہ بنانا۔
اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ : تروتازہ پانا یا سمجھنا۔
النَّضْرُ۔ ج اَنْضَار و اَنْضُر و النُّضَار و النَّضِيْرُ و الْاَنْضَرُ۔ چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لیے مستعمل ہے۔ النُّضَار : ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔
النُّضَار و النِّضَار۔ جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لیے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحٌ نُضَارٌ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔
النَّاضِر۔ خوبصورت۔ نرم و نازک۔ گہرا۔

النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ : گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَاضِرٌ و اَخْضَرُ نَاضِرٌ۔
النَّضْرَة۔ نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تَعْرِفُ فِي وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔
نِضْرُ الرَّجُلِ : مرد کی بیوی۔
نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا و نَضِفَ (س) نَضَفًا و اِنْتَضَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهِ : اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔
نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا۔ خدمت کرنا۔ نَضَفَ الْحِمَارُ : گدھے کا گوز کرنا۔
اَنْضَفَ الْجَمَلُ : اُونٹ کا دلکی چلنا — الرَّجُلُ : ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا — الْجَمَلَ : اُونٹ کو دلکی چلانا۔
النَّضْف۔ مص۔ جنگلی پودینہ۔
النَّضَفَان۔ دلکی چال۔
النَّضِف و النَّضِيْف۔ ناپاک۔
النَّاضِف۔ فا (— و الْمِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَنَاضِف۔
نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا۔ تیراندازی میں سبقت کرنا۔ تیراندازی ہی میں غالب ہونا۔
نَضِلَ (س) نَضَلًا الْبَعِيْرُ : اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔
نَاضَلَهُ نِضَالًا و نِيْضَالًا و مُنَاضَلَةً تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ : کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔
اَنْضَلَهُ۔ لاغر کرنا۔ تھکانا۔
تَنَضَّلَهُ۔ نکالنا۔
اِنْتَضَلَهُ۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ الْقَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الْكِنَانَةِ : انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الْاِبِلُ فِي السَّيْرِ : چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔
اِنْتَضَلَ و تَنَاضَلَ الْقَوْمُ : تیراندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔
النَّاضِل۔ فا۔ تیراندازی میں غالب۔ ج نُضَّال۔
النَّيْضَل۔ مصیبت۔ بلا۔ سختی۔

نَضْنَضَ الرَّجُلُ : بہت روپے پیسے والا ہونا —لِسَانَهُ : حرکت دینا —هُ : بتلاءِ رنج کرنا۔

النَّضْنَاضُ والنَّضْنَاضَةُ۔ مِنَ الْحَيَّاتِ : زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔

نَضَا يَنْضُو نَضْوًا۔ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهِ : تلوار کو میان سے سونتنا — الثَّوْبَ عَنْهُ : کپڑا اتارنا — الرَّجُلُ مِنْ ثَوْبِهِ : ننگا کرنا — الْبِلَادَ : طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ : زخم کی سوجن اترنا — الْمَاءُ : پانی کا جذب ہونا — السَّيْفُ : تلوار کا پار ہونا (— نَضْوًا و نُضِيًّا) الْفَرَسُ الْخَيْلَ : آگے بڑھ جانا (— نَضْوًا و نُضُوًّا) الْخِضَابُ : رنگ اتر جانا۔

أَنْضَى إِنْضَاءً الْبَعِيْرَ : اونٹ کو دبلا کرنا۔ الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا — فُلَانًا : دبلا جانور دینا۔

نَضَّى تَنْضِيَةً ثَوْبَهُ عَنْهُ : کسی کا کپڑا اتارنا۔

تَنَضَّى الْبَعِيْرَ : اونٹ کو دبلا کرنا۔

اِنْتَضَى اِنْتِضَاءً السَّيْفَ : تلوار کو میان سے سونتنا — الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا۔

النِّضْوُ۔ دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ۔ بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیراندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج أَنْضَاءٌ۔

النُّضَاوَةُ۔ مِنَ الْخِضَابِ : چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "أَعْطِنِي نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔

النَّضِيُّ۔ دبلا جانور۔ بغیر پیکان اور پر کے تیر — مِنَ السَّهْمِ : پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج أَنْضِيَةٌ۔

نَضَى يَنْضِي نَضْيًا السَّيْفَ : تلوار سونتنا — الثَّوْبَ : کپڑا اتارنا (— وأَنْضَى وانْتَضَى) الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔

نَطَّ (ن) نَطًّا الشَّيْءَ : باندھنا۔ کھینچنا۔

نَطَّ (ض) نَطًّا۔ بکواس کرنا — فِي الْأَرْضِ : دور جانا (— نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔

النَّطَّاطُ۔ بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔

النَّطِيْطُ۔ مص۔ مَكَانٌ نَطِيْطٌ۔ دور کی جگہ

أَرْضٌ نَطِيْطَةٌ : دور والی زمین۔

عَقَبَةٌ نَطَّاءُ : دور کی گھاٹی۔

الأَنَطُّ۔ دور کا سفر۔ ج نُطُطٌ۔

نَطَبَهُ (ن) نَطْبًا و أَنْطَبَهُ۔ انگلی سے کان پر مارنا۔

نَاطَبَهُ مُنَاطَبَةً۔ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔

أَنْطَبَ أُذُنَهُ : انگلی سے کان پر مارنا۔

النَّاطِبَةُ۔ چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِبُ۔

النِّطَابُ۔ سر۔ گردن کی رگ۔

المِنْطَبُ والمِنْطَبَةُ۔ چھننا۔

المَنْطَبَةُ۔ بیوقوف۔

نَطَحَهُ (ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ و نَحْوُهُ : بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا : دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَاطَحَهُ نِطَاحًا و مُنَاطَحَةً۔ سینگوں سے مارنا۔

اِنْتَطَحَ و تَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ : مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْأَمْوَاجُ او السُّيُوْلُ : موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔

النَّاطِحُ۔ فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ بکری بیل اور خَابِط سے اونٹ النَّاطِحُ : منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَّطْحُ۔ مص۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَّوَاطِحُ۔ سختیاں۔

النَّطْحَةُ۔ نَطْح کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔

النَّطِيْحُ۔ سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَةٌ۔ ج نَطْحَى و نَطَائِحُ۔

النَّطَّاحُ۔ بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔

نَطَرَ (ن) نَطْرًا و نِطَارَةً۔ الكَرْمَ او الزَّرْعَ : انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔

النِّطَارَةُ۔ مص۔ باغبانی کا پیشہ۔

النَّاطِرُ و النَّاطُوْرُ۔ باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّارٌ و نَطَرَةٌ و نَوَاطِيْرُ و نُطَرَاءُ۔

النُّطَّارُ۔ اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے)

نَطْرُوْنُ۔ بورہ ارمنی۔

نَطِسَ (س) نَطَسًا۔ عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔

تَنَطَّسَ۔ گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور و فکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْأَخْبَارَ وعَنِ الْأَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔

النَّطْسُ والنَّطِسُ والنَّطُسُ۔ عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔

النَّطِيْسُ والنِّطَاسِيُّ والنَّطَاسِيُّ عالم۔ ماہر طبیب۔

النُّطُسُ۔ ماہر اطباء۔

النُّطَسَةُ۔ بہت احتیاط کرنے والا۔

النَّاطِسُ۔ جاسوس۔

نُطِعَ نَطْعًا وانْتُطِعَ واسْتُنْطِعَ لَوْنُهُ : رنگ متغیر ہونا۔

تَنَطَّعَ فِي الْكَلَامِ : غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔ — فِي شَهَوَاتِهِ : مبالغہ کرنا — فِي عَمَلِهِ : ماہر ہونا — الرَّجُلُ : چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔

النَّطْعُ والنِّطْعُ والنَّطَعُ والنِّطَعُ۔ چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لیے بچھایا جائے ج أَنْطَاعٌ و نُطُوْعٌ۔

النِّطْعُ والنِّطَعُ۔ تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْعٌ۔ اور اسی سے حرف نِطْعِيَّة ت ط د ہیں۔

النُّطْعُ۔ گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔

النَّاطِعُ۔ خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض ناطع۔

نِطَاعُ الْقَوْمِ : قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِيْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔

النَّطَّاعُ۔ کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْنَ۔

النَّطَاعَةُ۔ لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا و تَنْطَافًا و نَطَفَانًا و نِطَافَةً- المَاءُ تھوڑا تھوڑا پانی بہنا —— الْقِرْبَةُ : مشک کا ٹپکنا —— المَاءَ پانی بہانا-

نَطَفَهُ و نَطَّفَه و اَنْطَفَهُ- بدکاری کی تہمت لگانا- عیب لگانا- نَطَّفَ الْمَرْأَةَ : عورت کے کان میں بالی پہنانا-

نَطِفَ (س) و نُطِفَ نَطَفًا و نَطَافَةً و نُطُوْفَةً- عیب دار ہونا- عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا- نَطِفَ الشَّئُ : فاسد ہونا- خراب ہونا- نَطِفَ الرَّجُلُ : بدہضمی والا ہونا-

تَنَطَّفَ- الرَّجُلُ : عیب دار ہونا —— مِنْ كَذَا پرہیز کرنا- نفرت کرنا- تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ : عورت کا بالی پہننا-

النَّطَف- مص- عیب- برائی- فساد-

النُّطْفَة- صاف پانی- تھوڑا یا زیادہ- سمندر- مرد یا عورت کا نطفہ- ج نِطَاف و نُطَف (—— و النُّطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے- النُّطَافَة : ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے-

النُّطْفَتَان- دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)

النُّطْفَة و النَّطَفَة- بالی- آبدار موتی ج نُطَف-

النَّطِف- پلید- شکی آدمی-

النَّطُوْف- بارش والی- کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات-

النَّاطِف- ریوڑی- گٹہ-

النَّاطِفِيُّ- ریوڑی بیچنے والا-

نَطَقَ (ض) نُطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوْقًا- بولنا —— الْكِتَابُ : واضح بیان کرنا-

نَطَّقَهُ- گفتگو کرانا- کسی کو پٹکا باندھنا- کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا- نَطَّقَ المَاءُ الْاَكَمَةَ وَ غَيْرَهَا : پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا-

نَاطَقَهُ- گفتگو کرانا-

اَنْطَقَه- گفتگو کرانا-

تَنَاطَقَ الرَّجُلَانِ : باہم گفتگو کرنا-

تَنَطَّقَ و اِنْتَطَقَ و تَمَنْطَقَ- کمر میں پٹکا باندھنا —— المَرْأَةُ : عورت کا کمر پر پٹکا باندھنا —— الْاَرْضُ بِالْجِبَالِ : پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهِ : طاقتور و قوی ہونا-

الرَّجُلُ : گفتگو کرنا- علم منطق حاصل کرنا —— فَرَسَهُ : بغیر سوار ہوئے کھینچنا-

اِسْتَنْطَقَه- گفتگو کرنا- بولنے کو کہنا-

النُّطْق- مص- اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی-

النَّطْقَة- نطق کا اسم مرۃ- کہا جاتا ہے "نَطَقَ نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بولا-

النَّطِق- بولنے والا-

النِّطَاق- کمر بند- پٹی- کہا جاتا ہے "عَقَدَ فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لیے مستعد ہوا- النِّطَاق : کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے- ج نُطُق-

نِطَاقُ الْجَوْزَاء- جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام و التئام کے لیے ضرب المثل ہیں-

النِّطَاقَة- پرچہ- پرزہ- اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے-

النَّاطِق- فا- عرب کا قول "الْاِنْسَانُ حَيَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے- كِتَابٌ نَاطِقٌ : واضح کتاب-

النَّاطِقَة- النَّاطِق کا مؤنث- کر- النَّفْسُ النَّاطِقَة : نفس انسانی-

المَنْطِق- مص- گفتگو- اور کبھی انسان کے علاوہ کیلئے بھی بولا جاتا ہے- کہا جاتا ہے- سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّيْرِ : علم المنطق : ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں- اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے-

المَنْطِقِي- علم منطق جاننے والا-

المِنْطَق و المِنْطَقَة- پٹکا جو کمر پر باندھا جائے- ج مَنَاطِق- اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے- کہتے ہیں تَمَنْطَقَ : بمعنی پٹکا باندھنا جیسے مِدْرَعَةٌ سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِيْلٌ سے تَمَنْدَلَ- تَمَنْطَقَ : علم منطق حاصل کرنا- اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا- مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ تین ستاروں کے نام- اور مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ : ایک دوسرے ستارے کا نام ہے-

المِنْطِيْق و النِّطِّيْق- بلیغ-

المُنَطَّق- مفع پٹکا باندھنے کی جگہ- المُنَطَّقَة مِنَ الْمَعْزِ : کمر میں سفیدی والی بکری-

المُنْتَطِق- عالی مرتبہ- گرامی قدر- اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْتَطِقاً حِصَانَهُ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا-

المَنْطُوْق عِنْدَ الْاُصُوْلِيِّيْن : مفہوم مخالف کے خلاف-

نَطَلَ (ن) نَطْلاً الْخَمْرَ : نچوڑنا (—— و نَطَّلَ) رَاسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْلِ : تریڑا کرنا- آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا-

اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِ : مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا-

النَّطْل- مص- انگور کا چھلکا- تھوڑا دودھ- (—— و النِّطْل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے- النِّطْل : شراب کا بقیہ-

النُّطْلَة و النَّاطِل- شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ- النَّاطِل : فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے- کہا جاتا ہے "مَاظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا-

النَّاطِل و النَّاطَل و النَّيْطَل و التَّأطِل شراب، دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ- النَّيْطَلُ و النَّطْلَاء مصیبت- و النَّيْطَل : ہلاکت- موت- ڈول- ج نَيَاطِل-

الاَنْطِلَة- مصیبتیں-

النَّطُوْل- پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھاریں-

المَنَاطِل- شراب کشی کے آلات-

نَطْنَطَ الشَّئَ : کھینچنا —— الرَّجُلُ : لمبے سفر والا ہونا (—— و اتَنَطْنَطَ) دُور رہونا-

النَّطْنَط و النُّطْنُط و النَّطْنَاط- لمبے قد والا- ج نَطَانِط و نَطَانِيْط-

نَطَايَنْطُوْ نَطْوًا- الحَبْلَ : رسی کھینچنا —— الغَزْلَ : کاتتے ہوئے سوت کا بانا کرنا —— المَنْزِلُ : دُور ہونا —— عَنْ فُلَانٍ : چپ ہو جانا-

نَاطٰی مُنَاطَاۃً الرَّجُلَ :باہم نزاع کرنا۔
اَنْطٰی۔ دینا۔
تَنَاطٰی القَوْمُ :ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ تَنَاطَوا الْکَلَامَ: آپس میں گفتگو کرنا۔
النَّطْو۔ دُوری۔
النَّطِی۔ دُور۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ نَطِیٌّ" دُور کا راستہ (— والمَنْطُوُّ) مِنَ الْغَزْلِ: کاتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
النَّطَاۃُ۔ کچی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج اَنْطَاء۔
نَظَرَ(ن) و نَظِرَ(س) نَظَرًا و مَنْظَرًا و مَنْظَرَۃً و تَنْظَارًا و نَظَرَانًا۔ ہٗ و اِلَیْہِ: دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ (نَظَر (ن) نَظَرًا) فِی الْاَمْرِ: سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا — الشَّیَٔ: انتظار کرنا — بَیْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور فیصلہ کرنا — لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا — فُلَانًا: متوجہ ہونا۔ دیر کرنا — فُلَانًا الدَّیْنَ: مہلت دینا۔ (اَنْظَر میں ایک لغت ہے) — الشَّیَٔ: مہلت سے بیچنا — فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "اُنْظُرْلِیْ فُلَانًا" میرے لیے فلاں کو طلب کرو۔ و دَارِیْ تَنْظُرُ دَارَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّھْرُ اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔
نَاظَرَہٗ مُنَاظَرَۃً۔ مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَیْشُ الْاَلْفَیْنِ: قریب پہنچنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّیَٔ بالشَّیِٔ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِیْ تُنَاظِرُ دَارَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
اَنْظَرَہُ الدَّیْنَ :ادائیگی قرض کیلئے مہلت دینا۔
اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ: مشابہ بنانا — الرَّجُلَ: سوچنے کا موقعہ دینا۔ مہلت سے بیچنا۔
تَنَظَّرَہٗ۔ آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلَانٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔
تَنَاظَرَا فِی الْاَمْرِ :باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَہٗ۔ انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔
اِسْتَنْظَرَہٗ۔ انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔
النَّظَر۔ مص۔ نگاہ۔ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ وَالْاِسْتِدْلَالِ: علم کلام۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم تسور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے۔ "و بَیْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے "و نَظَرًا اِلٰی کَذَا و بِالنَّظَرِ اِلٰی کَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَرُ: ہمسائے۔
النِّظْر۔ مشابہ۔ مانند۔
النَّظْرَۃُ۔ نَظَر کا اسم مرۃ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بری ہیئت و عیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَہٗ بِعَیْنِ النَّظْرَۃِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔
النَّظِرَۃُ۔ مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔
النَّظَرِی۔ نظر کی جانب منسوب۔ استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔
النَّظَرِیَّۃُ فِی الْھَنْدَسَۃِ :وہ قضیہ جو صحت ثبوت کیلئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِیَّات۔
النِّظَار و النِّظَارَۃ۔ فراست۔ دانائی۔
النَّاظِر۔ فا۔ آنکھ کی پتلی۔ و النَّاظِر عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْنَ: کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے نَاظِر خَارِجِیَّہ و نَاظِر مالیہ۔ ج نُظَّار۔ النَّاظِر: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لیے بھیجے۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ شَدِیْدُ النَّاظِر" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لیے کہ آنکھ ملا کر بات کرتا ہے۔ النَّاظِرَانِ: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔
نَظَارِ۔ اسم فعل۔ بروزن نَزَالِ و تَرَاكِ۔ بمعنی انتظر۔
النَّاظِر و النَّاظُوْر۔ انگور یا کھیتی کا محافظ۔ النَّاظُوْر: سردار قوم۔
النَّاظِرَۃ۔ النَّاظِر کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر النَّوَاظِر: سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَّظَّار۔ تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔
النَّظَّارَۃ۔ ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی
النَّظَّارَۃ عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْن :دُوربین۔
النَّظُوْر و النَّظُوْرَۃ و النَّظِیْرَۃ و النَّاظُوْرَۃ قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع) النَّظُوْر: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔
النَّظِیْر۔ مثل و مانند۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِیْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِیْرَۃ ج نَظَائِر۔ نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفا و افاضل۔
نَظِیْرَۃُ۔ الْقَوْمِ او الْجَیْشِ و نُظُوْرَتُھُمْ: دیدبان۔
الْمَنْظَر۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نام ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ مَنْظَرِیْ و مُسْتَمَعِیْ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وکُنْتُ عَنْ ھٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر الْمَنَاظِر :بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِر :وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔
الْمَنْظَرَۃ۔ مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی بلند جگہ۔ الْمَنْظَرَۃ: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔
الْمَنْظَرِی و الْمَنْظَرَانِی۔ خوش نما۔
الْمُنَاظِر۔ فا۔ مثل۔
الْمِنْظَار۔ آئینہ۔ ج مَنَاظِیْر۔
الْمَنْظُوْر۔ مفع۔ وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔
الْمَنْظُوْرَۃ۔ الْمَنْظُوْر کا مؤنث۔ مصیبت اِمْرَأَۃٌ مَنْظُوْرَۃ: عیب دار عورت۔
نَظُفَ(ک) نَظَافَۃً الشَّیُٔ :صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِیْفٌ صفت مؤنث نَظِیْفَۃٌ ج نُظَفَاء۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِیْفُ السَّرَاوِیْلِ" فلاں پاک دامن ہے و نَظِیْفُ الْاَخْلَاقِ :مہذب۔
نَظَّفَ الشَّیَٔ :صاف کرنا۔ پاک کرنا۔
تَنَظَّفَ الشَّیُٔ :صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ :

بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔
اِنْتَظَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ أُمِّهِ : اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
اِسْتَنْظَفَ صاف ستھرا طلب کرنا ـــ الْوَالِي الْخَرَاجَ : پورا وصول کرلینا ـــ فُلَانٌ الشَّيْئَ : سب لے لینا ـــ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ أُمِّهِ : اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
نَظَمَ (ض) نَظْمًا و نِظَامًا اللُّؤْلُؤَ و نَحْوَهُ : موتی پرونا : آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا ـــ الشَّيْئَ إِلَى الشَّيْئِ : ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا ـــ الْأَمْرَ : برپا کرنا۔ قائم کرنا۔
نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ و الشِّعْرَ : بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)
نَظَّمَتْ و أَنْظَمَتِ السَّمَكَةُ او الدَّجَاجَةُ : مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔
تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ و تَنَاظَمَ اللُّؤْلُؤُ و نَحْوُهُ موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ الْأَمْرُ : درست ہونا۔ و اِنْتَظَمَ الصَّيْدَ : شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ : پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔
النَّظْم ۔مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظْمُ : بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ و الدَّبَرَانِ۔
النِّظَام ۔مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُمٌ و أَنْظِمَةٌ و أَنَاظِيْمُ۔ النِّظَام : طریقہ وعادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلَى نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الْأَمْرِ : سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ : ریت پر جما ہوا اور رستہ لگا ہوا۔ النِّظَامُ مِنَ الْجَرَادِ و النَّخْلِ و نَحْوِهَا : ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔
النِّظَامَانِ و الْإِنْظَامَانِ و الْأُنْظُوْمَتَانِ مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ : دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج أَنَاظِيْمُ۔
الْأَنْظَام ۔ مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا ـــ مِنَ الرَّمْلِ : ریت پر جما ہوا اور رستہ لگا ہوا۔
النَّظَّام ۔ بہت پروتے والا۔

النَّظِيْم ۔ موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔
الْمَنْظُوْم ۔ مفہ ۔ شعر۔ اور یہ منثور کے خلاف ہے۔
الْمَنْظِم ۔ ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَنَاظِمُ۔
النَّع ۔ کمزور مرد۔
النُّعَاع ۔ ملائم ونازک گھاس۔ واحد نُعَاعَةٌ۔
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا و نُعَابًا و نَعِيْبًا و نَعَبَانًا و تَنْعَابًا الْغُرَابُ : کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا ـــ الْمُؤَذِّنُ : گردن لمبی کرکے اذان دینا۔
نَعَبَتْ (ف) نَعْبًا الْإِبِلُ : اُونٹ کا چلنے میں گردن لمبی کرنا۔
النَّعْب ۔مص۔ رِيْحٌ نَعْبٌ : تیز ہوا۔
نَاقَةٌ نَاعِبَةٌ ج نَوَاعِبُ و نُعُوْبٌ ۔ ج نُعُبٌ و نَعَّابَة ۔ تیز رفتار اُونٹنی۔
النَّعَّاب ۔ اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔
الْمِنْعَب و الْمُنْعِب ۔ تیز رفتار اُونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا۔ بیوقوف۔
نَعَتَهُ (ف) نَعْتًا ۔ تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الْكَلِمَةَ : کلمہ کیلئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعَتًا ۔ بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةً الرَّجُلُ : خلقۃً عمدہ صفات والا ہونا ـــ الْفَرَسُ : گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
أَنْعَتَ الرَّجُلُ : خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنْتَعَتَهُ ۔ تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتَتِ الْمَرْأَةُ ـــ بِالْجَمَالِ : متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّيْئَ : تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَهُ الشَّيْئَ : بیان کرنے کو کہنا۔
النَّعْت ۔مص۔ تعریف ج نُعُوْت۔
النَّعْت و النَّعَتَة و النَّعِيْت و النَّعِيْتَة و الْمُنْتَعِت مِنَ الْخَيْلِ : گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَيْئٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن و جمال میں انتہا پر ہے۔

نَعَثَ (ف) نَعْثًا و اِنْتَعَثَ الشَّيْئَ : لینا۔
أَنْعَثَ فِيْ مَالِهِ : فضول خرچی کرنا ـــ الرَّجُلُ : سفر کے لیے سامان لینا ـــ الْقَوْمُ : کام میں جدوجہد کرنا۔
نَعْثَلَ الشَّيْئَ : جمع کرنا ـــ الْفَرَسُ فِيْ جَرْيِهِ : تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔
النَّعْثَل ۔ بیوقوف بڈھا۔ نر بجو۔
النَّعْثَلَة ۔ بیوقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) و نَعَجَ (ن) نَعَجًا و نُعُوْجًا اللَّوْنُ : خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا : اُونٹنی کا تیز دوڑنا (نَعِجَ (س) نَعَجًا) الْبَعِيْرُ : اُونٹ کا موٹا ہونا ـــ الرَّجُلُ : بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ۔
أَنْعَجَ الْقَوْمُ : موٹے اُونٹوں والا ہونا۔
النَّعْجَة ۔ بھیڑ۔ ج نِعَاجٌ و نَعَجَاتٌ ۔ و نِعَاجُ الرَّمْلِ : گائے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوْقِ : سفید عورت یا اُونٹنی۔ نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ : تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ أَرْضٌ نَاعِجَةٌ : ہموار نرم زمین۔ ج نَوَاعِجُ۔
النَّعَج ۔مص۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِيْرًا و نُعَارًا الرَّجُلُ : خراٹے لینا ـــ الْعِرْقُ بِالدَّمِ : جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِيْ قَفَا الْإِفْلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِي الْبِلَادِ : جانا ـــ الْقَوْمُ : جوش و خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا ـــ إِلَى فُلَانٍ : آنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ نَعَرْتَ إِلَيْنَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِي الْأَمْرِ : اٹھنا اور کوشش کرنا ـــ الرَّجُلُ : مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرَ الْحِمَارُ او الْفَرَسُ : ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ۔
نَعَّرَ السَّهْمَ : سیدھائی معلوم کرنے کیلئے ناخن پر گھمانا۔

اَنْعَرَ الْأَرَاكُ : درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النُّعْرَة۔ نعر کا اسم مرۃ۔ خراٹا۔ ج نَعَرَات۔
نَعْرَةُ النَّجْم : ہوا کا جھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔
النَّعَرَة و النُّعَرَة۔ تکبر۔ غرور۔ مہتم بالشان کام۔
النُّعَرَة و النُّعَرَة۔ ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔
النُّعَرہ : ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نُعَرَاتٌ۔
النَّاعِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اِتَّبَعُوْهُ "جب کبھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر۔ وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ۔
النَّعِيْر۔ مص۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ و پکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرُ الْهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار۔ نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ۔ اِمْرَأَةٌ نَعَّارَةٌ : شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَّعَّار : ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار و النَّعُوْر و النَّاعُوْر۔ رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُوْر : چکی کا پلو۔
النَّعُوْرُ مِنَ الرِّيَاحِ : گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِيَّةٌ نَعُوْرٌ : دور کی نیت۔
النَّعَّارَةُ عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ۔ دستے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْرُ و النَّاعُوْرَة۔ رہٹ۔ ج نَوَاعِيْر۔
نَعَسَ (ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ : اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّس۔ صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات و نَوَاعِس۔ نَعَسَ جِسْمُهُ اَوْ رَأْيُهُ : جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوْقُ : بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهُ۔ سلانا — فُلَانٌ : سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ۔ بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا — الْبَرْقُ : بجلی کا سست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْقُ : بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاس۔ حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَان۔ اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَى (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَاَةٌ نَعَاسَةٌ و نَعُوْسٌ۔ اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوْسٌ : دودھار اونٹنی۔
نَعَشَهُ (ف) نَعْشًا اللّٰهُ : بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا — الرَّبِيْعُ النَّاسَ : خوش حال کرنا — الْمَيِّتَ : بھلائی سے یاد کرنا — طَرْفَهُ : نگاہ اٹھا کر دیکھنا — الشَّجَرَةَ : جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ۔ تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْشٌ — فُلَانٌ : پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهُ و اَنْعَشَهُ اللّٰهُ : بلند کرنا اور اٹھانا۔ نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا : نَعَشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ۔ کہنا۔
اِنْتَعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا — مِنْ سَقْطَتِهِ : گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔
النَّعْش۔ مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرٰى : سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰى کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءَ : حرکت دینا — الْجَرَادُ الْاَرْضَ : چٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا۔ جھکنا۔
اِنْتَعَصَ۔ ہلنا — الرَّجُلُ : گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَة۔ مددگار۔ اعوان و انصار۔
اَنْعَطَ الْاٰكِلُ : آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
النُّعْط۔ کھانے اور داد و دہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَهُ مُنَاعَفَةً۔ باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔ الطَّرِيْقَ : راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ۔ بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ۔ بلند جگہ پر چڑھنا — لِفُلَانٍ : درپے ہونا — الشَّيْءَ : غیر کے لیے چھوڑ دینا۔ — الرَّاكِبُ : ظاہر ہونا۔
النَّعْف۔ پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ — مِنَ الرَّمْلَةِ : ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف۔
النُّعْفَة۔ پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَة۔ گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ و نَعُوْفٌ و مُنْتَعِفَةٌ لٹکتا ہوا کان۔
الْمَنَاعِفُ مِنَ الْجِبَالِ : پہاڑوں کی چوٹیاں۔
الْمُنْتَعَف۔ نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا و نَعِيْقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا الْغُرَابُ : کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ الْمُؤَذِّنُ : مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الرَّاعِي بِغَنَمِهِ : چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاق۔ بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَان۔ جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ (ف) نَعْلًا الْقَوْمَ : جوتے دینا۔ (نَعَلَ و نَعَّلَ و اَنْعَلَ) الدَّابَّةَ : نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلًا۔ جوتہ پہننا۔
تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ۔ جوتہ پہننا — الثَّوْبَ روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
النَّعْل۔ مص۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَة۔ نَعْلُ الدَّابَّةِ : گھوڑے کا نعل ج نِعَال و اَنْعُل۔ النَّعْل میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ ج نِعَال۔ کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہو گئی۔
النَّعْلَة۔ ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔
النَّاعِل۔ فا۔ بہت جوتے والا۔ گور خر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ : جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافِرٌ نَاعِلٌ : سخت کھر
النَّعَّال۔ نعل بند۔
الْمَنْعَل و الْمَنْعَلَة۔ سخت زمین۔ کہا جاتا ہے

"مَكَانٌ مَنْعَلٌ وَاَرْضٌ مَنْعَلَةٌ۔"

اَلْمُنْعَل۔ جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ : مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔

نَعَمَ (ف ن) و نَعِمَ (س) نَعْمَةً و مَنْعَمًا الرَّجُلُ : خوش حال ہونا — عَيْشُهٗ : آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا وَنَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہارے محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔

نَعِمَ (س) نَعَمًا الْعُوْدُ۔ لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔

نَعُمَ (ک) نُعُوْمَةً۔ نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا۔ صفت نَاعِم۔

نِعْمَ۔ افعال مدح میں سے ہے اور غیر متصرف ہے۔ تم کہتے ہو نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ و نِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا و نِعْمَتَا و نِعْمن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَقْتُهٗ دَقًّا نِعِمَّا" (کسر عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَقْتُهٗ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الْفِعْلَةُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّيْءَ : نرم و نازک بنانا — الرَّجُلُ : آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا — الْقَوْمُ لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ۔ الشَّيْءَ : نرم و نازک بنانا — فُلَانًا : آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے۔ اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا و عِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وَاَنْعَمَهٗ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا : تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ : زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا — الْقَوْمُ : لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيْقَه : ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِي الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا — اَنْعَمَ النَّظَرَ فِي الْمَسْأَلَةِ : غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهٗ : کسی سے نَعَمْ کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ : آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلُ۔ آسودہ حال بنانا — الْحَبْلَ وَغَيْرَهٗ : رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ : ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا — قَدَمَيْهِ : مشغول کرنا — فُلَانًا بِالْمَكَانِ : ڈھونڈنا — الدَّابَّةُ : خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِيْ" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لیے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ۔ خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعِمْ و نِعِمْ و نِعَامْ و نَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنے قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد ہو گا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کے جواب میں "نَعَمْ اَعِدُكَ بِضَرْبِهٖ" کے معنے میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہو گا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ اُعَلِّمُكَ بِقِيَامِهٖ کے معنے میں ہو گا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّيْ قَادِرٌ۔

اَلنُّعْم۔ خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمْ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

اَلنَّعَم۔ اُونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام جج اَنَاعِيْم۔

اَلنَّعْمَة۔ اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ : زندگی کی آسودگی۔

اَلنِّعْمَة۔ احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم و اَنْعُم و نِعْمات و نِعَمات و نِعِمات۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ : فلاں بہت مالدار ہے۔

اَلنَّعْمَاء ج اَنْعُم و النُّعْمٰى۔ بابرکت ہاتھ۔ و النُّعْمٰى : آرام۔ خوش عیشی، مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُهٗ نَعْمَ عَيْنٍ و نُعْمَ عَيْنٍ و نَعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمٰى عَيْنٍ و نَعِيْمَ عَيْنٍ و نَعَامَ عَيْنٍ و نِعَامَ عَيْنٍ و نُعَامَ عَيْنٍ و نُعَامٰى عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لیے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے آخری امر یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

اَلنُّعْمَة۔ خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ : آنکھ کی ٹھنڈک۔

اَلنَّعَامَة۔ شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام و نَعَامَات و نَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيْسَقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ اَلنَّعَامَة : نفس۔ تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کھوپڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة : پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَرَتْ نَعَامَتُهٗ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ كَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَنَاحَيِ النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهٗ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهٗ لَخَفِيْفُ النَّعَامَةِ" یعنی وہ ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لیے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

اَلنَّعَام اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ اَلنَّعَامُ الصَّادِرُ : چار ستاروں کے نام

النَّعَامَ الْوَارِد : دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعَائِم۔ منازل قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة۔مص۔نرمی و نازکی۔ملائمت۔

النُّعْمَان۔ حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب' خون شَقَائِقُ النُّعْمَانِ : گل لالہ۔ واحد شَقِيْقَةُ النُّعْمَانِ۔

الْإِنْعَام۔مص۔انعام۔ج انعامات۔

الْإِنْعَامَة۔انعام۔عطیہ۔

النَّاعِمُ۔ فا —— مِنَ الثِّيَابِ : ملائم کپڑا —— مِنَ الْعَيْشِ : آسودہ زندگی —— مِنَ النَّبَاتِ : سیدھا ہموار۔

النَّاعِمَة۔ النَّاعم کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔باغ۔

النَّعِيْم۔ آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيْمُ الْبَالِ "یعنی سکون قلب والا مرد۔

نَعِيْمُ اللّٰهِ :اللہ کا فضل۔

الْمِنْعَم۔ جھاڑو۔

الْمِنْعَام۔ بڑا فیاض۔

كَلَامٌ مُنَعَّمٌ۔ نرم کلام۔

الْمُنَاعِم و الْمُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ : سیدھی ہموار نباتات۔

الْمُنَعَّم و الْمُنَاعَمُ و الْمُتَنَعِّم و الْمُتَنَاعِم خوش حال۔مالدار۔

نَعْنَعَ لِسَانُ فُلَانٍ :زبان میں ہکلا پن ہونا۔

تَنَعْنَعَ الشَّيْئُ : مضطرب ہونا۔جھکنا ——عَنْهُ : دور ہونا۔

النَّعْنَع و النَّعْنَاع۔ پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة و نَعْنَاعَةٌ۔

النَّعْنَعَة۔ پونا۔

نَعَا يَنْعُوْ نُعَاءً السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

النَّعْو۔ ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔

نَعٰى يَنْعٰى نَعْيًا و نَعِيًّا و نُعْيَانًا لَنَا وَإِلَيْنَا فُلَانًا : موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی —— نَعَى الْقَوْمَ : میت کے دفن کیلئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْئَ : خبر دینا —— عَلَى الْقَوْمِ شَهَوَاتِهِمْ : عیب گیری کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعٰى عَلٰى فُلَانٍ ذُنُوْبَهٗ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "و فُلَانٌ يَنْعٰى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعٰى عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔

اَنْعٰى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيْحًا : کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔اَنْعَيْتُهُ الشَّيْئَ :خبر دینا۔

تَنَاعَى الْقَوْمُ : قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کیلئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔

اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ : قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لیے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعٰى ذِكْرُ فُلَانٍ : پھیلنا —— حُبُّ الْخَمرِ بِهٖ مدت تک رہنا —— الرَّاعِي الْغَنَمَ : چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔

النَّعْيَته۔نَعٰی کا اسم مرۃ۔ج نَعَيَات۔

النَّاعِي۔ فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ج نَاعُوْنَ و نُعَاة و نُعْيَان۔

النَّعِي۔مص۔خبر مرگ لانے والا۔جس کی وفات کی خبر دی جائے۔

نَعَاءِ مبنی علی الکسر :اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے نَعَاءِ فُلَانًا :یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔

الْمَنْعٰى و الْمَنْعَاة۔ خبر مرگ۔ج مَنَاعٍ۔

نَغَبَ(ف ن)نَغْبًا الرِّيْقَ : تھوک نگلنا۔

نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ : گھونٹ گھونٹ پینا۔

نَغَبَ(ف)نَغْبًا الطَّائِرُ :پرندہ کا پانی پینا۔

النَّغْبَة و النُّغْبَة۔ گھونٹ ج نُغَب۔ النُّغْبَة : برا کام۔

النُّغْبُن۔بیوقوف۔

النَّغْبَقَة و النُّغْبُوْقَة۔جانور کے پیٹ کی آواز۔

النُّغْبُوْق۔ایک قسم کا پرندہ۔

النُّغْبُوْل۔ایک قسم کا پرندہ۔ایک نباتات۔

نَغَتَ(ف)نَغْتًا الشَّعَرَ :بال کھینچنا۔

النَّغَث۔دائمی سخت مصیبت۔

نَغَرَت(ف ض)ونَغِرَت(س)نَغِيْرًا و نَغَرَانًا الْقِدْرُ :ہانڈی کا ابلنا۔

نَغَر و نَغِر نَغَرًا و نَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلٰى فُلَانٍ : غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغَر عَلَيْهِ جَوْفُهٗ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر صفت مؤنث نَغِرَةٌ —— النَّاقَةَ : اونٹنی کو آواز دینا۔بلانا۔

نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ :بہت پانی پینا —— الرَّجُلُ : کینہ رکھنا۔

نَغَّرَ الصَّبِيَّ : بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ : اونٹنی کو آواز دینا۔بلانا۔

تَنَغَّرَ الرَّجُلُ : غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا —— عَنْ فُلَانٍ : دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔

اَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ :انڈے کا گندا ہونا۔

تَنَاغَرَ الرَّجُلُ :ناواقف بننا۔

النَّغَر۔مص۔کھاری پانی کا چشمہ۔

النُّغَر۔بلبل۔چڑیا کے بچے۔ج نِغْرَان۔

النَّغَّار۔ بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ : بہت خون بہانے والا زخم۔

الْمُنْغِر۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔

الْمِنْغَار۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔

نَغَزَ(ف)نَغْزًا الصَّبِيَّ :بچّے کو گدگدانا۔بَيْنَ الْقَوْمِ :ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔

النَّغَّاز۔ فتنہ انگیز۔چاپی لانے والا۔

نَغَشَ(ف) نَغْشًا و نَغَشَانًا۔ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلٰى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "و غُشِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔

تَنَغَّشَ وَانْتَغَشَ الشَّيْئُ : ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ و تَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهٖ وَالرَّأْسُ بِالْقَمْلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سرجوں سے بھر گیا۔

النَّغْضَةُ- نغض کا اسم مرۃ-
النُّغَاض و النَّغَّاض و النَّغَّاضِیُّ- بہت پستہ قد-
النُّغَاش: رذیل لوگ- عیار لوگ-
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِیْرُ: سیراب نہ ہونا ـــ الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا-
نَغَصَہٗ (ف) نَغْصًا- پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا-
نَغَّصَ و اَنْغَصَ اللّٰہُ عَلَیْہِ الْعَیْشَ و نَغَّصَ عَیْشَہٗ: زندگی مکدر کر دینا- و نَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا- اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِیَّۃً: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا-
نُغِّصَ تَنْغِیْصًا- خوشگواری کا حامل نہ ہونا-
تَنَغَّصَ الْعَیْشُ: مکدر ہونا-
تَنَاغَصَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا-
النُّغْصَۃ- مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص-
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا و نُغُوضًا و نَغَضَانًا کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا- نَغَضُوْا اِلَی الْعَدُوِّ: مقابلے کے لیے اٹھنا ـــ الشَّیْئَ وبِالشَّیْئِ: ہلانا- نَغَضَ نَغْضًا الشَّیْئُ: بہت ہونا ـــ السَّحَابُ: گھٹاٹوپ بادل چڑھنا-
نَغَّضَ الشَّیْئَ: ہلانا-
اَنْغَضَ الشَّیْئُ: ہلنا اور بے قرار ہونا- رَاْسَہٗ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا-
تَنَغَّضَ الشَّیْئُ: ہلنا اور بے قرار ہونا-
النَّغْض- مص- سر ہلانے والا- چلنے میں کانپنے والا-
النَّاغِض- فا- ج نُغَّض- النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے- غَیْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل (ـــ و النُّغض) مِنَ الْکَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی-
النَّغَّاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل- رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو-
النَّغُوْض- بڑے کوہان والی اونٹنی-
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِیْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا-

النَّغَف- مص- اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے- واحد نَغَفَۃٌ- النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے-
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا و نَغِیْقًا الْغُرَابُ: کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا-
النَّغَّاق- بہت کاؤں کاؤں کرنے والا-
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ـــ الْجُرْحُ: فاسد ہونا: زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا- نَغِلَتْ نِیَّتُہٗ: نیت بری ہونا- نَغِلَ قَلْبُہٗ عَلَیَّ: کینہ رکھنا ـــ بَیْنَہُمْ: فساد ڈالنا- چغل خوری کرنا ـــ وَجْہُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا-
نَغُلَ (ک) نُغولۃ المولود: نسبت بگڑنا-
النِّغْلَۃ اسم مصدر ہے-
اَنْغَلَ الْجِلْدُ: دباغت میں خراب کرنا- اسم النُّغْلَۃ-
النَّغْل- گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور-
النَّغَل- مص- لوگوں کے درمیان فساد انگیزی- چغل خوری-
النَّغَلَۃ- چغل خوری-
النَّغْلُ و النَّغِل مؤنث نَغْلَۃٌ و نَغِلَۃٌ و النَّغِیْلُ بگڑا ہوا- حرامی بچہ-
النَّغِیْلَۃ- ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے-
نَغَمَ (ض ن) و نَغِمَ (س) نَغْمًا و نَغَمًا و تَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا- نَغَمَ فِی الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَکَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا-
نَاغَمَہٗ مُنَاغَمَۃً- بہت آہستہ گفتگو کرنا-
النَّغْم و النَّغَم- گانے میں سر- ج اَنْغَام- جج اَنَاغِیْم اور اسی سے اَنْغَامُ الْمُوْسِیْقِیِّ ہے- آہستہ گفتگو-
النَّغَّام- بہت سر نکالنے والا-
النَّغْمَۃ و النَّغَمَۃ- نغم کا واحد- پڑھنے میں اچھی آواز- ج نَغَمَات-
النُّغْمَۃ- گھونٹ- ج نُغَم-
رَجُلٌ نَغُوْمٌ- اچھی آواز والا مرد-
نَغَا یَنْغُوْ نَغْوًا و نَغَی یَنْغِیْ نَغْیًا و اَنْغَی اِلَیْہِ: قابل سمجھ بات کرنا- کہا جاتا ہے "سَکَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَی بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا-
نَاغَی الصَّبِیَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا- الْمَرْاَۃَ: عشق بازی کرنا ـــ الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا- غالب ہونے کی کوشش کرنا- قریب ہونا ـــ الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا- کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْجَبَلُ یُنَاغِی السَّمَاءَ: یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے-
تَنَاغَی الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا- ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا-
النَّاغِیَۃ- کلمہ-
النَّغْوَۃ و النَّغْیَۃ- سریلی آواز- اچھی گفتگو
النَّغْیَۃُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو- کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْیَۃً مِنْ کَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے-
نَفَّ (ن) نَفًّا الْاَرْضَ: بونا-
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِیْقَ: ستو پھانکنا-
النَّفِیُّ- جس پر ستو پھانکا جائے- ج نَفَائِیُّ-
النَّفِیَّۃ و النُّفْیَۃ و النُّفَی- کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دستر خوان-
النَّفِیْف- اونٹ کے پالان کا تنگ-
النُّفَا- نباتات کے متفرق قطعات- چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں- واحد نُفَاۃٌ-
نَفَتَتْ (ض) نَفْتًا و نَفَتَانًا و نَفِیْتًا و نَافَتَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا- صفت نفوت- نفت و نَافَتَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا- غصہ سے پھولنا- و نَفَتَ الدَّقِیْقُ نَفْتًا: آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا-
النَّفِیْتَۃ- آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے-
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا و نَفَثَانًا الْبُصَاقَ مِنْ فِیْہِ: منہ سے تھوک پھینکنا ـــ الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا ـــ الرَّجُلُ: تھوکنا- نَفَثَتِ الْحَیَّۃُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا- نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: درد سینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا-

الْقَلَمَ: لکھنا — فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّیَٔ فِیْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ و نُفِثَ فِیْ رَوْعِی او قَلْبِیْ كَذَا" مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "و فُلَانٌ يَنْفُثُ عَلَیَّ غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔

نَافَثَهٗ مُنَافَثَةً۔ چپکے چپکے بات کرنا۔

النَّفْث۔ مص۔ بلغم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔

النَّفْثَة۔ نَفْث کا اسم مرۃ۔ ج نَفَثَات۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔

النُّفَاثَة۔ تھوک وغیرہ جو درو سینہ والا پھینکے۔

النَّافِث و النَّفَّاث۔ جادوگر۔ مؤنث نَافِثَةٌ و نَفَّاثَةٌ۔

دَمٌ نَفِيْثٌ۔ زخم سے بہا ہوا خون۔

الْمَنْفُوْث۔ مص۔ رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔

نَفَجَ (ن) نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوْجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا — الطَّرِيْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نَفَجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیرواقعی صفات پر فخر کرنا — الْفُرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا — الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا — الشَّیَٔ: بلند کرنا — السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔

اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا — الْحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔

تَنَفَّجَ و اِنْتَفَجَ بلند ہونا — الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيْحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" "اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔

اِسْتَنْفَجَ الشَّیَٔ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِیْ اِسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔

النَّافِج۔ فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔

النَّافِجَه۔ النَّافِج کا مؤنث۔ بہت بارش والا بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِج۔

النَّفَّاج۔ غیرواقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنا والا۔

النِّفَاجَة۔ چو۔ خلا۔

النَّفِيْجَة۔ کمان۔ ج نَفَائِج۔

النَّفِيْجُ۔ اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُج۔ النُّفُج: بوجھل اور سست لوگ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَفِجُ الْحَقِيْبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "و اِمْرَأَةٌ نَفِجُ الْحَقِيْبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔

الْاَنْفُجَانِی۔ قول میں افراط کرنے والا۔

الْمَنَافِج۔ چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔

بَعِيْرٌ مُنْتَفِجٌ۔ کوکھ باہر نکلا ہوا اُونٹ۔

الْمَنْفُوْج۔ کشادہ پہلوؤں والا اُونٹ۔

نَفَحَ (ف) نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوْحًا و نُفَاحًا الطِّيْبُ: خوشبو پھیلنا۔ نفحت الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهٗ بِكَذَا: دینا۔ نَفَحَ لِمَّتَهٗ: کنگھا کرنا — الشَّیَٔ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَافَحَهٗ مُنَافَحَةً۔ جھگڑا کرنا۔ نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔

اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔ اِنْتَفَحَ اِلَى مَوْضِعِ كَذَا: واپس آنا۔

النَّفْح۔ مص۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللَّفْح کہتے ہیں۔

النَّفْحَة۔ نفح کا اسم مرۃ۔ نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔ نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک — مِنَ الْاَلْبَانِ: خالص دودھ۔ النَّفْحَةُ: عطیہ۔ ج نَفَحَات۔ کہا جاتا ہے۔ نِيَّةٌ نَفْحٌ: بلند ارادہ۔

النَّفُوْحُ مِنَ النُّوْقِ: اُونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے — مِنَ الْقِسِیِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔

النَّفَّاح۔ بہت داد و دہش والا۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔

النَّفِيْحَة۔ دُور تک تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّفِيْحُ و الْمِنْفَح۔ دخل در معقولات کرنے والا مرد۔

الْاِنْفَحَةُ و الْاِنْفِحَةُ و الْاِنْفَحَّة و الْمِنْفَحَة۔ بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَجْبَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن) نَفْخًا و نَفَّخَ بِفَمِهٖ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِی النَّارِ و نَفَخَ النَّارَ۔ نَفَخَ الضُّحٰى: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَيْهِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و "نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِیْ اَنْفِهٖ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَهُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ۔ پھولنا۔

اِنْتَفَخَ۔ پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّیْءُ: بلند ہونا — النَّهَارُ: دن چڑھنا — الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخ۔ فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ نَفْخٍ۔

النَّفَخ۔ جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُّفُخ۔ جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخٌ و جَارِيَةٌ نُفُخٌ"۔

النَّفْخَة۔ نفخ کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِيْعِ: موسم بہار کی ترو تازگی۔

النُّفَّاخ-ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔
النُّفَّاخَة-پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ج نُفَّاخَات۔
النَّافِخ- فا- کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
النَّافُوْخ-یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔
النَّفِيْخ-مص-جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجلٌ اَنْفُخَانٌ و اِنْفِخَانٍ و اُنْفُخَانِي وإِنْفِخَانِي : موٹائی کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔
المِنْفَاخ والمِنْفَخ- پھونکنی- لوہار کی دھونکنی- ج مَنَافِيْخ و مَنَافِخ- مَنَافِخُ الشَّيْطَانِ :شیطان کے وساوس۔
المَنْفُوْخ-مفم-بڑے پیٹ والا-موٹا-بزدل۔
نَفِدَ(س)نَفَدًا و نَفَادًا-الشَّيْءُ :نیست و نابود ہونا-ختم ہونا-کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ القَوْمِ" :قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔
نَفَدَ (ن) نَفْدًا القَوْمِ :لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔
اَنْفَدَ القَوْمُ :بے مال و بے توشہ ہونا-اَنْفَدَتِ البِئْرُ : کنوئیں کا پانی ختم ہونا- اَنْفَدَ الشَّيْءَ : نیست و نابود کرنا —القَوْمُ :لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔
نَافَدَهُ مُنَافَدَةً- باہم حاکم کے پاس جانا- جھگڑا کرنا- ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔
اِنْتَفَدَ واِسْتَنْفَدَ الشَّيْءَ :نیست و نابود کرنا- اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهُ : پوری طاقت لگانا- اِنْتَفَدَ الحَقَّ :پورا حق لینا —اللَّبَنَ :دودھ دوھنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّهِ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔
تَنَافَدَ الخَصْمَانِ إِلَى القَاضِي :فیصلہ کے لیے جانا-تَنَافَدَ القَوْمُ :جھگڑا کرنا۔
المُنَافِد فَاخَصْمٌ مُنَافِدٌ :جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔
المُنْتَفِد-فا-اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُنْتَفِدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُنْتَفَد- مفم - کہا جاتا ہے "لِيْ هٰذَا الشَّيْءُ مُنْتَفَدَ عَنْ غَيْرِهِ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "و فُلاَنٌ مُنْتَفَدُ فُلاَنٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔
نَفَذَ(ن)نَفْذًا و نُفُوْذًا و نَفَاذًا الشَّيْءُ الشَّيْءَ : چھید کر پار ہونا-کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ وفِيْهَا ومِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا — فُلاَنٌ القَوْمَ : آگے گزر جانا (نفذ (ن) نُفُوْذًا و نَفَاذًا) الأَمْرُ او القَوْلُ : جاری ہونا- نافذ ہونا- پورا ہونا- نَفَذَ المَنْزِلُ إِلَى الطَّرِيْقِ : متصل ہونا-نَفَذَ الطَّرِيْقُ :شاہراہ عام ہونا-صفت نَافِذٌ۔
نَفَذَ الكِتَابُ إِلَى فُلاَنٍ :پہنچنا-نَفَذَ الرَّجُلُ فِي الأَمْرِ : جلدی کرنا- ماہر ہونا- نَفَذَ لِوَجْهِهِ اپنی حالت پر گزرنا۔
نَافَذَهُ-فیصلہ کے لیے جانا۔
نَفَّذَ و اَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِيَّةَ : تیر سے شکار کو چھید کر پار کرنا — الكِتَابَ إِلَى فُلاَنٍ : بھیجنا — الحَاكِمُ الأَمْرَ : جاری کرنا- نافذ کرنا — الرَّجُلُ القَوْمَ : وسط میں چلنا- آگے گزر جانا و اَنْفَذَ عَهْدَهُ : عمل میں لانا۔
تَنَافَذَ القَوْمُ إِلَى الحَاكِمِ :فیصلہ کے لیے حاکم کے پاس جانا۔
التَنَفُّذ- جاری کرنا- کہا جاتا ہے اَمَرَ بِنَفَذِ الكِتَابِ : اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا-نکلنے کی جگہ- رہائی کی جگہ- ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ لَهَا نَفَذٌ" یہ ضرب نیزہ ایسی ہے کہ آرپار ہے۔
النَّافِذ- فا- ہر کام کو کر گزرنے والا- طَرِيْقٌ نَافِذٌ : عام راستہ- اَمْرٌ نَافِذٌ : ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے-النَّافِذ :یہ النَّوَافِذ کا واحد ہے-نوافذ جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک منہ وغیرہ۔
النَّافِذَة- النَّافذ کا مؤنث- روشن دان- سوراخ- اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آرپار ہے-ج نَوَافِذ۔
النَّفَّاذ و النَّفُوْذ- ہر کام کو کر گزرنے والا۔
النُّفْذَة-مہرہ-ج نُفَذ۔

النَّفِيْذ-نافذ-اَمْرٌ نَفِيْذٌ :مانا ہوا حکم۔
المُنْفَذ-گزرگاہ-ج مَنَافِذ۔
المَنْفِذ- کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ-ج مَنَافِذ مَنَافِذُ الإِنْسَانِ : جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ ناک وغیرہ۔
المُنْتَفِذ- گنجائش-کشادگی۔
نَفَرَت(ض ن)نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفِيْرًا الدَّابَّةُ مِنْ كَذَا :چوپائے کا بدکنا-ڈر کر دور ہونا-صفت نَافِرٌ و نَفُوْرٌ۔
نَفَرَ (ض) نَفْرًا-مِنْ كَذَا : نفرت کرنا- ناپسند کرنا- کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلاَنٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی — عَنْ كَذَا : روگردانی کرنا- اعراض کرنا — القَوْمُ : متفرق ہونا-نَفَرَ إِلَى الشَّيْءِ :دوڑنا (— نُفُوْرًا) العَيْنُ وَغَيْرُهَا : آنکھ کا سوجنا (— نَفْرًا) فُلاَنًا :غالب آنا (— نَفْرًا و نُفُوْرًا) الحَاجُّ مِنْ مِنٰى : مکہ کی طرف کوچ کرنا (— نَفْرًا و نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفَرَانًا) الظَّبْيُ وَغَيْرُهُ : ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا و نُفُوْرًا و نَفِيْرًا) القَوْمُ لِلْقِتَالِ او الأَمْرِ :چل پڑنا۔
نَفَّرَهُ- بھگانا- نَفَّرَهُ عَلَى فُلاَنٍ : کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا- نَفَّرَهُ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ و بِالشَّيْءِ : غالب ہونا- نَفَّرَ عَنْ فُلاَنٍ : برا لقب دینا —
اَنْفَرَهُ- بھگانا- اَنْفَرَ القَوْمُ : بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا — القَوْمُ فُلاَنًا :مدد دینا — الحَاكِمُ فُلاَنًا عَلَى فُلاَنٍ : غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهُ نِفَارًا و مُنَافَرَةً- فیصلے کے لیے جانا- حسب و نسب میں فخر کرنا- کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهُ إِلَى القَاضِي فَنَفَّرَنِي عَلَيْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لیے لے گیا اُس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ- کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلاَنِ :باہم فیصلہ کے لیے جانا- باہم فخر کرنا —القَوْمُ لِلأَمْرِ :چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَهُ- بھگانا-اِسْتَنْفَرَ القَوْمَ :قوم سے مدد طلب کرنا- جنگ کیلئے کوچ کرنے کی درخواست

کرنا — الظبیُ : ہرن کا بھاگنا۔ اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِهٖ : کپڑے لے جاکر گم کردینا۔

النَّفْرُ۔ مص۔ النَّافِر کی جمع۔

النَّفْر و النَّفْرَة۔ بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت

النَّفْرَة : نَفَر کا اسم مرۃ۔ نَفْرَةُ الرَّجُلِ : خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ و عِفْرٌّ نِفْرٌّ تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث و سرکش اور ایسا ہی عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ و عِفْرِيْتٌ نِفْرِيْتٌ و عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ۔

النَّفَر۔ سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اَنْفَار۔ کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔ نَفَرُ الرَّجُلِ : مرد کا قبیلہ۔

يَوْمُ النَّفْرِ و النَّفَرِ و النَّفِيْرِ او النُّفُوْرِ۔ حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارھویں تاریخ ہے۔

النُّفْرَة۔ حکم۔ فیصلہ (— و النُّفْرَة) نظربد سے حفاظت کے لیے تعویذ وغیرہ۔

اَلنِّفَار۔ مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔

النُّفَارَة۔ حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔

النَّافِر۔ فا۔ غالب۔ ج نَفْرٌ و نُفَّرٌ۔

النَّافِرَة۔ النَّافِر کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ و نُفُوْرَتُهٗ : مرد کا خاندان۔

النَّفُوْر و الْمِنْفُوْر و الْمُسْتَنْفِر۔ بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔

النَّفِيْر۔ مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِيْر : بگل (دخیل) ج اَنْفَار۔ و النَّفِيْرُ الْعَامُّ : دشمن سے مقابلہ کیلئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِيْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔

النَّفَارِيْر۔ چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْر۔

الْمُسْتَنْفَر۔ مفم۔ ڈرایا ہوا۔

الْمَنْفُوْر۔ مفم۔ مغلوب۔

نَفْرَجَ نَفْرَجَةً۔ بہت بات کہنا۔

النِّفْرِج و النِّفْرَجَة و النِّفْرَاج و النِّفْرَاجَة و النِّفْرِجَاء۔ بزدل۔ ڈرپوک۔

النِّفْرِنْج۔ بہت کہنے والا۔

نفز (ض) نَفْزًا و نُفُوْزًا و نَفَزَانًا الظَّبْيُ : ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا — الرَّجُلُ : مرنا۔

نَفَّزَهٗ۔ کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْاَةُ وَلَدَهَا : عورت کا بچے کو اچھالنا۔ نَفَّزَ وَ اَنْفَزَ السَّهْمَ : تیر کی کی درستی کو دیکھنے کے لیے ناخن پر گھمانا۔

تَنَافَزُوْا۔ باہم اچھلنا کودنا۔

النَّفِيْز و النَّفِيْزَة۔ مکھن جو مشکی میں اِدھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔

النَّيْفُوْز مِنَ الظِّبَاءِ : ہرن چھلانگ مارنے والا۔

نَوَافِزُ الدَّابَّةِ : جانوروں کی ٹانگیں۔

النُّفَّاز۔ ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔

نَفِسَ (س) نَفَسًا و نَفَاسِيَةً بِالشَّيْءِ : بخل کرنا — عَلٰى فُلَانٍ بِخَيْرٍ : حسد کرنا (— نَفَاسَةً) الشَّيْءَ عَلٰى فُلَانٍ : نااہل سمجھنا۔

نَفَسَهٗ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (ای بعین) نظربد لگانا۔

نَفِسَت (س) و نُفِسَتْ و نَفْسًا و نَفَاسَةً و نِفَاسًا۔ الْمَرْاَةُ غُلَامًا : زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔ نَفِسَ فُلَانٌ : پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔

نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً و نِفَاسًا و نُفُوْسًا و نَفَسًا۔ نفیس و مرغوب ہونا۔

نَفَّسَ تَنْفِيْسًا عَنْهُ الْكُرْبَةَ : غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نُفِّسَ فُلَانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا نَفَّسَهٗ فِي الْاَمْرِ : ترغیب دینا۔

نَافَسَ نِفَاسًا و مُنَافَسَةً فُلَانًا فِي الْاَمْرِ : باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا — فِي الشَّيْءِ : مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔

اَنْفَسَ الشَّيْءُ : نفیس ہونا — الشَّيْءُ فُلَانًا : پسند آنا — فُلَانًا فِي الشَّيْءِ : رغبت دلانا۔

تَنَفَّسَ۔ سانس لینا — الصُّبْحُ : صبح کا روشن ہونا — الْقَوْسُ : کمان کا چٹخنا — النَّهْرُ : نہر میں زیادہ پانی ہونا — النَّهَارُ : دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ : لمبی لمبی باتیں کرنا — الرَّجُلُ فِي الْاِنَاءِ : برتن بغیر جدا کیے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ وَنَهٰى عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الْاِنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔

تَنَافَسَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے رغبت کرنا۔

النَّفْس۔ مص۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "دَفَقَ نَفْسُهٗ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِيْمُ النَّفْسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظربد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ نَفْسٌ" یعنی اسے نظربد لگی۔ شخص۔ نَفْسُ الشَّيْءِ : عین شئ اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِيْ هُوَ نَفْسُهٗ و بِنَفْسِهٖ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفْسُ الْاَمْرِ : حقیقت امر۔ النَّفْسُ : عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔ — نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَتْ نَفْسُهٗ اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِنْدِيْ خَمْسَةُ عَشَرَ نَفْسًا ج اَنْفُس و نُفُوْس اور کہا جاتا ہے "فِيْ نَفْسِيْ اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وفُلَانٌ يُؤَامِرُ نَفْسَيْهِ و يُشَاوِرُهُمَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وخَرَجَتْ نَفْسُهٗ وجَادَ بِنَفْسِهٖ" یعنی وہ مرگیا۔

النَّفَس۔ مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعْمَلُوا الْخَيْرَ وَاَنْتُمْ فِيْ نَفَسِ الْبَقَاءِ" خیر کا عمل کرو۔ اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ كِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِكْرَعْ مَا فِي الْاِنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ

میں پی جاؤ- ج اَنفَاس- اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُو نَفَس" یعنی خوشگوار ہے- و نَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ و نَفَسُ الشَّاعِرِ او المُؤَلِّفِ: طرز تحریر-

النِفَاس- مص- زچگی- ولادت کے بعد کا خون-

النُفسَة- مہلت- کہا جاتا ہے "لَكَ فِي الْأَمْرِ نُفسَةٌ" تمہارے لیے معاملے میں گنجائش ہے-

النَّافِس- فا- حاسد- بیش قدر- نظر بد والا- جوئے کا پانچواں یا چھٹا تیر-

النَفِيس- بہت مال- شَيْءٌ نَفِيسٌ: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے-

رَجُلٌ نَفِيسٌ: حاسد مرد-

مَالٌ نَفِيسٌ و مُنْفِسٌ و مُنَفَّسٌ- بہت مال-

الأَنْفَس- اسم تفضیل- کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوْبُ أَنْفَسُ مِنْ ذَالِكَ" یہ کپڑا اس سے بہتر ہے "وَهٰذَا الْمَكَانُ أَنْفَسُ مِنْ هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وَهٰذَا أَنْفَسُ مَالِيْ" یہ میرا مرغوب مال ہے-

النُفَسَاء النُفْسَاء و النَفَسَاء- زچہ- مثنٰی نُفَسَاوَانِ- ج نِفَاس و نُفُس و نُفْس و نُفَّس و نُفَّاس و نَوَافِس و نُفَسَاوَات-

النَّفُوس- حاسد نگاہیں-

المَنْفُوس- نوپید بچہ- شَيْءٌ مَنْفُوسٌ: مرغوب چیز-

المُنْفِس- فا- بیش قدر چیز-

المُتَنَفَّس- سانس لینے کی جگہ-

نَفَشَ (ن) نَفْشًا و نَفَّشَ الْقُطْنَ او الصُّوْفَ: روئی یا اُون دھننا-

نَفَشَ نُفُوْشًا الْقَوْمُ: ارزانی میں ہونا- فُلَانٌ عَلَى الشَّيْءِ: کھانے کے لیے متوجہ ہونا-

نَفَشَتْ (ض ن) و نَفِشَتْ (س) نَفْشًا الْإِبِلُ او الْغَنَمُ: اُونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لیے رات میں رہنا- صفت نَافِشَةٌ و نُفَّاشٌ و نَوَافِش و نُفُش اور اسم النَفَش-

أَنْفَشَ الرَّاعِيَ الْإِبِلَ: چرواہے کا اُونٹ کو رات میں چرنے کے لیے چھوڑنا-

تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا- تَنَفَّشَتِ الْإِبِلُ: اُونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا- تَنَفَّشَتْ و انْتَفَشَتِ الْهِرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا- وَانْتَفَشَ الصُّوْفُ: دھنی ہوئی ہونا-

النَفَش- دھنی ہوئی اون- متفرق سامان- کثرت کلام و کثرت دعوی- کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُو نَفَشٍ" یعنی سرسبز و شاداب شہر- إِبِلٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اُونٹ یا بکریاں- نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور ھمل کا رات اور دن دونوں پر-

النَفِيش- برتن میں متفرق سامان- کہا جاتا ہے "بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ و نَوَافِشُ و نُفَّاشٌ" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں-

النَفَّاش- مغرور- پھلانے والا- ایک قسم کا بڑا لیموں-

المُتَنَفِّش و المُنْتَفِش- پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "أَنْفٌ مُتَنَفِّشٌ و مُنْتَفِشٌ" چپٹی ناک-

نَفَصَ (ض) نَفْصًا و أَنْفَصَ بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا- نَفَصَ و أَنْفَصَ بِالْكَلِمَةِ: جلدی بولنا- أَنْفَصَ فِي الضَّحْكِ: بہت ہنسنا — الشَّاةُ بِبَوْلِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا- — الرَّجُلُ بِشَفَتَيْهِ: ہونٹوں سے اشارہ کرنا-

النُفْصَة- خون کا فوارہ- ج نُفَص-

النُفَاص- بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مرجاتی ہے-

النَفِيص- خوش گوار پانی-

المِنْفَاص- بہت ہنسنے والا-

نَفَضَ (ن) نَفْضًا الثَّوْبَ: کپڑا جھاڑنا — الشَّجَرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لیے ہلانا — الْوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ: پتے گرانا — الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا- نَفَضَتْهُ الْحُمّٰى: بخار آنا- کپکپانا- نَفَضَ الزَّرْعُ: آخری خوشہ نکالنا- نَفَضَتِ الْإِبِلُ: سارے بچے جننا — الْمَرْأَةُ: بہت بچوں والی ہونا- نَفَضَ الْقَوْمُ: بے توشہ یا بے مال ہونا- نَفَضَ الطَّرِيْقَ: تلاش و جستجو کرنا' چوروں سے پاک کرنا — الْقَوْمُ حَلَائِبَهُمْ: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا- نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ: رنگ کا مدھم پڑنا — الْكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا — فُلَانٌ: چاروں طرف دیکھنا- کہا جاتا ہے "إِذَا تَكَلَّمْتَ نَهَارًا فَانْفُضْ" جب دن میں گفتگو کرو تو اِدھر اُدھر دیکھ لو-

نَفَضَ (ن) نُفُوْضًا الْمَرِيْضُ مِنْ مَرَضِهٖ: بیمار کا صحت یاب ہونا-

أَنْفَضَ الْقَوْمُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا — الْقَوْمُ زَادَهُمْ: توشہ کو ختم کر دینا- أَنْفَضَ فُلَانًا عَنْهُ: دور کر دینا- دوستی ختم کر دینا- إِنْفَضَتِ الْإِبِل: سارے بچے جننا-

نَفَّضَ الثَّوْبَ او الشَّجَرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا-

إِنْتَفَضَ الثَّوْبُ او الشَّجَرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا — الْفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا — الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا-

تَنَفَّضَ و اِسْتَنْفَضَ الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا- اِسْتَنْفَضَ الْقَوْمُ: تامل کرنا- غور کرنا — الشَّيْءَ: نکالنا — الْأَمِيْرُ: جاسوس بھیجنا-

النَفَض و النِفَاض و النُفَاض و النُفَاضَة- جھاڑے ہوئے سے جو گرے- النُفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے- النَفَض پتے یا کھجور جو گریں- النِفَاض: اسم ہے أَنْفَضَ الْقَوْمُ زَادَهُمْ سے- النِفَاض: بچوں کا تہبند- ج نُفُض اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں-

النُفْضَة و النُفَضَة و النَفَاض و النُفَضَاء بخار کی کپکپی- النَفْضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو-

النَفَضَة- جاسوسوں کی جماعت-

النَفَضٰى و النِفِضّٰى و النِفِيْضٰى کپکپی-

النافِض- فا- جوڑی کا بخار- کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ حُمّٰى نَافِضٌ و حُمّٰى نَافِضٍ و حُمّٰى بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آگیا- ثَوْبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا-

النَّفُوْض مِنَ النِّسَاءِ: بہت اولاد والی عورت-

النِفْض۔ شہد کی مکھی کی بیٹ۔
النفِيْضَة۔ جاسوسوں کی جماعت۔ ج نَفَائِض۔
النَفَائِض : کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اُونٹ۔
الْاِنْفَاض۔ مص۔ بھوک۔ حاجت۔
الْاِنَافِيْض۔ درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد اُنْفُوْضَةٌ۔
المِنْفَض۔ چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (ـــ و المِنْفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔
المُنْفِض مِنَ الدَّجَاجِ : مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔
المَنْفُوْض۔ مفو۔ تپ و لرزہ زدہ۔
نَفِطَتْ (س) نَفْطًا و نَفَطًا و نَفِيْطًا يَدُهٗ : ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔
نَفَطَ (ض) نَفْطًا غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
نَفَطَتْ (ض) نَفْطًا و نَفِيْطًا الْعنزَةُ : بکری کا چھیکنا ـــ الْقِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔ نَفَطَ الظَّبِيُ : ہرن کا آواز کرنا ـــ الرَّجُلُ : مبہم گفتگو کرنا۔
تَنَافَطَتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
تَنَفَّطَ۔ غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
تَنَفَّطَتِ الْيَدُ : ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا ہونا۔
النَفْط و النِفْط۔ ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔
النَفْط۔ چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نِفْط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔
النَفْطَة و النِفْطَة و النَفِطَة۔ آبلہ چیچک۔
النُفَطَة۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔
النَّافِطَة۔ بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ : آبلہ دار ہاتھ زُغْوَةٌ نَافِطَةٌ : بلبلہ والے جھاگ۔
النَفَّاط۔ معدن سے نَفْط نکالنے والا۔ نَفْط پھینکنے والا۔ ج نَفَّاطَةٌ و نَفَّاطُوْن۔
النَفَاطَة و النَفَّاطَة۔ نَفْط کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے نَفْط اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَفَّاطُوْنَ بِاَيْدِيْهِمْ النَفَّاطَات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النَفَّاطَة : پھنسی۔
النَفَطَان۔ کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔
النَفِيْط و المَنْفُوْط۔ ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نَفِيْطَة و مَنْفُوْطَةٌ۔
النَفَاطِيْر۔ متفرق گھاس یا موسم بہار کی پہلی گھاس۔ واحد نُفْطُوْرَة۔
نَفَعَهٗ (ف) نَفْعًا بِكَذَا : نفع دینا۔
اِنْفَعَ الرَّجُلُ : لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔
اِنْتَفَعَ بِهٖ و مِنْهُ : فائدہ اٹھانا۔
اِسْتَنْفَعَهٗ۔ فائدہ طلب کرنا۔
النَفْع۔ فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔
النَفَاع و النَفِيْعَة۔ منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَاضِرُ النَفِيْعَة" اس کا نفع موجود ہے۔
النَفْعَة۔ نَفَع کا اسم مرۃ۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نَفَعَات۔
النِفْعَة۔ نَفَع کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفْع و نِفَع۔
النُفَاعَة۔ ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔
النَّافِع۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
النَّافِعَة۔ جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَفَعَنِيْ فُلَانٌ بِنَافِعَة" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔
النَفَّاع۔ بہت فائدہ پہنچانے والا۔
النَفُوْع۔ بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نُفُعٌ۔
المَنْفَعَة۔ ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج مَنَافِع۔ مَنَافِعُ الدَّارِ : گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔
نَفَغَتْ (ف) نَفْغًا و نُفُوْغًا و نَفِغَتْ (س) نَفَغًا و تَنَفَّغَتْ يَدُهٗ : ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔
نَفَقَ (ن) نَفَاقًا و نَفِقَ (س) نَفَقًا الشَّيْئُ ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ الْبَيْعُ : خرید و فروخت رائج ہونا۔ نَفَقَتِ السُّوْقُ : گرم بازاری ہونا۔
نَفَقَ (ن) نُفُوْقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ : مرنا۔ روح نکلنا ـــ الْجُرْحُ : زخم کا پھیل جانا۔
نَفَقَ (ن) و نَفِقَ (س) نَفْقًا الْيَرْبُوْعُ : جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)
نَافَقَ مُنَافَقَةً و نِفَاقًا فِيْ دِيْنِهٖ : دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق۔
نَافَقَ الْيَرْبُوْعُ : جنگلی چوہے کا سوراخ داخل ہونا۔
اَنْفَقَ۔ محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا ـــ الْمَالَ : خرچ کرنا ـــ السِّلْعَةَ : سامان رائج کرنا ـــ الْقَوْمُ : رائج تجارت والی قوم ہونا ـــ الرَّجُلُ : سامان کو رائج پانا۔
تَنَفَّقَ الْيَرْبُوْعَ : جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا ـــ الْيَرْبُوْعُ : جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد) ـــ
اِنْتَفَقَ الرَّجُلُ : سرنگ میں داخل ہونا۔
ـــ الْيَرْبُوْعُ : جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) ـــ الْيَرْبُوْعَ : جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔
اِسْتَنْفَقَ الْمَالَ : مال ختم کرنا۔
اَلنَفَق۔ سرنگ۔ ج اَنْفَاق۔
النَفِق۔ جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الْجَرْيِ : جلدی تھکنے والا گھوڑا۔
النِفَاق و المُنَافَقَة۔ مص۔ منافق کا فعل۔
النَفَقَة۔ اِنْفَاق کا اسم۔ خرچ۔ ج نَفَقَات و نِفَاق و اَنْفَاق۔
النَافِق۔ فا ـــ مِنَ الْبَضَائِع : رائج سامان۔
النَافِقَة۔ النَافِق کا مؤنث۔ مشک کا نافہ۔
النَافِقَاء ج نَوَافِق و النُفَقَه و النُفَقَاء جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔
نَيْفَق السِّرْوَال : پاجامہ کا نیفہ۔
المِنْفَاق۔ بہت خرچ کرنے والا۔
المُنَافِق۔ دل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔
المَنْفَقَة۔ باعث رواج پذیری اور اسی سے

ہے "اَلْیَمِیْنُ الْکَاذِبَۃُ مَنْفَقَۃٌ لِلسِّلْعَۃِ مَمْحَقَۃٌ لِلْبَرَکَۃِ" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

النَّفَکَۃ۔ کان کی لو کے قریب جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔

نَفَلَ (ن) نَفْلاً۔ قسم کھانا ـــ الرَّجُلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نَفَلَہُ النَّفَل: زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ الْقَائِدُ الْجُنْدَ: مال غنیمت تقسیم کرنا ـــ الرَّجُلَ عَنْ نَسَبِہٖ: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُنْفُلْ عَنْ نَفْسِكَ اِنْ کُنْتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَہٗ۔ قسم کھلانا۔ حصّہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَہٗ النَّفَل: غنیمت دینا۔ نَفَّلَ عَنْ فُلَانٍ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْفَلَہٗ۔ النَّفَل: غنیمت دینا۔ اَنْفَلَ لَہٗ: قسم کھانا۔

تَنَفَّلَ۔ نفل نماز ادا کرنا ـــ عَلٰی اَصْحَابِہٖ: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔ وَتَنَفَّلَ مِنْہُ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔

اِنْتَفَلَ۔ نوافل پڑھنا ـــ الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ: طلب کرنا ـــ مِنَ الْاَمْرِ وَالْکَلَامِ: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلاً فَانْتَفَلْتُ مِنْہُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی ـــ مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اِنْتَفَلَ: عذر بیان کرنا۔ قسم کرنا۔

النَّفْل۔ فرائض و واجبات سے زائد کام واجبات و فرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

النَّفَل۔ غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا نَفَلٌ عَلٰی ذَاكَ" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نِفَال و اَنْفَال۔ النَّفَل ایک خوشبودار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَۃ۔

النَّافِلَۃ۔ غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض و واجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نَوَافِل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَثِیْرُ النَّوَافِلِ" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

النُّفَل۔ قمری مہینے کی چوتھی، پانچویں، چھٹی راتیں۔

النَّوْفَل۔ بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْنَ۔ النَّوْفَل۔ سمندر۔ عطیہ۔ نر بجو۔

النَّوْفَلَۃ۔ نمک دان۔

النَّفْنَف۔ فضاء آسمانی۔ آسمان و زمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں حصّے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصّہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِف و نَفَانِفُ الدَّارِ: گھر کے اطراف و نواحی (ـــ والنَّفْنَاف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دُور۔

نَفَہَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزور دل، بزدل ہونا ـــ الجَمَلُ: دُشواری کے بعد مطیع ہونا۔

نَفِهَتْ (س) نَفَهًا نَفْسُہٗ: تھکنا۔

نَفَّهَ و اَنْفَهَ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَهَ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ" اِس نے اُس کو تھوڑا مال دیا۔

اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔

النَّافِهُ۔ تھکا ہوا ج نُفَّہٌ (ـــ وَالْمَنْفُوْهُ) کمزور دل۔ بزدل۔

جَمَلٌ مُنَفَّہٌ۔ تھکا ہوا اونٹ۔

نَفَاہُ یَنْفُوْہُ نَفْوًا لغت ہے۔ نَفَاہُ یَنْفِیْہِ یائی میں۔

نُفَاوَۃُ الشَّیْءِ و نَفْوَتُہٗ۔ ہر چیز کا ردی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ النَّفْوَۃ: جلاوطنی۔

نَفَی یَنْفِی نَفْیًا الشَّیْءَ: انکار کرنا۔ نَفَاہُ عَنْہُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نفی الرَّجُلَ: قید خانہ میں قید کرنا ـــ الرَّجُلَ مِنْ بَلَدِہٖ: جلاوطن کرنا ـــ السَّیْلُ الْغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا ـــ السَّحَابَۃُ مَاءَهَا: بادل کا پانی برسانا۔

"نَفَی یَنْفِیْ نَفْیًا و نَفَیَانًا الصَّیْرَفِیُّ الدَّرَاهِمَ" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نَفَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نَفَی یَنْفِیْ نَفْیًا و اِنْتَفَی عَنْہُ: دور ہونا ـــ الشَّعْرُ: بال گرنا و اِنْتَفَی الشَّیْءُ: نابود ہونا۔ اِنْتَفَی مِنْ وَلَدِہٖ: بچّہ کا انکار کرنا۔ اِنْتَفَی فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ و نَفَاہُ فَانْتَفَی: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نَفَّاہُ۔ نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نَافَاہُ مُنَافَاۃً۔ ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا یُنَافِی ذَاكَ" یعنی یہ اس کے منافی و مخالف ہے۔

تَنَافَی تَنَافِیًا الرِّجَالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَنَافَتِ الْاَشْیَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

نَفَاءُ الشَّیْءِ و نَفَاتُہٗ و نَفْیَتُہٗ و نِفْیَتُہٗ و نُفَایَتُہٗ و نَفَایَتُہٗ و نَفِیَّتُہٗ چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

النَّفْیَۃ۔ نَفَی کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دستر خوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔ ج نَفَیَات۔

النَّفَیَان۔ مص۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

النَّافِی۔ فا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔

النَّفِی۔ نابود کیا ہوا۔ جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ابْنٌ نَفِیٌّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

النَّفِیَّۃ۔ النَّفِیُّ کا مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دستر خوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

المَنْفِی۔ دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا، دھتکارا ہوا ـــ فِی الکَلَامِ: اثبات کے خلاف۔

المَنْفَی۔ جلاوطنی کی جگہ۔ ج مَنَافٍ۔

نَقَّ (ض) نَقِیْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کیلئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِہٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

اَنَقَّ۔ ٹرانے والا ہونا۔

النَّقَّاق۔ اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

النَّقَّاقَۃ۔ النَّقَّاق کا مؤنث۔ مینڈکی۔

النَّقُوْق۔ چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضِفْدَعٌ نَقُوْقٌ" ج نُقُقٌ و نُقٌّ۔

نَقَبَ(ن) نَقْبًا الْحَائِطَ: دیوار میں سوراخ کرنا — الْخُفَّ: موزے میں پیوند لگانا — فُلَانٌ فِی الْاَرْضِ: جانا — عَنِ الْاَخْبَارِ: کھود کرید کرنا یا خبر دینا — الثَّوْبَ: بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں ٹانگیں اکٹھی کرنا اور کہا جاتا ہے "نَقَبَتِ النِّكْبَةُ فُلَانًا"۔ فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نَقَبًا الخُفُّ المَلْبُوْسُ: پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا — الْبَعِیْرُ: اونٹ کا گھسے ہوئے کھروالا ہونا — الرَّجُلُ: پہاڑی راستوں میں چلنا — فِی الْبِلَادِ: سیر کرنا۔ ملکوں میں جانا۔

نَقَبَ (ن) نِقَابَةً و نَقِبَ (س) نَقَبًا و نَقُبَ (ک) نَقَابَةً عَلَی الْقَوْمِ: سردار قوم ہونا (نِقَابَةٌ او نَقَابَةٌ یا تو مصدر ہیں اور یا نِقَابَةٌ بالکسر اسم ہے اور نَقَابَةٌ بالفتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِی الْاَرْضِ: بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا — عَنِ الشَّیْءِ: خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا۔

نَاقَبَهُ نِقَابًا و مُنَاقَبَةً۔ مناقب پر فخر کرنا۔ نَاقَبَهُ نِقَابًا: رُو دَر رُو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اَنْقَبَ فِی الْاَرْضِ: ملک میں چلنا البَعِیْرُ: گھسے ہوئے کھروالا ہونا — الرَّجُلُ: قوم کا سردار بننا — فُلَانٌ: گھسے ہوئے کھروالے اونٹ کا مالک ہونا۔

تَنَقَّبَ عَنِ الشَّیْءِ: تفتیش میں مبالغہ کرنا۔ تَنَقَّبَت و اِنْتَقَبَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔

النَّقْبُ۔ مص - سوراخ۔ پہلو کا زخم (— والنُّقْبُ) پہاڑی راستہ ج نِقَاب و اَنْقَاب

نَقْبُ الْعَیْنِ: موتیا بند کا علاج۔

النَّقْبُ و النُّقْبُ و النَّقَبُ۔ کھجلی۔

النِّقْبَةُ۔ نقاب ڈالنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَةِ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت۔ نیز کہا جاتا ہے "اِنَّ عَلَیْهِ نِقْبَةً مِنْ کَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے۔

النُّقْبَةُ۔ ابتدائی خارش۔ زنگ۔ رنگ۔ چہرہ۔ سوراخ۔ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے۔ ج نُقَب۔

الاَنْقَاب۔ کان (جمع ہے اس کا واحد نہیں)۔

النِّقَاب۔ مص۔ بڑا عالم۔ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا۔ سخت زمین کا راستہ۔ بیٹ اور "فَرْخَانِ فِیْ نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رو در رو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

النَّاقِبُ۔ فا۔ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے۔

النَّاقِبَةُ۔ النَّاقِبُ کا مؤنث۔ مذکورہ بالا زخم۔

النَّقَّابُ۔ کاموں میں گھسنے والا۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔

النَّقِیْبُ۔ قوم کا گواہ۔ قوم کا ضامن۔ قوم کا چودھری و سردار۔ نَقِیْبُ الْاَشْرَافِ عِنْدَ الْمُسْلِمِیْنَ: لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا۔ ج نُقَبَاءُ النَّقِیْبُ: بانسری۔ ترازو کی زبان۔ چھدا ہوا۔ کَلْبٌ نَقِیْبٌ: کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہو تا کہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تا کہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آجائیں اور کھانا دینا پڑے۔

النَّقِیْبَةُ۔ مؤنث النَّقِیْبُ۔ نفس۔ عقل۔ طبیعت۔ مشورہ۔ رائے کا نفاذ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَیْمُوْنُ النَّقِیْبَةِ فلاں پاک نفس ہے۔

المَنْقَبُ۔ جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔

المَنْقَبُ۔ پہاڑی راستہ۔ ج مَنَاقِب۔

المِنْقَبُ۔ پہاڑی راستہ۔ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم۔ (— والمِنْقَبَةُ) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے۔

المَنْقَبَةُ۔ پہاڑی راستہ۔ دو مکانوں کے درمیان تنگ راستہ۔ دیوار۔ عمدہ فعل۔ فخر۔ ج مَنَاقِب۔

مَنَاقِبُ الْاِنْسَانِ: عمدہ خصائل اور شریف اخلاق۔

نَقَتَ(ن) نَقْتًا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا و اِنْتَقَثَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا — الشَّیْءَ الْمَدْفُوْنَ: کھود کر نکالنا۔

نَقَثَ الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ او السَّیْرِ: دوڑنا — الْحَدِیْثَ: بات میں گڑبڑ کرنا — فُلَانًا بِالْکَلَامِ: بات سے تکلیف پہنچانا — الْاَرْضَ بِیَدِهٖ: کدال سے کھودنا — عَنِ الشَّیْءِ: کھود کرید کرنا۔

نَقَّثَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔

تَنَقَّثَهُ۔ اپنی طرف مائل کرنا۔ مہربان بنانا۔

تَنَقَّثَ ضَیْعَتَهُ: جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔

نَقَّاثٌ۔ ہجو۔

النَّقْثُ۔ مص۔ چغل خوری۔

نَقْثَلَ نَقْثَلَةَ الشَّیْخِ: بوڑھے آدمی کا خاک اُڑاتے ہوئے چلنا۔

نَقَحَ (ف) نَقْحًا و نَقَّحَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا — الْجِذْعَ: تنہ کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا — الشَّیْءَ: چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا۔

نَقَّحَ و اَنْقَحَ الْکَلَامَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ نَقَّحَتِ السِّنُوْنُ الرَّجُلَ: کمزور کر دینا — و اَنْقَحَ الرَّجُلُ: قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا۔

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ: چربی کم ہونا۔

اِنْتَقَحَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النَّقَحُ۔ مص۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل۔

النَّقَحُ۔ خالص ریت۔

التَّنْقِیْحُ۔ مص۔ ظہور۔ معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نَقَخَهُ (ف) نَقْخًا۔ مارنا۔ نَقَخَ دِمَاغَهُ: توڑنا۔

اِنْتَقَخَ الْمُخَّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النُّقَاخُ۔ ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ وَنُقَاخُ کُلِّ شَیْءٍ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُقَاخُ الْعَرَبِیَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔

نَقَدَ (ن) نَقْدًا و تَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَیْرَهَا: پرکھنا — الْکَلَامَ: کلام کے عیوب و محاسن کو

ظاہر کرنا۔ نَقَدَ فُلَانًا و لِفُلَانٍ الثَّمَنَ: نقد ادا کرنا۔ نَقَدَهُ دِرْهَمًا: دینا — الطَّائِرُ الْفَخَّ او الحَبَّ: چونچ مارنا — الرَّجُلُ الشَّيْءَ وَ اِلَى الشَّيْءِ بِنَظْرِهِ: چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا — نَقَدَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

نَقِدَ (س) نَقَدًا الضِّرْسُ او الْقَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت نَقِدٌ — الحَافِرُ: کھر کا چھِل جانا — الجِذْعُ: تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔

اَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔

نَاقَدَهُ مُنَاقَدَةً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

تَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔

تَنَاقَدَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔

اِنْتَقَدَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا — الشِّعْرَ عَلَى قَائِلِهِ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا — الكَلَامَ: کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب و محاسن ظاہر کرنا — الاَرَضَةُ الجِذْعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ اِنْتَقَدَ الْوَلَدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔

النَّقْدُ۔ مص۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ درہم۔ ج نُقُوْدٌ۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ النَّقْدَانِ: چاندی و سونا۔

النِّقْدُ و النُّقْدُ۔ کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔

النَّقَدُ۔ مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بدشکل ہوتا ہے۔ واحد نَقَدَةٌ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ج نِقَادٌ و نِقَادَةٌ۔ النَّقَدُ: کمینے لوگ۔ النَّقَدُ مِنَ الصِّبْيَانِ: حقیر و ذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَّقَدُ و النُّقُدُ۔ ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَةٌ و نُقُدَةٌ۔

النَّاقِدُ۔ فا۔ ج نَقَدَةٌ و نُقَّادٌ۔

اَنْقَدُ و الاَنْقَدُ۔ سیہی۔ اور امثال عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔

الاَنْقَدُ و الاِنْقِدَانُ۔ کچھوا۔

النَّقَّادُ۔ دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ رَاعِي النَّقَدِ (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)

مِنْقَادُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج مَنَاقِيدُ۔

المُنْتَقَدُ۔ مصدر میمی بمعنے اِنْتِقَاد۔

نَقَذَ (ن) نَقْذًا و نَقَذًا و اَنْقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

تَنَقَّذَهُ و اِسْتَنْقَذَهُ۔ مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔

نَقِذَ (س) نَقَذًا۔ نجات پانا۔

النَّقَذُ۔ مص۔ سلامتی۔ پھسلنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقَذًا لَكَ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقَذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔

النَّقَذُ۔ مص۔ چھڑایا ہوا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَهُ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

النَّقِيذُ۔ دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔

النَّقِيذَةُ۔ دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا، زرہ وغیرہ۔ ج نَقَائِذُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيذَةُ بُؤْسٍ" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔

الاَنْقَذُ۔ سیہی۔

نَقَرَهُ (ن) نَقْرًا۔ مارنا۔ نَقَرَ العُوْدَ او الدُّفَّ: بربط یا دف بجانا۔ فُلَانًا: عیب لگانا — الشَّيْءَ: چونچ سے سوراخ کرنا — الطَّائِرُ الْبَيْضَةَ عَنِ الْفَرْخِ: پرندہ کا بچہ نکالنے کیلئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نَقَرَ فِي الْحَجَرِ: پتھر پر لکھنا — فِي النَّاقُوْرِ: بگل میں پھونکنا — الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا — الحَجَرَ او الخَشَبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الاَمْرِ: چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانٌ: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ: قوم میں سے علیحدہ بلانا۔ نَقَرَ السَّهْمُ الْهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الْغَرَضَ فَنَقَرَهُ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔

نَقِرَ (س) نَقَرًا عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاةُ: نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فُلَانٌ: فقیر ہونا۔

نَقَّرَ الطَّائِرُ فِي الْمَوْضِعِ: انڈے دینے کیلئے نرم کرنا — فُلَانٌ بِاسْمِ فُلَانٍ: جماعت کے درمیان نام لے کر پکارنا — الشَّيْءَ وَعَنِ الشَّيْءِ: چھان بین کرنا — عَلَى فُلَانٍ: عیب لگانا۔ اور بُری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا۔ الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کیلئے ہے)

نَاقَرَهُ مُنَاقَرَةً و نِقَارًا۔ گفتگو میں لوٹ پھیر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَاقَرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

اَنْقَرَ عَنْهُ: رُکنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَمَا اَنْقَرَ عَنْهُ حَتّٰى قَتَلَهُ" اس نے اسے مارا اور نہیں رُکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ وَاَنْقَرَ الرَّجُلُ: گنگنا کر آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔

تَنَقَّرَ الشَّيْءَ: چھان بین کرنا — عَلَى الاَهْلِ والمَالِ: بددعا کرنا۔ اور اَرَاحَنِيَ اللّٰهُ مِنْكُمْ و ذَهَبَ اللّٰهُ بِمَالِكُمْ (اللہ تعالیٰ مجھ کو تم سے راحت دیں اور تمہارے مال کو ضائع کر دیں) کہنا۔

اِنْتَقَرَهُ۔ پسند کرنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: چھان بین کرنا۔ اِنْتَقَرَهُ و اِنْتَقَرَ بِهِ: قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا — الْقَوْمَ و بِالْقَوْمِ: خاص خاص لوگوں کو بلانا۔ اِنْتَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا نَقْرًا: کھروں سے کھودنا۔ اِنْتَقَرَتِ السُّيُوْلُ نَقْرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: لکھنا۔

النَّاقِرُ۔ فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج نَوَاقِرُ۔

النَّاقِرَةُ النَّاقِرُ کا مؤنث۔ مصیبت۔ درست دلیل۔ ج نَوَاقِرُ اور کہا جاتا ہے "اَتَتْنِي عَنْهُ نَوَاقِرُ" اس سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔ "وَاَخْطَاَتْ نَوَاقِرُهُ" یعنی وہ راہ راست پر مستقیم نہیں رہا۔ "وَبَيْنَهُمْ نَاقِرَةٌ و نَقْرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

النَّاقُوْرُ۔ صُور یا بگل۔ دل۔ ج نَوَاقِيرُ۔

النُّقَارَةُ۔ پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔ چونچ بھر۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ عِنْدِي نُقَارَةً اِلَّا اِنْتَقَرَهَا" میرے پاس جو کچھ تھا اس نے سب کچھ لکھ لیا۔

النَّقْرُ۔ مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کتابت۔

النِّقْرُ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَّقِرُ۔ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِرٌ"

عَلَيْكَ" وہ تمہارے اوپر غضبناک ہے۔نُقرہ کی بیماری میں مبتلا۔اور کہا جاتا ہے "مَالَهٗ بِمَوْضَعِ كَذَا نَقِرٌ" اس کے لئے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔

النَقَر۔مص۔کہا جاتا ہے "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْعَقَرِ و النَقَرِ" میں لنجاپن اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

النَقَرىٰ۔عیب۔اور یہ نَقَر فعل کا اسم ہے اور کہا جاتا ہے "دَعَوْتُهُمُ النَقَرىٰ" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا۔اور اس کے مقابلے میں "الجَفَلىٰ" ہے جس کے معنے دعوت عامہ کے ہیں "بَنَاتُ النَقَرىٰ" وہ عورتیں جو ہر اُس شخص کی عیب جوئی کریں جو اُن کے سامنے سے گزرے۔

النَقْرَة۔نقر کا اسم مرۃ۔کہا جاتا ہے "مَا اَثَابَهٗ نَقْرَةً" اِس نے اُس کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا "وَمَا اَغْنىٰ عَنِّي نَقْرَةً" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا۔اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔

النِقْرَة۔گفتگو میں لوٹ پھیر۔اور جھگڑا۔

النُقْرَة۔چھوٹا گول گڑھا۔چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا۔آنکھ کا گڑھا۔سرین کے وسط کا گڑھا۔گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔پرندہ کے انڈے دینے کی جگہ۔کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ج نُقَرٌ و نِقَارٌ۔

النقرة۔النَقِر کا مؤنث۔پست زمین میں بلند جگہ۔

النُقَرَة۔ایک قسم کی بیماری ہے جو بکری اور گایوں کی ٹانگ میں لاحق ہوتی ہے۔

النَقَّار اسم مبالغہ۔امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔پتھر یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا۔اس کے پیشہ کو النِقَارَة کہتے ہیں۔النَقَّار: ایک چھوٹا سا پرندہ جو درختوں پر چڑھ جاتا ہے اور سوراخ کرکے کیڑے نکالتا ہے۔

النَقَّارَة۔النَقَّار کا مؤنث۔

النَقِيْر۔آواز۔کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔کھدا ہوا پتھر یا لکڑی۔تنہ جس کو کھود کر سیڑھی جیسی بناتے ہیں۔لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔النَقِيْر: اصلیت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ النَقِيْرِ" فلاں شریف الاصل ہے۔بہت محتاج۔ایک کالے رنگ کی مکھی۔ج اَنْقِرَة۔

النَقِيْرَة۔چھوٹی کشتی۔

الاُنْقُوْر۔کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

التَنْقِيْر۔مص۔سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنْقَر۔کدال۔چھینی۔ج مَنَاقِر۔

المُنْقُر و المُنْقَر۔شراب بنانے کیلئے لکڑی کا کھدا ہوا برتن۔ج مَنَاقِيْر (خلاف قیاس) تنگ منہ کا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں حوض۔

المُنْقِر۔بہت کھٹا دودھ۔کہا جاتا ہے "هُوَ مُنْقَّرُ العَيْنِ و مُنَقِّرُهَا" وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنْقَار۔کدال۔چونچ۔المِنْقَار: جری موزہ کی نوک مِنْقَارُ الدَّجَاجَةِ و مِنْقَارُ الْغُرَابِ: دو ستاروں کے نام۔و مِنْقَارُ الْغُرَابِ: مونڈھے کی ایک ہڈی جس کو اَخْرَم بھی کہتے ہیں۔

نَقْرَد نَقْرَدَةً فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا۔کہا جاتا ہے "مَالَكَ مُنَقْرِدًا" کوئی تمہارے لئے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِقْرِس۔پیر کے جوڑوں کا آماس۔ہلاکت۔بڑی مصیبت۔ماہر رہنما۔طبیب حاذق۔گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں ج نَقَارِس۔

النِقْرِيْس۔ماہر رہنما۔طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن ض) نَقْزًا و نَقَزَانًا و نِقَازًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔چھلانگ مارنا۔صفت نَاقِزٌ: نَقَزَهٗ عَنْهُمْ: دفع کرنا۔ہٹانا۔

نَقَّزَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهٗ: بچے کا اچھالنا۔نَقَّزَ فُلَانًا: کودانا۔

اَنْقَزَ الرَّجُلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ردی مال جمع کرنا۔نُقاز کی بیماری والے جانوروں والا ہونا۔اَنْقَزَ عَدُوَّهٗ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا — عَنِ الشَّيْءِ: رکنا۔باز رہنا۔

اِنْتَقَزَتِ الشَّاةُ: نُقاز کی بیماری والی ہونا۔

اِنْتَقَزَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: ردی مال دینا۔

اِنْتَقَزَ لِفُلَانٍ شَرَّ الْاِبِلِ: کسی کیلئے بھدے اونٹ پسند کرنا۔کہا جاتا ہے عَطَاءٌ نَاقِزٌ و ذُوْ نَاقِزٍ: گھٹیا عطیہ۔

النَاقِزَة۔النَاقِز کا مؤنث۔ج نَوَاقِز۔نَوَاقِزُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں۔

النُقَاز بِالضَّمِّ۔طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض۔

النِقْز۔خسیس مال۔گھٹیا قسم کے لوگ۔

النُقْز۔کنواں۔

النَقِز۔لقب۔

النَقَز۔لقب۔گھٹیا مال۔رذیل اور ادنیٰ درجہ کے لوگ واحد نَقَزَةٌ۔

النَقِيْز۔صاف میٹھا پانی۔

النُقَّاز و النُقَاز۔ایک قسم کا پرندہ۔چڑیوں کے بچے۔ج نَقَاقِيْز۔

المَنْقُوْز۔نُقاز کی بیماری والا۔مؤنث مَنْقُوْزَةٌ۔

نَقَسَ (ن) نَقْسًا۔النَاقُوْسَ بِالخَشَبَةِ: لکڑی سے ناقوس بجانا — النَاقُوْسَ: ناقوس بجانا — المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

نَقَسَ (ن) نُقُوْسًا۔الشَرَابُ: کھٹا ہونا۔

بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔

نَقِسَهٗ (س) نَقْسًا۔عیب لگانا۔تمسخر کرنا۔

نَقِسَتْ نَفْسُهٗ: متلی آنا۔

نَقَّسَ فُلَانًا: لقب دینا — الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی ڈالنا۔نَقَّسَهُمْ بِنَاقُوْسِهٖ: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔

نَاقَسَهٗ۔عیب لگانا۔کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُنَافَسَةٌ و مُنَاقَسَةٌ" ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔

اِنْتَقَسَ۔ناقوس بجانا۔

النَاقِس۔فا۔کھٹا۔کہا جاتا ہے "لَبَنٌ نَاقِسٌ او شَرَابٌ نَاقِسٌ" کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔

النُقْس۔ایک قسم کا ناقوس۔کھجلی۔ج نُقُس

رَجُلٌ نَقِسٌ: لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔

النِقْس۔روشنائی۔ج اَنْقَاس و انقُس۔

الاَنْقَس۔باندی بچہ۔کھجلی والا۔

النَقُوْس۔ایک قسم کی نباتات۔

النَاقُوْس۔لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو

چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لئے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں۔

النِقَابَة۔ لقب دینا۔

نَقَشَ (ن) نَقْشًا الشَّیْئَ : مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا — العِذْقَ : کھجور کے خوشہ کو پکانے کیلئے کانٹوں سے مارنا — الشَّوْکَةَ مِنْ رِجْلِهٖ : پیر سے کانٹا نکالنا — مَرْبَضَ الْغَنَمِ : بکری کے باڑہ کو کنکر کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا — عَنِ الشَّیْئِ : نہایت وضاحت کرنا — فَصَّ الْخَاتَمِ : انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا۔ الشَّعْرَ بِالْمِنْقَاشِ : بال کو موچنے سے اکھیڑنا۔ الرَّحٰی : چکی کے دندانے بنانا — الْجَارِيَةَ : جماع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَقَشَ مِنْهُ شَيْئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔

نَقَّشَ الشَّیْئَ : مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔

نَاقَشَهُ الْحِسَابَ وفِي الْحِسَابِ : حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔ نَاقَشَ فُلَانًا : جھگڑا کرنا۔

اَنْقَشَ عَلٰی غَرِيْمِهٖ : مقروض سے پورا وصول کر لینا۔ نقش کے کھانے پر مداومت کرنا۔ (دیکھئے لفظ النقش)

تَنَقَّشَ جَمِيْعَ حَقِّهٖ مِنْ فُلَانٍ : سارا وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔

اِنْتَقَشَ الشَّوْكَةَ : کانٹا پیر سے نکالنا۔ اور کبھی اِنْتِقَاش توبہ کیلئے بطور استعارہ کے مستعمل ہوتا ہے — الشَّیْئَ : نکالنا — مِنْ زَيْدٍ جَمِيْعَ حَقِّهٖ : سارا حق وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانًا : پسند کرنا۔ تم کہتے ہو "اِنْتَقَشْتُكَ لِكَذَا" میں نے تم کو فلاں چیز کیلئے منتخب کیا و اِنْتَقَشَ لِنَفْسِهٖ خَادِمًا اَوْ غَيْرَهٗ اس نے اپنے لئے خادم وغیرہ بنایا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانٌ : نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا — عَلٰی فَصِّهٖ كَذَا : نقش کئے جانے کا حکم دینا۔

النِقَاشَة۔ نقش و نگار کا پیشہ۔

النَقْش۔ مص۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار از قسم تصویر و بیل بوٹہ۔ ج نُقُوْش۔ النَّقْشُ : خشک کھجور جس کو توشہ دان میں رکھ کر پانی ڈالیں۔ کہا جاتا ہے "دَامَ عَلٰی اَكْلِ النَّقْشِ" اس نے نقش کے کھانے پر مداومت کی۔

النَقَّاش۔ نقش و نگار کرنے والا۔

النَقِيْش۔ برتن میں متفرق سامان۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ نَقِيْشٌ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔

المِنْقَش والمِنْقَاش۔ نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ موچنا۔ ج مَنَاقِش۔ و مَنَاقِيْش۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجْتُ حَقِّي بِالْمَنَاقِيْشِ" مجھے اپنے حق کے وصول میں تھکن لاحق ہوئی۔

المَنْقُوْش۔ مفو۔ دینار۔ کچی کھجور جس کو پکنے کے لئے کانٹا ماریں۔

الشَّجَّةُ المُنَقِّشَة والمَنْقُوْشَة۔ زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔

نَقَصَ (ن) نَقْصًا و تَنْقَاصًا و نُقْصَانًا الشَّیْئُ : کم ہونا۔ گھٹنا۔ نَقَصْتُ الشَّیْئَ : گھٹانا۔ نَقَصْتُ زَيْدًا حَقَّهٗ : حق کم کر دینا گھٹا دینا۔

نَقُصَ (ک) نَقَاصَةً المَاءُ : پانی میٹھا و خوشگوار ہونا۔

نَقَّصَ الشَّیْئَ وَ اَنْقَصَهٗ گھٹانا۔

اِنْتَقَصَ الشَّیْئُ : گھٹنا — الشَّیْئَ : گھٹانا الرَّجُلَ : عیب جوئی کرنا۔ اِنْتَقَصْتُهٗ حَقَّهٗ : حق کم کرنا۔

تَنَقَّصَ فُلَانًا : مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا — الشَّیْئَ : تھوڑا تھوڑا لینا۔

تَنَاقَصَ الشَّیْئُ : آہستہ آہستہ گھٹنا۔

اِسْتَنْقَصَ الثَّمَنَ : قیمت گھٹانے کیلئے کہنا۔ تھوڑا پانا — الرَّجُلَ : نقصان کی نسبت کرنا۔

النَّاقِص۔ فا۔ درہم ناقص۔ کم وزن کا درہم ج نُقَّص۔

النَقْص۔ مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور عقل میں نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْهِ نَقْصٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَعَقْلِهٖ" اور "دَخَلَ عَلَيْهِ نُقْصَانٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَعَقْلِهٖ" نہیں کہا جاتا۔

النُّقْصَان۔ مص۔ گھٹی۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "نُقْصَانُهٗ كَذَا وَكَذَا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے۔

النَّقِيْص۔ خوشگوار میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔

النَقِيْصَة۔ عیب گیری۔ بری خصلت ج نَقَائِص۔

المَنْقَصَة۔ کمی۔ نقصان۔ ج مَنَاقِص۔

نَقَضَ (ن) نَقْضًا الْبِنَاءَ : عمارت ڈھانا — العَظْمَ : ہڈی توڑنا — الْحَبْلَ : رسی کھولنا — الْعَهْدَ اَوِ الْاَمْرَ : مضبوطی کے بعد خراب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَقَضَ فُلَانٌ وِتْرَهٗ" یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔

نَقَضَ (ن ض) نَقْضًا الْمَفْصَلُ او الْاَدِيْمُ و نَحْوُهُمَا : جوڑ یا چمڑے کا تڑ تڑ کرنا۔

نَاقَضَ مُنَاقَضَةً و نِقَاضًا قَوْلُهُ الثَّانِيْ قَوْلَهُ الْاَوَّلَ : مخالف ہونا۔

اَنْقَضَتِ الْعُقَابُ : عقاب کا آواز نکالنا۔ اَنْقَضَ اَصَابِعَهٗ : انگلیاں چٹخانا — الْكَمْاَةُ و عَنِ الْكَمْاَةِ : سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا بِالْمَعْزِ : بکری کو بلانا — الحِمْلُ الظَّهْرَ : بوجھل کرنا (— و نَقَّضَ الكَمْ) : سانپ کی چھتری کا زمین کو پھاڑنا۔ وَنَقَّضَ الْاَرْضَ : مٹی علیحدہ کر دینا۔

تَنَقَّضَ الدَّمُ : خون ٹپکنا — الْجُرْحُ : زخم سے خون بہنا — الحَبْلُ : رسی کا کھل جانا — البَيْتُ : تڑکنا۔ تَنَقَّضَتْ عِظَامُهٗ : ہڈیوں سے آواز نکلنا — الْاَرْضُ عَنِ الْكَمْاَةِ : زمین کا پھٹنا۔

تَنَاقَضَ الْبِنَاءُ او الحَبْلُ : عمارت کا تڑکنا یا رسی کا کھلنا — القَوْلَانِ : ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَنَاقَضَا البَيْعَ : بیع کو باہم توڑنا۔

اِنْتَقَضَ الْبِنَاءُ : عمارت کا تڑکنا — الحَبْلُ : رسی کھلنا — الجُرْحُ بَعْدَ بَرْئِهٖ : زخم کا خراب ہونا — الْاَمْرُ بَعْدَ التِئَامِهٖ : فاسد ہونا۔ بگڑنا۔ اِنْتَقَضَتِ الطَّهَارَةُ : طہارت کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَقَضَ عَلَيْهِ الْبَلَدُ" یعنی شہر والوں نے بغاوت کی۔

النُقَاضَة۔ بٹی ہوئی رسی کا جو حصہ کھول دیا جائے۔

النَقْض۔ مص۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا اور یا کو پھر ہی کو ساکن کرنا۔

النِقْض۔ عمارت۔ ملبہ۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو اُدھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔ زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ جائے۔ ج اَنْقَاض و نُقُوْض۔

النُقْض۔ عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے۔ ج اَنْقَاض و نُقُوْض۔

النَقَض۔ کشتی کا ایک پیچ۔

النَقْض۔ خیمہ یا کمبل جو اُدھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔

النَقْضَة۔ نَقَض کا اسم مرۃ۔

النِقْضَة۔ نَقَض کا اسم نوع۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ نِقْضَةٌ۔ ج اَنْقَاض۔

النَقِیْض۔ مخالف۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هُوَ نَقِیْضُكَ" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مؤنث نَقِیْضَةٌ النَّقِیْضُ مِنَ الْاَدَمِ وَالرَّحْلِ وَالْوَتَرِ وَالْاَصَابِعِ وَالْاَضْلَاعِ وَالْمَفَاصِلِ وَ نَحْوِهَا: بر عکس۔ مخالف۔ آواز النَقِیْض: چوزے، بچھو، مینڈک، عقاب، شتر مرغ کی آواز۔ نَقِیْضُ السَّقْفِ: چھت کی چرچراہٹ۔ نَقِیْضُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ "كُلُّ اِنْسَانٍ حَیْوَانٌ بِالضَّرُوْرَةِ" تو اس کی نقیض اِنَّهٗ لَیْسَ كَذٰلِكَ ہوگی۔

النَقِیْضَان۔ دو چیزیں جن کا اجتماع ایک ہی جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب و سلب۔

النَقِیْضَة۔ پہاڑی راستہ۔ اسم ہے مُنَاقَضَة کا والنَقِیْضَةُ فِی الشِّعْرِ: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْقَصِیْدَةُ نَقِیْضَةُ قَصِیْدَةِ فُلَانٍ" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نَقَائِضِ جَرِیْرٍ و فَرَزْدَق۔

التَنَاقُض۔ مص۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ كَلَامِهٖ تَنَاقُضٌ" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔

نَقَطَ (ن) نَقْطًا الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ صفت فاعلی نَقَّاط اور صفت مفعولی مَنْقُوْط (— و نَقَّطَ) بِهِ الزَّمَانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ وَنَقَّطَ الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نَقَّطَ ثَوْبَهٗ بِالْمِدَادِ او الزَّعْفَرَانِ: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔

تَنَقَّطَ الْمَكَانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا — فُلَانٌ الْخَبَرَ: آہستہ آہستہ لینا۔

تَنَقَّطْتُ الْخُبْزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی۔

النَاقِط۔ فا۔ غلام کا غلام۔

النَقْطَة۔ نَقَطَ کا اسم مرۃ۔

النُقْطَة۔ نقطہ۔ قل اشاپ۔ ج نِقَاط و نُقَط۔ کہا جاتا ہے "نِقَاطٌ او نُقَطٌ مِنَ الْكَلَاَ" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وَمَا اخْتَلَفُوْا فِیْ نُقْطَةٍ" یعنی انہوں نے پوری طرح موافقت کی۔ ذرا بھی مخالفت نہ کی۔ نُقْطَةُ الدَّائِرَةِ: دائرہ کا مرکز۔

النَقِیْط۔ غلام کا غلام۔

المَنْقُوْط۔ مفع۔ اَلْمَنْقُوْطُ مِنَ الشِّعْرِ: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ كِتَابٌ مَنْقُوْطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا۔ آواز بلند کرنا ___ الْجَیْبَ: گریبان پھاڑنا — فُلَانًا: قتل کرنا — رِیْقَهٗ: تھوک منہ میں جمع کرنا — الْمَوْتُ: زیادہ ہونا — فُلَانًا بِالشَّتْمِ: بہت بری گالی دینا — بِالشَّرَابِ: شفا پانا — الدَّوَاءَ وَغَیْرَهٗ فِی الْمَاءِ: بھگونا — الرَّجُلُ: مہمانوں کیلئے جانور ذبح کرنا۔

نَقَعَ (ف) نُقُوْعًا الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا — الصَّارِخُ بِصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا — لَهُ الشَّرَّ: ہمیشہ کرنا — مِنَ الْمَاءِ وَبِهٖ: سیراب ہونا — السَّمُّ فِیْ اَنْیَابِ الْحَیَّةِ: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَقَعْتُ بِخَبَرِهٖ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا و نُقُوْعًا الْمَاءُ فِیْ بَطْنِ الْوَادِیْ: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھہرنا — الْمَاءُ الْعَطَشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا۔

اَنْقَعَ الدَّوَاءَ وَغَیْرَهٗ فِی الْمَاءِ: بھگونا — الصَّارِخُ بِصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا — الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا — الْمَاءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا — الرَّجُلُ: مہمانی کیلئے جانور ذبح کرنا — الْحَیَّةُ السَّمَّ فِیْ اَنْیَابِهَا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا — لِفُلَانٍ شَرًّا: دل میں چھپانا — الْمَیِّتَ: میت کو دفن کرنا — الْعَطَشُ: پیاس کا بجھنا۔

اِنْتَقَعَ النَّقِیْعَةَ: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا — الْقَوْمُ نَقِیْعَةً: تقسیم سے پہلے مال غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔

اُنْتُقِعَ لَوْنُهٗ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

اِسْتَنْقَعَ الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا — الْمَاءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا — فُلَانٌ فِی النَّهْرِ: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے دیر تک ٹھہرنا — الْمَاءُ فِی الْغَدِیْرِ: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔

اُسْتُنْقِعَ لَوْنُهٗ: رنگ بدل جانا — الشَّیْئُ فِی الْمَاءِ: بھگویا جانا۔

النَاقِع۔ فا۔ سَمٌّ نَاقِعٌ: زہر قاتل۔ دَوَاءٌ نَاقِعٌ: مفید دوا۔ دَمٌ نَاقِعٌ: تازہ خون۔

هَضَبَ الرَّجُلُ: سست چال چلنا — القَوْمُ فِي الحَدِيثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْضِبُوا يَا قَوْمِ" یعنی بات چیت کرو۔
اَهْضَبَ القَوْمُ: پہاڑ کی چوٹیوں پر اترنا۔
اِهْتَضَبُوا فِي الحَدِيثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔
اِسْتَهْضَبَ الجَبَلُ: پہاڑ کا زمین پر پھیلا ہوا ہونا۔ مستطیل ہونا۔
الهَضْبَةُ۔ زمین پر پھیلا ہوا پہاڑ۔ اکیلا لمبا پہاڑ۔ بلند زمین۔ بارش کی بوچھاڑ۔ ج هِضَبٌ و هَضْبٌ و هِضَابٌ و هَضَبَاتٌ وجج اَهَاضِيبُ۔ رَجُلٌ هَضْبَةٌ: بہت بولنے والا مرد۔
الهِضَبُّ۔ مضبوط و قوی۔ بہت پسینے والا گھوڑا۔
غَنَمٌ هَضِيبٌ۔ کم دودھ والی بکری۔
الأُهْضُوبَةُ مِنَ المَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔ ج اَهَاضِيبُ۔
رَوْضَةٌ مَهْضُوبَةٌ۔ بارش سے سیراب باغ۔
هَضَجَ المَوَاشِي: اچھی طرح نہ چرانا۔
صِبْيَانٌ هَضِيجٌ۔ چھوٹے بچے (اس کیلئے واحد نہیں)
هَضَلَ(ن ض) هَضْلاً بِالشِّعْرِ و بِالكَلاَمِ بہت کہنا۔
اَهْضَلَتِ السَّمَاءُ: برسنا — الدَّلْوُ: ڈول کا کنوئیں میں ٹکرا کر پانی سے بھر جانا۔
الهَضْلُ۔ مصدر۔ بہت۔
الهَضْلاَءُ۔ لمبے پستان والی عورت۔
الهَضَّالُ۔ حدی گانے والا۔

الهَيْضَلُ۔ ہتھیار بند جماعت۔ بڑا لشکر جَمَلٌ هَيْضَلٌ: موٹا بڑا لمبا اونٹ۔
الهَيْضَلَةُ مِنَ النُّوقِ: موٹی لمبی اونٹنی۔ عمر رسیدہ۔ زیادہ دودھ دینے والی۔ ادھیڑ عورت۔ ہتیار بند جماعت۔ لوگوں کی آواز۔
هَضَمَ(ن)هَضْمًا الشَّيءَ: توڑنا — فُلاَنًا: ظلم کرنا۔ غصب کرنا اور اسم الهَضِيمَةُ۔ هَضَمَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔ هَضَمَ لَهُ مِنْ حَقِّهِ شَيْئًا رضامندی سے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دینا — لَهُ مِنْ مَالِهِ: دینا۔ هَضَمَتِ المِعْدَةُ الطَّعَامَ غذا کو جزو بدن ہونے کے قابل بنا دینا۔
هَضَمَ عَلَى القَوْمِ: اچانک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَعَرُوا بِنَا حَتَّى هَضَمْنَا عَلَيْهِمْ" اُن کو ہماری اطلاع نہیں ہوئی اور ہم اچانک اُن کے پاس پہنچ گئے۔ "وَمَا هَضَمَ عَلَيْهِ" وہ اس سے قریب نہیں ہوا۔
هَضِمَ (س) هَضَمًا۔ نازک اور پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْضَمُ مؤنث هَضْمَاءُ ج هُضْمٌ۔ کہا جاتا ہے "فِي كَشْحِهِ هَضَمٌ" یعنی وہ بڑے پیٹ والا نہیں ہے یا اس کی کمر پتلی ہے۔
هَضِمَتِ الخَيْلُ: گھوڑے کا اُٹھی ہوئی پسلیوں اور پچکے ہوئے پیٹ والا ہونا (اور یہ عیب ہے)
تَهَضَّمَهُ۔ ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ ذلیل کرنا۔ توڑنا۔
تَهَضَّمَ لِلْقَوْمِ: مطیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَضَّمْتُ لَهُ نَفْسِي" یعنی میں اس سے بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔
اِنْهَضَمَ الطَّعَامُ: غذا کا جزو بدن ہونے کے قابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ سَرِيعُ الاِنْهِضَامِ" یہ کھانا جلدی جزو بدن ہونے کے قابل ہے — الشَّيءُ: ملنا۔
اِهْتَضَمَهُ۔ ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ حق دبانا۔
الهَاضِمُ۔ فا۔ شَيءٌ هَاضِمٌ: نرم چیز۔
الهَاضِمَةُ۔ الهَاضِمُ کا مؤنث۔ غذا کو جزو بدن بنانے والی قوت۔
الهَاضُومُ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔ اپنے مال کو خرچ کرنے والا۔ شیر۔
الهَضَّامُ۔ اسم مبالغہ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔

الهَضم- مص- غذا کا جزو بدن ہونا۔
الهَضم و الهِضم- پست زمین- بطن وادی ج
اَهضَام و هُضُوم (— و الهَضم و الهَضمَة)
بخور کی ایک قسم۔
الهَضُوم- غذا کو ہضم کرنے والی چیز- یَدٌ
هَضُوم : فیاض ہاتھ۔ ج هُضُم اور کہا جاتا ہے
"فِتیَانٌ هُضُمٌ" خرچ کرنے والے جوان۔
"وَرَجُلٌ هَضُومُ الشِّتَاءِ" قحط کے زمانے میں
خرچ کرنے والا مرد۔
الهَضِیم- توڑا ہوا۔ اِمرَأَةٌ هَضِیمٌ : پتلی کمر
والی عورت- بَطنٌ هَضِیمٌ : پتلا پیٹ- قَصَبَةٌ
هَضِیمٌ : بانسری۔
الهَضِیمَة- ظلم- غصہ- کھانا جو میت کے بعد
کھلایا جائے۔ ج هَضَائِم
الاَهضَم- موٹے دانتوں والا- مؤنث
هَضمَاء ج هُضم- و اَهضَم الکَشحَینِ :
پتلے پہلوؤں والا۔
المَهضُومَة- خشک اور بان سے مرکب ایک
خوشبو- قَصَبَةٌ مَهضُومَةٌ : بانسری- کہا جاتا ہے
"رَاَیتُهٗ مُتَهَضِّمًا" میں نے اس کو غمزدہ دیکھا۔
هَاضَاهُ مُهَاضَاةً- بیوقوف سمجھنا- حقیر جاننا۔
الهَضَاة- گیسو- گدھی۔
الاَهضَاء- لوگوں کی جماعت۔
هَطَر (ض) هَطرًا- الکَلبَ : لکڑی سے مار
ڈالنا یا مارنا۔
تَهَطَّرَتِ البِئرُ : ویران ہونا- گرنا- تَهَطَّرَ
الرَّجُلُ : ذلیل ہونا۔
الهَطِرَة- اسم مرۃ- غنی کے سامنے سوال کے
وقت فقیر کی ذلت۔
تَهَطرَسَ الرَّجُلُ : لچک لچک کر چلنا۔
اُلهُطط- ہلاک ہونے والے۔
الاَهَطّ- عمدہ رفتار کا اونٹ- مؤنث هَطَّاء۔
هَطَعَ (ف) هَطعًا و هُطُوعًا- ڈرتے ہوئے
جلدی پیش قدمی کرنا- ایک ہی طرف ٹکٹکی لگانا۔
اَهطَعَ- گردن اٹھانا اور سر جھکانا — فِی
السَّیرِ : ڈر سے جلدی چلنا۔
اِستَهطَعَ البَعِیرُ فِی سَیرِهٖ : اونٹ کا دوڑنا۔
الهَطِیع- کشادہ راستہ۔

نَاقَةٌ هَطعَی- تیز رو اونٹنی۔
المُهطِع- فا- ذلت اور عاجزی سے ایک ہی
طرف نظر جمانے والا۔
هَطَفَ (ض) هَطفًا الرَّاعِی : دوہنا۔
— السَّمَاءُ : برسانا۔
الهَطِف- بہت بارش۔
الهَطَق- تیز رفتاری۔
هَطَلَ (ض) هَطلًا و هَطَلَانًا و تَهطَالًا
المَطَرُ : متفرق طریقہ سے بڑی بڑی- بوندوں والی
لگاتار بارش ہونا- صفت مذکر هَاطِل صفت
مؤنث هَاطِلَةٌ ج هُطَّل — الجَرِیُ الفَرَسَ :
پسینہ بہانا- هَطَلَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا آہستہ چال
چلنا- هَطَلَ الرَّجُلُ : اپنی ضرورت سے پیدل چل
کر جانا- هَطَلَتِ العَینُ بِالدَّمعِ آنسو بہانا۔
تَهَطَّلَ المَطَرُ : بڑی بوندوں والی لگاتار بارش
ہونا۔
تَهَاطَلُوا- عَلٰی کَذَا : ایک دوسرے کے پیچھے
آنا۔
الهَاطِل- فا- گنجان کھیتی۔
الهَطَّال مِنَ المَطَرِ وَ السَّحَابِ : زور سے
بڑی بوندوں سے برسنے والی بارش۔
الهَطل- مص- لگاتار آہستہ بارش- تھکن۔
الهِطل- بھیڑیا- چور- بیوقوف۔
دِیمَةٌ هُطُلٌ- لگاتار بارش۔
الهَطِل- بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش- کہا
جاتا ہے مَطَرٌ هَطِلٌ و سَحَابٌ هَطِلٌ- کہا جاتا ہے
دِیمَةٌ هَطلَاء بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار
بارش- اور "سَحَابٌ اَهطَل" نہیں بولا جاتا۔
جس طرح "فَرَسٌ رَوعَاءُ" تو کہتے ہیں مگر مذکر کے
لیے "اَروَع" نہیں کہتے "اِمرَاَةٌ حَسنَاء" تو
بولتے ہیں مگر مرد کو "اَحسَن" نہیں کہتے۔
نَاقَةٌ هَطلٰی- آہستہ رو اونٹنی- کہا جاتا ہے
"مَشَتِ الظِّبَاءُ هَطلٰی" یعنی ہرنیاں آہستہ
چلیں- اِبِلٌ هَطلٰی و هَطلٰی بغیر ساربان کے
چھوٹے ہوئے اونٹ۔
الهَیطَل- لومڑی- الهَیطَل : غازیوں کی قلیل
جماعت- ماوراء النہر کے چند شہروں کا نام- ترکوں یا
ہندوستانیوں کی ایک قوم ج هَیَاطِل و هَیَاطِلَة۔

الهَیطَلَة- پیتل یا تانبے کی دیگچی (دخیل)
هَطلَسَ الشَّیءَ : سارا لے لینا۔
تَهَطلَسَ اللِّصُّ : چور کا حیلہ و فریب کرنا —
المَرِیضُ مِن عِلَّتِهٖ : مریض کا بیماری سے افاقہ
پانا- صحت یاب ہونا۔
الهَطلَس و الهَطَلَّس- بٹ مار- چور- بھیڑیا-
بڑا لشکر۔
الهَطلَّع- بڑا گروہ- بے شمار فوج- لمبا جسیم مرد۔
هَطهَطَ الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا —
الرَّجُلُ : تیز چلنا — فِی العَمَلِ : جلدی کرنا۔
الهَطَاهِط- گھوڑا۔
هَطَا یهطو هَطوًا بکذا : پھینکنا۔
الهُطی- پچھاڑ- سخت مار۔
هَعَّ (ن) هَعًّا و هَعَّةً- قے کرنا۔
هَیعَرَت هَیعَرَةً و تَهَیعَرَتِ المَرأَةُ : چنچل
رہنا- ایک جگہ پر آرام و قرار نہ لینا۔
الهَیعَرَة- بھوت- بدکار عورت۔
الهَیعَرُون- مصیبت- بہت بڑھیا۔
الهَاعِیَة- بیوقوف سست عورت۔
هَفَّت (ض) هَفًّا و هَفِیفًا الرِّیحُ : ہوا کا سائیں
سائیں کرنا- هَفَّ الرَّجُلُ : تیز چلنا — الشَّیءُ :
سبک اور چمکدار ہونا۔
اِهتَفَّ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا۔
اِهتَفَّت اُذُنُهٗ : کان کا سائیں سائیں کرنا۔
الهِفّ- کھیتی جس کے کاٹنے میں تاخیر ہو جائے
اور اس کے دانے بکھر جائیں- چھوٹی مچھلیاں- پانی
کے بڑے بڑے کالے کیڑے- واحد هِفَّةٌ :
و الهِفّ : ہلکا پھلکا مرد- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِفٌّ"
کم شہد یا بے شہد کا چھتہ- ہر ہلکی چیز جس کے
جوف میں کچھ نہ ہو- سَحَابٌ هِفٌّ : پتلا بے پانی
کا بادل- کہا جاتا ہے "مَا فِی بَیتِكَ هُفَّةٌ وَ لَا
سُفَّةٌ" یعنی تمہارے گھر میں کھانے پینے کی کوئی
چیز نہیں- کہا جاتا ہے هَفَّت هَافَّةٌ مِنَ النَّاسِ :
قحط سالی کی وجہ سے لوگوں کی جماعت آگئی۔
الهَفَّاف- چمکدار — مِنَ الاَجنِحَةِ : اڑنے
میں ہلکا — مِنَ القُمُصِ : پتلی شفاف قمیص
— مِنَ الخُمُرِ : سبک و چست — مِنَ
الظِّلَالِ : ٹھنڈا سایہ- اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

هفاف القميص "ہلکا پھلکا مرد-
الهَفَّافَة- الهَفَّاف کا مؤنث- رِيْحٌ هَفَّافَةٌ : خوشگوار یا تیز چلنے والی ہوا-
الهَفَّان- نشان قدم- کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰى هَفَّانِه" وہ اس کے نشان قدم پر آیا-
جَارِيَةٌ مُهَفْهَفَةٌ- پتلی کمر والی لڑکی-
هَفَّ (ض) هَفًّا و هَفَانًا الشَّيْئُ : خفت کی وجہ سے اڑنا- پست ہونا- باریک ہونا — الرَّجُلُ : بلا سوچے سمجھے بہت بولنا-
تهافت علَى الشَّيْئِ : لگاتار گرنا (اکثر اس کا استعمال شر میں ہوتا ہے) — الْفِرَاشُ عَلَى النَّارِ : پروانہ کا آگ میں گرنا — النَّاسُ عَلَى الْمَاءِ : ہجوم کرنا — الْقَوْمُ : مر کر گرنا — الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
اِنْهَفَتِ الشَّيْئُ : پست ہونا- ذلیل ہونا-
الهَفَات- بیوقوف-
الهَفْت- مص- پست زمین- بہت بیوقوفی- کسی چیز کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنا- الهَفْتُ مِنَ الْمَطَرِ : جلدی برسنے والی بارش — مِنَ الْكَلَامِ : بلا سوچ و سمجھ کے بہت گفتگو-
الهَفِيْتَةُ مِنَ النَّاسِ : بھوک یا سختی کے مارے ہوئے لوگ-
الْمَهْفُوْت- حیران-
تَهَفَّكَ- اضطراب کے ساتھ سست چال چلنا-
الْمُتَهَفِّك- فا- اضطراب کے ساتھ سست چال چلنے والا (— والْمُهَفَّك) بہت غلطی اور گڑبڑی کرنے والا-
هَفْهَفَ هَفْهَفَةً الرَّجُلُ : لاغر اندام و نازک ہونا — الشَّيْئَ : ہلانا-
تَهَفْهَفَ الرَّجُلُ : لاغر اندام و نازک ہونا-
ظِلٌّ هَفْهَفٌ- ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو-
الهَفْهَاف- پتلے پیٹ والا- پیاسا — مِنَ الْقُمُصِ وَالْأَجْنِحَةِ : پتلا و شفاف- ظِلٌّ هَفْهَافٌ : ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو-
غُرْفَةٌ هَفْهَافَةٌ : سایہ دار ٹھنڈا جھروکہ-
الْمُهَفْهَف- پتلے پیٹ باریک کمر والا مؤنث

مُهَفْهَفَةٌ-
هَفَا يَهْفُوْ هَفْوًا و هَفْوَةً و هَفَوَانًا تیز دوڑنا — الطَّائِرُ : پر پھڑپھڑانا اور اڑنا — الرَّجُلُ : پھسلنا- بھوکا ہونا-
هَفَتْ تَهْفُوْ هَفْوًا و هُفُوًّا الرِّيْشَةُ او الصُّوْفَةُ فِي الْهَوَاءِ : پر یا اون کا اِدھر اُدھر اڑنا — الرِّيْحُ بِالصُّوْفَةِ : ہوا کا اون کو اِدھر اُدھر اڑانا- هَفَا الْفُؤَادُ : دل دھڑکنا، فریفتہ ہونا — فُلَانٌ : اوچھا ہونا- هَفَا الظَّلِيْمُ : شتر مرغ کا دوڑنا- اور کہا جاتا ہے "هَفَا الْقَلْبُ مِنَ الْحُزْنِ او مِنَ الطَّرَبِ" دل غم سے پراگندہ ہوا یا خوشی سے قابو میں نہیں رہا-
هَافَاهُ مُهَافَاةً- خواہش کی طرف مائل کرنا-
الهَافِي- فا- بھوکا-
الهَافِيَة- الهَافِي کا مؤنث ج هَوَافٍ هَوافِي الْإِبِلِ : گم شدہ اونٹ-
الهَفَا- بارش جو کبھی برسے کبھی رک جائے-
الهَفَاء- غلطی- لغزش-
الهَفَاة- بارش- رَجُلٌ هَفَاةٌ : بیوقوف مرد-
الهَفْوَة- لغزش ج هَفَوَات-
الأهْفَاء- بیوقوف لوگ-
هَقَّ (ض) هَقًّا الرَّجُلُ : بھاگنا-
الهَقْب- فراخی-
الهِقَبّ- کشادہ حلق والا- لمبا موٹا- شتر مرغ وغیرہ-
الهَقَنْبَقْب- مضبوط و قوی-
الهُقْرَة- بکریوں کا درد-
الهَقْوَر- لمبا موٹا بیوقوف-
الهَقْز- ایک قسم کا کپڑا سرخ یا سفید اون کا بنا ہوا جس میں کبھی ریشم بھی ملاتے ہیں-
هَقَعَ (ف) هَقْعًا الفَرَسَ : گھوڑے کو داغ دینا-
تَهَقَّعَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا : نادانی برتنا- تکبر کرنا- فعل قبیح کا ارتکاب کرنا-
تُهُقِّعَ- اوندھا ہونا-
اِنْهَقَعَ- الرَّجُلُ : سخت بھوکا ہونا-
اَهْتَقَعَهُ- باز رکھنا- منع کرنا- کہا جاتا ہے "اِهْتَقَعَ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ" فلاں کو بد اصلی نے عزت و شرافت تک پہنچنے سے روک دیا "اِهْتَقَعَتِ

الْحُمّٰى فُلَانًا" : ایک دن ناغہ دے کر بخار آنا-
اِهْتَقَعَ الشَّيْئُ فُلَانًا : دوبارہ لوٹ کر آنا-
اُهْتُقِعَ لَوْنُهُ : خوف یا گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا-
الهُقَاع- غم یا بیماری کی وجہ سے غفلت-
الهَقِع- لالچی- مؤنث هَقِعَة-
الهَقْعَة- هَقَعَ کا اسم مرة- جوزا کے اوپر تین روشن ستارے جو دیگدان کے پایہ کے مانند ایک دوسرے سے قریب ہیں- الهَقْعَة : گھوڑے کے سینہ کے وسط میں دائرہ-
الهُقَعَة- لوگوں کے درمیان بہت ٹیک لگانے والا یا لیٹنے والا-
الهَيْقَعَة- تلوار کی جھنکار- تلوار کی جھنکار کی نقل- کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسُّيُوْفِ هَيْقَعَةً" میں نے تلواروں کی جھنکار سنی- آواز سننے کے لیے خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا- یا لوہے کو پتھر سے مارنا-
الْمَهْقُوْع- مفع — مِنَ الْخَيْلِ : سینہ کے وسط میں دائرہ رکھنے والا گھوڑا-
هَقَعَ (ف) هُقُوْعًا- بھوک یا بیماری سے سست ہونا-
هَقِفَ (س) هَقَفًا- کم بھوک لگنا-
الهَاقِل- چوہا-
الهِقْل- جوان شتر مرغ- لمبا بیوقوف- مؤنث هِقْلَة-
الهَقِل- بھوکا-
الهَيْقَل- جوان شتر مرغ- گوہ-
الهَيْقَلَة- ایک قسم کی چال- کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَمْشِي الْهَيْقَلَةَ-"
الهَقَلِّس- بدخو مرد- بھیڑیا- لومڑی ج هَقَالِس-
هَقِمَ (س) هَقَمًا- بہت بھوکا ہونا- صفت هَقِم- بہت کھانا اور بدہضمی نہ ہونا-
تَهَقَّمَهُ- مغلوب کرنا- تَهَقَّمَ الطَّعَامَ : پے در پے بڑے بڑے لقمے نگلنا-
الهِقَمّ- سمندر- بہت کھانے والا مرد-
الهَيْقَم- وسیع سمندر- سمندر کا شور-
هَقِيَ يَهْقِيْ هَقْيًا- بکواس کرنا- اور کہا جاتا ہے

"فُلَانٌ يَهْقِي بِفُلَانٍ" فلاں فلاں کے ساتھ بک بک کرتا ہے — فُلَانًا: گالی دینا — فُؤَادَهٗ: دل پراگندہ ہونا۔
اَهْقَاهُ اِهْقَاءً۔ خراب کرنا۔
هَكَّ (ن) هَكًّا۔ گوز کرنا — الطَّائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا — النَّعَامُ: شترمرغ کا پاخانہ کرنا — الشَّيْئَ: پیسنا۔ صفت مفعولی مَهْكُوْك و مَهْكِيْك۔ هَكَّهٗ بِالرُّمْحِ: پیاپے نیزہ مارنا۔ هَكَّهٗ بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا هَكَّتِ النَّبِيْذُ فُلَانًا: مست کرنا — اللَّبَنَ: دودھ نکالنا — فُلَانًا: لاغر کرنا — النَّجَّار الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو کشادہ کرنا — الجَارِيَةَ: بہت جماع کرنا۔ هَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گر جانا۔
هُكَّ الشَّيْئُ: گرایا جانا۔
تَهَكَّكَ الرَّجُلُ: مضطرب ہونا۔
اَلْاُنْثٰى: قریب الولادہ ہونے کی وجہ سے تھن کا بڑا ہونا۔
اِنْهَكَّ الْبَعِيْرُ: بیٹھنے کے وقت زمین سے چمٹنا — الرَّجُلُ: مست ہونا۔ اِنْهَكَّتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْهَكُّ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔
الهَكُّ۔ مص - فاسد العقل ج هَكَكَةٌ و اَهْكَاك۔ سخت بارش۔
الهُكُوْك۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ کمزور کمینہ۔
اَحْمَقُ هَاكٌّ۔ انتہائی بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَكَّاكٌ بِالْكَلَامِ": غلط کلام کو صحیح سمجھ کر بولنے والا۔
الهَكَوَّك۔ موٹا۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ سخت جگہ۔ اور بقوص بعض نرم جگہ۔
الهَكِيْك۔ پساہوا۔ مخنث۔
المَهْكُوْك۔ مفعو۔ کلام میں ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرا۔
المُنْهَكَّة۔ دشواری سے بچہ جننے والی عورت۔
هَكَبَ (ض) هَكْبًا بِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔
هَكَدَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار پر سختی کرنا۔
هَكَرَ (ض) وهَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا وهَكِرَ اِبْنُ كَذَا: سخت متعجب ہونا۔
هَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا۔ اونگھنا۔

تَهَكَّرَ۔ تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔
الهَكِرُ۔ متعجب (— والهَكُر) اونگھنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِيْهِ مَهْكَرٌ اَوْ مَهْكَرَةٌ: اس میں کوئی تعجب نہیں۔
الهَكَارِس۔ مینڈکیں۔
هَكَعَ (ف) هُكُوْعًا۔ ٹھہرنا۔ مطمئن ہونا۔ هَكَعَتِ الْبَقَرُ تَحْتَ الشَّجَرِ: سخت گرمی میں درخت کے نیچے سایہ لینا — الرَّجُلُ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ فَمَا يُدْرٰى اَيْنَ سَكَعَ وَ اَيْنَ هَكَعَ" فلاں گیا نہیں معلوم ہے کہ کس طرف گیا اور کہاں اقامت کی۔ هَكَعَ اللَّيْلُ تاریکی پھیلانا — فُلَانٌ بِالْقَوْمِ وَاِلَى الْقَوْمِ شام ہونے کے بعد قوم کے پاس واپس آنا — الرَّجُلُ: غم یا غصہ سے سر جھکانا — اِلَى الْاَرْضِ: اوندھا ہونا — عَظْمُهٗ: درستی کے بعد ٹوٹنا۔
هَكِعَ (س) هَكَعًا و اِهْتَكَعَ۔ مطیع ہونا۔ گھبرانا۔ عاجزی کرنا۔
الهُكَاع۔ کھانسی۔ تھکن کے بعد کی نیند۔
الهَكُوْع۔ درخت کے نیچے سایہ لینے والی گایوں کا ریوڑ۔
الهُكَعَة۔ بیوقوف۔
هَكَفَ (ف) هَكْفًا۔ تیز چلنا۔
هَكَّلَ تَهْكِيْلًا۔ الحِصَانُ او المَرْأَةُ: گھوڑے یا عورت کا اٹھلاتے ہوئے چلنا۔
تَهَاكَلَ الْقَوْمُ: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔
هَيْكَلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اور لمبا ہونا۔
الهَيْكَل۔ لمبی اور بڑی نباتات یا درخت واحد هَيْكَلَةٌ۔ بلند عمارت۔ موٹا (ہر جاندار) گرجا میں قربان گاہ۔ صورت۔ پیکر۔ مجسمہ ج هَيَاكِل۔ فَرَسٌ هَيْكَلٌ: بلند گھوڑا۔
هَكَّمَ تَهْكِيْمًا فُلَانًا و لِفُلَانٍ: کسی کیلئے گانا۔
تَهَكَّمَتِ الْبِئْرُ و نحوها: کنوئیں کا گرنا۔
تَهَكَّمَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا — زَيْدًا: پیاپے نیزہ مارنا — الرَّجُلُ: جھوٹی مغرورانہ چال چلنا اور ہر چیز میں مقدار سے بڑھ جانا۔ تَهَكَّمَ عَلٰى فُلَانٍ: سخت غضبناک ہونا — عَلَى الْاَمْرِ الفَائِت: نادم ہونا — الْمَطَرُ: ناقابل برداشت بارش ہونا — فُلَانٌ: گانا — لِفُلَانٍ: کسی کے لئے گانا — بِفُلَانٍ: بہت یاد کرنا۔
الهَكِم۔ لایعنی امور میں پھنسنے والا۔ شریر۔
الاُهْكُوْمَة۔ ٹھٹھا۔ استہزاء۔
المُتَهَكِّم و المُسْتَهْكِم۔ مغرور۔
تَهَكَّنَ عَلَى الْاَمْرِ الْفَائِتِ: نادم ہونا۔
(هَكَا)۔ هَاكَاهُ مُهَاكَاةً۔ اپنی عقل کو عاجز و ناکام سمجھنا۔
الاَهْكَاء۔ حیران لوگ۔
هَلْ۔ حرف استفہام بمعنے کیا جیسے "هَلْ طَلَعَ النَّهَارُ" کیا دن نکل آیا۔ اور "هَلْ" نسبت ایجابیہ کے لیے مخصوص ہے جیسے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ لَمْ يَقُمْ زَيْدٌ" نہیں کہا جاتا۔ اور اگر نسبت سلبیہ سے استفہام مقصود ہو تو ہمزہ لاتے ہیں اور هَلْ ایسے اسم پر بھی داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو اسی لیے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ" کہنا تو جائز ہے مگر "هَلْ زَيْدٌ قَامَ" کہنا جائز نہیں۔
اور هَلْ جملہ شرطیہ پر بھی داخل نہیں ہوتا اس وجہ سے کہ اس میں ایجاب و نفی دونوں کا احتمال ہے اور اس جملہ پر بھی داخل نہیں ہوتا جس پر اِنَّ حرف تحقیق داخل ہوا اس لیے کہ اِنَّ تقریر واقع کے لیے آتا ہے اور هَلْ استفہام کے لیے اور ان دونوں میں منافات ہے۔ اسی وجہ سے "هَلْ اِنْ قَامَ زَيْدٌ تَقُمْ" اور "هَلْ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" کہنا جائز نہیں۔ بخلاف ہمزہ کے کہ یہ استفہام میں اصل ہے اور اس میں بڑی وسعت ہے۔
اور هَلْ جب مضارع پر داخل ہو تو استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے هَلْ تَذْهَبُ الْآنَ کہنا جائز نہیں۔
هَلَّ (ن) هَلًّا الْمَطَرُ: زور سے برسنا — الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا — هَلَّ الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا — الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ چلانا۔
هَلَّلَ تَهْلِيْلًا۔ تسبیح پڑھنا۔ هَلِلُوْيَا (عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو۔" کہنا (دخیل) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔ اور یہ هَيْلَلَةٌ سے ماخوذ ہے جیسے بَسْمَلَةٌ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنا اور حَوْقَلَةٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہنا۔ کہا جاتا

ہے "سَبَّحَ فُلَانٌ وَهَلَّلَ" فلاں نے تسبیح پڑھی اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کہا۔ وَهَلَّلَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ بھاگنا — عَنْ قِرْنِهٖ: پیچھے ہٹنا — عَنْ شَتْمِهٖ: گالی دینے سے رُک جانا۔ ہٹ جانا — اَلْكَاتِبُ: لکھنا۔

هَالَّ هِلَالًا و مُهَالَّةً الْاَجِيْرَ: ورماہہ اُجرت مقرر کرنا۔ تم کہتے ہو "تَكَارَيْتُهٗ مُهَالَّةً" یعنی ایک چاند سے دوسرے چاند تک جیسا کہ "مُشَاهَرَةً" یعنی ایک مہینہ سے دوسرے مہینہ تک۔

اَهَلَّ الْهِلَالُ: نیا چاند نکلنا — الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا۔ اَهَلَّ الْقَوْمُ الْهِلَالَ: چاند دیکھتے وقت آواز بلند کرنا — اَلصَّبِيُّ: بچے کا رونے میں آواز بلند کرنا — الرَّجُلُ: نیا چاند دیکھنا — السَّيْفُ بِفُلَانٍ: تلوار کا کاٹنا — العَطْشَانُ: پیاسے کا تھوک جمع ہونے کے لیے زبان کو تالو سے ملانا — اَللّٰهُ السَّحَابَ: برسانا — اَلشَّهْرُ: مہینہ کا چاند دیکھنا المُلَبِّي: تلبیہ کے وقت آواز بلند کرنا — فُلَانٌ بِذِكْرِ اللّٰهِ: کسی نعمت یا کسی عجیب چیز کو دیکھ کر اللہ کے ذکر میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَلَّ بِالتَّسْمِيَةِ عَلَى الذَّبِيْحَةِ" اس نے ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا۔

اُهِلَّ الْهِلَالُ: نیا چاند نکلنا — اَلشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا۔

تَهَلَّلَ الْوَجْهُ اَوِ السَّحَابُ: چمک اٹھنا۔ — فُلَانٌ: خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہونا۔ تَهَلَّلَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔ تَهَلَّلَتْ دُمُوْعُهٗ: آنسو بہنا۔

اِنْهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ بارش ہونا۔ اِنْهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا — السَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسانا۔

اِهْتَلَّ الْوَجْهُ وَالسَّحَابُ: چمک اٹھنا — الرَّجُلُ: ہنسنے میں دانت ظاہر کرنا — المَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا۔

اِسْتَهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا — السَّمَاءُ: پہلی بارش برسانا — القَوْمُ الْهِلَالَ: نیا چاند دیکھنا — اَلشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا — اَلشَّهْرَ: مہینہ کا نیا چاند دیکھنا — اَلْوَجْهُ: خوشی سے دمک اٹھنا — الصَّبِيُّ: پیدائش کے وقت چلّانا۔ اور ایسا ہی ہر بولنے والے کے آواز بلند کرنے کو اِسْتِهْلَال کہتے ہیں۔ وَاسْتَهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اُسْتُهِلَّ الْهِلَالُ: نیا چاند نکلنا۔ اُسْتُهِلَّ السَّيْفُ: سونتا جانا۔

اَلْهِلَالُ۔ مصدر هَالَّ کا۔ نیا چاند۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی۔ اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔

وَالْهِلَالُ عِنْدَ اَهْلِ الْهَيْئَةِ: پہلی رات کا چاند

الهِلَالُ: تھوڑا پانی۔ شکار کو زخمی کرنے کا لوہا۔ سانپ۔ اور بقول بعض نر سانپ۔ سانپ کی کینچلی۔ جوتے کا تسمہ۔ دبلا اونٹ۔ غبار۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔ اونٹ کا نشان۔ خوبصورت لڑکا۔ چکی وغیرہ کا کنارہ جبکہ ٹوٹ جائے۔ بوچھار۔ پہلی بارش۔ ج اَهِلَّةٌ اور اَهَالِيْل (نادر)

الاَهَالِيْلُ۔ بارشیں۔ اس کے لیے واحد نہیں یا اس کا واحد اُهْلُوْل ہے۔

الهَلَالُ۔ پہلی بارش۔

الهَلُّ۔ مص۔ باریک بال۔ کپڑا۔

الهِلُّ۔ نموداری۔ ماہِ نو۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ فِيْ هَلِّ الشَّهْرِ" میں اس کے پاس نئے چاند طلوع ہونے کے وقت آیا۔

الهَلَلُ۔ خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ فُلَانٌ هَلَلًا" فلاں خوف کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ پہلی بارش۔ مکڑی کا جالا۔ بارشیں۔ واحد هَلَّةٌ۔

هَلَّا۔ کلمہ تخفیف و تندیم ہے۔ مرکب ہے هَلْ وَلَا سے۔ اگر ماضی پر داخل ہو تو ترک فعل پر ملامت کے لیے جیسے هَلَّا آمَنْتَ یعنی تم ایمان کیوں نہیں لائے۔ اور اگر مضارع پر داخل ہو تو برانگیختہ کرنے کیلئے جیسے "هَلَّا تُؤْمِنُ" تم ایمان کیوں نہیں لاتے ہو۔

الهُلَّى۔ خوشی جو غم کے بعد حاصل ہو۔

الهَلَّةُ۔ هَلَّ کا اسم مرۃ۔ هَلَل کا واحد۔ چراغ دان۔ اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ فِيْ هَلَّةِ الْقَمَرِ" میں اس کے پاس چاند کے طلوع کے وقت آیا (وَمَا اَصَابَ هَلَّةً) اس نے کچھ نہیں پایا۔

الهِلَلُ۔ بارشیں۔ واحد هِلَّةٌ۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا فُلَانٌ فَلَمْ يَاْتِنَا بِهِلَّةٍ وَلَا بِلَّةٍ" فلاں ہمارے پاس آیا اور کچھ نہیں لایا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ بِهِلِّيَانَ وَبِذِيْ هِلِّيَانَ" وہ گیا اور نہیں معلوم کہاں گیا ہے۔

هَلِّلُوْيَا۔ عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو۔"

الهَلْهَلَةُ۔ زمین جس پر بارش ہوئی ہو اور اردگرد بارش نہ ہوئی ہو۔

المُهَلِّلُ۔ فا۔ وہ شخص جو اپنے ہمسر پر حملہ کرے پھر بزدلی کی وجہ سے ہٹ جائے۔

اِبِلٌ مُهَلَّلَةٌ: دبلے اور جھکے ہوئے اونٹ۔

المُهَلَّلُ۔ جھکا ہوا۔

هَلَبَهٗ (ض) هَلْبًا۔ کسی کے بال اُکھیڑنا هَلَبَ ذَنَبَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی دم کو کاٹنا هَلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔ یا لگاتار برسانا — الفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔

فُلَانٌ الْقَوْمَ بِلِسَانِهٖ: ہجو کرنا۔ گالی دینا۔

هَلِبَ (س) هَلَبًا۔ بہت بالوں والا ہونا۔

اَهْلَبَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔

اَهْلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔

تَهَلَّبَ وَاِنْهَلَبَ الشَّعْرُ: بال اُکھڑا ہوا ہونا۔

اِهْتَلَبَ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔

لَيْلَةٌ هَالِبَةٌ۔ بارش والی رات۔

الهُلْبُ۔ بال۔ پلکیں۔ اور بقول بعض موٹی پلکیں۔ اور بقول بعض دم کے بال اور بقول بعض سور کے بال۔ واحد هُلْبَةٌ۔

الهَلِبُ۔ بہت بالوں والا۔

الاَهْلَبُ۔ بہت بالوں والا۔ بے بال والا۔ ذَنَبٌ اَهْلَبُ: کٹی ہوئی دم۔ عَامٌ اَهْلَبُ بہت بارش والا سال۔ سرسبز سال۔ عَيْشٌ اَهْلَبُ: کشادہ آسودہ زندگی۔

الهَلْبَاءُ۔ الاَهْلَب کا مؤنث۔ رَقَبَةٌ هَلْبَاءُ بہت بالوں والی گردن۔ کہا جاتا ہے "وَقَعْنَا فِيْ هَلْبَةٍ هَلْبَاءَ" ہم بڑی سخت مصیبت میں پڑ گئے۔

الهُلْبَةُ۔ هلب کا واحد۔ پیڑو۔ ایک ستارہ۔

هُلْبَةُ الشَّهْرِ : مہینے کا آخر- هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانے کی سختی-
الهَلاَّب- اسم مبالغہ- بہت ہجو کرنے والا- بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا- عَامٌ هَلاَّبٌ :بہت بارش والا سال- يَوْمٌ هَلاَّبٌ : ہوا اور بارش کا دن- الهَلاَّب و الهَلِيْب و المُهَلِّب : جنوری کے مہینے میں بہت ٹھنڈے چند دن-
الهَلاَّبَة- بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا-
الاُهْلُوْب- فن- طریقہ- اسلوب ج اَهَالِيْب-
هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ : جاڑے یا زمانہ کی شدت-
فَرَسٌ مَهْلُوْبٌ- دم کٹا گھوڑا-
المُهَلَّب- ہجو کیا ہوا-
الهِلْبَوْث- کم فہم- بیوقوف- کلام کرنے میں عاجز-
الهَلَبج و الهُلاَبِج- گاڑھا دودھ-
الهِلْبَاجَة- بیوقوف- بہت کھانے والا- گاڑھا دودھ-
الهَلْبَس و الهَلْبَسِيْس- کوئی- کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ هَلْبَسٌ و هَلْبَسِيْسٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں- الهَلْبَسِيْس و الهَلْبَسِيْسَة کپڑا- کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ هَلْبَسِيْس و هَلْبَسِيْسَةٌ" اس کے اوپر کپڑا نہیں- هَلْبَسِيْسٌ و هَلْبَسِيْسَةٌ : تھوڑی چیز-
الهُلْبِع- کھانے کا بڑا حریص- بھیڑیا-
هَلَتَ(ن) هَلْتًا الشَّيْءَ : چھیلنا-
انهَلَتَ- چھیلا جانا- اور کہا جاتا ہے "انْهَلَتَ يَعْدُو" وہ دوڑتا ہوا کھسک گیا-
الهُلاَث- ڈھیلا پن-
الهَلْثَى و الهِلْثَاء و الهِلْثَاء و الهَلْثَاءَة و الهِلْثَاءَة و الهُلْثَة- شور مچانے والی جماعت-
الهَلْثَاءَة و الهِلْثَاءَة :ڈھیلا پن-
هَلَجَ(ض) هَلْجًا- ناقابل یقین خبریں دینا-
اَهْلَجَ الشَّيْءَ :پوشیدہ کرنا-
الهَالِج- خواب ہائے پریشاں دیکھنے والا-
الهَلْج- مص - ناقابل یقین خبریں- ہلکی نیند (و الهُلْج) خوابہائے پریشاں-
الهَلَج- ایک خاردار درخت-

الهِلْجَاب- بڑی دیگ-
هَلَدَ(ن) هَلْدًا الوَعْكُ النَّاسَ :بخار چڑھنا-
الهِلْدِم- پیوند لگی ہوئی چادر- موٹا نمدہ-
تَهَلْزَ الرَّجُلُ :دامن سمیٹنا- چوکس ہونا- چاق و چوبند ہونا-
هَلَسَهُ(ض) هَلْسًا المَرَضُ :لاغر کردینا-
هُلِسَ- سل کی بیماری لاحق ہو کر عقل زائل ہونا- صفت مَهْلُوْسٌ-
هَلَّسَ الرَّجُلُ :لاغر ہونا-
هَالَسَهُ مُهَالَسَةً- چپکے چپکے باتیں کرنا-
اَهْلَسَ- آہستہ آہستہ ہنسنا — الحَدِيْثَ : پوشیدہ کرنا — اِلَى فُلاَنٍ : چپکے سے کہنا — المَرَضُ فُلاَنًا :گھلا دینا-
الهَالِس- فا- دبلے پتلے جسم والا- ج هَوَالِس-
الهُلاَس- سل کی بیماری-
الهَلْس- مص - خیر کثیر- دُبلا پن- پتلا پن- سل کی بیماری-
الهُلْس- مرض سے لاغر شدہ لوگ- کمزور لوگ چاہے مرض سے لاغر نہ ہوں-
المَهْلُوْس- مفعـ - رَجُلٌ مَهْلُوْسُ العَقْلِ و مُهْتَلَسُهُ :مسلوب العقل-
ظَلاَمٌ مُهْلِسٌ- مدھم اندھیرا-
هَلَصَ(ن) هَلْصًا الشَّيْءَ : کھینچ کر اکھیڑنا-
الهَلْطَة- افواہی خبر جس کی تصدیق ہو نہ تکذیب-
الهَالِط- لٹکے ہوئے پیٹ والا- گنجان کھیتی-
هَلِعَ(س) هَلَعًا- بے صبری سے شور- صفت هَلِعٌ و هَلُوْعٌ- بھوکا ہونا-
الهُلَع- لالچی-
الهَالِع- فا- نَعَامٌ هَالِعٌ : تیز رفتار شتر مرغ- کہا جاتا ہے "نَعَامَةٌ هَالِعَةٌ و هَالِعٌ" ج هَوَالِع- شُحٌّ هَالِعٌ : غم انگیز شدتِ بخل-
الهَلِع- غمگین-
الهَلَع- مص (— و الهُلاَع و الهَلَعَان) مقابلہ کے وقت بزدلی-
الهُلَعَة- جلد گھبرانے والا-
الهَلُوْع- گھبرانے والا- ڈرپوک- لالچی و بخیل- مصائب پر صبر نہ کرسکنے والا-

الهِلْيَاغ- ایک چھوٹا درندہ جانور- یا نر سیہی-
الهِلَوْف- بھاری بھرکم سخت بدن والا- بڑی داڑھی والا- بہت بالوں والا- گھنی داڑھی- ابر آلود دن جس میں آفتاب نہ نکلے- بہت اون والا بوڑھا اونٹ- جنگلی سور-
الهِلَّوْف- بہت بوڑھا- جھوٹا-
الهِلَّوْفَة- بہت جھوٹا- گھنی داڑھی- بڑھیا-
الهُلْفُوْف- سخت بدن اور بہت بالوں والا-
هَلَقَ(ض) هَلْقًا و تَهَلَّقَ- جلدی کرنا-
هَلْقَمَ الشَّيْءَ :نگلنا-
الهِلْقَام- لمبا- موٹا- شیر- چوڑی باچھوں کا اونٹ وغیرہ (— وَ الهِلْقَمُّ) بڑا فیاض سردار جو لوگوں کی دیت وغیرہ کو اپنے اوپر برداشت کرلیتا ہو-
الهِلْقَام و الهِلْقَمّ و الهِلْقَامَة و الهِلِقَّامَة و الهُلْقِم- بہت کھانے والا-
الهِلْقِم- قوی- چوڑی باچھوں والا- بڑی عورت- اور بڑے سمندر کو "بَحْرٌ هَلْقَمٌ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ہر چیز کو نگل لیتا ہے-
هَلَكَ(ض ف س) هَلاَكًا و هُلْكًا و هُلُوْكًا و تُهْلُوْكًا و مَهْلَكًا و تَهْلُكَةً بتثلیث اللام فی الاخیرین :فنا ہونا- مرنا- نیست و نابود ہونا (عموماً اس کا استعمال بری موت کے لیے ہوتا ہے) (— هَلاَكًا) اِلَيْهِ و عَلَيْهِ :لالچی ہونا- بہت خواہش مند ہونا-
هَلَّكَهُ و اَهْلَكَهُ- فنا کرنا- نیست و نابود کرنا- اگر کوئی شخص کسی بڑے کام کو کرے تو اس سے "هَلَّكْتَ وَ اَهْلَكْتَ" کہا جاتا ہے اَهْلَكَ المَالَ :بیچنا-
تَهَلَّكَ فِي مَشْيِهِ :مٹک کر چلنا-
فِي المَفَاوِزِ :بیابان میں آوارہ و حیران پھرنا-
تَهَالَكَ عَلَى الفِرَاشِ :بستر پر گرنا — فِي مَشْيِهِ :مٹک کر چلنا — عَلَى الشَّيْءِ :بہت خواہشمند ہونا- کہا جاتا ہے "اَنَا مُتَهَالِكٌ فِي مَوَدَّتِكَ" میں تمہاری دوستی کا بہت خواہش مند ہوں — فِي الاَمْرِ او العَدْوِ :کوشش کرنا-
اِنْهَلَكَ وَ اِهْتَلَكَ- اپنے آپ کو خطرات میں ڈالنا- اور کہا جاتا ہے "مَرَّ يَهْتَلِكُ فِي عَدْوِهِ" وہ

گزرا اس حال میں کہ دوڑنے میں کوشش کر رہا تھا۔

اِسْتَهْلَكَهُ۔ ہلاک کرنا۔ اِسْتَهْلَكَ الْمَالَ: مال خرچ کرنا۔ ختم کرنا —— فِي الْأَمْرِ: جلدی کرتے ہوئے کوشش کرنا۔

الهَالِك۔ ج هَلْكَى و هُلَّك و هُلَّاك و هَوَالِك (اور یہ شاذ ہے جیسے فَوَارِس و نَوَاكِس)

الهَالِكَة۔ الهالك کا مؤنث۔ نفس حریص۔

الهَالِكِيُّ۔ لوہار (ہالک بن عمرو بن اسد بن خزیمہ کی جانب منسوب کہ لوہاری کا کام اسی نے شروع کیا تھا)

الهُلْك و الهَلْك۔ ہلاکت۔ تم کہتے ہو "لَأَذْهَبَنَّ فَإِمَّا هُلْكٌ وَإِمَّا مُلْكٌ" یعنی میں جاؤں گا یا تو تخت نصیب ہوگا یا تختہ۔

الهَالُوك۔ سنکھیا۔

الهَلْك۔ قحط سالی کے سال۔ واحد هَلْكَةٌ۔ مردار کی لاش۔ پہاڑ کی چوٹی اور دامن کا درمیانی حصہ۔ دو چیزوں کے درمیان کی فضا۔ گرنے والی چیز۔

الهُلْك۔ ہلاک ہونے والا نفس۔

الهَلْكَاء۔ ہلاکت۔ تاکید کے لیے "هَلْكَةٌ هَلْكَاء" بولا جاتا ہے۔

الهِلْكَة۔ هَلَكَ کا اسم نوع۔ گرنے والی ج هِلَكٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِلْكَةٌ مِنَ الْهِلَكِ"

اَلْهَلَكَة۔ ہلاکت۔ الهلك کا واحد ج هَلَكَات۔

الهُلَّاك۔ فقراء۔ چارہ پانی تلاش کرنے والے لوگ جو راستہ کھو چکے ہوں۔

الهَلَكُوْن و الهِلِكون۔ قحط زدہ زمین اگرچہ پانی اس میں ہو۔ ایسی زمین جس پر ایک زمانہ دراز سے بارش نہ ہوئی ہو۔

الهَلُوك۔ بدکار عورت ج هُلُك۔

التَّهْلُكَة۔ ہر وہ چیز جس کا انجام ہلاکت ہو۔

التَّهْلُوك۔ ہلاکت۔

اَهْلَكُ النَّاسِ: لوگوں میں زیادہ ہلاک ہونے والا۔

المُهْتَلِك۔ وہ شخص جس کی تمنا یہی ہو کہ کسی کا مہمان بنے۔ مفت خورہ۔

المُهْتَلِكُوْن۔ چارہ پانی تلاش کرنے والے جو راستہ کھو چکے ہوں۔

المَهْلَكَة و المَهْلِكَة و المَهْلُكَة۔ ہلاکت کی جگہ۔ بیابان ج مَهَالِك۔ المَهَالِك: لڑائیاں۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مُسْتَهْلِكُ الْوِرْدِ" دشوار گزار تھکا دینے والا راستہ۔

اَهْلَمَّ بِفُلَانٍ: بلانا۔ پکارنا۔

الهِلَّم۔ ڈھیلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِلَّمٌ وَامْرَأَةٌ هِلَّمَةٌ۔"

الهَلَم۔ هَلُمَّ کا جواب۔ جب کوئی شخص مطیع ہو جائے تو کہا کرتے ہیں "جَادَ بِهَلَمِهِ"

الهِلَّم۔ پہاڑی ہرنیاں۔

هَلُمَّ۔ آؤ۔ لازم ہے اور کبھی متعدی مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے "هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمْ" یعنی اپنے گواہوں کو حاضر کرو۔ اور یہ اسمائے افعال میں سے ہے جس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب مساوی ہیں اور اس کی تصریف اِس طریقے سے کرتے ہیں کہ اس کو فعل قرار دیتے ہیں اور اس کے آخر میں ضمائر لاحق کرتے ہیں۔ تثنیہ کے لیے هَلُمَّا مؤنث کے لیے هَلُمِّي۔ جمع مذکر کے لیے هَلُمُّوا اور جمع مؤنث کے لیے هَلْمُمْنَ۔ یہی خیال اکثر عرب کا ہے اور پہلا افصح ہے۔

اور کبھی لام لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے هَلُمَّ لَكَ وَ هَلُمَّ لَكُمَا۔ اور کبھی نون ثقیلہ لاحق ہوتا ہے جیسے هَلُمَّنَّ يَا رَجُلُ و هَلُمِّنَّ يَا اِمْرَأَة۔ و هَلُمَّانِّ يا رَجُلَانِ و يَا اِمْرَاَتَانِ وَ هَلُمُّنَّ يَا رِجَال و هَلْمُمْنَانِّ يا نِسْوَة۔

الهُلَام۔ ایک قسم کا کھانا جو بچھڑے کے گوشت مع پوست کے تیار کیا جاتا ہے۔ سکباج کا شوربا جس کو ٹھنڈا کر کے روغن سے صاف کر دیا گیا ہو۔

الهَلِيْم۔ چپکنے والا۔

الهَيْلَمَان و الهَيْلُمَان و الهِلِمَّان۔ بہت چیز۔ اور بقول بعض خیر کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا بِالْهَيْلِ وَالْهَيْلَمَانِ" وہ ہمارے پاس بہت مال لے کر آیا۔

هَلْمَمَ هَلْمَمَةً بِفُلَانٍ: کسی کو هَلُمَّ کہہ کے پکارنا۔

هَلْهَلَ النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: کپڑے کو باریک بننا —— الصَّوْتَ: گلے میں آواز پھرانا —— الشِّعْرَ: شعر عمدہ بنانا۔ بغیر اصلاح و تہذیب کے جیسا کہا ہو ویسا ہی سنا دینا۔

—— الرَّجُلُ فِي الْأَمْرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا —— الطَّحِيْنَ: آٹے کو باریک چھاننا —— عَنِ الشَّيْءِ: واپس ہونا۔ لوٹنا —— بِفَرَسِهٖ: ہلا کہہ کے ڈانٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "هَلْهَلَ يُدْرِكُهُ" بمعنے كَادَ يُدْرِكُهُ۔

الهُلَاهِل و الهَلْهَال و الهَلْهَل عمدہ شعر یا باریک کپڑا۔ الهُلَاهِل: بہت اور صاف پانی۔ و الهَلْهَل: خراب بنا ہوا کپڑا۔

الهُلْهُل۔ برف۔

هَالَاهُ مُهَالَاةً۔ جھگڑا کرنا۔

الهَالِي۔ هَائِل کا مقلوب۔ بمعنے ہولناک۔

هَلا۔ گھوڑوں کے لیے کلمہ زجر۔

حَيَّهَلا۔ دیکھو مادہ ح ی ی۔

الهِلْيَوْن۔ ایک قسم کی نرم گھاس ہے جو کھائی جاتی ہے جس کو فارسی میں مارچوبہ و مار گیاہ اور ہندی میں ناگدون کہتے ہیں۔ واحد هِلْيَوْنَة۔

هَمَّ (ن) هَمًّا و مَهَمَّةً۔ الْأَمْرُ فُلَانًا: رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا —— السُّقْمُ جِسْمَهُ: بیماری کا جسم کو گھلا دینا —— فُلَانًا الشَّحْمَ: چربی پگھلانا۔ —— الشَّمْسُ الثَّلْجَ: آفتاب کا برف کو پگھلانا۔

—— اللَّبَنَ: دودھ دوہنا —— هَمًّا بِالشَّيْءِ ارادہ کرنا۔ چاہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعَتِ السُّوْسَةُ فِي الطَّعَامِ فَهَمَّتْهُ" غلہ میں گھن پڑ گئے اور غلہ کے گودے کو کھا کر کھوکھلا کر دیا۔

هَمَّ (ن) هُمُوْمَةً و هَمَامَةً الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔

هَمَّتْ (ض) هَمًّا و هَمِيْمًا خَشَاشُ الْأَرْضِ: زمین کے کیڑے کوڑوں کا رینگنا۔

هَمَّمَتِ الْمَرْأَةُ فِي رَأْسِ الصَّبِيِّ: لوری سے سلانا۔ جوں نکالنا۔

اَهَمَّ الشَّيْخُ: بہت بوڑھا ہونا —— الْأَمْرُ فُلَانًا: رنجیدہ کرنا۔ غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَمَّهُ الْأَمْرُ حَتّٰى هَمَّهُ" اس کو معاملے نے غمگین کیا یہاں تک کہ گھلا دیا۔

تَهَمَّمَ الشَّيْءَ: تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا
—— رَأسَهُ: جوئیں نکالنا۔
اِنْهَمَّ الشَّيْخُ: بہت بوڑھا ہونا —— الشَّحْمُ او الْبَرْدُ: پگھلنا۔ گھلنا —— الْعَرَقُ فِي جَبِيْنِهٖ: پسینہ بہنا۔ اِنْهَمَّتِ الْبُقُوْلُ: ہانڈیوں میں پکایا جانا۔
اِهْتَمَّ الرَّجُلُ: غمگین ہونا —— لَهٗ بِاَمْرِهٖ اہتمام کرنا۔
اِسْتَهَمَّهٗ بِالْاَمْرِ وَ فِي الْاَمْرِ: متوجہ کرانا۔ مشغول ہونے کی خواہش کرنا۔ اِسْتَهَمَّ فُلَانٌ امورِ قوم میں محنت اٹھانا۔
الْهَامَّةُ۔ ہر زہردار کیڑا جیسے سانپ وغیرہ۔ ج هَوَامُّ۔ اور کبھی هَوَامٌّ کا اطلاق ان کیڑوں پر بھی ہوتا ہے جو زہردار نہیں۔ جیسے حدیث میں ہے "اَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَاسِكَ" کہ یہاں پر هَوَامُّ رَاس سے مراد جوئیں ہیں۔
الْهُمَامُ۔ عالی ہمت بادشاہ۔ بہادر سخی سردار (مَردوں ہی کے لیے مخصوص ہے) شیر —— مِنَ الثَّلْجِ او الشَّحْمِ: پگھلی ہوئی برف یا چربی ج هِمَامٌ۔
الْهَمُّ مص۔ غم ج هُمُوْمٌ۔ ارادہ۔ جس کا ارادہ کیا جائے یا جس کے کرنے کیلئے فکر کی جائے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَمُّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ هَمٌّ" یعنی یہ شخص صاحب ہمت ہے۔
الْهِمُّ۔ پیر فرتوت ج اَهْمَامٌ۔ دبلا پتلا۔ قَدَحٌ هِمٌّ: ٹوٹا ہوا پرانا پیالہ۔
الْهَمَّامُ۔ کر گزرنے والا آدمی۔ چغل خور۔
الْهِمَّةُ۔ پیر فرتوت۔ بہت بڑھیا۔ ج هِمَّاتٌ و هَمَائِمُ۔
الْهِمَّةُ و الْهَمَّةُ۔ ہمت۔ قصد۔ ارادہ۔ خواہش۔ ابتدائے عزم۔ عزم قوی۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ هِمَّةٌ عَالِيَةٌ وَهُوَ بَعِيْدُ الْهِمَّةِ" ج هِمَمٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ هِمَّتُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے۔
—— سَحَابَةٌ هَمُوْمٌ۔ بارش برسانے والا بادل۔ بِئْرٌ هَمُوْمٌ: بہت پانی والا کنواں۔ نَاقَةٌ هَمُوْمٌ: خوش رفتار اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے "قَصَبٌ هَمُوْمٌ" نرکل جس کو ہوا ہلا دے۔
الْهَمِيْمُ۔ نرم رفتاری۔ سرایت۔ کہا جاتا ہے "لِلشَّرَابِ هَمِيْمٌ فِي الْعِظَامِ" شراب کا اثر ہڈیوں تک میں ہے —— مِنَ الْمَطَرِ: ہلکی بارش۔
الْهَمِيْمَةُ۔ چھوٹی چھوٹی بوندوں کی آہستہ بارش ج هَمَائِمُ۔
التَّهْمِيْمُ۔ مص۔ ہلکی بارش۔
الْمُهِمُّ۔ فا۔ شدید معاملہ۔ مشغول کرنے والا معاملہ۔ ج مَهَامُّ۔
الْمُهِمَّةُ۔ مؤنث الْمُهِمُّ ج مُهِمَّاتٌ۔
الْمُهِمَّاتُ مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت اور اہم امور۔ کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّةَ لِي بِذٰلِكَ" یعنی مجھے نہ تو اس کا قصد ہے نہ کروں گا۔
الْمَهْمُوْمُ۔ مفع۔ غمگین۔ پگھلا ہوا۔
هَمَأَ يَهْمَأُ هَمْأً الثَّوْبَ: کپڑا کھینچ کر پھاڑنا۔ بوسیدہ کرنا۔ اَهْمَأَ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا اور بوسیدہ کرنا۔
اِنْهَمَأَ و تَهَمَّأَ الثَّوْبُ: کپڑا پھٹنا اور بوسیدہ ہونا۔
الْهِمْءُ۔ پرانا بوسیدہ کپڑا ج اَهْمَاءٌ۔
هَمَتَ (ن) هَمْتًا الثَّرِيْدُ: چکنائی سے تر ہونا۔
اَهْمَتَ الْكَلَامَ او الضِّحْكَ: آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ چپکے چپکے ہنسنا۔
هَمَجَتِ (ن) هَمْجًا الْاِبِلُ مِنَ الْمَاءِ: ایک ہی مرتبہ پانی پی کر سیراب ہونا۔ صفت هَوَامِجُ (—— هَمْجًا) بھوکا ہونا۔
اَهْمَجَ الْفَرَسُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔
—— الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔
اِهْتَمَجَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا —— وَجْهُهٗ: پژمردہ ہونا۔
الْهَامِجُ۔ انبوہ جس کا کوئی قائد نہ ہو۔ بے چرواہے کے ریوڑ۔ بے افسر کے فوج اور "هَمَجٌ هَامِجٌ" کا اطلاق کمینے لوگوں پر ہوتا ہے اور یہ بطور تاکید ہے جیسے "لَيْلٌ لَائِلٌ" میں۔
الْهَمَجُ۔ مص۔ بھوک۔ بدانتظامی۔ ایک قسم کا مچھر۔ چھوٹی قسم کی مکھی جو جانوروں کے منہ اور آنکھ پر بیٹھتی ہیں۔ دُبلی بکری۔ واحد هَمَجَةٌ۔
الْهَمَجُ: بیوقوف لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَمَجٌ وهَمَجَةٌ و امْرَأَةٌ هَمَجَةٌ و رِجَالٌ هَمَجٌ و قَوْمٌ هَمَجٌ": ناکارے لوگ۔ ج اَهْمَاجٌ۔
الْهَمِيْجُ مِنَ الظِّبَاءِ: جوان خوبصورت ہرن —— مِنَ الرِّجَالِ: چپکے ہوئے پیٹ والا۔
هَمَدَتْ (ن) هُمُوْدًا النَّارُ: دھیمی ہونا، بجھنا۔
هَمَدَ الْقَوْمُ: مرنا۔ کہا جاتا ہے "كَادَ يَهْمِدُ مِنَ الْجُوْعِ" وہ بھوک سے قریب المرگ ہے صفت هَامِدٌ و هَمِدٌ و هَمِيْدٌ۔ هَمَدَتْ اَصْوَاتُهُمْ خاموش ہونا۔ آواز بند ہونا۔
هَمَدَ (ن) هَمْدًا و هُمُوْدًا الثَّوْبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے تہوں پر سے پھٹنا۔ صفت هَامِدٌ ج هُمَّدٌ۔ هَمَدَتِ الْاَرْضُ: بنجر ہونا۔ او سر ہونا۔ هَمَدَ شَجَرُ الْاَرْضِ: درخت کا پرانا ہو کر ضائع ہونا۔
هَمَّدَهٗ۔ بجھانا۔
اَهْمَدَ فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا —— فِي السَّيْرِ: تیز چلنا —— الْكَلْبُ: تیز دوڑنا۔
—— الْقَوْمُ فِي الطَّعَامِ: کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔
اَهْمَدَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا ٹھہر جانا —— الْهَدِيَّةُ غَضَبَهٗ: غصہ فرو کرنا۔ بجھانا۔ اَهْمَدَ فُلَانٌ: ناگوار چیز پر خاموش رہنا —— اَصْوَاتُ الْقَوْمِ: خاموش ہونا۔ آواز بند ہونا۔
الْقَحْطُ الْاَرْضَ: خشک کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ فَاَهْمَدُوْهُمْ" وہ لوگ قوم کے پاس آئے اور ان کو مار ڈالا۔
الْهَامِدُ۔ فا۔ پرانا کالا متغیر شدہ۔ خشک نباتات و درخت۔ بنجر زمین۔ ج هَوَامِدُ۔
الْهَمْدَةُ۔ سکتہ۔
الْهَمِيْدُ۔ وہ مال جو کسی کے ذمہ حکومت کے دفاتر میں لکھا ہو۔
الْهَمَاذِيُّ۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَذُوْ هَمَاذِيَّ فِي جَرْيِهٖ" وہ چلنے میں تیز رفتار ہے۔ تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ بارش کی شدت۔ گرمی کی سختی۔
هَمَذَان۔ ایک شہر کا نام جو مملکت ایران میں ہے۔

الهَمَذانِي-همذان کی جانب منسوب-بہت بولنے والا — مِنَ الْمَشْیِ: مختلف چالیں چلنا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي هَمَذَانِيًا" وہ مختلف چالیں چلتا ہے-

هَمَرَ (ن) هَمْرًا- الْمَاءَ: پانی گرانا — الْمَاءُ: پانی گرنا- بہنا- کہا جاتا ہے "هَمَرَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ نے آنسو بہایا- هَمَرَ مَافِي الضَّرْعِ: سارا تھن دوہ لینا — الكَلامَ وفِي الكَلامِ: بہت بولنا — الفَرَسُ الْأَرْضَ گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا — لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ: دینا — البِنَاءَ: عمارت ڈھانا-

هَامَرَهُ مُهَامَرَةً الشَّيْءَ: کل لے لینا-

اِنْهَمَرَ الْمَاءُ: پانی بہنا — الشَّجَرَةُ: جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا — البِنَاءُ: عمارت گرنا-ویران ہونا-مسمار ہونا-

اهْتَمَرَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا — الْفَرَسُ الْأَرْضَ: گھوڑے کا سخت ٹھوکریں مارنا-

الهَامِرُ-فا-سَحَابٌ هَامِرٌ: خوب برسنے والا بادل-

الهَمِرُ-مونث مرو-رَمَلٌ هَمِرٌ: بہت ریت-

الهَمْرَةُ-هَمَر کا اسم مرة-بوچھار-غصہ سے گفتگو کرنا-

الهَمَّارُ مِنَ السَّحَابِ: بہت برسانے والا بادل — مِنَ الرِّجَالِ: بہت بک بک کرنے والا-

الهَمِيرُ والهَيْمَرة-بہت بڑھیا-ظَبْيٌ هَمِيرٌ: اچھے بدن والی ہرنی-

المِهْمَرُ والمِهْمَارُ-بہت بک بک کرنے والا-المِهْمَار: مہمانوں کی بہت ضیافت کرنے والا-

اليَهْمُورُ-بہت بک بک کرنے والا-بہت ریت-

هَمْرَجَ-عَلَيْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ خبر بیان کرنا-

الهَمْرَجَة- خبر میں گڑبڑی- اختلاط- خفت- سرعت-لوگوں کا شور-باطل-

الهَمَرْجَل-تیز رفتار اونٹ و اونٹنی-

الهُمْرُجَان-لوگوں کا شور-

تَهَمْرَشَ الْقَوْمُ: حرکت میں آنا- اور اسم الهَمْرَشَة-

الهَمْرَش-حرکت-

الْهَمَّرِش-بہت بڑھیا-بہت دودھ والی اونٹنی-

هَمَزَهُ (ن ض) هَمْزًا-دبانا-بھینچنا-چبھونا-دفع کرنا-مارنا-دانت سے کاٹنا-پیٹھ پیچھے غیبت کرنا- صفت هَمَّاز و هُمَزَة-توڑنا-هَمَزَ الشَّيْطَانُ الْإِنْسَانَ: شیطان کا وسوسے ڈالنا — بِهِ الْأَرْضَ: پچھاڑنا — الفَرَسَ گھوڑے کو دوڑنے کے لیے مہمیز چبھونا-

العِنَبَ اوراسَهُ: نچوڑنا — الكَلِمَةَ او الْحَرْفَ: ہمزہ کے ساتھ بولنا یا ہمزہ کی علامت لگانا-

اِنْهَمَزَتِ الْكَلِمَةُ او الحَرْفُ: ہمزہ کے ساتھ پڑھا جانا یا ہمزہ کی علامت والا ہونا-

الهَامِز-فا-عیب گیری کرنے والا-ج هُمَّازٌ و هَامِزُوْنَ-

الهَمْز-مص-هَمْزُ الشَّيْطَانِ: جنون- کہا جاتا ہے: رِيحٌ هَمَزَى: تیز آواز والی ہوا "قَوْسٌ هَمَزَى" زور سے تیر پھینکنے والی کمان-

الهَمْزَة-هَمَز کا اسم مرة-حروف ہجا کا حرف- ج هَمَزَات- هَمَزَاتُ الشَّيْطَانِ: شیطانی خطرے-

الهُمَزَة- عیب جو- نکتہ چیں- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هُمَزَةٌ وَامْرَأَةٌ هُمَزَةٌ" عیب جو مرد- عیب جو عورت-

الهَمَّاز-عیب جو-طعن تشنیع کرنے والا-

قَوْسٌ هَمُوزٌ-زور سے تیر پھینکنے والی کمان-

رَجُلٌ هَمِيزُ الْفُؤَادِ: تیز طبیعت مرد-

المِهْمَز والمِهْمَاز- مہمیز ج مَهَامِز و مَهَامِيز-

المِهْمَزَة-چابک تازیانہ-ڈنڈا جس کے سرے پر لوہا لگا ہو-اور جانور کے تیز کرنے کے لیے کام میں لایا جائے-

هَمَسَ (ض) هَمْسًا الصَّوْتَ: آواز کو پست کرنا — اِلَيَّ بِحَدِيثِهِ: آہستہ آہستہ باتیں کرنا — العِنَبَ: انگور کو نچوڑنا — الشَّيْءَ: توڑنا — الطَّعَامَ: منہ بند کر کے چبانا — الشَّيْطَانُ: وسوسہ ڈالنا — بِالْقَدَمِ: آہستہ قدم رکھنا — الرَّجُلُ: بغیر سستی کے رات میں چلنا-

هَامَسَهُ مُهَامَسَةً-چپکے چپکے باتیں کرنا-

تَهَامَسَا-باہم چپکے چپکے باتیں کرنا-کہا جاتا ہے "تَهَامَسُوْا سِرًّا" انہوں نے رازدارانہ باتیں کیں-

الهَمْس-مص-پست آواز- آہستہ قدم- کہا جاتا ہے "هُوَ يَطَأُ الْأَرْضَ هَمْسًا" وہ زمین پر آہستہ قدم سے چلتا ہے "وَيَتَكَلَّمُ هَمْسًا" وہ آہستہ بولتا ہے- "هُوَ يَاكُلُ هَمْسًا" وہ کھانے میں منہ نہیں کھولتا "وَاَخَذْتُهُ اَخْذًا هَمْسًا" میں نے اس کو سختی سے پکڑا-

الهَمَّاس-اسم مبالغہ-شکار کو پھاڑنے والا شیر-

الهَمُوس-رات میں چلنے والا-شکار کو پھاڑنے والا شیر-آہستہ قدم سے چلنے والا شیر

الهَمِيس- آہستہ چال- اونٹ کے پاؤں کی آہٹ-

المَهْمُوس-مفع — مِنَ الْكَلَامِ: غیر واضح — مِنَ الْحُرُوفِ: ضد مجہورۃ — اور حروف مہموسہ دس ہیں جن کا مجموعہ "حَثَّهُ شَخْصٌ فَسَكَتَ" ہے-

الهَمَيْسَع-بہت مضبوط و قوی آدمی جس کو کوئی پچھاڑ نہ سکے-

هَمَشَ (ن) هَمْشًا الشَّيْءَ: جمع کرنا- فُلَانًا: دانت سے کاٹنا-

هَمَشَ (ض) هَمْشًا و هَمِشَ (س) هَمَشًا الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا- الْقَوْمُ: بولنا اور حرکت میں آنا — الجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونے کے لیے حرکت کرنا-

هَامَشَهُ مُهَامَشَةً-جلدی کرانا-

تَهَمَّشَ مَنْبَطُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے سوت کا جاری ہونا — الشَّيْءُ: کھوکھلا ہونا-

تَهَامَشَ الْقَوْمُ: آپس میں گڈمڈ ہونا اور حرکت کرنا-

اهْتَمَشَ الْقَوْمُ: مخلوط ہونا اور آگے پیچھے ہونا-اِهْتَمَشَتِ الدَّابَّةُ او الْجَرَادُ: آہستہ چلنا-رینگنا-

الهَامِش-فا-کتاب کا حاشیہ (مولد)

الهَمْش۔مص۔کھانے کی تیزی۔
اِمْرَأَةٌ هَمْشٰی او هَمَشَی الْحَدِیْثِ بہت بولنے والی اور شور مچانے والی عورت۔
الهَمِش۔انگلیوں سے تیز کام کرنے والا۔
الهَمِیْشَة۔ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی۔اور اگر آگ پر بھونی جائے تو اسے المَحْشُوْش کہتے ہیں۔
هَمَصَ (ن) هَمْصًا اللَّحْمَ: کھانا — الرَّجُلَ: کسی کو پچھاڑ کر اوپر بیٹھنا اور قتل کرنا۔
رَجُلٌ مَهْمُوْصُ الْفُؤَادِ: مرد آشفتہ دل۔
هَمَطَ (ض) هَمْطًا الرَّجُلَ: ظلم کرنا۔بولنے اور کھانے میں لاپرواہونا — الشَّیْءَ: بغیر اندازہ کے لینا — المَالَ: زبردستی لے لینا۔
تَهَمَّطَ و اِهْتَمَطَ الْمَالَ: زبردستی لے لینا۔
اِهْتَمَطَ عِرْضَ فُلَانٍ: بے آبروئی کرنا۔گالی دینا — الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیے کا بکری کو پکڑنا۔
الهَمَّاط۔ظالم۔
هَمَعَتْ (ف ن) هَمْعًا و هَمَعًا و هُمُوْعًا و هَمَعَانًا و تَهْمَاعًا العَیْنُ: آنسو بہانا۔اور هَمَعَتِ العَیْنُ بِالدَّمْعِ بھی بولا جاتا ہے وَهَمَعَ الطَّلُّ عَلَی الشَّجَرَةِ: شبنم گرنا۔هَمَعَ رَاسَهٗ: زخمی کرنا۔
اَهْمَعَ الدَّمْعُ و نَحْوُهٗ: آنسو بہنا — الطَّلُّ درخت پر شبنم گرنا۔
تَهَمَّعَ الرَّجُلُ: بتکلف رونا — الدَّمْعُ و نَحْوُهٗ: آنسو بہنا۔
اُهْتُمِعَ لَوْنُهٗ: رنگ بدل جانا۔
الهَامِعَة۔الهَامِع کا مؤنث ج هَوَامِع دُمُوْعٌ هَوَامِعُ: بہنے والے آنسو۔
سَحَابٌ هَمِعٌ۔ برسنے والا بادل۔ عَیْنٌ هَمِعَةٌ: ہمیشہ روتی ہوئی آنکھ۔
الهَمُوْع۔بہنے والا۔
الهَیْمَع۔فوری موت۔
هَمَغَ (ف) هَمْغًا رَاسَهٗ: سر توڑنا۔
اِنْهَمَغَتِ الرُّطَبَةُ: تر کھجور کا پھٹ جانا — القَرْحَةُ: زخم کا ہرا ہونا۔
الهَیْمَغ۔موت یا فوری موت۔
الهَمِق۔ نرم گھاس۔ بہت گھاس۔ خشک گھاس۔
المُهَمَّق۔پسا ہوا ستو۔
الهِمَقَّی۔مضطربانہ چال۔
هَمَكَهٗ (ن) هَمْكًا فِي الْاَمْرِ: کسی کام کے لیے کسی پر زور دینا۔
تَهَمَّكَ وَانْهَمَكَ فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں منہمک ہونا۔بے حد مصروف ہونا۔
اِهْمَاكَّ اِهْمِیْكَاكًا الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا۔ صفت مُهْمَئِكٌ۔
هَمَلَتْ (ن ض) هَمْلًا و هَمَلَانًا و هُمُوْلًا عَیْنُهٗ: آنسو بہانا — السَّمَاءُ: آہستہ آہستہ لگاتار برسنا۔
هَمَلَتْ (ض) هَمْلًا الْاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادانہ پھرنا۔صفت هَامِلٌ ج هَوَامِلُ و هُمُوْلَةٌ و هَامِلَةٌ و هَمَلٌ و هُمَّلٌ و هُمَّالٌ و هَمَلٰی۔
اَهْمَلَهٗ۔جان بوجھ کر یا بھولے سے چھوڑ دینا۔
اَهْمَلَ اَمْرَهٗ: اچھی طرح سے نہ کرنا — الحَرْفَ حرف پر نقطے نہ لگانا۔
اِنْهَمَلَتْ عَیْنُهٗ: آنسو بہانا — السَّمَاءُ: لگاتار برسنا۔
الهِمْل۔پیوند لگا ہوا کپڑا۔
الهَمَل مِنَ الْاِبِلِ: رات یا دن میں بغیر چرواہے کے چھوڑے ہوئے اونٹ۔ اُتارا ہوا کھجور کا چھلکا۔بے روک کے بہنے والا پانی۔
الهَمَلُ۔چھوٹا مکان۔
الهِمِلُّ۔عمر رسیدہ۔
الهُمَّال۔ نرم' ویران زمین جس کو کوئی آباد نہ کرے۔
الهَمَالِیْل۔گھاس کا بقیہ۔پھٹا ہوا کپڑا۔
المُهْمَل۔مفعـ — مِنَ الْکَلَامِ: غیر مستعمل۔ مِنَ الْحُرُوْفِ: غیر منقوط حروف۔
هَمْلَجَ هَمْلَجَةً البِرْذَوْنُ: تیز رفتاری کے ساتھ نرم چال چلنا۔عمدہ چال والا ہونا۔
الهِمْلَاج۔ عمدہ چال کا ترکی گھوڑا۔ ج هَمَالِیْج۔اور کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ هِمْلَاجٌ" تیز رفتاری کے ساتھ اچھی چال والا جانور۔مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔
الهَمَلَّع۔بے وفا آدمی۔ تیز رفتار اونٹ۔تیز رفتار آدمی جو سختی سے قدم ڈالے۔بھیڑیا۔
هَمْلَقَ هَمْلَقَةً۔تیز چلنا۔
هَمْهَمَ هَمْهَمَةً۔آہستہ بولنا۔غم کی وجہ سے آواز کو سینہ میں پھرانا — الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا۔
الهُمَام۔بہادر سخی سردار۔شیر۔
الهَمْهَامَة و الهُمْهُوْمَة۔اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔
هَمْهَامِ۔مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنے کچھ باقی نہیں۔
الهَمْهَمَة۔مص۔گائے ہاتھی وغیرہ کی آواز۔ہر آواز جس میں کچھ گلوگرفتگی ہو ج هَمَاهِم۔
الهُمْهُوْم و الهُمْهُم۔شیر۔الهُمْهُوْم: آواز لگانے والا۔ ہوا کی وجہ سے ہلنے والا بانس۔
الهِمْهِم: رینگنے والا گدھا۔
هَمَا يَهْمُو هَمْوًا المَاءُ او الدَّمْعُ: بمعنے هَمَی يَهْمِي
هَمَی يَهْمِي هَمْيًا و هُمِيًّا و هَمَيَانًا الْمَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو بہنا۔جاری ہونا۔ هَمَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا — الْمَاشِیَةُ: جانوروں کا چرنے کے لیے منتشر ہونا (— هَمْیًا) الشَّیْءُ: گرنا۔ضائع ہونا۔
الهَامِیَة۔اسم فاعل مؤنث ج هَوَامٍ هَوَامِي الْاِبِلِ: چراگاہ میں گم شدہ اونٹ۔
الهِمْیَان۔پٹی۔وہ پٹی جو تھیلی یا بٹوے کا کام دے ج هَمَایِیْن۔(دخیل)
هَنَّ (ض) هَنًّا و هَنِیْنًا۔رونا — اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔
اَهَنَّ الْجَمَلَ: قوی کرنا۔ صفت مفعولی مَهْنُوْن۔خلاف قیاس ہے جیسے اَحَمَّهٗ کا صفت مفعولی مَحْمُوْمٌ۔قیاس کے مطابق مُهَنٌّ و مُحَمٌّ آنا چاہئے تھا۔
الهَانَّة و الهُنَانَة۔آنکھ کی پتلی کے پیچھے کی چربی۔کہا جاتا ہے "مَابِهٖ هَانَّةٌ" یعنی اس کے اندر کچھ بھی خیر نہیں۔
الهَنَّانَة۔رونے والی عورت۔
هَنَّا۔بتثلیث الهاء: دور کی جگہ کے لیے اشارہ۔وہاں۔اس جگہ۔اور کہا جاتا ہے "تَنَحَّ هَاهُنَا و هَاهَنَّا و هَهُنَّا" کچھ ہٹ جاؤ۔
هَنَأَهٗ يَهْنَؤُهٗ و يَهْنِئُهٗ هَنْأً: [illegible]

دینا —— الابلَ : اُونٹ پر قطران ملنا ——
الرَّجُلَ :مدد کرنا۔

هَنَأَ يَهْنِئُ و يَهْنَأُ و يَهْنُؤُ هِنْأً و هَنْأً و هَنَاءً الطَّعامُ الرَّجُلَ وَلِلرَّجُلِ :خوشگوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَنَأَتْنِيهِ العَافِيَةُ" یعنی عافیت میرے لیے خوشگوار ہے۔ اور عرب دعا کے موقع پر کہا کرتے تھے۔ "لِيَهْنِئْكَ الْوَلَدُ" یعنی لڑکا تمہیں مبارک ہو۔

هَنَأَهُ يَهْنَأُهُ هَنْأً بِالْاَمْرِ : کسی سے "لِيَهْنِئْكَ" کہنا (—— هَنْأً و هِنْأً و هَنَاءَةً) الطَّعَامَ : کھانا تیار کرنا۔ درست کرنا۔

هَنِئَ (س) هَنَأً و هَنَأَ بِهِ : خوش ہونا۔

—— الطَّعَامَ : کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا مِنْ هٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰى هَنِئْنَا مِنْهُ" اس کھانے کو ہم لوگوں نے کھایا یہاں تک کہ شکم سیر ہو گئے۔

هَنُؤَ يَهْنُؤُ هَنَاءَةً و هَنَاءَةً و هَنْأً بغیر رنج و مشقت کے حاصل ہونا۔

هَنَّأَهُ تَهْنِيئًا و تَهْنِئَةً بِكَذَا : مبارکباد دینا۔

اَهْنَأَهُ اِهْنَاءً۔ دینا۔

تَهَنَّأَ تَهَنُّؤًا بِهِ : خوش ہونا —— بِالطَّعَامِ کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔

اِهْتَنَأَ اِهْتِنَاءً۔ درست کرنا۔

اِسْتَهْنَأَهُ اِسْتِهْنَاءً۔ مدد طلب کرنا۔ عطیہ مانگنا

—— الطَّعَامَ : خوشگوار سمجھنا۔

الهَانِئُ۔ فا۔ خادم۔

الهِنَاءُ۔ قطران (تارکول) کھجوروں کا گچھا۔

الهِنْءُ ۔ قطران یعنی تارکول ملنا۔ عطیہ۔ رات کا حصہ۔

